قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اِنَّ الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ کُلُّھَا شَافٍ کَافٍ

مُسْنَدِ حافظ ابو یعلیٰ رح

بے شک قرآن سات حرفوں پر اتارا گیا ہے — ان میں سے ہر ایک شافی کافی ہے

بمنّہٖ تعالیٰ

جلد اوّل

اصول سبعہ قراآت متواترہ بطرق تیسیر و شاطبیہ مع حواشی ضروریہ موسومہ باسم تاریخی

شرح سبعہ قراآت

۱۳۸۴ھ

بمعہ اضافہ شجرہ قراآت سبعہ

مؤلفہ

شیخ المشائخ امام القراء ابو محمد محی الاسلام عثمانی پانی پتی نوّر اللہ مرقدہٗ

ادارہ اسلامیات

لاہور — کراچی

Marfat.com

Marfat.com

K-1447

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اِنَّ الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ کُلُّھَا شَافٍ کَافٍ

مُسْنَدْ حافظ ابویعلیٰؒ

بے شک قرآن سات حرفوں اتارا گیا ہے — ان میں سے ہر ایک شافی کافی ہے

بمنّہ تعالیٰ

جلد اوّل

اصول سبعہ قراآت متواترہ بطرق تیسیر و شاطبیہ مع حواشی ضروریہ موسومہ باسم تاریخی

شرح سبعہ قراآت

طاکھ

۱۳۸۴۷

بمعہ اضافہ شجرہ قراآت سبعہ

مؤلفہ

شیخ المشائخ امام القراء ابو محمد محی الاسلام عثمانی پانی پتی نوراللہ مرقدہٗ

ادارہ اسلامیات

پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

★ ۱۹۰، انارکلی، لاہور، پاکستان
فون ۷۳۵۲۲۵۵ - ۷۳۴۲۹۹۱

★ ویسٹ وِنگ جناح میلینیم مال روڈ، لاہور
فون ۹۲-۴۲-۷۳۶۴۸۵۵ - فیکس ۷۳۲۴۳۱۲

★ سوہن روڈ
پورب اکیڈمی، کمالیہ فون ۲۴۲۴۰۱

Marfat.com

۲۹۷۶۱۳
583 شن
90942

نام کتاب ——— شرح سبعۂ قرأت

طباعت ——— جون ۱۹۹۵ء بمطابق محرم الحرام ۱۴۱۶ھ

باہتمام ——— اشرف برادران سلمہم الرحمٰن

ناشر ——— ادارۂ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور ۲

فون ۷۲۴۳۹۹۱ - ۷۲۵۳۲۵۵

ادارۂ اسلامیات

پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

★ ——— دیانا کوتھ میشن، مال روڈ، لاہور
فون ۷۲۲۴۳۱۲، فیکس ۹۲-۴۲-۷۲۲۴۷۸۵

★ ——— ۱۹۰، انارکلی، لاہور، پاکستان
فون ——— ۷۲۴۳۹۹۱ - ۷۲۵۳۲۵۵

★ ——— موسیٰ روڈ
چوک اردو بازار، کراچی فون ۲۷۲۲۴۰۱

ملنے کے پتے

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور ۲

دارالاشاعت اردو بازار کراچی ۱

مکتبہ دارالعلوم جامعہ دارالعلوم کورنگی کراچی ۱۴

ادارۃ المعارف ڈاکخانہ دارالعلوم کورنگی کراچی ۱۴

بیت القرآن اردو بازار۔ کراچی ۱

Marfat.com

فہرست شرح سبعہ قراءت (جلد اوّل)

عنوان	صفحہ نمبر
تعارف	۵
شجرہ	۱۷
التماس	۱۸
تمہید	۶۷
مقدمہ فصل اوّل قرآن اور اسکے خادم	۶۹
〃 〃 دوم جمع القرآن بین الدفتین	۷۱
〃 〃 سوم صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ میں سے شیوخِ قرأت	۷۳
〃 〃 چہارم صاحب اختیار ائمہؒ	۷۶
〃 〃 پنجم ائمہ سبعہ اور ان کے رواۃ	۷۸
〃 〃 ششم شیوخ تیسیر و شاطبیہ	۹۵
〃 〃 ہفتم ضابطہ قراءت	۱۰۲
〃 〃 ہشتم خلط روایات و طرق	۱۰۹
〃 〃 نہم حدیث احرف سبعہ	۱۱۱
〃 〃 دہم احرف سبعہ سے قرا سبعہ مراد نہیں ہیں	۱۱۷
〃 〃 یازدہم قراءت ثلثہ شاذ نہیں ہیں	۱۲۱
〃 〃 دوازدہم قراءت سبعہ تیسیر و شاطبیہ میں منحصر نہیں ہیں	۱۲۵
〃 〃 سیزدہم صاحب تصانیف ائمہ اور انکی مشہور کتابیں	۱۳۱
〃 〃 چہاردہم خاص ارشادات و اصطلاحات	۱۶۱
باب اوّل استعاذہ	۱۶۴
〃 دوم بسملہ	۱۶۶
〃 سوم ادغام اور اس کی قسمیں	۱۷۰
〃 چہارم ادغام کبیر مذہب بصریؒ	۱۷۳
〃 فصل اول ادغام مثلین	۱۷۶
〃 دوم ادغام متجانسین و متقارنین	۱۸۰

عنوان	صفحہ نمبر
باب پنجم ادغام صغیر	۱۹۵
〃 فصل اول تاء تانیث دال قد ذال اذ ادر	〃
لام ہل و بل	〃
〃 فصل دوم دیگر قریب المخرج حروف	۱۹۹
〃 〃 سوم نون ساکن و تنوین	۲۰۲
باب ششم احکام میم جمع و ھاء کنایہ	۲۰۴
〃 فصل اول میم جمع	〃
〃 فصل دوم ھاء کنایہ	۲۰۶
باب ہفتم مد و قصر	۲۰۹
〃 فصل اول مد لازم	۲۱۰
〃 〃 دوم مد متصل	۲۱۲
〃 〃 سوم مد منفصل	〃
〃 〃 چہارم مد سکون وخفی	۲۱۶
〃 〃 پنجم مد حرف لین	۲۱۷
〃 〃 ششم مد بدل	۲۱۸
باب ہشتم ہمزتین در یک کلمہ	۲۲۵
〃 فصل اول ہمزتین مفتوحتین	۲۲۶
〃 〃 دوم ہمزتین مفتوحہ و مکسورہ	۲۲۸
〃 〃 سوم ہمزتین مفتوحہ و مضمومہ	۲۳۲
〃 〃 چہارم ہمزۂ ساکنہ اور ہمزۂ وصل	۲۳۵
باب نہم ہمزتین دو کلمات میں	۲۳۶
〃 فصل اول ہمزتین متفق الحرکت	〃
〃 〃 دوم ہمزتین مختلف الحرکت	۲۴۰
باب دہم ہمزۂ مفردہ	۲۴۲
〃 فصل اوّل ہمزۂ مفردہ ساکنہ	〃

عنوان	صفحہ نمبر
باب دہم فصل دوم ہمزۂ مفردہ متحرکہ	۲۴۵
باب یازدہم نقل ،	۲۴۷
باب دوازدہم سکتہ	۲۵۰
باب سیزدہم مذہب ہشام رح حمزہ رح	۲۵۲
درباره وقف علی الہمزہ	״
״ فصل اوّل ہمزہ ساکنہ	۲۶۰
״ ״ دوم ہمزہ متحرک ساکن ماقبل	۲۶۲
״ ״ سوم ہمزہ متحرکہ متحرک ماقبل	۲۶۵
باب چہاردہم فتح ، امالہ اور تقلیل	۲۶۸
״ فصل اول امالہ بوجہ یاء	۲۷۰
״ ״ دوم خاص الفاظ	۲۷۶
״ ״ سوم امالہ بوجہ کسرہ	۲۸۳
״ ״ چہارم امالۂ مقطعات یعنے حروف ہجا	۲۸۵
״ ״ پنجم امالۂ ھاء تانیث	۲۸۶
باب پانزدہم تفخیم و ترقیق رات	۲۹۰
باب شانزدہم تغلیظ و ترقیق لامات	۲۹۶
باب ہفتدہم وقف بر آخر کلمات	۲۹۹
״ فصل اول محل وقف و ابتدار	۳۰۱
״ ״ دوم نوعیت وقف	۳۰۶
باب ہیژدہم رسم الخط	۳۱۱
״ فصل اول ابدال	״
״ ״ دوم اثبات و حذف	۳۱۳
״ ״ سوم فصل	۳۱۵
״ ״ چہارم قطع	۳۱۸
باب نوزدہم حرکت و اسکان یا	۳۲۱
ات اضافت	״

عنوان	صفحہ نمبر
باب نوزدہم فصل اوّل یا ات	۳۲۳
اضافت قبل از ہمزہ قطعیہ مفتوحہ	۳۲۳
״ فصل دوم یا ات	۳۲۵
اضافت قبل از ہمزہ قطعیہ مکسورہ	״
فصل سوم یا ات اضافت	۳۲۷
قبل از ہمزہ قطعیہ مضمومہ	״
فصل چہارم یا ات	״
اضافت قبل از لام تعریف	״
فصل پنجم یا ات	۳۲۸
اضافت قبل از ہمزہ وصلیہ	״
فصل ششم یا ات	۳۲۹
اضافت قبل از دیگر حروف	״
باب بستم حذوف و اثبات یا ات زوائد	۳۳۰
فصل اول وہ یا ات جو لام کلمہ	۳۳۲
یا وسط آیات میں زائدہ ہیں ۔	״
״ فصل دوم وہ یا ات جو	۳۳۵
رؤس آیات پر زائدہ ہیں ۔	״
باب بست و یکم اصول متفرق	۳۳۶
باب بست و دوم فرش مکرر	۳۵۲
باب بست سوم افراد و جمع	۳۶۸
خاتمہ کتاب جلد اوّل	۳۸۰

Marfat.com

تعارف

حضرت شیخ الشیوخ مولانا قاری ابو محمد

محی الاسلام عثمانی اموی قرشی پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولفؒ قرآنی علوم کے مرکز پانی پت میں ۲۴ ذی قعد ۱۲۹۵ھ بمطابق ۱۹ نومبر ۱۸۷۸ء شمسی کو پیر کے روز ایک نہایت معروف باعزت متموّل گھرانہ میں پیدا ہوئے جسے اللہ تعالیٰ نے نجابتِ نسب وجاہتِ مرتبت کے علاوہ سیادتِ دینی اور روحانی سے بھی مالا مال فرمایا تھا۔ آپ کا سلسلۂ نسب پندرہ(۱۵) واسطوں سے قطب الاقطاب حضرت شیخ محمد المعروف بہ مخدوم جلال الدین کبیر الاولیاء عثمانی، چشتی صابری سے، پچیس(۲۵) واسطوں سے حضرت خواجہ عبدالرحمٰن گازرونی ثم پانی پتی سے اور پینتیس(۳۵) واسطوں سے امیر المؤمنین ذوالنورین جامع القرآن حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ سوم سے مل جاتا ہے۔

آپ کے والد الحاج مفتاح الاسلام غدار سیدہ اور صاحبِ بیعت وسلسلہ بزرگ تھے۔ انہوں نے پانچ بار حج کیا اور ہر مرتبہ چھ چھ مہینے یا اس سے زیادہ مجاور حرمین شریفین رہے۔ اس کے علاوہ نجف اشرف، کربلائے معلیٰ، کاظمین، سامرہ اور بغداد شریف میں زائداز دو سال معتکف رہے۔ برصغیر کے مزارات پر سب جگہ چلّے کئے۔ بالخصوص خواجگانِ اجمیر، دہلی، پاکپٹن اور پیرانِ کلیر کے مزارات پر بار بار حاضر ہوتے اور زیادہ سے زیادہ قیام کرتے۔ اکثر روزہ رکھتے اور رات کا آخر حصہ اشغال و اوراد میں گزارتے۔

Marfat.com

آپ کے دادا مولوی حافظ بدرالاسلام جیّد حافظ اور مجوّد تھے۔ انہوں نے شیخ الشیوخ قاری مصلح الدین رحمۃ اللہ علیہ، قاری عبیداللہ عرف قاری لالاؒ اور قاری قادر بخش رحؒ سے تجوید اخذ کی تھی اور مولانا قاری کرم اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے سبعہ قرأت سماعًا اخذ کیں۔ حافظ صاحب موصوف نے انگریزی حکومت میں کلکٹر کے عہدے تک ترقی کی اور ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کی ناکامی کے بعد جب آپ انبالہ میں متعین تھے، آپ نے حضرت شیخ العرب والعجم حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ علیہ، مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ عثمانی اور بعض دیگر سرکردہ علماءِ اسلام کو جن کی گرفتاری کے احکام بغاوت کے جُرم میں جاری ہو چکے تھے، دریائے ستلج کے راستہ کراچی اور وہاں سے مکہ معظمہ پہنچا دیا اور ان خطرات کی ذرّہ برابر پرواہ نہ کی جو اس پُر آشوب دور اور اس عرصۂ دار و گیر میں آپ کو اور آپ کے خاندان کو انگریزی حکومت کی منتقمانہ کارروائیوں سے پیش آسکتے تھے۔

حضرت مؤلفؒ کے والد کی درویشانہ زندگی کے سبب آپ کی پرورش آپ کی ننھیال میں ہوئی جہاں آپ کی والدہ محترمہ زیادہ تر قیام فرماتی تھیں۔ آپ کے نانا مولوی حافظ اکرام اللہ رحمۃ اللہ علیہ بڑے عالم اور عابد بزرگ تھے۔ اُن کی تعلیم و تربیت اُن کے دادا مولانا برکت اللہ نے کی تھی، جو بڑے زبردست عالم اور شیخِ وقت تھے۔ مولانا اکرام اللہؒ علمِ تجوید میں قاری مصلح الدینؒ اور قاری لالاؒ سے، فقہ اور دیگر علوم میں اپنے دادا بزرگوار سے، معقولات میں حضرت مولانا مملوک علیؒ سے اور حدیث میں حضرت شاہ محمد اسحٰقؒ کے شاگرد تھے۔ مولانا تمام عمر درس و تدریس میں مشغول رہے اور حضرت قاری عبدالرحمٰن محدّث انصاریؒ پانی پتی کے ساتھ پانی پت میں علومِ دینیہ کا مرجع و محور رہے۔ اس ماحول میں اور ان بزرگوں کے زیرِ سایہ حضرت مؤلفؒ کی جیسی کچھ تربیت اور آپ کی تعلیم میں

Marfat.com

جیسی کچھ احتیاط اور کوشش ہوئی ہوگی ظاہر ہے۔

پانی پت محمود غزنوی کے دور ہی سے فقراء و صوفیاء کا مسکن بن گیا تھا۔ تیرھویں صدی ہجری میں جب غدر نے دہلی کو اجاڑ دیا تو پانی پت علومِ دین بالخصوص علمِ تجوید و قرأت کا مرکز بن گیا۔ بارہویں صدی میں حضرت قاری مصلح الدین بن شیخ محمد مقصود عباسی پانی پتی نے مدینہ طیبہ میں شیخ القراء قاری عبید اللہ مدنی رحمۃ اللہ علیہ سے تجوید و قرأت کی تکمیل فرما کر اپنے وطن پانی پت میں مدنی قرأت کی بنیاد از سرِ نو رکھی۔ آپ سے آپ کے فرزند قاری عبید اللہ عرف قاری لالہ، قاری قادر بخش انصاری، قاری محمدی انصاری، قاری احمدی انصاری، حافظ شمس الاسلام عثمانی مولانا حافظ اکرام اللہ انصاری رحمہم اللہ اجمعین اور متعدد دیگر حفاظ و قراء نے کسبِ فیض فرمایا۔

حضرت مؤلفؒ نے تمام قرآن بروایتِ حفص سبقاً سبقاً اور حرفاً حرفاً اپنے شیخ حافظ قرأت مجوّد عصر قاری عبدالرحمٰن اعمی حنفی نقشبندی توکلی سے پڑھا اور اتنی مرتبہ سُنایا جو شمار نہیں ہو سکتا۔ نیز آخری منزل کی معہ مفردات مشق کی۔ پھر آپ نے تمام قرآن بروایتِ مذکور اپنے عم بزرگوار حافظ محمد یعقوبؒ بن حافظ شمس الاسلام عثمانیؒ کو پے در پے کئی سال تک سنایا۔ پھر ۱۳۱۱ھ (۱۸۹۳ شمسی) میں تمام قرآن بروایت مذکور حضرت شیخ الشیوخ سرتاجِ علماء، مقتدائے فضلاء مولانا قاری عبدالرحمٰن محدث انصاری قادری رحمۃ اللہ علیہ کو سنایا اور جناب ممدوح نے سورۃ قارعہ سے اپنی زبان مبارک سے کہلوایا۔

حضرت محدثؒ حضرت رئیس المحدثین شاہ محمد اسحاق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے تلمیذِ رشید اور خلیفۂ مجاز تھے۔

علماء و فضلاء و صلحاء کے نزدیک حضرت محدث کے علوِّ مرتبت کا اندازہ

اس واقعہ سے ہوسکتا ہے کہ شیوخ دیوبند نے جن میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسنؒ بھی شامل ہیں آپ کو احادیث سُنا کر آپ سے تبرّکاً تدریسِ حدیث کی اجازت لی تھی۔ نیز حکیم الامت مجدّد الملّت حضرت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے صرف آپ سے تبرّکاً سند حاصل کرنے کے لئے کانپور تک کا سفر فرمایا اور کانپور سٹیشن پر جہاں سے آپ دورانِ سفر گزر رہے تھے چہل حدیث حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ آپ کو سُنا کر آپ سے تبرّکاً سند و اجازت حاصل کی۔ حضرت محدّثؒ نہ صرف علم و فضل میں یکتا اور فنونِ تجوید و قرأت میں بے عدیل و بے مثیل تھے بلکہ آپ ولیٔ کامل اور صاحبِ علم و عرفان و تصرّف بزرگ تھے۔ آپ کا مثل اور ثانی پھر پانی پت میں پیدا نہیں ہُوا۔

حضرت مؤلف کے شیخ قاری عبدالرحمٰن اعمیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے تمام قرآن سبقاً سبقاً شیخ القرار قاری نجیب اللہ بن شیخ سعد اللہ عثمانی سے پڑھا اور تجوید اخذ کی۔ پھر شیخ القرار قاری کبیر الدین اور حضرت مولانا محدّث رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ کو سنایا اور مشق کی۔ مولانا محدّث نے پہلے اپنے والد ماجد مولانا قاری محمدی بن خواجہ خدا بخش انصاری قادری سے پڑھا۔ پھر اپنے بڑے چچا قاری قادر بخش رحمۃ اللہ علیہ اور فخرِ پانی پت شیخ القرار امام المجوّدین قاری عبید اللہ عرف قادی لالہ ابن قاری مصلح الدین عباسی پانی پتی سے اخذ کیا۔ ان تینوں حضرات نے شیخ القرار قاری مصلح الدین بن شیخ محمد مقصود عباسی پانی پتیؒ سے پڑھا اور آپ نے مدینۃ النبی کے شیخ الشیوخ حضرت قاری عبید اللہ مدنی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ سے کسبِ فیض و فضل فرمایا۔

حضرت مؤلفؒ نے اپنے شیخ قاری عبدالرحمٰن الحمیٰ موصوف سے سنہ ۱۳۱۵ھ میں روایتِ قانون پڑھی اور پھر بعض دیگر روایات سُنا کر سنہ ۱۳۲۱ھ میں تمام

قرآن سبعہ مکررہ متواترہ جمعاً پڑھا اور ۱۳۲۵ھ میں دوبارہ تمام قرآن سبعہ معہ تیسر و شاطبیہ و دیگر کُتب متداولہ حضرت ممدوحؒ کو سُنایا۔ نیز آپ نے تمام قرآنِ سبعہ مکررہ متواترہ بقاعدۂ جمع الجمع معہ شاطبیہ اسی سال مولانا قاری جناب عبدالسلامؒ سے پڑھا جو حضرت محدّث کے فرزند اور فیض یافتہ تھے۔

حضرت شیخ القراء قاری عبدالرحمٰن اعمیٰؒ نے ۱۲۹۵ھ میں اور مولانا قاری عبدالسلام موصوف نے ۱۳۰۹ھ میں تمام قرآن بقاعدہ مذکورہ معہ کتب قرأۃ شیخ القراء امام الفضلاء مولانا قاری عبدالرحمٰن محدّث انصاری سے پڑھا تھا۔

حضرت محدّث رحمۃ اللہ علیہ نے پہلے جستہ جستہ مقامات سے قرأت اپنے والدِ ماجدؒ سے سنیں۔ پھر ۱۲۴۸ھ میں تمام قرآن بقاعدۂ مذکورہ معہ کتب قرأۃ شیخِ وقت مولانا سید امام الدین امروہوی، نقشبندی، مجدّدی، مظہریؒ سے پڑھا اور حضرت مولانا امروہوی موصوفؒ نے تمام قرآن شیخ القراء مولانا قاری محمد عرف مولانا کرم اللہ دہلوی سے پڑھا۔

(حضرت مولفؒ کا مرتب کردہ شجرۂ سبعہ قرارت جو سنداتِ قرارت پر ایک نادر دستاویز ہے اس کتاب کے ساتھ شامل ہے۔)

حضرت مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں کا حصر و شمار ممکن نہیں۔ ہجری تقویم کے مطابق قیامِ پاکستان کے وقت آپ کی عمر تقریباً اکہتر سال تھی۔ (ولادت ۱۲۹۵ھ، قیام پاکستان ۱۳۶۶ھ) تحصیلِ علم کے بعد تمام عمر تدریس و تصنیف اور قومی خدمات میں گزری۔ متموّل دینی گھرانہ سے تعلق تھا شغل روزگار کی طرف سے بفضلِ خداوندی بے فکری تھی اس لئے اکثر وقت تدریس و تصنیف میں صَرف ہوتا تھا۔ فجر کی نماز کے بعد سے ظہر تک اور بعض اوقات، عصر سے مغرب تک بھی طلباء کا ہجوم رہتا تھا۔ برّصغیر کے علاوہ افغانستان، وسطِ ایشیا

Marfat.com

اور مشرقِ بعید تک سے طالبانِ علم قرآن چلے آتے تھے۔ آپ کسی درجے کے طالب علم کو بھی انکار نہ فرماتے تھے۔ لہٰذا مبتدیوں سے لے کر قراءت سبعہ کے طالبین و ماہرین سب کی تدریس ضبط اوقات کے ساتھ ہوتی تھی۔ اب اللہ تعالےٰ ہی علیم ہے کہ ان سے اکتساب علم و فن کرنے والے کہاں اس شمع علم کے نُور کو پھیلا رہے ہیں۔

راقم کو حتمی طور پر اس سلسلہ کی جس کڑی کا علم ہے وہ حضرت قاری فتح محمد صاحب اعمٰی پانی پتی ثم المدنی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات سے چلتی ہے۔ احقر کو ان ممدوح سے خصوصی تعلق بھی رہا ہے۔ بچپن میں ان کی گود میں کھیلا تھا اور جوانی سے کہولت تک ان سے ملاقات کی سعادت پاکستان میں بھی اور مدینۃ النبیؐ میں بھی حاصل رہی۔ ان سے آخری ملاقاتیں ان کی وفات سے چند روز پہلے تک مسجد نبوی شریف میں اور اُن کی قیام گاہ پر نصیب ہوئیں۔

اب قاری صاحب رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ کے شاگرد پاکستان کے تمام بڑے بڑے شہروں کے علاوہ مدینہ منورہ میں اس فیض کو پھیلا رہے ہیں۔ اللّٰھم زد فزد۔ آمین!

اس مبارک سلسلہ کو بطور شجرہ یوں پیش کیا جاسکتا ہے:۔

(نقشہ شجرہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

Marfat.com



(ماخوذ از شجرۂ سبعہ قرات اور سوانح فتحیہ)

❖

حضرت مؤلف کا تصنیفی اور تالیفی ورثہ بھی نہایت دقیع و اہم ہے۔ آپ کی سب سے مہتم بالشّان طبع زاد تصنیف شرح سبعہ قراءت ہے جس کی جلد اول حضرت مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی حیات میں شائع فرمادی تھی۔ اب دوسری جلد کی تبییض و تسوید کی سعادت حضرت قاری فتح محمدؒ اور حضرت رحیم بخشؒ کے حوالہ سے حضرت قاری محمد طاہر الرحیمی مدنی مدفیضہٗ کو حاصل ہوئی، جن کی جان سوزی کے سبب اس مسوّدہ نے جو ان کا بھی روحانی ورثہ ہے، گویا حیاتِ نو حاصل کی۔

دوسرا ایک نہایت نادر اور جامع و مختصر رسالہ شجرۂ سبعہ قراءت کئی سال کی تحقیق اور محنت شاقہ کے بعد مرتب فرمایا جس میں قرآت سبعہ کی سندات متصلاً حضرت ختم المرسلین رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلم تک درج ہیں۔ خود حضرت مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کی سند تینتیس ۳۳ واسطوں سے سرورِ دو عالم فخرِ بنی آدم حضرت ختم المرسلین صلّی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے۔ آپ یہ رسالہ بطور سند تکمیلِ قراءتِ سبعہ کے بعد اپنے مستحق تلامیذ کو عطا فرماتے تھے۔

عربی زبان کے "طبقات القراء" کی طرز پر اردو زبان میں خدام اللہ کے حالات میں ایک مبسوط تصنیف مرتب فرمانے کا ارادہ تھا اور ایک اعلان سے ظاہر ہوتا ہے کہ بہت کچھ کام کر چکے تھے۔ لیکن اس مجوّزہ تالیف کے صرف اس حصّہ کا ایک نامکمل مسوّدہ احقر کو بالکل حسن اتفاق سے مل گیا جس میں بزرگانِ پانی پت کے حالات غالباً یادداشتوں کے طور پر جمع فرما رہے تھے۔ احقر نے کسی قدر تسوید و تفصیل کے ساتھ ان یادداشتوں کو سید عبدالعلیم کے پوتے سید فیصل سلیم کے ذریعہ علیم سنز سے "پانی پت کے قاری" کے عنوان سے محض تبرعاً و تبرکاً شائع کرادیا ہے۔

قرآن کریم کو تجارتی اغراض سے شائع کرنے والے مطابع کی سہل انگاری کے سبب برِّصغیر میں شائع ہونے والے نسخوں میں قواعدِ رسمِ عثمانی کے لحاظ سے ان گنت لغزشیں در کر آئی تھیں۔ سات آٹھ سال کی طویل محنت سے آپ نے ایک نسخہ کی تصحیح فرمائی اور حضرت حکیم الامت مولانا تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے استصواب اور اجازت کے بعد یہ نسخہ بغرض طباعت بلامعاوضہ مطبع مجتبائی دہلی کو دے دیا۔

حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے آپ کے کام کی تحسین فرمائی اور تحریر فرمایا :۔

"..... آپ کے ساتھ تو مجھ کو اتنی محبّت ہے کہ اہلِ فن میں سے کسی کے ساتھ نہیں"۔

نیز فرمایا :۔

"جناب قاری صاحب موصوف کو ..... اس فن کا کامل بلکہ اکمل سمجھتا ہوں اور اُن کی تصحیح پر پُورا وثوق رکھتا ہوں"۔

(اقتباسات من مکتوب از تھانہ بھون ۲۶ ذیقعدہ ۵۳ھ)

خود حضرت مؤلف رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ کی دانست میں اُن کی سب سے اہم علمی و دینی خدمت اور ناقدین کی نظر میں آپ کا عظیم الشّان کارنامہ حضرت بیہقیٔ وقت، علم الہدیٰ، محدّثِ عصر، مولانا القاضی محمد ثناء اللہ عثمانی، حنفی مظہری مجدّدیؒ رحمۃ اللہ علیہ کی بے بدل تفسیر موسومہ "تفسیر مظہری" کی تسوید و حیاتِ نو تھی۔ حضرت محدّث نے یہ تفسیر اپنے پیر و مرشد، شیخ الشہید سیّدنا و مولانا مرزا جانِ جاناں مظہر علوی مجدّدی نقشبندی قدس اللہ تعالےٰ سرّہٗ کی یادگار میں اٹھارہ سال سے زیادہ عرصہ میں مرتّب فرمائی تھی۔ یہ بے بہا علمی خزانہ

Marfat.com

ڈیڑھ سو برس تک صندوقوں میں مدفون کیڑوں کی آماجگاہ بنا رہا۔

تفسیر چھ ضخیم جلدوں میں تھی جو نہایت درجہ بوسیدہ اور کرم خوردہ ہو چکی تھی۔ مسودہ اکثر مقامات سے غیر معمولی جدّ و جُہد کے بغیر پڑھا نہیں جا سکتا تھا۔ اور بعض مقامات کا پڑھنا تو محال کے درجہ تک پہنچ گیا تھا۔" ایک خضر صفت بزرگ کی راہ نمائی، اعانت اور سرپرستی نے حضرت مولف رحمۃ اللہ علیہ کو اس کی تدوین، تسوید اور اشاعت پر آمادہ کیا۔

برسہا برس کی شدید کاوش اور جانفشانی کے بعد مکمّل تفسیر کا مسودہ سات ضخیم جلدوں میں تیار ہُوا جن میں سے جلد اول، دوم اور پنجم، حضرت مؤلف نے نہایت احتیاط و نفاست کے ساتھ طبع کرائیں۔ بقیہ جلدیں بعد میں شائع ہُوئیں اور یوں ایک عظیم خاندانی و دینی ورثہ اور علمی کارنامہ محفوظ و مصوّن ہو کر چشمۂ فیضان و عرفان بنا۔

متفرقات میں احقر کے پاس ایک قلمی رسالہ ہے جس میں حضرت محدث رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ اور تفسیر مظہری کا مفصل اور حضرت شہید رحمۃ اللہ علیہ کا ضمناً تعارف ہے۔ احقر نے بعد تبییض و تسوید اس کے مندرجات سے انتخاب کر کے ایک مضمون "دو اللہ والے" کے عنوان سے جس کا ذیلی عنوان "حضرت شہیدؒ اور حضرت محدّث" ہے۔ "نوائے وقت" جمعہ میگزین کی سات فروری ۹۲ء کی اشاعت میں شائع کرا دیا تھا۔

اس کے علاوہ ایک اور مختصر قلمی رسالہ ہے جس میں اپنے تصحیح شُدہ نسخۂ قرآن کریم کا تعارف اور اس ضمن میں ان قواعد و اصول کا بیان ہے جن کی پابندی قرآن کریم کی اشاعت و طباعت کے لئے لازم ہے۔

حضرت مؤلف کی رموزِ پیدائش و وفات

پیدائش : ولادت گہ مقرّبِ ایزد پانی پت ۱۲۹۵ھ

وفات : وانّ المتقین فی جنّٰت وعیون - ۱۳۷۲ھ

کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَان ویبقی وجہ ربّک
ذوالجلال والاکرام - ۱۹۵۳ شمسی

جمعۃ المبارک ۶ رذی قعد ۱۴۱۵ھ
۷ راپریل ۱۹۹۵ شمسی

احقرالعباد۔ خاکپائے علماء

محمد علی عثمانی

پسرِ اصغر حضرت مؤلفؒ

Marfat.com

Marfat.com

مثلاً کلمۃ طیبۃ

کشجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ✦ ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

بمنہ تعالیٰ سند سبعہ قرأت متواترہ حسب الارشاد برادر محترم قاری سید محمد قیام الدین صاحب

موسومہ

سبعہ عشرات
شجرۃ قرأت

۱۳۴۷ھ

یعنی

سبعہ عشرات
سند قرأت

مرتبہ

احقر العباد ابو محمد محی الاسلام بن حاجی محمد مفتاح الاسلام عثمانی اموی قریشی پانی پتی

ناشر

ادارۂ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور ۲

رمضان المبارک ۱۴۰۲ھ

Marfat.com

التماس

میں نے اِس سند کو کئی سال کی محنت سے مرتب کیا۔ شیوخ کے نام صحیح کرتے ہوئے کنیت۔ لقب خطاب اور نسب کئی پشتوں تک بڑھایا۔ غیر متصل سلسلوں کا نشر وغیرہ معتبر کتابوں سے اتصال نقل کیا۔ علامہ ابو محمد شاطبی کا سلسلہ سندوں میں غیر مربوط تھا اُسکو مابعد اور ماقبل سے ملایا اور محقق ابوالخیر بن جزری کی وہ تمام سندیں شامل کردیں جو تیسیر و شاطبیہ سے علاقہ رکھتی تھیں۔ بعض وجوہات کی بناپر میرا ارادہ اِسکی اشاعت کا نہ تھا مگر اپنے استاد بھائی اخی مکرم برادر محترم قاری حافظ محمد قیام الدین ہاشمی قریشی پانی پتی مدفیضہٗ تلمیذ خاص حافظ قرأت مجوّد عصر استاذی قاری عبدالرحمٰن اعمی نقشبندی پانی پتی کے اصرار اور ناقلین کے تصرف کے خوف سے شائع کرتا ہوں۔ اِس اشاعت کے مصارف کا ایک حصہ بھی برادر ممدوح نے ادا کیا ہی فجزاہ اللہ خیرا +

ناظرین سے التماس ہی کہ فروگزاشتوں اور غلطیوں کی اصلاح فرمائیں اور مجھ کو آگاہی دیکر ممنون بنائیں۔

وھوحسبی ونعم الوکیل۔

پانی پت۔ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۷ھ

ابو محمد محی الاسلام عفا اللہ عنہ

Marfat.com

یا فتاح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتَابَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّہٗ عِوَجًا ہ الَّذِیْ فِیْہِ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ وَھُدًی وَّرَحْمَۃً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ہ وَھُوَ کِتَابٌ عَزِیْزٌ لَّا یَاْتِیْہِ الْبَاطِلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَلَا مِنْ خَلْفِہٖ ہ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَکِیْمٍ حَمِیْدٍ ہ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ہ وَعَلٰی حَمَلَۃِ الْقُرْاٰنِ وَالنَّاقِلِیْنَ ہ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ہ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَاکْسَارَ اَبُوْ مُحَمَّدْ مُحْیُ الْاِسْلَامْ بِنْ حَاجِیْ مُحَمَّدْ مِفْتَاحُ الْاِسْلَامْ بِنْ مَوْلَوِیْ مُحَمَّدْ بَدْرُ الْاِسْلَامْ بِنْ شَیْخْ مُحَمَّدْ فَخْرُ الدِّیْنْ اَلْمَعْرُوْفْ بِغُلَامْ مُجَدِّدْ دُعْتْمَانِیْ پَانِیْ پَتِیْ عَرْضْ کَرْتَا ہَے کِہ احقر کو روایت حفص اور سبعہ قرأت مکررہ متواترہ باین طُرق پہونچی ہین۔

حصّہ اول سند روایت حفص از عاجز تا قاری عبید اللہ مدنی

مین نے تمام قرآن بروایت حفص سبقًا سبقًا اور حرفًا حرفًا پہلے اپنے شیخ حافظِ قرات متجود عصر قاری عبد الرحمٰنؒ اعمیٰ بن عبد الصمد خان حنفی نقشبندی توکلی سے پڑہا اور اتنی مرتبہ سنایا کہ جس کا شمار نہین ہوسکتا اور آخر منزل کی مع مُفردات مشق کی، اس کے بعد مین نے تمام قرآن بروایت مذکور اپنے عم بزرگوار حافظ محمد یعقوبؒ بن حافظ شمس الاسلام عثمانی کو پے درپے کئی سال تک سنایا۔

پھر سنہ ۱۳۱۱ھ میں میں نے تمام قرآن بروایت مذکور حضرت شیخ الشیوخ مولانا قاری عبدالرحمٰنؒ محدث انصاری قادری کو سنایا اور سورۃ قارعہ سے جناب ممدوح نے اپنی زبان مبارک سے کہلوایا ان حضرات کے علاوہ احقر نے متعدد دیگر حضرات سے اکتساب کیا۔

میرے شیخ نے پہلے تمام قرآن سبقاً سبقاً شیخ القراء قاری نجیب اللہؒ بن شیخ سعداللہ عثمانی پانی پتی سے پڑھا اور تجوید اخذ کی۔ پھر شیخ القراء قاری کبیر الدینؒ اور مولانا قاری عبدالرحمٰنؒ محدث موصوف کو سنایا اور مشق کی۔ مقدم الذکر دونوں حضرات نے تمام قرآن شیخ القراء مولانا قاری قادر بخشؒ بن خواجہ خدا بخش انصاری قادری سے پڑھا۔ اور مولانا محدث نے پہلے اپنے والد ماجد مولانا قاری محمدیؒ ابن خواجہ خدا بخش انصاری قادری سے پڑھا۔ پھر اپنے بڑے چچا قاری قادر بخش موصوف اور فخر پانی پت شیخ القراء قاری عبیداللہؒ عرف قاری لالا ابن قاری مصلح الدین عباسی پانی پتی سے اخذ کیا۔ ان تینوں حضرات نے شیخ القراء قاری مصلح الدینؒ بن شیخ محمد مقصود عباسی پانی پتی سے پڑھا۔ آپ نے شیخ القراء قاری عبیداللہؒ مدنی سے پڑھا۔

حصہ دوم سند سبعہ قرأت از احقر تا محقق ابن جزری

میں نے اپنے شیخ قاری عبدالرحمٰنؒ اعمیٰ موصوف سے سنہ ۱۳۱۵ھ میں روایت قالون پڑھی سنہ ۱۳۱۶ھ اور پھر بعض دیگر روایات سنا کر سنہ ۱۳۲۱ھ میں تمام قرآن سبعہ مکررہ متواترہ جمعاً پڑھا۔ اور سنہ ۱۳۲۵ھ میں دوبارہ تمام قرآن سبعہ مع تیسیر و شاطبیہ و دیگر کتب متداولہ ممدوح کو سنایا۔ نیز میں نے تمام قرآن سبعہ مکررہ متواترہ بقاعدہ جمع الجمع مع شاطبیہ اسی سال مولانا قاری عبدالسلامؒ بن مولانا قاری عبدالرحمٰنؒ محدث سے پڑھا۔ میرے شیخ نے سنہ ۱۲۹۵ھ میں بمعیت قاری نورالہدیؒ وغیرہ اور مولانا قاری عبدالسلام نے سنہ ۱۳۰۹ھ میں تمام قرآن بقاعدۂ مذکورہ مع کتب قراءۃ شیخ القراء مولانا قاری عبدالرحمٰنؒ محدث سے پڑھا۔ آپ نے پہلے جستہ جستہ مقامات سے قراءات اپنے والد ماجد سے سنیں۔ پھر سنہ ۱۲۴۸ھ میں تمام قرآن بقاعدۂ مذکورہ مع کتب قراءۃ شیخ القراء مولانا سید امام الدینؒ

Marfat.com

امروہی نقشبندی مجددی مظہری سے پڑھا۔ آپنے ۱۲۳۳ھ مین تمام قرآن شیخ القراء مولانا قاری محمد عرفؒ مولوی کرم اللہؒ دہلوی سے پڑھا۔

ح اور نیز میرے شیخ قاری عبدالرحمٰنؒ اعمی موصوف نے تمام قرآن بقاعدۂ مذکورہ مع کتب قراءۃ وتجوید شیخ القراء قاری سید عبدالستارؒ المعروف بحافظ سردار کلاچوی سے پڑھا اور روایات ضبطکین آپنے پہلے اپنے والد ماجد سے اور پھر شیخ القراء مولانا قاری عبدالعلیؒ بن شیخ القراء مولانا قاری محمد ہاشمؒ دہلوی سے پڑھا۔ آپنے اپنے والد ماجد سے انہون نے شیخ القراء مولانا قاری میرزا محمد بیگؒ دہلوی سے۔ آپ نے مولانا قاری کرم اللہؒ دہلوی موصوف سے پڑھا۔ مولانا قاری کرم اللہؒ اور قاری قادر بخشؒ اور مولانا محمدیؒ نے تمام قرآن بقاعدہ مذکورہ شیخ القراء مولانا حاجی قاری شاہ عبدالمجیدؒ دہلوی المعروف بصوبہ بہند سے پڑھا۔ آپ نے شیخ القراء حاجی قاری غلام مصطفیٰؒ بن شیخ محمد اکبر تھانیسری ثم الدہلوی سے آپنے شیخ القراء قاری حافظ غلام محمد گجراتی ثم الدہلوی سے آپنے شیخ القراء قاری حافظ عبدالغفور دہلوی سے آپنے شیخ القراء قاری عبدالخالق متوفی سے پڑھا۔

ح اور نیز قاری غلام مصطفیٰؒ تھانیسری موصوف نے ۱۱۵۹ھ مین تمام قرآن بقاعدۂ مذکورہ شیخ القراء قاری حافظ عبدالملکؒ بن نواب حبش خان دہلوی سے پڑھا۔ آپنے شیخ القراء حاجی قاری محمد فاضلؒ ہٹنٹی دہلوی سے آپ نے ۱۱۵۴ھ مین شیخ عبدالخالقؒ متوفی موصوف سے پڑھا آپ نے شیخ القراء شمس الدین محمد بن اسمٰعیلؒ ازہری مصری بقری شافعی ضریر سے آپنے شیخ القراء مولانا عبدالرحمٰنؒ بن شیخ شحاذہ شافعی یمنی مصری سے پڑھا۔ آپنے پہلے اپنے پدر گرامی قدر سے پڑھنا شروع کیا اور سورہ نساء کی آیت فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ الخ تک پہنچے تھے کہ اونکا وصال ہوگیا پھر آپنے تمام قرآن اپنے والد ماجد کے ممتاز شاگرد شیخ القراء شیخ شہاب الدین احمدؒ بن عبدالحق سنباطی سے پڑھا۔ آپنے شیخ القراء مولانا شیخ شحاذہ یمنی شافعی مصری سے آپنے شیخ القراء مولانا ابونصر طبلاویؒ سے آپنے شیخ القراء شیخ الاسلام زین الدین مولانا قاضی زکریاؒ الانصاری خزرجی سنیکی شافعی ازہری قاہری مصری سے آپنے شیخ القراء مولانا برہان الدین قلقیلی

اور شیخ القراء مولانا رضوان الدین ابونعیم بن احمد عقبی سے پڑھا۔ ان دونون حضرات نے شیخ القراء شیخ المحدثین امام المجودین محقق عصر فرید دہر علامہ شمس الدین ابوالخیر محمد بن محمد جزری شافعی سے پڑھا۔

حصہ سوم از محقق ابوالخیر بن جزریؒ تا علامہ دانی

محقق ابوالخیر بن جزری نے قرآت سبعہ متواترہ مافوق عشرہ اور تیسیر وشاطبیہ وغیرہ قرات کی بہت سی کتابین ایک جماعت کثیرہ سے قراۃً اور سماعًا حاصل کین۔ ان مین سے سبعہ متواترہ کے متعلق سات سندین حسب ذیل ہین۔

پہلی سند طرق تیسیر وشاطبیہ بواسطہ قاضی ابوالعباس احمدؒ

محقق ابوالخیر جزری نے سبعہ قرآت مکررہ متواترہ افرادًا اور جمعًا مع تیسیر وشاطبیہ وبعض شروح شیخ القراء امام الصالح مولانا شرف الدین قاضی ابوالعباس احمد حنفی دمشقی سے پڑھین۔ آپنے اپنے والد ماجد شیخ القراء امام المسلمین مولانا شہاب الدین قاضی ابوعبداللہ الحسین بن سلیمان بن فرارہ حنفی کفرلئی دمشقی سے پڑھین آپنے بمضمن تیسیر شیخ القراء امام علم الدین ابومحمد قاسم بن احمد بن موفق نوری اندلسی سے آپنے شیخ القراء امام ابوجعفر احمد بن علی بن یحیی بن عون اللہ الحصاد انی اندلسی اور شیخ القراء امام ابوعبداللہ محمد بن سعید بن محمد مرادی اندلسی اور شیخ القراء امام ابوعبداللہ محمد بن ایوب بن محمد بن نوح غافقی اندلسی سے پڑھین ان تینون حضرات نے شیخ القراء امام ابوالحسن علی بن محمد بن علی بن ہذیل بلنسی اندلسی سے پڑھین۔

ح اور نیز امام ابوعبداللہ الحسین موصوف نے سبعہ قرآت بمضمن شاطبیہ مع شروح ابی شامہ وسخاوی شیخ القراء مجتہد العصر شہاب الدین امام ابوالقاسم عبدالرحمن بن اسماعیل مقدسی دمشقی شافعی المعروف بابی شامہ سے پڑھین۔ آپنے شیخ القراء علم الدین امام ابوالحسن علی بن محمد

90942

Marfat.com

بن عبدالصمد سخاوی دمشقی شافعی سے پڑھین۔ آپ نے شیخ القراء حافظ حدیث و قرآت امام عصر علامہ ابو محمد قاسم[۲۲] بن فیرہ ابن ابی القاسم خلف بن احمد رعینی شاطبی اندلسی ضریر شیخ الاقراء مصر سے پڑھین

ح اور نیز امام ابو العباس[۱۸] احمد موصوف نے سبعہ قرات بمضمن شاطبیہ شیخ القراء امام تقی الدین ابو عبداللہ[۱۹] محمد بن یعقوب بن بدران جرائدی دمشقی سے پڑھین۔ آپنے شیخ القراء امام کمال الدین ابو الحسن علی[۲۰] بن شجاع بن سالم بن علی بن موسیٰ عباسی شافعی مصری ضریر شیخ الاقراء مصر صہر شاطبی اور شیخ القراء امام جمال الدین محمد[۲۰] بن امام ابو محمد شاطبی اور شیخ القراء امام سدید الدین عیسیٰ[۲۱] بن مکی بن حسین مصری سے پڑھین۔ ان تینون حضرات نے امام العلامہ شاطبی سے اخذ کین

(نوٹ) امام جمال الدین محمد نے سورہ ص تک اپنے والد ماجد سے پڑھا اور باقی کی اجازت حاصل کی اور امام کمال الدین ابو الحسن کی افراداً پڑھنے مین روایت ابو الحارث باقی تھی دیگر روایات و قرات انیس[۱۹] ختمون مین سنا چکے تھے کہ علامہ نے جمع الجمع پڑھنے کا حکم دیا۔ اور جب آپ سورہ احقاف پر پہنچے تو علامہ کا وصال ہوگیا۔ مگر آپ پہلے چونکہ بارہا سماعت کر چکے تھے اس وجہ سے آپ کو مجاز کر دیا۔

دوسری سند بطرق تیسیر بذریعہ شیوخ اندلس

محقق ابو الخیر بن جزری نے سبعہ قرات بطرق تیسیر ۷۷۱ھ مین شیخ القراء امام شہاب الدین ابو جعفر[۱۸] احمد بن یوسف بن مالک رعینی اندلسی سے دمشق مین پڑھین آپنے شیخ القراء امام ابو الحسن[۱۹] علی بن عمر بن ابراہیم قیجاطی اندلسی سے آپنے شیخ القراء قاضی ابو علی[۲۰] الحسین بن عبدالعزیز بن محمد بن ابی الاحوص قرشی فہری اندلسی سے آپنے شیخ القراء امام[۲۱] ابو بکر محمد بن محمد بن وضاح لخمی اندلسی سے آپنے امام ابو الحسن[۱۷] علی بن ہذیل موصوف سے پڑھین۔

تیسری سند بطرق شاطبیہ بذریعہ شیوخ مصر و دمشق

محقق ابوالخیر بن جزری[۱۷] نے سنہ ۶۹۰ھ مین سبعہ قرأت بطرق شاطبیہ شیخ القراء امام ابو محمد عبدالرحمن[۱۸] بن احمد بن علی بن بغدادی شافعی شیخ الاقراء مصر سے پڑہین - آپنے شیخ القراء امام ابو عبداللہ[۱۹] محمد بن احمد بن عبدالخالق بن علی بن سالم شافعی المعروف بالصائغ شیخ الاقراء مصر اور شیخ القراء امام ابو علی[۱۹] الحسن بن عبدالکریم بن عبدالسلام غماری مصری سے پڑہین صائغ نے امام کمال الدین[۲۰] علی بن شجاع عباسی شافعی موصوف سے اور غماری نے شیخ القراء امام الزاہد ابو عبداللہ[۲۰] محمد بن عمر بن یوسف قرطبی اندلسی سے پڑہین - ان دونون حضرات نے امام[۲۱] ابو محمد شاطبی سے اخذ کین -

ح اور نیز محقق ابوالخیر بن جزری[۱۷] نے سبعہ قرأت بطرق شاطبیہ شیخ القراء امام المحدثین امام ابوالمعالی[۱۸] محمد بن رافع بن ابی محمد سلامی دمشقی سے پڑہین - آپ نے شیخ القراء امام رشید الدین مفتی ابوالفدا اسماعیل[۱۹] بن عثمان بن معلم حنفی اور شیخ القراء ابوعلی غماری[۱۹] موصوف سے پڑہین مفتی ابوالفدا نے علامہ ابوالحسن[۲۰] سخاوی موصوف سے اخذ کین آپ امام[۲۱] ابو محمد شاطبی کے شاگرد ہین

امام العلامہ ابو محمد شاطبی نے سبعہ قرات مع تیسیر وغیرہ پہلے اپنے وطن شاطبہ مین شیخ القراء امام ابو عبداللہ[۲۲] محمد بن علی بن ابی العاص نفزی اندلسی سے پڑہین - آپنے شیخ القراء امام ابو عبداللہ[۲۳] محمد بن حسن بن محمد بن غلام الفرس اندلسی سے آپنے شیخ القراء امام ابوالحسن[۲۴] علی بن عبدالرحمن بن محمد بن دوش انصاری اندلسی اور شیخ القراء امام ابوالحسین[۲۴] یحیی بن ابراہیم بن بازلوانی اندلسی اور امام ابوداؤدی پڑہین پھر علامہ ابو محمد شاطبی[۲۱] نے بلنسیہ جاکر امام ابوالحسن علی[۲۴] بن ہذیل موصوف سے اخذ کین آپنے شیخ القراء امام ابوداؤد[۲۴] سلیمان بن نجاح اموی اندلسی سے پڑہین -

چوتھی سند بطرق تیسیر و جامع البیان و مفردہ یعقوب بذریعہ جمع

محقق ابوالخیر بن جزری[۱۷] نے سنہ ۶۸۰ھ مین سبعہ قرات بطرق تیسیر و جامع البیان و مفردہ یعقوب شیخ القراء

Marfat.com

امام ابوالمعالیؒ محمد[۱۸] بن احمد بن علی بن حسن بن لبّان دمشقی سے جمعًا پڑہین آپنے بطرق تیسیر ۷۳۱ھ مین شیخ القراء امام ابوالعباسؒ احمد[۱۹] بن محمد بن ابراہیم المرادی عشاب سے آپنے شیخ القراء امام ابومحمد عبداللہؒ[۲۰] بن یوسف بن ابی بکر شَبَارُتی سے پڑہین اور بطرق مفردہ یعقوب شیخ القراء امام ابوعبداللہؒ[۱۹] محمد بن جابر بن محمد بن قاسم قیسی وادی آشی سے آپنے شیخ القراء امام ابوالعباسؒ احمد بن[۲۰] موسیٰ بن عیسےٰ انصاری بَطَرْنی سے آپنے امام ابومحمد[۲۱] شَبَارُتی موصوف سے آپ نے ۵۹۳ھ مین امام ابوجعفرؒ[۲۲] بن عَوْنِ اللہ الحِصار موصوف سے پڑہین۔ اور بطرق جامع البیان ومفردہ یعقوب شیخ القراء امام اثیرالدین ابوعبداللہؒ[۱۹] محمد بن یوسف بن علی بن یوسف بن حَیَّان غرناطی اندلسی نحوی المعروف بابی حَیَّان سے آپنے شیخ القراء امام ابومحمد عبدالنصیرؒ[۲۰] بن علی بن یحییٰ المریوطی ہمدانی سے آپنے شیخ القراء امام ابوالقاسم[۲۱] عبدالرحمٰنؒ بن عبدالمجید بن اسماعیل بن عثمان بن یوسف صفراوی اسکندری سے آپنے شیخ القراء امام ابویحییٰ[۲۳] الیسعؒ سے آپنے اپنے والد ماجد شیخ القراء امام عیسےٰؒ[۲۴] بن حَزْم غافقی اندلسی سے آپنے شیخ القراء امام ابوداؤد[۲۵] بن نجاح اور شیخ القراء امام ابوالحسنؒ[۲۶] بن دُوش انصاری اور شیخ القراء امام ابوالحسینؒ[۲۷] بن بیاز اندلسیین موصوفین سے پڑہین۔ ان تینون حضرات نے شیخ الاسلام شیخ القراء امام المحدثین مستجاب الدعوات حافظ قرات ناقد طرق وروایات امام العلامہ ابوعمروؓ عثمان بن سعید بن عثمان بن سعید اموی مالکی دانی اندلسی سے پڑہین۔

پانچوین سند روایتًا بطرق تیسیر

محقق ابوالخیر بن جزریؒ[۱۸] نے سبعہ قرات بطرق تیسیر شیخ القراء امام الثقہ ابوعلی الحسنؒ[۱۸] بن احمد بن ہلال صالحی دَقّاق سے جامع اموی دمشق مین روایتا وجمعًا پڑہین آپنے شیخ القراء امام فخرالدین ابوالحسن[۱۹] علیؒ ابن احمد بن عبدالواحد مقدسی حنبلی سے آپنے شیخ القراء امام تاج الدین ابوالیُمن زیدؒ[۲۰] بن الحسن بن زید کِندی حنفی سے آپنے شیخ القراء امام ابومحمد عبداللہؒ[۲۱] بن علی بن احمد بغدادی المعروف

Marfat.com

بسبط الخیاط سے آپ نے سنہ۵۰۰ھ مین شیخ القراء امام ابو محمد عبدالحق بن ابی مروان المعروف بابن الباذش اندلسی سے مسجد حرام مین پڑھین۔ آپ نے امام العلامہ ابو عمرو دانی سے اخذ کین۔

چھٹی سند بابت تیسیر و شرح تیسیر

محقق ابوالخیر بن جزری نے تیسیر شیخ القراء امام ابوالعباس احمد بن حسن بن محمد بن محمد مصری سے قاہرہ مین پڑھی۔ آپنے شیخ القراء امام ابوالفارس عبدالعزیز بن عبدالرحمن بن عبدالواحد بن ابی زکنون تیونسی سے آپنے شیخ القراء امام ابوبکر محمد بن محمد بن احمد بن مشلیون بلنسی اندلسی سے آپنے شیخ القراء امام ابوبکر محمد بن احمد مرسی سے آپنے اپنے والد ماجد شیخ القراء امام احمد بن عبداللہ بن موسیٰ بن ابی حمزہ مرسی اندلسی سے پڑھی آپنے امام العلامہ دانی سے اخذ کی۔ نیز محقق ابوالخیر بن جزری نے شرح تیسیر شیخ القراء قاضی ابوعبداللہ محمد بن یحییٰ بن بکر اشعری بالواسطہ سنی آپنے شیخ القراء استاد ابومحمد عبدالواحد بن محمد بن علی باہلی مالقی اندلسی مؤلف سے حاصل کی۔

ساتوین سند بابت شاطبیہ و بعض شروح

محقق ابوالخیر بن جزری نے شاطبیہ مع شرح موسومہ لآلی الفرید امام ابوالمعالی ابن لبان موصوف سے سماعت کی آپنے شیخ القراء امام نجم الدین ابومحمد عبداللہ بن عبدالمومن بن وجیہ واسطی سے آپنے شیخ القراء امام ابوالعباس احمد بن محمد بن محمد حروق واسطی سے آپ نے شیخ القراء الشریف حسین بن قتادہ سے آپنے شیخ القراء امام ابوعبداللہ محمد بن حسن بن محمد فاسی اندلسی ثم الحلبی مؤلف سے پڑھی۔

نیز محقق ابوالخیر بن جزری نے شاطبیہ مع شرح موسومہ الدرۃ الفریدۃ فی شرح القصید شیخ القراء امام ابومحمد عبدالوہاب بن یوسف بن سلار سے سماعت کی آپ نے شیخ القراء امام یحییٰ بن احمد خلاطی امام کلاسہ دمشق سے آپ نے

Marfat.com

شیخ القراء امام صائن الدین محمد بن رزین ہذلیؒ سے آپنے شیخ القراء امام منتجب الدین حسین بن ابی العز بن رشید ہمدانیؒ مؤلف سے اخذ کی۔

نیز محقق ابوالخیر بن الجزریؒ نے شاطبیہ مع شروح موسومہ جوہر النضید فی شرح القصید اور شرح جعبری شیخ القراء امام سیف الدین ابوبکر عبداللہ بن ایدغدی بن عبداللہ شمسی المعروف بابن جندیؒ مؤلف شرح اول الذکر سے سنین آپ نے شرح جعبری شیخ القراء امام برہان الدین ابواسحاق ابراہیم بن عمر جعبریؒ مؤلف سے اخذ کی۔

نیز محقق ابوالخیر بن الجزریؒ نے شاطبیہ مع شرح ابن جبارہ شیخ القراء الشریف ابواسحاق ابراہیم بن احمد بن عبدالواحد شامیؒ سے سنی آپ نے شیخ القراء امام شہاب الدین ابوالعباس احمد بن محمد بن عبدالولی ابن جبارہ مقدسی مؤلفؒ سے اخذ کی۔

ضمیمہ حصہ سوم سند شاطبی بذریعہ مولانا شاہ محمد اسحاق دہلوی مہاجر مکیؒ

میرے شیخ الشیوخ مولانا قاری عبدالرحمنؒ محدث انصاری قادری پانی پتی نے شاطبیہ سنہ ۱۲۶۱ مین شیخ المحدثین مولانا شاہ محمد اسحاق محدث دہلوی مہاجر مکی قادریؒ سے حرم محترم مین حاضر ہوکر پڑھی آپ نے شیخ الحدیث مولانا شیخ عمر مکیؒ سے آپ نے شیخ الحدیث مولانا شیخ محمد طاہر سنبلؒ سے آپنے اپنے والد ماجد رئیس المحدثین مولانا شیخ محمد سعید سنبلؒ سے آپ نے شیخ المفید مولانا عبد بن المرحوم علی ازہری برلسیؒ سے آپ نے شیخ المحدثین مولانا شیخ عبداللہ بن سالمؒ سے آپ نے شیخ المحدثین مولانا شیخ محمد بن علاء الدین باہلیؒ سے آپنے شیخ المحدثین مولانا شیخ سیف الدین النصیریؒ سے آپ نے شیخ القراء مولانا شہاب الدین احمد بن عبدالحق سنباطی موصوفؒ سے آپنے شیخ القراء مولانا جمال الدین یوسف زکریاؒ سے آپنے اپنے والد ماجد شیخ القراء مولانا رضوان الدین ابونعیم بن احمد عقبیؒ موصوف سے آپنے شیخ القراء مولانا الاستاذ ابواسحق تنوخیؒ سے آپنے شیخ القراء مولانا بدرالدین ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم بن جماعہؒ سے آپنے

شیخ القراء مولانا معین الدین ابو الفضل عبد اللہ بن عبد الوارث الضاریؒ سے آپ نے امام العلامہ ابو محمدؒ شاطبیؒ سے اخذ کی۔

حصّہ چہارم از علامہ دانیؒ تا قرّاءِ سبعہؒ

امام العلامہ ابو عمروؒ دانی نے حجاز و عراق و مصر و اندلس کے متعدد شیوخ سے سبعہ قرات تلاوۃً اور قراءۃً پڑھین اور بعض حضرات سے صرف روایتاً اخذ کین۔ لیکن تیسیر مین علامہ نے عُلوِ سند کے لحاظ سے قراءۃً امام ابو الفتح فارس سے آٹھ روایات۔ امام ابو القاسم عبد العزیز سے تین روایات۔ امام ابو الحسن بن غلبون سے دو روایات اور امام ابو القاسم خلف سے ایک روایت بیان کی ہے۔ اور روایتاً امام ابو مسلم محمد بن احمد کاتب سے نو روایات۔ شیخ القراء احمد بن عمر۔ شیخ القراء قاضی احمد بن محفوظ۔ شیخ القراء ابو القاسم خلف موصوف۔ امام ابو الحسن بن غلبون موصوف۔ اور شیخ القراء عبد الرحمٰن بن مُعَدِّل سے ایک ایک روایت منسوب کی ہے اور اوسوقت سے یہی معمول ہے کہ ہر روایت تیسیر کے بیان کردہ طریقہ پر پڑھی اور پڑھائی جاتی ہے۔ اور جو بات اس کے مطابق نہو وہ خلاف طریقہ کہلاتی ہے۔

علامہ ابو عمرو دانی نے سند مین امام ابن مجاہد کا شیخ ہونے کی وجہ سے قُنبُل کو بزی سے اور ابن ذکوان کو علو سند اور تقدم وفات کی بنا پر ہشام سے اور دوری کو بوجہ علوِ سند ابو الحارث سے مقدم بیان کیا ہے۔ علامہ ابو محمدؒ شاطبی کی وفات تک مراتب قراءت کا یہی دستور تھا چنانچہ امام ممدوح سے آپ کے داماد امام کمال الدین ابو الحسن علی بن شجاع عباسی ضریرؒ نے روایات اسی طرح پڑھین تھین۔ لیکن علامہ ممدوح نے اپنی کتاب شاطبیہ مین یا تو شعری ضرورت کی بنا پر یا بوجہ علوِ سند و تقدم وفات بزی کو قنبل سے اور حافظ حدیث ہونے اور متعدد شیوخ رکھنے کی وجہ سے ہشام کو ابن

Marfat.com

ذکوآن سے اور تقدم وفات کی بنا پر ابوالحارث کو دوری سے مقدم کر دیا۔ آپ کے بعد یہی ترتیب مروّج ہو گئی چنانچہ محقق ابوالخیر جزری وغیرہ شیوخ متاخرین بلا استثنا قصیدہ کی ترتیب پر پڑھتے اور پڑھاتے تھے اور اب روئی زمین پر یہی ترتیب معمول بہا ہے مگر بعض حضرات سندون مین ترتیب قرارت کے خلاف تیسیر سے مراتب نقل کر دیتے ہین جو ایک بیّن فروگذاشت ہے۔ مین نے اسکو بدل کر ترتیب قرارۃ کے مطابق کر دیا ہے علامہ ابوعمر دانی نے بعض شیوخ کا کہین صرف نام سے اور کہین کنیت و نام سے کہین نسب سے اور کہین بلا نسب۔ کہین عرف سے اور کہین بلا عرف ذکر کیا ہے جس سے مبتدی ایک جانب۔ منتہی اونکو مختلف شیوخ تصور کر لیتا ہے۔ حالانکہ وہ ایک ہی بزرگ ہین۔ مین نے پہلے موقع پر نام و نسب وغیرہ مفصل لکھ کر بعد مین ہر جگہ ایک ہی پتہ سے درج کیا ہے۔ علامہ ابوعمرو دانی نے علو سند کی رعایت سے پہلے اپنے شیوخ روایت بتائے ہین پھر شیوخ قرائت۔ اور محقق ابوالخیر جزریؒ نے شیوخ روایت کا مطلق ذکر نہین کیا۔ یہ واقعہ ہے کہ اس فن کا مدار قرائت پر ہے نہ روایت پر۔ لہذا مین پہلے شیوخ قرائت بتاؤنگا اور پھر تبرکاً شیوخ روایت۔ علامہ ابوعمرو دانی نے سند کے دو حصہ کئے ہین ایک مین یکے بعد دیگرے قرار سبعہ تک اپنے شیوخ بتائے ہین اور ایک مین قرار سبعہ کے اساتذہ حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک بیان کئے ہین۔ مین بھی اسی طرح بتاتا ہون۔ علامہ ابوعمرو دانی نے ائمہ سبعہ کے مشائخ مین سے بعض حضرات کی سند کا اتصال بیان نہین کیا تھا۔ مین نے ان اوراق مین بعون اللہ تعالیٰ اس کو متصل کر دیا ہے

وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ فَأَقُوْلُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ۔ وَبِيَدِهٖ أَزِمَّةُ التَّحْقِيْقِ
وَهُوَ خَيْرُ عَوْنٍ وَّخَيْرُ رَفِيْقٍ

سند قراءۃ امام نافع مدنیؒ

روایت قالون

علامہ[۲۴] ابو عمرو دانیؒ نے روایت قالون شیخ القراء امام[۲۵] ابو الفتح فارس بن احمد بن موسیٰ بن عمران حمصی ضریر مقریؒ سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام[۲۶] ابو الحسن عبد الباقی بن حسن مقرئیؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابراہیم[۲۷] بن عمر مقریؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو الحسین[۲۸] احمد بن عثمان بن جعفر بن بویان قطان مقرئی بغدادیؒ سے آپ نے شیخ القراء قاضی ابو بکر[۲۹] احمد بن محمد بن یزید بن اشعث بن حسان مقرئی بغداد المعروف بابی حسانؒ سے آپنے شیخ القراء ابو جعفر[۳۰] محمد بن ہارون بن ابراہیم ربعی بزاز مقرئی بغداد المعروف بابی نشیطؒ سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابو موسیٰ عیسےٰ بن مینا بن وردان بن عیسےٰ بن عبد الرحمٰن بن عمر بن عبد اللہ مدنی زرقی معلم عربیہ المقلب[۳۱] المتلقب بقالونؒ سے پڑھی۔

ح اور نیز علامہ[۲۴] ابو عمرو دانی نے روایت مذکور شیخ القراء احمد[۲۵] بن عمر بن محمد جیزی سے روایت کی آپ نے شیخ القراء محمد[۲۶] بن احمد بن میز سے آپنے شیخ القراء عبد اللہ[۲۷] بن عیسےٰ قرشی مدنی سے آپنے سیدنا[۲۸] قالون سے اخذ کی۔

روایت ورش

علامہ ابو عمرو[۲۴] دانیؒ نے روایت ورش شیخ القراء امام[۲۵] ابو القاسم خلف بن ابراہیم بن محمد بن خاقان مقرئی مصرؒ سے پڑھی آپنے شیخ القراء امام[۲۶] ابو جعفر احمد بن اسامۃ تجیبیؒ اور شیخ القراء امام[۲۶] ابو بکر احمد بن محمد بن ابی الرجار مصریؒ سے پڑھی۔ ان دونوں حضرات نے شیخ القراء امام ابو الحسن[۲۶] اسماعیل بن ۔۔۔ عبد اللہ بن عمر وبخاس مصری سے پڑھی۔

ح اور نیز امام ابو القاسم خلف موصوفؒ نے روایت مذکور شیخ القراء امام ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ انماطیؒ سے پڑھی۔ آپ نے شیخ القراء امام ابو جعفر احمد بن اسحاق بن ابراہیم خیاطؒ سے آپ نے امام ابو الحسن[۲۶] اسماعیل نخاس موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو یعقوب[۲۸] یوسف بن عمرو بن یسار ازرق مدنی ثم المصریؒ سے آپنے

Marfat.com

شیخ القراء سید الطائفہ ابوسعید عثمان بن سعید بن عبد اللہ بن عمرو بن سلیمان بن ابراہیم قبطی مصری قرشی بولاء الملقب بورش رح سے پڑھی۔

ح اور نیز علامہ ابوعمرو دانی رح نے روایت مذکور شیخ القراء ابوعبد اللہ احمد بن محفوظ قاضی مصر رح سے روایت کی آپ نے شیخ القراء احمد بن ابراہیم بن جامع رح سے آپ نے شیخ القراء ابو محمد بکر بن محمد بن سہل رح سے آپ نے شیخ القراء عبد الصمد بن عبد الرحمن عتیقی رح سے آپ نے سیدنا ورش رح سے اخذ کی۔

قالون وورش نے تمام قرآن سید القراء امام الائمہ شیخ المشائخ امام ابورویم نافع رح بن عبد الرحمن بن ابی نعیم القاری اصفہانی مدنی مولیٰ جعونۃ بن شعوب لیثی سے بلاواسطہ پے در پے پڑھا۔

سند قراءۃ امام ابن کثیر مکی رح

روایت بزی

علامہ ابوعمرو دانی رح نے روایت بزی شیخ القراء مسند اندلس امام ابوالقاسم عبد العزیز بن جعفر بن محمد بن اسحاق فارسی بغدادی مقرئی رح سے پڑھی۔ آپ نے شیخ القراء امام ابوبکر محمد بن حسن بن محمد بن زیاد بن ہارون بن جعفر بن مرثد النقاش موصلی مقرئی بغداد رح سے آپ نے شیخ القراء امام ابوربیعہ محمد بن اسحاق بن وہب ربعی مکی رح سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابوالحسن احمد بن محمد بن عبد اللہ بن قاسم بن نافع بن ابی بزۃ المعروف بزی رح مکی مؤذن مسجد الحرام سے پڑھی۔ آپ نے تمام قرآن شیخ القراء امام ابوالقاسم عکرمہ بن سلیمان بن کثیر بن عامر مکی رح اور شیخ القراء امام ابوالاخریط وہب بن واضح مکی رح اور شیخ القراء امام عبد اللہ بن زیاد بن عبد اللہ بن لیسار مکی رح سے پڑھا۔ ان تینوں حضرات نے شیخ القراء امام ابواسحاق اسماعیل بن عبد اللہ بن قسطنطین المعروف بالقسط سے پڑھا۔ بزی کہتے ہیں کہ آپ نے سید القراء امام الائمہ شیخ المشائخ امام ابومعبد

Marfat.com

عبداللہ بن کثیر بن عمرو بن عبداللہ بن زاذان بن فیروزان بن ھرمزداری مکی مولی عمر بن علقمہ الکنانیؒ سے براہ راست پڑھا۔

ح اور نیز علامہ ابو عمرو دانیؒ نے روایت مذکور شیخ القراء مسند زمانہ امام ابو مسلم محمد بن احمد بن علی کاتب بغدادی ثم المصری سے روایت کی آپ نے امام ابو بکر بن مجاہد سے آپ نے شیخ القراء مضر بن محمد ضبی مخزومی قرشی موذن مکہؒ سے آپ نے سیدنا بزیؒ سے اخذ کی۔

روایت قنبل

علامہ ابو عمرو دانیؒ نے روایت قنبل شیخ القراء امام ابو الفتح فارسؒ موصوف سے پڑھی۔ آپ نے شیخ القراء امام ابو احمد عبداللہ بن حسین بن حسنون سامری بغدادی مقرئ مصر سے آپ نے شیخ القراء امام ابو بکر احمد بن موسیٰ بن عباس بن مجاہد بغدادی مقرئ عراق المعروف بابی بکر بن مجاہد موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابو عمر محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن خالد بن سعید بن جرجہ مخزومی قرشی مکی المعروف بقنبلؒ سے پڑھی۔ آپ نے تمام قرآن شیخ القراء امام ابو الحسن احمد بن محمد بن علقمہ بن نافع بن عمر بن صبیح بن عون النبال مکی المعروف بقواسؒ سے پڑھا۔ آپ نے امام ابو الاخریط وہب بن واضح موصوفؒ سے آپ نے امام اسماعیل بن عبداللہ قسطؒ موصوف سے آپ نے شیخ القراء امام رشید بن عباد مکیؒ اور شیخ القراء ابو الولید معروف بن مشکانؒ مکی سے پڑھا۔ ان دونوں حضرات نے امام ابن کثیرؒ سے پڑھا۔

ح اور نیز علامہ ابو عمرو دانیؒ نے روایت مذکور امام ابو مسلم محمد بن احمد کاتب موصوف سے روایت کی آپ نے امام ابو بکر بن مجاہد موصوف سے آپ نے سیدنا قنبلؒ سے اخذ کی۔

Marfat.com

سند قراءۃ امام ابوعمرو بصری رح

روایت دوری

علامہ ابوعمرو[۲۴] دانی نے روایت دوری شیخ القراء امام ابوالقاسم عبدالعزیز[۲۵] فارسی موصوف سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام ابوطاہر عبدالواحد[۲۶] بن عمر بن ابی ہاشم محمد رح سے پے درپے ان گنت مرتبہ پڑھی آپ نے امام ابوبکر[۲۷] بن مجاہد رح موصوف سے آپ نے شیخ القراء امام ابوالزعراء عبدالرحمن بن عبدوس ہمدانی[۲۸] دقاق سے بیس مرتبہ پڑھی۔ آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابوعمر[۲۹] حفص بن عمر بن عبدالعزیز بن صہبان ازدی دوری ضریر رح سے پڑھی۔

ح اور نیز علامہ ابوعمرو[۲۴] دانی نے روایت مذکور امام ابومسلم[۲۵] محمد بن احمد کاتب رح موصوف سے روایت کی۔ آپ نے سنہ ۳۱۸ھ میں شیخ القراء ابوعیسے[۲۷] محمد بن احمد بن قطن رح سے آپ نے شیخ القراء ابوخلاد سلیمان[۲۷] بن خلاد رح سے آپ نے سیدنا دوری[۲۸] رح سے اخذ کی۔

اور نیز علامہ ابوعمرو[۲۴] دانی رح نے اصول ادغام امام ابومسلم[۲۵] محمد بن احمد کاتب رح موصوف سے اخذ کیے۔ آپ نے امام ابوبکر بن مجاہد[۲۶] رح موصوف سے آپ نے امام ابوالزعراء عبدالرحمن[۲۷] رح موصوف سے آپ نے سیدنا دوری[۲۸] رح سے حاصل کیے۔

روایت سوسی

علامہ ابوعمرو[۲۴] دانی رح نے روایت سوسی باظہار اول اور بادغام اول از مثلین ومتقاربین شیخ القراء امام ابوالفتح فارس[۲۵] رح موصوف سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام ابوالحسن عبداللہ[۲۶] بن حسین بغدادی رح موصوف سے۔ آپ نے شیخ القراء امام ابوعمران موسی[۲۷] بن جریر نحوی رقی رح ضریر سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابوشعیب صالح رح بن زیاد بن عبداللہ بن جارود سوسی[۲۸] رح سے پڑھی۔

ح اور نیز علامہ ابوعمرو[۲۴] دانی رح نے روایت مذکور شیخ القراء امام ابوالقاسم[۲۵] خلف

موصوفؒ سے روایت کی آپ نے شیخ القراء ابو محمد حسن[۲۶] بن حسین بن رشیق المعدلؒ سے آپ نے شیخ القراء رئیس المحدثین حافظ ابو عبد الرحمٰن[۲۷] احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار النسائی صاحب سُنن ؒ سے آپ نے سیدنا سوسنی[۲۸]ؒ سے اخذ کی۔

ح اور نیز علامہ ابو عمرو[۲۴] دانیؒ نے اصول اوغام امام ابو الحسن[۲۵] بن غلبونؒ سے روایت کئے آپ نے شیخ القراء عبد اللہ[۲۶] بن مبارکؒ سے آپ نے شیخ القراء جعفر[۲۷] بن سلیمانؒ سے آپ نے سیدنا سوسنی[۲۸] سے اخذ کئے۔

دوری[۲۹] اور سوسنی[۲۸] نے تمام قرآن شیخ القراء رئیس العلماء امام ابو محمد یحییٰ[۲۹] بن مبارک بن مغیرہ عدوی مقرئی نحوی لغوی بغدادی المعروف بیزیدیؒ سے پڑھا۔ اور اصول ادغام روایت کئے۔ آپ نے تمام قرآن سید القراء امام الائمہ شیخ المشائخ امام ابو عمرو[۳۰] بن العلاء بن عمار بن عریان بن عبد اللہ بن حصین بن حارث بن جلہم بن عمرو بن[۳۱] خزاعی بن مالک بن مازن بن عمرو بن تمیم تمیمی مقرئی نحوی بصریؒ سے پڑھا اور اصول ادغام اخذ کئے۔

سند قراءۃ امام ابن عامر شامیؒ

روایت ہشام

علامہ ابو عمرو[۲۴] دانیؒ نے روایتِ ہشام شیخ القراء امام ابو الفتح فارس[۲۵] موصوفؒ سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام ابو احمد عبد اللہ[۲۶] بن حسین بغدادی موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء امام محمد[۲۷] بن احمد بن عبدان خزرجیؒ سے آپ نے شیخ القراء ابو الحسن احمد بن یزید[۲۸] حلوانیؒ سے آپ نے شیخ الاسلام شیخ القراء سید الطائفہ ابو الولید ہشام[۲۹] بن عمار بن نصیر بن میسرہ بن ابان سلمی خطیب جامع دمشقؒ سے پڑھی آپ نے تمام قرآن شیخ القراء امام ابو العباس[۳۰] صدقہ بن خالد دمشقی اموی بولاءً اور شیخ القراء امام ابو محمد سُوَید[۳۱] بن عبد العزیز بن نُمیر رہاوی سلمی بولاءً دمشقی اور شیخ القراء امام ابو الضحاک[۳۲] عراک بن خالد

بن یزید بن صالح بن صبیح مُزی دمشقی رح۔ اور شیخ القراء امام ابوسلیمان ایوب[۲۳] بن تمیم تمیمی دمشقی رح سے پڑھا۔

ان چاروں حضرات نے شیخ القراء امام ابوعمر یحییٰ[۲۴] بن حارث ذمّاری غسانی دمشقی شامی سے پڑھا۔

ح اور نیز علامہ ابوعمرو[۲۴] دانی رح نے روایت مذکور شیخ القراء امام ابومسلم[۲۵] محمد بن احمد کاتب موصوف رح سے روایت کی۔ آپ نے امام ابوبکر[۲۶] بن مجاہد موصوف رح سے آپ نے شیخ القراء امام ابوعبداللہ حسین[۲۷] بن علی بن حمّاد بن مہران جمال سے آپ نے امام احمد بن یزید حلوانی[۲۸] موصوف سے آپ نے سیدنا ہشام[۲۹] رح سے اخذ کی۔

روایت ابن ذکوان

علامہ ابوعمرو[۲۴] دانی رح نے روایت ابن ذکوان شیخ القراء امام ابوالقاسم[۲۵] عبدالعزیز فارسی موصوف رح سے پڑھی آپ نے امام ابوبکر[۲۶] محمد بن حسن نقاش موصلی بغدادی موصوف رح سے آپ نے شیخ القراء امام ابوعبداللہ[۲۷] ہارون بن موسیٰ بن شریک اخفش تغلبی نحوی رح سے جامع دمشق مین پڑھی آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابوعمرو[۲۸] عبداللہ بن احمد بن بشیر بن ذکوان قرشی فہری امام جامع دمشق سے حاصل کی آپ نے تمام قرآن شیخ القراء امام ابوسلیمان[۲۹] ایوب بن تمیم موصوف سے پڑھا۔ آپ نے شیخ القراء امام یحییٰ[۳۰] بن حارث ذمّاری موصوف سے پڑھا۔

ح اور نیز علامہ ابوعمرو[۲۴] دانی رح نے روایت مذکور امام ابومسلم[۲۵] محمد بن احمد کاتب موصوف رح سے روایت کی آپ نے امام ابوبکر[۲۶] بن مجاہد موصوف رح سے آپ نے شیخ القراء محمد بن یوسف[۳۱] تغلبی رح سے آپ نے سیدنا ابن ذکوان رح سے اخذ کی سیدنا یحییٰ[۳۰] ذمّاری نے تمام قرآن سید القراء امام الائمہ شیخ المشائخ امام ابوعمران عبداللہ بن عامر[۳۲] بن یزید بن تمیم بن ربیعہ یحصبی قاضی و امام جامع دمشق و شیخ القراء دمشق سے پے در پے پڑھا۔

Marfat.com

سند قراءۃ امام عاصم کوفیؒ

روایت ابوبکر

علامہ[۲۴] ابو عمرو دانیؒ نے روایت ابو بکر شیخ القراء امام ابوالفتح فارس موصوفؒ[۲۵] سے پڑھی۔ آپ نے شیخ القراء امام ابوالحسنؒ[۲۶] عبدالباقی موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابراہیمؒ[۲۷] بن عبدالرحمٰن بن احمد بغدادیؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابوبکر یوسفؒ[۲۸] بن یعقوب بن حسین واسطیؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابوبکر شعیبؒ[۲۹] بن ایوب بن رزیق بن معبد بن شیطا صریفینی سے پڑھی۔

ح اور نیز روایت مذکور امام ابوالفتح فارسؒ[۲۵] موصوف نے شیخ القراء ابواحمدؒ[۲۶] عبداللہ بن حسین بغدادی موصوفؒ سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام احمدؒ[۲۷] بن یوسف قافلائی سے آپ نے امام ابوبکر شعیبؒ[۲۸] بن ایوب صریفینیؒ موصوف سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام المحدثین ابوذکریا یحییٰؒ[۳۰] بن آدم بن سلیمان اموی بولا سے پڑھی آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابوبکر شعبہؒ[۳۱] بن عیاش بن سالم اسدی بولا کوفی حناطؒ سے حاصل کی۔

ح اور نیز علامہ[۲۴] ابوعمرو دانیؒ نے روایت مذکور شیخ القراء امام ابومسلم محمد بن احمدؒ[۲۵] کاتب موصوفؒ سے روایت کی آپ نے امام ابوبکرؒ[۲۶] بن مجاہد موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابراہیمؒ[۲۷] بن احمدؒ سے آپ نے اپنے والد ماجد شیخ القراء امام ابوجعفر احمدؒ[۲۸] بن عمر بن حفص بن فہم بن واقد کندی ضریر المعروف بالوکیعیؒ سے آپ نے امام یحییٰؒ[۲۹] بن آدم موصوفؒ سے آپ نے سیدنا ابوبکرؒ[۳۰] سے اخذ کی۔

روایت حفص

علامہ ابوعمرو دانیؒ[۲۴] نے روایت حفص شیخ القراء امام ابوالحسن طاہرؒ[۲۵] بن امام ابوالطیب عبدالمنعم بن عبیداللہ بن غلبون بن مبارک حلبی شیخ الاقراء مصر المعروف بابی الحسن بن غلبونؒ سے پڑھی اور روایت کی آپ نے شیخ القراء امام ابوالحسن

Marfat.com

علی بن[۲۹] محمد بن صالح بن داؤد ہاشمی ضریر شیخ الاقراء بصرہؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو العباس احمد[۲۷] بن سہل بن فیروزان اشنانی مقرئی رحؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو محمد عبید[۲۸] بن صباح بن صبیح نہشلی کوفی مقرئی بغدادؒ سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابو عمر حفص[۲۹] بن سلیمان بن مغیرہ اسدی کوفی غاضری بزاز ربیب امام عاصم سے پڑھی اور روایت کی۔

ابو بکر[۳۱] اور حفص[۲۹] نے تمام قرآن سید القراء امام الائمہ شیخ المشائخ امام ابو بکر عاصم[۳۰] بن ابی النجود (وابن بہدلۃ) اسدی بولا کوفیؒ سے پے در پے بلا واسطہ پڑھا۔

سند قراۃ امام حمزہ کوفی رحؒ

روایت خلف

علامہ[۲۴] ابو عمرو دانی رحؒ نے روایت خلف شیخ القراء امام ابو الحسن[۲۵] بن غلبون موصوفؒ سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام ابو الحسن[۲۶] محمد بن یوسف بن نہار حرتکی مقرئی بصرہؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو الحسین[۲۷] احمد بن بویان موصوفؒ سے آپنے شیخ القراء امام ابو الحسن[۲۸] ادریس بن عبد الکریم حداد بغدادی رحؒ سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابو محمد خلف[۲۹] بن ہشام بن ثعلب بن غراب بغدادی بزار سے پڑھی۔

ح اور نیز علامہ[۲۴] ابو عمرو دانی نے روایت مذکور شیخ القراء امام ابو مسلم محمد[۲۵] بن احمد کاتب موصوفؒ سے روایت کی آپ نے امام[۲۶] ابو بکر بن مجاہد موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء ابو الحسن ادریس[۲۷] حداد موصوفؒ سے آپنے سیدنا خلفؒ سے اخذ کی۔

روایت خلاد

علامہ[۲۴] ابو عمرو دانی رحؒ نے روایت خلاد شیخ القراء امام ابو[۲۵] الفتح فارس موصوفؒ سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام ابو احمد عبد اللہ[۲۶] بن حسین بغدادی موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو الحسن محمد[۲۷] بن احمد بن ایوب بن صلت بن شنبوذ مقرئی بغدادؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو بکر محمد[۲۸] بن شاذان بن یزید جوہری

Marfat.com

بغدادیؒ سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابو عیسےٰ[۲۹] خلاد بن خالد صیرفی کوفی شیبانی بولا سے پڑھی۔

ح اور نیز علامہ[۲۴] ابو عمرو دانیؒ نے روایت مذکور شیخ القراء امام ابو مسلم[۲۵] محمد بن احمد کاتب موصوفؒ سے روایت کی آپ نے امام ابو بکر[۲۶] بن مجاہد موصوفؒ سے آپنے شیخ القراء امام[۲۷] یحییٰ بن احمد بن ہارون المزوقؒ سے آپ نے شیخ القراء امام احمد بن یزید[۲۸] حلوانی موصوفؒ سے آپنے سیدنا خلاد[۲۹] سے اخذ کی۔

خلف[۲۹] اور خلاد[۲۹] نے تمام قرآن شیخ القراء امام الزاہد ابو عیسےٰ[۳۰] سلیم بن عیسےٰ بن سلیم بن عامر بن غالب حنفی بولا مقرئی کوفہ سے پڑھا۔ آپ نے تمام قرآن سید القراء امام الائمہ شیخ المشائخ امام ابو عمارہ[۳۱] حمزہ بن حبیب بن عمارہ بن اسماعیل الزیات کوفی فرضی تیمی بولا سے دس مرتبہ پڑھا۔

سند قراءۃ امام کسائی کوفی رحمہ اللہ

روایت ابو الحارث

علامہ ابو عمرو[۲۴] دانیؒ نے روایت ابو الحارث شیخ القراء امام ابو الفتح[۲۵] فارس موصوفؒ سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام ابو الحسن[۲۶] عبد الباقی موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو القاسم زید[۲۷] بن علی بن احمد بن محمد بن عمران بن ابی بلال عجلی کوفیؒ سے آپنے شیخ القراء امام ابو الحسن[۲۸] احمد بن حسن مقرئی بغدادی المعروف بالبطیؒ سے آپ نے شیخ القراء امام[۲۹] ابو عبد اللہ محمد بن یحییٰ بغدادی المعروف بکسائی صغیرؒ سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابو الحارث[۳۰] لیث بن خالد مروزی بغدادی نحویؒ سے پڑھی۔

ح اور نیز علامہ[۲۴] ابو عمرو دانیؒ نے روایت مذکور شیخ القراء امام ابو مسلم[۲۵] محمد بن احمد کاتب موصوفؒ سے روایت کی آپ نے امام ابو بکر[۲۶] بن مجاہد موصوفؒ سے آپنے امام کسائی[۲۷] صغیر موصوفؒ سے آپ نے سیدنا ابو الحارث[۳۰] سے اخذ کی۔

Marfat.com

روایت دوری

علامہ[۲۴] ابو عمرو دانی نے روایت دوری شیخ القراء امام ابو الفتح فارس[۲۵] موصوف سے پڑھی آپ نے شیخ القراء امام ابو الحسن عبد الباقی[۲۶] موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو بکر محمد[۲۷] بن علی بن حسن بن جلبندی موصلیؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو الفضل جعفر[۲۸] بن محمد بن اسد النصیبی ضریر مقری نصیبین سے آپ نے شیخ القراء سید الطائفہ ابو عمر حفص[۲۹] بن عمر دوری تلمیذ یزیدی موصوفؒ سے پڑھی۔

ح اور نیز علامہ[۲۴] ابو عمرو دانی نے رویت مذکور شیخ القراء امام[۲۵] ابو محمد عبد الرحمن بن عمر بن محمد بن معدل نحاسؒ سے روایت کی آپ نے شیخ القراء امام عبد اللہ[۲۶] بن احمدؒ سے آپ نے شیخ القراء امام ابو الفضل جعفر[۲۷] بن محمد نصیبی موصوفؒ سے آپ نے سید نا دوریؒ[۲۸] سے اخذ کی۔

ابو الحارث[۳۰] اور دوری[۲۹] نے تمام قرآن سید القراء امام الائمہ شیخ المشائخ امام ابو الحسن[۳۱] علی بن حمزہ بن عبد اللہ بن قیس (بہمن) بن فیروز اسدی بولانحوی کوفی سے بلا واسطہ پڑھا۔

حصہ پنجم از حضرات قراء سبعہ تا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

رجال امام نافع مدنیؒ

امام نافعؒ نے ستر تابعین سے قرآن پڑھا اونکے منجملہ سات حضرات مشہور ہین۔

سید القراء شیخ الشیوخ امام ابو جعفر[۱] یزید بن قعقاع قاری مدنی مخزومی بولا صاحب قراءۃ ہشتم اور سید[۲] القراء امام ابو داؤد عبد الرحمن بن ہرمز اعرج مدنی مولی ربیعۃ بن حارث اور سید[۳] القراء امام ابو روح یزید بن رومان اسدی مولی آل زبیر مدنی اور سید[۴] القراء امام شیبۃ بن نصاح بن شرجس قاضی مدینہ مولی ام المومنین ام سلمہؓ اور سید[۵] القراء

امام ابوعبداللہ مسلم بن جُندُب ھذلی قاضی مدینہ اور سیّد القراء امام صالح بن خوّات بن حبیب بن نعمان انصاری مدنی اور سیّد القراء رئیس المحدثین امام الفقہاء والمفسرین امام ابوبکر محمد بن مسلم بن عبیداللہ بن عبداللہ بن شہاب بن عبداللہ بن حارث بن زُہرۃ بن کِلاب بن مُرّۃ زُہری قرشی مدنی۔

امام زہری نے سید التابعین امام الزاہدین محی السنۃ امام ابومحمد سعید بن المسیب بن حزن بن ابی وہب بن عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم مخزومی قرشی سے پڑھا۔

امام ابوجعفر یزید بن قعقاع قاری اور امام ابوداؤد عبدالرحمٰن اعرج نے تمام قرآن سیدنا حضرت ابوالعباس عبداللہ بن عباسؓ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف ہاشمی قرشی اور سیدنا حضرت ابوربیعہ عبداللہ بن عیاش بن عمر بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم مخزومی قرشی اور سیدنا حضرت ابوہریرہؓ بن عامر بن ذی الشریٰ بن طریف بن عتاب دوسی سے پڑھا۔

امام ابوروح یزید بن رومان نے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابوربیعہؓ سے پڑھا۔ حضرت سعید بن المسیب نے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابوہریرہؓ سے پڑھا۔ امام شیبہ بن نِضاح اور امام مسلم بن جندب نے حضرت ابوربیعہ سے پڑھا۔ اور امام صالح بن خوّات نے حضرت ابوہریرہؓ سے پڑھا۔

حضرت ابن عباسؓ حضرت ابوربیعہؓ اور حضرت ابوہریرہؓ نے تمام قرآن سید المسلمین سیدنا حضرت ابوالمنذرؓ ابی بن کعب بن قیس بن عبید بن زید بخاری خزرجی انصاری سے پڑھا۔

نیز حضرت ابن عباس نے سید المسلمین کاتب وحی سیدنا حضرت ابوسعید زیدؓ بن ثابت بن ضحاک بن زید بخاری خزرجی انصاری سے پڑھا۔ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

حضرت ابیؓ اور حضرت زیدؓ نے حضور سرور دو عالم فخر بنی آدم نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

Marfat.com

رجال امام ابن کثیر مکیؒ

امام ابن کثیرؒ نے تمام قرآن سید القراء امام ابو الحجاج مجاہد بن جبر مولی سائب بن ابی السائب مخزومی مقرئ مکہؒ اور سید القراء در باس مولی حضرت ابن عباسؓ اور سید القراء حضرت ابو السائب عبد اللہؓ بن سائب بن ابی السائب صیفی مخزومی قرشی صاحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

حضرت ابو السائبؓ نے امیر المومنین سید المسلمین سیدنا حضرت ابو حفص عمرؓ بن الخطاب بن نفیل عدوی قرشی خلیفہ دوم اور حضرت اُبیؓ سے پڑھا۔

امام مجاہدؒ نے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابو السائبؓ سے اور در باس نے اپنے آقا حضرت ابن عباسؓ سے پڑھا آپ نے حضرت اُبیؓ اور حضرت زیدؓ سے اخذ کیا حضرت عمرؓ اور حضرت اُبیؓ اور حضرت زیدؓ نے حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

رجال امام ابو عمرو بصریؒ

امام ابو عمروؒ نے حجاز و عراق کے ستر شیوخ سے قرآن پڑھا۔ ازان جملہ یہ تیرہ حضرات تابعین کے طبقہ دوم و سوم سے تعلق رکھتے ہین۔

ان مین سے امام ابو جعفر یزید بن قعقاع قاریؒ اور امام ابو روح یزید بن رومانؒ اور امام شیبہ بن نصاح قاضیؒ اور سید القراء امام ابو عبد اللہ عکرمہ بربری مولی حضرت ابن عباسؓ مدنی ہیں۔

امام مجاہدؒ بن جبرؒ اور امام ابن کثیرؒ اور سید القراء امام الفقہاء امام ابو محمد عطاء بن ابی رباحؒ مکی ہین۔

Marfat.com

سید القراء سند الاتقیاء صاحب کرامات باہرہ امام ابو محمدؒ سعید بن جبیر والبی اسدی بولاً اور امام عاصمؒ بن ابی النجودؒ کوفی ہین۔

اور سید القراء امام ابو العالیہؒ رفیع بن مہران ریاحی بولاً اور سید القراء تاج الاولیاء خواجہ ابو سعیدؒ حسن بن ابی الحسن یسارؒ اور سید القراء امام ابو سلیمان یحییٰ بن یعمر قیسی قاضی مروؒ اور سید القراء امام نصرؒ بن عاصم بن عمرو بن خالد لیثی بصریؒ ہین۔

امام عطاءؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے اور سیدنا عکرمہ بربری اور امام سعید بن جبیرؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے پڑھا۔

امام عاصمؒ کی سند آیندہ بیان ہوگی۔ اہل مدینہ اور اہل مکہ مین سے باقی حضرات کی سند کا اتصال اوپر بیان ہوا۔

امام ابو العالیہؒ نے حضرت عمرؓ اور حضرت ابیؓ اور حضرت زیدؓ سے براہ راست بھی پڑھا۔ اور حضرت ابن عباس سے بھی اخذ کیا۔

خواجہ حسن بصری نے امام ابو العالیہ موصوف اور سید القراء امام حطان بن عبد اللہ رقاشیؒ سے پڑھا۔ آپ نے سید المسلمین حضرت ابو موسیٰؓ عبد اللہ بن قیس بن سلیم اشعریؒ سے پڑھا۔

سیدنا یحییٰؒ بن یعمر اور سیدنا نصرؒ بن عاصم نے سید القراء ابو الاسود بن عمرو بن سفیان دؤلی بصری واضع نحو سے پڑھا۔ آپ نے امیر المؤمنین سید المسلمین جامع القران حضرت ابو عبد اللہ عثمانؓ بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد الشمس بن عبد مناف اموی قرشی خلیفہ سوم اور امیر المؤمنین سید المسلمین حضرت ابو الحسن علیؓ بن ابی طالب بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف ہاشمی قرشی خلیفہ چہارم سے پڑھا۔

ان تیرہ شیوخ کے علاوہ امام ابو عمرو نے طبقہ چہارم کے چار شیوخ سید القراء عکرمہ بن خالد بن ابی العاص بن ہشام بن مغیرہ مخزومی قرشی مکیؒ اور سید القراء

ابو صفوان[۱۵] حمید بن قیس اعرج مکی اسدی بولا اور سید القراء ابو حفص[۱۶] محمد بن عبد الرحمن بن محیصن سہمی مکی اور سید القراء عبد اللہ[۱۷] بن ابی اسحاق زید بن حارث حضرمی بصری سے پڑھا۔

عکرمہ بن خالد نے سیدنا عکرمہ بربری مدنی اور امام مجاہد بن جبر اور سیدنا سعید بن جبیر سے اور حمید بن قیس نے امام مجاہد بن جبر سے اور محمد بن عبد الرحمن سہمی نے امام مجاہد بن جبر و درباس سے اور عبد اللہ حضرمی نے امام یحییٰ بن یعمر و امام نصر بن عاصم سے پڑھا۔

ان سب حضرات اور حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابن عباسؓ کی سند کا اتصال اوپر بیان ہوا۔

حضرت عمرؓ۔ حضرت ابیؓ۔ حضرت زیدؓ۔ حضرت ابو موسیٰؓ۔ حضرت عثمانؓ۔ اور حضرت علیؓ نے حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

رجال امام ابن عامر شامیؒ

امام ابن عامرؒ نے تمام قرآن سید القراء امام ابو الہاشم مغیرہ بن ابی شہاب عبد اللہ بن عمر بن مغیرہ مخزومی قرشی شیخ الاقراء دمشق اور سید المسلمین حضرت ابو محمد فضالہؓ بن عبید بن ناقہ بن قیس بن حبیب اوسی انصاری اور سید المسلمین حضرت واثلہؓ بن اسقع بن کعب بن عامر لیثی اور سید المسلمین سیدنا حضرت ابو الدرداء عویمر بن عامر بن قیس بن امیہ بن عامر خزرجی انصاری صاحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

مغیرہؒ نے حضرت عثمانؓ سے حضرت فضالہؓ اور حضرت واثلہؓ نے حضرت ابو الدرداءؓ سے پڑھا۔ حضرت عثمان اور حضرت ابو الدرداء نے حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ کیا۔

یحییٰ ذمّاری کہتے ہیں کہ امام ابن عامر نے حضرت عثمانؓ سے براہ راست بھی پڑھا ہے بعض حضرات اسکو صحیح نہیں کہتے۔ لیکن علامہ دانی نے شیخ ابو علی سے اسکی صحت نقل کی ہے۔

Marfat.com

رجال امام عاصم کوفیؒ

امام عاصمؒ نے تمام قرآن سید القراء امام ابو عبد الرحمنؒ عبد اللہ بن حبیب بن ربیعہ سلمی ضریر شیخ الاقراء کوفہ اور سید القراء امام ابو مریم زرّ بن حُبَیش بن حباشہ بن اوس بن ہلال اسدی کوفی اور سید القراء ابو عمر سعد بن الیاس شیبانی کوفی سے پڑھا۔ شیبانی نے سید المسلمین حضرت ابو عبد الرحمن عبد اللہؓ بن مسعود بن غافل بن حبیب ہذلی سے پڑھا۔ اور سید نا زرؒ نے حضرت عثمانؓ حضرت علیؓ اور حضرت عبد اللہؓ بن مسعود سے پڑھا۔ اور امام ابو عبد الرحمنؒ سلمی نے حضرت عثمانؓ حضرت علیؓ حضرت عبد اللہؓ بن مسعود حضرت اُبیؓ اور حضرت زیدؓ سے پڑھا۔

ان پانچوں حضرات نے حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ کیا۔

رجال امام حمزہ کوفیؒ

امام حمزہ نے تمام قرآن سید القراء امام ابو محمدؒ سلیمان بن مہران اعمش کوفی اسدی کاہلی بولا اور سید القراء امام ابو محمدؒ طلحہ بن مصرف بن عمرو بن کعب یامی ہمدانی کوفی اور سید القراء امام ابو اسحٰق عمرو بن عبد اللہ بن عبید سبیعی کوفی اور سید القراء امام ابو حمزہؒ حمران بن اعین کوفی شیبانی بولا اور سید القراء مغیرہ بن مقسم ضبّی کوفی اور سید القراء ابو عتابؒ منصور بن معتمر بن عبد اللہ بن ربیعہ سلمی کوفی اور سید القراء قاضی ابو عبد الرحمنؒ محمد بن عبد الرحمن بن ابی لیلےٰ انصاری قاضی کوفہ اور سید القراء امام الامۃ امام ابو عبد اللہؒ جعفر صادق بن محمدؒ بن علیؓ بن حسینؓ۔ بن علیؓ ہاشمی قرشی مدنی سے پڑھا۔

امام جعفر صادقؒ نے اپنے والد ماجد سید القراء سیدنا امام ابو جعفر محمدؒ باقر سے آپ نے اپنے پدر گرامی قدر سید القراء امام الزہاد سیدنا امام ابو محمدؒ علی

Marfat.com

زین العابدینؒ سے آپ نے اپنے عالی قدر والد سید القراء سید المؤمنین سیدنا امام ابو عبداللہ الحسین شہید کربلا علیہ السلام سے آپ نے اپنے پدر عالیشان امیر المؤمنین حضرت علیؓ مرتضیٰ سے پڑھا۔

امام اعمشؒ اور طلحہؒ بن مصرفؒ نے سید القراء امام یحییٰ بن وثابؒ کوفی اسدی بولا سے پڑھا۔ آپ نے امام ابو عبدالرحمٰنؒ سلمی اور سیدنا زرؒ بن حبیش اور سید القراء امام ابو شبیل علقمہ بن قیس بن عبداللہ بن قیس نخعی کوفیؒ اور سید القراء ابو عمر اسود بن یزید بن قیس نخعی کوفیؒ اور سید القراء ابو سلیمان زید بن وہب کوفیؒ اور سید القراء ابو عمر عبیدۃ بن عمر سلمانی مرادی کوفیؒ اور سید القراء ابو عائشہ مسروق بن اجدع کوفیؒ اور سید القراء ابو معاویہ عبید بن نضیلہ خزاعی کوفیؒ سے پڑھا۔

امام سلمیؒ اور حضرت زرؒ کی سند اوپر بیان ہوئی باقی حضرات نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے پڑھا۔ نیز عبید بن نضیلہ نے سیدنا علقمہؒ سے بھی پڑھا ہے۔

ابو اسحاق سبیعیؒ نے امام ابو عبدالرحمٰنؒ سلمی اور سیدنا زرؒ بن حبیش موصوفین اور سید القراء عاصمؒ بن ضمرہ سلولی کوفی اور سید القراء ابو زہیرؒ حارث بن عبداللہ ہمدانی کوفی سے پڑھا۔ موخر الذکر دونوں حضرات نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے پڑھا۔ مغیرہؒ بن مقسم نے سید القراء امام الفقہاء سیدنا امام ابو عمران ابراہیم بن یزید بن قیس بن اسود نخعی کوفیؒ سے پڑھا۔ آپ نے سیدنا امام علقمہ موصوفؒ سے پڑھا۔

منصور بن معتمرؒ نے سیدنا سعید بن جبیرؒ والبی موصوف سے پڑھا۔ اور قاضی محمدؒ بن ابی لیلیٰ نے سید القراء منہالؒ بن عمرو اسدی کوفی سے پڑھا۔ آپ نے بھی سیدنا سعید بن جبیرؒ سے پڑھا۔

ان سب حضرات کی سند کا اتصال اوپر بیان ہوا۔

رجال امام کسائی کوفیؒ

امام کسائیؒ نے تمام قرآن قاضی محمدؒ ابن ابی لیلیٰ اور امام حمزہؒ اور سیدنا ابو بکر

Marfat.com

بن عیاش اور سید القراء ابو اسحاق اسماعیل بن جعفر بن ابی کثیر مدنی انصاری زرقی بولا اور سید القراء ابو عمر عیسیٰ بن عمر اسدی ہمدانی کوفی اور سید القراء ابو الصلت زائدہ بن قدامہ ثقفی کوفی سے پڑھا۔

لیکن آپ کی قراءۃ کا ماخذ امام حمزہ کی قراءۃ ہے۔

مقدم الذکر تینوں حضرات کی سند کا اتصال اوپر بیان ہوا۔

اسماعیل بن جعفر انصاری نے سیدنا شیبہ بن نضاح قاضی اور امام نافع اور سید القراء ابو الحارث عیسیٰ بن وردان الحذاء اور سید القراء ابو الربیع سلیمان بن مسلم بن جماز زہری مدنیین سے پڑھا۔ عیسیٰ بن وردان اور سلیمان بن جماز نے تمام قرآن سید القراء امام ابو جعفر یزید بن قعقاع قاری مدنی سے پڑھا۔

عیسیٰ بن عمر ہمدانی نے امام عاصم اور امام اعمش اور سیدنا طلحہ بن مصرف سے پڑھا۔ اور زائدہ نے امام اعمش سے پڑھا۔

ان سب حضرات کی سند کا اتصال اوپر بیان ہوا۔

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ اَجْمَعِیْنَ ۝ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ۝

وَعِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتَابِ ۝

احقر سے عزیز سعید

Marfat.com

مجھے جو کچھ شیوخ سے پہونچا تھا مین نے انکو بتا دیا۔ فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ اور مین نے حتی الامکان غلطیون کے درست کرانیکی سعی کرتے ہوئے اختلافات کے بارہ مین ہر جگہ مذہب منصور بتایا ہے مین ان کو یہ سند اور اجازت دیتا ہون کہ وہ میرے سے قرات سبعہ مکررہ متواترہ افراداً اور جمعاً نقل و روایت کرین۔ خود پڑہین اور طلبا کو پڑہائین جسکو لائق دیکھین اس کو سند دین لیکن طرق تیسیر و شاطبیہ سے جو میری کتاب اصول سبعہ قرات متواترہ مین درج ہین تجاوز نہ کرین۔

اور مین ان کو نصیحت کرتا ہون کہ اختلافات جائز و تخییری کو اختلافات واجب کے مانند لازم نہ بنائین۔ ہمیشہ روایات کو افراداً پڑہین۔ اور پڑھائین خلط طرق و روایات و قرات سے بچین۔ اور۔ یاد رکھین کہ صدر اول سے آخر چوتھی صدی تک جمع کا کوئی نام بھی نہین جانتا تھا۔ پانچوین صدی کے شیوخ نے جمع کا قاعدہ ان لوگون کی سہولت کے لئے نکالا تھا جو افراداً طرق طرق پڑہکر معرفت تامہ حاصل کر لیتے تھے۔ اور یہ حضرات مبتدی کو جمع ہرگز نہین پڑہاتے تھے۔

محقق ابو الخیر جزریؒ کے زمانہ تک یہی دستور تھا۔ خود محقق جیسے فاضل اجل کو جو پہلے کئی شیوخ سے سبعہ اور عشرہ پڑھ چکے تھے۔ بعض حضرات نے جمع پڑہانے سے باین وجہ انکار کر دیا کہ محقق نے قرات افراداً ان کو نہین سنائی تھین لیکن چونکہ چند صدیون سے علماء نے اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰه کے سوا اس فن شریف سے بیگانگی اختیار کر لی۔ صاحبان وسعت نے غربا کے سر ڈالدیا۔ اور شوق و ہمت مین قصور آگیا۔ لہٰذا شیوخ رَحِمَهُمُ اللّٰه البقاء فن کی نیت سے مبتدیون کو جمع پڑہانے لگے۔

کوشش سے صدر اول کے طریقہ کو جو خیر القرن تھا رواج دینے کی سعی کرین۔

Marfat.com

نیز یاد رکھین کہ اس فن کا مدار صرف تواترِ روایت پر ہے۔ اور اسوقت دنیا مین قرآت عشرہ سے زیادہ کوئی قرارۃ متواترہ موجود نہین اور اس فن شریف مین قیاس کا مطلق دخل نہین۔

وجوہات ضربی حسابی پڑھنے اور پڑھانے سے قطعًا پرہیز کرین۔ جو بدعت ہونے کے علاوہ حرمت کتاب اللہ اور اخلاص کے خلاف ہین۔

علاوہ ازین اس سے طلباء کا وہ عزیز وقت ضائع ہوتا ہے جس کے لئے صدر اول کے طریقہ کو چھوڑا گیا تھا۔

قرآن کی خدمت لوجہہ اللہ کرین۔ عجب و پندار و ریا کاری و تفاخر و بدخلقی اور دیگر عادات ناپسندیدہ سے بچین۔ جو اہل ہو اس کو بتانے مین ہرگز ہرگز بخل نکرین۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَتَمَ عِلْمًا مِّنْ اَھْلِہٖ اُلْجِمَ یِلْجَامٍ النَّارِ۔ اور نااہلون کے درپے نہ ہون۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ عَلَّمَ نَا اَھْلًا فَقَدْ قَلَّدَ الْخِنْزِیْرَ ۵

یاد رکھین کہ سات چیزین قرات معلوم کرنے کا وسیلہ ہین۔ اوّل زبان عربی دوم تجوید۔ سوم رسم عثمانی۔ چہارم وقف و ابتدا۔ پنجم فواصل یعنے رؤس آیات ششم سند ہفتم متعلقات ابتداء و ختم۔ ان کے حصول و استحضار کی سعی کرین۔ جو لوگ ان کو نہین جانتے وہ پڑھانے مین غلطی سے مصئون نہین رہ سکتے۔

نیز یاد رکھین کہ حمزہ و ہشام کی وجوہ وقفی مین بعض شراح شاطبیہ اور بعض دیگر مصنفین نے شدید مغالطے پیدا کر کے ایسی وجوہات تجویز کر دین جنکا پڑھنا اثر و قیاس اور روایت و درایت کے خلاف ہے اور اکثر قرآنون مین وہ بن گئی ہین ان سے بچین۔ اور اس بارہ مین میری کتاب سے عدول نکرین۔ قرآن کو تماشا نہ بنائین اور نہ حطام دنیا کے بدلے فروخت کرین۔

Marfat.com

یاد رکھین کہ سند واستناد کا فائدہ اس فن شریف کی اہمیت کا سمجھنا اور روایات وطرق کا معلوم کرنا ہے۔

طلبا کے ساتھ پڑھانے اور بتانے مین شفقت برتین۔ بُری عادت کی اصلاح نرمی سے کرائین۔ نصیحت مہربانی سے کرین۔ اہل مقدور اور غیر مستطیع تلامذہ مین امتیاز نہ کرین۔

آخر مین دعا کرتا ہون کہ خدا تعالیٰ عزیز موصوف کو استقامت عطا کرے۔ خادم قرآن بنائے اور سلف صالحین کے مسلک پر چلائے جیسا کہ میرا گمان ہے تاکہ اللہ تعالیٰ اپنے ارشاد۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ کے مطابق اس مقدس گروہ کے ساتھ حشر کرے۔

اور اگر وہ اس کے خلاف ہون تو كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ اور وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى کے مطابق مین بری الذمہ ہون۔ وَآخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ صَلٰوةً وَّسَلَامًا تُبَلِّغُنَا بِهَا دَرَجَاتِ الْمُحْسِنِيْنَ وَنَنْتَظِمُ مَعَهُمْ فِيْ سِلْكِ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةً۔ اٰمِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ

اسلاف کرام کی شفاعت اور اقران واخلاف کی دعا کا محتاج

اَلْعَبْدُ الْمُذْنِبُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مُحْيِ الْاِسْلَامِ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ

وَعَنْ وَّالِدَيْهِ وَاَحْسَنَ اِلَيْهِمَا وَاِلَيْهِ بِحُرْمَةِ النَّبِيِّ وَاٰلِهٖ

مورخہ سنہ از پانی پت

دستخط

استدعا

عربی زبان مین امام العلامہ ابو عمرو دانی اندلسیؒ متوفی ۴۴۴ھ۔ علامہ ابو معشر عبد الکریم طبری نزیل مکہؒ متوفی ۴۷۸ھ علامہ ابو العلاء عطار ہمدانیؒ متوفی ۵۶۹ھ علامہ ابو محمد قاسم شاطبی اندلسیؒ متوفی ۵۹۰ھ علامہ شمس الدین ذہبیؒ متوفی ۷۴۸ھ علامہ شمس الدین ابو الخیر محمد بن محمد جزریؒ متوفی ۸۳۳ھ علامہ سراج الدین عمر بن علی بن اللقنؒ متوفی ۸۰۴ھ علامہ شہاب الدین ابو الفضل احمد بن حجر عسقلانیؒ متوفی ۸۵۲ھ وغیرہ بہت سے حضرات نے طبقات القراء کے نام سے خدام اللہ کے حالات مین کتابین لکھی ہین۔ لیکن اب چند صدیون سے یہ سلسلہ وہان بھی بند ہوگیا اردو مین تو کون لکھتا ہندوستان کے علماء نے ادہر توجہ ہی نہین کی۔ دیگر علوم وفنون کے مشاہیر وماہرین کے تذکرے لکھے گئے۔ مگر حاملین قرآن کو کسی نے یاد نہ کیا اس غفلت کا یہ نتیجہ ہوا کہ ہندوستان مین اس فن کے جو نقاد وماہر پیدا ہوتے اون کے حالات کجا سنین وفات بھی ہمین معلوم نہ ہوسکے۔ دہلی کی بربادی نے جو عہد مغلیہ مین اس فن کا مرکز تھا اس تباہی کو اور بھی ہولناک بنا دیا حتےٰ کہ سندون کے اندر کاتبون کی مہربانی سے بعض شیوخ کے نام بھی غلط ہو گئے۔

مجھے ۱۳۴۰ھ مین سند کے تصحیح اور شیوخ کے سنین وفات معلوم کرنیکا خیال پیدا ہوا اور جب اسمین کچھ کچھ کامیابی نظر آئی تو مختصر سوانح حیات جمع کرنیکا دھیان آیا۔ اسوقت سے اس دہن مین لگا ہوا ہون۔

میرے جیسے کم مایہ وبے بضاعت اور چھوٹے قصبہ کے رہنے والے کیلئے یہ کام جتنا دشوار ہے

Marfat.com

وہ میں جانتا ہوں۔ بدقسمتی سے اِسوقت تک مجھے طبقات القراء کا کوئی نسخہ دستیاب نہیں ہوا اور شاید ہندوستان میں نہ ملے۔ تاہم میں نے کچھ مواد فراہم کیا ہے۔

تیسری صدی تک جو شیوخ قراءت حدیث بھی روایت کرتے ہیں اُن کے وقائع زندگی رجال کی کتابوں میں سے کم و بیش معلوم ہوگئی۔ اور بعض حضرات کے حالات عُلما کی تاریخ اور سیَر وغیرہ کی مختلف کتابوں سے اخذ کئے گئے۔

بزرگانِ پانی پت کے حالات معتبر حضرات اور مختلف نسب ناموں اور اُن کے خاندانی کا غذات سے لیئے اِس سعی میں چھ سال صَرف ہو چکے۔ مگر ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ دیکھئے زندگی میں پورا ہوتا ہے یا نہیں۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيزٍ +

اُن خادمانِ قرآن و اہلِ علم حضرات اور امراء عالی قدر سے التماس ہے کہ جن کے قبضہ میں اس قسم کی قدیم کتابیں ہوں وہ احقر کو اُن کے مطالعہ کا موقع دیں۔ اور جن حضرات کو اِس سند کے بزرگوں میں سے کسی کا کچھ حال معلوم ہو سکے وہ اِس بے عاجز کو آگاہی بخشیں + وَاللّٰهُ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۔

نظرِ الطاف کا امیدوار

خاکسار

أَبُو مُحَمَّد مُحْيِي الْإِسْلَام عُفِيَ عَنْهُ

(پانی پت)

اعتذار

افسوس کہ باوجود سخت جدوجہد کے چار غلطیاں رہ گئیں یعنی صفحہ نمبر ۲ سطر نمبر ۱۳ میں اور زائد بن گیا اور صفحہ نمبر ۸ سطر نمبر ۱۸ میں یوسف بن سلار کی بجائے یوسف سلار چھپ گیا اور صفحہ نمبر ۱۲ پر الملقب کی بجائے المقلب لکھا گیا اور صفحہ نمبر ۴۳ پر کاتب نے شیخ الفقر احمران بن اعین کوفی کے شیوخ چھوڑ دیئے آپ نے امام محمد باقر ابوالاسود دؤلی اور عبید بن نفیلہ سے پڑھا ہے۔ محی الاسلام عفی عنہ

شائقین سبعہ قرأت کو مژدہ

یہ فن مسلمانوں کی خاص توجہ کا مستحق ہی اور موجودہ لاپرواہی سے خوف ہی کہ ہم وعید یَارَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا۔ کی مصداق نہ بنجائیں۔ اس فن کی معتبر کتابیں عربی میں ہیں جس سی غیر عربی دان حضرات استفادہ نہیں کر سکتے اور آج تک اردو میں کوئی کتاب محققانہ طرز پر نہیں لکھی گئی لہذا اس کمی کو پورا کرنیکے لیئے ہمارے حضرت قبلہ جناب قاریِ حافظ مولوی اَبُومُحَمَّدْ مُحْیُ الْاِسْلَام صاحب نے ایک کتاب موسومہ اصولِ سبعہ قرأت بطریق تیسیر و شاطبیہ اردو میں تالیف فرمائی ہے۔

جو نہ صرف شائقین کو عربی کی قید سے چھڑا دیگی بلکہ مختلف مصنفین و مؤلفین و شارحین کی مغالطوں اور مبتدعہ وجوہات ضربی کے گرد ابوں سی نکال کر اثر و قیاس و روایت و درایت کے صراطِ مستقیم پر کھڑا کر دیگی اور کلام پاک کو تماشہ بنانے کی بجائے خدمت کلام اللہ کرنیکے قابل بنا دیگی۔ اب یہ کتاب جلد سے جلد زیور طبع سے آراستہ ہو کر آپ کے سامنے آنیوالی ہے۔

آئم:۔ نور محمد پانی پتی۔ از دھلی محلہ چوڑیگران
مدرسہ امدادالرحمٰن

Marfat.com

اعتذار و تشکر

خاکسار مؤلف نادم اور قصور کا معترف ہی کہ دلی ارادہ اور جد و جہد کے باوجود اس سے پہلے اس کتاب کو شائع نہ کر سکا جس کا اہم سبب جناب کاتب کی سہل انگاری اور میری بے سر و سامانی ہے جس کو میرے اُستاد بھائی قاری حافظ قیام الدین ہاشمی مرحوم متوفی ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۴۸ھ / ۱۹۳۰ء اور میرے بڑے بھائی قاضی محمد ذکاء الاسلام ابن قاضی حافظ مصباح الاسلام عثمانی مرحوم متوفی شب جمعہ ۲۲ جمادی الثانی ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۴ نومبر ۱۹۳۰ء کی موت نے اور قوی کر دیا۔ میرے تمام دنیوی کاموں کا انصرام بھائی صاحب مرحوم کی ذات پر موقوف تھا خدائے تعالے مرحومین کو غریق رحمت کرے اور مجھے قرآنی خدمت پر استقامت اور صبر عنایت فرمائے۔ آمین ✤

ایک سال سے زیادہ عرصہ گذرا کہ میں نے کتاب ہذا کیلئے اعلان شائع کر کے علم دوست حضرات سے درخواست کی تھی کہ پیشگی قیمت دیکر خدمت کتاب اللہ میں شریک ہوں مگر بقول حضرت اکبر مرحوم

سیّد اٹھے جو گزٹ لیکے تو لاکھوں لائے　　شیخ قرآن دکھاتے پھرے پیسہ نہ ملا

مسلمانوں نے اس پر توجہ نہیں کی۔ خدا کا شکر ہے کہ اس سے میرے عزم میں کوئی فرق نہیں آیا۔ اور نہ انشاء اللہ العزیز آیندہ آئیگا۔ اظہار واقعہ کی غرض سے یہ فقرے لکھے ہیں۔ حاشا شکایت مقصود نہیں۔

حافظ وظیفۂ تو دعا گفتن ست و بس　　در بند این مباش کہ نشنید یا شنید

اور اگر میں حضرات ذیل کا شکریہ ادا نکروں تو یقیناً احسان فراموش سمجھا جاؤں گا۔ یہ خالص مذہبی کتاب ہی مگر اس کی اشاعت میں عالیجناب مسٹر سی گنگ آئی سی ایس ڈپٹی کمشنر بہادر کرنال نے مجھے اخلاقی اور مالی امداد دی۔ میرے عزیز بھائی قاری حافظ حفیظ الدین پانی پتی۔ جناب منشی عبدالرحیم محافظ دفتر تجی باندا (یوپی) مولینا عبدالماجد بی اے ایڈیٹر سچ لکھنؤ مولوی قاری عبدالرحیم پانی پتی اور بعض دیگر احباب نے میرا ہاتھ بٹایا۔ میرے مخدوم زادے جوان ہمت دوست اور محترم محسن سیّد عبدالعلیم مدیر مطبع علیمی خلف الصدق مولوی عبدالاحد مرحوم رئیس و مالک مطبع مجتبائی دہلی نے اُمید سے زیادہ میری دست گیری کی۔ اگر سیّد موصوف راہ نمائی نہ کرتے تو مجھے گوناگوں دشواریوں سے سابقہ پڑتا اور شاید میرا یہ خواب عملی جامہ پہنتا کتاب کا حسن صوری اور دلفریبی آپکی سعی کا نتیجہ ہی موصوف کے کارپردازان مطبع نے بھی میری اعانت کی ہی جنکے لئے میں ان سب حضرات کا رہون منت ہوں اور دعا کے سوا کوئی معاوضہ نہیں دے سکتا۔

ابو محمد محیی الاسلام عفی عنہ پانی پت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

التماس

اہل علم اور اربابِ سیر جانتے ہیں کہ قرآن نے دنیا میں کیسا انقلاب کیا تھا۔ عرب کے نیم وحشی اور غیر متمدن اُمّیوں کو مکارمِ اخلاق و تمدن کے جس اعلیٰ مرتبہ پر پہنچایا تھا اور علم و فضل کا جیسا شیدائی گروانا تھا وہ اظہر من الشمس ہے۔ اور پچاس سال کے قلیل عرصہ میں انکو بحر و بر کا جس طرح مالک بنا دیا تھا وہ تاریخ کا ایک حیرت ناک کارنامہ ہے۔ قرآن نے فخر و مباہات کو مٹا کر نہ صرف مساوات پیدا کی تھی بلکہ غلاموں کو آقا بنا دیا تھا۔ قرآن امن و صُلح کی حالت میں تمام انسانوں سے حُسن سلوک کا حکم دیتا ہے۔ جنگ و حرب میں صابر و ثابت قدم رہنے کا فرمان نافذ کرتا ہے۔ فتح و شکست میں تقوے کا سبق پڑھاتا اور وفاء عہد کی تلقین کرتا ہے۔

عربی کے سوا تمام قدیم زبانیں مردہ ہوگئیں۔ ارتقائی اصول کی بنا پر عربی بھی مردہ ہو جاتی۔ اگر قرآن عربی میں نازل ہو کر اُسکو بقاے دوام اور ابدی حیات کا تاج نہ پہنا دیتا۔ قرآن نے عربی کو نہ صرف جزیرہ نماے عرب میں زندہ رکھا بلکہ اسکو ایشیا افریقہ اور یورپ کے بعض حصص کی مادری اور ملکی زبان بنا دیا۔ آج دنیا عربی کو

Marfat.com

اُم الالسنہ اور لغات قرآن کو اُم اللغات کہتی ہی۔ نہ صرف عرب اور نہ فقط مسلمان عربی کے دلدادہ ہیں بلکہ ایک عالم اُسکی خدمت پر کمربستہ نظر آتا ہے۔ یہ سب قرآن کا صدقہ ہے۔

قرآن نبی اُمّی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے دنیا میں آیا۔ مگر اپنی بے مثل فصاحت و بلاغت سے بڑے بڑے کہن مشق فصیح و بلیغ شاعروں خطیبوں اور نثاروں کو خاموش کر دیا۔ اور بعض سے شاعری قطعاً ترک کرادی۔ عبادت سے موسیقی کو الگ کر کے خود اُسکی جگہ لے لی۔

یہ واقعہ ہی کہ مسلمان جہاں گئے قرآن ساتھ گیا۔ جس حصّہ دنیا میں پہونچے جن شہروں قصبوں اور مواضعات میں آباد ہوئے وہاں قرآن ضرور پڑھا اور پڑھایا جاتا تھا۔ مگر بمصداق اَلْمُلْكُ[1] وَالدِّيْنُ تَوْأَمَانِ جو شہر خالص اسلامی عربی حکومت کا دارالخلافہ بنا وہ ہی قرآن اور وجوہِ قرات کا مرکز بنگیا۔ چنانچہ ۳۵۵ھ تک قرات کے سب سے بڑے مصدر و منبع مدینۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حرم خدا یعنی مکہ معظمہ زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً تھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے عہد میں کوفہ اور بصرہ کو یہ فخر ملا۔ پھر بنو اُمیّہ کے عہد میں دمشق کو یہ اعزاز نصیب ہوا۔ دوسری صدی میں جب بغداد دارالخلافہ اور دارالعلوم بنا تو یہ تاج بھی اُسکے سر پر رکھا گیا۔ چوتھی صدی میں مصر اور پانچویں صدی میں اندلس مرکز بنگئے ان مقامات کے ہر گھر سے قرآن کی دلکش و شیریں آواز سنائی دیتی تھی قرات کے بڑے بڑے ماہر ائمہ ان میں قرآن کا درس دیتے تھے۔ وجوہ اختلافی کی خدمت میں اپنی عمریں صرف اور تصانیف و تالیف کے ذریعہ سے انکی حفاظت کرتے تھے۔ چھٹی صدی تک علمائے

[1] ملک اور دین جڑواں بھائی ہیں ۱۲

بغداد۔ مصر۔ دانیہ اور شاطبہ نے اعلیٰ پایہ کی محققانہ کتابیں لکھکر اختلاف قرات کو ہمیشہ کیلئے محفوظ و مصئون کر دیا فجزاھم اللہ خیر الجزاء

بنو اُمیّہ کی حکومت سے حجاز کی مرکزیت میں ضعف آنا شروع ہو گیا تھا۔ صرف حجّاج نے ان گنت قراء کو شہید کیا ہے۔ پھر بنو عبّاس نے حجاز کے ساتھ عراق و شام کا دفتر بھی لپیٹ دیا۔ ساتویں صدی میں مغلوں نے بغداد اور اسکے علوم کو تاراج کیا اور نویں صدی میں عیسائیوں نے اندلس کے مسلمانوں کو جن مظالم سے ہلاک کیا اُن کے تصوّر سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ ظالموں نے اُن کی تمام علمی یادگاریں بھی فنا کر دیں۔ اسکے بعد قرات کی تعلیم حجاز و دمشق اور مصر میں رہگئی۔ اور علماء مصر نے خصوصیت کے ساتھ خدمت کی اور کر رہے ہیں۔ شکّر اللہ سعیھم

پہلی صدی کے آخر میں عرب ہندوستان میں آئے اور سندھ و ملتان اُن کے مستقر بنے۔ اوائل پانچویں صدی میں مسلمان پنجاب کے۔ چھٹی اور ساتویں صدی میں دارالخلافۃ دہلی اور اکثر ہندوستان کے فرماں روا بن گئے۔ وہ قرآن ضرور پڑھتے تھے مگر کس قراءۃ و روایت میں اور وجوہ قرات کی تعلیم کا اُن میں کیا حال تھا یہ ہمیں معلوم نہیں۔

اختلاف قرات میں ہر ملک نے قابل فخر تصانیف یادگار چھوڑی ہیں بعض علماء نے قراء کے حالات میں مستقل کتابیں (تاریخ القراء اور طبقات القراء) لکھیں (اسمیں بھی اوّلیت کا فخر اندلس کو ہے) اور بعض علماء نے ایک ایک صدی کے مشاہیر قراء اور علماء کے تراجم لکھے۔ ان کتابوں سے ہمیں ہر ملک کے قراء اور قرات مروّجہ کا حال معلوم ہوتا ہے مگر ہندوستان نے قرات اور قراء کے بارہ میں کچھ نہیں لکھا۔ سلاطین و امراء کی تاریخیں لکھی گئیں۔ شاعروں خطیبوں حتی کہ گویّوں کے تذکرے تالیف ہوئے۔ مگر

خدام کلام اللہ کا کسی نے نام بھی نہیں لیا۔

ہمیں اپنے شیوخ اور سندوں سے جو کچھ معلوم ہوا ہے وہ یہ ہے کہ ۱۰۵۰ھ کے قریب (بعہد شاہجہان صاحبقران) شیخ القراء مولانا قاری عبدالخالق مَنُوفی رح تلمیذ شیخ القراء شمس الدین مولانا قاری محمد بن اسمٰعیل معروف بشیخ بَقَری ازہری مصری ہندوستان میں آئے اور حضرت محی الدین والملۃ اورنگ زیب عالمگیر رح کے عہد تک سایہ افگن رہے۔ شاہ ممدوح کی سعی اور سرپرستی سے دہلی دارالعلوم اور قرات کا مرکز بن گیا۔ دھلی کے متعدد علماء و فضلاء نے شیخ القراء موصوف سے قرات پڑھیں اور دو سو برس سے زیادہ یہ سلسلہ دلّی میں جاری رہا۔ ہر محلہ اور کونچہ میں خوشہ چیں موجود تھے۔

اس تمام زمانہ میں دہلی جملہ علوم و فنون کا مخزن اور تمام کمالات کا معدن تھا۔ مشایخ عظام۔ صوفیان باصفا۔ مفسرین و محدثین۔ فقہا و متکلمین۔ اور حفاظ و قراء ایسے ایسے موجود تھے کہ جن کا عدیل و نظیر کمیاب تھا۔ فلسفیوں۔ طبیبوں۔ شاعروں خطیبوں۔ واعظوں۔ اور صنّاعوں سے شہر بھرا ہوا تھا اور ہر کمال کے اساتذہ اور ماہران فن پائے جاتے تھے سنا ہی کہ اسوقت دہلی کا ہر شخص تجوید و قراءت کا شیدائی تھا مسجدوں اور خانقاہوں اور مکانوں میں روزانہ تلاوت ہوتی تھی۔ رمضان المبارک میں جو حال ہوتا تھا اُسکو بیان کرنا دشوار ہے۔ ہزاروں نقّاد پیدا ہوئے اور اب اُسکی خاک میں آسودہ ہیں مگر افسوس کہ ہم اُنکا نام بھی نہیں جانتے۔

دھلی میں بزرگانِ ذیل اپنے اپنے وقت میں قرات کے امام تھے۔ شیخ القراء ممدوح کے تلامذہ میں سے مولانا قاری حافظ عبدالغفور رح دہلوی اور مولانا حاجی قاری حافظ محمد فاضل رح ٹھٹھی ثم الدہلوی۔ اُن کے بعد مولانا قاری حافظ غلام محمد گجراتی رح ثم الدھلوی

Marfat.com

اور مولانا قاری حافظ عبدالملک بن نواب حبش خانؒ دھلوی۔ پھر مولانا قاری حافظ غلام مصطفےٰ ابن شیخ محمد اکبر تھانیسری ثم الدھلویؒ۔ پھر مولانا قاری حاجی حافظ شاہ عبدالمجید قادری مصطفوی دہلویؒ معروف بصوبۂ ہند[1] پھر مولانا قاری حافظ محمد معروف بمولانا کرم اللہ دہلویؒ۔ اور مولانا قاری حافظ قادر بخشؒ اور مولانا قاری حافظ محمدی ابناء خواجہ خدا بخش انصاری پانی پتیؒ۔ پھر مولانا حافظ قاری منیر احمد بیگ دھلویؒ اور مولانا قاری حافظ سیّد امام الدین امروہی نقشبندی مجددی ظہریؒ۔

سنہ ۱۲۷۳ھ (سنہ ۱۸۵۷ء) کے غدر نے دھلی کے ساتھ وہی کیا جو بغداد کے ساتھ ہوا تھا یعنی دِلّی سے ماہرانِ فن جلاوطن ہوگئے اور پھر بیرونی آدمیوں کی آمد نے احساس بھی کم کردیا اور دہلی سے یہ فن کالمفقود ہوگیا۔

پانی پت ہمیشہ سے دھلی کا مضافاتی قصبہ ہے اور باستثناء تجوید ہر ایک دینی اور دنیوی امر میں اُسکے دامن سے وابستہ چلا آتا ہے۔ اگر دھلی کو حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی قدس سرہٗ۔ حضرت محبوب الٰہی سلطان نظام الدین قدس سرہٗ اور حضرت مخدوم نصیر الدین محمود چراغ دھلوی قدس سرہٗ نے اپنے پاک قدوم سے سرفراز فرمایا تو پانی پت کو حضرت شاہ شرف الدین بوعلی قلندر قدس سرہٗ۔ حضرت سیّد شمس الدین ترک شاہ ولایت قدس سرہٗ اور حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا قدس سرہٗ نے رونق بخشی۔ اگر دہلی میں حضرت شاہ ولی اللہؒ حضرت شاہ عبدالعزیزؒ اور حضرت شاہ محمد اسحٰقؒ پیدا ہوئے تو پانی پت میں حضرت خواجہ امانؒ۔ حضرت قاضی ثناء اللہؒ اور حضرت قاری عبدالرحمٰنؒ انصاری۔ اگر دھلی سے ذوقؒ و مومنؒ و غالبؒ نمودار ہوئے تو پانی پت سے منتؒ و ممنونؒ و حالیؒ ہم نے اشارۃً چند حضرات کا نام لیا ہے ورنہ یہ تقابل و اتباع ہر زمانہ اور ہر فن میں پایا جاتا ہے۔

[1] حضرت شاہ صاحب کا عرف صوبۂ ہند تھا۔

پانی پت میں مسلمان ۷۰۷ھ (یعنی دِلّی میں اسلامی حکومت قائم ہونے سے دو سو سال قبل) سے آباد ہیں۔ دیگر اسلامی شہروں کی طرح وہ بھی قرآن پڑھتے تھے۔ مگر بارہویں صدی میں قاری حافظ مَصلِح الدینؒ عبّاسی پانی پتی نے مدینۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تجوید سیکھ کر طریقۂ ادا کی از سرِ نو تجدید کی۔ آپ کے بعد آپ کے فرزند سرتاج مجوّدین قاری حافظ عبید اللہ عرف قاری لالاؒ اور آپ کے تلامذہ مولانا قاری حافظ قادر بخشؒ وغیرہ نے پانی پت کو فخرِ ہند بنا دیا۔ تیرہویں صدی میں دہلی اور پانی پت کے اکثر مجوّدین انھیں حضرات سے تجوید اخذ کرتے تھے۔ ان کے بعد قاری نجیب اللہ خلف شیخ سعد اللہ عثمانیؒ پانی پتی نبیرہ قاری قادر بخشؒ ممدوح۔ قاری کبیر الدینؒ اور مولانا قاری عبد الرحمٰنؒ محدث خلف قاری محمدی انصاریؒ پانی پتی نے پانی پت اور دھلی میں تجوید کی خدمت کی۔ ان تینوں بزرگوں کے جانشین قاری حافظ عبد الرحمٰنؒ بن چودھری عبد الصمد خان ہابڑوی پانی پتی تھے۔ پانی پت کے متعدد شیوخ نے وقتاً فوقتاً اساتذۂ دھلی سے قرات پڑھیں مگر کسی سے اب سلسلہ جاری نہیں ۱۲۴۸ھ میں مولانا قاری عبد الرحمٰنؒ محدث نے مولانا سیّدا مام الدینؒ امروہی موصوف سے سبعہ قرات پڑھیں اور ۱۳۱۴ھ تک کامل ۶۶ سال اُنکی خدمت میں مصروف رہے آپ کے بعد آپ کے فرزند مولانا قاری عبد السلامؒ انصاری اور آپ کے شاگرد قاری حافظ عبد الرحمٰنؒ ضریر موصوف نے اس فن کو سنبھالا۔ اب خدا حافظ ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ پانی پت دو صدی سے تجوید کی اور کامل سو سال سے سبعہ قرات کی خدمت کر رہا ہے۔

معزز ناظرین! یہانتک جو کچھ لکھا گیا وہ اصل مقصد میں سے نہیں ہے مسلمانوں کی غفلت اور فن کے انحطاط نے ماضی کا ذکر کرنے پر مجبور کیا۔ اور دو اغراض سے

یہ سطریں حوالۂ قلم کی گئیں۔ اوّل۔ میں نے چاہا کہ طلباء کے سامنے اُن خدمات کا ایک اجمالی نقشہ پیش کروں جو مختلف ممالک نے وقتاً فوقتاً قرأات کی کی ہیں۔ دوم۔ بارہا ماضی کی یاد نے لوگوں کو اپنے مستقبل کے سنوارنے پر آمادہ کیا ہے۔ شاید یہ مرثیہ بھی مسلمانوں کو عموماً اہل دہلی اور اہل پانی پت کو خصوصاً تلافی مافات پر طیار اور اُس ودیعت الٰہی کے محفوظ رکھنے پر مستعد کر سکے جو بزرگ بڑی جد وجہد سے اِس ملک میں لائے تھے۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيزٍ۔

عربی میں وجوہ قرأات کے متعلق تیسری صدی سے بارہویں صدی تک صدہا کتابیں لکھی گئیں اور اکثر دنیا میں موجود ہیں۔ بلحاظ صحت واعتماد اُنکی چار قسمیں ہیں۔

اوّل مختصر متون جیسے۔ تذکرہ۔ ہادی۔ ھدایہ۔ تبصرہ۔ تیسیر۔ کافی۔ عنوان شاطبیہ۔ اور اعلان وغیرہ

دوم۔ محققانہ اور مبسوط کتابیں۔ اِن میں سے بعض مستقل تصانیف ہیں۔ جیسے الجامع ابن جریر طبری۔ المنتہیٰ خزاعی۔ جامع البیان دانی۔ تذکار۔ مستنیر۔ نشر کبیر۔ غیث النفع۔ الاتحاف اور بعض شروح ہیں۔ جیسے شاطبیہ پر جعبری اور ملا علی وغیرہ۔

ان دونوں اقسام کی کتابیں اس فن کی معتبر تصانیف متصور ہوتی ہیں ان کے مصنفین ومؤلفین نے وجوہ اختلافی بیان کرنے میں روایت ودرایت اور تنقید ونظر سے کام لیا ہے اور وہ حروف بیان کیئے ہیں جو اثر ہیں (البتہ بمقتضاء بشریت بعض حضرات کہیں کہیں متفرد اور طریقہ سے باہر ہو گئے ہیں۔ اور بعض مسائل میں مذہب قرار کے ساتھ نحاۃ کا مسلک بیان کر دیا ہے)

سوم غیر محققانہ اور رطب ویابس سے بھری ہوئی تصانیف اس میں شاطبیہ کی

وہ تمام شرحیں داخل ہیں جنکو اُن کے مولفین نے احتمالات بعیدہ اور نحوی وجوہ سے پُر کیا ہے۔ اور ایسی وجوہات تجویز کی ہیں جو صرف عربیت میں جائز ہیں منقول نہیں اور بعض نے اُن کو وجوہ مرویہ سے اِسطرح مخلوط کر دیا ہے کہ ماہر و حاذق کے سوا اور کوئی اُن میں تمیز نہیں کر سکتا۔

چہارم وجوہ شاذہ۔ضعیفہ۔ اور فاسدہ کی حامل کتابیں ہیں جن کے مؤلفوں نے عربیت سے بھی آنکھیں بند کرلیں اور صرف رسم کی بنا پر نقل و اثر کے بغیر اور عربیت کے خلاف اجتہاد و رائے سے ایسی وجوہات تجویز کر دیں جو فاسد و باطل ہیں۔ نیز یہ کتابیں اُن وجوہ ضربی حسابی کی حامل ہیں جو بدعت ہیں۔ اہل علم ان دونوں اقسام کی کتابوں پر اعتماد و بھروسہ نہیں کرتے۔ تعجب ہے کہ زیادہ تر یہی کتابیں شائع ہو کر طلبار کے لئے گمراہی اور گمراہی کا باعث بنتی ہیں۔

اردو میں اسوقت تک کوئی کتاب قابلِ ذکر نہیں لکھی گئی۔ شاید یہ وجہ ہو کہ کچھ عرصہ قبل تک اردو علمی زبان نہ تھی۔ اور قرات حاصل کرنیوالے عموماً اردو سے بے نیاز علماء ہوتے تھے۔ لیکن اب کیا کیا جائے جب کہ علماء نے الا ماشاء اللہ کے سوا اس فن کو خیرباد کہہ دیا اور اسکے سیکھنے والے وہ لوگ رہ گئے جو عربی نہیں جانتے۔ یا اُن کو اتنی عربی نہیں آتی کہ مسائل فن کی تحقیق کر سکیں بقولِ غالب مرحوم

رموزِ دین نشناسم درست معذورم کہ کیشِ من عربی و نژادِ من عجمی ست

بیچاروں کو جب کوئی مشکل پیش آتی ہے تو کتب متداولہ کو (جو بسا اوقات آخر قسم کی ہوتی ہیں) کسی عالم سے پڑھوا کر اس پیچیدگی کو حل کرتے ہیں۔ لطف یہ ہے کہ وہ خود عربی نہیں جانتے اور وہ عالم صاحب قرات سے ناواقف ہوتے ہیں۔ لہذا تاریکی پر تاریکی کا اضافہ ہو جاتا ہے

Marfat.com

جس طرح ہمارے بعض اطبا دواؤں کی صورت سے۔ اور دوا فروش اُن کے مزاج و خواص اور طریقۂ ترکیب سے ناواقف ہیں۔ لہٰذا بیمار کا خدا حافظ۔

عرصہ دراز سے ضرورت تھی کہ قرأت پر اُردو میں معتبر اور محققانہ حیثیت کی کوئی کتاب موجود ہو۔ مگر کوئی بزرگ اِدھر متوجہ نہیں ہوتے تھے۔ اور جب میں نے دیکھا کہ معاصرین اِس طرف قلم نہیں اُٹھاتے تو منجانب اللہ میرے دل میں خیال آیا۔ جسکو میرے شیخ فخر المجوّدین قاری حافظ عبدالرحمٰن حضرؒ کے حکم نے اور قوی کر دیا۔ اور اس امید سے کہ اہل علم اور ماہران فن غلطیوں کی اصلاح فرمائیں گے میں نے اِس پر جسارت کی ؎

آسماں بارِ امانت نتوانست کشید　　قرعۂ فال بنامِ منِ دیوانہ زدند

کثرت مشاغل کیوجہ سے رفتار تحریر بیحد سُست تھی۔ مگر سعدیِ ہند شمس العلما مولانا حافظ قاری خواجہ حالیؒ حکیم الاُمت مولانا حافظ قاری اشرف علی تھانوی مدظلہٗ اور میرے محترم استاذ بھائی۔ حافظ قاری محمد قیام الدین ہاشمی عم فیضہٗ کے ارشادات تازیانہ کا کام کرتے رہتے تھے جس سے ۱۳۳۲ھ میں کتاب تو مکمل ہوگئی مگر اُسکے مسودات اوراق پریشان کی صورت میں رکھے رہے۔

فخر الاذکیا قاری حافظ وحید بخش عثمانی مرحوم اور حافظ قاری شیر محمد خاں مرحوم نے اُسکی ترتیب و اشاعت کا اصرار برابر جاری رکھا۔ اور میرے لختِ جگر حافظ محمد مدنی مرحوم (جسکو میں نے خود قرآن اور رسائل تجوید پڑھائے تھے اور قرأت پڑھانے کا ارادہ رکھتا تھا اور جسکو واہب العطایا نے عجیب و غریب ذہن و حافظہ اور اس فن کے لئے خاص اوصاف مرحمت فرمائے تھے جس نے نو سال کی عمر میں قرآن سنایا تھا) اُسکی ترتیب کا سب سے زیادہ محرک اور باعث تھا۔ اکثر حصہ مرتب ہو چکا تھا کہ وہ بیمار ہوگیا اور مجھے اپنی توجہ کا

Marfat.com

وہ حصّہ جو طلبا کی خدمت سے بچتا تھا اُسکی تیمارداری میں لگا نا پڑا ہر ممکن علاج اور تدبیر کی

کونسی کی نہ دوا کونسی مانگی نہ دعا ہم نے کیا کیا نہ کیا دل کے بہلنے کے لیئے

مگر کوئی فائدہ نہ ہوا مشیّت الٰہی یہ تھی کہ وہ دُرِ بے بہا میرے پاس نہ رہے چنانچہ ۱۸ شعبان سنہ ۱۳۴۶ھ کو دس مہینہ کی علالت کے بعد ۱۸ سال کی عمر میں رات کے گیارہ بجے اس نے میری آنکھوں کے سامنے میری گود میں اور مجھ سے باتیں کرتے ہوئے داعی اجل کو لبیک کہا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ اُس سے ایک سال قبل ۱۸ ربیع الثانی سنہ ۴۵ھ کو قاری وحید بخش نے اور ایک سال بعد ۱۷ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۷ھ کو قاری شیر محمد خان نے داغِ مفارقت دیا۔ یہ تینوں اشخاص جن کی تربیت پر ماضی کا وسیع زمانہ صرف ہوا تھا اور جن سے مستقبل کی آرزوئیں وابستہ تھیں سوا تین سال کے قلیل عرصہ میں مجھ سے جدا ہو گئے۔ اُن واقعات نے قوائے ذہنی کو معطل کر دیا جس سے اسکی اشاعت میں اور توقف ہو گیا۔ اب دوبارہ نظر ثانی کر کے شائع کرتا ہوں خدائے تعالیٰ اسکا اجر ان بزرگوں اور عزیزوں کو عطا فرمائے۔

میں نے اسکی ترتیب میں اکثر متقدمین کی کتابوں کے خلاف بعض تصرفات کیئے ہیں مثلاً اُدغام صغیر کو ادغام کبیر کے بعد اور میم جمع کو ہاء کنایہ کے ساتھ لیا ہے۔ اصول ادغام اصول متفرق اور فرش مکرر کے لیئے ایک ایک باب جدید بڑھایا ہے۔ اور سورۂ فاتحہ کے فرشی اختلافات باب الفرش میں بیان کیئے ہیں اور بھی بعض باتیں ہیں مقصد طلبا کی سہولت ہے بقولِ غالب مرحوم

با من میاویز اے پدر فرزند آزر را نگر ہر کس کہ شد صاحب نظر دینِ آبا خوش نکرد

اس کتاب کا اصل ماخذ۔ تیسیر۔ شاطبیہ اور نشر کبیر ہیں۔ ان کے علاوہ متقدمین

کی متعدد معتبر کتابوں اور شاطبیہ کی بعض شروح سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ مگر وجوہ اختلافی بیان کرنے میں تیسر و شاطبیہ و رسان کے طرق سے کہیں عدول نہیں کیا کیونکہ وہ ہی اس کتاب کے طرق ہیں۔

ائمہ اور شیوخ کے تراجم علامہ ابن حجرؒ کی تہذیب۔ نشر کبیر۔ ملا علیؒ۔ حافظ ذہبیؒ کے تذکرہ۔ ابن خلکانؒ اور طبقات وغیرہ معتبر کتابوں سے لیئے گئے ہیں۔

حقیقت اور واقعہ یہ ہے کہ مؤلف اس قابلیت سے عاری ہے جسکی اس اہم کام کے لیئے ضرورت تھی تاہم میں نے اسکی ترتیب میں امورِ ذیل کا لحاظ رکھا ہے۔

اوّل۔ ہر اختلافی مسئلہ بقدر امکان تحقیق و چھان بین کے بعد مع مذہب منصور درج کیا ہے۔ اور کتاب کو دو جلدوں میں تقسیم کر کے پہلی جلد میں اصول اور دوسری جلد میں فرش بیان کیئے ہیں اور سعی کی ہے کہ ہر جلد دوسری سے بے نیاز ہو۔ دورانِ فرش میں جو قلیل الورود یا مشکل اصولی اختلافات آئے ہیں ان پر جا بجا روشنی ڈالی ہے۔

دوم۔ جو وجوہ صحیحہ صاحب تیسیر سے چھوٹ گئی تھیں اور ان کو شاطبیؒ نے بیان کیا ہے ان پر تنبیہ موجود ہے۔

سوم۔ جہاں ہر دو ائمہؒ یا ایک طریقہ سے باہر ہو گئے ہیں اسکی صحت و ضعف پر تنقید کیگئی ہے۔

چہارم۔ جہاں یہ حضرات متفرد ہیں۔ اسکو جتا دیا گیا ہے

پنجم۔ حاطب اللیل کی طرح ضعیف و شاذ و فاسد وجوہات بیان نہیں کیں۔ بلکہ اُن کی تردید کی گئی ہے

ششم۔ نفس کتاب کو حتی المقدور مشکل مباحث اور طوالت سے بچایا ہے۔ اور

ضرورت کے وقت یہ کام حاشیہ سے لیا ہے اور اکثر اقوال بھی حاشیہ پر نقل کیئے ہیں۔

ہفتم۔ تقریباً ہر باب کے آخر میں طلبار کے لیئے فوائد درج ہیں اور فرش کے اندر بھی فوائد و تنبیہات موجود ہیں۔

ہشتم۔ بعض حضرات اختلافات کی طویل علتیں اور عربیت سے اُن پر شواہد بیان کیا کرتے ہیں جو فعلِ عبث ہی کیونکہ قراءۃ کی علت سندِ صحیحہ ہی اور اسکے بعد وہ خود شاہد ہے لہذا سوائے ظاہر اور مختصر اشارہ کے اُن سے پرہیز کیا گیا ہے۔

نہم۔ مقدمہ کے اندر اُن امور پر روشنی ڈالی گئی ہے جو عوام الناس میں غلط مشہور ہیں اور اُن کے شبہات کی تردید کیگئی ہی۔ اور وہ باتیں بتائی گئی ہیں جن کو اکثر اہلِ فن نہیں جانتے

دہم۔ جن کتابوں اور ائمہ کے اقوال سے استناد و استشہاد کیا گیا ہے اُنکی اجمالی کیفیت اور مختصر ترجمہ مقدمہ میں موجود ہے۔ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ۔

احقر مؤلف حضرات متقدمین کے مقابلہ میں شراکِ نعل کی بھی حیثیت نہیں رکھتا۔ پس اُسکا اُنکی تصانیف پر تنقید کرنا۔ اور اُنکی بیان کردہ وجوہات میں سے کسی وجہ کی تردید کرنا سوءِ ادب ہی۔ لیکن اوّل تو وہ الفاظ میرے نہیں شیوخ کرام کے ہیں۔ میں صرف ناقل ہوں۔ دوم۔ یہ خدمتِ قرآن ہی اور اسمیں ہر شخص مجبور ہے کہ وجہ صحیح بیان کرے ورنہ ماخوذ و جواب دہ ہوگا۔ اگر حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ نہ فرما دیتے کہ "جو شخص علم کو مستحقین سے چھپائیگا اُسکے منہ میں آگ کا لگام دیا جائیگا" تو میں یہ جرأت نہ کرتا۔ ناظرین سے التماس ہے کہ ناقل پر توجہ فرمائیں اور مَنْ قَالَ پر نظر نہ کریں

حضرات ناظرین! اس فن کی بنیاد نقل پر ہے اور انسان سہو و نسیان سے

Marfat.com

مرکب ہے بڑے بڑے ماہروں سے اسمیں بھول چوک ہو جاتی ہے پھر میری کیا ہستی ہے۔ حضرت شاطبیؒ انکسار اً کہتے ہیں۔

وَاِنْ کَانَ خَرْقٌ فَادْرِکْہُ بِفَضْلَۃٍ مِنَ الْحِلْمِ وَلْیُصْلِحْہُ مَنْ جَادَ مَقْوَلَہٗ[1]

وَقُلْ صَادِقًا قَالَ الْاِمَامُ وَرُوْحُہٗ لَطَاحَ الْاَنَامُ الْکُلُّ فِی الْخُبْثِ وَالْقِلَا

حالانکہ ممدوح لغت و عربیت کے امام۔ قرات صحیحین اور مؤطا کے حافظ اور علوم متعلقہ کے ماہر تھے لیکن پھر بھی حافظ ابو شامہؒ اور علامہ جعبریؒ وغیرہ محققین کو شاطبیہ میں بعض لغزشیں نظر آئیں اور انہوں نے ان مقامات میں تغیر تبدل کیا۔ راقم الحروف کی مکتبی تعلیم بھی پوری نہیں بلکہ قرآن کے سوا جو کچھ پڑھا تھا سب بھول گیا۔ لہٰذا یقین ہے کہ قدم قدم پر لغزشیں نظر آئیں گی امید کہ اہل نظر اصلاح فرمائیں۔

آخر میں اللہ تبارک و تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو قبول فرما کر طلبا کے لیئے نافع بنائے۔ حضرات شیوخؒ۔ احقر کے والدین و اجداد۔ اساتذ بھائیوں۔ خود اسکے اور اسکے جملہ متعلقین کے لیئے ذخیرۂ اخروی گردانے اور میری خطاؤں سے درگذر فرمائے۔ آمین۔

خاکسار۔ ابو محمد محی الاسلام عفی عنہ

پانی پت

۹ ذی الحجہ المبارک سنہ ۱۳۴۷ ہجری

---

[1] اگر کوئی عیب پایا جائے تو ماہر و حاذق اپنے حلم و فضل سے کام لیکر اسکی اصلاح و تدارک کریں اور ناظرین کو سچائی کے ساتھ یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر روح موافقت مفقود ہو جائے تو تمام انسان مخالفت اور بغض میں پڑ کر ہلاک ہو جائیں۔

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَا اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِیْنَ هُمْ نُجُوْمُ الْهُدٰی وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا۔ اما بعد خاکسار ابو محمد محی الاسلام بن حاجی محمد مفتاح الاسلام بن مولوی محمد بدر الاسلام بن شیخ محمد فخر الدین معروف بغلام مجدد بن شیخ محمد شمس الدین بن شیخ محمد عظیم عثمانی اُموی قرشی پانی پتی عرض کرتا ہے کہ حضرات علماء کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے قرآن مجید کے متعلق شان نزول تفسیر۔ اور احکام وغیرہ صدہا موضوعوں پر ہزاروں کتابیں لکھی ہیں اور اسی طرح صرف الفاظ قرآن کے متعدد مباحث میں سے رسم الخط۔ تجوید۔ اور اختلاف قرات پر صدہا تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ اُن بزرگوں کا اتباع کرتے ہوئے میں نے یہ کتاب سبعہ قرات مشہورہ پر اُن طلباء کے لیئے لکھی ہے جو عربی نہیں جانتے اسمیں ایک مقدمہ پچیس باب اور ایک خاتمہ ہے۔

پہلے طلباء یہ یاد رکھیں کہ قرات کا مدار نقل پر ہے یعنی ایک جماعت دوسری جماعت سے قرناً فقرناً نقل کرتی چلی آتی ہے۔ حضرت عمرؓ حضرت علیؓ اور حضرت زیدؓ بن ثابت کہتے ہیں۔ اَقْرَاَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ

Marfat.com

تَقْرَؤُا الْقُرْاٰنَ كَمَا عُلِّمْتُمْ[1] حضرت ابن المنکدرؒ حضرت عروہؒ بن زبیر۔ حضرت عمرؒ ابن عبدالعزیزؒ اور حضرت عامر شعبیؒ کہتے ہیں "قراءۃ سنت متبعہ ہے اور پچھلا پہلے سے اخذ کرتا چلا آتا ہے۔ پس تم کو جس طرح پڑھائی جائے اُسی طرح پڑھو" امام نافعؒ اور امام ابوعمروؒ کہتے ہیں "اگر یہ پابندی نہ ہوتی کہ ہم نے جس طرح پڑھا ہے اُسی طرح پڑھیں تو ہم فلاں حرف کو اسطرح اور فلاں حرف کو اِسطرح پڑھتے" شاطبیؒ کہتے ہیں ؎

وَمَا لِقِيَاسٍ فِي الْقِرَاءَةِ مَدْخَلٌ[2] فَدُونَكَ مَا فِيهِ الرِّضَا مُتَكَفِّلًا

محققؒ نشر میں ان اقوال کو نقل کر کے کہتے ہیں "قرات کا فقہی قیاس[3] اور اجتہادی رائے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

---

[1] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم کو حکم دیا ہے کہ قرآن اسطرح پڑھو جسطرح تمہیں سکھایا گیا ہے۔

[2] قرارۃ میں قیاس کا کوئی دخل نہیں۔ ناقلین سے جو کچھ پہنچا ہے اُسے اختیار کرو۔

[3] اس فن کی کتابوں میں قیاس کا لفظ بکثرت استعمال ہوتا ہے چنانچہ اس کتاب میں بھی جگہ جگہ آئے گا۔ مگر قرارۃ میں اسکا مفہوم اور ہے وہ نہیں جو فقہ میں ہے۔ فقہاء کے نزدیک قیاس دلائل اربعہ شرعیہ میں سے ایک دلیل ہے۔ قراء کے نزدیک قیاس دلیل و رکن نہیں جسپر فقدان نص و اجماع کے وقت کوئی حرف تلاوت کیا جا سکے بلکہ قراء جزئیات کا کلیات پر قیاس کیا کرتے ہیں یعنی جزئی کو کلی کیطرف منسوب کرتے ہیں جیسے قَالَ رَبِّ پر قَالَ رَجُلٌ اور قَالَ رَجُلَانِ کا قیاس اور جیسے ہمزہ کی تخفیف وغیرہ کے قواعد منصوصہ میں جزئیات کا قیاس کیا جاتا ہے۔ امام ابومحمدؒ تبصرہ میں کہتے ہیں "جسکو ہم نے پڑھا ہے۔ اُس پر اُسکو قیاس کرتے ہیں جو نہیں پڑھا" اسکے یہی معنے ہیں وہ مطلب نہیں جو فقہ میں قیاس کا ہوتا ہے۔

Marfat.com

المقدمہ

فصل اوّل قرآن اور خادمانِ قرآن

اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے "اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ"[1] اور "كِتٰبٌ عَزِيْزٌ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ"[2] یہ صرف قرآن کا خاصہ ہے کہ خدائے تعالیٰ نے اسکی حفاظت کا خود ذمہ لیا ہے۔ اور اسی وجہ سے وہ ہر زمانہ میں اپنے بیشمار بندوں کو اسکی خدمت اور حفاظت پر کمربستہ رکھتا ہے جو قرآن کو اپنے سینوں میں محفوظ رکھتے ہیں۔ اور سوتے جاگتے سفر و حضر بحر و بر سہل و جبل میں رات دن لوح قلب سے اسکی تلاوت کرتے ہیں۔ اُن کو کتاب و صحیفہ کی ضرورت نہیں ہے اور آج تک کوئی اُس میں ایک نقطہ کی بھی تحریف نہ کرسکا۔ برخلاف دیگر الہامی کتابوں کے کہ اُن کی حفاظت انبیاء علماء اور زاہدوں کے سپرد تھی۔ جب نبی نہ رہے تو انمیں تحریف ہوگئی اور وہ اپنی زندگی کیلئے صحیفہ کی محتاج اور آنکھ کی مدد سے پڑھی جاتی تھیں یہی باعث تھا کہ اُن اُمتوں کو ہر زمانہ میں نبی کی ضرورت رہتی تھی۔ حضور اکرم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور صداقت پر یہ اعظم ترین دلیل ہے۔

خدام قرآن کے حق میں بکثرت احادیث منقول ہیں چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اَشْرَافُ اُمَّتِیْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحَابُ اللَّيْلِ"[3]

---

[1] ہم نے اس صحیفۂ نصیحت کو اتارا ہے اور بیشک ہم ہی اسکے محافظ ہیں۔ ۱۲

[2] یہ کتاب عزت والی ہے جھوٹ اسکے سامنے اور پیچھے سے نہیں آسکتا۔ ۱۲

[3] میری اُمت میں سے شریف لوگ حاملین قرآن اور رات کو عبادت کرنیوالے ہیں۔ (بیہقی)

اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ فرمایا "خَیْرُکُمْ[1] مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَاَقْرَأَہٗ (طبرانی)
اور حضرت عثمانؓ کہتے ہیں کہ فرمایا "خَیْرُکُمْ[2] مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ (بخاری و ترمذی)
شیخ القراء ابو عبدالرحمٰن سلمیؒ (شیخِ امام عاصمؒ) اس حدیث کو روایت کرکے کہا کرتے تھے کہ
"مجھے اسی حدیث نے یہاں بٹھا رکھا ہے" یہ اسکا اشارہ تھا کہ امام ممدوح باوجودیکہ
کثیر العلم و جلیل القدر تابعی تھے اور لوگ آپ کے علم کے محتاج تھے۔ مگر آپ چالیس سال
سے زیادہ عرصہ تک جامع کوفہ میں بیٹھکر قرآن پڑھاتے رہے۔

حضرت ابو سعیدؓ خدری کہتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا "یَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی[3] مَنْ شَغَلَہُ الْقُرْاٰنُ
عَنْ ذِکْرِیْ وَمَسْاَلَتِیْ اَعْطَیْتُہٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِی السَّائِلِیْنَ وَفَضْلُ کَلَامِ اللّٰہِ عَلٰی
سَائِرِ الْکَلَامِ کَفَضْلِ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ (ترمذی) یہی وجہ ہے کہ اسلاف کرام قرآن پڑھانے کو
ہر چیز سے مقدم جانتے تھے۔ حضرت نعمانؓ بن بشیرؓ کہتے ہیں کہ حضور نے فرمایا "اَفْضَلُ[4]
عِبَادَۃِ اُمَّتِیْ قِرَاءَۃُ الْقُرْاٰنِ (بیہقی) حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ حضور نے فرمایا
"یُقَالُ[5] یَعْنِیْ لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ اِقْرَأْ وَارْقَ وَرَتِّلْ کَمَا کُنْتَ تُرَتِّلُ فِی الدُّنْیَا فَاِنَّ
مَنْزِلَتَکَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰیَۃٍ تَقْرَءُ بِھَا (ترمذی) اسی بنا پر حضرت عبداللہؓ بن مسعود
تلاوت قرآن کو روزہ سے اور امام سفیان ثوریؒ قرآن پڑھانے کو جہاد سے افضل سمجھتے تھے۔
حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ کہتے ہیں "قرآن پڑھنے والا اُس ارذل عمر سے محفوظ رہتا ہے جسمیں
علم کے بعد انسان بے علم ہو جاتا ہے" عبدالملکؒ بن عُمیر کہتے ہیں "قراء قرآن کی عقل سب سے

---

[1] تم میں سے بہترین اشخاص وہ ہیں جو قرآن پڑھتے اور پڑھاتے ہیں۔
[2] اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جسکو قرآن میرے ذکر اور مجھسے سوال کرنے سے روک دے میں اُسکو مانگنے والوں سے زیادہ دیتا ہوں اور خدا
کے کلام کی بزرگی تمام کلاموں پر ایسی ہے جیسی اللہ کی اُسکی مخلوق سے برتری
[3] میری امت کی بہترین عبادت قرآن کی تلاوت ہے۔
[4] صاحب قرآن سے کہا جائیگا کہ پڑھ اور چڑھ اور ترتیل کیساتھ پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں ترتیل کرتا تھا پس تیرا مقام اس آخر آیت پر ہے جسکو تو

Marfat.com

زیادہ باقی رہتی ہے

فصل دوم ۲ جمع القرآن بین الدفتین

قرآن کا مدار ہمیشہ سے ضبط و حفظ پر ہی مگر صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں حضورؐ کے حکم اور ہدایت کے مطابق اُسکو لکھتی بھی رہتی تھی۔ بروقت نزول اُنمین سے جو لوگ حاضر ہوتے تھے وہ لکھ لیتے تھے۔ کیونکہ قرآن ۲۳ سال کے عرصہ میں تدریجاً نازل ہوا تھا۔ اسطرح حضورؐ کی حیات مبارک میں لکھا جا چکا تھا مگر ایک جگہ جمع نہ تھا اور صحابہ کرامؓ کا اصل اعتماد حضورؐ کی تعلیم اور ضبط پر تھا۔ اور اُن میں سے بعض کو تمام اور بعض کو نصف۔ بعض کو ربع۔ اور بعض کو اس سے کم یا زیادہ یاد تھا۔ اور ایسا کوئی نہ تھا جسکو چند سورتیں یاد نہ ہوں۔

بعہد حضرت ابوبکر صدیقؓ (۱۱ھ میں) یمامہ کی لڑائی ہوئی اُسمیں پانسو سے زیادہ قراء قرآن شہید ہوگئے۔ اس سے حضرت عمرؓ کو اندیشہ ہوا کہ کہیں صحابہ کرامؓ کی وفات سے قرآن معدوم نہ ہو جائے۔ انہوں نے حضرت ابوبکرؓ سے درخواست کی کہ قرآن کو ایک جگہ جمع کرائیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے پہلے انکار کیا اور کہا کہ جو کام حضورؐ نے نہیں کیا میں اُسکو کیسے کروں۔ مگر پھر پے در پے توجہ دلانے سے آمادہ ہوگئے۔ اور حضرت زیدؓ بن ثابت انصاری کو اس خدمت پر مامور کیا۔ حضرت زیدؓ کہتے ہیں "اگر مجھے پہاڑ کے اُٹھانے کا حکم دیا جاتا تو اس سے آسان ہوتا"، حضرت زیدؓ نے باوجود حافظ ہونے کے ایک ایک آیت صحابہؓ کرام کی گواہی سے لکھی۔ اور تمام قرآن کو جمع کر دیا۔ مگر وہ متفرق صحیفے تھے جو تا حیات حضرت ابوبکرؓ کے اور پھر حضرت عمرؓ کے پاس رہے اور آپکی شہادت کے بعد اُم المومنین حضرت حفصہؓ

Marfat.com

کے قبضہ میں آئے۔

سنہ ۳۰ھ میں حضرت حذیفہؓ بن الیمان آرمینیہ و آذربائیجان کی لڑائیوں میں شریک ہوئے تو انہوں نے دیکھا کہ مسلمان قرآن کی ترتیب وغیرہ کے بارہ میں اختلاف کرتے ہیں اور ہر شخص اپنے قرآن کو صحیح اور دوسروں کو غلط کہتا ہے اس سے جناب موصوف کو بیحد رنج ہوا۔ اور آپ نے مدینہ میں حاضر ہو کر حضرت عثمانؓ سے عرض کیا کہ اے امیر المومنین قرآن کے متعلق اُمّت محمدی کا تفرقہ مٹائیے اور اس سے قبل کہ اُنمیں یہود و نصاریٰ کے مانند اختلاف ہو اُنکی دست گیری کیجئے۔ حضرت عثمانؓ نے وہ صحیفے حضرت حفصہؓ سے منگا کر حضرت زیدؓ بن ثابت انصاری و حضرت عبداللہؓ بن زبیرؓ۔ حضرت عبدالرحمنؓ بن الحارث بن ہشام۔ اور حضرت سعیدؓ[1] بن العاص قریشین کو اُنکی نقلیں کرنے پر مقرر کیا اور حکم دیا کہ اگر کسی بات میں حضرت زیدؓ اور باقی حضرات کے درمیان اختلاف ہو تو اُسکو لغتِ قریش پر لکھیں کیونکہ قرآن لسان قریش پر نازل ہوا ہے۔

جب باجماع صحابہؓ کرام آٹھ[2] نقلیں طیار ہوگئیں تو حضرت عثمانؓ نے ایک ایک نسخہ مکہ معظمہ۔ بصرہ۔ دمشق۔ کوفہ۔ یمن اور بحرین میں بھیجدیا اور ایک مدینہ منورہ میں اور ایک خاص اپنے لیئے رکھہ لیا۔ (اُسی کا نام امام ہے اور اسی پر بروقت شہادت آپ کا خون گرا تھا۔ محقق نے اپنے زمانہ میں اُسکو قاہرہ[3] میں دیکھا تھا اُسوقت تک اُسپر خون کے نشانات تھے) انہیں قرآنوں کو مصاحف عثمانیہؓ کہتے ہیں اجماع منعقد ہوگیا تھا کہ جو کچھ ان

[1] بعض روایات میں حضرت سعیدؓ کے بدلے حضرت عبداللہ بن عمروؓ بن العاص اور حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ کے نام ہیں یہ دونوں حضرات حضرت زید کے شاگرد اور اُسوقت جوان تھے ممکن ہے کہ اُن کو بھی بعد میں شریک و مددگار بنایا گیا ہو۔ ۱۲

[2] اکثر اہل نقل چار نسخے بتاتے ہیں اور علامہ دانی نے پہلی سی کی تائید کی ہے اور بعض نے سات بتائے ہیں۔

[3] سنا ہے کہ اب یہ مصحف قسطنطنیہ میں ہے۔

Marfat.com

مصاحف میں نہیں ہے وہ قرآن نہیں۔ حضرت علیؓ کہتے ہیں "مصاحف کے بارہ میں جو کچھ عثمانؓ نے کیا اگر مجھے موقع ملتا تو وہی میں کرتا"

مصاحف عثمانیہ میں سورتوں کی ترتیب حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قراءۃ عرضہ اخیرہ کے مطابق کر دیگئی۔ امام محمد بن سیرینؒ حضرت عَبِیدَۃؓ بن عمرو سلمانی اور امام عامرؓ شعبی نے اسکی تصریح کی ہے۔ حضرات صحابہؓ نے ان قرانوں کو نقاط و اعراب سے خالی رکھا تھا تاکہ جملہ قراءات کے حامل ہو سکیں نیز زیادت و نقصان کی اُن وجوہ صحیحہ کی بعض مصاحف میں رعایت رکھی گئی تھی جو عرضۂ اخیرہ تک منسوخ نہیں ہوئی تھیں اور اصل اعتماد اب بھی ضبط و حفظ پر تھا۔ ہر شہر میں صحیح تلفظ سکھانے والے صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ موجود تھے۔

فصل سوم صحابہ کرامؓ و تابعینؒ میں شیوخ قراءت

جملہ صحابہ کرامؓ قاری[1] بعض حافظ اور بعض خصوصیت کیساتھ معلّم قراءات تھے۔ امام ابو عُبید قاسمؒ بن سلام پچھلے مقدس گروہ کے متعلق کتاب القراءات میں کہتے ہیں "مہاجرین میں سے حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت طلحہؓ۔ حضرت سعدؓ حضرت ابن مسعودؓ۔ حضرت حذیفہؓ۔ حضرت ابو موسیٰؓ۔ حضرت سالمؓ۔ حضرت ابو ہریرہؓ حضرت ابن عمرؓ۔ حضرت ابن عباسؓ۔ حضرت ابن زبیرؓ۔ حضرت عمرو بن العاصؓ۔ حضرت عبداللہؓ بن عمروؓ۔ حضرت معاویہؓ۔ حضرت عبداللہؓ بن السائب۔ امہات المومنین حضرت عائشہؓ۔ حضرت حفصہؓ۔ حضرت ام سلمہؓ۔ اور انصار میں سے حضرت ابیؓ۔ حضرت

[1] آجکل قاری اُسے کہتے ہیں جو سبعہ یا عشرہ قراءات جانتا ہو اور حافظ سے اسکا مرتبہ ارفع و اعلیٰ تصور ہوتا ہے۔ صدر اول میں ہر قرآن پڑھنے والے کو قاری کہتے تھے اور حافظ کا درجہ اس سے بہت بلند تھا۔

Marfat.com

معاذؓ۔ حضرت ابوالدرداءؓ۔ حضرت زیدؓ۔ حضرت ابوزیدؓ۔ حضرت مجمعؓ بن جاریہ۔
حضرت انسؓ بن مالک سے وجوہ قرات منقول ہیں۔ اسی متبرک گروہ میں سے حضرت عیاشؓ
اور آپ کے فرزند ابوالحارثؓ عبداللہ بن عیاشؓ قرشی۔ حضرت فضالہؓ بن عبید انصاری اور
حضرت واثلہؓ بن اسقع لیثی ہیں۔

انمیں سے اکثر حضرات نے حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے براہ راست اور بعض نے بواسطہ
قرآن پڑھا تھا اور تمام جماعت روزانہ حضورؐ کی زبان مبارک سے سنتی رہتی تھی۔ اس برگزیدہ جماعت نے
ہر حرکت و اسکان اور حذف و اثبات کو حضورؐ سے ضبط کیا تھا۔ اور ہر قسم کے وہم و شک
سے پاک تھی اور جسطرح پڑھا تھا اسی طرح تابعین کو پڑھا دیا۔

صحابہؓ کرام کے بعد قرآن پڑھانیوالے تابعین عظام ہیں جو اسلامی دنیا کے ہر گوشہ میں
موجود تھے۔ اُن میں سے پانچوں اسلامی مرکزوں میں حسب ذیل حضرات خصوصیت
کے ساتھ قرات کے معلّم تھے۔

مدینہ طیبہ میں حضرت امام زین العابدینؒ۔ سید التابعین حضرت سعید بن المسیبؒ
حضرت عروہؒ بن زبیرؓ۔ حضرت سالمؒ بن عبداللہؓ۔ حضرت عمرؒ بن عبدالعزیزؒ۔ حضرت سلیمانؒ و حضرت
عطاءؒ ابنائے یسارؒ۔ حضرت معاذؒ بن الحارث معروف بمعاذ قاری۔ حضرت امام محمد باقرؒ
حضرت عبدالرحمٰنؒ بن ہرمز الاعرج۔ حضرت محمدؒ بن شہاب الزہریؒ حضرت مسلمؒ بن جندبؒ ہذلی
قاضی۔ حضرت زیدؒ بن اسلم۔ حضرت یزیدؒ بن رومان۔ حضرت صالحؒ بن خوّات۔ حضرت عکرمہؒ
بربری مولی حضرت ابن عباسؓ۔ حضرت امام جعفر صادقؒ وغیرہ

مکہ معظمہ میں۔ حضرت عُبید بن عُمیرؓ۔ حضرت عطاءؒ ابن ابی رباح۔ حضرت طاؤسؒ
حضرت مجاہد بن جبرؒ۔ حضرت عکرمہؒ بن خالدؓ۔ حضرت ابن ابی ملیکہؒ۔ حضرت در باسؒ مولی

Marfat.com

حضرت ابن عباسؓ وغیرہ۔

کوفہ میں۔ حضرت علقمہؒ بن قیس۔ حضرت اسود بن یزیدؒ۔ حضرت عبیدہؒ بن عمروؒ حضرت عمروؒ بن شرحبیلؒ حضرت مسروقؒ بن اجدع۔ حضرت عاصمؒ بن ضمرہ سلولی۔ حضرت زیدؒ ابن وہب۔ حضرت حارثؒ بن قیس حضرت حارثؒ بن عبداللہ الاعور ہمدانی۔ حضرت ربیعؒ بن خثیم۔ حضرت عمروؒ بن میمون۔ حضرت ابو عبدالرحمٰنؒ سلمی۔ حضرت زرؒ بن حبیش۔ حضرت سعدؒ ابن الیاس۔ حضرت عبیدہؒ بن نضیلہ۔ حضرت ابوزرعہؒ بن عمرو بن جریر۔ حضرت سعیدؒ بن جبیر والبی۔ حضرت ابراہیمؒ بن یزید بن قیس۔ حضرت عامرؒ شعبی۔ حضرت حمرانؒ بن اعین۔ حضرت ابواسحٰقؒ سبیعی۔ حضرت طلحہؒ بن مصرف۔ حضرت عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلی۔ حضرت محمد بن عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰ قاضی۔ حضرت منصورؒ بن معتمر۔ حضرت مغیرہؒ بن مقسم ضبی ضریر۔ حضرت زائدہؒ بن قدامہ۔ حضرت منہالؒ بن عمرو اسدی وغیرہ۔

بصرہ میں حضرت عامرؒ بن عبد قیس۔ حضرت ابوالعالیہؒ۔ حضرت ابورجاءؒ۔ حضرت نصرؒ ابن عاصم۔ حضرت یحییٰؒ بن یعمر۔ حضرت جابرؒ بن زید۔ حضرت معاذؒ۔ حضرت خواجہ حسنؒ۔ حضرت محمد ابن سیرینؒ۔ حضرت قتادہؒ۔ حضرت ابوالاسود دؤلیؒ واضع نحو۔ حضرت حطانؒ بن عبداللہ رقاشی وغیرہ۔

دمشق میں۔ حضرت مغیرہؒ بن ابی شہاب اور حضرت خلیدؒ بن سعد وغیرہ۔

ان میں سے بعض نے حضرات صحابہؓ کرام سے براہ راست اور بعض نے بواسطہ قرآن پڑھا تھا۔ اور ہر حرف کو ضبط کیا تھا۔ اور حضرات خلفائے راشدینؓ اور مہاجرینؓ وانصار سابقین سے سنتے تھے۔ پھر بعض نے اپنا تمام وقت اور بعض نے اکثر اور بعض نے ایک حصہ خدمتِ قرآن کے لیئے وقف کر رکھا تھا۔

Marfat.com

فصل چہارم صاحبِ اختیار ائمہ قراءات

انہیں تابعینؒ اور تبع تابعینؒ میں سے وہ حضرات ہیں جنہوں نے تمام چیزوں سے اعراض کر کے اپنے آپ کو خدمتِ قرآن کے لیئے وقف کر دیا۔ حصولِ قرات اور اُن کے ضبط و حفظ میں اتنی جد و جہد کی کہ جس سے زیادہ ممکن نہیں۔ حتیٰ کہ مقتدائے روزگار ائمہ بن گئے ان میں سے بعض نے کئی کئی صحابہؓ کرام سے اور بعض نے صحابہؓ کرام اور تابعینؒ سے اور بعض نے صرف تابعینؒ سے اور بعض نے تابعینؒ اور تبع تابعینؒ سے قرآن پڑھا۔ اور ہر شخص نے اُنکی تعلیم کردہ وجوہ قرات میں سے احاد اور غیر مشہور اور شاذ کو چھوڑ کر عربیت میں اقویٰ اور موافق رسم وجوہ سے اپنے لیئے جدا جدا قرات اختیار کر لیں اور عمر بھر انہیں کو پڑھتے پڑھاتے رہے تمام مفسرین و محدثین اور جملہ فقہاء و مجتہدین اُنکی اختیار کردہ قراتوں کو بلا عذر قبول کرتے تھے اور مندرجہ صدر اسلامی مرکزوں میں سے کوئی شخص اُنکے ایک حرف کا بھی انکار نہیں کرتا تھا بلکہ دوسری صدی سے دنیائے اسلام میں وہی پڑھی اور پڑھائی جانے لگیں اسلامی ممالک کے بعید ترین حصص اور ہر شہر و قصبہ سے طلباء سفر کر کے اُن سے پڑھنے آتے تھے۔ اور اُن قراتوں کو اُن کے نام سے منسوب کرتے تھے جو آج تک اُنہیں کی نام سے معنون چلی آتی ہیں۔ اُن صاحب اختیار حضرات میں سے

مدینہ منورہ میں امام ابو جعفر یزیدؒ بن القعقاع قاری۔ امام شیبہؒ بن النصاح قاضی اور اُن کے بعد امام نافعؒ بن عبدالرحمٰن۔

مکہ معظمہ میں امام عبداللہؒ بن کثیر۔ امام حمیدؒ بن قیس الاعرج۔ امام محمدؒ بن عبدالرحمٰن ابن محیصن سہمی۔

کوفہ میں۔امام یحییٰؒ بن وثّاب اسدی۔ امام عاصمؒ بن ابی النجود۔ امام سلیمان بن مہران الاعمشؒ۔ ان کے بعد امام حمزہؒ بن حبیب الزیّات۔ پھر امام ابوالحسن علیؒ الکسائی پھر امام خلفؒ بن ہشام البزّار۔

بصرہ میں امام عبداللہؒ بن ابی اسحٰقؒ حضرمی۔ امام عیسیٰ بن عمرؒو ہمدانی ضریر۔ امام ابوعمروؒ ابن العلاءؒ انکے بعد امام عاصمؒ بن حجاج جحدری۔ پھر امام یعقوبؒ بن اسحاق حضرمی۔

اور دمشق میں امام عبداللہؒ بن عامر۔ امام عطیہؒ بن قیس کلابی۔ امام اسمٰعیلؒ بن عبداللہ بن مہاجر۔ انکے بعد امام یحییٰؒ بن حارث ذِمّاری۔ پھر امام شریحؒ بن زید حضرمی مشہور صاحب اختیار ائمہ تھے۔

اختیار قرات کا یہ سلسلہ بیحد وسیع تھا جو صدیوں جاری رہا۔ اور خدا جانے کہ کتنے صاحب اختیار ائمہ پیدا ہوئے۔ امام ابومحمد مکیؒ کہتے ہیں "کتابوں میں اُن مشتر صاحب اختیار ائمہ کی قرات مذکور ہیں جو قراء سبعہ سے مقدم تھے" اس سے قیاس کریں کہ ان کے ہم مرتبہ اور ان سے کم اور کمتر کتنے ائمہ ہونگے۔

واقعہ یہ ہے۔ کہ کلمات قرآنی کی دو قسمیں ہیں۔ متفق علیہ جنکو تمام صحابہؓ کرام نے ایک طرح پڑھا ہے۔ اُنمیں کوئی اختلاف نہیں ہوسکتا۔ مختلف فیہ۔ جنکو صحابہؓ کرام نے لغوی اختلاف یا نحوی وجوہ کی بنا پر مختلف طرح پڑھا ہے دونوں اقسام کے الفاظ منزل من اللہ اور حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلیم کردہ ہیں۔ مثلاً ایک صحابیؓ نے صلہ۔ اظہار۔ تسہیل اور فتح سیکھا۔ دوسرے نے بغیر صلہ۔ اظہار۔ تسہیل اور فتح۔ تیسرے نے بغیر صلہ۔ ادغام۔ تسہیل اور امالہ۔ اسی طرح اور بہت سی شکلیں ہوسکتی ہیں۔ اور چونکہ ان اختلافات کی کوئی ترتیب بعینہٖ واجب نہ تھی لہٰذا تابعینؒ و تبع تابعینؒ نے اپنے اساتذہ

کی قرات سے بپابندیِ شرائط نئی ترتیب سے قرات اختیار کرلیں اسی وجہ سے صدر اول کی قرات کا کوئی شمار نہیں بتایا جاسکتا۔ محقق کہتے ہیں امام ابو عبیدؒ۔ قاضی اسمٰعیلؒ۔ اور امام ابو جعفرؒ ابن جریر طبری نے اپنی کتابوں میں قراء سبعہ سے مقدم وہ پندرہ قرات بیان کی ہیں جو صحابۂ کرام کے عہد میں پڑھی جاتی تھیں اور جن سے وہ نماز پڑھتے تھے"

ائمہ کے تلامذہ اور رواۃ ان گنت تھے اور پھر انمیں سی ہر ایک کی جانشین ایک قوم بنی جن کی تعداد خدائے تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور نہ کسی مصنف کی یہ طاقت ہے کہ اُن کا احصیٰ کرسکے۔ پس ہم آیندہ فصل میں ائمہ سبعہ اور اُن کے مشہور رُواۃ کا مختصر ترجمہ بیان کریں گے اور اُسکے بعد کی فصل میں طُرقِ تیسیر کے مشائخ کا اجمالاً پتہ بتلائینگے۔ انشاء اللہ تعالےٰ

فصل پنجم ائمہ سبعہ اور ان کے مشہور رواۃ

اب اُمّت کے پاس دس قراءتیں متواترہ باقی ہیں اُن میں سے سات بہت زیادہ مشہور ہیں علامہ دانیؒ وغیرہ علمائے قرات نے ان ائمہؒ کے رواۃ میں سے دو دو راویوں کی روایات بیان کی ہیں اور اُسوقت سے یہی رواج ہے کہ ہر امام سے دو دو روایتیں پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں۔ ہماری اس کتاب میں بھی ائمہ سبعہؒ کی قرات اُن کے مشہور راویوں کی روایات سے بیان ہوئی ہیں لہذا ہم بغرض تعارف اُنکا نام ونسب وغیرہ اور مختصر حال بیان کرتے ہیں۔ واللہ الموفق للصواب۔

حضرت امام نافعؒ مدنی قاری اوّل

سیدنا ابو رویم نافعؒ بن عبدالرحمٰن بن ابی نعیم القاری مدنی مولیٰ جعونۃ بن شعوب لیثی۔ اصلاً اصفہانی ہیں۔ بہت زیادہ سیاہ فام تھے ۷۰ھ کے قریب مدینہ میں پیدا ہوئے۔ ستر تابعینؒ سے قرآن پڑھا۔ اُن کے منجملہ امام ابو جعفرؒ یزید بن قعقاع قاری ساحب قراۃ ہشتم۔ امام ابو داؤدؒ عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرجؒ امام ابو روح یزید بن رومان اسدی۔ امام شیبہؒ بن نصاح بن شہر جس قاضی مدینہ مولیٰ ام المؤمنین ام سلمہؓ۔ امام ابو عبداللہؒ مسلم بن جندب ہذلی قاضی مدینہ۔ امام صالحؒ بن خوات انصاری۔ امام ابو بکر محمدؐ بن مسلم ابن شہاب الزہری قرشی مدنیین ہیں۔ ان سب نے سوائے زہری کے بلا واسطہ اور زہری نے بذریعہ حضرت سعید بن المسیبؒ حضرت ابو ہریرہؓ۔ حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابو الحارث مخزومی سے پڑھا۔ ان تینوں نے حضرت ابیؓ بن کعب انصاری اور حضرت زیدؓ بن ثابت انصاری سے پڑھا۔ کبار و اوساط تابعین کے بعد حضرت نافعؒ مدینہ میں قرات کے بلانزاع امام تھے۔ اور اہل مدینہ کا آپ کی قرأہ پر اجماع تھا۔ امام احمدؒ بن حنبلؒ کہتے ہیں "اہل مدینہ کی قراۃ مجھے زیادہ پسند ہے"۔

امام مالکؒ کہتے ہیں "اہل مدینہ یعنی نافعؒ کی قراۃ سنت ہے"[۵۲] آپ صغار تابعین میں سے ہیں۔ آپ نے حضرت ابو الطفیلؓ اور حضرت ابن ابی اوفیؓ کو دیکھا ہے۔ آپ کے ان گنت تلامذہ میں سے امام اسمٰعیلؒ بن جعفر انصاریؒ۔ امام اسحاق بن محمد مسیبیؒ۔ امام اصمعیؒ۔ امام ابو خلیدؒ۔ حضرت امام مالکؒ انصاری صاحب مذہب۔ قالونؒ۔ اور ورشؒ۔ بہت مشہور اور ائمہ روزگار تھے۔ امام احمد بن حنبلؒ کہتے ہیں "نافعؒ قرآن کا درس دیتے تھے احادیث کا نہیں"

[۵۲] نشر جلد ۱ ص ۱۱۲ [۵۲] تہذیب جلد ۱۰ ص ۴۰۵ ۱۲

Marfat.com

تمام علماء توثیق کرتے ہیں۔ اسحاق مسیبیؒ کہتے ہیں "وفات سے قبل آپ کے بیٹوں نے وصیت کی خواہش کی تو آپ نے فرمایا۔ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِکُمْ الخ" ستّر برس سے زیادہ مسندِ قراءۃ آپ سے مزین رہی۔ جب پڑھتے تھے مُنہ سے مُشک کی خوشبو آتی تھی، کسی نے پوچھا کیا آپ خوشبو لگاتے ہیں فرمایا نہیں "مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ حضورؐ میرے مُنہ میں قرآن پڑھ رہے ہیں۔ اُس روز سے یہ خوشبو آتی ہے" سو سال کے قریب عمر پاکر ۱۶۹ھ میں مدینہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

آپ کے پہلے راوی سیدنا ابو موسیٰؒ عیسیٰ بن مینا، بن وردان بن عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن عمر بن عبداللہ مدنی زرقی معلّم عربیۃ ملقب بقالونؒ اور دوسرے راوی سیدنا ابو سعید عثمان بن سعید بن عبداللہ بن عمر بن [illegible]ان بن ابراہیم قبطی مصری قرشی بَوَلا ملقب بورشؒ ہیں سیدنا قالونؒ ۱۲۰ھ میں مدینہ میں پیدا ہوئے ۱۵۰ھ تک امام نافعؒ سے پڑھتے رہے اور اُن کے بعد مدینہ میں جمع علیہ قاری اور مُعلّم عربیت تھے۔ کانوں سے بہرے تھے لیکن قرآن سُننے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی تھی۔ آپ امام کے محبوب ترین شاگرد تھے اور امام ہی نے جودۃ قراءۃ کی وجہ سے آپ کو قالون سے ملقب کیا تھا۔ قالون رومی زبان میں جید کو کہتے ہیں۔ خود فرماتے ہیں "جب مَیں امام نافعؒ سے اُنکی قراءۃ ان گنت مرتبہ پڑھ چکا تو فرمایا "تم مجھسے کب تک پڑھتے رہو گے۔ اب تم ایک ستون کے پاس بیٹھو تاکہ میں تمھارے پاس پڑھنے والوں کو بھیجوں" ستّر سال مسندِ قراءۃ پر متمکن رہکر ۲۲۰ھ میں پورے سو سال کی عمر میں مدینہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

سیدنا ورشؒ ۱۱۰ھ میں مصر میں پیدا ہوئے امام نافعؒ سے پڑھنے کے لیئے ہجرت کرکے مدینہ آئے خود فرماتے ہیں "جب میں مدینہ میں پہونچا تو دیکھا کہ کثرت طلباء کی وجہ سے

Marfat.com

کوئی شخص امام نافعؒ سے پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا اور اگر کسی خوش نصیب کو موقع ملتا ہے تو وہ بھی تیس آیات سے زیادہ نہیں۔ میں بعض بزرگوں کو سفارش کے لیئے آپکی خدمت میں لے گیا۔ انہوں نے کہا "یہ مصر سے صرف آپ کے پاس آیا ہے۔ حاجی اور تاجر نہیں ہے"۔ امام نے فرمایا "آپ دیکھتے ہیں مہاجرینؓ و انصارؓ کی اولاد کی تعلیم کی کی وجہ سے میں کتنا عدیم الفرصت ہوں"۔ جب زیادہ اصرار کیا گیا تو رات کو مسجد نبوی میں رہنے کی تاکید کی صبح کی نماز سے قبل جب آپ مسجد میں آئے تو پوچھا وہ مصری کہاں ہے۔ اور مجھے پڑھنے کا حکم دیا جب میں تیس آیتیں پڑھ چکا تو خاموش ہو جانے کا اشارہ فرمایا۔ حلقۂ طلباء میں سے ایک نوجوان نے کھڑے ہو کر کہا "اے معلم خیر شیخ ہم آپ کے ساتھ مدینہ میں رہتے ہیں اور یہ ہجرت کر کے آپ کے پاس آیا ہے لہذا میں اپنے وقت میں سے دس آیات کے بقدر اسکو ہبہ کرتا ہوں"۔ پھر ایک اور شخص نے دس آیتوں کا وقت ہبہ کیا جس پر مجھے امام نے بیس آیتیں اور پڑھنے کی اجازت دی اور جب سب فارغ ہو گئے تو میں نے پچاس آیتیں اور پڑھیں اور اسی طرح تمام قرآن کئی مرتبہ آپ سے پڑھا

آپ بڑے خوش آواز تھے اسی وجہ سے امام نافعؒ نے آپ کو ورشان سے سے ملقب کر دیا تھا۔ ورشان نر فاختہ کو کہتے ہیں۔ کثرت استعمال سے الف و نون حذف ہو کر ورش رہ گیا۔ آپ عموماً تحقیق کے ساتھ قرآن پڑھتے تھے۔ یونس بن عبد الاعلیٰ کہتے ہیں "ورش جید القراۃ اور خوش الحان تھے۔ جب اشباع و ترتیل وغیرہ کے ساتھ قرآن پڑھتے تھے تو سامع ملول نہیں ہوتا تھا"۔ آپ فربہ اندام۔ کوتاہ قامت۔ ازرق چشم اور بہت زیادہ گورے چٹے تھے ۱۵۵ھ میں مصر واپس گئے جہاں آپ بلا نزاع رئیس القراء اور عربیت و تجوید کے امام تھے ۱۹۷ھ میں مصر میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت امام ابن کثیر مکیؒ قاری دوم

سیدنا ابو معبدؒ عبداللہ بن کثیر بن عمرو بن عبداللہ بن زاذان بن فیروزان بن ہرمز داری مکیؒ مولیٰ عمرو بن علقمہ کنانی فارسی الاصل تھے ۴۵ھ میں مکہ میں پیدا ہوئے تابعینؒ کے دوسرے طبقے سے ہیں۔ آپ نے حضرت ابو السائبؓ عبداللہ بن السائب بن ابی السائب مخزومی صاحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ امام ابو الحجاجؒ مجاہدؒ بن جبر مولیٰ سائب بن ابی السائب مخزومی مشہور مفسر اور شیخ القراء دربارؒ مولیٰ حضرت ابن عباسؓ سے قرآن پڑھا۔ ابو السائب حضرت عمرؓ اور حضرت اُبیؓ کے شاگرد ہیں اور مجاہدؒ و دربارؒ حضرت ابن عباسؓ کے۔ حضرت ابو ایوبؓ انصاری حضرت عبداللہ بن زبیرؓ قرشی اور حضرت انسؓ بن مالک انصاری وغیرہ صحابۂ کرام سے شرف ملاقات حاصل ہوا تھا۔ ایک عرصہ تک عراق میں رہے پھر مکہ آگئے اور وہاں کے قاضی مقرر ہوئے۔ امام سفیانؒ بن عیینہ[1] کہتے ہیں "مکہ میں ابن کثیرؒ اور حمیدؒ بن قیس الاعرجؒ سے بہتر کوئی قاری نہ تھا" جریرؒ بن حازم کہتے ہیں "قرآن میں[1] افصح الناس تھے" امام ابو عبید کہتے ہیں "مکہ کی قراءۃ آپ پر منتہی ہوتی ہے اور وہاں کے اکثر قراء آپ کے پیرو تھے" ابن مجاہدؒ کہتے ہیں "وفات تک مکہ میں قراءۃ کے بالاجماع امام رہے" امام ابو عمروؒ کہتے ہیں "عربیت میں مجاہدؒ سے اعلم تھے" امام مجاہدؒ کی وفات پر حرم کی مسند قراءۃ کو علماء کی درخواست و اصرار پر قبول کیا اور تاحیات اُس پر متمکن رہے۔ امام ابو عمروؒ بصری۔ امام سفیانؒ بن عیینہ۔ اور امام النحو خلیلؒ بن احمدؒ جیسے ائمہ آپ کے شاگرد تھے۔

عطر وغیرہ خوشبویات کی تجارت کرتے تھے اسی وجہ سے داری کہلاتے ہیں۔ اہل مکہ عطار کو

[1] تہذیب جلد ۵ ص ۳۶۸

Marfat.com

داری کہتے تھے۔ آپ جسیم طویل القامت صاحب وقار وسکینت اور ضخیم اللحیہ تھے۔ داڑھی کو حنا سے رنگین رکھتے تھے ۱۲۰ھ میں بعمر ۷۵ سال مکہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کے پہلے راوی سیدنا ابوالحسن احمد بن محمد بن عبداللہ بن القاسم بن البزۃ بن نافع رحمن ابی بزہ مخزومی بوّلا مکی موذن مسجد الحرام معروف ببزیؒ اور دوسرے راوی سیدنا ابوعمر محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن خالد بن سعید بن جُرجہ مخزومی مکی ملقب بقنبلؒ ہیں۔ دونوں حضرات سند کے ذریعہ سے امام ابن کثیرؒ سے قراءۃ روایت کرتے ہیں۔

سیدنا بزیؒ ۱۷۰ھ میں مکہ میں پیدا ہوئے۔ شیخ القراء عبداللہؒ بن زیاد بن عبداللہ بن یسار شیخ القراء ابوالقاسم عکرمہؒ بن سلیمان بن کثیر۔ شیخ القراء ابوالاخریطؒ وہبؒ بن واضح مکیین سے قرآن پڑھا۔ یہ تینوں حضرات شیخ القراء ابواسحاق اسمٰعیل بن عبداللہ بن قسطنطین معروف بقسط کے شاگرد ہیں قسط نے امام ابن کثیرؒ سے براہ راست بھی پڑھا ہے اور شیخ القراء شبل بن عبادؒ اور شیخ القراء ابوالولید معروف بابن مشکانؒ مکیین کے واسطہ سے بھی۔ یہ دونوں امام ابن کثیرؒ کے شاگرد ہیں۔

حجاز کی مشیخت قرارت بزیؒ پر منتہی ہوتی تھی۔ لوگ اطراف وجوانب سے قرآن کے لیئے آپ کے پاس آتے تھے۔ اپنے جد اعلیٰ حضرت ابوبزہؓ کی جانب منسوب ہیں۔ چالیس سال مسجد حرام کے موذن وامام رہے ۲۵۰ھ میں مکہ میں بعمر ۸۰ سال وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

سیدنا قنبلؒ ۱۹۵ھ میں مکہ میں پیدا ہوئے شیخ القراء ابوالحسن احمد بن محمد بن علقمہ بن نافع بن عمر بن صبیح بن عون البنّاء معروف بقنبلؒ اس مکی سے قرآن پڑھا۔ آپ شیخ القراء ابوالاخریط موصوف کے شاگرد ہیں۔

قنبلؒ اپنے وقت میں قرارت کے اندر حجاز کے امام اور رئیس القراء تھے مشیخت قرارت آپ پر منتہی ہوتی تھی۔ اور لوگ آپ کے پاس آتے تھے ۲۹۱ھ میں مکہ میں بعمر ۹۶ سال وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ دانیؒ کہتے ہیں

Marfat.com

ت مکہ میں آپ کا گھرانہ آج تک قنابلہ کے نام سے مشہور ہے۔

حضرت امام ابو عمرو رح بصری قاری سوم امام العربیت

سیدنا حضرت ابو عمروؒ بن العلاء بن عمار بن عُریان بن عبداللہ بن حصین بن حارث بن جلہم بن عمرو بن خزاعی بن ملک بن مازن بن تمیم مازنی تمیمی نحوی مقرئ بصرہ ۶۸ھ میں مکہ میں پیدا ہوئے۔ امام ابو جعفرؒ امام ابو رَوحؒ۔ امام شیبہؒ۔ امام مجاہدؒ۔ امام ابن کثیرؒ موصوفین شیخ القراء عکرمہؒ بربری مدنی امام عطاءؒ بن ابی رباح۔ شیخ القراء عکرمہؒ بن خالد امام حُمیدؒ بن قیس الاعرجؒ شیخ القراء محمد بن مُحیصنؒ مکیین۔ حضرت سعید بن جبیرؒ۔ امام عاصمؒ کوفیین۔ امام ابو العالیہؒ۔ سلطان الاولیاء خواجہ حسنؒ۔ شیخ القراء یحییٰ بن یعمرؒ۔ شیخ القراء نصر ابن عاصمؒ اور امام عبداللہ بن اسحاق حضرمی سترہ شیوخ سے قرآن پڑھا۔ انمیں سے اکثر نے حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے پڑھا ہے اور تمام جماعت حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت ابیؓ۔ حضرت زیدؓ اور حضرت ابو موسیٰؓ کے بالواسطہ اور بعض بلاواسطہ شاگرد ہیں۔

آپ بھی تابعی ہیں۔ حضرت انسؓ بن مالک سے روایت کرتے ہیں۔ قرات۔ عربیت لغت۔ انساب۔ تاریخ اور شعر میں اعلم الناس تھے۔ ابو عمروؒ شیبانی کہتے ہیں "ہم نے آپ کا مثل نہیں دیکھا۔ فرزدق شاعر کہتا ہے

مَا زِلْتُ أَفْتَحُ أَبْوَابًا وَأُغْلِقُهَا[1] حَتّٰى رَأَيْتُ أَبَا عَمْرِو بْنَ عَمَّارِ

ابن مجاہدؒ کہتے ہیں "قرات میں اعلم۔ لغت۔ عربیت اور فقہ میں امام ہونیکے باوجود

[1] میں دروازے کھولتا اور بند کرتا رہا حتی کہ میں نے ابو عمر ابن عمار کو دیکھا یعنی میری علمی پیاس آپ کے پاس آکر بجھی ۱۲

نقل کے پیرو تھے۔ اپنی اختیار کردہ قراۃ میں وجوہ مرویہ سے کہیں عدول نہیں کیا۔ آپکی قراۃ دل آویز اور تکلف سے بالاتر ہے۔ بصرہ میں بہت سے علماء آپکے معاصر تھے مگر کوئی آپ کے مرتبہ تک نہیں پہنچا، سیدالاولیاء خواجہ حسنؒ بصری آپ کے شیخ نے آپ کے گرد طلباء کا ازدحام دیکھکر تعجب سے فرمایا "لا الہ الا اللہ" کیا علماء ارباب بن گئے اور بیشک جس عزت کی بنیاد علم پر نہ رکھی جائے اُسکا انجام ذلت ہے" یحییٰؒ کہتے ہیں "میں نے آپ سے ہزار مسئلے پوچھے آپ نے ہر مسئلہ کا جدا جدا جواب دیا اور ہر جواب پر شعراء جاہلیت کے کلام سے شواہد پیش کیئے۔ آپ حضرت خواجہ حسن بصریؒ کی حیات میں سیادت کے مرتبہ پر پہنچگئے تھے اور اپنے زمانہ میں تو سب سے فائق تھے" نیز کہتے ہیں "میں دس سال آپ کے پاس رہا میں نے کبھی آپ کی زبان سے کسی اسلامی شاعر کا شعر نہیں سنا۔ رمضان میں کبھی شعر نہیں پڑھتے تھے۔ ۱۵۴ھ میں شام کیطرف جاتے ہوئے کوفہ میں وفات پائی ۸۶ سال کی عمر تھی۔ رحمۃ اللہ علیہ

آپ کے پہلے راوی سیدنا ابو عمرؒ حفص بن عمر بن عبدالعزیز بن صہبان ازدی دوریؒ ضریر۔ اور دوسرے راوی سیدنا ابو شعیب صالحؒ بن زیاد بن عبداللہ بن جارود سوسیؒ رقیؒ ہیں۔ دونوں حضرات امام العلامہ سیدنا ابو محمد یحییٰ بن مبارک بن مغیرہ عدوی نحوی بغدادی معروف بیزیدیؒ کے واسطہ سے امام ابو عمروؒ کی قراۃ روایت کرتے ہیں۔

سیدنا یزیدیؒ بڑی شان کے ساتھ بغداد میں رہتے تھے۔ پہلے یزید بن منصور خال مہدی عباسی کے لڑکوں کے اتالیق تھے جس سے یزیدی عرف پڑگیا۔ پھر ہارون نے مامون کی اتالیقی پر مقرر کردیا۔ قراۃ۔ حدیث اور نحو و لغت کے ماہر شاعر اور صاحب تصنیف عالم تھے۔ ایک کتاب لغت میں اور کتاب المقصور والممدود اور المختصر فی النحو۔ اور کتاب النقط والشکل تصنیف کیں۔

Marfat.com

قرات امام ابوعمروؒ سے پڑھیں۔ لغت عربیت عروض و تاریخ علامہ ممدوح اور علامہ خلیلؒ بن احمدؒ امام النحو سے حاصل کی۔ ابوالعتاہیہ نے آپ کے حافظہ سے عربیت کے متعلق دس ہزار اوراق لکھے تھے۔ جو سب ابوعمروؒ سے تھے اور آپ نے خلیلؒ سے جو کچھ حاصل کیا تھا وہ اس سے ماسوا اور زیادہ تھا۔ ۲۰۲ھ میں مرو میں وفات پائی۔ ابن منادی کہتے ہیں عمر سو برس کے قریب تھی۔ اکثر لوگ ۷۴ سال کہتے ہیں۔ رحمۃ اللہ علیہ

سیدنا دوریؒ ۱۵۰ھ میں بغداد کے موضع دور میں پیدا ہوئے۔ امام اسمعیلؒ بن جعفر انصاری۔ امام کسائیؒ۔ علامہ یزیدیؒ۔ علامہ مسلم بن عیسیٰؒ اور علامہ شجاعؒ ابن ابی نصرؒ خراسانی وغیرہ حضرات سے قرات پڑھیں اور جمع کیں "محقق" کہتے ہیں سب سے پہلے قرات آپ نے جمع کیں آپ کی سند سے قرات عشرہ ہمیں پہونچی ہیں"۔ ملا علیؒ کہتے ہیں آپ نے قرات جمع کیں اور اسکے متعلق ایک کتاب لکھی"۔ ممکن ہے کوئی کتاب لکھی ہو مگر ثابت نہیں ہوئی۔ متعدد حضرات سے حدیث سنی قرآن و تفسیر کے عالم تھے۔ شوال ۲۴۶ھ میں سامرہ میں بعمر ۹۶ سال وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

سیدنا موسیٰؒ سوس میں جو اہواز کا موضع ہے پیدا ہوئے علامہ یزیدیؒ سے قرات پڑھیں اور اُن کے تلامذہ میں خاص جلالت رکھتے تھے۔ رقہ میں جو ارض ربیعہ کا بر لب فرات ایک شہر ہے رہتے تھے وہیں محرم ۲۶۱ھ میں وفات پائی عمر ۹۰ سال کے قریب تھی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت امام ابن عامرؒ شامی قاری چہارم

سیدنا ابوعمران عبداللہ بن عامرؒ بن یزید بن تمیم بن ربیعہ یحصبی قاضی و شیخ الاقراء اور امام

لہ ہمارے شیوخ مخصوص حضرات کو شیخ الاقراء کہتے ہیں اور یہ سلطنت مصر کیجانب سے کبار شیوخ کو لقب ہی ملتا تھا۔ اقراء مقری کا مصدر بروزن افعال ہے صیغہ امر نہیں جیسا کہ بعض کو وہم ہوتا ہے۔

Marfat.com

جامع دمشق بقول صحیح ۲۱ھ میں پیدا ہوئے۔ شیخ القراء ابوالہیثم مغیرہؒ بن ابی شہاب عبداللہؒ ابن عمر بن مغیرہؓ مخزومی تلمیذ حضرت عثمانؓ حضرت ابو محمد فضالہؓ بن عبید اوسی انصاری۔ اور حضرت واثلہؓ بن الاسقع لیثی تلمیذان حضرت ابوالدرداءؓ اور خود حضرت ابوالدرداءؓ عویمر بن عامر خزرجی انصاری سے قرات پڑھیں۔ حضرت بلالؓ بن ابی الدرداءؓ کی وفات پر دمشق کے قاضی مقرر ہوئے۔ پھر امام بنائے گئے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ اپنی خلافت میں آپ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے۔ دمشق دارالخلافہ صحابہؓ اور تابعینؒ سے بھرا ہوا تھا۔ پھر بھی آپ اسمیں قضاء امامت اور مشیخت اقراء تین تین منا صب جلیلہ کے حامل تھے۔ آپکی اختیار کردہ قراءۃ پر آپکی حیات میں اجماع منعقد ہوگیا تھا حالانکہ وہ صدر اول اور تابعین کا عہد تھا جسکے علماء فضائل میں یگانہ تھے۔

امام ابن مجاہدؒ نے آپ کو چوتھے مرتبہ پر بیان کیا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ قراء سبعہ میں سے آپ کبار تابعین میں سے اور باعتبار زمانہ اور بلحاظ شیوخ آپ سب سے مقدم ہیں۔ ۱۰ محرم ۱۱۸ھ کو دمشق میں بعمر ۹۰ سال وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

آپ کے پہلے راوی شیخ الاسلام سیدنا ابوالولید ہشامؒ بن عمار بن نصیر بن میسرۃ بن ابان سلمی خطیب جامع دمشق۔ اور دوسرے راوی سیدنا ابو عمروؒ عبداللہ بن احمد بن بشیر بن ذکوان قرشی فہری امام جامع دمشق ہیں۔ دونوں سند کے ذریعہ سے امام ابن عامرؒ کی قراءۃ روایت کرتے ہیں

سیدنا ہشامؒ حفاظ حدیث میں سے ہیں۔ بخاریؒ۔ ابوداؤدؒ۔ ترمذیؒ۔ النسائیؒ۔ اور ابن ماجہؒ اور اکثر علماء جرح وتعدیل یعنی علامہ ابن سعدؒ۔ امام یحییٰ بن معینؒ۔ امام دحیمؒ امام ابوحاتمؒ امام ابوزرعہ رازیؒ امام ابوزرعہ دمشقیؒ۔ اور محدثین کی ایک جماعت کثیر آپ سے حدیث روایت کرتی ہے۔ ۱۵۳ھ میں پیدا ہوئے عقل و درایت فصاحت و بلاغت نقل و روایت اور علم و فضل میں معروف تھے۔ آخر عمر تک

Marfat.com

عقل و فہم میں کوئی فرق نہیں آیا۔ ابن ذکوانؒ کو آپکی منزلت اور بزرگی کا اعتراف تھا۔ ابوزرعہ رازیؒ کہتے ہیں "جس نے آپ کو نہیں دیکھا وہ اس امر کا محتاج ہے کہ دس ہزار حدیثیں تحریر کرے۔ آپ جامع دمشق میں نماز جمعہ کے امام تھے۔

آپ نے شیخ القراء ابوالعباس صدقہؒ بن خالد اموی بولا متوفی ۱۸۰ھ۔ شیخ القراء ابومحمد سویدؒ بن عبدالعزیز بن بمیر واسطی سلمی بولا متوفی ۱۹۴ھ شیخ القراء امام ابوالضحاک عراکؒ بن خالد بن یزید مزنی۔ اور شیخ القراء امام ابوسلیمان ایوبؒ بن تمیم تمیمی متوفی بعد از ۱۹۰ھ دمشقیین سے قرآن پڑھا۔ یہ چاروں حضرات شیخ القراء امام ابوعمر یحییٰؒ بن حارث ذمّاری غسانی دمشقی متوفی ۱۴۵ھ کے شاگرد ہیں اور یحییٰؒ امام ابن عامرؒ کے ہشامؒ سے آخر محرم ۲۴۵ھ میں دمشق میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ (۹۲ سال کی عمر تھی)

سیدنا ابن ذکوانؒ محرم ۱۷۳ھ کو پیدا ہوئے۔ ابوداؤدؒ اور ابن ماجہ وغیرہ ایک کثیر جماعت آپ سے حدیث روایت کرتی ہے۔ آپ نے بھی امام ابوسلیمان ایوبؒ بن تمیم موصوف سے قرآن پڑھا۔ ولیدؒ بن عتبہ کہتے ہیں "تمام عراق میں آپ سے بہتر قرآن پڑھنے والا کوئی نہ تھا" ابوزرعہؒ کہتے ہیں "میرے نزدیک حجاز و شام و مصر و خراسان میں آپ سے بہتر قرآن پڑھنے والا نہ تھا" امام ایوبؒ کے بعد دمشق کی ریاست قراءۃ آپ پر منتہی ہوتی تھی جمعہ کے سوا جامع اموی دمشق کے امام تھے۔ شوال ۲۴۲ھ میں بعمر ۶۹ سال دمشق میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

حضرت امام عاصمؒ کوفی قاری پنجم (۵)

سیدنا ابوبکر عاصمؒ ابن ابی النجود (وابن بہدلہ) اسدی بولا کوفی۔ آپ نے شیخ القراء امام

Marfat.com

ابو عبدالرحمٰنؒ عبداللہ بن حبیب بن رُبیّعہ سلمی ضریر شیخ الاقراء کوفہ۔ شیخ القراء امام ابو مریم زرّؒ بن حبیش بن حبّاشہ بن اوس بن ہلال اسدی اور شیخ القراء ابو عمر سعدؒ بن الیاس شیبانی کوفیین سے قرآن پڑھا۔ یہ تینوں حضرات کبار تابعین میں سے ہیں اور بلا واسطہ حضرت عثمانؓ حضرت علیؓ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضرت ابیؓ اور حضرت زیدؓ کے شاگرد ہیں۔ آپ خود بھی تابعی ہیں حضرت حارثؓ بن حسّان وغیرہ صحابۂ کرام سے ملے ہیں۔ امام احمد بن حنبلؒ کہتے ہیں "عاصمؒ صاحبِ قراءۃ اور حمادؒ صاحب فقہ تھے میں عاصمؒ کو زیادہ پسند[1] کرتا ہوں" عجلی کہتے ہیں "عاصم صاحب سنّت[1] و قراءۃ ثقہ اور رئیس القراء تھے" ابو اسحٰق سبیعیؒ بار بار کہتے تھے "میں نے عاصمؒ سے بہتر[1] قاری نہیں دیکھا" "عاصمؒ سے زیادہ قرآن کا عالم[1] کوئی نہیں" امام ابو عبدالرحمٰنؒ کے بعد کوفہ کی ریاستِ قرات آپ پر منتہی ہوتی تھی۔ آپ فصاحت و بلاغت ضبط و اتقان اور تجوید و تحریر کے جامع تھے۔ طریقۂ ادا اور لہجہ عجیب و غریب تھا خوش الحانی کی نظیر نہ تھی۔ عابد و کثیر الصلوٰۃ تھے ۱۲۷ھ میں کوفہ میں وفات پائی پچاس (۵۰) سال کے قریب مسند کوفہ پر قایم رہے۔ ابو بکرؒ کہتے ہیں وفات کے وقت آیۃ ثُمَّ رُدُّوْا اِلَی اللّٰہِ مَوْلٰھُمُ الْحَقِّ الخ بار بار پڑھتے تھے گویا کہ محراب میں قرآن سنا رہے ہیں۔ رحمۃ اللہ علیہ

باعتبار طبقات و رجال آپ امام ابن عامرؒ کے بعد اور باقی سب سے مقدم ہیں۔

آپ کے پہلے راوی سیدنا ابو بکر شعبہؒ بن عیّاش بن سالم اسدی بولاحتّاط۔ اور دوسرے راوی ابو عمر حفصؒ بن سلیمان بن مغیرۃ اسدی غاضری بزاز کوفیین ہیں۔

سیدنا ابو بکرؒ ۹۵ھ میں پیدا ہوئے حفاظ حدیث میں سے ہیں۔ امام احمد بن حنبلؒ کہتے ہیں "ثقہ۔ صدوق۔ صالح۔ صاحب قرآن۔ اور صاحب سنت تھے"

[1] تہذیب جلد ۵ ص ۳۰۱۲

خود فرماتے ہیں "میں نے کبھی کوئی منکر کام نہیں کیا۔ اور تیس ۳۰ سال سے روزانہ ایک قرآن ختم کرتا ہوں" ابن المبارکؒ کہتے ہیں "میں نے ابوبکرؒ سے زیادہ متبع سنت نہیں دیکھا" احمسی کہتے ہیں "میں نے ابوبکرؒ سے بہتر نماز پڑھنے والا نہیں دیکھا" ستر سال عبادت میں مصروف رہے اور چالیس سال آپ کے لئے بستر نہیں بچھایا گیا۔ اور اس عرصہ میں شب کے وقت آپنے زمین سے پیٹھ نہیں لگائی۔ ۲۴ ہزار مرتبہ قرآن ختم کیا۔ بروقت وفات خود فرمایا "میں نے اس زاویہ میں ۱۸ ہزار دفعہ قرآن پڑھا ہے زنہار اسمیں نافرمانی نہ کرنا" امام عاصمؒ سے تین مرتبہ قرآن پڑھا۔ پہلے پانچ پانچ آیات پڑھکر تین سال میں ختم کیا۔ امام کسائیؒ وغیرہ ائمہ آپکے تلامذہ میں سے ہیں۔ ۲۱۔ جمادی الثانی ۱۹۳ھ کو کوفہ میں بعمر ۹۸ سال وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ۔

سیدنا حفصؒ ۹۰ھ میں پیدا ہوئے امام عاصمؒ کے ربیب تھے۔ ابن معینؒ کہتے ہیں "حفصؒ وابوبکرؒ قراءۃ عاصمؒ کے اندر اعلم الناس تھے حفصؒ ابوبکرؒ سے اقرأ اور ابوبکر صدوق تھے۔ قراءۃ عاصمؒ کی اصح روایت وہ ہے جو حفصؒ نے روایت کی ہے" علامہ ذہبیؒ کہتے ہیں "ثقہ ضابط اور ثبت تھے لیکن حدیث میں یہ حال نہ تھا" امام عاصمؒ سے متعدد مرتبہ قرآن پڑھا۔ نیز متعدد دیگر شیوخ سے اکتساب کیا۔ فرماتے ہیں "ضُنْعُفٍ کے ضمہ کے سوا میں نے کسی حرف میں عاصمؒ کی مخالفت نہیں کی۔ آپنے ۱۸۰ھ میں کوفہ میں وفات پائی۔ عمر ۹۰ سال تھی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ کے ساتھ تجارت پارچہ میں شریک تھے

اگرچہ قرأت سبعہ بلکہ عشرہ متواترہ ہیں اور سبعہ کے خلاف تو کبھی کسی نے ایک حرف بھی نہیں کہا بلکہ حرمین اور بصرہ کی قرأت خالص قرشی ہونیکی وجہ سے ایک خاص امتیاز رکھتی ہیں۔ مگر یہ قبولیت خداداد ہے کہ صدیوں سے مکاتب و مدارس میں صرف روایت حفصؒ

Marfat.com

پڑھائی جاتی ہے اور روئے زمین پر ایک ہزار حفاظ میں سے تقریباً نوسو ننانوے آدمیوں کو صرف یہی روایت یاد ہے اور ایسا شاید کوئی نہ ہو جس نے یہ روایت نہ پڑھی ہو۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ۔ علیٰ زعم نخاۃ[1] قراءۃ عاصمؒ مروجہ ہی نہ ہونی چاہیئے تھی۔

حضرت امام حمزہؒ کوفی قاری ششم (۶)

سیدنا ابو عمارہ حمزہؒ بن حبیب بن عمارہ بن اسمٰعیل الزیات کوفی فرضی تیمی بولا ۸۰ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے۔ امام ابو محمد سلیمان بن مہران الاعمشؒ امام ابو محمد طلحہؒ بن مصرف یامی امام ابو اسحٰق عمرو بن عبداللہ السبیعیؒ۔ شیخ القراء ابو حمزہ حمران بن اعین شیبانی بولا شیخ القراء مغیرہؒ ابن مقسم ضبی۔ شیخ القراء ابو عتاب منصور بن معتمر سلمیؒ۔ قاضی ابو عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰ انصاری اور امام جعفر صادقؒ سے قرآن پڑھا۔ یہ سب حضرات بالواسطہ حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہؓ بن مسعودؓ، حضرت اُبیؓ اور حضرت زیدؓ کے شاگرد ہیں۔

امام حمزہؒ تبع تابعی ہیں۔ سبایاء فارس کی اولاد میں سے تھے۔ حد درجہ زاہد و مرتاض اور متقی و پرہیزگار تھے۔ ابن معینؒ کہتے ہیں "عبادت و زہد اور فضل و دین اور تقوے میں خیار بندوں میں سے تھے"، ابن فضلؒ کہتے ہیں "کوفہ پر سے حمزہؒ کے باعث بلا دور ہوتی ہے"، امام اعمشؒ آپ کے شیخ جب آپ کو دیکھتے تو فرماتے "یہ حبر قرآن ہے اور یہ آیت پڑھتے۔ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ الخ شاگردوں کے ہاتھ سے پانی پینا تک گوارا نہ تھا۔ امام ابو حنیفہؒ فرماتے تھے "حمزہؒ قراءۃ اور فرائض میں بلا نزاع ہم سب پر

[1] نخاۃ ہمزتین کی تحقیق کیوجہ سے قراءۃ عاصم پر اعتراض کرتے تھے ۱۲

غالب ہیں؟ امام سفیان ثوریؒ کہتے ہیں "آپ نے ایک حرف بلا سند نہیں پڑھا"
امام عاصمؒ کے بعد کوفہ کی ریاست قراءۃ آپ پر منتہی ہوتی تھی۔ ہر مہینہ میں ۲۷-۲۸ ختم
ترتیل کے ساتھ پڑھتے تھے۔ طریق ادا میں مبالغہ ناپسند تھا۔ خود فرماتے ہیں "جسطرح
راستی کے بعد کجی، اور سفیدی کے بعد برص ہے اسی طرح قراءۃ فصیحہ کے بعد قراءۃ لحن ہے"۔ امام سفیای ثوریؒ اور امام شریک بن عبداللہؒ آپکے شاگرد ہیں۔ آپ کوفہ سے
زیتون حلوان لیجاتے تھے اور وہاں سے پنیر واخروٹ کوفہ لاتے تھے۔ یہی وجہ معاش
تھی۔ ۱۵۶ھ ہجری میں بعمر ۷۶ سال حلوان میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

آپکے پہلے روای سیدنا ابو محمدؒ خلفؒ بن ہشام بن ثعلب بن غراب بغدادی بزار
صاحب قراءۃ دہم اور دوسرے راوی سیدنا ابو عیسیٰ خلادؒ بن خالد صیرفی کوفی
شیبانی بولا ہیں۔ دونوں امام الزاہد سیدنا ابو عیسیٰ سلیمؒ بن عیسیٰ بن سلیم بن عامر بن غالب
حنفیؒ بولا کوفی کے واسطہ سے امام حمزہؒ سے قراءۃ روایت کرتے ہیں۔

سیدنا سلیمؒ ۱۳۰ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے۔ امام حمزہؒ کے تلامذہ میں خاص جلالت
رکھتے تھے۔ اور زہد و تقوے میں شیخ کے پیرو تھے اور اُن کی قراءۃ کے سب سے زیادہ ضابط
اور متقن تھے۔ آپ ہی اُن کے جانشین بنے۔ یحییٰؒ کہتے ہیں "جب سلیمؒ آتے تو امام حمزہؒ
فرماتے "مؤدب ہو جاؤ سلیمؒ آتے ہیں"۔ خود کہتے ہیں "میں نے امام حمزہؒ سے دس
مرتبہ قرآن پڑھا اور ایک حرف میں ان کی مخالفت نہیں کی"۔ بقول دانیؒ و محققؒ ۱۸۸ھ
میں اور حسب بیان ملا علیؒ ۲۰۰ھ میں کوفہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

سیدنا خلفؒ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے دس برس کی عمر میں قرآن حفظ کیا اور
تیرہویں سال سماعت حدیث شروع کی۔ ثقہ۔ عابد۔ زاہد اور جلیل الشان امام تھے۔

Marfat.com

فرماتے ہیں:" مجھے عربیت میں ایک مشکل پیش آئی اُسکے لیئے میں نے اسی ہزار (۸۰۰۰۰) درہم خرچ کیئے اور اُسکو حاصل کرکے چھوڑا" آپ سُلیمؒ کے ممتاز شاگرد تھے سلیمؒ کے سوا آپ نے متعدد حضرات سے پڑھا ہے۔ حفاظ حدیث میں سے ہیں۔ آپ سے مسلمؒ و ابوداؤدؒ وغیرہ علماء حدیث روایت کرتے ہیں۔ ہمیشہ روزہ رکھتے تھے۔ دانیؒ کہتے ہیں:" امام نافعؒ کی قراءۃ اسحاق مسیبیؒ سے امام عاصمؒ کی یحییٰؒ سے پڑھی اور خود ایک قراءۃ اختیار کی۔ صاحب سنت ثقہ۔ مامون اور حدیث میں بھی مقدم تھے۔ جمادی الثانی ۲۲۹ھ میں کوفہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

سیدنا خلادؒ۔ امام۔ ثقہ۔ محقق۔ مجود صاحب ضبط و اتقان تھے۔ دانیؒ کہتے ہیں:" سُلیمؒ کے تلامذہ میں سب سے زیادہ ضابط و جلیل تھے۔ ترمذیؒ اور ابن خزیمہؒ کی صحیح میں آپ سے ایک ایک حدیث مروی ہے ۲۲۰ھ میں کوفہ میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ۔

حضرت امام کسائیؒ کوفی قاریِ ہفتم (۷)

سیدنا ابوالحسن علیؒ بن حمزہ بن عبداللہ بن قیس (بہمن) بن فیروز اسدی بولانحوی کوفی کسائیؒ۔ تقریباً ۱۱۹ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے اصلاً فارسی ہیں امام محمدؒ بن حسن شیبانی صاحب امام الاعظمؒ کے خالہ زاد بھائی تھے۔ امام حمزہؒ سے چار مرتبہ قرآن پڑھا۔ نیز قاضی محمدؒ بن ابی لیلیٰؒ۔ امام ابوبکرؒ۔ امام اسمٰعیلؒ بن جعفر انصاری۔ شیخ القراء زائدہؒ بن قدامہ شیخ القراء عیسیٰؒ بن عمر ہمدانی سے قرات پڑھیں۔ یہ حضرات گذشتہ شیوخ کے شاگرد ہیں امام کسائی نے پہلے خلیلؒ بن احمد بصری سے نحو سیکھی۔ پھر انکی تحریک پر نجد و تہامہ جاکر اعراب میں رہے اور عربیت کا اتنا ذخیرہ جمع کیا کہ جسکے لکھنے میں سیاہی کے پندرہ شیشے صرف ہوئے۔ واپسی پر بغداد میں قیام کیا پہلے ہارون کو پڑھایا اور پھر اُسکے بیٹے امین کو۔

Marfat.com

بڑے بڑے ائمہ آپ کے شاگرد ہیں۔ ابن الانباریؒ کہتے ہیں "قراءۃ۔ عربیت اور لغت میں اعلم الناس تھے" طلباء کا ازدحام جمع ہو جاتا تھا آپ ممبر پر بیٹھکر پڑھتے تھے وہ اُس سے اخذ و تصحیح کرتے تھے" معانی القرآن۔ کتاب النحو۔ کتاب نوادر کبیر۔ وغیرہ آپ کی تصانیف ہیں۔ سیبویہ سے مناظرے ہوتے تھے۔ یزیدی سے اکثر ہمنشینی رہتی تھی ۱۸۹ھ میں ہارون کے ساتھ رے جاتے ہوئے موضع رنبویہ میں بعمر ۷۰ سال وفات پائی۔ اور وہیں امام محمدؒ نے انتقال کیا جسپر ہارون نے کہا "ہم نے قراءۃ اور فقہ کو یہاں دفن کیا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کے پہلے راوی سیدنا ابو الحارثؒ لیث بن خالد نحوی مروزی بغدادی اور دوسرے راوی سیدنا ابو عمر حفص بن عمر دُوریؒ موصوف ہیں۔

سیدنا ابو الحارثؒ ثقہ۔ ضابط۔ صالح۔ محقق اور قرات کے ماہر تھے کسائی کے اجل تلامذہ میں سے ہیں۔ ۲۴۰ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ دُوری کا حال اوپر بیان ہوا۔

قراء سبعہ کی یہ ترتیب امام ابن مجاہدؒ کی مقرر کردہ اور چوتھی صدی سے یہی معمول ہے ورنہ شیوخ وطبقات کے لحاظ سے۔ ابن عامرؒ۔ عاصمؒ۔ ابن کثیرؒ۔ نافعؒ۔ ابو عمروؒ۔ حمزہؒ۔ اور کسائیؒ ہونی چاہیے تھی۔ اور رواۃ کی یہ ترتیب شاطبیؒ کی بیان کردہ ہے ورنہ ابن مجاہدؒ و دانیؒ وغیرہ نے قنبل کو بزیؒ سے ابن ذکوانؒ کو ہشامؒ سے اور کسائیؒ کے دُوری کو ابو الحارثؒ سے مقدم بیان کیا ہے۔ باقی میں موافق ہیں۔

باتباع ابن مجاہدؒ و شاطبیؒ چوتھی اور چھٹی صدی سے اکثر مصنفین و مؤلفین اور تمام اہل ادا اسکی پیروی کرتے ہیں لیکن یہ واجب و مسنون نہیں ہے۔ قاری جسکو چاہے مقدم و مؤخر کر سکتا ہے لیکن جمع پڑھتے ہوئے کسی ایک ترتیب پر رہنا چاہیئے تاکہ غلطی نہ ہو۔ اور مناسب ہے کہ اسی پر ہی ایجاد کی ضرورت نہیں ہے

Marfat.com

فصل ششم طرق تیسیر و شاطبیہ

اس فصل میں اُن مشائخ کرامؒ کا ذکر ہے جنکے واسطہ سے قرات علامہ دانی تک پہونچیں۔ ہم نے ہر روایت کے طرق جدا جدا بیان کیئے ہیں تاکہ طلباء کو مغالطہ نہ ہو۔ اور ہر شیخ کا نام و نسب لکھنے سے قبل ابتداء میں وہ عرف یا لقب سادہ طور سے درج کیا ہے جس سے وہ مشہور ہیں اور اُن کا ذکر اس فن کی کتابوں میں آتا ہے۔ اس کتاب میں بھی اُسی سے حوالہ آئیگا۔ ناظرین اِسکو ہر جگہ یاد رکھیں۔ طرق میں جو حضرات مکرر آئیں گے اُنکا حوالہ بھی ہر طریقہ میں اُسی مشہور نام سے دیا جائیگا۔

طرق قالونؒ

ابو نشیطؒ۔ سیدنا امام ابو جعفر محمد بن ہارون بن ابراہیم الربعی بغدادیؒ بزاز۔ مشہور محدث و محقق۔ ثقہ۔ ضابط۔ صدوق اور قالونؒ کے اجل تلامذہ میں سے تھے شوال ۲۵۸ھ میں بغداد میں وفات پائی رح

(۲) ابو حسانؒ سیدنا قاضی ابو بکر احمد بن محمد بن یزید بن اشعث بن حسان بغدادیؒ امام ثقہ اور ابو نشیط کے تلامذہ میں روایت قالون کے ضبط و اتقان میں یگانۂ عصر تھے ۳۰۰ھ کے قریب بغداد میں وفات پائی رح

(۳) ابن بویانؒ۔ سیدنا امام ابو الحسین احمد بن عثمان بن جعفر بن بویان بغدادی حربی قطان ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے۔ امام۔ ثقہ۔ کبیر مشہور و ضابط تھے ۳۴۴ھ میں وفات پائی بُویان بباء موحدہ صحیح ہے۔ ثوبان بالثاء صحیح نہیں۔ علامہ ذہبی کو دھوکا ہوا۔

(۴) سیدنا ابراہیمؒ بن عمر مقری ابن بویان کے شاگرد ہیں جلیل المرتبہ قاری تھے۔

(۵) عبد الباقیؒ۔ سیدنا ابو الحسن عبد الباقی بن الحسن خراسانی مقری بڑی بڑی ائمہ کے شیخ ہیں۔

(۶) ابو الفتحؒ۔ سیدنا ابو الفتح فارس بن احمد بن موسی بن عمران حمصی ضریر مقری

مولف منشأ القرات فی الثمان آپ نے امام عبدالباقی مقری کے سوا امام ابو احمد سامری ابن عراک ابو محمد کاتب وغیرہ ائمہ سے قرات پڑھیں بہت بڑے اور مشہور مقری اور علامہ دانی وغیرہ ائمہ کے شیخ ہیں سنہ ۴۰۱ھ میں وفات پائی۔

روایت ورش

(۱) ازرق۔ سیدنا امام ابو یعقوب یوسف بن عمر بن یسار الازرق مدنی ثم المصری محقق۔ ثقہ۔ ضابط۔ اور صاحب اتقان تھے۔ حضرت ورش کے پاس رہتے تھے بیس مرتبہ تحقیق و حدر کیساتھ ورش سے قرآن پڑھا۔ خود کہتے ہیں "جب میں آپکے پاس مقیم تھا تو تحقیق و ترتیل سے پڑھتا تھا۔ اور جب آپکے ساتھ اسکندریہ گیا تو حدر سے۔ ورش کے جانشین و خلیفہ آپ ہی بنے تھے۔ خزاعی کہتے ہیں "اہل مغرب آپ کے سوا روایت ورش کا کوئی طریقہ ہی نہیں جانتے تھے" سنہ ۲۴۰ھ کے قریب وفات پائی۔

(۲) نحاس۔ سیدنا ابو الحسن اسمٰعیل بن احمد بن عبداللہ بن عمرو النحاس مصری۔ روایت ورش کے جلیل القدر محقق اور ضابط تھے سنہ ۲۸۰ھ سے قبل وفات پائی۔

(۳) تجیبی۔ سیدنا ابو جعفر احمد بن اسامہ تجیبی۔ اور سیدنا ابو جعفر احمد بن اسحاق بن ابراہیم خیاط۔ اور سیدنا ابو بکر احمد بن محمد بن موسی بن ابی الرجاء مصری متوفی سنہ ۳۶۹ھ نحاس کے تلامذہ میں سے ہیں۔ اور سیدنا ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ انماطی ابو الرجاء کے شاگرد ہیں۔

(۴) ابو القاسم خاقانی۔ سیدنا ابو القاسم خلف بن ابراہیم بن محمد بن الخاقان خاقانی مصری۔ آپ تجیبی۔ خیاط اور انماطی کے شاگرد ہیں اور علامہ دانی کے شیخ ہیں مصر کے مشہور مقری تھے سنہ ۴۰۰ھ کے بعد وفات پائی۔

روایت بزی

(۱) ابو ربیعہ۔ سیدنا ابو ربیعہ محمد بن اسحاق بن وہب ربعی مکی۔ ثقہ۔ ضابط صاحب اتقان عادل اور جلیل القدر قاری تھے۔ بزی کے بعد مسجد حرام کے

Marfat.com

مؤذن مقرر ہوئے۔ رمضان ۲۹۴ھ میں مکہ میں وفات پائی رح

(۲) نقاشؒ۔ سیدنا امام ابوبکر محمد بن الحسن بن محمد بن زیاد بن ہارون بن جعفر بن مرثد النقاش موصلی بغدادیؒ ۲۶۶ھ میں پیدا ہوئے قراءۃ وحدیث کے لیئے۔ مکہ۔ کوفہ۔ بصرہ شام۔ مصر۔ جزیرہ۔ موصل۔ جبال اور خراسان وغیرہ کا سفر کیا۔ محنت شاقہ برداشت کی حتیٰ کہ شیخ وقت بنگئے بہت سی کتابیں تالیف کیں جنمیں سے کئی قرأت پر ہیں۔ علامہ دانیؒ کہتے ہیں "وہ آخر عمر میں وحید عصر امام۔ تقوٰے۔ صدق لہجہ۔ فہم اور وسیع معلومات میں یگانہ تھے۔ ۳ شوال ۳۵۱ھ میں بغداد میں وفات پائی رح

(۳) ابو القاسم فارسیؒ۔ سیدنا ابو القاسم عبد العزیز بن جعفر بن محمد بن اسحاق بن خواستی فارسی ثم البغدادیؒ علاّمہ روزگار قاری و محدث تھے۔ علامہ دانیؒ کے شیخ ہیں ۴۱۳ھ میں بغداد میں وفات پائی۔ ۹۲ سال کی عمر تھی۔

روایت قنبل رح

(۱) ابن مجاہدؒ۔ سیدنا الامام العلامہ ابوبکر احمد بن موسیٰ بن عباس بن مجاہد بغدادیؒ ۲۴۵ھ میں پیدا ہوئے حصولِ قرأت میں اتنی سعی کی کہ روئے زمین پر یگانہ روزگار بنگئے۔ تین تین سو متصدر حاضر درس ہوتے تھے۔ ۸۴ خلفا تھے۔ مبتدی پہلے اُن سے پڑھتے تھے۔ پھر آپکے سامنے حاضر ہوتے تھے علامہ دانیؒ کہتے ہیں "علم و فضل۔ فہم و ادراک اور صدق لہجہ میں تمام معاصرین سے فائق تھے" سبعہ مشہورہ کو سب سے پہلے آپ ہی نے مشہور کیا ہے۔ امام النحو علامہ ثعلبؒ جو آپکے شیخ ہیں کہتے ہیں "ہمارے زمانہ میں کتاب اللہ کا ابن مجاہدؒ سے زیادہ کوئی عالم نہیں ہے" صرف ابن عبدوسؒ سے ۳۰ مرتبہ قرآن پڑھا ۱۹ شعبان ۳۲۴ھ کو بغداد میں وفات پائی۔ امام عبید اللہ زہریؒ کہتے ہیں "میرے والد نے رات کو خواب میں دیکھا کہ کوئی کہتا ہے حامل کتاب اللہ فوت ہوگیا۔ صبح کو آپکی وفات معلوم ہوئی۔ رحمۃ اللہ علیہ

(۲) ابو احمد سامریؒ - سیدنا ابو احمد عبداللہ بن حسین بن حسنون سامری بغدادیؒ ۲۹۵ھ میں پیدا ہوئے - امام ابن مجاہدؒ ابن شنبوذؒ - ابن حمدون الحذاءؒ - یموت بن مزرعؒ اور اسحٰق کنفیؒ وغیرہ سے قرات پڑھیں - ثقہ - ضابط اور مامون تھے - علامہ دانیؒ - علامہ ابو حیانؒ اور حافظ ذہبیؒ تعریف کرتے ہیں محرم ۳۸۶ھ میں بغداد میں وفات پائی رحمہ اللہ

(۳) امام ابو الفتحؒ موصوف

روایت دوری

(۱) ابن عبدوسؒ - سیدنا ابو الزعراء عبدالرحمٰن بن عبدوسؒ ہمدانی دقاقؒ - ثقہ - ضابط - اور محقق قاری تھے - علامہ دانیؒ کہتے ہیں "دوریؒ کے تلامذہ میں اکبر - اجل اور اوثق تھے" ۳۰۸ھ کے بعد وفات پائی رحمہ اللہ

(۲) ابن مجاہدؒ موصوف (۳) عبدالواحدؒ - سیدنا ابو طاہر عبدالواحد بن عمر ابن ابی ہاشم محمد بغدادیؒ - امام جلیل - ثقہ کبیر - مقری - نحوی - اور حجت تھے - محققؒ کہتے ہیں "امام ابن مجاہدؒ کے بعد کوئی آپ کے برابر نہ تھا" خطیبؒ کہتے ہیں "ثقہ اور امین تھے" شوال ۳۴۹ھ میں بعمر زائد از ۷۰ سال بغداد میں وفات پائی رحمہ اللہ (۴) فارسی موصوفؒ

مسندِ زمانہ ابو مسلمؒ کاتب - سیدنا ابو مسلم محمد بن احمد بن علی الکاتبؒ بغدادی ثم المصری ۳۰۵ھ میں پیدا ہوئے لغوی اور امام ابن مجاہدؒ کے تلامذہ میں سے سب کے بعد تک زندہ رہے - ابن خیر وزیر کے کاتب تھے - علامہ دانیؒ کے شیخ الحدیث اور شیخ الروایت ہیں - ۲ - ذی الحجہ ۳۹۹ھ کو مصر میں وفات پائی رحمہ اللہ

روایت سوسی

(۱) ابن جریریؒ - سیدنا ابو عمران موسیٰ بن جریر رقی ضریر نحوی ادغام و عربیت کے ذی بصارت امام و ماہر سوسی کے ممتاز شاگرد آن گنت تلامذہ کی شیخ اور صاحب وقار و حرمت بزرگ تھے ۳۱۶ھ میں وفات پائی رحمہ اللہ

(۲) امام ابو احمد سامریؒ موصوف (۳) امام ابو الفتحؒ موصوف

Marfat.com

روایت ہشام

(۱) **الحُلوانیؒ** - سیدنا ابوالحسن احمد بن یزید الحُلوانیؒ - استاذ کبیر - ثقہ - ضابط صاحب اتقان - امام القرات - عارفِ روایات - علی الخصوص قالونؒ وہشامؒ کی روایات کے ماہر کامل تھے - قالونؒ سے پڑھنے کے لیئے دو مرتبہ مدینہ طیبہ حاضر ہوئے سنہ ۲۵۰ھ میں حُلوان میں وفات پائی۔

(۲) **ابن عبدانؒ** - سیدنا محمدؐ بن احمد بن عبدان خزرجی - مقری - جزیرۂ ابن عمر کے رہنے والے تھے حُلوانی سے عرضاً قرات پڑھیں سنہ ۳۰۰ھ کے بعد وفات پائی۔

(۳) امام ابواحمد سامریؒ موصوف - (۴) امام ابوالفتحؒ موصوف

روایت ابن ذکوانؒ

(۱) **الاخفشؒ** - سیدنا امام ابوعبداللہ یاکون بن موسیٰ بن شریک تغلبی الاخفشؒ دمشقی - نحوی - مقری - ثقہ - ضابط - اور شیخ القرات تھے - ابوعلیؒ اصفہانی کہتے ہیں "اخفشؒ صاحب علم وفضل تھے" قراۃ وعربیت میں کئی کتابیں تصنیف کیں ابنِ ذکوانؒ کے بعد آپ ہی جانشین ہوئے سنہ ۲۹۲ھ میں بعمر ۹۲ سال وفات پائی۔

(۲) النقاشؒ موصوف (۳) فارسیؒ موصوف۔

روایت ابوبکرؒ

(۱) **یحییٰؒ** - سیدنا ابوزکریا یحییٰ بن آدم بن سلیمان اموی مولیٰ آل ابی معیطؒ کوفی کبار فقہاؤ محدثین میں سے تھے - ابوداؤدؒ کہتے ہیں "یگانۂ روزگار امام تھے - تمام علماء جرح وتعدیل توثیق وتعریف کرتے ہیں ربیع الاول سنہ ۲۰۳ھ میں فم صلح میں وفات پائی۔

(۲) **صریفینیؒ** - سیدنا قاضی ابوبکر شعیب بن ایوب بن رُزیق بن معبد بن شیطا صریفینی حنفیؒ - محدثین میں سے ہیں واسط کے قاضی تھے - قاضی ابوحازم سے فقہ کی تکمیل کی ابوداؤدؒ وغیرہ آپ سے روایت کرتے ہیں سنہ ۲۶۱ھ میں واسط میں وفات پائی۔

(۳) **الاصمؒ** - سیدنا ابوبکر یوسف بن یعقوب بن حسینؒ واسطی - ضابط ثقہ - امام جلیل

Marfat.com

اور صاحب کرامات تھے ۱۸۲ھ میں پیدا ہوئے۔ نقاشؒ کہتے ہیں "میں نے ابوبکرؒ کا مثل نہیں دیکھا" جامع واسطہ کی امامت اور قراۃ عاصمؒ کی اعلیٰ سند رکھتے تھے ۳۲۳ھ میں وفات پائی رحمہ

(۳) سیدنا احمدؒ بن یوسف قافلائیؒ۔ حیرفتنیؒ کے شاگرد اور امام ابو احمد سامریؒ کے شیخ تھے۔

(۴) سیدنا ابراہیمؒ بن عبدالرحمٰن بن احمد بغدادی ابوبکرؒ واسطی کے شاگرد اور عبدالباقیؒ کے شیخ ہیں۔

(۵) سیدنا عبدالباقیؒ موصوف۔ (۶) سیدنا ابوالفتحؒ موصوف

روایت حفصؒ

(۱) عبیدؒ۔ سیدنا ابو محمد عبیدؒ بن صباح بن بیح ہشلی کوفی مقری بغدادیؒ۔ ضابط وثقہ تھے۔ دانیؒ کہتے ہیں "حفصؒ کے تلامذہ میں اجل واضبط تھے۔ اشنانیؒ کہتے ہیں "متورع اور متقن تھے" ۲۳۵ھ میں وفات پائی۔

(۲) اشنانیؒ۔ سیدنا ابوالعباس احمدؒ بن سہل بن فیروزان اشنانی مقریؒ۔ ثقہ۔ ضابط۔ خیار۔ عادل۔ مشہور متقن اور عبیدؒ کے واحد جانشین تھے۔ آپ کے سوا عبیدؒ نے کسیکو نہیں پڑھایا۔ عبیدؒ کی وفات کے بعد آپنے حفصؒ کے دیگر شاگردوں سے پڑھا ہے ۳۰۷ھ میں وفات پائی۔

(۳) ہاشمیؒ۔ سیدنا ابوالحسنؒ علی بن محمد بن صالح بن داؤد ہاشمی ضریر بصریؒ معروف بالبجلی خانی۔ ثقہ۔ ضابط۔ متقن۔ صاحب معرفت اور مشاہیر علماء میں سے تھے۔ امام ابوالحسنؒ نے آپ سے پڑھنے کے لیئے بصرہ کا سفر کیا تھا۔ ۳۶۸ھ میں بصرہ میں وفات پائی رحمہ

(۴) ابوالحسنؒ۔ سیدنا ابوالحسن طاہر بن امام ابوالطیب عبدالمنعمؒ بن عبیداللہ بن غلبون ابن مبارک حلبیؒ۔ شیخ القراء مصر۔ ثقہ۔ ضابط۔ محقق۔ اور قرات کے وحید العصر امام تھے۔ ہاشمیؒ کے علاوہ آپنے اپنے والد ماجد اُن کے شیخ امام ابواسحٰق شامیؒ امام ابوعدی مصریؒ اور حرتکیؒ وغیرہ متعدد ائمہؒ سے قرات پڑھیں۔ آپکے ماہر فن امام ہونیکی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ

علامہ دانیؒ جیسے مجدد مجتہد نے آپ سے مصر میں آکر پڑھا۔ سنہ ۳۹۹ھ میں مصر میں وفات پائی رح

روایت خلفؒ

(۱) ادریس حدادؒ۔ سیدنا ابوالحسن۔ ادریس بن عبدالکریم حداد بغدادیؒ۔ ثقہ ضابط صاحب اتقان اور قرات کے امام تھے۔ خلفؒ کے ممتاز شاگرد ہیں۔ اُن سے حمزہؒ کی قراءۃ کی روایت اور خود خلفؒ کی قراءۃ روایت کرتے ہیں۔ امام احمد حنبلؒ اور امام ابن معینؒ وغیرہ اجل علماء کے شاگرد تھے۔ اور کبار محدثین آپ کے تلامذہ میں سے ہیں۔ ۱۰ ذی الحجہ سنہ ۲۹۲ھ کو بعمر ۹۳ سال بغداد میں وفات پائی رح

(۲) امام ابن بویان موصوفؒ۔ (۳) حرتکیؒ۔ سیدنا امام ابوالحسن محمدؒ بن یوسف بن نہار الحرتکیؒ بصری مقری امام ابن بویانؒ کے شاگرد خاص اور امام ابوالحسنؒ کے شیخ ہیں۔

(۴) امام ابوالحسنؒ موصوف۔

روایت خلادؒ

(۱) جوہریؒ۔ سیدنا ابوبکر محمد بن شاذان بن یزید جوہریؒ بغدادی مشہور ثقہ۔ ضابط صدوق۔ محدث تھے خلادؒ کے ممتاز شاگرد کبار علماء کے شیخ تھے سنہ ۲۸۶ھ میں بعمر ۳ سال بغداد میں وفات پائی

(۲) ابن شنبوذؒ سیدنا ابوالحسن محمدؒ بن احمدؒ بن ایوبؒ بن الصلت بن شنبوذ مقری بغداد مشاہیر واعیان قراء اور صاحب دین سلیم الصدر علماء میں سے تھے۔ جوہری وغیرہ مشہور اساتذہ سے قرات پڑھی تھیں۔ ابتداً آپ کا میلان تھا کہ جو قراءۃ سند صحیحہ سے ثابت ہو اُسکو پڑھ سکتے ہیں خواہ رسم کے خلاف ہو مگر علماء کی اجماع کی بعد اس سے رجوع کر لیا ۳ صفر سنہ ۳۲۸ھ کو پیر کے دن بغداد میں وفات پائی رح۔ (۳) امام ابواحمد سامریؒ موصوف (۴) امام ابوالفتحؒ موصوف

روایت ابوالحارثؒ

۱ کسائی صغیرؒ۔ سیدنا ابوعبداللہ محمدؒ بن یحییٰ مقری بغداد معروف بکسائی صغیر۔ ابوالحارثؒ کے تلامذہ میں سے فاضل اجل شیخ کبیر محقق جلیل ثقہ اور ضابط تھے سنہ ۲۸۸ھ میں بغداد میں وفات پائی رح

۲ بطیؒ۔ سیدنا ابوالحسن احمدؒ بن الحسن مقری بغداد معروف بالبطیؒ۔ کسائی صغیر کے ممتاز شاگرد۔ فاضل جلیل۔ قاری اور صدوق تھے سنہ ۳۰۰ھ کے بعد بغداد میں وفات پائی۔ رح

Marfat.com

(۳) زید بن علیؒ۔ سیدنا ابوالقاسم زید بن علی بن احمدؒ بن محمدؒ بن عمران بن ابی بلال عجلی کوفیؒ امام الفن عراق کے شیخ اور اپنے زمانہ میں یگانہ روزگار تھے۔ عراق و بغداد کی ریاست قراءۃ آپ پر منتہی ہوتی تھی۔ جمادی الاول ۳۵۸ھ میں بغداد میں وفات پائی رحمہ

(۴) عبدالباقیؒ موصوف۔ (۵) امام ابوالفتح موصوفؒ۔

رواۃ دوری

(۱) ابوالفضلؒ۔ سیدنا ابوالفضل جعفر بن محمدؒ بن اسد ذہبی ضریر مقریٔ دوریؒ کے اجل تلامذہ میں سے حاذق۔ ضابط۔ اور نضیبین میں شیخ القراء تھے ۳۰۶ھ کے بعد اپنے وطن میں وفات پائی

(۲) ابن جلندیٰؒ۔ سیدنا ابوبکر محمدؒ بن علی بن الحسن بن الجلندا موصلیؒ ضبط واتقان میں مشہور اور فاضل وقت تھے ۳۴۹ھ میں وفات پائی رحمہ

(۳) امام عبدالباقیؒ موصوف (۴) امام ابوالفتح موصوف رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

علامہ دانیؒ و شاطبیؒ وغیرہ شیوخ متاخرین کا مختصر ترجمہ باب التصانیف میں آئے گا۔ انشاء اللہ المستعان۔ اسکے بعد ہم ضابطۂ قرات بیان کرتے ہیں۔ واللہ الموفق

فصل ہفتم ضابطۂ قرات۔

ہم نے اوپر بیان کیا ہے کہ ائمہ کے تلامذہ اور اُن کے تلامذہ کے تلامذہ ان گنت تھے اُن میں سے بعض ضبط واتقان روایت و درایت وغیرہ میں کامل۔ امام اور حجۃ تھے۔ اور بعض میں کسی وصف کی کمی تھی جس سے اختلاف رونما ہونے لگا۔ اور قریب تھا کہ حق و باطل میں التباس ہو جائے کہ وعدۂ الٰہی آڑے آگیا۔ محقق علمائے امت اور حاذق و مجتہدین ملت خدمتِ کتاب اللہ کے لیئے کھڑے ہو گئے۔ انہوں نے طرق و روایات کو جانچا حروف کی پڑتال کی۔ متواتر کو آحاد سے مشہور کو شاذ سے اور صحیح کو فاسد سے ممتاز کیا انمیں

Marfat.com

فرق کرنے کے لیئے ارکان واصول مقرر کر دیئے اور قبول قرأت کا حسب ذیل ضابطہ بنا دیا۔
جو قرارۃ عربیت کے موافق ہو اگرچہ یہ موافقت بوجہ[1] ہو اور مصاحف
عثمانیہ میں سے کسی ایک[2] کے مطابق ہو۔ خواہ یہ مطابقت احتمالاً[3] ہو۔

[1] یعنی نحوی وجوہ میں سے کسی وجہ کے موافق ہو خواہ وہ فصیح ہو یا افصح۔ یہ مراد نہیں کہ نحاۃ میں سے کوئی اسکے خلاف نہو۔ کیونکہ نحاۃ نے بعض قرات کا انکار کیا ہے مگر ائمہ قراءۃ انکے انکار کی ایک ذرہ کے برابر پرواہ نہیں کرتے۔ چنانچہ بَارِئِكُمْ۔ يَأْمُرُكُمْ۔ لِسَبَأٍ۔ مَكْرَ السَّيِّئِ وغیرہ کے اِسکان۔ هَلْ تَرَبَّصُونَ۔ اِذْ تَلَقَّوْنَهُ وغیرہ۔ (بقراءۃ بزی) شَهْرُ رَمَضَانَ۔ عَفَوْا وَمَرُّوا وغیرہ (بقرات سوسی) فَمَا اسْطَاعُوا (بقراءۃ حمزہ) نِعِمَّا يَعِظُكُمْ کے اجتماع ساکنین كُنْ فَيَكُونُ کے نصب وَالْأَرْحَامِ کے خفض عَنْ سَأْقِيهَا کے ہمزہ وَإِنَّ إِلْيَاسَ کے وصل اور بعض دیگر حروف کا بعض نحوی انکار کرتے ہیں۔ علامہ دانی بَارِئِكُمْ کے اِسکان پر سیبویہ کا اعتراض نقل کر کے جامع البیان میں کہتے ہیں "اسکان نقلاً اصح اور ادائً اکثر کا مذہب ہے میرے نزدیک مختار یہی ہے میں اسکو لیتا ہوں" پھر ائمہ کے اقوال نقل کر کے کہتے ہیں "ائمہ قراءۃ قرآن کے کسی حرف میں اُس پر عمل نہیں کرتے جو لغت میں زیادہ مشہور اور عربیت میں اقیس ہو بلکہ اُسپر عمل کرتے ہیں جو اثراً اثبت اور نقلاً وروایتاً اصح ہو اور جب اِسطرح کوئی حرف ثابت ہو جائے تو اسکو نہ عربیت کا قیاس رد کر سکتا ہے اور نہ لغت کی شہرت کیونکہ قرات سنت متبعہ ہے جسکا قبول کرنا واجب اور اُس پر اعتماد لازم ہے"۔ [2] مثلاً قَالُوا اتَّخَذَ اللَّهُ (بقر، مصحف شام میں بلا واؤ۔ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا (توبہ) مصحف مکہ میں بزیادہ مِنْ خَيْرًا مِنْهُمَا (کہف، مصاحف حجاز وشام میں بزیادہ میم تثنیہ اور فَإِنَّ اللَّهَ الْغَنِيُّ (حدید) مصحف مدینہ اور شام میں بغیر ہُوَ مرسوم تھا۔ [3] احتمالی موافقت سے ہمارے ائمہ کی مراد یہ ہے کہ بعض کلمات میں بعض قرات رسم کے صریحاً مطابق ہوتی ہیں اور بعض تقدیراً جیسے تِلْكَ تمام مصاحف میں بلا الف مرسوم ہے پس قراءۃ حذف صریحاً اور قراءۃ الف احتمالاً موافق ہے اور النَّشْأَةَ بالف مرسوم ہے پس قراءۃ مد صریحاً اور قراءۃ قصر احتمالاً موافق ہے کیونکہ ممکن ہے کہ ہمزہ خلاف قیاس بصورت الف لکھا گیا ہو اور بعض کلمات میں تمام قرات احتمالاً موافق ہوتی ہیں جیسے السَّمٰوٰتِ۔ الصّٰلِحٰتِ وَالَّيْلِ۔ الصَّلٰوةَ۔ الزَّكٰوةَ۔ الرِّبٰوا۔ وغیرہ میں اور جیسے وَجَايْءَ دو جگہ بالف مرسوم ہے۔ اور بعض کلمات میں تمام قرات صریحاً مطابق ہوتی ہیں جیسے أَنْصَارَ اللَّهِ۔ فَنَادَتْهُ۔ تَعْلَمُونَ۔ هِيْتَ۔ إِنْ نَعْفُ۔ نُعَذِّبْ وغیرہ کیونکہ مصاحف عثمانی نقاط واعراب سے مجرد تھے۔ اور اس رسم الخط سے صحابہ کرام کا فضل عظیم ثابت ہوتا ہے اور حیرت ہوتی ہے کہ علم ہجا میں کیسی معرفت تامہ رکھتے تھے اور جب اُن کا رسم میں یہ حال تھا تو تحقیق معانی میں کیا شان ہوگی۔ حضرت امام شافعی فرماتے ہیں "خدا تعالیٰ نے قرآن۔ توریۃ اور انجیل میں صحابہ کرام کی تعریف کی ہے اور ان کے لیئے وعدہ کیا ہے جو اُن کو بعد کسی اور کے لیئے نہیں۔ اُن حضرات نے سنت رسول ہم تک پہونچائی۔ نزول وحی کا مشاہدہ کیا اور حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد عموم خصوص اور عزم وارشاد اور سنت میں سے جو کچھ ہمیں معلوم نہیں وہ ان سب کو جانتے تھے اور ہم سے ہر طرح کے علم۔ اجتہاد۔ ورع۔ عقل اور استنباط میں افضل تھے۔ اُن کی رائے ہماری رائے سے بدرجہا محمود اولیٰ ہے"۔ محقق کہتے ہیں "صحابہ کرام نے الصِّرَاطَ۔ الْمُصَيْطِرُونَ۔ اور بَيْصُطُ کو اصل کی خلاف جو سین تھی صاد سے

Marfat.com

اور سند صحیحہ متصلہ سے ثابت اور ائمہ فن کے یہاں مشہور ہو[1] وہ قراءۃ صحیحہ اور ان احرف سبعہ میں سے ہے جنپر قرآن نازل ہوا۔ محققؒ کہتے ہیں "جو قرارۃ اسطرح ثابت ہو اُسکا رد و انکار جائز نہیں بلکہ مسلمانوں پر اُسکا قبول کرنا واجب ہے خواہ ائمہ سبعہ کی قرات میں ہو یا عشرہ کی یا ما فوق عشرہ کی اور اگر ارکان ثلثہ میں سے کوئی رکن مختل ہو جائے تو وہ ضعیف شاذ اور فاسد و باطل ہے خواہ سبعہ سے ہو یا ما فوق سبعہ سے۔ تمام محققین ائمہ سلف و خلف اس تعریف کو صحیح کہتے ہیں" حافظ ابو عمرو دانیؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ اور مہدوی نے یہی تصریح کی ہے باقی تمام متقدمین کا بھی یہی مذہب ہے اور اُن میں سے کوئی اسکے خلاف نہیں" حافظ ابو شامہ مرشد الوجیز میں کہتے ہیں "ہر اُس قراءۃ کو جو ائمہ سبعہ کی جانب منسوب اور صحیح کہلاتی ہو اُسی وقت منزل من اللہ اور صحیح کہہ سکتے ہیں۔ جب وہ اس ضابطہ میں آجائے۔ اور مطابقت ضابطہ کی صورت میں کوئی مصنف اسکی نقل میں متفرد نہیں ہو سکتا۔ اور نہ وہ کسی امام سے مختص ہو سکتی ہے۔ اصل اعتماد ان اوصاف ثلثہ پر ہے نہ انتساب پر۔ اور بیشک ہر قراۃ میں خواہ سبعہ میں سے ہو یا غیر سبعہ سے وجوہ صحیحہ اور شاذ پائی جاتی ہیں۔ البتہ قرات سبعہ سے بوجہ شہرت اور کثرت وجوہ صحیحہ متفق علیہ طمانیت اور میلانِ خاطر زیادہ ہوتا ہے" نیز کہتے ہیں "متاخرین مقربوں اور اُن کے مقلدین کی زبان پر چڑھا ہوا ہے کہ قرات سبعہ تمام و کمال متواتر ہیں یعنی قراء سبعہ مشہورہ سے جو حرف منقول ہے وہ متواتر منزل من اللہ اور واجب التسلیم ہے۔ ہم بھی یہی کہتے ہیں مگر اُن حروف کے بارہ میں جنکو ائمہ سے نقل کرنے میں تمام طرق اور رواۃ متفق ہیں اور کوئی منکر

---

[1] مقصد یہ ہے کہ اُس قراۃ کو عادل ضابط نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک اپنے مثل سے روایت کرتے ہوں۔ اور ائمہ ضابطین کے نزدیک مشہور بھی ہو۔ یعنی غلط اور شاذ نہ سمجھی جاتی ہو۔

نہیں۔ حالانکہ بعض حروف میں) اختلاف و تفرقہ شائع اور مشہور ہے پس اس حال میں کم از کم اُن حروف کے اندر یہ ضابطہ برتنا پڑیگا جنمیں تواتر متحقق نہیں ہوا۔"

علامہ جعبریؒ کہتے ہیں "قراءۃ کے لیئے ایک شرط ہے۔ صحت نقل۔ اور باقی دونوں چیزیں لازم ہیں۔ احرُف سبعہ کے معلوم کرنیکا یہی ضابطہ ہے جسکو ناقلین کی معرفت عربیت میں امعانِ نظر اور رسم کا اتقان ہو اسکے لیئے یہ شبہ خود بخود منکشف ہو جاتا ہے۔"

امام ابو محمدؒ مکی "تکملہ کشف" میں کہتے ہیں "اگر کوئی سوال کرے کہ اسوقت کونسی قراءتیں قبول کیجائینگی اور پڑھی جائیں گی اور کون سی قبول کی جائیں گی مگر پڑھی نہیں جائیں گی۔ اور کون سی نہ قبول کیجائینگی اور نہ پڑھی جائیں گی۔ تو جواب یہ ہے کہ قرآن میں جو کچھ روایت کیا جاتا ہے اُسکی تین قسمیں ہیں۔ اوّل۔ جسمیں ارکانِ ثلثہ مجتمع ہوں اُسکی صحت و صدق پر قطعی حکم دیا جائیگا اور اُسکو پڑھا جائیگا۔ کیونکہ بلحاظ مصحف وہ اجماع سے لیگئی ہے اور اُسکا منکر کافر ہے۔

دوم۔ احاد (ثقہ) سے منقول اور عربیت کی کسی وجہ سے مطابق ہو مگر رسم کے خلاف ہو اُسکو قبول کیا جائیگا مگر پڑھا نہیں جائیگا۔ کیونکہ اولاً تو اُسکو اجماع سے نہیں احاد سے لیا گیا ہے اور خبر واحد سے قرآن ثابت نہیں ہو سکتا۔ ثانیاً وہ اُسکے خلاف ہے جسپر اجماع ہو چکا لہذا اُسکی صحت کا قطعی حکم نہیں دیا جا سکتا اور جسکی صحت کا حکم نہ کریں اُسکو قرآن میں پڑھ نہیں سکتے اور نہ اسکا منکر کافر ہے۔ مگر بلاشک انکار بُرا ہے۔

سوم۔ لغت و عربیت سے جسپر قرآن نازل ہوا بہر وجہ خلاف اگرچہ ثقہ سے

مروی ہو وہ نہ قبول کیجائیگی اور نہ پڑھی جائیگی ؛ [1]

محقق کہتے ہیں " اور اسی تیسری قسم میں وہ وجوہ داخل ہیں۔ جنکو شاطبیہ کے بعض متاخرین شارح امام حمزہؒ کے لیئے بحالتِ وقف عربیت کے خلاف بیان کرتے ہیں۔ جیسے بِاَسْمَآئِهِمْ۔ اور اُولٰٓئِكَ میں یا خالص سے شُرَكَآؤُهُمْ۔ اور اَجِبَآؤُهٗ میں واو خالص سے بَدَاكُمْ اور وَاَخَاهُ میں الف خالص سے ابدال اور فَاَدَّارَءْتُمْ میں حذف اور اسکا نام تخفیف رسمی کہتے ہیں مگر یہ تخفیف عربیت کی کسی وجہ پر جائز نہیں لہذا اسکو قبول نہیں کیا جا سکتا اگرچہ ثقہ سے منقول ہو۔ اور اگر غیر ثقہ سے منقول ہو تو منع اور بھی اولیٰ ہے حالانکہ میں نے ان کی خوب چھان بین کی اور ان کو حمزہؒ سے نہ بطریق ثقات مروی پایا اور نہ بطریق غیر ثقات "

پھر کہتے ہیں " ایک چوتھی قسم اور ہی یعنی جو حرف رسم کے مطابق اور عربیت کی کسی وجہ کے موافق ہو مگر منقول نہ ہو اسکا رد و منع واجب اور انکار لازم ہے اور اسکا مرتکب گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے۔ کہتے ہیں کہ ابو بکر بن مقسمؒ بغدادی نحوی مقرئی (تلمیذ اشنانیؒ) کی یہ رائے تھی (جو چوتھی صدی کے آدمی ہیں) امام عبدالواحدؒ اپنی کتاب البیان میں اسکے متعلق

---

[1] محقق تینوں قسموں کی مثالیں دیتے ہیں پہلی قسم مٰلِكِ۔ مَلِكِ۔ يَخْدَعُوْنَ۔ يُخٰدِعُوْنَ۔ وَوَصّٰى وَاَوْصٰى۔ تَطَوَّعَ۔ يَطَّوَّعْ وغیرہ۔ دوسری قسم وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى کی جگہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت ابوالدرداءؓ کی قرأت وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی قراءۃ وَكَانَ اَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا وَّاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ كَافِرًا۔ تیسری قسم غیر ثقہ سے مروی جیسے ابن السمیفع اور ابوالسمال وغیرہ کی قراءۃ۔ تُنَحِّيْكَ بِبَدَنِكَ حاء مہملہ سے اور لِمَنْ خَلْفَكَ لام کے فتح سے اور ثقہ سے مروی جیسے ابوعلی عطارؒ عباسؒ بن فضل سے وہ امام ابوعمروؒ سے سٰحِرَانِ تَظٰهَرَا بہ تشدید ظاء روایت کرتے ہیں۔ اور ایسا صرف سہو و نسیان سے ہو سکتا ہے۔

[2] محققؒ کہتے ہیں " اس رائے کی وجہ سے بغداد میں قراء و محدثین و فقہاء کی ایک مجلس منعقد ہوئی تھی اسکی اجماعی رائے اسکے عدم جواز اور منع پر تھی۔ قائل کو تعزیر کر کے توبہ کرائی گئی اور ایک محضر لکھایا گیا تھا۔

Marfat.com

کہتے ہیں "ہمارے زمانہ کے بعض اشخاص کی رائے ہے کہ جو حرف عربیت کی کسی وجہ پر درست اور رسم کے موافق ہو اُسکو نماز وغیرہ میں پڑھ سکتے ہیں۔ بیشک یہ ایسی بدعت ہے جس نے اُن کو راہ راست سے گمراہ کر دیا"

نیز محقق کہتے ہیں "بعض متاخرین نے صحت قراءۃ کے لیئے رسم و عربیت کی موافقت کے ساتھ تواتر کی شرط لگائی ہے اور صحت سند کو کافی نہیں سمجھا۔ وہ کہتے ہیں کہ تواتر کے بغیر قرآن ثابت نہیں ہو سکتا۔ مگر ان لوگوں نے یہ خیال نہیں کیا کہ جب کوئی حرف تواتر سے ثابت ہو جائے تو اُسکے لیئے نہ عربیت کی موافقت کی شرط ہے۔ اور نہ رسم کی مطابقت کی۔ بلکہ اُسکا قبول کرنا بلا شرط واجب ہے، کیونکہ وہ قطعاً قرآن ہے۔ لیکن جب ہم ہر حرف کے لیئے تواتر کی شرط لگا دیں تو قراءِ سبعہ کی بہت سی اختلافی وجوہ مرتفع ہو جائینگی پہلے میرا بھی یہی خیال تھا مگر جب مجھے اسکی خرابی معلوم ہوئی تو میں نے ائمہ سلف کی رائے کی جانب رجوع کر لیا"

حضرت محققؒ نے متاخرین کی جس رائے کا ذکر کیا ہے وہ چھٹی صدی کے بعد بعض علمائے مصر نے قائم کی تھی۔ جسپر وہ صدیوں قائم رہے۔ چنانچہ علامہ سیدؒ غیث میں کہتے ہیں "مذاہب اربعہ کے فقہا اور اصولی۔ اور تمام محدثین و قراء کا مذہب ہے کہ صحت قراۃ کے لیئے تواتر شرط ہے" اسکے بعد ضابطہ مندرجہ صدر نقل کر کے بایں الفاظ اسکی تردید کرتے ہیں "یہ بدعت ہے جس سے غیر قرآن قرآن سے مساوی ہو جاتا ہے اور اختلاف قراۃ سے ثبوت تواتر میں کوئی خرابی نہیں آتی کیونکہ ایک قراۃ کسی قوم کو متواتراً پہونچی اور دوسری کو نہیں پہونچی۔ اسی وجہ سے کسی قاری نے دوسرے کی قراۃ نہیں پڑھی۔ کیونکہ وہ اُسکو علی وجہ تواتر نہیں پہونچی تھی الخ۔ پھر کہتے ہیں "جو متواتر نہیں وہ شاذ ہے اور اسوقت

Marfat.com

ماسوا عشرۂ ہر قراءۃ شاذ ہے " سید رح کے مزاج میں تشدد ہے۔ ورنہ بوجوہات ذیل ایسا نہ کہتے۔

اول۔ اصولی فقہاء و محدثین کہتے ہیں کہ قرآن متواتر ہے۔ یہ نہیں کہتے کہ ہر وجہ اختلافی متواتر ہے۔ باقی رہے قراء اُن میں سے مشاہیر ائمہ کا مسلک اوپر بیان ہوا اور حضرت محقق رح کی اس تصریح کے بعد کہ جملہ اسلاف کا یہی مذہب ہے اور انمیں سے کوئی اسکے خلاف نہیں سید رح کا پہلا دعوے کہاں تک قابلِ قبول ہے۔

دوم۔ غیر قرآن قرآن سے کسطرح مساوی ہوسکتا ہے۔ جب کہ صحت سند اور شہرت کی قید لگی ہوئی ہے۔ اور اگر مساوات فی التعریف مراد ہے تو کیا نماز وغیرہ کی بعض احادیث کو جو متواتر ہیں اسلئے متواتر نہیں کہہ سکتے کہ قرآن کو متواتر کہتے ہیں۔

سوم۔ قرأت سبعہ اور عشرہ کی ہر وجہ اختلافی کے متواتر ہونیکا کس نے دعویٰ کیا ہے وہ ظاہر کیا جائے جب کہ علامہ دانی رح وغیرہ کی تصریحات اسکے خلاف موجود ہیں۔

چہارم۔ کسی وجہ کے غیر متواتر ہونے سے یہ کسطرح لازم آگیا کہ وہ ضرور شاذ ہے جب کہ ان کے درمیان صحیح و مشہور کا مرتبہ اور موجود ہے۔ خود سید رح اور دیگر شیوخ مصر نے اپنی کتابوں میں یہی وجوہ بیان کی ہیں۔ اور سید رح کا یہ کہنا کہ کسی قاری نے دوسرے کی قراءۃ اسلیئے نہیں پڑھی کہ وہ اسے تواتراً نہیں پہونچی بے معنی بات ہے۔ شاید موصوف۔ رواۃ اور طرق کے اختلاف کے بارہ میں بھی یہی کہدیں حالانکہ وہاں شیخ ایک ہے۔ اور آیا یہ ممکن ہے جو وجہ عاصم و ابن کثیر کو تواتراً پہونچی ہو وہ بصری کو جو اُن کے شاگرد ہیں نہیں پہونچی اور جو حرف حمزہ کو پہونچا وہ کسائی کو نہیں پہونچا۔ ہرگز نہیں۔

حق وہی ہے جو ائمہ سلف نے بیان کیا اور نتیجۂ بحث یہ ہے کہ قرآن میں جو کچھ پڑھا جاتا ہے

Marfat.com

اسکی تین قسمیں ہیں۔ اول باجماع متواتر۔ دوم ایک جماعت کے نزدیک متواتر۔ پہلی قسم میں کوئی اختلاف نہیں ہوسکتا۔ اور دوسری قسم جن حضرات کو تواتراً پہونچی اُن کے طرق کا اُسپر اجماع ہونا چاہیئے ان دونوں اقسام کے حروف کے لیئے نہ عربیت کی موافقت کی شرط ہے اور نہ رسم کی مطابقت کی۔ مگر ناممکن ہے کہ یہ عربیت کی کسی وجہ اور رسم کے احتمالاً مطابق نہوں اور اگر بفرض محال خلاف ہوں تب بھی کوئی پراوہ نہیں۔ سوم صحیح و مشہور جسکو حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثقاۃ و ضابط و عادل بسندِ متصلہ روایت کریں اور ائمہ فن کے نزدیک مشہور ہو تواتر کی حد کو نہ پہونچی ہو اُسکو اسی شرط سے قبول کیا جائیگا کہ وہ اس ضابطہ کے موافق ہو ورنہ ضعیف و شاذ و باطل ہے۔ کما مرّ۔

جمہور اہل ادا اور اکثر ائمہ قراءۃ نیز فقہاؒ وغیرہ کے نزدیک قراءۃ شاذہ سے نماز درست نہیں بلکہ شاذ کو قرآن اعتقاد کرکے یا بایہام قرآنیت پڑھنا بھی حرام ہے علامہ ابن عبدالبرؒ نے تمہید میں اسپر اجماع نقل کیا ہے۔ اور مدوّنہ میں کہتے ہیں "جو شخص حضرت ابن مسعودؓ کی قراءۃ پڑھتا ہو اُسکے پیچھے نماز درست نہیں اگر کوئی پڑھ لے تو اعادہ کرے۔ یہی ابن شاسیؒ اور ابن حاجبؒ کہتے ہیں۔ لیکن احکام شرعیہ اور ادبیت کے لحاظ سے انکا پڑھنا اور دُن کرنا جائز ہے۔ محققؒ وغیرہ نے اسکے متعلق اور بہت سے اقوال نقل کیئے ہیں بحث طویل ہے جسکا یہ محل نہیں۔

فصل ہشتم خلط روایات و طرق

خلط قرات کے بارہ میں ائمہؒ سے مختلف اقوال مروی ہیں۔ بعض مطلقاً منع کرتے ہیں۔ چنانچہ امام ابوالحسنؒ سخاوی جمال القراء میں کہتے ہیں "بعض قرات کا بعض سے ملانا حظا ہے" امام ابوزکریاؒ نووی تبیان میں کہتے ہیں "جب کوئی شخص قرار سبعہ میں سے

Marfat.com

کسی قاری کی قراءۃ پڑھی تو اسکو لازم ہے کہ کلام مربوط تک وہی پڑھتا چلا جاوے اسکے بعد دوسری قراءۃ پڑھ سکتا ہے اور اولیٰ یہ ہے کہ ایک مجلس میں ایک ہی قراءۃ پڑھے۔" علامہ جعبریؒ کہتے ہیں "اگر ایک کلمہ دوسرے سے متعلق ہو تو ترکیب ممنوع ورنہ مکروہ ہے اور بہت سے ائمہؒ نے خلط کو مطلقاً جائز رکھا ہے۔ وہ تعیین کو بر سر غلطی کہتے ہیں اور بعض اعتدال کیجانب گئے ہیں چنانچہ

محققؒ کہتے ہیں "ہمارے نزدیک اسمیں تفصیل ہے۔ اگر ایک قراءۃ دوسری پر مرتب ہو مثلاً کوئی شخص فَتَلَقّٰٓی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ (بقرہ) کو اٰدَمَ اور كَلِمٰتٍ دونوں کے رفع یا دونوں کے نصب سے پڑھے یعنی ایک قراءۃ سے اٰدَمُ اور دوسری قراءۃ سے كَلِمٰتُ کا رفع یا نصب لیوے۔ یا کوئی شخص وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ءُ کو تشدید و رفع یا تخفیف و نصب سے تلاوت کرے یا وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ کو بصیغہ مجہول و منصوب یا بصیغہ معروف و مرفوع پڑھے۔ چونکہ یہ سب باتیں عربیت اور اُس لغت کے خلاف ہیں۔ جسپر قرآن نازل ہوا ہے لہذا ایسی تخلیط بہر صورت حرام ہے۔"

"اور اگر ایک قراءۃ دوسری پر مرتب نہ ہو تو مقام روایت میں تخلیط ممنوع ہے۔ کیونکہ اس سے روایت کی تکذیب اور ایک ثقہ امام کیطرف وہ چیز منسوب ہو جاتی ہے جو اُس نے نہیں پڑھی اور اگر تلاوت میں تخلیط ہو جائے تو بلاشبہ جائز صحیح اور مقبول ہے کوئی ممانعت و حرج نہیں کیونکہ ہر وجہ منزل من اللہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کردہ اور قرآن ہے پس جو حرف پڑھا جائے۔ وہ ہی کافی ہے۔ طبرانی معجم کبیر میں حضرت عبداللہؓ بن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں کہ بعض وجوہ کو بعض وجوہ سے ملا کر پڑھنا خطا نہیں۔ یہ خطا ہے کہ قرآن میں وہ چیز ملا کر پڑھی جائے جو قرآن نہیں" اگرچہ ماہر طرق و روایات اور عارف اختلاف و قرات

Marfat.com

کے لئے ہم اسکو بھی بدنیوجہ عیب سمجھتے ہیں کہ اس سے علماء اور عوام مساوی ہو جاتے ہیں مگر اسوجہ سے نہیں کہ وہ مکروہ یا حرام ہے" اس بارہ میں حضرت محقق کا یہ بہترین فیصلہ ہے۔ خدا تعالیٰ اُن کو تمام مسلمانوں کی طرف سے جزائے خیر دے۔ اور یہی وہ اصول ہے جسپر صاحب مذاہب ائمہؒ نے قرات اختیار کیں۔

فصل نہم حدیثِ احرف سبعہ

حضرت عمرؓ کہتے ہیں "میں نے ہشام بن حکیم کو سورۂ فرقان دوسری طرح پڑھتے دیکھا تو پوچھا کہ یہ سورت تم نے کس سے پڑھی ہے اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حوالہ دیا تو میں اُن کو حضورؐ کے پاس لے گیا اور واقعہ عرض کیا تو حضورؐ نے ہم دونوں سے سُنکر تصویب کی اور فرمایا "اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ (بخاری و مسلم مشکوٰۃ) امام ابو عبیدؒ کہتے ہیں "یہ حدیث متواتر ہے" اور محقق نے اسکے طرق کو ایک علیحدہ رسالہ میں جمع کیا ہے چنانچہ وہ کہتے ہیں "اس حدیث کو باختلاف متون۔ حضرت عمرؓ حضرت ہشامؓ بن حکیمؓ بن حزام۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف حضرت ابیؓ بن کعب۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعودؓ۔ حضرت معاذؓ بن جبل۔ حضرت ابوہریرہؓ حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ۔ حضرت ابوسعیدؓ خدری۔ حضرت خذیفہؓ بن الیمان۔ حضرت ابوبکرہؓ حضرت عمروؓ بن العاص حضرت زیدؓ بن ارقم۔ حضرت انسؓ بن مالک حضرت سمرہؓ بن جندب حضرت عمرؓ بن ابی سلمہ۔ حضرت ابوجہمؓ حضرت ابوطلحہؓ۔ اور حضرت ام ایوبؓ انصاریہ نے روایت کیا ہے" حافظ ابویعلیٰؒ موصلی مسند کبیر میں کہتے ہیں "حضرت عثمانؓ نے[1] ایک روز ممبر پر کھڑے ہو کر صحابہؓ کرام سے کہا "میں اُن حضرات کو خدا کا واسطہ دلاتا ہوں جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

[1] اپنی خلافت کے زمانہ میں۔

Marfat.com

سے یہ الفاظ سُنے ہوں "اِنَّ الْقُرْآنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ کُلُّھَا شَافٍ کَافٍ" وہ کھڑے ہو جائیں" اسپر صحابہ کرامؓ کی اتنی بڑی جماعت مسجد میں کھڑی ہوگئی کہ جسکی گنتی نہیں ہوسکتی۔ اور سب نے اسپر گواہی دی۔ پھر حضرت عثمانؓ نے فرمایا "میں بھی اس پر گواہ ہوں"

اہل علم اس حدیث پر مختلف عنوانوں کے ساتھ بحث کرتے ہیں۔ جنکو حافظ ابو شامہؒ نے ایک مستقل کتاب میں جمع کیا ہے۔ اور اُن کے بعد بعض علماء نے چند نئی بحثیں کی ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "مجھے غور کرنے سے یہ تمام مباحث دس عنوانوں میں منحصر معلوم ہوتے ہیں" اسکے بعد ہر ایک عنوان پر مختلف اقوال و آرا نقل کرتے ہوئے بعض پر طویل بحث کی ہے جنمیں سے اکثر کا ماخن فیہ سے کچھ تعلق نہیں لہذا ہم اُنکا مختصر اقتباس نقل کرتے ہیں۔

اول سبب ورود۔ احادیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی الرحمۃ صلی اللہ علیہ وسلم کی درخواست پر اِمت کی سہولت کے واسطے قرآن احُرف سبعہ پر نازل فرمایا تھا تاکہ ہر بوڑھا بچہ۔ مرد۔ عورت اپنے اپنے لغت پر تلاوت کر سکے۔

دوم۔ احُرف کے معنی۔ احرُف حرف کی جمع ہے۔ حرف کے معنی طرف۔ کروٹ جانب۔ وجہ۔ اور ناحیہ کے ہیں علامہ دانیؒ کہتے ہیں "یہاں احرف کے معنی یا لغات ہیں یا خود قرات چنانچہ اہل عرب بعض شے کا نام اسکے جزو پر رکھتے تھے۔

سوم۔ احُرف کا مقصد۔ اسکے متعلق چالیس اقوال پائے جاتے ہیں جن کا ماخذ ذہنیت ہے۔ علامہ دانیؒ وغیرہ اکثر محققین اور جمہور اہل ادا کے نزدیک احرف کا مقصد لغاتِ مختلفہ ہیں اور یہی صواب معلوم ہوتا ہے۔ مگر اسپر اجماع ہے کہ ہر حرف

Marfat.com

سات طرح نہیں پڑھا جاتا اور سپر کہ اسکا مدلول قرار سبعہ مشہورہ کی قرارات نہیں ہیں جیسا کہ عوام میں مشہور ہے اور نیز اسپر کہ انکی قرارات احرف سبعہ میں داخل ہیں۔

چہارم۔ احرف کے سبعہ ہونے کی وجہ۔ کم یا زیادہ کیوں نہ ہوئے؟ بعض کہتے ہیں کہ عرب کے لغاتِ فصیحہ سات تھے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ اس سے خاص عدد مراد نہیں بلکہ وسعت و کثرت مراد ہے۔ جو اعداد کے اندر عرب کی عام عادت تھی اور جسکا استعمال قرآن و حدیث میں بھی موجود ہے۔ یہ توجیہ جیّد ہے۔

پنجم احرف سبعہ کے اختلاف کا نتیجہ۔ احکام کا اظہار۔ تفسیر۔ اور ازالہ وہم وغیرہ ہے

ششم۔ احرف سبعہ کا اختلاف کے معنوں پر مشتمل ہے؟ دو معنوں پر۔ اول لفظ میں فرق ہوتا ہے معنی میں نہیں ہوتا۔ جیسے خُطُوَاتِ۔ خُطْوَاتِ۔ هُزُوًا۔ هُزُوًا هُزْوًا۔ هُزُوًا۔ هُزْوًا۔ هُزًا۔ صِرَاطَ۔ سِرَاطَ۔ يَحْسَبُ۔ يَحْسِبُ۔ عَلَيْهِمْ۔ عَلَيْهُمْ قُدُسِ۔ قُدْسِ۔ اسی میں تغلیظ و ترقیق۔ مد و قصر۔ تحقیق و تسہیل۔ فتح و امالہ۔ صلہ و عدم صلہ وغیرہ اصولی اختلافات داخل ہیں۔ دوم لفظ و معنی دونوں میں تغیر ہو جاتا ہے۔ جیسے قُلْ رَبِّ۔ قَالَ رَبِّ۔ يَنْشُرُكُمْ۔ يُسَيِّرُكُمْ۔ لَنُبَوِّءَنَّهُمْ۔ لَنُثْوِيَنَّهُمْ۔ يَقُصُّ۔ يَقْضِ۔ يَكْذِبُوْنَ۔ يُكَذِّبُوْنَ۔ نُنْشِرُ۔ نُنْشِزُ۔ مَا فُتِنُوا۔ مَا فَتَنُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ۔ عَلِمْتُ۔

ہفتم۔ آیا احرف سبعہ قرآن میں متفرق ہیں۔ محققؒ نے احرف سبعہ کا جو مقصد بیان کیا ہے اُسکی بنا پر وہ کہتے ہیں "کہ بیشک ہر روایت و قرأت میں قرآن کے اندر احرف سبعہ متفرق ہیں" اور علامہ دانیؒ تفسیر لغات کی بنا پر کہتے ہیں "قرآن میں احرف سبعہ نہیں، بلکہ انمیں سے بعض ہیں"

Marfat.com

ہشتم۔ آیا مصاحف عثمانیہؓ احرف سبعہ کے حامل ہیں؟ فقیہوںؒ۔ قاریوںؒ اور متکلمینؒ کی ایک جماعت کہتی ہے "مصاحف عثمانیہؓ احرف سبعہ کے حامل ہیں کیونکہ قرآن احرف سبعہ پر نازل ہوا ہے اور اُمّت کے لیئے جائز نہیں کہ وہ اسمیں سے کوئی چیز ترک کرے" اور جمہور علماءؒ و ائمہؒ متقدمین و متاخرین کہتے ہیں "مصاحف عثمانیہ اُن احرف سبعہ کے حامل ہیں جو عرضۂ اخیرہ میں باقی رہے۔ اُن میں سے ایک حرف ترک نہیں کیا گیا" محققؒ کہتے ہیں "یہی حق معلوم ہوتا ہے"۔

نہم۔ جو قرأات اسوقت پڑھی جاتی ہیں آیا وہ احرف سبعہ ہیں یا بعض؟ اسکا جواب سابق مبحث پر موقوف ہے۔ پہلا گروہ کہتا ہے کہ وہ احرف سبعہ ہیں اور جمہور کہتے ہیں بعض۔ اور یہ ظاہر ہے کہ موجودہ قرأات صدر اول اور تابعین و تبع تابعین کے زمانوں کی قرأات کے مقابلہ میں دریا کے سامنے ایک جرعہ اور کثیر کے مقابلہ میں ایک قلیل حصہ ہیں۔

دہم۔ اختلاف قرأات کی حقیقت اور اسکے فوائد۔ قرأات کا اختلاف۔ اختلاف تنوّع و تغائر ہوتا ہے۔ اختلافِ تضاد و تناقض نہیں ہوتا۔ کیونکہ کتاب اللہ میں یہ محال ہے۔ خود فرماتا ہے اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَلَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ لَوَجَدُوْا فِیْہِ اخْتِلَافًا کَثِیْرًا[۵۱]۔ پس ممکن ہے کہ ایک قرأۃ میں امر دوسری میں نہی ہو۔ یا اور کسی طرح تعارض ہو سکے۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعودؓ فرماتے ہیں لَا تَخْتَلِفُوْا[۵۲] فِی الْقُرْاٰنِ وَلَا تَنَازَعُوْا فِیْہِ فَاِنَّہٗ لَا یَخْتَلِفُ وَلَا یَتَسَاقَطُ الخ فقہاء قرأ کے اختلاف میں یہی فرق ہے۔ یعنی فقہاء کا اختلاف اجتہادی ہوتا ہے۔ اور قرأ کا اختلاف روایتی

---

[۵۱] آیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے کہ اگر وہ خدا کے سوا کسی اور کیطرف سے ہوتا تو وہ اسمیں بہت سے اختلاف پاتے ۱۲

[۵۲] قرآن کے بارہ میں اختلاف و جھگڑا نہ کرو کیونکہ وہ مختلف نہیں ہوتا اور نہ وہ گھٹ سکتا ہے ۱۲

Marfat.com

اسی وجہ سے فقہہ کی وجوہ اختلافی میں سے نفس الامر میں ایک صحیح حق اور صواب ہے۔ اور ہر مذہب دوسرے کی نسبت سے صواب ہے مگر خطا کا احتمال رکھتا ہے اور قرأات کی وجوہ اختلافی میں سے نفس الامر میں ہر ایک صواب۔ حق۔ منزّل من اللہ۔ قرآن اور کلام اللہ ہے جسپر ہم ایمان رکھتے ہیں۔ اور ہمارا اعتقاد ہے کہ جس صحابیؓ یا تابعیؒ کیطرف وہ مضاف ہے اُسنے اُسکو اسی طرح پڑہا اور اپنے لیئے لازم کر رکھا تھا۔ اور وہ اُسکے لیئے ضبط واقرأ تھا اور ائمہ قرأات وروات کی جانب قرأات وروایات کے انتساب کے بھی یہی معنی ہیں کہ اس قاری یا راوی نے ثقات سے پڑہکر اُن وجوہ کو ماسوا پر اختیار اور اپنے لیئے ہمیشہ کے واسطے لازم کر رکھا تھا اور دواماً انہیں کو پڑھتا اور پڑہاتا تھا اور لوگ اس سے روایت کرتے تھے۔ پس یہ اضافت اختیار ولزوم ومداومت کی ہے اختراع اور اجتہاد ورأے کی نہیں۔ اسی وجہ سے حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف وجوہ پڑھنے والوں میں سے ہر ایک کو اَحسَنتَ۔ اَصَبتَ اور ہٰکَذَا اُنزِلَتْ فرماکر برسر صواب بتایا تھا۔ حضرت عمرؓ کی حدیث اوپر گذری۔ حضرت ابیؓ کہتے ہیں "ایک شخص نے مسجد میں آکر سورۂ نحل اُسکے خلاف پڑھی جس طرح میں پڑھتا تھا۔ میں نے اُس سے پوچھا کہ تجھے یہ سورت کس نے پڑھائی ہے۔ اُسنے کہا حضور نبیؐ نے۔ پھر ایک اور شخص آیا اور اُسنے بھی سورۂ نحل پڑھی اور ہم دونوں کی مخالفت کی میں نے اُس سے بھی پوچھا تو اُس نے بھی وہ ہی جواب دیا جس سے میرے دل میں شک پیدا ہوا اور میں اُنکو حضورؐ کی خدمت میں لیگیا۔ حضورؐ نے ایک سے سنکر فرمایا "اَحسَنتَ" اور دوسرے سے سنکر فرمایا "اَصَبتَ" اور پھر مجھ سے سنکر فرمایا "ہٰکَذَا اُنزِلَتْ" اور پھر میرے سینہ پر ہاتھ رکھکر ارشاد فرمایا۔ اُعِیذُکَ بِاللّٰہِ یَا اُبَیّ الخ اور حضرت عمروؓ ابن العاص کہتے ہیں "اُنمیں سے جو وجوہ پڑھو وہ صواب ہیں مگر شک نہ کرو۔ کیونکہ

ان میں شک کفر ہے" اور حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں "جو شخص ایک حرف پڑھے وہ اُسکو ترک کرکے دوسرے کی طرف نہ جائے" یعنی کسی وجہ کا انکار نہ کرے۔

اُمت کیلئے وسعت۔ سہولت اور آسانی پیدا کرنے کے علاوہ اختلاف قرات کے اور متعدد فوائد ہیں از انجملہ (۱) کمالِ بلاغت کا اظہار ہے۔ کہ گوناگون اختلافات کے ساتھ فصاحت و بلاغت میں فرق نہیں آتا (۲) کمالِ اعجاز ظاہر ہوتا ہے۔ کہ مختلف قرات میں تنوع کے باوجود تخالف۔ تناقض۔ تضاد اور تعارض پیدا نہیں ہوتا بلکہ ایک قرأۃ سے دوسری کی تائید۔ تصدیق۔ توضیح اور تفسیر ہوتی ہے جو قرآن لانیوالے روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدق پر روشن دلیل اور قرآن کے منزل من اللہ ہونے کا بیّن ثبوت ہونیکے علاوہ ہر زمانہ میں منکرین کے لیئے برہانِ قاطع ہے۔ (۳) مختلف قرات سے متعدد معانی اور فقہی احکام مستنبط ہوتے ہیں۔ (۴) علماء امت ایک ایک لفظ کی بحث کرتے ہیں جس سے اُن کا اجر بڑھتا ہے اور تحریف و تبدیل سے قرآن محفوظ رہتا ہے (۵) محققین اُن سے جو جو اسرار و دقائق معلوم کرتے ہیں وہ نامتناہی ہیں۔ چنانچہ خود فرماتا ہے۔ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا[۱] (۶) ہر قاری اپنی اختیار کردہ وجوہ کو بسند متصل حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتا ہے۔ جو صرف اسی کتاب اور اسی اُمّت کا خاصہ ہے۔ محقق رح کہتے ہیں "اگر یہی ایک فائدہ ہوتا تو بھی کافی و وافی تھا" (۷) اللہ تبارک و تعالیٰ ہر زمانہ میں ایسے لوگوں کو موجود رکھتا ہے جو اُنکی حفاظت و صیانت

۱۔ ترجمہ:۔ اگر دریا سیاہی ہو جائیں خدا کے کلمات کے لکھنے کے لیئے تو دریا ختم ہو جائیں گے قبل اسکے کہ خدا کے کلمات ختم ہوں اگرچہ ہم اُتنی ہی سیاہی اور لے آئیں۔

Marfat.com

کرتے ہیں۔ اور انمیں سے بعض کا وجود صرف قرااۃ کی خدمت کے لیئے وقف ہوتا ہے جو طرق و روایات اور وجوہ و قرااۃ کی چھان بین کرتے رہتے ہیں۔

فصل دہم (۱۰) احرف سبعہ سے مراد قرااۃ سبعہ نہیں ہیں

اکثر پڑھے لکھے کہا کرتے ہیں کہ احرف سبعہ سے مراد قراء سبعہ کی قرااۃ ہیں۔ یہ وہم ہے۔ قراء سبعہ کا حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں وجود ہی نہ تھا امام ابن عامرؒ ۲۱ھ میں امام ابن کثیر ۴۵ھ میں۔ امام عاصمؒ اسکے قریب امام نافعؒ ۶۹ھ میں امام ابو عمروؒ ۶۸ھ میں۔ امام حمزہؒ ۸۰ھ میں۔ امام کسائیؒ تقریباً ۱۱۹ھ میں پیدا ہوئے۔ ابن عامرؒ نے کبار تابعینؒ اور بعض صحابہؓ سے۔ عاصمؒ نے کبار تابعینؒ سے ابن کثیرؒ نے تابعینؒ اور صغار صحابہؓ سے۔ نافعؒ نے تابعینؒ سے ابو عمروؒ و حمزہؒ نے تابعینؒ کے آخری طبقہ سے اور امام کسائیؒ نے تبع تابعینؒ سے قرااۃ پڑھیں اور ان حضرات کا زمانہ باعتبار اکثر دوسری صدی ہے۔ صحابہؓ کرام اور تابعینؒ کے عصر میں انکی قرااۃ موجود نہ تھیں۔ امام ابو محمد مکیؒ کہتے ہیں "بعض علماء نے اپنی تصانیف میں ان ائمہ سبعہ میں سے بعض کا ذکر نہیں کیا چنانچہ امام ابو حاتمؒ وغیرہ نے امام ابن عامرؒ و امام حمزہؒ و امام کسائیؒ کی قرااۃ بیان نہیں کیں اور دیگر ائمہ کی قرااۃ بیان کی ہیں جو سب قراء سبعہ سے زمانًا مقدم تھے۔ پھر کیسے گمان کیا جا سکتا ہے کہ ان متاخرین سبعہ میں سے ہر ایک کی قرااۃ۔ احرف سبعہ منصوص علیہا میں سے ایک ہے۔ بلکہ ایسا کہنا خلاف واقعہ ہے۔ اور آیا یہ دعوے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی ارشاد کی بنا پر کیا جاتا ہے یا کسی اور سند پر۔ اور کیسے حالانکہ کسائیؒ مامون کے زمانہ

Marfat.com

میں تھے اور کل قرا سبعہ میں داخل کیئے گئے ہیں پہلے یعقوب حضرمیؒ بصری کی قراۃ ساتویں تھی۔ ابن مجاہدؒ نے اُن کی جگہ ان کو لے لیا۔" علامہ دانیؒ جامع البیان میں احرف سبعہ کے معنی بیان کرکے کہتے ہیں "بلاشبہ ائمہ سبعہ اور ان کے مانند دیگر تمام قرا کی وہ قرات واجب الاتباع ہیں جن میں شذوذ نہو۔" مُہنویؒ کہتے ہیں "یہ کسی کے لیئے جائز نہیں کہ اُن قرات کو شاذ کہدے جو اُسکو نہ پہونچی ہون۔ کیونکہ جو قراۃ پڑھی اور روایت کیجائے اور رسم کے موافق ہو اور اجماع کے خلاف نہو وہ صحیح ہے

بعض آدمیوں کا خیال ہے کہ صرف سبعہ متواترہ ہیں اور ان کے سوا باقی قرات شاذ ہیں۔ یہ بھی خطا ہے۔ آیا صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ عظام جن قرات سے قرآن و نماز پڑھتے تھے وہ شاذ تھیں۔ اور آیا کوئی عقل سلیم باور کرسکتی ہے کہ یہ دونوں مقدس جماعتیں جنکی نقل پر دین کا مدار ہے قرآن میں کوئی ایسی شے پڑھیں جو منزل من اللہ اور قرآن نہو۔ نعوذ باللہ من ہذہ العقیدۃ الباطلۃ۔ اور کیا یہ ممکن ہے کہ ان کو متواتر و شاذ کا علم نہ ہو۔ اور دوسری صدی کے آدمی اسکی تحقیق کریں۔ اور آیا قرا سبعہ کی قرات جن قرات سے اختیار کی گئیں ہیں وہ شاذ تھیں۔ محققؒ کہتے ہیں بعض بے علم خیال کرتے ہیں کہ قرات صحیحہ صرف ائمہ سبعہ سے منقول ہیں اور احرف سبعہ سے حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں کا اشارہ کیا ہے بلکہ بعض جہال کو یہ یقین ہے کہ قرات صحیحہ تیسیر و شاطبیہ میں منحصر ہیں اور حدیث میں انکی طرف اشارہ ہے۔ اور جو چیز ان دونوں کتابوں میں نہیں وہ شاذ ہے۔ حالانکہ بعض اختلافات جو قرا سبعہ کے علاوہ دیگر ائمہ سے منقول ہیں تیسیر و شاطبیہ کی بیان کردہ وجوہ سے صحیح ہیں۔ ان لوگوں کو یہ شبہ اس وجہ سے لاحق ہوا کہ انہوں نے پہلے حدیث اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ سُنی

Marfat.com

اور پھر قرار سبعہ کی قرات دیکھیں۔ اسی لیئے اکثر ائمہ متقدمین امام ابن مجاہدؒ کے قرات سبعہ پر اقتصار کو ناپسند کرتے تھے اور اُن کو غلطی پر بتلاتے تھے۔ چنانچہ مہدوی کہتے ہیں "بعض متاخرین نے قراءِ سبعہ کو اختصاراً اختیار کیا تھا۔ عوام الناس نے اسکو حتمی فرض تصور کر لیا۔ اب اگر اُسکے خلاف کچھ سنتے ہیں تو تخطیہ یا تکفیر کرتے ہیں حالانکہ ایسا اوقات واظہر واشہر ہوتی ہے۔ پھر کم ہمت لوگوں نے ان سبعہ قرات میں سے بھی ہر ایک امام کے دو دو راویوں پر حصر کر لیا۔ انہیں ائمہ کے اگر کسی اور راوی کی روایت سنتے ہیں تو اُسکا بطلان کرتے ہیں۔ خواہ وہ ان راویوں سے اشہر ہو۔ سبعہ پر اختصار کرنیوالے کو یہ نہیں چاہیے تھا کیونکہ اس سے عوام دھوکے میں مبتلا ہو گئے اور کمی معلومات نے انکو غافل کر دیا اور ہر ایک کم نظر دھوکے میں پڑ گیا۔ اور اگلوں نے پچھلوں کے دلوں میں یہ خیال جما دیا۔ کاش ابن مجاہدؒ اس سے کم پر اقتصار کرتے یا اضافہ کر دیتے تاکہ یہ شُبہ نہ ہوتا" نیز کہتے ہیں "ہر قراءۃ جسمیں ارکان ثلثہ پائے جائیں اُسکا قبول کرنا واجب ہے اور کسی کے لیئے اُسکا رد و انکار جائز نہیں۔ خواہ ائمہ سبعہ سے ہو یا کسی اور سے"

شیخ الاسلام ابوالفضل عبدالرحمٰنؒ بن احمد رازی اُس شُبہ کو بیان کر کے جو حدیث سے پیدا ہوتا ہے کہتے ہیں "بعد کے علماء نے اسی وہم کے دور کرنیکے لیئے آٹھ آٹھ دس دس قرات میں کتابیں لکھیں۔ کیونکہ احرف سبعہ کا یہ مقصد نہیں کہ خاص اشخاص یا کسی مخصوص زمانہ کے لوگوں کی قرات پڑھی جائیں = اگر اُمت کے ان گنت افراد کسی زمانہ یا کسی مقام میں حروف مرویہ سے شرائط اختیار کو ملحوظ رکھکر اپنی اپنی قرات علیحدہ علیحدہ بنالیں تو وہ احرف سبعہ منزل من اللہ سے خارج نہیں ہونگی بلکہ اسکے اندر قیامت تک وسعت ہے"

امام ابوالعباسؒ بن یوسف کواشی موصلی تفسیر تبصرہ میں کہتے ہیں "جو قراءۃ ارکانِ ثلثہ

Marfat.com

کے موافق ہو وہ احرف سبعہ منصوص علیہا میں سے ہے۔ اگرچہ اسکو ستر ہزار اشخاص مجتمع یا متفرق ہو کر روایت کریں۔ قبولِ قراءۃ کا یہی اصول ہے۔ خواہ سبعہ سے ہو یا ستر ہزار سے اور جب کسی رکن میں فرق آجائے تو وہ شاذ ہے۔"

امام اسمٰعیلؒ بن ابراہیم بن محمد القراب شافی میں کہتے ہیں "قراءِ سبعہ کی قرات سے تمسک اور دیگر قرات کے ترک پر کوئی حدیث یا اثر نہیں بلکہ یہ بعض متاخرین کا فعل ہے جنہوں نے سبعہ کے سوا اور کوئی قراءۃ نہیں پڑھی تھی۔ اُنہوں نے سبعہ پر ایک کتاب لکھدی۔ جو مصنف کی شہرت کیوجہ سے عوام میں پھیل گئی اور ان کو وہم ہو گیا کہ اسپر زیادت جائز نہیں حالانکہ بعد کے بہت سے ائمہ نے متعدد دیگر قرات میں کتابیں لکھیں اور بعض نے انھیں ائمہ سبعہ سے دیگر بہت سی روایتیں اور اختلافات بیان کیے اور کسی نے یہ نہیں کہا کہ ان کا پڑھنا اسلیئے ناجائز ہے کہ وہ اس کتاب میں درج نہیں ہیں۔ اور اگر قرات سات میں محصور ہوتیں تو واجب ہوتا کہ ان قراءِ سبعہ میں سے ہر ایک سے ایک ہی روایت اور طریقہ پڑھا اور پڑھایا جائے۔ مگر اسکا کوئی قائل نہیں اور حدیث سے یہ وہم نہ ہونا چاہیئے کہ اس میں ان قراء کیطرف اشارہ ہے جو تابعینؒ کے بعد پیدا ہوئے کیونکہ اس صورت میں حدیث اُسوقت تک بیفائدہ ہو جاتی جب تک یہ قراء پیدا ہو کر اور تعلیم پاکر قرات اختیار نہ کریں اور اُن سے وہ نقل نہ کیجائیں اور نیز لازم آئیگا کہ صحابہ وغیرہ کو اسوقت تک قرآن پڑھنا جائز نہ ہو جب تک وہ یہ معلوم نہ کرلیں کہ یہ قراء یہ یہ قرات اختیار کریں گے۔ یہ عینِ جہالت ہے۔" پھر کہتے ہیں "حصول قرات کا طریقہ یہی ہے کہ امام ثقہ سے لفظاً حاصل کیجائے اور نبیؐ تک بسند متصلہ پہونچائی جائے۔"

Marfat.com

فصل (۱۱) یازدہم قراءاتِ ثلثہ شاذ نہیں ہیں

ضابطۂ قراءات اور فصل ماسبق سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ قراءات ثلثہ شاذ نہیں ہیں۔ مگر طلباء کی معلومات میں اضافہ کرنیکے لئے قراءات ثلثہ کے متعلق کچھ اقتباسات اور درج کئے جاتے ہیں۔

حضرت ملا علی قاری کہتے ہیں "علماء اعلام کا اسپر اتفاق ہے کہ شاطبیہ جن وجوہ پر متضمن ہے وہ بطریق یقینی متواتر۔ مصاحف عثمانیہ کی رسم کے موافق اور قواعد عربیت کے مطابق ہیں اور مدار پہلی بات پر ہے اور لیکن قراءات عشرہ میں سے ما فوق سبعہ تینوں قراءات پس عام علماء حنفیہ اور جمہور فقہاء شافعیہ انکو شاذ کہتے ہیں۔ اور یہی رافعی اور نووی سے مروی ہے جزریؒ اور سبکیؒ وغیرہ بعض متاخرین نے باتباع بغویؒ اسکے خلاف کہا ہے اور ما فوق عشرہ کے شاذ ہونے پر اجماع ہے جنکا پڑھنا حرام اور روایت جائز ہے" تعجب ہے کہ ملا علیؒ قاری جیسے علامۂ روزگار فاضل نے کیسے یہ رائے قایم کی جو حقیقت کے صریحاً خلاف ہے۔ اول تو حنفی اور شافعی کی تفریق کیسی۔ آیا یہ بھی کوئی اجتہادی مبحث ہے جسمیں فقہا رائے زنی کر سکیں۔ دوم ہزار سال کے بعد کا ایک عالم متقدمین کے خلاف کس شہادت پر ایسا فیصلہ کرتا ہے۔

علامہ ابو محمد بغویؒ کہتے ہیں "میں نے اس کتاب میں وہ مشہور قراءات بیان کی ہیں جو میں نے امام ابوبکر بن مہرانؒ کے طرق پر پڑھیں ہیں وہ ابو جعفرؒ و نافعؒ مدنیان۔ ابن کثیر مکیؒ۔ ابن عامر شامیؒ ابو عمروؒ و یعقوبؒ بصریان۔ عاصمؒ۔ حمزہؒ۔ کسائیؒ۔ اور خلفؒ کوفیین کی قراءات ہیں۔ میں نے انکی قراءات اسوجہ سے بیان کی ہیں کہ ان کے پڑھنے پر اتفاق ہے" کتاب و سنت کے بارہ میں باجماع مقبول و حجت حافظ ابو العلاء ہمدانیؒ غایۃ میں کہتے ہیں "یہ ان قراء عشرہ

کے اختلافات کا تذکرہ ہے جنکی قرات کا حجازی۔شامی اور عراقی اقتدا اور تمسک کرتی ہیں"

امام العلامہ حافظ ابو حیانؒ کہتے ہیں:" ابو جعفرؒ نافعؒ کے شیخ اور سادات تابعین میں سے ہیں اور وہ دونوں ائمہ مدینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رہنے والے تھے۔جہاں بیشمار علماء موجود تھے۔ابو جعفرؒ نے حضرت ابن عباسؓ مفسر قرآن وغیرہ صحابہ کرامؓ سے قرآن پڑھا۔ناممکن ہی کہ اس مرتبہ کا شخص کتاب اللہ میں کوئی ایسی چیز پڑھے جو ناجائز و حرام ہو۔اور یہ کیسے ہو سکتا تھا جب کہ اُسوقت تک نہ سند لمبی ہوئی تھی اور نہ غیر ضابط ناقل اُسمیں داخل ہوئے تھے۔اور یعقوبؒ حضرمی امام جامع روزانہ مسلمانوں کی امامت کرتے تھے اور بصرہ علماء سے معمور تھا کبھی کسی نے ایک حرف کا بھی انکار نہیں کیا۔یعقوبؒ سلام طویلؒ کے شاگرد ہیں۔جو عاصمؒ و ابو عمروؒ کے شاگرد تھے لہذا آپ کا مرتبہ یحییٰؒ اور علیمیؒ اور دوریؒ کے برابر ہے"

امام العلامہ ذہبیؒ کہتے ہیں:" علماء و محدثین سلف و خلف میں سے کسی نے ابو جعفر و یعقوب کی قرات کا انکار نہیں کیا۔علماء اُن قرات کا انکار کرتے ہیں جو بین الدفتین نہیں ہیں"

علامہ دانیؒ طبقات القراء میں کہتے ہیں:" ابو عمروؒ کے بعد عام اہل بصرہ یعقوبؒ کی قراۃ کا اقتدا کرتے ہیں اور اُنمیں سے اکثر اُن کے مذہب پر ہیں میں نے امام ابو الحسنؒ سے سنا ہے کہ جامع بصرہ کا امام یعقوبؒ کی قراۃ پڑھتا ہے"

امام ابو بکر بن اشتہ اصفہانیؒ کہتے ہیں "ہم اب بھی امام جامع کو یعقوبؒ کی قراۃ کا پابند دیکھتے ہیں"

محقق علوم شرعیہ امام ابو الحسن سبکیؒ شرح المنہاج میں کہتے ہیں:" ہمارے

Marfat.com

فقہا کی راے ہے کہ قرأت[1] سبعہ سے نماز درست ہی اور شاذ سے نہیں۔ اس سے لوگوں کو وہم ہوتا ہے کہ سبعہ مشہورہ کے سوا سب شاذ ہیں حالانکہ بغویؒ نے اپنی تفسیر میں ابو جعفرؒ و یعقوبؒ کی قرات کے سبعہ کے ساتھ پڑھنے پر اتفاق نقل کیا ہے اور یہی صواب ہے۔" پھر کہتے ہیں "سبعہ مشہورہ کے سوا باقی قرات کی دو قسمیں ہیں۔ اول مصحف کے خلاف۔ بیشک اُن کا پڑھنا ہر حال میں ناجائز ہے نماز میں ہو یا غیر نماز میں۔ دوم مصحف کی موافق اسکی بھی دو حالتیں ہیں۔ اوّل غیر مشہور بطریق غریب مروی۔ بظاہر اسکی قراءۃ سے بھی روکا جائیگا۔ الثانی۔ ائمہ فن کے نزدیک مشہور اُن کے منع کرنیکی کوئی وجہ نہیں۔ انھیں میں سے یعقوبؒ وغیرہ کی قرات ہیں۔" پھر کہتے ہیں "اس بارہ میں بغویؒ اعتماد کے لیئے سب سے اولیٰ ہیں۔ کیونکہ مقری (محدث) مفسر فقیہ۔ اور جامع العلوم تھے اور یہی حکم شواذ سبعہ کا ہے۔ کیونکہ اُن سے بھی بعض وجوہ شاذ مروی ہیں۔

قاضی القضات ابو نصرؒ بن امام سبکیؒ منع الموانع علی جمع الجوامع میں کہتے ہیں "عشرہ کے سوا باقی سب شاذ ہیں۔ قرات ثلثہ کو شاذ کہنا حد سے گرا ہوا قول ہے جسکی بات کا دین میں اعتبار کیا جائے وہ ایسی بات نہیں کہہ سکتا۔ ان سے میری مراد ابو جعفرؒ یعقوبؒ۔ اور خلفؒ کی قرات ہیں۔" اور محقق جزریؒ کے جواب استفتا میں

---

[1] اکثر متقدمین قرات صحیحہ کو سبعہ سے اور غیر صحیحہ کو شاذ سے تعبیر کرتے ہیں۔ مگر اس سبعہ سے انکی مراد مخصوص قرات نہیں ہیں بلکہ انہوں نے حدیث اُنزل علی سبعۃ احرف سے قرات صحیحہ کے لئے یہ ایک اصطلاح وضع کی ہے جو تمام حروف ثابتہ پر حاوی ہے خواہ سبعہ سے ہوں یا عشرہ سے یا ماوراء عشرہ کے۔ اسی طرح شاذ کا مفہوم بھی عام ہے متاخرین فقہاء نے اسکا مدلول قرا سبعہ مشہورہ کی قرات کو سمجھ لیا اور اسی وجہ سے اس مغالطہ میں پڑ گئے۔

کہتے ہیں "الحمد للہ۔ قراات سبعہ جنپر شاطبیؒ نے اقتصار کیا اور قراتِ ثلثہ یعنی ابو جعفرؒ و یعقوبؒ و خلفؒ کی قراتیں متواترہ معلومہ اور ضرورتِ دین سے ہیں اور اسیطرح وہ ہر حرف جسکو عشرہ میں سے کوئی ایک روایت کرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر منزل من اللہ اور ضروریات دین سے ہے۔ اسمیں صرف جاہل مکابرہ کرسکتا ہے اور یہ قراات انھیں اشخاص کے لیئے متواتر نہیں ہیں جنہوں نے انکو روایتاً پڑہا ہو بلکہ ہر مسلمان کے لیئے جو اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہے خواہ ایسا عامی ہو جس نے قرآن کا ایک حرف بھی نہ پڑہا ہو متواتر ہیں"

اِن ائمہ متقدمین و محققین کے مقابلہ میں وہ رائے کیا معارضہ کرسکتی ہے جو تقلیداً بغیر تحقیق قایم کیگئی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امام ابو جعفرؒ نے حضرت ابن عباسؓ۔ حضرت ابو ربیعہؓ۔ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے قرآن پڑہا اور کوئی حرف ایسا اختیار نہیں کیا جو رسم کے خلاف اور عربیت سے معارض ہو اور امام نافعؒ کی قراۃ زیادہ تر اُسی سے ماخوذ ہے۔ اسیوجہ سے دونوں قراات میں بہت کم فرق ہے۔

یعقوب حضرمیؒ کی قراۃ۔ امام عاصمؒ و ابو عمروؒ کی قراات سے نیز امام ابو العالیہ رح حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے بواسطۂ ثقات ماخوذ ہے۔ اُنہوں نے بھی کوئی حرف ایسا نہیں پڑہا جو ضابطہ کے خلاف یا غیر مشہور ہو۔ انکی اور امام ابو عمروؒ کی قراات بہت زیادہ مشابہ ہیں۔

خلفؒ کی قراۃ امام عاصمؒ و حمزہؒ و کسائیؒ۔ کوفیین اور امام نافعؒ کی قراات سے ماخوذ اور امام حمزہؒ کی قراۃ سے بہت زیادہ مشابہ ہے اور آپ نے قرار کوفہ کے خلاف ایک حرف نہیں پڑہا۔

Marfat.com

پس ان کو شاذ کس بنا پر کہا گیا ہے۔ اگر حروف اختلافی کیوجہ سے یہ دعوی کیا جاتا ہے تو وہ حروف بیان کیئے جائیں۔ جو ان ائمہ ثلثہ نے شاذ یا ضعیف یا فاسد اختیار کیئے ہیں حالانکہ ایسا ایک کلمہ نہیں ہے۔ بلکہ جو حالت قرات سبعہ کی ہے وہ ہی ان کی ہے۔ اور اگر ترتیب کی بنا پر قرات ثلثہ کو شاذ کہا گیا ہے تو پھر لامحالہ قراء سبعہ کی ترتیب کو منزل من اللہ اور منصوص علیہا ماننا پڑیگا اور یہ ثابت کرنا ہوگا کہ حضرات صحابہ کرام اور تابعین عظام انھیں پر قرآن پڑھتے تھے۔ جو بالبداہت باطل ہے۔

فصل دوازدہم قرات سبعہ تیسیر و شاطبیہ میں منحصر نہیں ہیں

اکثر آدمیوں کا خیال ہے کہ قرات سبعہ تیسیر شاطبیہ تبصرہ اور عنوان وغیرہ میں محصور ہیں۔ یہ بھی تخیل ہے۔ ان مختصرات میں حضرات ائمہ سے دو دو راوی مذکور ہیں ائمہ سبعہ نے ۷۵ سال سے ۹۹ سال تک عمر پائی اور ہر ایک نے ساٹھ برس سے زیادہ خدمتِ قرآن میں صرف کیئے۔ تذکروں اور طبقات سے معلوم ہوتا ہے کہ روزانہ ان گنت طلباء شریک درس ہوتے تھے۔ امام نافعؒ نماز صبح سے قبل پڑھانا شروع کرتے تھے جو عشاء کے بعد تک جاری رہتا تھا۔ اور ہر شخص کے لیئے تیس ۳۰ آیتوں کا وقت مقرر تھا بڑی جد و جہد سے سیدنا ورشؒ کو بعد از تہجد زیادہ وقت ملا تھا۔ امام ابو عمروؒ کے گرد طلباء کا ازدحام دیکھکر خواجہ حسن بصریؒ نے تعجب سے کہا تھا۔ کہ کیا علماء ارباب بن گئے؟ امام عاصمؒ سے پڑھنے کا موقع مشکل سے ملتا تھا۔ امام کسائیؒ سے عرضاً و قراۃً پڑھنا ناممکن ہوگیا تھا۔ بلکہ کثرت طلباء کی بنا پر دور بیٹھنے والوں کو شکل دیکھنی بھی دشوار تھی اسی وجہ سے امام ممدوح

ممبر پر بیٹھکر خود پڑھتے تھے۔ اور شائقین آپ کی قرارۃ سے اخذ کرتے جاتے تھے۔ یہی حال دیگر ائمہ کا تھا۔ خدائے تعالےٰ کے سوا اور کوئی نہیں جانتا کہ اُن سے کتنی مخلوق نے پڑھا اور استفاضہ کیا۔ دنیائے اسلام کی کونسی بستی اُنکے خوشہ چینوں اور شاگردوں سے خالی تھی۔ پھر کون کہہ سکتا ہے کہ اُن کے راوی یہی دو دو ہیں۔

امام ابوحیانؒ کہتے ہیں "ان مختصرات میں امام ابوعمروؒ کے جنکی قراۃ شام و مصر میں زیادہ مروج ہے ایک شاگرد یزیدیؒ اور ان سے دوریؒ و سوسیؒ دو راوی درج ہیں اور اہلِ نقل کے نزدیک ابوعمروؒ کے تلامذہ میں سے۔ یزیدیؒ۔ شجاعؒ۔ عبدالوارثؒ ابن سعیدؒ۔ عباسؒ بن فضلؒ۔ سعیدؒ بن اوس۔ ہارون الاعورؒ الخفافؒ۔ عبید بن عقیلؒ حسین الجعفیؒ۔ یونس بن حبیب نحویؒ۔ لولوئیؒ۔ محبوبؒ۔ خارجہؒ۔ الہیضمیؒ۔ عصمہؒ۔ اصمعیؒ اور ابوجعفر رواسیؒ۔ سترہ شخص مشہور ہیں۔ پس ابوعمروؒ کی قراۃ یزیدی پر کیسے منحصر ہو سکتی ہے اور باقی رواۃ کو جو تعداد میں کثیر ثقہ۔ ضابط اور صاحب درایت تھے بلکہ ممکن ہے کہ انمیں سے بعض یزیدیؒ سے اعلم و اوثق ہوں کیسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے"

پھر یزیدیؒ سے دوریؒ۔ سوسیؒ۔ ابوحمدونؒ۔ محمد بن احمد بن جبیرؒ۔ اوقیہ ابوالفتحؒ ابوخلادؒ۔ جعفر بن حمدان سجادہؒ۔ ابن سعدانؒ۔ احمد بن محمد بن یزیدیؒ۔ اور ابوالحارثؒ دس شخص مشہور ہیں۔ لہذا دوریؒ و سوسیؒ پر کیسے اقتصار کیا جا سکتا ہے اور باقی جماعت کو کس دلیل سے چھوڑا جا سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ بعض دوریؒ و سوسیؒ سے اوثق و اضبط ہوں

پھر دوریؒ سے ابن فرحؒ (بالحاء المہملۃ) ابن بشارؒ۔ ابوالزعراءؒ ابن مسعود السراجؒ۔ الکاغذیؒ ابن برزہؒ۔ احمد بن حرب المعدلؒ۔ اور پھر ابن فرحؒ سے زید بن ابی بلالؒ عمر بن عبدالصمدؒ۔ ابوالعباسؒ بن محریزؒ۔ ابومحمد قطانؒ اور المطوعیؒ مشہور ہیں۔ اور ہمارے

زمانہ تک ہر طبقہ کا یہی حال ہے"

"امام نافعؒ کے (جنکی قراءۃ مغرب میں زیادہ مشہور ہے) ان مختصرات میں قالونؒ و ورشؒ دو راوی مذکور ہیں۔ اور اہل نقل کے نزدیک قالونؒ۔ ورشؒ۔ اسمٰعیلؒ بن جعفر۔ ابو خلیدؒ ابن جمازؒ۔ خارجہؒ۔ اصمعیؒ۔ کردمؒ اور مسیبیؒ۔ نو حضرات مشہور ہیں۔ اور باقی ائمہ سبعہ کے تلامذہ کا بھی یہی حال ہے۔ پس کیسے ممکن ہے کہ ان ائمہ کے علم کو دو دو راویوں میں منحصر سمجھ لیا جائے اور باقی حضرات کی روایت کو معطل کر دیا جائے۔ ان دونوں بزرگوں کو باقی اصحاب پر کیا فوقیت تھی جبکہ وہ سب ایک شیخ کے شاگرد۔ ضابط اور ثقہ تھے"

پھر کہتے ہیں "ان ائمہ کے زمانہ میں قرات نقل و اختیار کرنیوالے بیشمار حضرات تھے۔ مشیت الٰہی یہی تھی کہ علم کم ہو جائے۔ پڑھانیوالوں نے جب لوگوں کا کسل اور اُن کی ہمتوں میں قصور و فتور دیکھا تو پہلے سبعہ پر اور پھر سبعہ کے ایک قلیل حصہ پر قانع ہو گئے"[1]

---

[1] بعض آدمیوں کو اس سے شبہ پیدا ہوگا کہ شاید کوئی حرف قرآن کا فوت و مفقود نہ ہو گیا ہو جس سے تمام امت آثم ہوئی اور نیز وعدۂ الٰہی میں تخلف ہو گیا۔ نعوذ باللہ من ذٰلک اسکا جواب یہ ہے کہ تمام اختلافات سات قسم کے ہوتے ہیں۔ اوّل صرف حرکات میں اختلاف ہوتا ہے معنی اور صورت میں کوئی تغیر نہیں ہوتا۔ جیسے بِالْبُخْلِ اور بِالْبَخَلِ۔ یَحْسَبُ۔ اور یَحْسِبُ وغیرہ اور اسی صورت میں اصولی اختلافات داخل ہیں۔ دوم حرکات و معنی میں اختلاف ہوتا ہے صورت میں نہیں جیسے اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ کَلِمٰتٍ مرفوع و منصوب اور منصوب و مرفوع۔ سوم معنے میں اختلاف ہوتا ہے حرکات و صورت میں نہیں ہوتا جیسے بَعِّدْ۔ اور بٰعِدْ۔ وغیرہ۔ چہارم صورت میں اختلاف ہوتا ہے حرکات معنی میں نہیں ہوتا جیسے بَصْطَةً وَبَسْطَةً صِرَاطَ۔ سِرَاطَ وغیرہ۔ تمام لغوی اختلافات۔ پنجم صورت و معنی دونوں میں اختلاف ہوتا ہے حرکات میں نہیں ہوتا۔ اَشَدَّ مِنْكُمْ۔ اَشَدَّ مِنْهُمْ۔ ششم۔ تقدیم و تاخیر سے جیسے فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ۔ ہفتم۔ زیادۃ و نقصان سے جیسے وَوَصّٰى۔ وَاَوْصٰى وَقَالُوْا۔ اور قَالُوْا وغیرہ۔ ان کے سوا اور قسم کا اختلاف ہرگز نہیں ہوتا۔ خواہ قرات متواترہ مروجہ ہوں یا غیر مروجہ۔ شاذہ ہوں۔ یا ضعیفہ۔ اور یہ تمام اختلافات علی سبیل البدلیت مروی ہیں۔ یعنی ان میں سے جو وجہ پڑھی جائے وہی کافی ہے اور قرآن ہے۔ اور امت کے ہر فرد پر تمام وجوہ کا پڑھنا واجب و لازم نہیں ہے جسکی بین دلیل فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ متعدد قرات و روایات و طرق کے اندراس سے قرآن علی حالہ باقی ہے۔ اسمیں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ البتہ تنوع اور طریقہ ترکیب کا بعض حصہ مندرس ہو گیا۔ فافہم و تدبر۔

بعض آدمی یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ تیسیر و شاطبیہ کی بیان کردہ ہر وجہ متواتر ہے۔ اور اُنکی سوا اور کتابوں میں جو کچھ پایا جاتا ہے وہ غیر متواتر و شاذ ہے۔ یہ جہلا کی اصطلاح ہے ورنہ ان دونوں کتابوں میں بعض وجوہ ضعیف موجود ہیں جو موقعہ بموقعہ آئیں گی۔ اور اسیطرح متقدمین کی دیگر کتابوں میں وجوہ متواترہ صحیحہ بکثرت اور بعض ضعیف پائی جاتی ہیں البتہ ان دونوں ائمہ نے از روے طریقہ وجوہ متواترہ صحیحہ بیان کرنے میں زیادہ احتیاط کی ہے اور اس فن میں اِنکا وہی مرتبہ ہے جو حدیث میں بخاری و مسلم کا۔

خلاصۂ مافی الباب یہ ہے کہ حضرات صحابۂ کرامؓ جن جن وجوہ پر قرآن پڑھتے تھے وہ سب صحیح اور منزّل من اللہ تھیں یعنی ہر صحابیؓ کو جو حرف حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا تھا وہ اُن کے لیئے بلا تائید و تصدیق احدے اور بغیر شاہد حجّت تھا اور اُن کے حق میں شذوذ و ضعف ہرگز نہ تھا۔ پھر جب صحابۂ کرامؓ نے مصاحف عثمانیہ پر اجماع کرلیا تو اُمت کے لیئے اُنکا اتباع ضروری ہوگیا۔

حضرات تابعینؒ کبار نے صحابۂ کرام سے قرآن پڑھا اور مصاحف عثمانیہ کے مطابق تابعینؒ و تبع تابعینؒ کو پڑھایا۔ ان دونوں متبرک جماعتوں کے متعدد حضرات نے کئی کئی شیوخ سے قرآن پڑھا اور وجوہ مشہورہ کو انتخاب کرکے اپنے لیئے جدا جدا قرات اختیار کرلیں اور اتباع رسم کے ساتھ اپنے اختیار کو احاد و غیر مشہور سے بچایا۔ کیونکہ اُن کے حق میں شذوذ و ضعف پیدا ہوگیا تھا اور نیز اقوٰی فی العربیت کا لحاظ رکھا۔

قرون ثلثہ میں ان گنت قرات پڑھی اور پڑھائی جاتی تھیں۔ اور تیسری صدی تک علماء و ائمہ تعداد مختلف قرات پڑھتے اور پڑھاتے اور روایت کرتے تھے۔ اور جب تیسری صدی میں سلسلۂ تصنیف و تالیف شروع ہوا تو ہر مصنف اپنی کتاب میں

Marfat.com

اُن قرات کو بیان کرتا تھا جو اُسکو بسند صحیحہ متصلہ پہونچتی تھیں چنانچہ امام ابوعبیدؒ اور قاضی اسمٰعیلؒ نے ۲۵-۲۵- قرات بیان کی ہیں۔

خیر القرون کے بعد سند کی طوالت نے جب اکثر لوگوں میں کسل پیدا کر دیا اور بعض کے ضبط و حفظ میں ضعف اور شوق و ہمت میں فرق آگیا تو علماء نے تعداد مروّجہ میں کمی کر دی چنانچہ امام ابوبکر بن مجاہد مقریٔ بغداد نے جو اُسوقت دنیاء اسلام میں امام الائمہ تھے قرات مروجہ میں سے بوجہ شہرت و کثرت وجوہ صحیحہ و موافقت رسم اور عربیت میں اقویٰ ہونیکی بنا پر ائمہ سبعہ کو منتخب کر کے اُن کی قرات میں کتاب السبعہ تصنیف کی۔ اور اس کے مطابق روایات و قرات پڑھانے لگے۔ یہ پہلی کتاب ہے جسمیں سبعہ پر اقتصار اور امام نافعؒ کو باقی حضرات سے مقدم بیان کیا گیا ہے۔ یہ امر منجانب اللہ ہے کہ اُن کو ان کے انتخاب کا دھیان آیا ورنہ بقول امام ابو محمدؒ مکی ستر ائمہ کی قرات ان سے مقدم موجود تھیں اور ائمہ ثلثہ کی قرات تو ہر لحاظ سے ان کے برابر تھیں مگر امامؒ موصوف کا یہ اعتقاد ہرگز نہ تھا کہ ان کے سوا دیگر قرات شاذ یا غیر صحیح ہیں۔

اکثر اولوالعزم معاصرین نے امام موصوف کے اس عمل کو ناپسند کیا اور سات کی تعداد پر تو خاص اعتراض تھا۔ مگر امام ابن مجاہدؒ کی فقید المثال شخصیت و شہرت اور اُن کی کتاب سبعہ قرات کے رواج کا باعث بنگئی۔ اور باقی قرات کی تعلیم میں کمی آنے لگی پھر امام ابوعبداللہ قیروانیؒ۔ امام ابوالقاسم طرسوسیؒ۔ اور امام ابوالعباسؒ مہدوی نے مشرق میں سبعہ کو اور مشہور کر دیا۔

چوتھی صدی کے آخر تک اندلس اور بلاد مغرب میں ان سبعہ قرات مشہورہ کا رواج نہ تھا۔ سب سے پہلے امام ابوعمر طلمنکیؒ نے اُن کے بعد امام ابو محمدؒ مکی قیروانی

Marfat.com

اور امام العلامہ حافظ ابو عمرو دانی رح نے مصر وغیرہ سے پڑھکر سبعہ قرات اندلس میں پہنچائیں۔

اوائل پانچویں صدی تک قرات سبعہ اکثر روایات وطرق مشہورہ کیساتھ پڑھی اور پڑھائی جاتی تھیں۔ چنانچہ علامہ دانی نے جامع البیان میں پانسو روایات وطرق بیان کئے ہیں۔ اسکے بعد ہمتیں اور گھٹ گئیں اور طلبا، مزید اختصار کی خواستگار ہونے لگے۔ اسپر علامہ دانی رح نے تیسیر لکھی۔ اسکے شروع میں خود کہتے ہیں "آپ صاحبوں نے مجھ سے خواہش کی تھی کہ میں آپ کے لیئے قراء سبعہ کے مذاہب پر ایک ایسی مختصر کتاب لکھوں جسکا پڑھنا پڑھانا اور یاد کرنا آسان ہو اور اسمیں وہ مشہور روایات وطرق بیان کروں جو تھوڑے زمانہ میں حفظ ہوسکیں" پھر کہتے ہیں "پس میں نے آپکی خواہش کے مطابق یہ کتاب لکھی اور اسمیں ہر قاری سے دو دو روایات بیان کی ہیں"

تیسیر کے بعد ائمہ سبعہ کی دیگر روایات کا رواج بھی کم ہوگیا اور چھٹی صدی کے آخر میں امام العلامہ شاطبی رح نے تیسیر کو نظم کرکے اسکی روایات وطرق کو چار چاند لگا دیئے۔ اور چار دانگ عالم میں مشہور کردیا۔

جن قرات کا رواج کم ہوتا گیا وہ مندرس ہوگئیں۔ قرات ثلثہ بھی غائب ہوجاتیں اگر ابن مہران رح ابن غلبون رح ابن شیطا۔ ہوازی رح قلانسی رح۔ حافظ ابو العلاء اور محقق رح وغیرہ ائمہ انکو پڑھتے پڑھاتے اور تصنیف وتالیف سے (جنکا اجمالی حال آئندہ فصل میں آئیگا) انکی حفاظت نہ کرتے۔ اور اہل مصر وغیرہ انکی خدمت نہ کرتے رہتے۔ ائمہ سبعہ کی باقی روایات کی بھی یہی کیفیت ہے کہ وہ بھی تیسیر کے بعد مندرس ہوگئیں اور جسطرح ان روایات کے اندراس کا باعث شذوذ نہیں اسی طرح ان قرات کے اندراس کا سبب بھی شذوذ نہیں ہے بلکہ علماء فوت ہوگئے اور علم ان کے ساتھ چلا گیا آئندہ کوئی جانشین نہ بنا۔ اب امت

Marfat.com

کے پاس سبعہ مشہورہ متواترہ کی دو دو روایات اور قرات ثلثہ متواترہ کی دو دو روایات اور چار دیگر قرات باقی ہیں۔ یہ چاروں بھی صدیاں گذر گئیں پڑھی پڑھائی نہیں جاتیں صرف کتابوں میں بیان ہوتی ہیں۔ عشرہ پڑھائی جاتی ہیں۔ خدائے تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ انکی حفاظت کریں۔ آخر میں طلباء یاد رکھیں کہ کسی قراۃ کو از اول تا آخر شاذ کہنا بے معنی بات ہے حق یہ ہے کہ ہر قراۃ کی وہ ہی وجوہ شاذ ہوتی ہیں جو ضابطۂ قرات کے خلاف ہوں۔ واللہ اعلم بالصواب۔ وعندہٗ ام الکتاب۔

فصل سیزدہم حالات تصانیف ائمہ اور انکی مشہور کتابیں

ہم نے اوپر بیان کیا ہے کہ قرون اولیٰ میں حفاظت قرآن کا مدار اور اصل اعتماد ضبط و حفظ پر تھا۔ صحابۂ کرامؓ اور تابعین عظام اپنے حافظہ سے لوگوں کو قرآن پڑھاتے تھے اور صاحب اختیار ائمہ نے اپنے تمام شیوخ سے اسی طرح قرآن پڑھا تھا اور پھر اپنے تلامذہ کو ہر امام نے اپنی اختیار کردہ قرات اسی طرح پڑھائی تھی۔ دوسری صدی کے آخر تک وجوہ قرات تحریر کرنیکا قطعاً رواج[1] نہ تھا۔ مگر جب بعض غیر ضابط اور کمزور حافظہ والے داخل ہو گئے اور انہوں نے گڑبڑ شروع کی تو مجتہدین ائمہ فن نے انکی تدوین مناسب سمجھی اور حضرات خلفاء راشدین کی تقلید کرتے ہوئے وجوہ قرات تحریر کرنے لگے۔ فجزاہم اللہ خیر الجزاء۔

اس فصل میں ہم ان ائمہ اور انکی تصانیف کا صدی وار ذکر کرتے ہیں جسکو ہم نے مصنفین کے سنین وفات سے مقرر کیا ہے۔ ممکن ہے کہ بعض کتابوں کا سال تصنیف مقدم ہو

[1] آجکل قرآنوں پر سرخی اور سیاہی سے قراءکی جو رموز بنائی جاتی ہیں یہ ایک نئی بات ہے محقق رحمہ کے عصر تک اسکو شدید بدعت تصور کیا جاتا تھا۔ ائمہ اختلافات واجب کو جداگانہ کتابوں میں جمع کرتے تھے۔

اور اُن شیوخ طرق کے سوا جنکا ذکر اوپر گذرا مشاہیر ائمہ اور ان حضرات کا مختصر ترجمہ بھی بیان کرینگے جنکی کتابیں ہمیں سند پہونچی ہیں یا جنکی تالیفات سے حوالے آئینگے اور ہر امام کا نام درج کرنے سے پہلے وہ عرف لکھینگے جس سے ان کا ذکر کتب فن میں آتا ہے واللہ الموفق۔

تیسری صدی کی تالیفات

تیسری صدی میں آٹھ کتابیں تالیف ہوئیں اور اوّلیت کا فخر بغداد کو حاصل ہوا۔

ابو عبیدؒ - امام العلامہ مجتہد ذو فنون قاضی ابو عبیدؒ قاسم بن سلام بغدادی نحوی فقیہہ نے سب سے پہلے پچیس ۲۵ قرات میں بشمول سبعہ "کتاب القرات" تصنیف کی۔ امام کے والد سبایائے روم میں سے تھے۔ آپ ہراۃ میں پیدا ہوئے امام اسمٰعیلؒ بن جعفرؒ اور اُن کے طبقہ کے بزرگوں سے قرات پڑھیں ہشیمؒ۔ وکیعؒ۔ اور اصمعیؒ وغیرہ علماء سے حدیث و فقہ اور دیگر علوم کی تحصیل کی۔ دارمیؒ۔ ابوبکرؒ بن الانباری اور علی بن عبدالعزیزؒ وغیرہ ائمہ آپکے شاگرد ہیں ایک عرصہ تک طرسوس کے قاضی رہے۔

حدیث و عربیت اور فقہ کے مجتہد و امام اور قرات کے ماہر کامل تھے۔ کبار ائمہ میں سے ہیں۔ امام ابو قدامہؒ کہتے ہیں "شافعیؒ فہم میں۔ احمدؒ ورع میں۔ اور اسحاقؒ حفظ میں فائق ہیں اور ابو عبیدؒ لغت و عربیت میں اعلم الناس اور ان سب سے برتر ہیں"۔ حضرت اسحقؒ بن راہویہ کہتے ہیں "اللہ تعالیٰ صدق کو دوست رکھتا ہے۔ ابو عبیدؒ مجھ سے اعلم واقف ہیں۔ ہم اُن کے محتاج ہیں وہ ہمارے محتاج نہیں ہیں"۔ امام احمدؒ کہتے ہیں "ابو عبید استاذ ہیں اور ہر روز اُن میں خیر کا اضافہ ہوتا ہے"۔

Marfat.com

الدارقطنیؒ کہتے ہیں "کبیر الشان امام ہیں" حاکمؒ کہتے ہیں "باجماع امام مقبول اور حجت ہیں" ابن الانباریؒ کہتے ہیں "رات کے تین حصہ کرکے ایک میں سوتے تھے۔ ایک میں نماز پڑھتے تھے اور ایک میں تصنیف کرتے تھے" ذہبیؒ کہتے ہیں "بیس سے زیادہ کتابیں لکھیں جو شخص انکو دیکھتا ہے اسکو آپکے علم و فضل اور حفظ و ضبط کا پتہ چلتا ہے۔ حدیث اور اسکے جملہ متعلقات۔ فقہ کے اختلاف۔ اور قرات کے عارف امام تھے" ثعلبؒ کہتے ہیں "آپ کا طور و طریق عقلاء کے لیئے مشعل راہ ہے حج کے لیئے گئے تھے کہ مکہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابو حاتمؒ۔ امام العلامہ ابو حاتمؒ سہل بن محمدؒ بن عثمان سجستانی نحوی مقری بصریؒ عربیت و قرات و حدیث کے امام تھے۔ دانیؒ کہتے ہیں "یعقوبؒ سے قرات پڑھیں جو آپ کے سب سے بڑے شیخ تھے" مازنیؒ کہتے ہیں "اگر سلامؒ طویل آپ کو دیکھتے تو آپ کے محتاج ہوتے" اصمعیؒ اور اُن کے طبقہ سے حدیث سُنی اور النسائیؒ وغیرہ آپ سے روایت کرتے ہیں۔ پچیس ۲۵ قرات میں **کتاب القرات** لکھی جسمیں امام ابن عامرؒ و حمزہؒ و کسائیؒ کو نہیں لیا۔ صاحب تصانیف تھے متعدد کتابیں یادگار ہیں سنہ ۲۴۸ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

قاضی اسمٰعیلؒ۔ امام العلامہ شیخ الاسلام قاضی ابو اسحٰق اسمٰعیلؒ بن اسحٰقؒ بن اسمٰعیلؒ ابن محدث بصرہ حمادؒ بن زید ازدی بولابصری ثم البغدادی مالکی سنہ ۱۹۹ھ میں پیدا ہوئے۔ حضرت قالونؒ سے قراۃ پڑھی محمدؒ بن عبداللہؒ انصاری اِلقعنبیؒ اور مسلمؒ وغیرہ سے حدیث فقہ کی تکمیل کی۔ بڑے بڑے ائمہ آپ کے شاگرد ہیں۔ تا وفات بغداد کے قاضی رہے۔ مالکی مذہب کو پھیلایا۔ خطیبؒ کہتے ہیں "متقن عالم اور فقیہ تھے۔ امام مالکؒ کی احادیث

Marfat.com

جمع کیں۔ احکام القرآن۔ اور معانی القرآن۔ اور کتاب القرات جسمیں بشمول سبعہ ۲۰ سے زیادہ قرات ہین ہمثیل تصانیف ہیں"۔ مبرّد کہتے ہیں "۔ قاضی اسمٰعیلؒ مجھ سے اور یحییٰ بن اکثم سے حروف میں اعلم ہیں"۔ اور جب آپکو دیکھتے تو کہتے مدینہ آگیا ۲۸۲ھ مین بغداد میں اچانک وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ثعلبؒ۔ امام نحو ولغت ابوالعبّاس احمدؒ بن یحییٰ بن زید بن سیار شیبانی مَوَلا۔ کوفی ثم البغدادی۔ ربیع الاول ۲۰۰ھ میں پیدا ہوئے سولہ سال کی عمر میں تحصیل شروع کی۔ یگانۂ روزگار عالم تھے۔ امام ابن مجاہدؒ جیسے ائمہ کے شیخ ہیں۔ خطیبؒ کہتے ہیں "ثقہ۔ دین۔ صالح۔ حجۃ۔ اور حفظ میں مشہور تھے"۔ مبرّد کہا کرتے تھے "اعلم اہل کوفہ ہیں"۔ کسی نے پوچھا اور فراء۔ تو کہا "ثعلب کا دسواں حصّہ بھی نہیں"۔ ذہبیؒ نے حفاظ حدیث میں لیا ہے اور کہتے ہیں "کثیر التصانیف تھے"۔ امام ابن مجاہدؒ کہتے ہیں "ایک روز فرمایا "اہل قرآن نے قرآن کی۔ محدثین نے حدیث کی۔ اور فقہا نے فقہ کی خدمت کی اور فائز برام ہوگئے۔ میں زید وعمرو کے جھگڑے میں مصروف ہوں دیکھئے آخر تیں کیا انجام ہو"۔ رات کو میں نے حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور ارشاد ہوا "ابوالعبّاس سے ہمارے سلام کے بعد کہدو کہ تم صاحب علم مستطیل ہو"۔ سلمۃ بن عاصمؒ وغیرہ سے قرات پڑھیں۔ کتاب القرات اور کتاب الشواذ۔ دو کتابیں لکھیں۔ ۱۷ جمادی الاول ۲۹۱ھ کو بغداد میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ[1]

---

[1] ان کے سوا علامہ احمدؒ بن جبیر بن محمد کوفی نزیل انطاکیہ متوفی ۲۵۸ھ نے کتاب قرات خمس (ہر شہر سے ایک ایک قرأۃ) اور عبداللہ بن مسلم نحوی بغدادی معروف بابن قتیبہ متوفی ۲۶۷ھ نے ادب القرات تالیف کی۔

Marfat.com

چوتھی صدی کی تصانیف

چوتھی صدی میں پچیس ۲۵ سے زیادہ کتابیں تصنیف ہوئیں نصف سی زیادہ بغداد سی میں

طبریؒ امام العلامہ شیخ الاسلام جامع العلوم حافظ کبیر مشہور مورخ و مفسر ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید بن کثیر طبریؒ سنہ ۲۲۴ھ میں طبرستان کے مشہور قصبہ آمل میں پیدا ہوئے ان گنت علماء سے علوم کی تحصیل کی۔ قراۃ۔ تفسیر حدیث۔ فقہ۔ رجال۔ اور تاریخ میں یگانۂ روزگار عالم اور مجتہد امام تھے۔ تیس ۳۰ جلدوں میں بےنظیر تفسیر۔ اور دس جلدوں میں از آدمؑ تا سنہ ۳۰۳ھ محققانہ تاریخ اور قرات میں الجامع لکھی جسمیں بیس ۲۰ سے زیادہ قرات بیان کی ہیں۔ کثیر التصانیف علامہ تھے وفات پر تصانیف کا حساب کیا گیا تو چودہ ورق روزانہ ثابت ہوئے۔ تالیفات کا معاوضہ ہرگز قبول نہیں کرتے تھے۔ سنہ ۳۱۰ھ ہجری میں وفات پائی۔ مہینوں قبر پر نماز جنازہ پڑھی گئی اور بیشمار مرثیے لکھے گئے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

داجونیؒ۔ امام العلامہ ابو بکر محمد بن احمد بن عمر بن احمد بن سلیمان الداجونیؒ زمانی نحیر ابن ماموبہ وغیرہ تلامذہ ہشامؒ اور صوریؒ وغیرہ تلامذہ ابن ذکوانؒ اور انکے دیگر معاصرین سے قرات پڑھیں۔ روایت ہشامؒ کا ایک طریقہ آپکی طرف منسوب ہے۔ امام وقت تھے قرات شمان میں ایک کتاب لکھی۔ رجب سنہ ۳۲۴ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

امام ابن مجاہدؒ موصوف نے کتاب السبعہ تحریر کی۔ یہ پہلی کتاب ہے جسمیں سبعہ پر اقتصار اور امام نافعؒ کو باقی قراء سے مقدم بیان کیا گیا ہے اور یہی وہ کتاب ہے جو سبعہ کے رواج کا باعث ہوئی۔ بعد کے اکثر مصنف اسکے مقلد ہیں۔

امام عبدالواحدؒ موصوف نے البیان فی السبعہ لکھی
النقاشؒ موصوف نے کتاب السبعہ۔ معجم کبیر۔ معجم اوسط۔ معجم صغیر چار کتابیں صرف قرات میں لکھیں۔

شذائیؒ۔ امام العلامہ ابوبکر احمد بن نصر بن منصور بن عبدالمجید بن عبدالمنعم شذائیؒ نے ابن بویانؒ واجونیؒ اور ابن شنبوذؒ وغیرہ سے قرات پڑھیں اور کتاب القرات لکھی کبیر الشان ائمہ میں سے ہیں ۳۷۶ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

ابن مہرانؒ۔ امام العلامہ ابوبکر احمد بن حسین بن مہرانؒ اصفہانی نیشاپوری نے ابن بویانؒ ابوبکر بن مقسمؒ بکارؒ وغیرہ ائمہ سے قرات پڑھیں الغایۃ فی العشرۃ اور شامل دو کتابیں تالیف کیں بہت سے جلیل الشان ائمہ آپکے شاگرد ہیں شوال ۳۸۱ھ میں اصفہان میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

الدارقطنیؒ۔ امام العلامہ شیخ الاسلام والمحدثین حافظ زمان ابوالحسن علی بن عمر بن احمد بن مہدی بغدادی دارقطنیؒ صاحب سنن ۳۰۶ھ میں پیدا ہوئے بغویؒ وغیرہ محدثین سے حدیث وفقہ وغیرہ کی تکمیل کی۔ تمام علوم میں یگانہ روزگار علامہ تھے۔ حاکمؒ کہتے ہیں "حفظ وفہم ووسع اور نحو وقرات میں وحید العصر امام تھے میں نے جب آپکو دیکھا تو اس سے زیادہ پایا جو سنتا تھا۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ روی زمین پر آپ کا عدیل ونظیر نہ تھا" آپنے ابن مجاہدؒ اور نقاشؒ وغیرہ سے قرات پڑھیں کتاب القرات تصنیف کی۔ یہ پہلی کتاب ہے جسمیں اصول کو فرش سے مقدم بیان کیا گیا ہے۔ بعد کے مصنف اسکے مقلد ہیں۔ ۸ ذیقعدہ ۳۸۵ھ کو بغداد میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن غلبونؒ۔ امام العلامہ ابوالطیب عبدالمنعم بن عبیداللہ بن غلبونؒ بن مبارک

Marfat.com

جلبی ثم المصری مقری نے ابوبہل وراقؒ وغیرہ بزرگوں سے قرات پڑھیں۔ بڑے بڑے ائمہ قرات آپکے شاگرد ہیں۔ ارشاد فی العشر اور معدل دو کتابیں قرات میں تالیف کیں جمادی الاول ۳۹۹ھ میں مصر میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ 137

امام ابوالحسنؒ موصوف نے۔ تذکرۃ سبعہ مشہورہ اور یعقوب حضرمی کی قرات میں لکھا۔

امام ابوالفتحؒ موصوف نے منشاء القرات سبعہ مشہورہ اور امام ابوجعفر کی قرات میں تالیف کی [1]

پانچویں صدی

پانچویں صدی میں پچاس سے زیادہ کتابیں زیب قرطاس ہوئیں۔ اکثر محققانہ اور معتبر متون ہیں نصف کے قریب اہل اندلس نے لکھیں۔

خزاعیؒ۔ امام العلامہ ابوالفضل محمدؒ بن جعفر خزاعیؒ نے ابواحمد سامریؒ مطوعیؒ۔ شذائیؒ وغیرہ بزرگوں سے قرات پڑھیں المنتہی فی العشرۃ تالیف کی جسمیں تمام متقدمین سے زیادہ طرق وغیرہ جمع کیے ہیں ۴۰۸ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن سفیان قیروانیؒ۔ امام العلامہ شیخ القراء ابوعبداللہ محمد بن سفیان قیروانیؒ مالکی نزیل مکہ نے امام ابن غلبونؒ وغیرہ سے قرات پڑھیں۔ مہدویؒ جیسے مجتہد آپ کے

[1] انکے علاوہ ۱ ابن السراج شمس الدین محمد بن اسدی مصری متوفی ۷۱۶ھ نے احتجاج القراء ۲ ابوبکر محمدؒ بن حسن بن یعقوب بن مقسم بغدادی متوفی ۳۵۴ھ نے احتجاج القراء اور ابن خالویہ حسین بن عبداللہ نحوی متوفی ۳۷۰ھ نے۔ کتاب القرات اور امام ابن مجاہدؒ کی کتاب السبعہ پر شرح ۴ ابوعلی الحسن بن احمد فارسی متوفی ۳۷۷ھ نے تین ضخیم جلدوں میں کتاب السبعہ ابن مجاہدؒ پر شرح ۵ ابوالحسن طاہر بن احمد نحوی بغدادی المتوفی ۳۸۰ھ نے تذکرہ فی السبعہ ۶ عبیداللہ بن محمد اسدی نحوی متوفی ۳۸۷ھ نے المفصح ۷ ابوالفتح عثمان بن جنی نحوی متوفی ۳۹۲ھ نے امام ابن مجاہدؒ کی کتاب الشواذ پر شرح موسومہ المحتسب ۸ ابوعثمان سعید بن محمد معروف بابن حداد قیروانی مقتول ۴۰۰ھ نے توضیح المشکل اس صدی میں ہیں۔

Marfat.com

شاگرد ہیں۔ امام وقت تھے "الہادی فی السبعۃ" لکھی ایک سال مکہ میں رہکر مدینہ طیبہ گئے اور یکم صفر ۴۱۵ھ کی رات کو وہیں انتقال کیا بقیع میں دفن ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہ

طرسوسیؒ۔ امام العلامہ ابوالقاسم عبدالجبار بن احمد بن عمر طرسوسی نزیل مصر نے ابواحمد سامریؒ امام ابوبکر اذفویؒ ابن نفیس وغیرہ ائمہ سے قرات پڑھیں المجتبی فی السبعہ لکھی سلخ ربیع الاول ۴۲۰ھ کو مصر میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

طلمنکیؒ۔ امام العلامہ ابوعمر احمد بن عبداللہ بن طالب طلمنکیؒ قرطبی۔ اندلسی نے امام ابن غلبونؒ سے قرات پڑھیں الروضہ فی العشرۃ تالیف کی۔ ذی الحجہ ۴۲۹ھ میں قرطبہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

مہدویؒ۔ امام العلامہ ابوالعباس احمد بن عمار بن ابی العباس مہدویؒ امام ابوالحسن قنطریؒ اور ابو عبداللہ قیروانیؒ سے قرات پڑھیں۔ حدیث وفقہ میں فاضل تفسیر وقرات وعربیت میں امام تھے ۴۳۰ھ تک حیات تھے الہدایہ فی السبعہ اور التیسیر دو کتابیں قرات میں لکھیں ذہبیؒ کہتے ہیں ۴۳۰ھ کے بعد وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابو محمد مکیؒ۔ امام العلامہ ابو محمد مکیؒ بن ابی طالب بن محمد بن مختار قیسی قیروانی ثم الاندلسیؒ نے ابن غلبونؒ اور اُنکے شیخ ابو عدیؒ مصری سے قرات پڑھیں۔ تبصرہ فی السبعہ۔ تذکرہ۔ اختصار شرح ابن الفارسی بر کتاب ابن مجاہدؒ۔ کتاب الادغام کشف موجز۔ یا ات مشددہ۔ سات کتابیں تالیف کیں۔ تمام علوم میں فاضل عربیت وقرات میں امام تھے ۲۰۔ محرم ۴۳۷ھ کو قرطبہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابو علی مالکیؒ۔ امام العلامہ ابو علی الحسن بن محمد بن ابراہیم مالکیؒ بغدادی۔ نزیل مصر نے ابوالحسن حمامیؒ۔ ابوالفرج نہروانیؒ۔ قزازؒ وغیرہ ائمہ کی ایک جماعت سے قرات

Marfat.com

پڑھیں۔ مشہور مقری ہیں بڑے بڑے فضلا آپ کے شاگرد تھے۔ الروضہ فی العشرہ اور قراءۃ اعمش تصنیف کی رمضان ۴۳۹ھ میں مصر میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن مسرورؒ۔ امام العلامہ ابونصر احمد بن مسرورؒ بن عبدالوہاب بغدادی نے ابوالحسن حمامیؒ وغیرہ ائمہ سے قرات پڑھیں المفید فی العشر تالیف کی۔ جمادی الاول ۴۴۲ھ میں بغداد میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ۔

دانیؒ۔ امام العلامہ مجدد عصر، حافظ قرات ناقد طرق و روایات سیدنا ابوعمرو عثمان بن سعید بن عثمان ابن سعید اموی دانیؒ اندلسی ۳۷۱ھ میں اندلس کے مرسیہ خیر قصبہ آنیہ میں جو ولایت بلنسیہ کی برلب دریا مشہور آبادی ہے۔ پیدا ہوئے پہلے اندلس میں تحصیل علم کی پھر ۳۹۶ھ میں بغرض تکمیل مشرق کا سفر کیا۔ چار ماہ قیروان میں ایک سال مصر میں۔ ایک سال حجاز و حمص میں اور کسیقدر دیگر مقامات میں قیام کیا اور حدیث و قرات کی تکمیل کے بعد ۳۹۹ھ کے اختتام پر واپس اندلس پہونچے۔ ابوالقاسم فارسیؒ۔ ابوالفتحؒ۔ ابوالحسنؒ اور ابوالقاسمؒ خاقانی سے قرات پڑھیں جامع العلوم حافظ کبیر الشان محقق تھے۔ بعض شیوخ کہتے ہیں "حفظ و تحقیق میں نہ اسوقت کوئی آپکے برابر تھا اور نہ بعد میں پیدا ہوا۔ خود فرماتے ہیں "میں نے جو کچھ دیکھا اسے لکھ لیا اور جو لکھا وہ یاد ہوگیا اور جو یاد ہوا اسے کبھی نہیں بھولا" علامہ ذہبیؒ کہتے ہیں "بلحاظ اتقان و تحقیق قرات آپ پر منتہی ہوتی ہیں۔ بعد کے قراء آپکے پیرو مقلد اور آپکی تحقیق پر اعتماد کرتے ہیں مختلف علوم پر ایک سو بیس کتابیں تصنیف کیں" جامع البیان (جسمیں پانسو طرق و روایات درج ہیں) تمہید۔ مفردہ لیعقوب۔ الایجاز۔ الموضح فی الفتح والامالۃ۔ المحتوی فی الشواذ۔ المقنع فی الرسم۔ سبع کی مایۂ ناز کتاب التیسیر طبقات القراء اور متعدد دیگر کتابیں صرف قرات اور اسکے متعلقات پر یادگار ہیں وسط شوال ۴۴۴ھ

Marfat.com

میں اپنے وطن ہی وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ اسوقت روئے زمین پر قرات آپکی سند سے پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں۔

ابن شنبوذؒ۔ امام العلامہ ابوالفتح عبدالواحد بن حسین بن شنبوذؒ بغدادی حمامی نے وغیرہ شیوخ بغداد سے قرات پڑھی ہیں تذکار فی العشرہ تالیف کی جسمیں سو طرق بیان کئے ہیں۔ عمر ۸۰ سنہ ۴۴۵ میں بغداد میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

اہوازیؒ۔ امام العلامہ ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداذ بن ہرمز اہوازیؒ نزیل دمشق نے ابوبکر سلمیؒ اور ابواسحٰق طبریؒ بغدادی سے قرات پڑھیں کثیر التصانیف بزرگ ہیں۔ الوجیز فی الثمان مفردات السبعہ۔ الایضاح۔ الاتضاح۔ الموجز۔ النیر الجلی فی قرات زید بن علیؒ جامع المشہور۔ قراۃ حسنؒ۔ قراءۃ ابن محیصنؒ الاقناع فی الشواذ۔ دس کتابیں تالیف کیں۔ ۴۔ ذی الحجہ سنہ ۴۴۶ھ کو دمشق میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

قرطبیؒ۔ امام العلامہ ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن حسن بن سعید خزرجی قرطبی اندلسیؒ نے ابوالحمدؒ سامری ابن نفیسؒ اور طرسوسیؒ سے قرات پڑھیں۔ القاصد تالیف کی سنہ ۴۴۶ میں قرطبہ میں وفات پائی۔

عراقیؒ۔ امام العلامہ ابونصر منصور بن احمد عراقیؒ نے کتاب الاشارہ تالیف کی ابوالحسین خبازیؒ بغدادی وغیرہ سے قرات پڑھیں۔ معاصرین کا یہی زمانہ ہے

ابوالحسن خیاطؒ۔ امام العلامہ ابوالحسنؒ علی بن محمدؒ بن علی بن فارس بغدادی خیاطؒ نے الجامع فی العشرہ وقراءۃ اعمشؒ لکھی۔ نہروانیؒ۔ حمامیؒ۔ مصاحفیؒ وغیرہ سے قرات پڑھیں سنہ ۴۴۰ھ کے قریب بغداد میں وفات پائی۔

ابوطاہر بن خلفؒ۔ امام العلامہ ابوطاہر اسمٰعیل بن خلفؒ بن سعید بن عمران انصاریؒ

Marfat.com

نحوی مقری اندلسی ثم المصری نے طرسوسیؒ اور خزرجیؒ سے قرات پڑھیں۔ نحو و قرات کے امام اور یگانۂ روزگار عالم تھے۔ العنوان جو سبعہ کی بہترین کتابوں میں سے ہے اور الاکتفاء اور ابن فارسیؒ کی شرح کتاب السبعہ کا خلاصہ لکھا ۴۵۵ھ میں مصر میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ

امام العلامہ ابو الحسینؒ نصر بن عبدالعزیز بن احمد فارسی نے حمامیؒ بہزوانیؒ اور قزازؒ وغیرہ ائمہ سے قرات پڑھیں یعنی آپ کے بھی وہ ہی شیوخ ہیں جو علامہ ابو علیؒ مالکی کے الجامع فی القرات تالیف کی ۴۶۱ھ میں مصر میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن عبدالبرؒ امام العلامہ شیخ الاسلام حافظِ مغرب ابو عمر یوسف بن عبداللہ بن محمد بن عبدالبر بن عاصم نمری مالکی قرطبی اندلسیؒ ربیع الثانی ۳۶۸ھ میں پیدا ہوئے محدثین کی ایک جماعت کثیر سے حدیث سنی۔ حفظ و ضبط و اتقان میں منتخب روزگار تھے وسیع العلم اور کثیر التصانیف علامہ ہیں فقہ مالکی پر کافی پندرہ جلدوں میں صحابہ کرامؓ کے تراجم میں "الاستیعاب" اور دیگر متعدد کتابیں یادگار ہیں۔ مدخل فی القراۃ۔ اور مدنیؒ و بصریؒ کی قرات میں الاکتفا لکھی۔ سلخ ربیع الثانی ۴۶۳ھ کو ۹۰ سال کی قریب پہونچکر قرطبہ میں انتقال کیا۔ رحمۃ اللہ علیہ

ھذلیؒ۔ امام العلامہ ابو القاسم یوسف بن علی بن جبارہ بن محمد بن عقیل ہذلی مغربیؒ نزیل نیشاپور نے ابو الوفا کرمانی عراقیؒ تاج الائمہ۔ کارزینیؒ رازیؒ۔ ابو علی مالکیؒ ابن شاپورؒ ابن نفیسؒ وغیرہ ائمہ قرات کی ایک جماعت کثیر سے قرات پڑھیں مغرب سے ماوراء النہر تک سفر کیا اور غزنہ تک قرات پڑھیں اس مختصر میں آپ کے اساتذہ کی فہرست بھی نہیں دیجا سکتی۔ خود کہتے ہیں "میں اقصائے مغرب سے فرغانہ تک شمالاً و جنوباً بحر و بر اور سہل و جبل میں قرات کے لیئے گیا اور ۳۶۵ شیوخ سے مستفید ہوا" نیشاپور میں قیام کر کے کامل لکھی جسمیں پچاس قرات عشرہ متواترہ اور چالیس دیگر۔) اور

چودھ سو انسٹھ (۱۴۵۹) روایات وطرق درج کیئے ہیں۔ ۴۶۵ھ میں نیشاپور میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ

ابن شریحؒ۔ امام العلامہ ابو عبداللہ محمدؐ بن شریح بن احمدؐ بن محمدؐ بن شریح رعینی اندلسی اشبیلیؒ نے ابوالحسن قنطریؒ۔ ابو علی مالکیؒ۔ ابن نفیسؒ اور تلج الائمہؒ سے قرات پڑھیں مشہور علامہ۔ امام وقت اور حافظ قرات تھے۔ الکافی سبعہ میں آپکی مشہور متن ہے۔ شوال ۴۷۶ھ میں اشبیلیہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابو معشرؒ۔ امام العلامہ ابو معشرؒ عبدالکریم بن عبدالصمد بن محمدؐ بن علی بن محمد طبری شافعی نزیل مکہ شیخ اہل حرم نے کارزینیؒ۔ رازیؒ۔ وغیرہ متعدد ائمہ سے قرات پڑھیں امام وقت اور حرم میں شیخ القراء تھے۔ تلخیص فی الثمان مشہور متن اور السوق العروس ضخیم کتاب آپکی تالیف ہیں۔ موخر الذکر میں پندرہ سو پچاس روایات وطرق درج ہیں ۴۷۸ھ میں مکہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

مُعَدّلؒ۔ امام العلامہ الشریف ابو اسمٰعیل موسیٰ بن حسین بن اسمٰعیل بن موسیٰ مُعَدّلؒ نے تلج الائمہؒ حسین صفارؒ۔ ابن نفیسؒ اور ابن شاپورؒ سے قرات پڑھیں الروضہ آپ کی تالیف ہے معاصرین کلہی زمانہ ہے۔

حصریؒ۔ امام العلامہ ابو الحسنؒ علی بن عبدالغنی حصری نے قصیدہ حصریہ میں قرأۃ نافعؒ نظم کی ۴۸۸ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن البیازؒ۔ امام العلامہ ابو الحسین یحیی بن ابراہیم بن بیازؒ مرسی۔ اندلسی۔ ہمارے شیخ سلسلہ طرسوسیؒ۔ ابو محمدؐ مکیؒ۔ اور علامہ دانیؒ کے شاگرد ہیں۔ محدث و فقیہ و مقری تھے التبذ النامیہ فی الثمان تالیف کی ۴۹۴ھ میں سو سال کی عمر پاکر مرسیہ میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ

ابن سوارؒ۔ امام العلامہ ابو طاہر احمد بن علی بن عبیداللہ بن عمر بن سوارؒ بغدادی ابو علیؒ

Marfat.com

شرمقانی۔ ابو علی عطارؒ۔ ابوالحسن خیاطؒ۔ ابن شیطاؒ۔ ابن مسرورؒ۔ وغیرہ ائمہ کی جماعت کثیرہ سے قرات پڑھیں۔ بڑے محقق عالم تھے **المستنیر فی العشرہ** تالیف کی جسمیں ایک سو چھپن ۱۵۶ روایات وطرق درج ہیں۔ اور ہر اختلافی حرف کو بسند متصلہ ائمہ تک پہونچایا ہے سنہ ۴۹۶ھ میں بغداد میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ۔

ابو منصور خیاطؒ۔ امام العلامۃ الزاہد ابو منصور محمدؐ بن احمدؐ بن علی الخیاطؒ بغدادی نے ابوالحسنؒ خیاط وغیرہ سے قرات پڑھیں۔ بڑے بڑے ائمہ کے شیخ علامہ سبط الخیاطؒ کے دادا اور استاذ ہیں۔ ۱۶۔ محرم سنہ ۴۹۹ھ کو بغداد میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ [1]

چھٹی صدی

چھٹی صدی میں چالیس کتابوں کا اضافہ ہوا۔ اکثر محققانہ اور بعض زینت جاوید متون ہیں جو علماء بغداد و اندلس و مصر نے لکھیں۔

ابن بلیمہؒ۔ امام العلامہ ابو علی الحسن بن خلف بن عبداللہ بن بلیمہ ہواریؒ قیروانی۔ نزیل اسکندریہ نے ابو معشرؒ طبری بن ہلالؒ۔ ابن نفیسؒ۔ ابوالحسنؒ عبدالباقی ابن فارسؒ وغیرہ مشیوخ سے قرات پڑھیں امام عصر تھے **تلخیص العبارات** تالیف کی ۱۲ رجب سنہ ۵۱۴ھ کو اسکندریہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن الفحامؒ۔ امام العلامہ ابو القاسم عبدالرحمن بن ابی بکر عتیق بن خلف بن الفحام صقلی شیخ اسکندریہ نے نصر بن عبدالعزیز موصوفؒ ابن نفیسؒ ابوالحسنؒ عبدالباقیؒ بن فارسؒ ابو اسحاقؒ بن غالب خیاطؒ مالکی سے قرات پڑھیں۔ **التجرید فی السبعہ** اور مفردہ یعقوب دو کتابیں لکھیں ذیقعد سنہ ۵۱۶ھ

[1] علامہ ابو عبداللہ سلیمان بن عبیداللہ نحویؒ متوفی سنہ ۴۹۳ھ نے علل القرات لکھی

میں سکندریہ میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ۔

قلانسیؒ۔ امام العلامہ ابوالعز محمد بن حسین بن بندار قلانسیؒ واسطی نزیل ابوعلی واسطی اوہندلیؒ سے قرات پڑھیں۔ ارشاد المبتدی اور کفایۂ کبریٰ عشرہ میں دو کتابیں لکھیں شوال ۵۲۱ھ میں واسط میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن خیرونؒ۔ امام العلامہ ابومنصور محمد بن عبدالملک بن حسن بن خیرون عطارؒ بغدادی حصری نے عبدالسید بن عتاب ضریرؒ اور اپنے عم بزرگوار ابوالفضل احمدؒ بن حسنؒ سے قرات پڑھیں۔ المفتاح اور الموضح دونوں عشرہ میں لکھیں۔ ۱۶۔ رجب ۵۳۹ھ کو بغداد میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن باذشؒ۔ امام العلامہ خطیب ابوجعفر احمدؒ بن علی بن احمد بن خلف ابن باذش انصاریؒ غرناطی اندلسی۔ نحوی۔ علامۂ روزگار فاضلِ بے بدل قرات ونحو کے امام تھے۔ الاقناع اور النعامہ سبعہ میں تالیف کیں جو بڑی پایہ کی کتابیں ہیں۔ جمادی الثانی ۵۴۰ھ میں غرناطہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ

سبط الخیاطؒ۔ امام العلامہ ابومحمد عبداللہ بن علی بن احمد بن عبداللہ بغدادی سبط الخیاطؒ نے غزالشرف عباسیؒ۔ اپنے جد بزرگوار ابومنصور خیاطؒ۔ ابن بندارؒ۔ ابن الوزیرؒ۔ ابن الوکیلؒ۔ ابن عتاب ضریرؒ وغیرہ مشائخ عظام سے قرات پڑھیں۔ یگانۂ عصر علامہ تھے۔ تبصرہ۔ ارادۃ الطالب فی العشرہ کفایۃ فی السّت۔ ایجاز۔ المبہج فی الثمان و قراءۃ اعمشؒ وابن محیصنؒ ویزیدیؒ وخلفؒ تالیف کیں۔ ربیع الثانی ۵۴۱ھ میں بغداد میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابوالکرمؒ۔ امام العلامہ ابوالکرم مبارک بن حسن بن احمد بن علی بن فتحان شہرزوریؒ بغدادی اپنے والد ماجدؒ اور ابن عتاب ضریرؒ۔ غزالشرفؒ۔ ابن بندارؒ۔ ابن الوزیرؒ۔ ابن الوکیلؒ وغیرہ شیوخ کی ایک جماعتِ کثیرہ سے قرات پڑھیں۔ ذی شان علامہ تھے المصباح الزاہر فی العشرۃ المتواترۃ

Marfat.com

تالیف کی جسمیں پانسو طرق بیان کئے ہیں۔ ۱۲ ذی الحجہ ۵۵۰ھ کو بغداد میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

امام العلامہ ابو عبداللہ محمد بن ابراہیم حضرمی یمنی نے تلخیص ابو معشر کا اختصار مع اضافہ فوائد تحریر کرکے اسکا نام المفید رکھا جو اہم مسمّٰی نہایت مفید کتاب ہے ۵۶۰ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ہمدانیؒ۔ امام العلامہ شیخ الاسلام والمحدثین استاذ القراء حافظ مشرق ابو العلا حسن ابن احمد بن حسن بن احمد بن محمد عطار ہمدانیؒ سمعانیؒ کہتے ہیں "مقری متقن۔ حافظ فاضل۔ حسن السیرۃ۔ محمود الطریقۃ۔ عزیز النفس سخی۔ غربا کی تکریم کرنیوالے۔ قرآن و حدیث و ادب کے عارف احسن الصلوٰۃ۔ پاکیزگی کے بارہ میں متشدد۔ قولاً فعلاً اور عملاً متبع سنّت تھے۔ خدا کے بارہ میں کسی کی ملامت کا خوف نہ کرتے تھے" ابوبکر شیبانیؒ۔ ابو منصور نہریؒ۔ ابو علی حدادؒ ابو غالبؒ۔ قلانسیؒ۔ مزرفیؒ۔ السراجؒ۔ محوّلیؒ وغیرہ مشایخ کرام سے قراات پڑھیں۔ مقبول و حجت ہیں مشرق میں آپ کا وہی مرتبہ ہے۔ جو مغرب میں دانیؒ کا۔ جامع العلوم فاضل اور جملہ شرعی علوم میں امام تھے۔ غایۃ الاختصار فی العشرہ (جسمیں ابو جعفرؒ کو سب سے اور یعقوبؒ کو کوفیین سے مقدم رکھا ہے) اور مفردہ یعقوب دو کتابیں لکھیں۔ ۱۹۔ جمادی الاول ۵۶۹ھ کو ہمدان میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شاطبیؒ۔ امام العلامہ حافظ حدیث و قراات ابو محمد[1] قاسم بن فیرّہ بن ابی القاسم

[1] محققؒ وغیرہ آپ کا نام و کنیت ابو القاسم قاسم کہتے ہیں اور بعض ابو القاسم محمد کہتے ہیں۔ علماء تاریخ و انساب ابو محمد قاسم کہتے ہیں۔ ابن خلکانؒ کہتے ہیں یہی صحیح ہے۔ میں نے آپ کے شیوخ کی عطا کردہ سندوں میں یہی نام و کنیت دیکھی ہے ذہبیؒ وغیرہ اہل طبقات کی یہی تحقیق ہے اور یہی صحیح ہے۔

Marfat.com

خلف ابن احمد رعینی شاطبیؒ اندلسی ضریر شیخ الاقراء مصر ۵۳۸ھ میں مشرقی اندلس کے قصبہ شاطبہ میں نابینا پیدا ہوئے پہلے امام ابو عبداللہ نفزیؒ سے اپنے وطن میں قرات پڑھیں۔ پھر بلنسیہ جاکر امام ابوالحسنؒ علی بن ھذیل سے حدیث تفسیر اور قرات پڑھیں اسکے بعد اندلس و حجاز کے متعدد شیوخ سے حدیث و فقہ کی تکمیل کی اور حج کیا۔ قرات سبعہ۔ مؤطاء امام مالکؒ اور صحیحین کے حافظ تھے۔ آپکے حافظہ سے مؤطا اور صحیحین کی تصحیح کیجاتی تھی۔ کچھ عرصہ شاطبہ کے خطیب رہے ۵۷۲ھ میں مصر آگئے اور قاہرہ کے مدرسہ فاضلیہ میں شیخ الاقراء مقرر ہوئے۔ اتنی مخلوق نے آپ سے پڑھا کہ جسکا شمار نہیں ہوسکتا۔ دُور دُور کے شہروں سے حصول قرات کے لیئے طلباء آپ کے پاس آتے تھے دنیائے اسلام میں شہرہ پھیلا ہوا تھا۔ حافظہ اور ذہن عجیب تھا۔ قرات و تفسیر۔ حدیث و فقہ اور لغت و عربیت میں امامت کا مرتبہ رکھتے ہوئے عابد۔ زاہد۔ ناسک۔ خاشع اور صاحبِ کشف و کرامات بزرگ تھے۔ باطنی حال کسی پر ظاہر نہیں ہونے دیتے تھے۔ فضول کلام سے پرہیز کرتے تھے بیماری میں بھی العافیت کے سوا اور کچھ جواب نہ دیتے۔ وضو کرکے بہیئت حسنہ خشوع و خضوع اور وقار کیساتھ پڑھانے بیٹھتے۔

علامہ دانیؒ کی تیسیر کو مع زیادات گیارہ سو تہتر اشعار میں نظم کیا۔ اگرچہ قراۃ کو نظم میں بیان کرنے کے موجد علامہ حصریؒ ہیں۔ مگر پوری سبعہ کے نظم کرنیوالے آپ پہلے شخص ہیں۔ آپکے معاصرین اور بعد کے متعدد ائمہ نے قرات میں قصائد لکھی مگر کوئی شاطبیہؒ کی گرد کو بھی نہ پاسکا۔ بقول حالیؒ۔

ہر رقم رانہ بود شرف قبول ارزانی ورنہ حافظ چہ نوشت ست کہ حالی نہ نوشت

Marfat.com

متاخرین کا اتفاق ہی کہ شاطبیہ کے بغیر سبعہ پر عبور کامل نہیں ہوسکتا۔ حالانکہ شاطبیہ بوجوہ مشکل کتاب ہی۔ عربیت بہت اونچی ہی۔ وہ لغات استعمال کئے ہیں جو فن کی کتابوں میں نہیں آتے۔ خاص اصطلاحات و رموز سے کام لیا ہے جنکی وجہ سے چیستاں معلوم ہوتی ہے۔ متعدد مذاہب ایک ایک دو دو شعروں میں بیان کئے ہیں۔ ایک مذہب بیان کرکے دوسرا فہم قاری پر چھوڑ دیا ہے۔ کہیں کلمۂ قرانی پر اکتفا کرکے حرکات ضبط نہیں کیں۔ مگر مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ پچاس کے قریب شروح وحاشیے نکات و تکملے وغیرہ اسپر لکھے گئے۔ ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء

بعض علما روایت کرتے ہیں کہ جب علامہ اسکی نظم سے فارغ ہوئے تو خانۂ کعبہ میں گئے اور بارہ ہزار اسبوع طواف کئے اور ہر دفعہ جب ارکن دعا پر پہنچتے تھے تو عرض کرتے تھے "اے آسمان و زمین کی پیدا کرنیوالے اور اس عظیم الشان گھر کی مالک جو اس قصیدے کو پڑھے اُسکو اس سی نفع پہونچا" خود فرماتے ہیں "جو میرے قصیدے کو پڑھیگا اللہ تعالے اُسکو اس سے نفع پہونچائیگا کیونکہ میں نے اسکو لوجہ اللہ نظم کیا ہے"

افسوس کہ علامہ نے صرف باون ۵۲ سال کی عمر پائی۔ ۲۸۔ جمادی الثانی ۵۹۰ھ کو اتوار کے دن بعد از عصر مصر میں وفات پائی اور پیر کے دن قرافہ صغریٰ مقبرہ قاضی فاضل میں دفن ہوئے۔ علامہ ابو اسحٰق خطیب جامع مصر نے نماز پڑھائی۔ رحمۃ اللہ علیہ[1]

---

[1] حسین بن محمد بن راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ نے احتجاج القراء حسین بن محمد دباس بکری ادیب متوفی ۵۲۴ھ نے شمس المنیر فی السبعہ۔ ابو عبداللہ محمد بن سلیمان باقی متوفی ۵۲۵ھ نے تعلیل۔ نور الدین جامع ابو الحسن علی بن حسین بن علی باقولی متوفی ۵۴۳ھ نے کشف۔ ابو جعفر احمد بن علی جعفرک متوفی ۵۴۴ھ نے المحیط۔ ابو محمد بن محمد بن عبداللہ اشبیلی قلسی متوفی ۵۵۳ھ نے الآیما۔ ابو العلاء محمد بن ابی المحاسن بن ابی الفتح کرمانی متوفی ۵۶۳ھ نے۔ المفاتیح۔ ابو عبداللہ محمد بن احمد بن محمد مغافری اندلسی متوفی ۵۹۱ھ نے۔ قصید فی السبعہ بلا رموز۔ ابو الفتح مبارک بن احمد بن رزاق واسطی بن حداد مقری متوفی ۵۹۶ھ نے خیرۃ فی العشر۔ علامہ ابو الفرج عبدالرحمن بن علی بن جوزی متوفی ۵۹۷ھ نے تذکرہ۔ اور مرجی بن یونس فاقہی متوفی ۶۰۰ھ نے قصیدہ حصریہ پر شرح لکھی۔

Marfat.com

ساتویں صدی

ساتویں صدی میں تیس کتابیں تالیف ہوئیں ان میں سے نصف کے قریب شاطبیہ پر لکھی گئیں

امام العلامہ ابوالقاسم عیسیٰؒ بن عبدالعزیز لخمی اسکندری نے الجامع اکبر والبحر الازخر تالیف کی جسمیں سات ہزار طرق و روایات بیان کیئے ہیں۔ اسم بامسمیٰ کتاب ہے۔ آپ سے پہلے کسی نے اتنا مواد فراہم نہیں کیا تھا۔ ۶۱۹ھ میں اندلس میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

صفراویؒ۔ امام العلامہ ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبدالمجید بن اسمٰعیل بن عثمان ابن یوسف صفراویؒ اسکندری ہمارے شیخ الطریقہ ہیں۔ علامہ ابوحیانؒ کے شیخ الشیوخ تھے ابوالقاسم بن عطیہ اسکندریؒ۔ ابویحییٰ الیسعؒ غافقی اندلسی اور ابوالطیبؒ بن خلوف سے قراءات پڑھیں۔ فاضل عصر محقق تھے اعلان فی السبعہ۔ آپکی تالیف ہے جو تیسیر و شاطبیہ کے ہمرتبہ کتاب ہے۔ اور نہایت تحقیق کیساتھ لکھی گئی ہے۔ ربیع الثانی ۶۳۶ھ میں اسکندریہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

سخاویؒ۔ امام العلامہ علم الدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالصمد سخاویؒ مصری نزیل دمشق شافعی ۵۵۸ھ میں مصر کے مردم خیز موضع سخا میں پیدا ہوئے۔ ابوالجودؒ اور شاطبیؒ سے نحو و لغت اور قراءات پڑھیں مشاہیر کی ایک جماعت سے حدیث و فقہ پڑھی۔ پھر دمشق گئے اور وہاں علوم کی تکمیل کی۔ نحو۔ قراءات۔ تفسیر اور فقہ کے مرجع اور یگانہ العصر امام تھے۔ شاطبیہ پر پہلی شرح آپ کی ہے نیز جمال القراء مستقل کتاب لکھی جسمیں تجوید و قراءات وقف و ابتدا ناسخ منسوخ وغیرہ تمام متعلقات قراءات کی مفصل بحث کی ہے۔ ان کے سوا

Marfat.com

افصاح۔ اقوی العدد۔ الطود الراسخ۔ نثر الدرر۔ منہاج التوقیف مراتب الاصول اور ہدایت المرتاب وغیرہ متعدد کتابیں قرات میں تالیف کیں ابن خلکانؒ کہتے ہیں "متعدد شاگردوں کا قرآن مختلف مقامات سے ایک مرتبہ سنتے تھے اور نغزش پر ہر شخص کو ٹوکتے رہتے تھے۔ ۱۲۔ جمادی الثانی ۶۴۳ھ کو دمشق میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

امام العلامہ ابو محمدؒ عبدالباری بن عبدالرحمٰن بن عبدالکریم صعیدی اسکندریؒ نے مفردہ یعقوب لکھی ۶۵۰ھ کے بعد اسکندریہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

شعلہؒ۔ علامہ کمال الدین ابو عبداللہ محمدؒ بن احمدؒ بن محمدؒ موصلی حنبلی شعلہؒ نے الشمعۃ المضیۃ فی السبعہ اور شاطبیہ پر مختصر شرح موسومہ کنز المعانی تالیف کیں فاضل شخص ہیں ۶۵۶ھ میں موصل میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

لورقیؒ۔ امام العلامہ علم الدین ابو محمدؒ قاسم بن احمدؒ بن الموفق لورقیؒ۔ اندلسی نزیل دمشق امام ابو جعفرؒ حصار وغیرہ ائمہ کے شاگرد اور امام ابو عبداللہ الحسین حنفیؒ کے استاد اور ہمارے سلسلہ کے شیخ ہیں۔ قرات اور علوم شرعی کے امام اور مناظرہ کے بمثیل ماہر تھے سیف المناظرین کے لقب سے مشہور ہیں۔ شاطبیہ پر مختصر شرح المفید لکھی ۶۶۱ھ میں دمشق میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابو شامہؒ۔ امام العلامہ حافظ عصر مجتہد وقت ابو القاسم عبدالرحمٰن بن اسمٰعیل بن ابراہیم بن عثمان مقدسی دمشقی شافعی ۵۹۹ھ میں دمشق میں پیدا ہوئے۔ سخاویؒ سے قرات وغیرہ پڑھیں اور بڑے بڑے علماء سے حدیث و فقہ وغیرہ کی تکمیل کی۔ ادب و قرات میں فاضل امام کبیر الشان علامہ اور تمام علوم میں دست گاہ تامہ رکھتے تھے۔ تاریخ میں خاص کمال حاصل تھا دمشق کی مشہور تاریخ ۲۰ جلدوں میں لکھی اور پھر اسکا خلاصہ کیا۔ شاطبیہ پر شرح

Marfat.com

ابراز المعانی اور مفردہ دو کتابیں قرات میں اور متعدد دیگر تصانیف یادگار چھوڑیں۔ بیت اشرفیہ میں شیخ الاقراء اور دار الاشرفیہ میں شیخ الحدیث کے مناصب جلیلہ پر فائز تھے۔ کبار شیوخ و ائمہ آپ کے شاگرد ہیں۔ دو بدنصیب آدمی فتوے حاصل کرنیکے بہانہ سے آئے اور حملہ کرکے آپ کو بضربات شدید مجروح کر دیا۔ بعد میں آپ سے باصرار درخواست کیگئی کہ اسکی اطلاع حکام کو دیجائے مگر آپنے فرمایا میں نے اپنا معاملہ خدا پر چھوڑ دیا۔ نہایت متواضع منکسر المزاج اور تکلف سے متنفر بزرگ تھے۔ ۱۹ رمضان ۶۶۵ھ کو انہیں ضربات کیوجہ سے دمشق میں شہادت پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابن مالکؒ۔ امام العلامہ جمال الدین ابو عبداللہ محمد ابن عبداللہ بن مالکؒ نحوی جیانی اندلسی نزیل دمشق۔ علامہ شاطبیؒ وغیرہ سے قرات و عربیت کی تکمیل کی۔ عربیت میں امام و مجتہد اور یگانہ عصر تھے۔ حدیث میں مہارت تامہ رکھتے تھے اور بڑے قادر الکلام شاعر تھے۔ الفیہ۔ آپ کی زندہ جاوید یادگار ہے۔ قرات میں آپنے ایک قصیدہ موسومہ حرز المعانی لکھا ہے جو والیہ کے نام سے مشہور ہے۔ اور کہتے ہیں کہ وہ شاطبیہ کا اختصار ہے۔ تعجب ہے! ۶۷۲ھ میں دمشق میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ [1]

---

[1] ابو العباس احمد بن علی اندلسی متوفی ۶۴۰ھ۔ مجیب الدین ابو عبداللہ محمد بن محمود بن نجار بغدادی متوفی ۶۴۳ھ۔ علامہ منتخب الدین حسین بن ابی العز بن رشید ہمدانی اسکندری متوفی ۶۴۳ھ۔ امام العلامہ ابو عبداللہ محمد بن حسن بن محمد فارسی متوفی ۶۷۲ھ۔ عماد الدین ابو الحسن علی بن یعقوب بن شجاع بن زہران موصلی متوفی ۶۸۲ھ۔ تقی الدین یعقوب بن بدران جرائدی متوفی ۶۸۸ھ میں سے ہر ایک نے شاطبیہ پر اور عبدالظاہر بن نشوان رومی متوفی ۶۴۹ھ نے عنوان پر شرح لکھی۔ علامہ ابن ابی المکارم احمد بن محمد بن طرد متوفی ۶۵۳ھ نے المبہرہ فی العشرہ۔ اور المجہر فی العشر منظوم۔ اور موفق الدین ابو العباس احمد ابن یوسف کواشی موصلی متوفی ۶۸۰ھ نے المواقیت فی القرات تالیف کی۔

Marfat.com

آٹھویں صدی

آٹھویں صدی میں پچاس سے زیادہ کتابیں لکھی گئیں۔ اکثر مقلدانہ۔ اور عربیت کے قیاس سے مملو ہیں۔ ان میں سے نصف شاطبیہ پر ہیں۔ ۱۲ شروح۔ ۱۲ اخلاصے۔ اور دو تکملے

جعبریؒ۔ امام العلامہ برہان الدین ابو اسحٰق ابراہیم بن عمر بن ابراہیم بن خلیل جعبریؒ۔ علامہ ابو شامہؒ وغیرہ محققین کے شاگرد علامہ ابوبکر بن جندیؒ کے شیخ اور حضرت محقق کے نسیج الشیخ ہیں اپنے وقت میں قرات و عربیت کے امام اور تمام علوم میں فاضل تھے۔ کثیر التصانیف علامہ ہیں صرف قرات میں احکام الہمزہ لہشامؒ و حمزہؒ۔ الشرعۃ فی السبعۃ۔ نزہۃ البررۃ فی العشرہ نہج الاباثہ فی الثلثہ منظوم خلاصۃ الابحاث فی شرح نہج الاباث رسالہ شواذ اور شاطبیہ پر بہترین شرح۔ سات کتابیں لکھیں یہ شرح ۶۹۱ھ میں لکھی گئی اور تمام سابق شروح سے فائق۔ محققانہ اور وجوہ صحیحہ کی حامل ہے۔ لغوی اور نحوی تحقیقات کے بعد باعتبار فن ایسے ایسے نکات و فوائد بیان کئے ہیں جو جعبری کا حصہ تھا اور اسے دیکھکر کہنا پڑتا ہے۔ کم ترک الاولون للاخرین۔ بعد کی تمام شروح زیادہ تر اسی سے ماخوذ ہیں۔ اور اکثر مصنفین نے اس سے اکتساب کیا ہے۔ آپکی دیگر تالیفات بھی اسی رنگ کی ہیں ۷۳۲ھ میں بلدہ خلیلؒ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

امام العلامہ شرف الدین ابو القاسم ہبۃ اللہ بن عبدالرحیم بن ابراہیم بن بارزیؒ حموی شافعی قاضی حماۃ امام ابو المعالیؒ کے شیخ اور محققؒ کے شیخ الشیخ ہیں۔ شاطبیہ پر شرح ادالشرعۃ فی السبعہ تالیف کی جو نہایت عمدہ بدیع الترتیب کتاب ہے۔ فرش جداگانہ درج نہیں کیئے۔ بلکہ ابواب اصول میں بیان کیئے ہیں ۷۳۸ھ میں حماۃ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

Marfat.com

ابن وجیہؒ۔ امام العلامہ نجم الدین ابو محمد عبد اللہ بن عبد المومن بن وجیہ واسطی۔ امام ابو العباس بن محروق واسطی کے شاگرد اور امام ابو المعالی کے شیخ ہیں۔ کفایہ منظوم الکنز اور المختار۔ عشر میں لکھیں۔ کنز نہایت عمدہ کتاب ہے جسمیں تیسیر دانی اور ارشاد قلانسی کو جمع کیا ہے۔ شوال ۷۱۸ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

دیوانیؒ۔ امام العلامہ ابو الحسن علی بن ابی محمد بن ابی سعد دیوانیؒ واسطی نے روضۃ التقدیر فی الخلف بین الارشاد والتیسیر۔ اور جمع الاصول فی المشہور المنقول۔ دو زبردست قصیدے لکھے ۷۴۳ھ میں واسط میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ابو حیانؒ۔ امام العلامہ شیخ النحاۃ والمحدثین اثیر الدین ابو عبد اللہ محمد بن یوسف بن علی ابن یوسف بن حیانؒ غرناطی اندلسی ۶۵۴ھ میں غرناطہ کے قصبہ مشخارش میں پیدا ہوئے۔ پانچ شیوخ سے علم حاصل کیا۔ شیخ القراء ابو محمد مرلوطیؒ وغیرہ سے قراات پڑھیں ۶۷۹ھ میں دنیائے اسلام کا سفر کیا۔ اور پھر مصر میں سکونت اختیار کر لی۔ عربیت لغت اور قراات وحدیث کی ریاست آپ پر منتہی ہوتی ہے۔ قراء ثمان کی قراات میں جدا جدا رسالے (النافع۔ الاثیر۔ مورد القمر۔ مزن الہامر۔ روض الہاسم۔ الرمزہ تقریب النسائی اور غایۃ المطلوب) اور عقد اللالی فی السبع العوالی۔ زبردست قصیدہ شاطبیہ کے وزن وروی پر تصنیف کیا جسمیں رموز نہیں برتیں اور تیسیر پر بہت سی زیادات بیان کی ہیں۔ ان کے سوا پچاس سے زیادہ کتابیں مکمل اور بعض نا تمام دیگر علوم پر لکھیں۔ اسی برس سے زیادہ علوم کی خدمت کر کے بعمر ۹۱ سال ۲۸ صفر ۷۴۵ھ کو قاہرہ میں وفات پائی اور باب النصر سے باہر مقبرہ صوفیہ میں دفن ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

Marfat.com

ابن جندیؒ۔ امام العلامہ سیف الدین ابو بکر عبداللہ بن ایدغدی بن عبداللہ شمسیؒ قاہری مصری۔ علامہ جعبریؒ کے شاگرد اور محققؒ کے شیخ ہیں قرات کے ماہر اور جامع العلوم و فاضل بزرگ تھے۔ بستان ثلثہ عشرہ میں اور شاطبیہ کی شرح جعبریؒ پر مزید شرح لکھی جسمیں جعبریؒ کی توضیح کی ہے بڑے اعلیٰ پایہ کی کتاب ہے۔ شوال ۷۶۹ھ میں قاہرہ میں وفات پائی جب کہ محقق آپ سے بمضمن کتب متعددہ قرآن پڑھ رہے تھے اور سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کے قول اِنَّ اللّٰہَ یَأْمُرُ بِالْعَدْلِ تک پہونچے تھے۔ رحمۃ اللہ علیہ [1]

---

[1] علامہ ابو محمد عبدالواحد بن محمد بن علی باہلی مالقیؒ اندلسی متوفی ۷۰۵ھ نے تیسیر دانیؒ پر۔ علاؤالدین علی بن احمد متوفی ۷۰۶ھ۔ ابن الخطیب یوسف بن ابی برکت الابارنی متوفی ۷۲۵ھ۔ شہاب الدین ابوالعباس احمد بن محمد بن عبدالولی بن جبارہ مقدسی متوفی ۷۲۸ھ (احتمالات بعید سے پر ضخیم کتاب ہے) ابن ام قاسم بدرالدین حسن بن القاسم مرادی مصری متوفی ۷۴۹ھ شہاب الدین احمد بن یوسف حلبی متوفی ۷۵۶ھ۔ الشریف عبداللہ بن احمد بن حسین متوفی ۷۷۶ھ اور تقی الدین عبدالرحمٰن بن احمد واسطی متوفی ۷۸۱ھ نے شاطبیہ پر شروح لکھیں۔ علامہ ابوالحسن علی بن عمر بن ابراہیم کتانی قیجاتی اندلسی متوفی ۷۲۳ھ نے شاطبیہ پر۔ التکملۃ المفیدۃ لکھا جسمیں تبصرہ کی ابن شریح کی کافی اور ہوازن کی وجیز سے زیادات نظم کی ہیں (آپ ہمارے سلسلہ کے شیخ ہیں) علامہ فخرالدین احمد بن علی بن احمد معروف بابن نفیس ہمدانی متوفی ۷۵۵ھ نے تکملہ التنظیریہ (ابوحیان تعریف کرتے ہیں) عبدالصمد تبریزی متوفی ۷۶۵ھ نے اختصار شاطبیہ قاضی امین الدین عبدالوہاب بن احمد بن وہبان دمشقی حنفی متوفی ۷۶۸ھ نے خلاصہ شاطبیہ موسومہ اللدر البجلار۔ اور عمدۃ الخلف فی اختیار خلفؒ۔ اور ہدایۃ الاختصار فی قراءۃ ابی عمروؒ تین کتابیں۔ ابوجعفر احمد بن حسن مالقی نحوی متوفی ۷۲۸ھ نے لذۃ السمع فی السبعہ۔ ابن امام لیثی ابو عبداللہ محمد بن محمد بن علی بن ہمام متوفی ۷۴۵ھ نے علم الابتداء۔ ابو عبداللہ محمد بن سلیمان مقدسی بکری شامی متوفی ۷۸۱ھ نے النجوم الزاہر فی السبعہ۔ شیخ طاہر بن عرب شاہ ابن احمد اصبہانی متوفی ۷۸۶ھ نے فصیلہ طاہریہ فی العشر اور فصیلہ اختلاف آیات ہیں۔ زین الدین سرور ابن محمد ملطی متوفی ۷۸۸ھ نے احکام السبعہ۔ اور نہایت المجمع فی السبعہ۔ علامہ نورالدین ابوالبقاء علی بن عثمان بن محمد بن احمد بن الحسن القاصح غندی بغدادی متوفی ۸۰۱ھ نے شاطبیہ پر طویل شرح موسومہ سراج القاری۔ اور مصطلح الاشارات فی الثلثۃ عشر العلویۃ فی السبعہ منظوم۔ شرح العلویہ۔ قرۃ العین فی الفتح والامالۃ وبین اللفظین ۵ کتابیں لکھیں جو عربیت سے مملو ہیں۔

Marfat.com

نویں صدی

نویں صدی میں تیس ۳۰ سے زیادہ کتابیں مرقوم ہوئیں۔ افسوس کہ بغداد سے سلسلہ بندا ور اندلس سے قطعاً مسدود ہو گیا۔

محقق ؒ امام العلامہ قدوۃ المجوّدین شیخ القراء والمحدثین محقق بلانزاع مجدد زمان شمس الدین والملۃ شیخ الاسلام ابوالخیر محمدؐ بن محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف الجزریؒ دمشقی ثم الشیرازی شافعیؒ ۲۵ رمضان ۷۵۱ھ شب شنبہ کو دمشق میں پیدا ہوئے۔ پہلے قرآن شریف حفظ کیا پھر علوم ابتدائی کی تحصیل کی پھر قرات سبعہ افراداً پڑھ کر ۷۶۸ھ میں جمع پڑھی۔ پھر حج کیا اور ۷۶۹ھ میں مصر گئے۔ وہاں کے شیوخ سے پہلے عشرہ پھر اثنا عشرہ اور پھر ثلثہ عشرہ پڑھیں۔ پھر دمشق و قاہرہ و اسکندریہ وغیرہ کے شیوخ سے حدیث و فقہ وغیرہ کی تکمیل کی اور متعدد مرتبہ قرات پڑھیں ۷۸۵ھ تک تمام شیوخ نے مجاز کر دیا صرف قرات کے شیوخ چالیس کے قریب ہیں اور اسی زمانہ سے پڑھانا شروع کیا۔

۷۹۳ھ میں شام کے قاضی مقرر ہوئے پانچ سال کے بعد مصری سلطنت سے بگاڑ ہو گیا اور آپ روم چلے گئے ۷۹۸ھ سے ۸۰۵ھ تک سلطان بایزید کے یہاں بڑی عزت کیساتھ رہے تیموری فتنہ پر آپ کو امیر مذکور کے ساتھ ماوراء النہر جانا پڑا۔ ۸۰۷ھ میں تیمور کے انتقال پر خراسان گئے۔ ہراۃ و یزد و اصفہان میں تھوڑے تھوڑے عرصہ ٹھہر کر شیراز میں مقیم ہو گئے۔ پیر محمد والی شیراز کے اصرار سے کچھ عرصہ قضا کی خدمت باکراہ انجام دی ایک مدرسہ دارالقرآن نام قایم کیا جسمیں قرآن و قرات کی تعلیم ہوتی تھی ۸۲۳ھ میں مکہ مکرمہ پہونچے اور دو سال کے قریب حرمین میں مقیم رہے۔ اسکے بعد شیراز چلے گئے

Marfat.com

اور تاحیات وہیں رہے۔ اصول قرات۔ التجبیر علی التیسیر الدرۃ علی الشاطبیہ دونوں ثلثہ میں۔ الطیبہ فی العشر منظوم۔ غایۃ المہرہ فی الزیادۃ علی العشرۃ قرات شاذہ منظوم النشر کبیر فی العشرۃ دو ضخیم جلدوں میں۔ اور التقریب النشر (یعنی خلاصۂ نشر) مقدمہ تجوید میں اور الاہتدا فی الوقف والابتداء۔ طبقات القراء صغریٰ اور کبریٰ۔ بارہ کتابیں صرف قرات میں اور متعدد کتابیں حدیث و تفسیر و فقہ وغیرہ دیگر علوم میں تالیف کیں چنانچہ حصن حصین (جو دعاء ماثورہ کی نہایت نادر مخصوص اور عجیب کتاب ہے) المصابیح پر تین جلدوں میں شرح اور الجوہرہ نحو میں مشہور ہیں۔ ۵۔ ربیع الاول ۸۳۳ھ کو جمعہ کے دن دوپہر کے وقت بعمر ۸۲ سال ستر سال سے زیادہ عرصہ تک قرآن و علوم شرعی کی خدمت کر کے شیراز میں وفات پائی اور دار القراء میں دفن ہوئے۔ علماء خواص و امراء و شرفا کا جنازہ کیسا تھا اتنا ازدحام تھا کہ جنازہ تک پہونچنا اور اُس کا چھونا ممکن نہ تھا۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

تمام تصانیف محققانہ ہیں۔ نشر کبیر میں تو کمال کیا ہے۔ ہر اختلافی مسئلہ کی ایسی چھان بین کی ہے کہ اس سے فوق ممکن نہیں۔ تیسری صدی سے آٹھویں صدی تک کی تمام تصانیف سے حوالے نقل کیے ہیں اور مذہب منصور بتایا ہے اور ہر جگہ قلت کہکر رائے دی ہے۔ جو تقریباً حق و صواب اور درست ہوتی ہے۔ سب سے زیادہ یہ کہ دو صدیوں سے جو مقلدانہ رنگ چڑھا ہوا تھا اُسکو دُور کیا اور شاطبیہ کے متاخرین شارحوں نے عربیت اور رسم کی بنا پر بلا مساعدت نقل جو وجوہ ضعیفہ ردیہ بیان کر دی تھیں اُن کی تردید کر دی۔ خود فرماتے ہیں "یہ کتاب قرات عشرہ کے لیئے نشر ہے جو شخص یہ کہتا ہے کہ یہ علم مرگیا۔ اُس سے کہدو کہ نشر سے زندہ ہوگیا" یہ مبالغہ

نہیں واقعہ ہے کاش آپ کے بعد کوئی اور ایسا ماہر پیدا ہوتا۔ بعد کے تمام مؤلفین و مصنفین کا بڑا ماخذ نشر اور اسکی تحقیق پر ہر شخص کا اعتماد ہے۔

دسویں صدی

دسویں صدی میں علماء مصر نے پندرہ کتابیں لکھیں۔

علامہ جلال الدین ابو الفضل عبدالرحمن بن ابی بکر سیوطی شافعی قاہری مصری سنہ ۸۴۹ھ میں قاہرہ میں پیدا ہوئے تحصیل سے فارغ ہو کر سنہ ۸۶۹ھ میں حج کیا۔ پھر درس و تدریس اور تصنیف و تالیف میں مشغول ہو گئے۔ کثیر التصانیف علامہ ہیں کہتے ہیں کہ چار سو کتابیں لکھیں مشہور و متداول تفسیر جلالین آپ کی اور آپ کے استاذ علامہ جلال الدین محلی کے نام سے

سنہ ۱ کمال الدین احمد متوفی بعد از سنہ ۹۰۶ھ نے اختصار ہمدانی کو فوائد منظریہ کے نام سے نظم کیا۔ شہاب الدین احمد بن محمد بن سعید یمنی شرعی متوفی بعد از سنہ ۹۲۰ھ نے شاطبیہ پر تکملہ قرات ثلثہ میں۔ اسمعیل بن اسحاق ازدی متوفی سنہ ۹۲۰ھ نے مسند القرات۔ محمد ابن محمد بن عرفہ ورغمی تونسی مالکی متوفی سنہ ۸۲۳ھ نے قرات یعقوب منظوم۔ مولی شمس الدین محمد بن حمزہ فناری متوفی سنہ ۸۳۴ھ نے جعبری پر حاشیہ۔ شہاب الدین احمد بن حسین رملی مقدسی متوفی سنہ ۸۴۴ھ قرات ثلثہ اور قرات زائد علی العشرۃ دونوں منظوم۔ شمس الدین محمد بن خلیل بن القباقبی متوفی سنہ ۸۴۹ھ نے ایضاح الرموز اربعہ عشر میں۔ برہان الدین ابراہیم بن محمد کرکی مقری شافعی متوفی سنہ ۸۵۳ھ نے آلہ فی معرفت الوقف والابتداء۔ نکات علی الشاطبیہ حل الرمز فی وقف حمزہ وہشام علیہما الہمز۔ زین الدین عبدالباسط بن احمد مکی متوفی سنہ ۸۵۳ھ نے غایۃ المطلوب فی قراءۃ ابی جعفر و خلف و یعقوب۔ علامہ ابوبکر احمد بن محقق ابن جزری۔ اور شیخ زین الدین عبدالدائم ازہری متوفی سنہ ۸۶۰ھ اور شیخ ابو القاسم محمد نویری مالکی متوفی سنہ ۸۷۵ھ نے شرح الطیبہ۔ برہان الدین ابو الحسن ابراہیم بن عمر بقائی متوفی سنہ ۸۸۵ھ نے الضوابط والاشارات۔ جو نہایت عمدہ اور مختصر کتاب ہے اور کفایہ فی قراءۃ ابی عمرو شمس الدین ابو العباس احمد بن اسمعیل کورانی متوفی سنہ ۸۹۳ھ نے جعبری پر حاشیہ موسومہ عنبقری۔ محقق کے کسی شاگرد نے شرح الدرۃ۔ علامہ سراج الدین ابو حفص عمر بن القاسم بن محمد انصاری معروف بالنشار شیخ علامہ قسطلانی نے البدر الزاہر فی العشرۃ المتواترہ۔ المکرر فی السبعہ۔ البدر المنیر شرح تیسیر دانی۔ القطر المعطر فی قراءۃ ابی عمرو بصری۔ چار کتابیں لکھیں چاروں وجوہ ضربی حسابی اور وجوہ ردیہ کی حامل ہیں۔

Marfat.com

منسوب ہے۔ اتقان فی علوم القرآن اور تفسیر درمنثور معرکۃ الآرا تصانیف ہیں۔ علامہ نے شاطبیہ پر شرح اور امام ابن کثیرؒ کی قراءۃ میں ایک رسالہ موسومہ الدر النثیر تالیف کیا۔ ۹۱۱ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

علامہ شہاب الدین ابوالعباس احمدؒ بن محمدؒ بن ابی بکر قسطلانی شافعی مصری ۸۵۲ھ میں قاہرہ میں پیدا ہوئے کبار علماء سے تحصیل علم کی۔ قرات وحدیث وتفسیر وفقہ وتاریخ کے بڑے محقق امام تھے۔ بخاری کی مشہور شرح۔ اور سیرۃ نبویؐ پر مواہب لدنیہ آپکی مشہور کتابیں ہیں۔ شاطبیہ پر ایک عمدہ شرح کنز فی وقف حمزہؒ وہشامؒ علی الہمز۔ اور لطائف الاشارات بفنون القرات تین کتابیں قرات میں لکھیں۔ موخر الذکر ضخیم اور عظیم النفع کتاب ہے جسمیں قراءۃ کے ہر مسئلہ کی بحث کیگئی ہے ۹۲۳ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

امام العلامہ شیخ الاسلام قاضی المسلمین شیخ القراء والمحدثین زین الدینؒ ابو یحییٰ زکریا ابن محمدؒ خزرجی انصاری۔ ازہری۔ قاہری مصری شافعیؒ۔ حدیث وتفسیر اور قرات کے شیخ یگانہ، روزگار اور امام منفرد تھے۔ اسوقت قرات اور صحاح ستہ روی زمین پر آپکی سند سے پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں محقق کے ایک واسطہ سے شاگرد ہیں قرۃ العین ابن القاصح کا خلاصہ اور مقدمہ پر شرح لکھی اور حدیث پر بڑی اہم تالیفات یادگار چھوڑیں ۹۲۶ھ میں مصر میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ + ۵۱

۵۱ جمال الدین حسینؒ بن علی الجعفی مصری متوفی ۹۶۴ھ نے شاطبیہ پر شرح موسومہ الغایۃ اور الجوہرۃ فی العشرۃ اور للغرۃ شرح درۃ اور کشف عن احکام ہمزۃ الوقف اور کفایۃ المحررۃ منظوم اور تحفۃ البررۃ دونوں عشرہ میں چھ کتابیں اور علامہ محمد عمری عدوی متوفی قبل ۱۰۰۰ھ نے قرات ثلثہ منظوم شاطبیہؒ کے وزن ردی پر اور اسکی شرح اصلی زمانہ کے کسی اور عالم نے شرح درہ لکھکر سلطان محمد خان کی نذر کی۔

Marfat.com

گیارہویں صدی

گیارہویں صدی میں صرف ایک کتاب لکھی گئی۔ اور افسوس کہ کل دنیا میں یہ سلسلہ ضعیف ہوگیا۔

مُلّا علیؒ۔ امام العلامہ نورالدین علیؒ بن سلطان محمدؒ قاری ہروی حنفیؒ نزیل مکہ معظمہ ہراۃ میں پیدا ہوئے۔ مشاہیر واکابر علمائے وقت سے تحصیل علم کی حتیٰ کہ فاضل اجل اور ماہر بے بدل بنگئے کئی مستقل کتابیں اور متعدد کتابوں پر شروح لکھیں جو سب محققانہ کثرت فائدہ اور تفصیل کے لحاظ سے بیحد نافع ہیں۔ احناف آپکو مجدد خیال کرتے ہیں۔ شاطبیہ پر بسط و تحقیق کیساتھ نہایت اعلیٰ شرح معروف ملا علی لکھی جسکا ماخذ سخاویؒ۔ ابو شامہؒ جعبریؒ وغیرہ کی شروح ہیں اور جابجا معتبر متون سے حوالے دیئے ہیں۔ مصنفین کی لغزشوں کی اصلاح کی ہے۔ ہر شعر کی لغوی اور نحوی تحقیق کے بعد باعتبار فن اسکا مالہ اور ماعلیہ کہا ہے اسیطرح مقدمہ جزریہ پر المنح الفکریہ لکھی ۱۰۱۴ھ میں مکہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ [1]

بارہویں صدی

بارہویں صدی میں علماء مصر نے دو بینظیر کتابیں لکھیں جنکا ماخذ النشر کبیر ہے اور جو کمی تعداد کا نعم البدل ہیں۔

البنّاءؒ۔ امام العلامہ شیخ احمدؒ بن محمدؒ بن احمدؒ بن محمدؒ بن عبدالغنی دمیاطیؒ شافعی نقشبندی

[1] ۔ سیف الدینؒ بن عطاءاللہ بصیر متوفی بعد ۱۰۲۰ھ نے سورہ کوثر سے المفلحون تک وجہ وقفی پر ایک رسالہ موسومہ اللؤلؤ المکنون تالیف کیا۔

Marfat.com

مصر کے قصبہ دمیاط میں پیدا ہوئے - وہیں قرآن حفظ کر کے تحصیل علوم کی - پھر قاہرہ آگئے اور علامہ سلطان مزاحیؒ اور علامہ نورالدینؒ ابوالضیاء علی شبراملسی تلمیذ شیخ القراء مولانا شیخ عبدالرحمٰنؒ ابن شیخ القراء مولانا شیخ شحاذہ یمنیؒ مصری سے قرات وفقہ پڑھی - ان دونوں بزرگوں اور علامہ نورالدین اجہوریؒ وغیرہ علماء سے حدیث پڑھی ۱۰۸۲ھ میں حج کیا اور علامہ برہان الدینؒ کورانی سے حدیث پڑھی مدینہ منورہ میں کچھ عرصہ مقیم رہے - پھر دمیاط گئے - اور وہاں اتحاف فضلاء البشر بالقرات اربعۃ عشر لکھی سیرۃ حلبیہ کا خلاصہ کیا اور علامات قیامت پر ایک رسالہ لکھا - پھر دوسرے حج کو گئے وہاں سے یمن پہنچے - سیدنا احمد بن عجیلؒ فقیہ سے طریقہ نقشبندیہ اور حدیث مصافحہ حاصل کی - پھر واپس ہو کر بلب دریائے شور ایک قریہ موسومہ عزبۃ البرج میں عرصہ تک گوشہ نشین رہے پھر تیسری مرتبہ حج کر کے مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے اور تین روز بعد محرم ۱۱۱۷ھ میں وہیں وفات پائی - رحمۃ اللہ علیہ -

اتحاف نہایت عمدہ کتاب ہے - کہیں جو ہ ردیہ بیان نہیں کیں اور نہ طوالت سے کام لیا - تحقیق و اختصار کو ہر جگہ مرعی رکھا ہے - مگر اسمیں قرات نشر کے طرق پر بیان ہوئی ہیں - طرق تیسیر و شاطبیہ پر نہیں ہیں - اتحاف عام طور پر متداول کتاب ہے اور اس سے ہمیں قرات عشرہ متواترہ کے علاوہ امام ابن محیصنؒ سہمی مکی - خواجہ حسن بصریؒ - امام اعمشؒ کوفی اور علامہ یزیدیؒ کی قرات کا مکمل طور پر علم ہوتا ہے - طلباء یاد رکھیں کہ جن الفاظ کی روایت میں یا ائمہ اربعہ متفرد ہیں اُنکے شذوذ پر اجماع ہے - اُن کو قرآن میں پڑھ نہیں سکتے مگر جن حروف میں ائمہ عشرہ میں سے کوئی اُنکے ساتھ ہے وہ بلاشبہ صحیح و متواتر ہیں -

سیدالعلامہ سید علی نوری الصفاقسی مصریؒ - باوجود تجسس و تلاش کے مجھے آج تک علامہ کا ترجمہ دستیاب نہیں ہوا - صرف اتنا ثابت ہوتا ہے کہ آپنے قرات شیخ القراء محقق عصر

محمد بن محمد الافرانی مغربی۔ سوسی۔ متوفی ۱۰۸۱ھ تلمیذ شیخ القراء مولانا عبدالرحمن بن شیخ القراء مولانا شیخ شحاذہ یمنی سے مصر میں پڑہیں۔ اور غیث النفع فی السبعہ تالیف کی۔ آپ کی کتاب متداول اور آپ کی فضیلت و جلالت کا بین ثبوت ہے۔ بمصداق ع۔ آفتاب آمد دلیلِ آفتاب۔

غیث النفع۔ طرق تیسیر و شاطبیہ پر بدیع الترتیب کتاب ہے۔ ابوابِ اصول مقرر نہیں کئے۔ اہل مغرب و مصر قرآن کو ساٹھ احزاب پر تقسیم کرتے ہیں (ایک حزب بقدر نصف سیپارہ کے ہوتی ہے) اور پھر ہر حزب کے چار حصے کرکے اُسکو ربع حزب اور مقرء کہتے ہیں۔ سیدؒ نے پہلے ہر مقرء کے اختلاف فرشی اور اصولی درج کئے ہیں۔ اور سوائے بعض آسان اور کثیر الدور اصول کے کوئی اصولی اختلاف باقی نہیں چھوڑا۔ اس کے بعد اسکے تمام کلمات ممال پھر مدغم صغیر و کبیر بیان کئے ہیں۔ اور پھر حسب ضرورت اہم تنبیہات اور ضروری فوائد درج ہیں۔ اور کہیں طرق تیسیر و شاطبیہ سے عدول نہیں کیا۔ دانیؒ و شاطبیؒ بھی بعض جگہ طریقہ سے باہر ہو جاتے ہیں۔ مگر سیدؒ نے اُسکی تقلید بھی نہیں کی حتیٰ کہ وجوہ مشہورہ صحیحہ خلاف طریقہ بھی نہیں لیں۔ اور معدودے چند مقامات کے سوا جو کچھ بیان کیا ہے وہ حق و صواب ہے۔ ماحصل یہ ہے کہ نشر کے بعد اس پایہ کی محققانہ کتاب اور نہیں لکھی گئی۔ اور علامہ سید بڑا محقق۔ فاضل۔ ماہر فن۔ نقاد اور علامۂ روزگار تھا۔ بارہویں صدی میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

تیرہویں صدی سے اُمت ابن الفاصح عذری اور النشار کی تحقیق پر قناعت کئے ہوئے سوتی ہے۔

فصل (۱۱۴) چہاردہم خاص اشارات و اصطلاحات

اس کتاب میں مدنی سے امام نافعؒ۔ مکی سے امام ابن کثیرؒ۔ اور حرمی سے یہ دونوں حضرات بصری سے امام ابوعمروؒ و شامی سے امام ابن عامرؒ۔ اور کوفیین سے باقی ائمہ ثلثہ مراد ہیں[1] حضرات رواۃ اور شیوخ طرق کا نام اُس عرف سے لیا جائیگا جو اوپر بیان ہوا۔ امام کسائیؒ کی قراۃ سے دُوریؒ کا باضافت ذکر ہوگا۔ لیکن جہاں امام ابوعمروؒ کے ساتھ کسائیؒ کے دُوریؒ شریک ہیں وہاں قید نہیں لگائی جائیگی کیونکہ اس حالت میں کوئی التباس نہیں ہے۔

شیوخ سلسلہ اور حسب تصانیف ائمہ کا حوالہ اس عرف سے آئیگا۔ جو چھٹی اور تیرہویں فصل میں ہر بزرگ کے نام سے قبل مذکور ہوا۔ ان کے علاوہ حضرات ائمہ کرام کے متعدد دیگر شاگردوں اور اُن مشائخ کرام کے اقوال سے اقتباس کیا گیا ہے جو حسب تصانیف ائمہ کے شیخ یا شاگرد اور اپنے اپنے وقت میں شیخ القراء تھے اِس کتاب میں اتنی گنجائش نہیں کہ ناظرین سے اُن سب کا تعارف کرایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز۔ طبقات القراء میں اسکی تلافی کیجائیگی۔

عربی زبان میں اِس فن کے متعلق متعدد ایسی اصطلاحیں استعمال ہوتی ہیں جنکا اردو میں رواج نہیں مثلاً اگر کسی امام یا راوی کیلئے کسی حرف میں دو یا زیادہ قراءتیں ہوں تو وہ اس امام و راوی کا نام لکھکر اگر ایک ہو بخلافٍ عنہ اور اگر دو ہوں بخلافٍ عنہما اور اگر زائد ہوں بخلافٍ عنہم کہدیتے ہیں اور اس سے مطلب و مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ اردو میں ہمارے پاس اسکی تعبیر کے لئے موزوں الفاظ نہیں ہیں۔ لہذا ہم نے اصول میں ایسے حروف کیساتھ ان حضرات کے لئے جن کیواسطے ایک قراۃ ہو بلا خلاف لکھکر اور ایک سے زائد قراءتوں والوں کیواسطے بخلاف کہا ہے اور باب الفرش میں پہلے اُن حضرات کا نام لکھکر جنکو خلاف ہو بخلاف کہا ہے پھر اُن بزرگوں کا نام لیا ہے جنکو خلاف نہو اور بلا خلاف نہیں لکھا۔ اور دونوں اقسام میں اگر صاحب

[1] یہ اصطلاح اختلافِ مذاہب کے بارے میں ہوا اعداد آیات کے بیان میں مدنی اور مکی وغیرہ کے اور معنی ہیں جسکو ہم دوسری جلد کے شروع میں بیان کرینگے۔ ۱۲

فوقراتین ایک بزرگ ہوں تو بخلاف اگر دو ہوں تو دونوں بخلاف اور اگر تین ہوں تو تینوں بخلاف لکھا ہے

قراءت کے اکثر مسائل مقولۂ کیف سے اور سماعت و مشافہت سے تعلق رکھتی ہیں جیسے بین بین تسہیل۔ امالہ تقلیل۔ روم اشمام وقفی۔ اشمام بالحرف اشمام بالحرکت اور مد کی مقدار کشش وغیرہ۔ اور الفاظ میں ان کا بیان کرنا بیحد دشوار ہے مگر پھر بھی حتی المقدور یہ سعی کیگئی ہے کہ مقصد ذہن نشین ہو جائے اور اس کوشش میں بعض جگہ عبارت طویل اور بعض جگہ تکرار الفاظ ہو گیا ہے جو فصیح اردو لکھنے والوں کو شاید غیر موزوں معلوم ہو لیکن مقصد کے لحاظ سے مؤلف ایسا کرنے میں معذور ہے

ہمارے شیوخ و ائمہؒ نے حصولِ قرات کیواسطے محض سماعت کو کافی نہیں سمجھا جیسا کہ حدیث میں کیا جاتا ہے۔ بلکہ شرط لگائی ہے کہ طالب سننے کے علاوہ شیخ کے روبرو اپنی زبان سے ادا بھی کر چکا ہو۔ کیونکہ حدیث میں مقصد معنی کا حصول ہے اور قرآن میں معنی کے علاوہ الفاظ کا ہیئت خاص سے ادا کرنا مقصود ہے۔ اسی بنا پر حافظ ابو العلاء ہمدانیؒ وغیرہ مطلقاً سماعت پر تلاوتِ قرآن کی اجازت نہیں دیتے اور یہی حق و صواب ہے۔

تجوید اور قراءت کا موضوع الفاظ قرآن ہیں۔ تجوید میں مخارج و صفاتِ حروف اور ان کے حالات متفقہ کی بحث ہوتی ہے اور قراءت میں احوال مختلف فیہ یعنی حذف و اثبات۔ تحریک و تسکین مد و قصر فتح و امالہ تحقیق و تخفیف وغیرہ کی ہمارے اکثر شیوخ ابواب اصول میں صرف مختلف فیہ قواعد بیان کیا کرتے ہیں اور بعض بعض جگہ آخر میں احکام متفقہ بھی بتلاتے ہیں۔ ہم نے ایسے مواقع میں احکام متفقہ بیان کر کے پھر مختلف فیہ درج کیے ہیں تاکہ مالہٗ اور ماعلیہٗ واضح ہو جائے۔

جہاں باجماع سبعہ یا باتفاق سبعہ کہا جائے تو اس سے مراد یہ ہے کہ ما فوق سبعہ نے اختلاف کیا ہے۔ اور جہاں باجماع کہا ہے وہ جملہ ائمہ کا مذہب ہے۔ باجماع ناقلین سے اس امام اور راوی کے طرق کا اجماع مراد ہے جسکا مذہب بیان کیا جا رہا ہو صحیح معمول اور ماخوذ سے جمہور اہل ادا کا مسلک مراد ہے

قراءت کی کتابوں میں۔ واجب لازم۔ جائز مکروہ ممنوع۔ وغیرہ الفاظ بکثرت آتے ہیں اس سے وہ فقہی معنے جسکے فعل یا ترک پر عقاب مترتب ہو مراد نہیں ہیں اہل ادا کی اصطلاح میں ضروری غیر ضروری معمول و غیر معمول کی جگہ ان کا اطلاق ہوتا ہے۔ 163

اس کتاب میں (معدودے چند الفاظ کے سوا) جو کچھ درج ہے وہ سب منقول ہے۔ عام باتیں بلا حوالہ بیان کی گئی ہیں مسائل اختلافی میں ائمہ کے اقوال حوالہ سے نقل کیئے ہیں۔ اور ہر مقولہ کی ابتدا و ختم پر قوسی نشان "" بنائے۔ ہیں۔ طویل اقوال مستقل ٹکڑوں (پیراؤں) میں درج ہیں۔ بلکہ بعض کئی کئی حصوں میں ہیں۔ عموماً اقوال کا خلاصہ دیا ہے۔ بخوف طوالت اصل عبارت اور اسکا پورا ترجمہ نقل نہیں کیا۔ اقوال نقل کرنے میں میں نے حتی المقدور احتیاط برتی ہے اور زیادہ تر ماخذ حضرت محقق کی نشر ہے۔ اگر وہ اقوال نشر اور اسکے اصول میں نہ پائے جائیں یا انکا وہ مطلب نہ ہو جو میں نے بیان کیا ہے تو میری کم علمی اسکی وجہ ہے۔ ائمہ اس سے پاک و بری ہیں۔

خاتمۂ مقدمہ پر حضرت شاطبیؒ کی بابرکت زبان سے میں بھی دعا کرتا ہوں۔

وَنَادَيْتُ اللّٰهُمَّ يَا خَيْرَ سَامِعٍ ۔۔۔ اَعِنِّيْ مِنَ التَّسْمِيْعِ قَوْلًا وَّمَفْعَلًا

اِلَيْكَ يَدِيْ مِنْكَ الْاَيَادِيْ تَمُدُّهَا ۔۔۔ اَجِرْنِيْ فَلَا اَجْرِيْ بِجَوْرٍ فَاخْطَلَا

وَبِاللّٰهِ حَوْلِيْ وَاعْتِصَامِيْ وَقُوَّتِيْ ۔۔۔ وَمَالِيَ اِلَّا سِتْرُهُ مُتَجَلِّلًا

فَيَا رَبِّ اَنْتَ اللّٰهُ حَسْبِيْ وَعُدَّتِيْ ۔۔۔ عَلَيْكَ اعْتِمَادِيْ فِيْ صَدَارٍ وَّمَوْرِدًا

اب اصل کتاب شروع کرتے ہیں۔ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْهِ التُّكْلَانُ۔

لہ اور میں یہ دعا کرتا ہوں۔ یا اللہ نے بہترین سننے والے مجھے قول عمل میں ریاکاری سے محفوظ رکھ۔ تیرے ہی روبرو ہاتھ پھیلاتا ہوں اور تیری بے شمار نعمتیں اسکا باعث ہیں مجھے پناہ دے تاکہ باطل و ظلم کیطرف نہ جاؤں اور کلام فاسد میں نہ پڑوں میری حرکت بہر دو اور قوت اللہ کی مدد پر موقوف ہے اور میرے لیئے اُسکی شانِ ستاری موجب زینت ہے + اے میرے پروردگار ہر حال میں تو میرے لیئے کافی ہے اور حوادث سے میرا بچاؤ ہے۔ تجھی پر میں تشیع اور توکل کیئے بہر دو سر کرتا ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدک یا من لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین ونشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین وعلی من تبعہم الی یوم الدین۔ رب اشرح لی صدری ویسر لی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقہوا قولی آمین

باب اوّل در استعاذہ

اہل ادا قراءۃ قرآن شروع کرنیسے پہلے دعائیہ الفاظ پڑھنے کو استعاذہ کہتے ہیں اسکے متعلق چند امور بحث طلب ہیں۔

اول الفاظ تعوذ۔ تمام قراء کے نزدیک تعوذ میں الفاظ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ مختار و معمول بہا ہیں اور یہی نص قرآنی کے موافق اور حدیث نبویؐ کے مطابق ہیں۔ ابن سوارؒ۔ اور قلانسیؒ نے ان پر اتفاق نقل کیا ہے۔ سخاویؒ جمال القراء میں کہتے ہیں "ان پر امّت کا اجماع ہے" دانیؒ کہتے ہیں حذّاق اہل ادا میں صرف یہی الفاظ مستعمل ہیں ان کے سوا اور نہیں" امام ابو حنیفہؒ۔ امام شافعیؒ اور امام احمد حنبلؒ کے یہاں بھی یہی ماخوذ ہیں۔ حضرت سلیمانؓ بن صرد سے بخاریؒ و مسلمؒ حضرت ابیؓ سے حافظ ابو یعلیؒ۔ امام احمدؒ۔ ابو داؤدؒ اور النسائیؒ حضرت معاذؓ بن جبل سے ترمذیؒ نے یہی الفاظ روایت کیے ہیں حضرت زر بن حبیشؒ کہتے ہیں "میں نے حضرت ابن مسعودؓ سے قرآن پڑھتے ہوئے الفاظ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ پڑھے تو موصوف نے مجھے روک دیا اور کہا کہ اَعُوْذُ

بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کہو کیونکہ میں نے حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو وہ
الفاظ پڑھے تو حضور نے مجھے منع فرمایا ۔ اور یہ الفاظ تعلیم فرما کر ارشاد کیا کہ اے ام عبد کے
بیٹے میں نے جبرئیلؑ سے اُنہوں نے میکائیلؑ سے اُنہوں نے لوح محفوظ سے یہی الفاظ سیکھے
ہیں۔" لیکن ... تعوذ میں اُن الفاظ کا اضافہ[1] اور کمی بھی جائز ہے جو احادیث صحیحہ سے ثابت ہوں

دوم محل تعوذ۔ قراءۃ قرآن شروع کرنے سے پہلے بشرطیکہ ابتدا حقیقی ہو اعوذ پڑھنی چاہیئے خواہ۔ ابتدا اوائل قرآن سے ہو یا درمیان قرآن سے۔ سورتوں سے ہو یا احزاب واعشارہ آیات سے (یا بطریق اہل عجم رکوعوں سے) لیکن جب ابتدا حقیقی نہ ہو۔ مثلاً سورۂ ناس کے بعد بطریق مسنون دوسرا قرآن شروع کرے یا دور کے طریقہ پر کسی سورۃ وغیرہ کا اعادہ کرے تو وہ محل تعوذ نہیں ہے

مسئلہ۔ اگر قاری کسی غیر متعلق کام کے لیئے قراءۃ قطع کر دے اگرچہ وہ جواب سلام ہی کیوں نہ ہو تو تعوذ کا اعادہ کرنا چاہیے لیکن اگر وہ امر قراءۃ کے متعلق ہو یعنی شاگرد کچھ پوچھے یا استاذ کوئی بات بتائے یا اختتام سورۃ کی دعائے ماثورہ یا تکبیر پڑھے تو تعوذ کے اعادہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

سوم حکم سر و جہر۔ جمہور اہل ادا کے نزدیک قراءۃ جہری میں جہراً اور قراءۃ سری

---

[1] مثلاً اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (اصحاب سنن اربعہ۔ امام احمد جامع البیان از اہل حرم و اہل عراق و اہل شام جا ہوازنی از ازرقی اور مسلم از امام حمزہ و ابو عدی و حضرت انسؓ) اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (ہوازنی و ابو معشر وغیرہ) اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (جامع البیان از اہل مصر و اہل مغرب) اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (خزاعی) اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (تہذی) اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَ سُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ (ابو داؤدؒ) اور ان کے سوا جو مروی و ثابت ہو۔

[2] مثلاً اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ (ابو داؤدؒ)

Marfat.com

میں سِرًّا تعوذ پڑھنی چاہیئے۔ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "افتتاح قرآن اور ابتداء قراءۃ میں خواہ پڑھنے کے لیئے ہو یا پڑھانے کیواسطے تمام قرآن میں تعوذ کے جہر سے پڑھنے کے خلاف مجھے اسکے سوا جو مدنیؒ حمزہؒ سے روایت کیا گیا ہے اہلِ اداء میں سے کسی کا قول نہیں ملتا" یہی محققؒ کہتے ہیں اور یہی معمول ہے۔ یہ حکم اُس تلاوت کا ہے جو نماز سے باہر ہو نماز میں قراءۃ جہری میں بھی تعوذ سِرًّا[1] پڑھی جائے گی۔ کیونکہ تعوذ باجماع قرآن نہیں بلکہ دعا ہے جو کید شیطان سے بچاؤ کے لیئے خدائے قدوس وقادر سے کیجاتی ہے۔ اور نماز کے اندر دعاؤں میں اِسرار واخفاء مسنون ہے۔ مسئلہ۔ تعوذ پر وقف کر کے مابعد سے ابتدا کرنی اور مابعد سے تعوذ کو ملا کر پڑھنا دونوں[2] جائز نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

باب دوم در بسملۃ

سورۂ براۃ کے سوا اور ہر سورۃ سے قراءۃ شروع[3] کرتے ہوئے تمام قراء بلا خلاف بسم اللہ پڑھتے ہیں۔ اور وسط سورہ یعنی آیات سے ابتدا کرنیکی حالت میں

[1] اگر بغرض تلاوت نماز میں قرآن پڑھیں تو افتتاح کیوقت تعوذ جہر آ پڑھ سکتے ہیں۔

[2] تعوذ و بسم اللہ کیساتھ چار صورتیں ہوسکتی ہیں جو سب جائز ہیں ۱ قطع کل یعنی دونوں پر وقف کر کے قراءۃ پڑھنی ۲ قطع اول وصل ثانی۔ یعنی تعوذ پر وقف کر کے بسم اللہ کو قراءۃ سے ملانا ۳ وصل کل یعنی تینوں کو ملا کر پڑھنا۔ ۴ وصل اول قطع ثانی یعنی تعوذ کو بسم اللہ سے ملا کر بسم اللہ پر وقف کرنا پھر مابعد کو پڑھنا اور بلا بسم اللہ دو صورتیں ہیں قطع اور وصل۔ اگر تعوذ کے بعد اسم جلالۃ ہو تو بعض شیوخ بنظر ادب وصل کو منع کرتے ہیں۔

[3] شروع عام ہے خواہ ابتدا حقیقی ہو یا حکمی قطع کے بعد ہو یا وقف کے اور یہی صحیح ہے۔ ۱۲

Marfat.com

قاری مختار ہے خواہ بسم اللہ پڑھے یا نہ پڑھے یہی حکم سورہ براءۃ کی آیات کا ہے۔ لیکن اسکے شروع میں کسی امام نے بسم اللہ نہیں پڑھی۔ خواہ اُس سے ابتدا کریں یا اُسکو انفال[۵۲] سے ملائیں یا کسی اور سورۃ کے بعد پڑھیں۔ تاکہ اجماع و رسم کی مخالفت نہ ہو۔

بین السورتین۔ خواہ مرتبہ ہوں یا غیر مرتبہ۔ قراء سبعہ میں سے قالونؒ۔ مکیؒ۔ عاصمؒ

---

[۵۱] علامہ دانیؒ وغیرہ جمہور مغربی قراء اجزاء سُوَر پر بسم اللہ نہیں پڑھتے اور حافظ ابو العلاءؒ وغیرہ جمہور اہلِ عراق اجزاء پر بسم اللہ پڑھتے ہیں۔ ہمارے متاخرین شیوخ نماز میں علامہ دانیؒ کے مسلک پر اور خارج از صلوٰۃ اہل عراق کے مذہب پر عمل کرتے ہیں۔ یہی ہمارے یہاں معمول ہے۔

[۵۲] انفال اور براءۃ کے درمیان بسم اللہ کے حذف پر اجماع ہے۔ اور بحالت ابتدا بھی امام ابو الحسنؒ۔ ابو محمد مکیؒ اور ابن الفحامؒ نے اجماع نقل کیا ہے۔ محقق کہتے ہیں "متقدمین میں سے کسی کا قول اسکے خلاف نہیں پایا جاتا۔ البتہ بعض متاخرین نے بحالت ابتداء براءۃ پر بسم اللہ جائز کہی ہے" چنانچہ سخاویؒ کہتے ہیں "ابتداء براءۃ میں بسم اللہ پڑھنی قیاس کے مطابق ہے۔ کیونکہ حذف بسم اللہ یا اسوجہ سے ہے کہ یہ سورۃ حکم سیف کے ساتھ نازل ہوئی تھی۔ یا اسوجہ سے کہ اسکے انفال سے علیحدہ مستقل سورۃ ہونیکا قطعی فیصلہ نہ ہو سکا پہلی شق کا تعلق ان لوگوں سے تھا جن کے حق میں آیت سیف نازل ہوئی تھی۔ ہم برکت کے لیئے بسم اللہ پڑھتے ہیں۔ اور بحالت ثانی چونکہ اجزاء سُوَر پر بسم اللہ جائز ہے لہذا اسپر بھی جائز ہے" ابن شیطاؒ کہتے ہیں "براءۃ سے ابتداء کرنے کی حالت میں اگر تبرکاً بسم اللہ پڑھی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ لیکن انفال کے ساتھ پڑھتے ہوئے اسپر بسم اللہ پڑھنی بدعت و ضلال۔ خرق اجماع اور مصحف کے خلاف ہے" محققؒ کہتے ہیں "ابتدا میں بھی خرق اجماع اور مصحف کے خلاف ہے اور رائے نفس کے متصادم نہیں ہو سکتی۔ لہذا اتباع کے لیئے عدم بسم اللہ اولیٰ ہے"

اور کسائیؒ بسم اللہ پڑھتے ہیں۔ اور باقی ائمہ نہیں پڑھتے۔ ان قارئین میں سے حمزہؒ پہلی سورۃ کا دوسری سورۃ سے وصل کرتے ہیں اور ورشؒ و بصریؒ و شامیؒ۔ سکتہ اور وصل دونوں جائز رکھتے ہیں۔ سکتہ اولیٰ ہے اور یہ سکتہ بلا تنفس ہوتا ہے۔ پس اگر نفس قطع کر دیا تو بسم اللہ پڑھنی ہی پڑیگی شاطبیؒ نے ورشؒ کے لیئے بین السورتین بسم اللہ ہی بیان کی ہے۔ یہ ابن ہلال کی نحاسؒ و ازرقؒ

۱؎ فقہا بسم اللہ کی جزوئیت اور عدم جزوئیت کی بحث کرتے ہیں قراء کا اس بحث سے کوئی تعلق نہیں۔ غالباً سب سے پہلے سخاویؒ نے اس مسئلہ کو کتب قراءۃ میں داخل کیا۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں "سورہ فاتحہ پر بسم اللہ کے متعلق سب قراء متفق ہیں۔ مکیؒ۔ عاصمؒ اور کسائیؒ اسکو فاتحہ اور ہر سورۃ کی ایک آیت اعتقاد کرتے ہیں اور حمزہؒ فاتحہ میں متفق ہیں۔ بصریؒ شامیؒ اور قالونؒ اور ان کے پیرو قراء مدینہ اسکو فاتحہ کی آیت اعتقاد نہیں کرتے الخ" یہ سخاویؒ نے فقہا کا مسلک بیان کیا ہے نہ کہ قراء کا اور قالونؒ کے لیئے یہ کہنا کہ وہ بسم اللہ کو فاتحہ کی آیت اعتقاد نہیں کرتے بے اصل ہے کیونکہ علامہ دانیؒ جامع البیان میں باسناد صحیح اسحاقؒ بن محمد مسیبیؒ سے جو امام نافعؒ کے اوثق و اجل تلامذہ میں سے تھے روایت کرتے ہیں "میں نے امام ممدوح سے قراءۃ بسم اللہ کے بارہ میں پوچھا تو انہوں نے مجھے اسکے پڑھنے کا حکم دیا۔ اور فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ سبع من المثانی کی ایک آیت اور منزل من اللہ ہے" امام ابن مجاہدؒ نے کتاب السبعہ میں قاضی موسیٰؒ ابن اسحاقؒ کے واسطہ سے بعینہٖ اسی طرح روایت کی ہے۔ نیز اسحاقؒ بن محمد مسیبیؒ کہتے ہیں "ہم بجالت فرض اور نماز میں سورۂ فاتحہ۔ اور سورۂ بقر کے شروع میں اور بین السورتین بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتے تھے اور قراء مدینہ کا یہی مذہب تھا اور فقہاء مدینہ ایسا نہیں کرتے تھے" ہذلیؒ روایت کرتے ہیں کہ "امام مالکؒ نے امام نافعؒ سے بسم اللہ کے بارہ میں پوچھا تو امام نے فرمایا "بسم اللہ کا جہر سنت ہے" امام مالکؒ نے اُن کو سلام کیا اور فرمایا "ہر علم کا مسئلہ اُسکے اہل سے پوچھنا چاہیئے" ان نصوص صریحہ کی موجودگی میں کون کہہ سکتا ہے کہ قالونؒ بسم اللہ کو فاتحہ کی آیت اعتقاد نہیں کرتے تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس فن کا اس بحث سے کوئی علاقہ نہیں اور نہ ائمہ سے جزوئیت اور عدم جزوئیت کے بارہ میں کوئی نص ہے۔ متاخرین نے فقہا کا مسلک اہل ادا کے مسلک سے مخلوط کر دیا۔ اگر اہل ادا اسکے قائل ہوتے تو سورہ فاتحہ پر بہر حال اور براءۃ کے سوا ہر سورۃ کے شروع میں جب کہ اس سے قراءۃ کی ابتدا کیجائے اور قطع نفس کے بعد بین السورتین تارکین کے لیئے بسم اللہ پڑھنے کا متفقہ حکم نہ دیتے اور نہ اجزاء سورہ پر ان کے لیئے بسم اللہ پڑھنے کا اختیار ہوتا۔ حضرت محققؒ مذاہب فقہا نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں "قراءۃ کا اس مسئلے سے کوئی علاقہ نہیں مگر چونکہ شیوخ اسکو بیان کیا کرتے ہیں اسلیئے ہم بھی اپنی کتاب کو خالی نہیں رکھتے۔ پھر کہتے ہیں "ہم قراء میں سے کسیکو نہیں جانتے جس نے فاتحہ کے سوا بسم اللہ کو کسی سورۃ کی آیت گنا ہو" ماحصل یہ ہے کہ قراء کا اختلاف ادائی اور دیگر اختلاف قرات کے مانند اسکی ہر دو جہ حق و صواب ہے اور تارکین کے نزدیک بسم اللہ ہمزۂ وصل کے مانند ہے جو درج کلام میں ساقط اور ابتداء میں باقی رہتا ہے۔

سے روایت ہے اور ابن سیفؒ نے ترک بسم اللہ روایت کیا ہے۔ ازرقیؒ سے دونوں صحیح وثابت ہیں۔ پس ورشؒ کے لیئے بسم اللہ کی وجہ زیادات قصیدہ سے ہے اور یہی ابو محمد مکیؒ کا مذہب ہے اور اسی کو ابن شریحؒ مختار کہتے ہیں۔ علامہ ابو غانمؒ اور علامہ ابو بکر اذفویؒ بھی ورشؒ کے لیئے بین السورتین[1] بسم اللہ روایت کرتے ہیں۔

سورۂ فاتحہ پر بہر حال اور سب کے لیئے بسم اللہ پڑھی جائیگی خواہ اس سے ابتدا حقیقی ہو یا حکمی (یعنی سورۂ ناس کے بعد باتباع حدیث حال مرتحل اسکی تلاوت کریں) اہل نقل کا اسپر اجماع ہے۔ اگر کسی سورۃ کو بطریق دور مرۃً بعد مرۃٍ تلاوت کریں جیسا کہ اوراد میں کیا جاتا ہے تو قرار سے اس بارہ میں کوئی نص نہیں پائی جاتی۔ محققؒ کہتے ہیں[2] بظاہر بسم اللہ پڑھنی چاہیئے کیونکہ سورۃ ہر مرتبہ از سر نو شروع ہوتی ہے جیسے سورۂ ناس کے بعد فاتحہ۔ اور جعبریؒ کے قول سے حکم کی عمومیت[1] معلوم ہوتی ہے۔

مسلمین کی قرات میں بین السورتین ہر حال میں بسم اللہ پڑھنی چاہیئے اور اگر بغرض تلاوت تراویح یا نوافل میں قران پڑھیں تو ان کے لیئے بسم اللہ کا التزام رکھیں اور قراۃ جہری میں بسم اللہ جہراً پڑھیں۔ (ورنہ روایت میں ایک سو بارہ[112] آیات کی کمی رہ جائیگی) ہمارے تمام شیوخ کا یہی مسلک ہے۔

امام ابن مجاہدؒ۔ ابن غلبونؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ ابو الحسنؒ۔ اور مہدویؒ وغیرہ شیوخ نے۔ مدثر وقیامہ۔ انفطار وتطفیف۔ فجر وبلد۔ اور عصر وہمزہ کے درمیان معنوی بشاعت کے خیال سے

---

[1] بصریؒ وشامیؒ کے لیئے بھی بین السورتین بسم اللہ منقول وثابت ہے مگر طرق تیسیر وشاطبیہ سے نہیں ہے اور حمزہؒ کیلئے بین السورتین بسم اللہ کسی طریقہ پر مروی نہیں۔

[2] محققؒ کہتے ہیں "اسمیں نظر ہے کیونکہ یہ اُن فقہا کے مذہب پر صحیح ہو سکتا ہے جو بسم اللہ کو ہر سورۃ کی آیت شمار کرتے ہیں اور ہمنے جو کچھ بیان کیا وہ قراء کے مذہب پر ہے" فافہم۔

Marfat.com

حمزہؒ کے لیئے سکتہ اور باقی تارکین کے لیئے بسم اللہ اختیار کرتے ہیں یہی تیسیر و شاطبیہ میں ہے
یہ وجہ درج ہے اور علامہ دانیؒ نے امام ابوالقاسمؒ و امام ابوالحسنؒ سے بسم اللہ پڑھی ہے
مگر ائمہ سے یہ تفریق نہ نصاً منقول ہے نہ اداءً ماخوذ بلکہ یہ ان شیوخ کا استحسانی فعل ہے
شیخ ابوالفتحؒ۔ ابوعبداللہؒ۔ ابوطاہر انصاریؒ اور طرسوسیؒ وغیرہ جمہور ائمہ عراق و مغرب
اور عام اہل ادا ان میں اور دیگر سورتوں میں کوئی فرق نہیں کرتے چنانچہ دانیؒ نے
شیخ ابوالفتحؒ سے تارکین کے لیئے انکو حسب قاعدہ بحذف بسم اللہ پڑھا ہے اور یہی دانیؒ
کے نزدیک مختار ہے اور یہی اکثر محققین کا مسلک و معمول ہے۔

مسئلہ۔ انفال و براۃ کے درمیان۔ وصل، سکتہ اور وقف تینوں باجماع جائز
ہیں۔ اور محققؒ کے نزدیک وقف مختار ہے۔

مسئلہ۔ مسملین کے لیئے بین السورتین وصل اول قطع ثانی ناجائز ہے۔ کیونکہ بسم اللہ
ابتدا کے واسطے ہے انتہا کے لیئے نہیں۔ اور باقی تینوں[۵] صورتیں درست ہیں۔

باب سوم اِدغام اور اُسکی قسمیں

اہل ادا دو حرفوں کے بجائے دوسرے حرف کے مانند ایک حرف مشدد پڑھنے کو ادغام کہتے ہیں۔ اور اسکی
دو قسمیں ہیں۔ کبیرؔ اور صغیرؔ۔ کبیر میں پہلا حرف متحرک ہوتا ہے اُسکو تخفیفاً ساکن کرکے

[۱] حمزہؒ کے لیئے بین السورتین بسم اللہ اختیار کرنیکی کوئی صورت نہ تھی کیونکہ اُن سے کسی طریقہ میں بسم اللہ مروی نہیں
[۲] جعبریؒ اور سیدؒ قطع کل کو۔ ابومحمدؒ کی قطع اول وصل ثانی کو اولیٰ کہتے ہیں۔ بعض متاخرین گیارہ سورتوں۔ فاتحہ۔ انعام۔ کہف۔
انبیا۔ سبا۔ فاطر۔ قمر۔ رحمٰن۔ حاقہ۔ علق اور قارعہ پر بوجہ ہمزۂ وصل قطع اول وصل ثانی کو اور باقی سب جگہ قطع کل کو اولیٰ کہتے
ہیں اور اس جماعت نے سورہ محمدؐ کو ہمزۂ وصل کے باوجود معنوی بشاعت کی وجہ سے دوسری شق میں رکھا ہے۔ اور بعض نے اسکو بھی
پہلی قسم میں داخل کیا ہے۔ اور بعض اہل ادا نو سورتوں۔ محمدؐ۔ قیامہ۔ عبس۔ تطفیف۔ بلد۔ ہمزہ۔ تکاثر۔ ہمزہ۔ اور تبت سے بسم اللہ
کے وصل کو منع کرتے ہیں ہمارے شیوخ پڑھاتے ہوئے ہر جگہ پہلے قطع کل پھر قطع اول وصل ثانی پھر وصل کل پڑھاتے تھے یہی میرا
معمول ہے اور بحالت تلاوت قاری مختار ہے جو وجہ چاہے پڑھے۔

Marfat.com

ادغام کرتے ہیں کثرت وقوع یا حرکت پر مؤثر ہونیکی وجہ سے اسکو کبیر کہتے ہیں اور یہ قراء سبعہ میں سے ابو عمرو بصریؒ[1] کا مذہب ہے۔ اور صغیر میں مدغم پہلے سے ساکن ہوتا ہے۔ اسکی بھی دو قسمیں ہیں واجب اور جائز۔ واجب متفق علیہ ہے اور جائز مختلف فیہ۔ فن قراءۃ میں اسی کی بحث ہوتی ہے اور ہر قسم کا ادغام تخفیف کے لیئے کیا جاتا ہے اور اسکا سبب تماثل یا تجانس وتقارب ہوتا ہے۔

ادغام واجب تجوید سے علاقہ رکھتا ہے اور اسکا اصول یہ ہے کہ جہاں ایک کلمہ یا دو کلمات میں مثلین[2] جمع ہو جائیں اور انمیں سے پہلا حرف ساکن ہو جیسے یُوَجِّهُهُّ یُدْرِكُّمُ۔ وَاضْرِبْ بِّهٖ۔ رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ۔ قَدْ دَّخَلُوْا۔ اِذْ ذَّهَبَ۔ قُلْ لَّكُمْ۔ هَلْ لَّكُمْ۔ هُمْ مِّنْ۔ عَنْ نَّفْسٍ[3]۔ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ وغیرہ تو حرف مد کے سوا اسکا باجماع ادغام ہوتا ہے اور اگرچہ ادغام مثلین میں تلفظ کے اندر کوئی فرق نہیں ہوتا مگر زبان حرف مشدد کے واسطے مرۃ واحدۃ اٹھکر بلا فصل تلفظ کرتی ہے فصل کرنا لحن ہے جس سے فک ادغام ہو جاتا ہے جو جائز نہیں۔ اور اگر مثلین میں سے پہلا حرف مدہ ہو جیسے قَالُوْا وَهُمْ۔ فِيْ يَوْمٍ تو باجماع اظہار ہوتا ہے۔

مَالِيَهْ هَلَكَ۔ (حاقہ) کی پہلی ھا۔ ھا سکتہ ہے جو وقفاً اظہار یا کے لیئے لائی گئی ہے۔ بہتر ہے کہ اسپر وقف یا وقفہ لطیفہ کیا جائے تاکہ اصل مدعا فوت نہ ہو ورنہ اجتماع مثلین ہو جائیگا اور اس حالت میں تمام قراء کے لیئے اظہار وادغام

---

[1] بصریؒ کے سوا خواجہ حسن بصریؒ۔ امام ابن محیصنؒ۔ امام اعمشؒ۔ طلحہ بن مصرف۔ عیسیٰ بن عمرؒ۔ سلمہؒ بن عبداللہ فہریؒ۔ سلمہؒ بن محارب سدوسیؒ اور یعقوبؒ حضرمی وغیرہم نے ادغام کبیر روایت کیا ہے جو سب سے صحیح اور ثابت ہے۔ ۱۲

[2] جو حروف مخرج وصفات میں متحد ہوں یعنی ایک ہی حرف مکرر آجائے تو اُن کو مثلین اور متماثلین کہتے ہیں چنانچہ مثالوں سے ظاہر ہے ۱۲

[3] نون ساکن اور نون تنوین کا نون میں اسی قاعدہ کی بنا پر ادغام ہوتا ہے اگرچہ اسکو دوسرے باب میں بیان کرتے ہیں ۱۲

دونوں جائز[۱] ہیں۔ مگر وقفہ کے بغیر اظہار ناممکن ہے۔

اور اگر ایک کلمہ یا دو کلمات میں حروف حلق کے سوا دیگر متجانسین[۲] جمع ہو جائیں اور اُن میں سے پہلا ساکن ہو جیسے وَقَالَتْ طَّائِفَةٌ - اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا - قَدْ تَّبَيَّنَ - اِذْ ظَّلَمُوْا بَلْ رَّبُّكُمْ - قُلْ رَّبِّ وغیرہ تب بھی باجماع اور وجوباً ادغام ہوتا ہے اور اسمیں مدغم کا کوئی اثر باقی نہیں رہتا۔ لیکن اگر مدغم حرف مطبقہ ہو جیسے اَحَطْتُّ - اور بَسَطْتَّ وغیرہ تو صفت اطباق باتفاق باقی رہتی ہے یعنی ادغام ناقص ہوتا ہے۔ بعض اہل لدا اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ میں صفت استعلا باقی رکھتے ہیں۔ مگر محققین اور جمہور کے نزدیک عدم ابقا مختار و اولیٰ[۳] ہے اور اگر متجانسین حلقی ہوں جیسے فَاصْفَحْ عَنْهُمْ تو باجماع اظہار ہوتا ہے۔

---

[۱] علامہ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "جو شخص کِتَابِيَهْ اِنِّيْ کو تحقیق (یعنی بلا نقل) پڑھے اسکو لازم ہے کہ مَالِيَهْ پر وقف کرے وصل بحالت وصل وقفہ لطیفہ کرے جسکی وجہ سے وہ بعد کی ہا میں ادغام کرنے سے بغیر قطع بچ جائیگا۔ کیونکہ وہ اب واصل بہ نیت واقف ہے۔ اور جو شخص نقل پڑھے اسکو ادغام کرنا واجب ہے۔ کیونکہ اُسکے نزدیک یہ ہا ساکن لام اصلی کے مانند ہے" سخاویؒ کہتے ہیں "اسمیں وقف مختار ہے کیونکہ یہ ہا وقف کے لیے لائی گئی ہے۔ وصل ٹھیک نہیں۔ اور اگر وصل کیا جائے تب بھی اظہار ہی معمول و ماخوذ ہوگا۔ کیونکہ پہلی ہا۔ ہائے سکتہ اور نیت میں موقوف علیہا ہے اور دوسری منفصل ہے۔ لہذا ادغام نہیں ہو سکتا" ابو محمد مکیؒ کہتے ہیں "میں نے اسمیں اظہار پڑھا ہے اور اسی پر میرا عمل ہے اور یہی ان شاء اللہ صواب ہے" حافظ ابو شامہؒ کہتے ہیں "مکیؒ کی اظہار سے مراد وہی وقفہ لطیفہ ہے اور اگر وصل کیا جائے تو ادغام یا حرکت سے چارہ نہیں اور اگر حرف ان دونوں سے خالی ہو تو قاری واقف ہوگا۔ اگرچہ سرعت رفتار کی وجہ سے وہ اُسکا دھیان نکرے" محققؒ کہتے ہیں "ابو شامہؒ کی رائے تحقیق و درایت و تدقیق میں مناسب اور حافظ ابو عمر دانیؒ کا فیصلہ صواب و حق ہے" ۱۲

[۲] دو ہم مخرج حرفوں کو جنکی صفات مختلف ہوں متجانسین اور جنسین کہتے ہیں۔ جیسے تا۔ طا۔ اور دال۔ ثا۔ اور ذال۔ ظا وغیرہ۔

[۳] علامہ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ میں قاف کے کاف میں ادغام اور قاف کے کاف سے قلب پر بغیر اسکی آواز کے اظہار کے اجماع ہے" محققؒ کہتے ہیں "ادغام محض روایت و قیاس کی بنا پر اوجہ اور اصح ہے"

یَہۡدِہۡ ذٰلِکَ (اعراف) میں بقاعدۂ متجانسین ادغام بلا خلاف ہونا چاہیئے تھا۔ مگر بطرق تیسیر و شاطبیہ۔ ورش رح۔ مکی رح اور ہشام رح کے لیئے بلا خلاف اور قالون رح کے لیئے بخلاف اظہار مروی ہے جو اگرچہ خلاف قیاس[1] ہے مگر اسی طرح منقول و ثابت ہے باقی حضرات حسب قاعدہ ادغام کرتے ہیں۔

باب چہارم ادغام کبیر مذہب بصری رح

پہلے طلبا، یہ یاد رکھیں کہ عربی کے اُنتیس[29] حروف ہجا میں سے الف کی کوئی صوت نہیں ہوتی اور ہمزہ کی تخفیف اور طرح کیجاتی ہے اُسکا ادغام نہیں ہوسکتا پس یہ دونوں نہ مدغم ہوتے ہیں اور نہ مدغم فیہ۔ اور خا۔ زا۔ صاد۔ طا۔ ظا۔ قرآن میں نہ کہیں مثل سے قبل آتے ہیں اور نہ جنس و قریب سے لہذا یہ پانچوں مدغم نہیں ہوتے۔

باقی بائیس[22] حروف کا ادغام کرتے ہیں جنمیں سے جیم۔ شین۔ دال۔ ذال اور ضاد پانچ حروف مثل سے پہلے۔ عین۔ غین۔ فا۔ واو۔ ہا۔ اور یاء چھ حروف جنس و قریب سے قبل کہیں نہیں آئے۔ مابقی گیارہ حروف۔ با۔ تا۔ ثا۔ حا۔ را۔ سین۔ قاف۔ کاف۔ لام۔ میم۔ اور نون مثل اور جنس و قریب سے قبل واقع ہوئے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ بقاعدۂ تماثل سترہ۔ اور بقاعدۂ تجانس و تقارب[2] سولہ حرفوں کا ادغام کرتے ہیں بشرطیکہ مدغم اور مدغم فیہ میں خطی فصل نہ ہو چنانچہ اَنَا نَذِیۡرٌ میں ادغام نہیں ہوسکتا اور اِنَّہٗ ہُوَ میں باوجود لفظی فصل کے ادغام ہوتا ہے

---

[1] محقق کہتے ہیں نظر و قیاس کا اقتضاء صرف ادغام ہے اور اگر ان حضرات سے اظہار صحیح نہ ہوتا تو میں اسکو ہرگز نہ لیتا کیونکہ جب دو ہم مخرج حروف جمع ہوجائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو اور کوئی مانع نہ ہو تو ادغام واجب ہوتا ہے اور یہاں کوئی مانع نہیں ہے۔

[2] جو دو حرف مخرج یا صفات میں یا مخرج و صفات دونوں میں قریب ہوں اُن کو متقارب کہتے ہیں جیسے۔ جیم و تا اور ذال و سین اور ضاد و شین اور دال و سین اور قاف و کاف اور شین و سین وغیرہ۔

جبکہ چار موانع ذیل میں سے کوئی مانع نہ پایا جائے۔ ان میں سے تین متفق علیہ اور ایک مختلف فیہ ہے۔

اول۔ حرف مدغم مشدد نہ ہو جیسے تَمَّ مِیقَاتُ۔ اَشَدَّ ذِکْرًا مَسَّ سَقَرَ کیونکہ اسکا ادغام ایک حرف کے حذف کے بغیر ممکن نہیں۔

دوم۔ حرف مدغم منون نہو جیسے وَاسِعٌ عَلِیْمٌ۔ سَارِبٌ بِالنَّہَارِ۔ نِعْمَۃٌ تَمُنُّہَا۔ فِی ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ۔ رَجُلٌ رَّشِیْدٌ۔ لَذِکْرٌ لَّکَ۔ اہل ادا تنوین کو ایک مستقل حرف اور مانع قوی مانتے ہیں اور اسکی موجودگی میں خطی اتصال کے باوجود اجتماع نہیں کہتے۔ برخلاف صلہ کے جو حرکتِ جانبین کے لحاظ سے عارضی طور پر آتا ہے اسلئے مانع ادغام نہیں چنانچہ آئندہ آئیگا۔

سوم۔ صرف تا کے لئے شرط ہے کہ وہ تاء متکلم یا تاء خطاب نہو۔ جیسے کُنْتُ تُرَابًا وَمَا کُنْتَ ثَاوِیًا۔ اَنْتَ تُکْرِہُ۔ معنوی التباس کے خوف سے اسکا ادغام نہیں کرتے مگر تاء خطاب مؤنث کو جو صرف ایک جگہ متقارب سے قبل آئی ہے بعض اہل ادا نے بوجہ کسرہ مانع قوی نہیں مانا وہ موقع آگے آئیگا۔

چہارم۔ مختلف فیہ۔ مدغم مجزوم نہ ہو۔ امام ابن مجاہدؒ وغیرہ اسکو مطلقاً مانع شمار کرتے ہیں اور ابن شنبوذؒ و داجونیؒ وغیرہ قطعاً مانع نہیں مانتے اور مشہور و معمول یہ ہے کہ اگر مثلین[۵۲] مجزوم مثلین میں تینوں جگہ ابو الحسن جوہریؒ نے عبد الواحدؒ اور عبد الواحدؒ نے ابو مسلمؒ کاتب اور نقاش صغیرؒ نے امام ابن مجاہدؒ سے صرف ادغام روایت کیا ہے اور امام ممدوح کے باقی تلامذہ فقط اظہار روایت کرتے ہیں حافظ ابو العلاء ہمدانیؒ ابن الغلامؒ اور ان کے متبعین بلا خلاف ادغام ابن شنبوذؒ اور خزاعیؒ بلا خلاف اظہار نقل کرتے ہیں۔ شذائیؒ۔ دانیؒ۔ ابن سوارؒ۔ سبط الخیاطؒ اور شاطبیؒ وغیرہ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "دونوں صحیح ہیں" ۱۲

---

[۵۱] تاء متکلم قریب المخرج حرف سے قبل کہیں نہیں آئی۔ ۱۲

[۵۲] مجزوم مثلین میں تینوں جگہ ابو الحسن جوہریؒ نے عبد الواحدؒ اور عبد الواحدؒ نے ابو مسلمؒ کاتب اور نقاش صغیرؒ نے امام ابن مجاہدؒ سے صرف ادغام روایت کیا ہے اور امام ممدوح کے باقی تلامذہ فقط اظہار روایت کرتے ہیں حافظ ابو العلاء ہمدانیؒ ابن الغلامؒ اور ان کے متبعین بلا خلاف ادغام ابن شنبوذؒ اور خزاعیؒ بلا خلاف اظہار نقل کرتے ہیں۔ شذائیؒ۔ دانیؒ۔ ابن سوارؒ۔ سبط الخیاطؒ اور شاطبیؒ وغیرہ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "دونوں صحیح ہیں" ۱۲

ہوں جو تین جگہ واقع ہوئے ہیں۔ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ (آل عمران) يَحْلُلْ لَكُمْ (سورۃ یوسف) وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا (غافر) یا جنسین ہوں جو ایک جگہ وَلْتَأْتِ طَّآئِفَةٌ (نساء) میں ہیں تو ادغام بخلاف کرتے ہیں اور اگر متقاربین ہوں تو وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً (بقر) میں بوجہ فتح قطعاً ادغام نہیں کرتے اور وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى (اسراء و روم) میں قوت کسرہ کیوجہ سے ادغام بخلاف کرتے ہیں۔ اِن سات مقامات کے سوا اور کوئی موقع نہیں ہے جسمیں مدغم مجزوم ہو۔ ان کے علاوہ بعض موانع اور ہیں جو حسب موقع بیان ہونگے۔ پس جہاں سبب وشرط موجود ہوں اور مانع نہ پایا جائے وہاں ادغام کرتے ہیں۔

بصریؒ سے بذریعہ یزیدیؒ۔ دوریؒ و سوسیؒ دونوں نے ادغام روایت کیا ہے اور اسی طرح تیسیر و شاطبیہ وغیرہ کتب قراءۃ میں مذکور ہے۔ مگر متاخرین ائمۂ فن نے اسکو سوسیؒ کے لیئے اختیار کر لیا تھا اور اب یہی معمول ہے۔

سلہ بصریؒ سے تین طریقے صحیح ثابت ہیں۔ اول۔ اظہار مع ابدال ہمزہ۔ مہدویؒ۔ ابو محمد مکیؒ اور ابن شریحؒ نے اسکے سوا کوئی طریقہ بیان ہی نہیں کیا اور جمہور اہل عراق اسکو بصریؒ کے لیئے دونوں روایتوں میں طرق ثلثہ میں سے ایک طریقہ کہتے ہیں دوم۔ ادغام مع ابدال۔ یہی ادغام روایت کرنیوالوں کی تمام کتابوں میں بصریؒ کے لیئے مذکور ہے۔ اور علامہ دانیؒ نے جامع البیان میں اس کو دونوں روایات میں نصاً اور تلاوۃً بیان کیا ہے مگر اب یہ طریقہ باتباع شاطبیؒ سوسیؒ کے لیئے پڑھا اور پڑھایا جاتا ہے۔ سخاویؒ کہتے ہیں "شاطبیؒ ادغام کبیر بطریق سوسیؒ پڑھتے تھے۔ اور اسی طرح انہوں نے پڑھا تھا شیخ ابو الفتحؒ کہتے ہیں۔ بصریؒ ادغام و ابدال کا طریقہ اسکو پڑھاتے تھے جو قراءات۔ لغت و عربیت کا ماہر ہوتا تھا" سوم اظہار مع تحقیق ہمزہ۔ یہ بصریؒ کا اصل مذہب جملہ طرق سے ثابت اور ان کے تمام تلامذہ کی روایت ہے مگر اب دوریؒ کے لیئے مروج و معمول ہے اور علامہ دانیؒ نے اپنے شیخ فارسیؒ سے دوریؒ کے لیئے یہی طریقہ پڑھا تھا۔ ایک چوتھا طریقہ ادغام مع تحقیق اور ہو سکتا تھا۔ چنانچہ ہذلیؒ نے اسکو بیان بھی کیا ہے مگر جمہور محققین اور جملہ ائمۂ فن کے نزدیک یہ ممنوع و ناجائز ہے کیونکہ اس سے ثقیل میں تخفیف اور ثقل میں عدم تخفیف لازم آتی ہے۔ جو عربیت میں صحیح نہیں۔ محققؒ کہتے ہیں یہ تلامذہ بصریؒ کی نصوص ائمۂ قراءات اور جمہور اہل ادا کی خلاف اور وہم ہے۔ علامہ دانیؒ کہتے ہیں "بصریؒ ادماج و ادغام کے ساتھ ہمزۂ ساکنہ نہیں پڑھتے تھے" محققؒ کہتے ہیں۔ دانیؒ کے اس قول سے ادغام میں قصر ثابت ہوتا ہے" ۱۲

Marfat.com

فصل اول ادغام مثلین

بصری مثلین میں سے ایک کلمہ میں صرف مَنَاسِکَکُمْ (بقر) اور مَاسَلَکَکُمْ (مدثر) میں کاف کا ادغام کرتے ہیں۔ اور کہیں نہیں[۱] اور دو کلمات میں اول مثلین کا باتباع اصول ہر جگہ ادغام کیا ہے۔ خواہ مدغم کسی حرکت سے متحرک ہو اور خواہ اس سے قبل متحرک ہو یا ساکن۔ چنانچہ۔

۱ باء موحدہ کا ستاون جگہ جیسے لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ۔ كِتَابٌ بِالْحَقِّ وغیرہ

۲ تاء ثناۃ فوقانیہ کا تیرہ[۱۳] جگہ جیسے الْمَوْتُ تَجْلِسُوْهُمَا۔ الشَّوْكَةُ تَكُوْنُ۔ وغیرہ

۳ ثاء مثلثہ کا صرف تین جگہ حَيْثُ تَقِفْتُمُوْهُمْ (بقر و نساء) ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ (مائدہ)

۴ حاء مہملہ کا فقط دو جگہ۔ اَلنِّكَاحَ حَتّٰى (بقر) لَا اَبْرَحُ حَتّٰى (کہف)

۵ راء مہملہ کا ۳۵ جگہ جیسے اَمَرَ رَبِّیْ۔ شَهْرُ رَمَضَانَ۔ اَبْرَارٌ رَبَّنَا۔ وغیرہ

۶ سین مہملہ کا صرف تین جگہ النَّاسَ سُكٰرٰى۔ لِلنَّاسِ سَوَاءً (حج) الشَّمْسَ سِرَاجًا (نوح)۔

۷ عین مہملہ کا اٹھارہ[۱۸] جگہ جیسے يَشْفَعُ عِنْدَهٗ۔ تَطَّلِعُ عَلٰى۔ لَا اُضِيْعُ عَمَلَ۔ وغیرہ۔

۸ غین معجمہ کا صرف ایک جگہ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ (آل عمران) اور یہی

---

[۱] اہل ادا کے اصطلاحی معنے مراد ہیں یعنی وہ ہر اس لفظ کو جس پر حرف ربط یا ہمزہ استفہام وغیرہ داخل ہو یا اس سے ضمیر متصل ہو ایک کلمہ کہتے ہیں اور اہل عربیت کے نزدیک وہ دو کلمات ہیں۔

[۲] یعنی جَبَاهُهُمْ۔ وُجُوْهُهُمْ۔ بِاَعْلَمِنَا۔ اَتُحَاجُّوْنَنَا اور بِشُرَكَآئِكُمْ وغیرہ میں بلا خلاف اظہار کرتے ہیں۔

[۳] حضرت محقق چودہ[۱۴] کہتے ہیں ممکن ہے سہو کاتب ہو کیونکہ قرآن میں صرف تیرہ ہیں۔ ۱۲

بوجہ مجزوم ہونے کے بخلاف ہے۔

۹ فا، منقوطہ کا تیئیس جگہ جیسے وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ بِالْمَعْرُوفِ فَاِذَا۔ وَقَذَفَ فِي وغیرہ

۱۰ قاف معجمہ کا پانچ جگہ۔ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ (انعام) فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ (ہود واعراف)

يُنْفِقُ قُرُبَاتٍ۔ (توبہ) اَلْغَرْقُ قَالَ۔ (یونس) طَرَآئِقَ قِدَدًا (جن)

۱۱ کاف مہملہ کا سینتیس جگہ جیسے رَبُّكَ كَثِيرًا۔ اِنَّكَ كُنْتَ۔ ذٰلِكَ كَتَبْنَا

وغیرہ ان میں سے وَاِنْ يَكُ كَاذِبًا میں بوجہ مجزوم ہونیکے بخلاف ہے ان ۳۷ کے علاوہ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ (لقمان) میں اجماع مثلین ہے مگر اسکو ہمارے تمام شیوخ بوجہ اخفاء نون ماقبل باظہار پڑھتے ہیں۔ علامہ دانیؒ کہتے ہیں۔ اسمیں اظہار ماخوذ ومعمول ہے۔ علامہ شاطبیؒ کہتے ہیں۔

وَقَدْ اَظْهَرُوا فِي الْكَافِ يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ ..... اِذِ النُّوْنُ تُخْفٰى قَبْلَهَا لِتَجَمُّلَا

۱۲ لام مہملہ کا دوسو بتیس جگہ جیسے كَاَنْ قِيلَ لَهُمْ۔ جَعَلَ لَكَ۔ اِذْ قَالَ لَهُ

وغیرہ ان میں سے يَخُلْ لَكُمْ میں بوجہ مجزوم ہونے کے ادغام بخلاف ہے۔ اور امام ابن مجاہدؒ اور اُن کے متبعین نے اٰلَ لُوْطٍ کو ادغام سے مستثنیٰ کیا ہے بعض اٰلَ کے قلیل الحروف ہونیکو اور بعض اسکے اندر تعلیل عین کو علت اظہار بیان کرتے ہیں۔ علامہ دانیؒ اسکی تردید میں کہتے ہیں "لَكَ كَيْدًا میں باتفاق ادغام ہے حالانکہ لَكَ اٰلَ سے اقل الحروف ہے" اور جامع البیان میں کہتے ہیں "یزیدیؒ کے

---

۱ محققؒ نے چھتیس بتائے ہیں غالباً مختلف فیہ کو شمار نہیں کیا۔

۲ اٰلَ لُوْطٍ قرآن میں چار جگہ آیا ہے حجری دو نمل ایک اور قمر ایک

۳ مخاۃ بصرہ کہتے ہیں کہ آل اصل میں اہل تھا قرب مخرج کی بناپر ہاء ہمزہ سے اور ہمزہ الف سے بدل گیا اور کوفی کہتے ہیں اول تھا انفتاح ماقبل کیوجہ سے واؤ الف سے بدل گیا۔

Marfat.com

طریقہ سے میں اسمیں اظہار نہیں جانتا" حاصل یہ ہے کہ بطرق تیسیر وشاطبیہ الی
لُوطٍ میں ادغام بلاخلاف[۱] ہے اور علامہ دانیؒ نے ادغام ہی پڑھا ہے۔ ۱۶۶

۱۳ میم کا ایکسو اکتالیس[۱۴۱] جگہ[۲] جیسے اَلرَّحِیْمِ مٰلِكِ - اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ -
نَعْلَمُ مَا - اَظْلَمُ مِمَّنْ وغیرہ -

۱۴ نون کا اُنہتر[۶۹] جگہ جیسے وَنَحْنُ نُسَبِّحُ - وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ - يَقُوْلُوْنَ
نُؤْمِنُ وغیرہ -

۱۵ - واؤ کا اٹھارہ جگہ جیسے هُوَ وَالَّذِيْنَ - اَلْعَفْوَ وَّاْمُرْ وغیرہ (تیرہ جگہ بعد
از ضمہ اور پانچ جگہ بعد از ساکن ۷) امام ابن مجاہدؒ اور اُن کے متبعین اور اکثر شیوخ بغداد
ضمہ کے بعد اظہار کہتے ہیں - کیونکہ بعد از ضمہ اگر واؤ کو ساکن کریں تو وہ مدہ بنجائیگا جبکا
ادغام نہیں ہوتا - علامہ دانیؒ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ اور نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى کے متفقہ ادغام
سے اسکی تردید کرتے ہوئے کہتے ہیں "اصولاً واو اور یاء مدہ میں کوئی فرق نہیں" نیز
فرماتے ہیں "یہ سکون عارضی ہے" یعنی عوارض کا اس فن میں اعتبار نہیں ہوتا - نتیجہ یہ
ہے کہ واؤ بعد از[۹۴] ضمہ میں ہمارے طرق سے صرف ادغام ماخوذ ہے

۱۶ ہا - کا پچانوے[۹۵] جگہ جیسے فِيْهِ هُدًى - جَاوَزَهُ هُوَ - لِعِبَادَتِهٖ هَلْ

---

[۱] طرق تیسیر کے علاوہ ابن سوار[۱] بزدانیؒ سے اور ابن شیطاؒ حمامیؒ سے اور یہ دونوں ابن علاثؒ ابن فرحؒ سے وہ دونوں
دوریؒ سے اور ابن جہشؒ سوسیؒ سے صرف ادغام روایت کرتے ہیں، اور شجاعؒ وغیرہ متعدد حضرات نبہریؒ سے ادغام
ہی نقل کیا ہے [۲] محققؒ ۱۳۹ کہتے ہیں - [۳] محققؒ نے نشر بتائے ہیں -

[۴] ابن عبدوسؒ وغیرہ دوریؒ سے اور ابن جریرؒ سوسیؒ سے اور دوریؒ سوسیؒ ابن رومیؒ - اور ابن جبیرؒ وغیرہ یزیدیؒ سے
ہو کے واؤ کا صرف ادغام روایت کرتے ہیں - شیخ ابو الفتحؒ اور ابو الحسنؒ نے فقط ادغام پڑھا ہے - ابن شنبوذؒ
اور اجل علماء مصر و مغرب کے نزدیک ادغام ہی مختار ہے -

Marfat.com

فَکُلُوْہُ ھَنِیْٓئًا وغیرہ۔ اور صلہ کو مانع ادغام نہیں مانتے بلکہ یزیدیؒ اِلٰھُہٗ ھَوَاہُ کا اور ابوزیدؒ اِنَّہٗ ھُوَ کا ادغام بصریؒ سے نصاً روایت کرتے ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "اہلِ ادا کا کل باب کے ادغام پر بلافرق اجماع ہے اور یہی صواب ہے"

۱۷ یاء تحتانیہ کا آٹھ جگہ جیسے نُوْدِیَ لِمُوْسٰی۔ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ۔ فَھُوَ یَوْمَئِذٍ وغیرہ۔

نتیجہ یہ ہے کہ ادغام مثلین ایک کلمہ میں دو جگہ اور دو کلمات میں سات سو اڑتالیس[۴۸] جگہ جملہ سات سو پچاس[۵۰] جگہ ہوتا ہے۔

مسئلہ۔ جن کلمات کے آخر سے یاء اضافت ساقط ہو جائے اُن کے ادغام میں کوئی خلاف نہیں۔ جیسے یٰقَوْمِ مَالِیْ۔ یٰقَوْمِ مَنْ۔ کیونکہ اصل کلمہ میں کوئی تغیر نہیں ہوا۔ جو ادغام پر موثر ہوتا۔

ہمارے ائمہ دانیؒ۔ شاطبیؒ اور صفراویؒ وغیرہ وَالّٰٓیْ یَئِسْنَ۔ (طلاق) کا اس باب میں ذکر کر کے اسکو ادغام سے مستثنیٰ کرتے ہیں اور کہتے ہیں "چونکہ پہلی یاء عارضی اور عارضی طور پر ساکنہ ہے لہٰذا ادغام نہیں ہو سکتا"۔ لیکن اس کلمہ کا ادغام کبیر سے کوئی[۵۱] علاقہ نہیں۔ بلکہ یہ ادغام صغیر کا مسئلہ ہے۔ البتہ طرق تیسیر

---

۱۵ کیونکہ صلہ اشباع حرکت کا نام ہے جو تقویت ھا کے لیے عارضی طور پر لایا جاتا ہے مستقل حرف نہیں ہوتا اسی وجہ سے قبل از ساکن حذف ہو جاتا ہے۔ برخلاف تنوین کے کہ وہ مستقل حرف ہے اور قبل از ساکن متحرک ہو جاتا ہے حذف نہیں ہوتا۔

۵۲ حضرت محققؒ سات سو پچاس کہتے ہیں۔

۵۳ حافظ ابوشامہؒ کہتے ہیں "اور صحیح یہ ہے کہ اس کلمہ کا اس باب سے نہ نفیاً کوئی علاقہ ہے اور نہ اثباتاً۔ کیونکہ یہ یاء ساکنہ ہے اور یہ باب متحرک کے ادغام سے مخصوص ہے۔ مناسب تھا کہ اسکا ذکر ادغام صغیر کے باب میں وَمَا اَوَّلُ الْمِثْلَیْنِ فِیْہِ مُسَکَّنٌ کے ماتحت کیا جاتا"۔

Marfat.com

وشاطبیہ پر اسکا اظہار کیا جائیگا گو دیگر طرق سے اسکا ادغام بھی صحیح اور مطابق قیاس ہے مگر ہمارے طرق سے نہیں ہے۔ ۱۶۵

فصل دوم ادغام متجانسین و متقاربین

جنس و قریب کے ادغام میں بعض موانع اور ہیں جو ہر حرف کے ساتھ بتلائے جائیں گے۔ پہلے طلباء یہ یاد رکھیں کہ سولہ حروف مدغم میں سے چار حرفوں با۔ حا۔ شین اور ضاد میں سے ہر ایک کا مدغم فیہ ایک ایک ہے جو خاص کلمات میں واقع ہوا ہے اور تین حرفوں جیم۔ ذال اور سین کے مدغم فیہ دو دو ہیں۔ ان میں سے ذال سین میں دو جگہ صاد میں ایک جگہ اور باقی دونوں ہر ایک میں ایک جگہ مدغم ہوتے ہیں اور ایک حرف ثاء اگرچہ پانچ حرفوں میں مدغم ہوتا ہے۔ مگر اسکے مواقع ادغام بھی زیادہ نہیں ہیں لہذا ان آٹھوں حرفوں کے ادغام کو جزئی کہہ سکتے ہیں۔ اور دو حرفوں تا اور دال کے مدغم فیہ دس دس ہیں اور مجموعی تعداد ادغام بھی کافی ہے۔ مگر مقدم الذکر چھ حرفوں میں اور مؤخر الذکر نو حرفوں میں پانچ جگہ سے کم مدغم ہوتا ہے۔ اسلئے ان دونوں کا ادغام بھی بعض میں جزئی اور بعض میں کلی ہے۔

۱؎ حافظ ابو شامہؒ کہتے ہیں "بقاعدۂ ادغام صغیر اسکا ادغام واجب ہے کیونکہ پہلی یا ساکن اور اس سے قبل مدہ ہے لہذا اجتماع ساکنین علی حدہ ہے" محقق کہتے ہیں دونوں وجوہ ظاہر ہیں اور میں نے امام ابو حیانؒ کے تلامذہ سے دونوں پڑھی ہیں علت اظہار یہ ہے کہ اس کلمہ میں کئی تعلیلیں ہو چکی ہیں۔ یعنی پہلے یاء متطرفہ کو تخفیفاً حذف کیا گیا۔ پھر بوجہ ثقل ہمزہ کو خلاف قیاس یاء ساکنہ سے بدلا گیا اب ادغام سے تیسری تعلیل نہیں کر سکتے۔ نیز سکونِ یا عارضی ہے اور ادغام میں عوارض کا اعتبار نہیں ہوتا۔ اور علت ادغام یہ ہے کہ مثلین میں سے پہلا ساکن ہے پس اعتداد عارض اولیٰ ہے اور یہ کہ الّٰئی بلا ہمزہ یاء ساکنہ لغت قریش ہے اس تقدیر پر پہلا سا ادغام واجب ہے" رحمتہ اللہ علیٰ قائلہ

Marfat.com

پانچ حروف۔ را۔ قاف۔ کاف۔ لام اور میم کا مدغم فیہ اگرچہ ایک ایک اور نون کے مدغم فیہ دو ہیں مگر انکا ادغام کثیر الوقوع اور تابع قاعدہ ہے اسلیے اسکو کلی کہہ سکتے ہیں۔ ہم ہر حرف کے وہ مواقع بتائیں گے جو پانچ جگہ سے زیادہ نہیں ہیں۔ کثیر الوقوع کو طلباء خود معلوم کریں۔

ایک کلمہ میں متقاربین میں سے صرف قاف کا کاف میں ادغام کرتے ہیں بشرطیکہ قاف کا ماقبل متحرک ہو اور کاف کے بعد میم جمع پائی جائے جیسے۔ خَلَقَكُمْ[۵۱]۔ يَرْزُقُكُمْ وغیرہ۔ اور اگر قاف کا ماقبل متحرک نہ ہو جیسے مِيثَاقَكُمْ۔ صَدِيقَكُمْ۔ بَوَّقِكُمْ۔ مَا خَلَقْنَاكُمْ وغیرہ۔ یا کاف کے بعد میم جمع نہ پائی جائے۔ جیسے نَرْزُقُكَ۔ خَلَقَكَ۔ وغیرہ تو ادغام نہیں کرتے۔ مگر اِنْ طَّلَّقْكُنَّ (تحریم) میں ثقل جمع اور نون تانیث کی وجہ سے بخلاف ادغام[۵۲] کیا ہے ادا میں ادغام مقدم اور دانی کے نزدیک مختار ہے اور دو کلمات میں ادغام کی تفصیل یہ ہے۔

(۱) با، موحد کا میم میں پانچ جگہ

۵۱ ماضی کے پانچ کلمات خَلَقَكُمْ ۱۲ رَزَقَكُمْ ۹ سَبَقَكُمْ ۲ صَدَقَكُمْ۔ اور وَاثَقَكُمْ۔ ایک ایک جگہ جملہ ۲۹۔ اور مضارع کے تین کلمات يَرْزُقُكُمْ۔ يَخْلُقُكُمْ اور فَنُغْرِيَنَّكُمْ۔ ایک ایک جگہ جملہ ۸ یعنی کل ۳۷ ہیں اور کلمہ مختلف فیہ کو شامل کر کے ۳۸ ہو جاتے ہیں۔

۵۲ علامہ دانیؒ کہتے ہیں میں نے دونوں طرح پڑھا ہے اور ادغام اختیار کرتا ہوں کیونکہ ایک کلمہ میں دو ثقل جمع ہیں لہذا واجب ہی کا ادغام سے تخفیف کیجائے۔ نیز عباسؒ بن الفضلؒ نے یہ ادغام ابو عمروؒ سے نصاً روایت کیا ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "روے زمین کے اہل اداء علی الاطلاق دونوں وجوہ پڑھتے ہیں" ابن فرحؒ نقاش صغیرؒ ابجلاؒ۔ اور عبد الواحدؒ ابن مجاہدؒ سے۔ بشارؒ دوریؒ سے۔ کازرینیؒ بواسطہ اور ابن جبشؒ سوسیؒ سے اور ایک گروہ شجاعؒ سے ادغام روایت کرتا ہے۔ یہی اکثر اہل عراق کا مسلک ہے۔ ابن مجاہدؒ کے دیگر اکثر تلامذہ دوریؒ سے اور عام اہل عراق سوسیؒ سے اظہار روایت کرتے ہیں۔ اور یہی مدینی کی روایت ہے۔ ۱۲

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے قول یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ کی باکار بوجہ مجاورت[1] ادغام دیگر میم میں پانچ جگہ (آل عمران وعنکبوت اور فتح میں ایک ایک اور مائدہ میں دو جگہ) ادغام کرتے ہیں اور کہیں نہیں۔ یعنی ضُرِبَ مَثَلٌ۔ سَنَکْتُبُ مَا قَالُوْا۔ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا میں اظہار ہے

دوم۔ تار مثلثہ فوقانیہ کا دس حرفوں میں، ۷ جگہ۔

[1] ثار مثلثہ میں جیسے بِالْبَیِّنٰتِ ثُمَّ[2] وغیرہ سترہ جگہ ان میں سے دو کلمات وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ ثُمَّ (القرہ) اور وَحُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ (جمعہ) میں بوجہ فتح بعد از مدہ اوغام مخالف[3] ہے۔ دانی نے دونوں طرح پڑھا ہے۔ اور دونوں وجوہ صحیح ہیں۔

[2] جیم معجمہ میں جیسے مِائَةَ جَلْدَةٍ۔ اَلصّٰلِحٰتُ جَنّٰتٍ وغیرہ۔ یہ بھی سترہ[17] جگہ ہے۔

[3] ذال معجمہ میں۔ جیسے وَالْاٰخِرَةُ ذٰلِكَ۔ فَاَلْمَلْقِيٰتِ ذِكْرًا وغیرہ گیارہ جگہ ان میں سے وَاٰتَ ذَا الْقُرْبٰى (اسرا اور روم) میں دونوں جگہ مجزوم ہونیکی بنا پر خلاف ہے۔ علامہ دانیؒ نے دونوں وجوہ پڑھی ہیں اور شاطبیؒ وغیرہ اکثر ائمہ نے دونوں وجوہ روایت کی ہیں۔ اور دونوں صحیح ہیں۔

[4] زا معجمہ میں تین جگہ بِالْاٰخِرَةِ زُيِّنَّا (نمل) فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا (صفت) اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا۔ (زمر)

---

[1] مقصد یہ کہ ان پانچوں جگہ اس سے قبل یا بعد فَيَغْفِرُ لِمَنْ یا یَرْحَمُ مَنْ کا ادغام واقع ہوا ہے اسی باعث سے

[2] محقق ۱۵ کہتے ہیں شاید دونوں مختلف فیہ کلمات کو شمار نہیں کیا۔ ۱۲ [3] ابن حبش دوری و سوسی دونوں سے قاسم دوری سے۔ ابن جبیر و ابن رومی یزیدی سے مدین وغیرہ اپنے شیوخ سے۔ شونیزی اور ابو ربیعہ شجاع سے ادغام روایت کرتے ہیں۔ امام ابن مجاہد کے اکثر تلامذہ اور اولاد یزیدی نے اظہار روایت کیا ہے۔ یہی ابن مجاہد کے نزدیک مختار ہے ۱۲ [4] ابن مجاہد و ابن المنادی وغیرہ شیوخ طرق بوجہ نقصان صرف اظہار کہتے ہیں ابن شنبوذ و داجونی وغیرہ اور ان کے متبعین تقارب اور قوۃ کسرہ کی بنا پر ادغام بتلاتے ہیں۔ ۱۲

Marfat.com

۵ سین مہملہ میں جیسے بِالسَّاعَةِ سَعِيرًا۔ الصّٰلِحٰتُ سُنْدُخِلُهُمْ
۱۴
وغیرہ چودہ جگہ۔

۶ شین معجمہ میں چار جگہ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ (حج) بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ (نور) اور جِئْتُ شَيْئًا (مریم) میں تاء خطاب اور کسرہ کی وجہ سے خلاف ہے۔ علامہ دانیؒ اور ابن الفحامؒ نے دونوں وجوہ پڑھی ہیں۔ شاطبیؒ وغیرہ ائمہ نے دونوں بیان کی ہیں اور دونوں صحیح ہیں۔

۷ صاد مہملہ میں تین جگہ۔ وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا (صفت) وَالْمَلَئِكَةُ صَفًّا (نباء) فَالْمُغِيرٰتِ صُبْحًا (عدیت)

۸ ضاد معجمہ میں ایک جگہ۔ وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا (عدیت)

۹ طاء مہملہ میں پانچ جگہ۔ بَيَّتَ طَّآئِفَةٌ[1] (نساء) بصریؒ کی ہر روایت کا اِسکے ادغام پر اجماع ہے۔ علامہ دانیؒ کہتے ہیں "بصریؒ نے اظہار پڑھتے ہوئے حروف متحرکہ میں سے اسکے سوا اور کسی حرف کا ادغام نہیں کیا یعنی اسکا ادغام دوریؒ وسوسیؒ دونوں کے لیئے ہے۔ الصّٰلِحٰتُ طُوْبٰى لَهُمْ (رعد) اَلْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ (نحل) اور وَلْتَاْتِ طَّآئِفَةٌ (نساء) میں مجزوم ہونیکی وجہ سے ادغام بخلاف ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "تجانس وکسرہ اور قوۃ طاء کی وجہ سے ادغام اقویٰ ہے۔ علامہ دانیؒ اور اکثر اہل ادا نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں دوریؒ نے یزیدیؒ سے نصًا ادغام روایت کیا ہے۔ شذائیؒ کہتے ہیں "پہلے ابن مجاہدؒ ادغام پڑھتے تھے۔ پھر اظہار اختیار کر لیا۔

---

[1] بعض کہتے ہیں کہ بَيَّتَتْ میں تا تانیث ساکن ہے اس تقدیر پر اسمیں وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ کی طرح ادغام صغیر واجب ہے

۱ ظاء معجمہ میں دو جگہ۔ اَلْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْ (نساء و نحل)

(۳) ثاء مثلثہ کا پانچ حرفوں میں تیرہ[۱۳] جگہ

۱ تاء فوقانیہ میں دو جگہ حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ (حجر) اَلْحَدِيْثُ تَعْجَبُوْنَ (نجم)

۲ ذال معجمہ میں ایک جگہ۔ وَاُحْرِثَتْ ذٰلِكَ (آل عمران)

۳ سین مہملہ میں چار جگہ۔ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ (نمل) مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ (طلاق) بِهٰذَا الْحَدِيْثِ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ (ن) مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا (معارج)

۴ شین معجمہ میں پانچ جگہ حَيْثُ شِئْتُمْ۔ حَيْثُ شِئْتُمَا (بقر ۲۔ اعراف ۲) ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ (مرسلت)

۵ ضاد معجمہ میں ایک جگہ (حَدِيْثٌ مُضْغَةٌ ضَيْفٌ (ذٰریٰت)

(۴) جیم معجمہ کا تاء و شین میں ایک ایک جگہ۔

ذِي الْمَعَارِجِ تَعْرُجُ (معارج) اَخْرَجَ شَطْئَهٗ (فتح میں بلا خلاف)

(۵) حاء مہملہ کا اللہ تعالیٰ کے قول فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ میں (طول کلمہ اور تکرار حاء کی وجہ سے) عین میں ادغام کرتے ہیں[۱]۔ اسکو بھی یزیدیؒ سے نصارؒ روایت کیا ہے اور سماع پر موقوف ہے اسی وجہ سے وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وغیرہ میں بلا خلاف اظہار ہے[۲]

---

[۱] جیم کا تا میں تا کا جیم میں ادغام یزیدیؒ نے بصریؒ سے نصارؒ روایت کیا ہے دہ نے انمیں بعد مخرج سے ۱۲۔

[۲] ابن حبشؒ سوسیؒ سے کاتبؒ ابن مجاہدؒ و ابو الزعراؒ کے ذریعہ سے اور ابن بشارؒ دوریؒ سے مدینؒ اپنے شیوخ کے ذریعہ سے یزیدیؒ ابن واقد عباسؒ بن فضلؒ سے وہ اور شجاعؒ بصریؒ سے جیم کا شین میں اظہار روایت کرتے ہیں اور باقی تمام اہل ادغام نے باجماع ادغام روایت کیا ہے۔ علامہ دانیؒ نے ادغام ہی پڑھا اور نقل کیا ہے۔ شذائیؒ کہتے ہیں میں نے ابن مجاہدؒ سے دونوں وجوہ پڑھی ہیں "محققؒ اور سبط الخیاطؒ وغیرہ کہتے ہیں" دونوں وجوہ صحیح ہیں"۔ غالباً اظہار کا سبب جیم میں جہر و شدت کی زیادتی ہے۔ مگر یہ دونوں متجانس ہیں اور شین میں تفشی زیادہ ہے اسلئے بطرق تیسیر و شاطبیہ ادغام بلا خلاف ہے اور یہی معمول ہے

[۳] جمہور اہل عراق نے دوریؒ سے اور متعدد اہل ادا نے سوسیؒ سے حا کا عین میں ہر جگہ اظہار روایت کیا ہے۔ باقی اہل ادا دوریؒ سے ابن فرحؒ اور ابن جریرؒ کے تمام طرق سوسیؒ سے اسکا ادغام روایت کرتے ہیں۔ علامہ دانیؒ نے اپنے تمام شیوخ سے ادغام ہی پڑھا اور اپنے شاگردوں کو پڑھایا پس طرق تیسیر و شاطبیہ پر ادغام بلا خلاف ہے۔

Marfat.com

(۶) دال مہملہ کا دس حرفوں میں ۴۳ جگہ ادغام کرتے ہیں۔ جو تار میں بوجہ تجانس بلا شرط مزید اور باقی حروف میں بایں شرط مدغم ہوتی ہے کہ بعد از ساکن مفتوحہ نہ ہو۔

۱ تار فوقانیہ میں پانچ جگہ فِي الْمَسٰجِدِ تِلْكَ (بقر) مِنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗ (مائدہ) كَادَ تَّزِيْغُ (توبہ) بَعْدَ تَّوْكِيْدِهَا (نحل) تَكَادُ تَّمَيَّزُ (ملک)

۲ ثار مثلثہ میں دو جگہ۔ يُرِيْدُ ثَّوَابَ الدُّنْيَا (نساء) لِمَنْ تَّرِيْدُ ثُمَّ (اسراء)

۳ جیم معجمہ میں بھی دو جگہ دَاوٗدَ جَالُوْتَ (بقر) دَارَ الْخُلْدِ جَزَآءً (فصلت)

۴ ذال معجمہ میں سولہ جگہ۔ جیسے مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ۔ وَالْقَلَآئِدَ ذٰلِكَ وغیرہ

۵ زاء معجمہ میں دو جگہ تُرِيْدُ زِيْنَةَ (کہف) يَكَادُ زَيْتُهَا (نور)

۶ سین مہملہ میں چار جگہ فِي الْاَصْفَادِ سَرَابِيْلُهُمْ۔ (ابراہیم) كَيْدُ سٰحِرٍ (طٰہٰ) عَدَدَ سِنِيْنَ (مؤمنون) يَكَادُ سَنَا (نور)

۷ شین معجمہ میں دو جگہ وَشَهِدَ شَاهِدٌ (یوسف و احقاف)

۸ صاد مہملہ میں چار جگہ نَفْقِدُ صُوَاعَ (یوسف) فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا (مریم) مِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ۔ (نور) فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ (قمر)

۹ ضاد معجمہ میں تین جگہ۔ مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ (یونس و فصلت) مِنْ بَعْدِ ضَعْفٍ (روم)

۱۰ ظاء معجمہ میں بھی تین جگہ۔ يُرِيْدُ ظُلْمًا (آل عمران و غافر) مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهٖ (مائدہ)

اور اگر دال بعد از ساکن مفتوحہ ہو تو تا کے سوا باقی حروف میں اظہار کرتے ہیں جیسے بَعْدَ ثُبُوْتِهَا۔ بَعْدَ ذٰلِكَ۔ بَعْدَ ضَرَّآءَ۔ دَاوٗدَ زَبُوْرًا۔ لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ۔ اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا۔ بَعْدَ ظُلْمِهٖ۔ وغیرہ

لہ محقق کہتے ہیں علامہ دانیؒ نے تیسیر میں كَيْدُ سٰحِرٍ سہواً چھوٹ گیا۔ مگر اب ہمارے پاس تیسیر کے جو قدیم و جدید نسخے ہیں ان سب میں یہ لفظ موجود ہے۔ ممکن ہے کہ محققؒ کے نسخہ میں نہ ہو۔ ۱۲

Marfat.com

(۷) ذال معجمہ کا دو حرفوں میں تین جگہ سین میں دو فَاتَّخَذَ اور وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ (ہر دو کہف) اور صاد میں ایک مَا تَّخَذَ صَاحِبَةً (جن)

(۸) راء مہملہ کا لام میں پچاسی[۱] جگہ بایں شرط ادغام کرتے ہیں کہ راء کا ماقبل متحرک ہو ورنہ راء مفتوح نہ ہو۔ جیسے يَغْفِرْ لِمَنْ۔ بِالْخَيْرِ تُقْضَى۔ سَنَشُدُّ لَكُمْ۔ بِالنَّهَارِ لَهُ فِي الْبَحْرِ لِيَبْتَغُوا۔ وغیرہ اور اگر را مفتوحہ بعد از ساکن ہو جیسے وَالْخَيْرَ لِتَرْكَبُوهَا۔ وَالْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا۔ وَالْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ۔ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ۔ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ تو خفت فتح کی وجہ سے ادغام ممنوع ہے۔

(۹) سین مہملہ کا دو حرفوں میں ایک ایک جگہ زا میں وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ (تکویر) اور شین میں وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا[۲] (مریم) میں بخلاف ادغام کیا ہے اور دونوں وجوہ صحیح ہیں ادغام اولیٰ ہے اور لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا میں بعد از ساکن فتح کی بنا پر بلا خلاف اظہار ہے۔

(۱۰) ثاء مثلثہ کا سین میں ایک جگہ إِلَى ذِي الْعَرْشِ سَبِيلًا (اسراء) ہمارے طرق پر

---

[۱] حضرت محققؒ نے ۸۴ بتلائے ہیں جستجو سے ۸۵ ملتے ہیں

[۲] ابن حبشؒ اپنے شیوخ سے بصریؒ کے لیے ابن شیطاؒ فاضلی بوالعلاؒ اور ابن بشارؒ دوریؒ کے لیے۔ ابن جبیر یزیدیؒ سے۔ ابولیثؒ شجاعؒ سے۔ ابن واقدؒ عباسؒ سے الرَّأْسُ شَيْبًا کا اظہار روایت کرتے ہیں۔ اور باقی تمام اہل ادغام نے ادغام روایت کیا ہے۔ علامہ دانیؒ نے ادغام پڑھا ہے اور کہتے ہیں "یزیدیؒ و شجاعؒ سے اکثر اہل ادا نے ادغام روایت کیا ہے۔ ابن مجاہدؒ کا معمول تخییر تھی۔ خواہ ادغام پڑھو خواہ اظہار۔" شذائیؒ کہتے ہیں "پہلے ابن مجاہدؒ اظہار پڑھتے تھے۔ پھر ادغام اختیار کر لیا۔" شاطبیؒ وغیرہ ائمہ نے علی الاطلاق دونوں وجوہ بیان کی ہیں اور دونوں صحیح ہیں۔

[۳] علامہ دانیؒ اور شاطبیؒ نے الْعَرْشِ سَبِيلًا میں صرف ادغام روایت کیا ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "عبداللہ اپنے والد یزیدیؒ سے ابن شیطاؒ اپنے تمام طرق سے۔ نہروانیؒ ابن فرحؒ کے طریقہ سے دوریؒ کے لیے اور ابوالحسن ثغریؒ دوریؒ و سوسیؒ دونوں سے صرف ادغام روایت کرتے ہیں۔ علامہ دانیؒ نے یزیدیؒ و شجاعؒ کے تمام طرق سے ادغام پڑھا ہے۔ باقی رواۃ ادغام اظہار بیان کرتے ہیں۔ شذائیؒ نے بصریؒ کے تمام طرق سے اظہار پڑھا ہے۔ ابن سوارؒ وغیرہ تفشی کی وجہ سے اظہار کو مختار کہتے ہیں۔ پھر محقق کہتے ہیں تفشی مانع ادغام نہیں کیونکہ سین میں صفارت ہی پس دونوں برابر ہو گئے۔ اور دونوں وجوہ صحیح ہیں۔" گو اظہار صحیح ہو مگر طرق تیسیر و شاطبیہ سے نہیں ہے۔ ۱۲

Marfat.com

بلا خلاف ادغام ہی ماخوذ ہے۔

(۱۱) ضاد معجمہ کا شین میں لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ (نور) کے اندر بلا خلاف ادغام ہے سوسیؒ نے یزیدیؒ سے اسکو نصاً روایت کیا ہے اور وَالْاَرْضَ شَيْئًا اور وَالْاَرْضَ شَقًّا میں بعد از ساکن مفتح کی وجہ سے صرف اظہار مروی ہے۔

(۱۲) قاف معجمہ کا کاف میں گیارہ جگہ بایں شرط کہ قاف کا ماقبل متحرک ہو۔ جیسے خَلَقْكُّلَّ۔ يُنْفِقْ كَيْفَ اَنْطَقْكُّلَّ۔ اور اگر قاف کا ماقبل ساکن ہو جیسے وَفَوْقَ كُلِّ تو ادغام ممنوع ہے۔

(۱۳) کاف مہملہ کا قاف میں ۳۲ جگہ اسی شرط سے کہ کاف کا ماقبل متحرک ہو جیسے لَكَ قُصُوْرًا۔ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ۔ يُعْجِبْكَ قَوْلُهٗ۔ كَذٰلِكَ قَالَ وغیرہ اور اگر کاف کا ماقبل ساکن ہو جیسے اِلَيْكَ قَالَ۔ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ۔ وَتَرْكُوْكَ قَآئِمًا تو ادغام ممنوع ہے۔

(۱۴) لام مہملہ کا راء میں چوراسی ۸۴ جگہ بایں شرط کہ لام کا ماقبل متحرک ہو ورنہ لام مفتوح نہ ہو جیسے جَعَلَ رَّبُّكَ۔ اَنْزَلَ رَّبُّكُمْ۔ كَمَثَلِ رِّيْحٍ وغیرہ اور اگر بعد از ساکن لام مفتوح ہو جیسے فَيَقُوْلَ رَبِّ۔ رَسُوْلَ رَبِّهِمْ تو ادغام ممنوع ہے۔ مگر قَالَ کے لیئے یہ قید نہیں اور وہ ۷۴ جگہ کثیر الدور ہونیکی وجہ سے بلا شرط مدغم ہوتا ہے جیسے قَالَ رَبِّ وَقَالَ رَجُلٌ وغیرہ۔

لہ ابن شنبوذؒ دوریؒ کیلئے اور ابن عمارؒ حمامیؒ کی سوا ابن فرحؒ کے تمام طرق سے ادغام روایت کرتے ہیں نیز شجاعؒ۔ آدمیؒ اور بکرانؒ نے اپنے شیوخ سے زہریؒ نے ابو ربیعہؒ سے اور شجاعؒ و عباسؒ سے ادغام روایت کیا ہے۔ باقی رواۃ ادغام اظہار کہتے ہیں علامہ دانیؒ کہتے ہیں۔ دو میں نے ادغام پڑھا ہے اور مجھے ثابت ہوا ہے کہ ابن مجاہدؒ اسکا ادغام اسکو پڑھاتے تھے جو ماہر ہوتا تھا۔ ہمارے طرق پڑھنے میں بھی ادغام بلا خلاف ہے۔ ۱۲

Marfat.com

(۱۵) نون معجمہ کا دو حرفوں۔ رآ میں پانچ جگہ اور لام میں ۳۰ جگہ (کل ۷۸) بایں شرط ادغام کرتے ہیں کہ نون کا ماقبل متحرک ہو چنانچہ رآ میں وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ (اعراف) وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ (ابراہیم) خَزَآئِنُ رَحْمَتِ (سراوص) خَسْـَٔاِنْ رَبِّكَ (طور) اور لام میں جیسے تَبَيَّنَ لَهُمْ۔ تَبَيَّنَ لَهُ۔ يَاْذَنَ لِيْ۔ اٰمَنَ لِمُوْسٰى۔ اَذِنَ لَكُمْ وغیرہ اور اگر نون کا ماقبل ساکن ہو۔ خواہ نون کسی حرکت سے متحرک ہو جیسے بِاِذْنِ رَبِّهِمْ۔ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ۔ مُسْلِمِيْنَ لَكَ وغیرہ تو ادغام ممنوع ہے مگر یٰسٓ کے لیے یہ شرط نہیں وہ لام میں دس جگہ بلا شرط مدغم ہوتا ہے ابن جبیرؒ کے سوا یزیدیؒ کے تمام تلامذہ اسکو نصاریٰ روایت کرتے ہیں۔

(۱۶) میم مہملہ کا بارہ موضع میں اناسی جگہ توالی حرکات کی وجہ سے بایں شرط اخفاء مع غنہ کرتے ہیں کہ میم کا ماقبل متحرک ہو جیسے اٰدَمُ بِالْحَقِّ۔ اَعْلَمُ بِمَا فَاحْكُمْ بَيْنَكُمْ۔ كُلِّمْ بِهٖ اَعْلَمُ بِالشّٰكِرِيْنَ۔ مَرْيَمَ بُهْتَانًا وغیرہ اور اگر میم کا ماقبل ساکن ہو جیسے اِبْنُ هُمْ بِنِيْهِ۔ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ۔ اَلْيَوْمَ بِجَالُوْتَ۔ تو یہ سکون و اخفا ممنوع ہیں۔ اس اخفاء میم کو شامل کر کے متقاربین کی ادغام کی کل تعداد پانسو پچپن ہو جاتی ہے۔

طلباء یہ یاد رکھیں کہ اس اخفاء میم کا باب ادغام میں مجازاً ذکر ہوتا ہے کیونکہ اسمیں

سلہ نشر میں ۶۳ درج ہیں جو یقیناً کتابت کی غلطی اور ناقلین کا تصرف ہے جنہوں نے ثلثہ وسبعون کی جگہ ثلثہ وستون لکھدیا۔ ۱۲

سلہ نَحْنُ کہ بقرہ ۲ آل عمران ۱۔ مُؤْمِنُوْنَ ۱۔ عنکبوت ۱۔ نَحْنُ لَكَ۔ اعراف۔ ہود۔ نَحْنُ نَقُصُّ۔ یونس متاخرین میں سے بعض حضرات لزوم ضمہ کو اور بعض تکرار نون کو اور بعض کثیر الدور ہونے کو ادغام کا سبب بتلاتے ہیں۔ ۱۲

سلہ محقق رم ۸ کہتے ہیں ۱۲ سلہ محقق نور بن شیطا ۵۴۶ بتاتے ہیں غالباً آٹھ اختلافی کلمات اور بَيَّتَ طَّآئِفَةٌ کو شامل نہیں کیا اور اگر یہ داخل شمار ہیں تو یہ تعداد صحیح نہیں اور نہ اُس مجموعی میزان سے ملتی ہے جو محققؒ وغیرہ نے بیان کی ہے۔

Marfat.com

ادغام کی تعریف صادق نہیں آتی اور نہ اہلِ ادا میں سے کوئی اسکے ادغام کا قائل ہے۔ بلکہ یہ ادغام کے سوا ایک اور مستقل مسئلہ ہے جو باب الادغام کے آخر میں تبعاً بیان کیا جاتا ہے اور اس میم کا اسطرح اظہار جائز نہیں کہ جس طرح میم اصلیہ ساکنہ میں بعض اہل ادا کرتے ہیں۔

علامہ دانیؒ تیسیر و جامع البیان وغیرہ میں کہتے ہیں "ادغام کبیر بمذہب ابن مجاہدؒ۔ بارہ سو تہتر اور ہماری قراۃ پر تیرہ سو پانچ ہیں بتیس کلمات میں اختلاف ہے" محققؒ کہتے ہیں "اسمیں نظر ہے کیونکہ ابن مجاہدؒ نے صرف اٹھائیس کلمات میں اختلاف کیا ہے مثلین میں سے بیس حرف میں (یَبْتَغِ غَيْرَ - يَحْلُلْ لَكُمْ وَإِنْ يَّكُ كَاذِبًا - اَلَمْ لُوطٍ چار هُوَ مضموم الہا تیرہ) اور متقاربین میں سے آٹھ کلمات میں (طَلَّقْتُمُوهُنَّ الزَّكٰوةَ ثُمَّ - التَّوْرٰىةَ ثُمَّ وَاتِ ذَا الْقُرْبٰى دو جگہ جِئْتِ شَيْئًا - وَلْتَأْتِ طَّآئِفَةٌ - اور الرَّأْسُ شَيْبًا) پس انکے نزدیک ادغام بارہ سو ستر ہیں" پھر کہتے ہیں "بسم اللہ نہ پڑھنے کی حالت میں بر تقدیر وصل بشمول آخر قدر تیرہ سو چار اور سکتہ پر ایک کم اور بسم اللہ کے ساتھ آخر رعد و ابراہیم کو شامل کر کے ایک زیادہ ہے" لیکن حق وہ ہے جو علامہ دانیؒ نے بیان کیا۔ اٹھائیس کلمات مندرجہ بالا کے علاوہ چار اور کلمات (زُخْزِحَ عَنْ - لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ - اَخْرَجَ شَطْأَهُ - اَلْعَرْشِ سَبِيْلًا) میں بھی ابن مجاہدؒ وغیرہ نے اختلاف کیا ہے اگرچہ انمیں اظہار کی وجہ آل اور هُوَ کے مانند طرق تیسر سے نہیں پس انکو ملا کر مختلف فیہ بتیس ہو جاتے ہیں۔ اور بسم اللہ کے بغیر آخر قدر کو شامل کر کے وصلاً ادغام تیرہ سو پانچ ہیں (از مثلین ایک کلمہ میں دو اور دو کلمات میں سات سو اڑتالیس، کل سات سو پچاس اور از متقاربین ایک کلمہ میں اڑتیس اور دو کلمات میں پانسو ستر کل پانسو پچپن) سکتہ پر ایک کم اور جو حضرات بصریؒ کے لیئے بسم اللہ پڑھتے ہیں انکے واسطے

Marfat.com

ایک زیادہ ہے کیونکہ بسم اللہ پر آخر قدر کا ادغام خارج ہو جائیگا۔ 190

تنبیہ۔ بَیَّتَ طَّائِفَةٌ میں دوری حمزہ[1] اور وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا۔ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا۔ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا۔ (ہر سہ صفت) وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا چاروں کے ادغام میں حمزہ۔ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا (مرسلت) اور فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا (عدیت) میں خلاف بخلاف شریک ہیں۔ شیخ ابوالفتح خلاد کے لیئے دونوں جگہ ادغام روایت کرتے ہیں۔ علامہ دانی نے آپ سے ادغام ہی پڑھا ہے یہی ابن مہران کی روایت ہے۔ باقی حضرات اظہار روایت کرتے ہیں شاطبی نے دونوں وجہ بیان کی ہیں اور دونوں صحیح ہیں۔

مسئلہ۔ دو کلمات میں وصلاً ادغام ہوتا ہے۔ اگر پہلے کلمہ پر وقف کر دیا جائے تو ادغام ساقط ہو جائے گا۔

مسئلہ۔ سکونِ ادغام سکونِ وقف کیطرح عارضی ہے۔ لہذا مانع امالہ نہیں جیسے اَلْاَبْرَارَ لَفِيْ۔ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ وغیرہ میں۔ مزید توضیح باب الامالہ میں آئیگی۔

مسئلہ۔ جن کلمات میں حرف مدغم سے قبل مدہ یا لین پایا جائے جیسے الرَّحِيْمِ مٰلِكِ قَالَ لَهُمْ۔ يَقُوْلُ رَّبَّنَا۔ قَوْمُ مُوْسٰى۔ كَيْفَ فَعَلَ تو سکون وقف کی طرح طول توسط۔ اور قصر جائز ہیں (اشباع یعنی طول افضل ہے)

مسئلہ۔ ادغام میں حسب اقتضاء حرکت۔ مدغم کی حرکت کا روم و اشمام سے اشارہ جائز ہے یزیدی اور شجاع کہتے ہیں۔ بصری جب کسی مرفوع یا مجرور حرف کا مثل یا مقارب میں ادغام کرتے تھے خواہ اُس سے قبل متحرک ہو یا ساکن تو اسکی حرکت کی جانب اشارہ کرتے تھے"

---

[1] حمزہ اور طلحہ کے لیئے ان ساتوں کلمات میں "تا بسکون لازم ساکنہ ہی اسلیئے پہلے کلمہ کے سوا سب جگہ اُن کے لیئے مد لازم ہے اور توسط و قصر جائز نہیں اور نہ روم درست ہے۔

Marfat.com

ابن مجاہدؒ اسکو روم قرار دیتے ہیں اور ابن شنبوذؒ اشمام۔ علامہ دانی کہتے ہیں "ہمارے نزدیک روم واشمام دونوں سے اشارہ ہوسکتا ہے اور روم بیان حرکت کے لیئے زیادہ موزوں ہے کیونکہ اسکا اثر سمع پر ہوتا ہے مگر روم کیساتھ ادغام صحیح اور تشدید تام ممکن ہے۔ اور اشمام کیساتھ ادغام محض صحیح ہے کیونکہ وہ بلا صوت عضو کا عمل ہے جس کا سامعہ سے کوئی تعلق نہیں۔ لیکن مخفوض میں اشمام ممکن نہیں کیونکہ عضو اشمام خفض سے بُعدِ تام رکھتا ہے" محقق کہتے ہیں "دانیؒ کی تصریح حق وصواب ہے اور اسکی تائید قرار سبعہ کی قراءۃ متواترہ لَا تَأْمَنَّا (یوسف) سے بھی ہوتی ہے اور بیشک روم کے ساتھ ادغام صحیح ناممکن ہے کیونکہ وہ بعض حصۂ حرکت کا نطق ہے۔ لہذا وہ ادغام واظہار کے سوا ایک اور مذہب ہے اور اشمام کیساتھ ادغام ممکن ہے۔ علامہ دانیؒ وغیرہ ائمہ نے باء کے ادغام کو جو باء اور میم میں ہوتا ہے اور میم کے ادغام واخفا کو جو میم اور باء میں کیا جاتا ہے شفوی ہونیکی بنا پر اشارہ سے مستثنیٰ رکھا ہے۔

مسئلہ بصریؒ کے لیئے باجماع ناقلین قاف کا کاف میں ادغام کامل ہوتا ہے اور اسمیں اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ کیطرح القاء صفت استعلا کا کوئی قائل نہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "نص وادا سے یہی ثابت ہے ہمنے اسی طرح پڑھا اور پڑھاتے ہیں اور کسی کو نہیں جانتے جس نے اسکی مخالفت کی ہو"

فائدہ۔ اگر مدغم سے قبل کوئی حرف صحیح ساکن ہو جیسے شَهْرُ رَمَضَانَ

ف۱ حافظ ابو شامہؒ وغیرہ کہتے ہیں "اشمام کیساتھ اشارہ متعذر ہے کیونکہ یہ دونوں حرف انطباق شفتین سے نکلتے ہیں اور اشمام مصطلح میں انطباق باقی نہیں رہتا مگر روم متعذر نہیں" ملا علیؒ کہتے ہیں "اگر شاطبیؒ یوں کہتے۔ وَالنِّيمِ بِغَيْرِ النِّيمِ وَالْبَا كَلَيْهِمَا + مَعَ النِّيمِ أَوْ بَاءٍ وَرُمْ مُتَمَيِّلَا۔ تو بہتر تھا یہی حق وصواب ہے۔

الرُّعْبَ بِمَا الْعِلْمِ مَا زَادَتْهُ هٰذِهٖ - الْعَفْوَ وَاُمِرْ - فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ - مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهٖ - مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ فِی الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا توشاطبیؒ وغیرہ اکثر متاخرین نے ادغام کے بجائے اخفا[1] کہا ہے اور صحیح ساکن کے بعد ادغام دشوار بتایا ہے کیونکہ ادغام محض سے اجتماع ساکنین علی غیر حدہٖ ہو جاتا ہے اور تمام متقدمین ادغام کہتے ہیں۔ یہی دانیؒ کا مسلک ہے۔ محققؒ دونوں مذاہب کی تصحیح کرتے ہوئے کہتے ہیں "ادغام صحیح پر ائمہ متقدمین کی نصوص اور جمہور اہل ادا کے اشارات جمع ہیں" سیّد کہتے ہیں "ہم نے ادغام محض پڑھا ہے اور یہی حق ہے جسمیں کوئی شبہ نہیں اور یہی ہمارے مغربی اور مشرقی شیوخ کا عمل ہے" تحقیق یہ ہے کہ اگر اس اخفاء سے وہ اشارہ مراد ہے جو اوپر بیان ہوا تو وہ ایک حقیقت مسلمہ اور درست ہے۔ مگر اسمیں ماقبل کے ساکن ہونیکی کوئی شرط نہیں اور جہاں وہ اشارہ جائز ہے وہاں ادغام محض بھی صحیح ہے اور اگر اس سے یہ مقصد ہے کہ حرف صحیح ساکن کے بعد ادغام محض جائز نہیں تو یہ باطل ہے۔

حضرت شاطبیؒ کی عادت ہے کہ وہ قرار کا مسلک بتانے کے بعد بعض نحاۃ کا مذہب بیان کیا کرتے ہیں۔ یہاں یہی کیفیت ہے۔ مگر تعجب ہے کہ محققؒ نے اس مسئلہ پر اپنے رنگ میں کچھ نہیں لکھا + یہ واقعہ ہے کہ اہل ادا کے نزدیک نہ صرف وقف وادغام میں بلکہ وصل میں بھی اجتماع ساکنین جائز ہے جسکو انہوں نے بذریعہ ثقات افصح العرب والعجم نبی معصوم صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتراً اخذ کیا ہے۔ چنانچہ رِبِّیُّمَا۔ اور فَمَا اسْطَاعُوْا وغیرہ میں اور جو امر وصلاً جائز ہو وہ ادغام میں بدرجۂ اولیٰ جائز ہے کیونکہ سکونِ ادغام سکونِ وقف کے مانند عارضی ہے اسکے علاوہ اہل ادا اصول نحاۃ کے پابند نہیں نقل صحیح کے تابع

[1] یہاں اخفاء سے اختلاس حرکت مراد ہے جو ادغام اور حرکت کے مابین ایک حالت ہوتی ہے ۱۲

Marfat.com

ہیں۔ چنانچہ اوپر بیان ہوا۔

علامہ ابن حاجبؒ قراء اور نحاۃ کے مذاہب کا تعارض نقل کرکے کہتے ہیں "نحاۃ کا قول اجماع کے بعد حجت ہوسکتا ہی۔ مگر چونکہ قراء کی ایک جماعت اکابر نحاۃ میں سی ہے لہذا انکی مخالفت کی حالت میں نحاۃ کا اجماع حجت نہیں اور اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ قراء میں سے کوئی نحوی نہیں تب بھی یہ مسلمہ ہی کہ نقل لغت میں وہ شریک ہیں۔ اب بھی اُن کے بغیر اجماع حجت نہیں۔ اور جب یہ ثابت ہوگیا تو قراء کے قول پر اعتماد اولیٰ ہے کیونکہ وہ اُس ذات سے نقل کرتے ہیں جو غلطی سے معصوم ہے اور نیز اس لیئے کہ قراءۃ تواتراً منقول ہے اور نحوی جو کچھ نقل کرتے ہیں وہ احاد سی لیا گیا ہے اور اگر کوئی قراءۃ متواترہ نہ بھی ہو تب بھی قراء کیطرف رجوع اولیٰ ہے کیونکہ وہ عادل تر اور اکثر ہیں" جزاہ اللہ خیراً۔

امام فخرالدین رازیؒ کہتے ہیں "مجھے نحاۃ کی عقل پر تعجب ہوتا ہے کہ جب انمیں سے کسیکو کسی شاعر کا شعر ملتا ہے خواہ اسکا قائل مجہول ہو تو اسکو صحت قراءۃ کی دلیل قرار دیتا ہے اور خوش ہوتا ہے۔ لازم یہ تھا کہ قراءۃ کو اسکی صحت کی دلیل ٹھیراتا" ملا علیؒ کہتے ہیں "ادغام میں وقف کیطرح بوجہ عارض ہونیکے اجتماع ساکنین جائز ہے اور قراۃ متواترہ پر طعن کرنیوالیکا کوئی اعتبار نہیں بلکہ اس سے وہ خود مطعون اولاً از جملہ کفرہ وفجرہ ہوجاتا ہے" ماحصل یہ ہے کہ بعد از ساکن صحیح ادغام محض صحیح وثابت جملہ متقدمین کا مذہب اور ہمارے تمام شیوخ کا معمول ہی۔

تکمیل۔ اس باب کے متعلق چار کلمات اور ہیں جنمیں متحرک کا ادغام کیا گیا ہے، اور بصری کیساتھ مخصوص نہیں ہے۔

اول۔ لَا تَأْمَنَّا (یوسف) اسکے ادغام پر اجماع ہے۔ مگر ائمہ سبعہ میں سے کسی کا

Marfat.com

مذہب ادغام محض نہیں ہے۔ بلکہ سب ادغام کے ساتھ روم یا اشمام کرتے ہیں۔ دانیؒ اور شاطبیؒ نے روم کو ترجیح دی ہے چنانچہ دانیؒ کہتے ہیں "اکثر علماء قراءۃ ونحاۃ روم کی جانب گئے ہیں۔ میں بھی اسی کو مختار سمجھتا ہوں۔ یہی یزیدیؒ۔ ابو حاتمؒ۔ ابن مجاہدؒ۔ تاب عبدالواحدؒ۔ ابوبکر بن اشتہؒ وغیرہ اجل علماء کی رائے ہے۔ اور یہی بطریق ورشؒ نافعؒ سے منصوص ہے" ان کے سوا اکثر مصنفین اشمام کہتے ہیں۔ دانیؒ نے اشمام بیان نہیں کیا۔ شاطبیؒ نے بعض کا مذہب بتایا ہے۔ محققؒ کے نزدیک اشمام مختار ہے۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں "میں اسی کو مختار جانتا ہوں کیونکہ اشمام حقیقت اِدغام سے زیادہ قریب۔ رسم کے موافق اور اصبہانیؒ سے منصوص ہے" دونوں وجوہ صحیح ہیں۔ عام حفاظ اس کلمہ میں ادغام محض پڑھتے ہیں۔ وہ ابو جعفرؒ کی قراءۃ ہے۔

دوم۔ مَا مَكَّنِّيْ (کہف) اسمیں غیر ابن کثیرؒ ادغام کرتے ہیں۔

سوم۔ أَتُمِدُّوْنَنِيْ (نمل) اسمیں صرف حمزہؒ ادغام کرتے ہیں۔

چہارم۔ أَتَعِدَانِنِيْ (احقاف) میں فقط ہشامؒ ادغام کرتے ہیں۔

وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

Marfat.com

باب پنجم ادغام صغیر

ادغام صغیر جائز مختلف فیہ تین سو سولہ ۳۱۶ جگہ واقع ہوا ہے۔ حضرات شیوخ اسکو دو فصلوں میں بیان کرتے ہیں اسی طرح ہم درج کرتے ہیں۔

فصل اوّل تاء تانیث متصل بفعل دال قد ذال اذ اور لام بل وہل کے ادغام میں (جو ۲۴ جگہ ہی)

قالونؒ۔ مکیؒ اور عاصمؒ نے ان کا ادغام کہیں نہیں کیا۔ باقی حضرات میں سے بعض چند جگہ اور بعض اکثر جگہ ادغام کرتے ہیں۔ ہم چاروں کے مدغم فیہ اور قلیل الوقوع مواقع ادغام بالاستیعاب اور کثیر الدور کی مثالیں جدا جدا درج کرکے ادغام کرنیوالے حضرات کا مذہب بتاتے ہیں۔ باقی ائمہ وروات کے لیئے اظہار تصور کرنا چاہیئے۔

اول۔ تاء تانیث متصل بفعل چھ حرفوں۔ ثا۔ جیم۔ زا۔ سین۔ صاد۔ اور ظاء میں چھبیس ۲۶ جگہ مدغم ہوتی ہے۔

۱ ثاء مثلثہ میں چھ جگہ۔ رَحُبَتْ ثُمَّ (توبہ) بَعِدَتْ ثَمُوْدُ (ہود) کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ (شعراء۔ قمر۔ حاقہ۔ شمس۔)

۲ جیم معجمہ میں صرف دو جگہ نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ (نساء) وَحَبَتْ جُنُوْبُهَا (حج)

۳۔ زاء معجمہ میں فقط ایک جگہ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا۔ (اسراء)

۴ سین مہملہ میں بارہ جگہ جیسے اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ۔ اَنْبَتَتْ سَبْعَ۔ اَقَلَّتْ سَحَابًا۔ مَضَتْ سُنَّتُ۔

سلہ چاروں کے مجموعی مدغم فیہ۔ تا۔ ثا۔ جیم۔ دال۔ ذال۔ زا۔ سین۔ شین۔ صاد۔ ضاد۔ طا۔ ظا۔ اور نون تیرہ ہیں مگر کوئی آٹھ سے زیادہ اور چھ سے کم میں مدغم نہیں ہوتا۔

۵ صاد مہملہ میں دو جگہ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ (نساء) اَلْهُدٰى مَتْ صَّوَامِعُ (حج)

۶ ظاء معجمہ میں تین جگہ حُتِّيَ مَتْ ظُهُوْرُهَا۔ حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَا (بقرہ وانعام) كَانَتْ ظٰلِمَةً (انبیاء) بصریؒ و حمزہؒ و کسائیؒ سب جگہ شامیؒ تا۔ صاد اور ظاء میں اورورشؒ (بطریق ازرقؒ) صرف ظاء میں ادغام کرتے ہیں مگر ہشامؒ نے صاد کے اندر سورۃ نساء میں ادغام اور سورۃ حج میں اظہار کیا ہے باجماع طرق یہی مروی ہے۔

شاطبیؒ نے وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا (حج) میں ابن ذکوانؒ کے لیئے ادغام بخلاف بیان کیا ہے جو تیسیر طرق تیسیر کے خلاف ہے پڑھا نہیں جاتا۔ محققؒ کہتے ہیں اسمیں ابن ذکوانؒ کے لیئے ادغام کی وجہ بیان کرنے میں شاطبیؒ متفرد ہیں طرق شاطبیہ پر صرف اظہار پڑھا جائیگا۔"

دوم دال قد آٹھ حرفوں۔ جیم۔ ذال۔ زا۔ سین شین۔ صاد۔ ضاد۔ اور ظا میں اٹھانوے ۹۸ جگہ مدغم ہوتی ہے۔

۱ جیم معجمہ میں چھپن ۵۶ جگہ جیسے وَلَقَدْ جَآءَ۔ قَدْ جَمَعُوْا۔ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا۔ فَقَدْ جَعَلْنَا وغیرہ۔

۲۔ ذال معجمہ میں صرف ایک جگہ۔ وَلَقَدْ ذَرَأْنَا (اعراف)

---

۱ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "ابن الاخرمؒ۔ ابن ابی داؤدؒ۔ ابن ابی حمزہؒ۔ نقاشؒ اور ابن شنبوذؒ اخفشؒ سے وہ ابن ذکوانؒ سے وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا میں صرف اظہار روایت کرتے ہیں اور یہی محمد بن یونسؒ کی ابن ذکوانؒ سے روایت ہے البتہ ابن مرشدؒ۔ ابو طاہرؒ۔ اور ابن عبد الرزاقؒ وغیرہ نے اخفشؒ سے ابن ذکوانؒ کے لیئے نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ میں اظہار اور وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا میں ادغام روایت کیا ہے اور شیخ ابو الفتحؒ نے اپنی قراءت از شیخ عبد الباقیؒ کی بنا پر ہشامؒ کے لیئے مجھ سے یہی روایت بیان کی ہے۔ محققؒ اسکو نقل کرکے کہتے ہیں "دانیؒ نے ابو الفتحؒ سے ہشامؒ کے لیئے ادغام نقل کیا ہے اور وہ بھی دیگر طرق سے لہذا اسکا ابن ذکوانؒ کے لیئے کیا فائدہ ہو سکتا ہے" اسکے بعد محقق کہتے ہیں "اور میں نے ابو الفتحؒ کی کتاب میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ انہوں نے ہشامؒ کے لیئے ادغام اور ابن ذکوانؒ کے لیئے اظہار لکھا ہے"

۷ زا معجمہ میں بھی ایک جگہ۔ وَلَقَدْ زَيَّنَّا (ملک)

۸ سین مہملہ میں گیارہ جگہ۔ جیسے لَقَدْ سَمِعَ۔ قَدْ سَلَفَ۔ فَقَدْ سَأَلُوا۔ قَدْ سَلَّمَهَا وغیرہ۔

۹ شین معجمہ میں ایک جگہ قَدْ شَغَفَهَا (یوسف)

۱۰ صاد مہملہ میں گیارہ جگہ جیسے وَلَقَدْ صَدَّقَكُمْ۔ قَدْ صَدَقْتَنَا۔ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ قَدْ صَدَّقَتْ وغیرہ۔

۱۱ ضاد معجمہ میں چودہ جگہ جیسے فَقَدْ ضَلَّ۔ قَدْ ضَلُّوا۔ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا وغیرہ۔

۱۲ ظاء معجمہ میں تین جگہ فَقَدْ ظَلَمَ۔ (بقر۔ طلاق) لَقَدْ ظَلَمَكَ (ص)

بصریؒ وہشامؒ وحمزہؒ وکسائیؒ سب جگہ ابن ذکوانؒ۔ ذال۔ ضاد۔ ظاء میں اور زا میں بخلاف اور ورشؒ ضاد اور ظا میں ادغام کرتے ہیں۔ مگر ہشامؒ نے ظاء کے اندر سورہ ص میں صرف اظہار پڑھا ہے۔ ہمارے طرق پر یہی روایت ہے اور یہی ماخوذ ومعمول اور صحیح ہے۔

۱۳ ذال اذ چھ حرفوں تا۔ جیم۔ دال۔ زا۔ سین اور صاد میں سینتالیس ۴۷ جگہ مدغم ہوتی ہے

۱۴ تاء فوقانیہ میں انیس ۱۹ جگہ جیسے اِذْ تَبَرَّأَ۔ اِذْ تَقُولُ۔ اِذْ تَصْعَدُونَ۔ اِذْ تَخْلُقُ۔ اِذْ تَأَذَّنَ۔ وغیرہ۔

۱۵ جیم معجمہ میں بھی انیس ۱۹ جگہ جیسے اِذْ جَعَلَ۔ اِذْ جِئْتَ۔ اِذْ جَاءَ۔ اِذْ جَاءُوا۔ اِذْ جَاءَتْهُمْ۔ وغیرہ۔

۱۶ دال مہملہ میں چار جگہ۔ اِذْ دَخَلُوا۔ (حجر۔ ص۔ ذریت) اِذْ دَخَلْتَ (کہف)

۱۷ زا معجمہ میں دو جگہ وَاِذْ زَيَّنَ (انفال) وَاِذْ زَاغَتْ (احزاب)

۱۸ سین مہملہ میں بھی دو جگہ۔ اِذْ سَمِعْتُمُوهُ (نور ۲ دو)

Marfat.com

۶ صاد مہملہ میں صرف ایک جگہ وَاِذْ صَرَفْنَا (احقاف)

بصریؒ وہشامؒ سب جگہ خلادؒ وکسائیؒ جیم کے سوا اور سب جگہ۔ خلفؒ تا و دال میں اور ابن ذکوانؒ صرف دال میں ادغام کرتے ہیں۔

چہارم لام ھَلْ[۱] تین حرفوں تا ثا اور نون میں پندرہ جگہ اور لام بَلْ سات حرفوں تا۔ زا۔ سین۔ ضاد۔ طا۔ ظا۔ اور نون میں اٹھارہ جگہ مدغم ہوتا ہے دونوں کے مدغم فیہ مجموعی طور پر آٹھ اور کل مواقع ادغام تینتیس[۳۳] ہیں۔

۱ تا میں لام ھَلْ نو جگہ جیسے ھَلْ تَنْقِمُوْنَ اور ھَلْ نَسْتَطِيْعُ وغیرہ اور لام بل چار جگہ بَلْ تَأْتِيْهِمْ (انبیاء) بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا (فتح) بَلْ تُكَذِّبُوْنَ (انفطار) بَلْ تُؤْثِرُوْنَ (اعلی) جملہ تیرہ ہیں۔

۲ ثا مثلثہ میں صرف ایک جگہ ھَلْ ثُوِّبَ (تطفیف)

۳ زا معجمہ میں دو جگہ بَلْ زُيِّنَ (رعد) بَلْ زَعَمْتُمْ (کہف)

۴ سین مہملہ میں بھی دو جگہ بَلْ سَوَّلَتْ (یوسف دو)

۵ ضاد معجمہ طا مہملہ اور ظا معجمہ میں ایک ایک جگہ بَلْ ضَلُّوْا (احقاف) بَلْ طَبَعَ (نساء) بَلْ ظَنَنْتُمْ (فتح)

۸ نون معجمہ میں لام ھل یا پانچ جگہ فَهَلْ نَجْعَلُ۔ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ (ہود و کہف) هَلْ نَحْنُ (شعراء) هَلْ نُجْزَىٰ اور هَلْ نَدُلُّكُمْ (ہود و سبا) اور لام بل سات جگہ

---

[۱] تیسیر و شاطبیہ سے بظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ ہل اور بل میں سے ہر ایک آٹھوں حروف میں مدغم ہوتا ہے لیکن واقعہ یہ نہیں۔ تا اور نون سے قبل دونوں تا سے قبل صرف ھل اور باقی پانچ حروف سے قبل صرف بل واقع ہوا ہے۔ حافظ ابو شامہؒ نے اسی مضمون کو مستدرک عمن طریقہ پر نظم کیا ہے۔ اَلَا بَلْ وَهَلْ تُرْوَىٰ كَوَىٰ هَلْ ثَوَىٰ وَبَلْ * سَرَىٰ ظَلَّ ضَرَّ زَانَ غَثَّ طَالَ وَابْتَلَا

Marfat.com

جیسے بَلْ نَتَّبِعُ۔ بَلْ نَظُنُّكُمْ۔ بَلْ نَحْنُ وغیرہ جملہ بارہ ہیں۔

کسائیؒ سب جگہ ہشامؒ ضاد و نون کے سوا سب جگہ۔ حمزہؒ تا ثا۔ اور سین میں نیز خلادؒ طا میں بخلاف[1] اور بصریؒ تا میں صرف دو جگہ هَلْ تَرَىٰ (ملک و حاقہ) میں ادغام کرتے ہیں مگر ہشامؒ نے اَمْ هَلْ تَسْتَوِي (رعد) کو ہمارے طرقِ پر بلا خلاف مستثنےٰ کرکے باظہار[2] پڑھا ہے یہی معمول بہا خوذ ہے۔

فصل دوم دیگر آٹھ قریب المخرج حروف کے ادغام میں (جو سو[3] کلمات میں ایک سو بارہ[112] جگہ ہوتا ہے)

اول۔ بار موصوں مجزوم کا فا میں پانچ جگہ اَوْ يُغْلِبْ فَسَوْفَ (نساء) وَإِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ (رعد) قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ (اسرا) فَاذْهَبْ فَإِنَّ (طٰہٰ) وَمَنْ لَمْ يَتُبْ فَأُولَٰئِكَ (حجرات) بصریؒ خلادؒ اور کسائیؒ ادغام کرتے ہیں مگر حجرات میں خلادؒ کو خلاف ہے۔ دونوں وجوہ صحیح ہیں حرمی۔ شامیؒ۔ عاصمؒ اور خلفؒ کا مذہب اظہار ہے

دوم بار يُعَذِّبْ کا میم مَنْ يَشَاءُ (بقر) میں قالونؒ۔ بصریؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ بلا خلاف اور مکیؒ بخلاف ادغام کرتے ہیں۔ مکیؒ کے لیئے ادغام کی وجہ اگرچہ طریقہ کے

---

[1] دانیؒ نے شیخ ابوالحسنؒ سے اظہار پڑھا ہے۔ یہی جمہور کا مذہب ہے۔ اور شیخ ابوالفتحؒ سے ادغام پڑھا اور اسی کو اختیار کر رکھا تھا۔ ابن مجاہدؒ اپنے شیوخ کے واسطہ سے سلیمؒ سے روایت کرتے ہیں کہ اگر کوئی شخص امام حمزہؒ سے بَلْ رَانَ میں اظہار پڑھتا تھا۔ تو اسکو جائز رکھتے تھے اور اگر کوئی ادغام پڑھتا تھا تو اسکو منع نہیں کرتے تھے" یہی دوری سلیمؒ سے عیسےٰؒ اور عجلیؒ امام حمزہؒ سے نقل کرتے ہیں۔ محقق اسکو نقل کرکے کہتے ہیں وہ اس سے ثابت ہے کہ حمزہؒ سے دونوں وجوہ صحیح ہیں مگر اظہار زیادہ مشہور ہے یہ خلاصہ یہ ہے کہ خلفؒ کے لیے صرف اظہار اور خلادؒ کے لیئے دونوں وجوہ معمول ہیں

[2] ہادی۔ ہدایہ تذکرہ۔ تبصرہ۔ تیسیر۔ شاطبیہ۔ کافی تلخیص۔ مستنیر۔ اور غایہ میں صرف اظہار درج ہے۔ لیکن جامع البیان تجرید اور کفایہ میں ادغام بیان کیا ہے۔

[3] حضرت محققؒ نے يَلْهَثْ ذَّٰلِكَ کو شامل کرکے سترہ بتائے ہیں لیکن اس باب میں حروف قریب المخرج کا ادغام جائز بیان کرنا مقصود ہے اور یہ کلمہ متجانسین سے تعلق رکھتا ہے اسی وجہ سے ہم نے اسکو ادغام

Marfat.com

خلاف ہے مگر مشہور و صحیح اور جمہور کا مذہب ہے۔ محقق کہتے ہیں "تیسیر میں دونوں وجوہ اسی لیئے بیان کی گئی ہیں کہ روایت اور مشہور جمع ہو جائیں اور یہ اُن مواقع میں سے ہے جہاں دانی طریقہ سے نکل گئے اور شاطبی نے باتباع تیسیر ادغام بیان کیا ہے دونوں وجوہ صحیح اور ماخوذ ہیں" ورش اظہار کرتے ہیں۔

سوم۔ نیز بَا کَاهِيم میں يٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا کے اندر (ہود میں) قنبل۔ بصری۔ عاصم اور کسائی۔ بلا خلاف اور قالون و بزی و خلاد تینوں بخلاف بَا کَاهِيم میں ادغام کرتے ہیں ان کے لیئے دونوں وجوہ صحیح و مشہور ہیں اور ہمارے طریقہ پر قنبل و عاصم کیلئے ادغام بلا خلاف معمول ہے۔ ورش شامی اور خلف اظہار کرتے ہیں۔

چہارم۔ ثَا مثلثہ کا تاء فوقانیہ میں چودہ جگہ لَبِثْتُ اور لَبِثْتُمْ کے اندر خواہ کسیطرح آئے۔ بصری۔ شامی۔ حمزہ اور کسائی ادغام کرتے ہیں اور باقی حضرات باظہار پڑھتے ہیں۔

---

۱ تذکرہ تبصرہ۔ کافی عنوان اور تلخیص العبارات میں مکی کے لیئے۔ ارشاد مستنیر۔ کامل غایۃ۔ حافظ ابو العلاء اور کفایہ سبط الخیاط میں قنبل کیلئے بجمیع طرق اور ہادی ایمن بزی کیلئے بجمیع طرق اور مستنیر مبہج میں بطریق ابی ربیعہ بزی کے لیئے اور ارشاد و کفایہ کبری قلانسی اور مبہج میں بطریق ابن مجاہد قنبل کے لیئے صرف ادغام بیان کیا ہے۔ یہی ابن الحباب اور ابن بنان کا طریقہ ہے مگر نقاش نے ابو ربیعہ و بزی سے اور سامری و ابن مجاہد نے قنبل سے اظہار روایت کیا ہے۔ دانی جامع البیان میں کہتے ہیں میں نے نقاش و ابو ربیعہ کے طریقہ سے بزی کیلئے اور ابن مجاہد کے طریقہ سے قنبل کے لیئے صرف اظہار پڑھا ہے۔ تیسیر و شاطبیہ میں یہ دونوں روایتیں انہیں طرق سے بیان ہوئی ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ادغام طریقہ کے خلاف ہے لیکن مشہور و ماخوذ ہے۔ ۱۲

۲ شامی و عاصم مرفوع پڑھتے ہیں۔ لہٰذا یہ قاعدہ میں داخل نہیں ہیں۔

۳ بصری و کسائی کے لیئے ادغام پر اجماع ہے۔ مکی کے لیئے ابو محمد مکی ابو عبداللہ قیروانی مہدوی۔ ابن شریح۔ ابن بلیمہ۔ صاحب عنوان اور جمہور مغربی شیوخ نے ادغام روایت کیا ہے اور نقاش اپنے تمام طرق سے بزی کے لیئے اظہار روایت کرتے ہیں۔ اکثر اہل ادا قنبل کے لیئے بطریق ابن مجاہد ادغام اور بطریق ابن شنبوذ اظہار روایت کرتے ہیں۔ محقق کہتے ہیں "ابن کثیر کے لیئے دونوں وجہ صحیح ہیں" نتیجہ یہ ہے کہ قنبل کے لیئے ہمارے طریقہ سے طرف ادغام اور بزی کے لیئے دونوں وجوہ ہیں عاصم کے لیئے یہی علیمی اور عمرو بن صباح نے اظہار روایت کیا ہے مگر ہمارے طرق پر صرف ادغام ہے۔ قالون کے لیئے جمہور ائمہ نے ادغام بیان کیا ہے۔ دانی نے ابو الحسن سے ادغام اور ابو الفتح سے اظہار پڑھا ہے۔ حافظ ابو العلاء اور سبط الخیاط وغیرہ نے ابو نشیط کے لیئے ادغام اور حلوانی کے لیئے اظہار بیان کیا ہے دونوں وجوہ صحیح ہیں۔ خلاد کے لیئے اکثر حضرات اظہار کہتے ہیں۔ دانی نے ابو الحسن سے اظہار اور ابو الفتح سے ادغام پڑھا ہے اور متعدد ائمہ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں۔ دونوں صحیح ہیں۔

Marfat.com

پنجم۔ ایضاً تا کا تا۔ میں اُوْرِثْتُمُوْهَا (اعراف وزخرف) کے اندر دونوں جگہ بصریؒ ہشامؒ حمزہؒ اور کسائیؒ ادغام کرتے ہیں اور باقی حضرات باظہار پڑھتے۔ آسمیں اور مقدم الذکر میں یہ فرق ہے کہ وہاں ابن ذکوانؒ کے لیئے ادغام اور یہاں اظہار ہے۔

ششم و ہفتم۔ دال مہملہ کا تاء مثلثہ میں وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ (آل عمران دو جگہ) اور ذال معجمہ میں كَهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ (مریم) بصریؒ۔ شامیؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ ادغام کرتے ہیں اور باقی حضرات باظہار پڑھتے ہیں

ہشتم۔ ذال معجمہ جب کہ اس سے قبل خا ہو (یعنی مادہ اخذ کا) تاء فوقانیہ میں اٹھارہ جگہ اَخَذْتُمْ (۱۶ جگہ) اَخَذْتُ (۲ جگہ) اِتَّخَذْتُمْ (متصل بضمیر اور غیر متصل ۷ جگہ) مدنی بصریؒ شامیؒ۔ ابوبکرؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ ادغام اور مکیؒ و حفصؒ اظہار کرتے ہیں۔

نہم و دہم۔ ایضاً ذال کا تا میں فَنَبَذْتُهَا (طٰہٰ) اِنِّيْ عُذْتُ (دخان) میں بصریؒ و حمزہؒ و کسائیؒ ادغام کرتے ہیں اور باقی حضرات باظہار پڑھتے ہیں۔ ہمارے طرق پر ہشامؒ کے لیئے بلا خلاف اظہار ہے۔

یازدہم۔ راء مہملہ مجزوم کا لام میں تین جگہ جیسے يَغْفِرْ لَكُمْ۔ وَاغْفِرْ لِيْ۔ يَنْشُرْ لَكُمْ يَيْسِرْ لِيْ و غیرہ سوسیؒ بلا خلاف اور دوریؒ بخلاف ادغام کرتے ہیں اور باقی حضرات کا مذہب اظہار ہے۔

دوازدہم۔ لام يَفْعَلْ مجزوم کا ذال میں چھ جگہ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ (بقر۔ آل عمران فرقان۔ منفقون۔ ایک ایک لسناء دو) ابوالحارثؒ ادغام اور باقی حضرات اظہار کرتے ہیں۔

سیزدہم۔ فاء معجمہ کا با میں يَخْسِفْ بِهِمُ (سباء) کے اندر کسائیؒ ادغام اور باقی قراء اظہار کرتے ہیں۔

چہاردہم سین کے نون ملفوظی کا میم میں طٰسٓمٓ (شعراء و قصص) کے اندر غیر حمزہؒ

Marfat.com

ادغام اور حمزہؒ اظہار کرتے ہیں

پانزدہم یٰسٓ کے نون ملفوظی کا واؤ میں یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ کے اندر ورشؒ شامیؒ ابوبکرؒ اکسائیؒ ادغام[1] اور باقی قراء اظہار کرتے ہیں۔

شانزدہم۔ نٓ کے نون ملفوظی کا واؤ میں نٓ وَالْقَلَمِ کے اندر شامیؒ ابوبکرؒ اور کسائی بلاخلاف اور ورشؒ بخلاف[1] ادغام اور باقی حضرات اظہار کرتے ہیں۔

فصل سوم نون ساکن و تنوین کے احکام

نون ساکن دیگر حروف کے مانند اسم و فعل و حرف میں سے ہر ایک کے درمیان و آخر میں آتا ہے اور نون تنوین صرف اسم منصرف غیر مضاف عاری از لام تعریف کے آخر میں فقط لفظاً ہوتا ہے اور چونکہ تلفظ میں دونوں نون برابر ہیں لہذا باعتبار مابعد انکے لیئے چار حکم مقرر ہیں۔ اظہار۔ ادغام قلب اور اخفاء۔ چاروں تجوید سے متعلق اور وجوبی ہیں اور سوائے ایک مسئلہ کے قرات سے تعلق نہیں رکھتے مگر حضرات شیوخ تتمیم فائدہ کے لیئے ادغام صغیر کیساتھ ان کا ذکر کیا کرتے ہیں لہذا ہم بھی اجمالاً ذکر کرتے ہیں۔

اول اظہار۔ اگر نون ساکن و تنوین کے بعد حروف حلق میں سے کوئی حرف[2] ہو تو بعد مخرج کیوجہ سے باجماع سبعہ اظہار ہوتا ہے۔

---

[1] نون ملفوظی کا واؤ میں ادغام دونوں جگہ ہشامؒ و کسائیؒ کے لیئے باجماع اور ابن ذکوانؒ اور ابوبکرؒ کے لیئے ہمارے طرق پر اور ورشؒ کے لیئے پہلے کلمہ میں صرف ادغام اور دوسرے کلمہ میں دونوں وجہ ہیں اور قنبلؒ و بصریؒ و حمزہؒ کے لیئے اجماعاً قالونؒ و بزیؒ و حفصؒ کے لیئے ہمارے طرق پر محض اظہار ہے۔

[2] جیسے یَنْـَٔوْنَ۔ مَنْ اٰمَنَ۔ کُلَّ اُمَّۃٍ۔ یَنْهَوْنَ۔ مَنْ هَاجَرَ۔ اَحَقٌّ هُوَ۔ اَنْعَمْتَ۔ مِنْ عِلْمٍ۔ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ۔ تَنْحِتُوْنَ مِنْ جِبَالٍ بُیُوْتًا۔ بِغُلٰمٍ حَلِیْمٍ۔ فَسَیُنْغِضُوْنَ۔ مِنْ غَیْرِکُمْ۔ قَالِیَۃٍ غَلَبَتْ وَالْمُخْنِقَۃُ۔ مِنْ خَلَاقٍ۔ وِزْرًا اُخْرٰی

Marfat.com

دوم ادغام اور اگر اُنکے بعد حروف یرملون میں سے کوئی حرف ہو تو تماثل اور قرب کی وجہ سے اجماعاً وجوباً بایں تفصیل ادغام ہوتا ہے۔ را۔ اور لام[1] میں ادغام کامل[2] بلا غنہ محقق کہتے ہیں "جمہور اہل ادا اور اجل ائمہ تجوید کا یہی مذہب ہے اور اس زمانہ میں روئے زمین کے علماء کا یہی معمول ہے" اور نون و میم[3] میں باجماع باغنہ[4] ہوتا ہے۔ اور واؤ و یا[5] میں خلف ادغام کامل بلا غنہ اور باقی حضرات ادغام ناقص مع غنہ کرتے ہیں اور یہی مسئلہ اس فن سے تعلق رکھتا ہے۔ لیکن اگر نون ساکن واؤ اور یا[6] کیساتھ ایک کلمہ میں ہو تو سب قراء اظہار کرتے ہیں تاکہ مضاعف سے التباس نہ ہو۔

سوم قلب اور اگر ان کے بعد باء موحدہ[7] ہو تو باجماع اُن کو میم سے بدل کر اخفا کرتے ہیں اور اس میم مبدلہ کا اظہار نقل کے خلاف اور لحن ہے۔ البتہ میم ساکن اصلی میں قبل از با اخفا کے ساتھ اظہار بھی منقول و ثابت اور صحیح ہے۔ مگر ہمارے شیوخ کا معمول اس میں بھی اخفا ہے۔

---

[1] جیسے مِنْ رَّبِّكُمْ۔ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ مِنْ لَّبَنٍ لَّمْ۔ ایک کلمہ میں اجتماع نہیں پایا جاتا۔

[2] جملہ مغربی قراء اور اکثر مشرقی اہل ادا کا یہی مسلک ہے۔ تیسیر و شاطبیہ۔ عنوان۔ کافی۔ ہادی۔ ہدایہ۔ تبصرہ۔ تلخیص العبارات تجرید اور تذکرہ وغیرہ میں ادغام کامل درج ہے۔ بعض اہل ادا نے ادغام ناقص باغنہ بھی بیان کیا ہے۔ جو اگرچہ صحیح و ثابت ہے مگر ماخوذ و معمول نہیں۔

[3] جیسے مِنْ مِّثْلِهٖ۔ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ۔ مِنْ نُّوْرٍ۔ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ۔

[4] میم و نون میں ادغام کرنے کی حالت میں تعیّن غنہ کے بارہ میں اختلاف ہے ابن مجاہدؒ اور ابو الحسنؒ بن کیسانؒ نحوی وغیرہ ایک جماعت کہتی ہے کہ یہ مدغم کا غنہ ہے۔ جمہور اہل ادا اور اکثر محققین مدغم فیہ کا غنہ بتلاتے ہیں۔ علامہ دانیؒ اور محققؒ کے نزدیک بھی یہی مختار ہے اور غالباً یہی صحیح ہے۔ نتیجہ اختلاف یہ ہے۔ ابن مجاہدؒ وغیرہ کے قول پر ادغام ناقص اور جمہور کے قول پر ادغام کامل ہوتا ہے۔

[5] جیسے مِنْ وَّكِدٍ۔ رَحْمَةٌ وَّاسِعَةٌ۔ مَنْ يَّقُوْلُ۔ عَظِيْمٌ يَّوْمَ۔

[6] قرآن میں اس قسم کے صرف چار کلمات آئے ہیں صِنْوَانٌ۔ قِنْوَانٌ۔ بُنْيَانٌ۔ اور دُنْيَا۔

[7] جیسے مِنْ بَعْدِ۔ اَنْبِئْهُمْ۔ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ۔

چہارم۔ اخفا اور اگر ان کے بعد بقیہ پندرہ حروف میں سے کوئی حرف[1] ہو تو تمام قراء اخفاء کرتے ہیں۔ اخفا اظہار و ادغام کے درمیان ایک حالت ہے۔ اخفا میں تشدید نہیں ہوتی اور نہ نون و تنوین مخفی اپنے مخرج اصلی سے ادا ہوتے ہیں بلکہ ان کی آواز خیشوم میں منتقل ہو جاتی ہے اور زبان کا کوئی دخل باقی نہیں رہتا اور اخفا میں غنہ کامل تر ہوتا ہے۔ واللہ علم بالصواب

باب ششم احکام میم جمع و ہاء کنایہ اور صلہ

میم جمع اس میم کو کہتے ہیں جو ہاء کنایہ اور کاف و تاء خطاب کے بعد جمع مذکر کے لیئے لائی جاتی ہے۔ اور ہاء کنایہ سے مراد ضمیر غائب ہے۔ صلہ اس مدہ کو کہتے ہیں جو ضمہ میم اور حرکت ہاء کنایہ کے اظہار کیلئے وصلاً لایا جاتا ہے میم جمع کا صلہ صرف واؤ سے اور ہاء کنایہ کا صلہ حسب حرکت واؤ اور یا سے ہوتا ہے

فصل اول میم جمع کے احکام

میم جمع کی اصل حرکت ضمہ ہے قبل از متحرک تخفیفاً ساکن پڑھی جاتی ہے اور اگر اسکے بعد ساکن ہو تو سب قراء حسب اصل اسکو مضموم پڑھتے ہیں جیسے عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ۔ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ۔ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔

[1] جیسے كُنْتُمْ۔ مَنْ تَابَ۔ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ۔ اَلْاُنْثٰى۔ مِنْ ثَمَرَةٍ۔ قَوْلًا ثَقِيْلًا۔ اَنْجَيْتَنَا۔ اِنْ جَعَلَ خَلْقٍ جَدِيْدٍ۔ اَنْدَادًا۔ مِنْ دَآبَّةٍ۔ كَاْسًا دِهَاقًا۔ ءَاَنْذَرْتَهُمْ۔ مِنْ ذَهَبٍ۔ وَكِيْلًا ذُرِّيَّةَ تَنْزِيْلٌ۔ مِنْ زَوَالٍ۔ صَعِيْدًا زَلَقًا۔ اَلْاِنْسَانَ۔ مِنْ سُوْءٍ۔ رَجُلًا سَلَمًا۔ اَنْشَرْنَا۔ اِنْ شَآءَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ۔ اَلْاَنْصَارِ۔ اِنْ صَدُّوْكُمْ۔ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ۔ مَنْضُوْدٍ۔ مِنْ ضِلٍّ۔ وَكُلَّاصَرْنَا الْمُنْظَرَةِ۔ مِنْ طِيْنٍ صَعِيْدًا طَيِّبًا يَنْظُرُوْنَ۔ مِنْ ظَهِيْرٍ۔ ظِلًّا ظَلِيْلًا۔ فَانْفَلَقَ۔ مِنْ فَضْلِهٖ۔ خَالِدًا فِيْهَا اِنْقَنَبُوْ۔ مِنْ قَرَارٍ۔ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ۔ وَالْمُنْكَرِ۔ مِنْ كُتُبٍ۔ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ

Marfat.com

اور اگر اسکے بعد متحرک ہو تو وصلاً کلٌ بلا خلاف اور قالونؒ بخلافؔ اسکے ضمہ کا واو سے صلہ کرتے ہیں جیسے خَلَقَكُمْ وَ۔ كُنْتُمْ فِيْ۔ هُمْ يُنْفِقُوْنَ وغیرہ۔ اور باقی حضرات تخفیفاً ساکن پڑھتے (یہی قالونؒ کی دوسری وجہ ہے) مگر جب اسکے بعد ہمزۂ قطعیہ ہو تو ورشؒ بھی بلا خلاف صلہ میں شریک ہوتے ہیں جیسے عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ۔ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ۔ اور اس حالت میں مد منفصل پیدا ہو جاتا ہے۔ جو آیندہ بیان ہوگا۔ اور وقفاً میم جمع با جماع ساکن محض ہے۔ اسکا روم و اشمام بھی جائز نہیں۔

تنبیہ۔ اگر میم جمع سے ضمیر متصل ہو تو اسکا صلہ اجماعاً واو وجوباً کیا جاتا اور مصحف میں مرسوم ہوتا ہے جیسے اَنُلْزِمُكُمُوْهَا۔ دَخَلْتُمُوْهُ۔ بِمَا اَشْرَكْتُمُوْنِ۔ ضمیر جمع مذکر غائب کی ھا اصلاً مضموم ہے۔ کسرہ اور یا ر ساکنہ کے بعد با جماع سبعہ بکسور پڑھی جاتی ہے جیسے فِيْهِمْ۔ بِهِمْ۔ مگر تین کلمات عَلَيْهِمْ۔ اِلَيْهِمْ۔ اور لَدَيْهِمْ۔ کی ہا کو حمزہؒ بہر حال مضموم پڑھتے ہیں۔ اور اگر ایسی ضمیر جمع کے بعد ساکن پایا جائے جیسے بِهِمُ الْاَسْبَابُ۔ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ۔ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ تو ابو بصریؒ ہا۔ کے ساتھ میم کو مکسور اور حمزہؒ و کسائیؒ میم کے ساتھ ھا کو مضموم پڑھتے ہیں اور باقی حضرات حسب قاعدہ ہا کو مکسور اور میم کو مضموم رکھتے ہیں۔ اور اگر میم پر وقف کر دیں تو تمام قراء ہا کو مکسور اور میم کو ساکن پڑھیں گے۔ مگر تینوں کلمات مقدم الذکر میں حمزہؒ کے لیئے ہا حالین میں مضموم ہے۔

لہ دانیؒ نے قالونؒ کے لیئے بطریق ابی نشیطؒ امام ابو الحسنؒ سے اسکان اور شیخ ابو الفتحؒ سے بہر دو طرق (ابی نشیطؒ و حلوانیؒ) صلہ پڑھا ہے دونوں وجہ جید صحیح ہیں بعض شراح کی یہ تعبیر کہ ابو نشیطؒ سے اسکان اور حلوانیؒ سے صلہ منقول ہے۔ بے اصل محض ہے۔

Marfat.com

فصل ۲ دوم ہاءِ کنایہ کے احکام

ہاءِ کنایہ یعنی ضمیر واحد مذکر غائب بھی اصلاً مضموم ہے کسرہ اور یاءِ ساکنہ کے بعد مکسور ہو جاتی ہے مگر حفصؒ نے دو جگہ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ (کہف) اور عَلَيْهُ اللّٰهَ (فتح) میں یاءِ ساکنہ کے بعد ھا کو مضموم پڑھا ہے۔ ہاءِ کنایہ مضموم کا صلہ واؤ سے اور مکسور کا یا سے ہوتا ہے اور اس اعتبار سے اسکی تین حالتیں ہیں۔

اول۔ اگر ہاءِ کنایہ کا ماقبل و مابعد دونوں متحرک ہوں تو سب کے نزدیک صلہ ہوتا ہے۔ جیسے اِنَّهٗ هُوَ۔ اِنَّهٗ اَنَا۔ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ۔ بِهٖ اَنْ۔ فِيْ رَبِّهٖ اِذْ۔ اِلٰى قَوْمِهٖ اِنِّيْ۔ بِهٖ كَثِيْرًا۔ وغیرہ

دوم۔ اور اگر اسکا مابعد ساکن ہو تو کسی کے لیئے صلہ نہیں۔ خواہ ماقبل متحرک ہو یا ساکن جیسے نَصَرَهُ اللّٰهُ۔ قَوْلُهُ الْحَقُّ۔ وَلَهُ الْمُلْكُ۔ وَلَهُ الْحَمْدُ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ۔ بِهِ اللّٰهُ۔ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ۔ تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ۔ فِيْهِ الْمُلْكُ مگر ایک جگہ عَنْهُ تَلَهّٰى (سورۂ عبس) میں ساکن عارض کی وجہ سے بزیؒ نے حرف مشدد سے قبل صلہ کیا ہے۔

سوم۔ اور اگر اسکا مابعد متحرک اور ماقبل ساکن ہو تو مکیؒ صلہ کرتے ہیں اور باقی حضرات باختلاس[1] پڑھتے ہیں جیسے اِجْتَبٰهُ۔ وَهَدٰىهُ۔ فِيْهِ۔ مِنْهُ۔ عَلَيْهِ وغیرہ مگر ایک جگہ فِيْهٖ مُهَانًا (فرقان) میں حفصؒ بھی مکیؒ کیساتھ صلہ کرتے ہیں۔

---

[1] اختلاس کے اصطلاحی معنے اسراع حرکت کے ہیں۔ مگر صلہ یا اشباع یا مدہ کے مقابلہ میں حرکت خالص کے لیئے استعمال ہوتا ہے۔ اس فصل میں ہر جگہ یہی معنی مراد ہیں اصطلاحی معنی نہیں جیسا کہ بعض شراح شاطبیہ کو وہم ہوا۔

مسئلہ۔ وقفاً صلہ حذف ہوجاتا ہے اور بحالت روم بھی یہی حکم ہے

دس کلمات ذیل میں جو مکرر ہوکر پندرہ جگہ آئے ہیں ہاء کنایہ کے متعلق قراء سبعہ میں اختلاف ہے۔ بعض نے کلمہ کی موجودہ صورت کا اعتبار کرکے صلہ کیا ہے اور بعض نے اصلیت کے لحاظ سے صلہ نہیں کیا۔ اور بعض نے ہاء کو تخفیفاً ساکن پڑھا ہے۔

اول۔ یُؤَدِّہٖٓ اِلَیْكَ اور لَا یُؤَدِّہٖٓ اِلَیْكَ (ہر دو آل عمران) دوم۔ نُؤْتِہٖ مِنْہَا (آل عمران و شوریٰ ایک) سوم و چہارم۔ نُوَلِّہٖ مَا تَوَلّٰی۔ وَنُصْلِہٖ جَہَنَّمَ۔ (ہر دو نساء) پنجم۔ فَاَلْقِہٖٓ اِلَیْہِمُ۔ (نمل) سب جگہ قالونؒ بلا خلاف اور ہشامؒ بخلاف اختلاس کسرۂ ہاء سے ورشؒ۔ مکیؒ۔ ابن ذکوانؒ۔ کسائیؒ۔ اور ہشامؒ بوجہ ثانی اسکے صلہ سے۔ بصریؒ ابوبکرؒ اور حمزہؒ سکون ہاء سے اور حفصؒ مؤخر الذکر کو سکون ہاء سے اور باقی سب کو صلہ سے پڑھتے ہیں۔

ششم۔ وَیَتَّقْہِ فَاُولٰٓئِكَ (نور) کو قالونؒ و حفصؒ بلا خلاف اور ہشامؒ بخلاف کسرۂ خالص سے۔ اور ورشؒ۔ مکیؒ۔ ابن ذکوانؒ۔ خلفؒ اور کسائیؒ۔ بلا خلاف۔ ہشامؒ بوجہ ثانی اور خلادؒ بخلاف کسرہ کے صلہ سے۔ اور بصریؒ و ابوبکرؒ اور خلادؒ بوجہ ثانی سکون ہاء سے پڑھتے ہیں۔ اسکے علاوہ حفصؒ (ہاء کنایہ سے ماقبل) قاف کو ساکن اور باقی حضرات مکسور پڑھتے ہیں۔

ہفتم۔ وَمَنْ یَّاْتِہٖ مُؤْمِنًا (طٰہٰ) کو سوسیؒ سکون ہاء سے۔ قالونؒ بخلاف کسرۂ خالص سے اور باقی حضرات کسرہ کے صلہ سے پڑھتے ہیں۔ یہی قالونؒ کی دوسری وجہ ہے اور یہی باجماع طرق ہشامؒ کا مذہب ہے۔ شاطبیہ میں تسامح[1] ہے جس سے ان کے لئے اختلاس مفہوم ہوتا ہے۔ دانیؒ تیسیر میں کہتے ہیں "وَمَنْ یَّاْتِہٖ کو وصلاً

[1] حضرت شاطبیؒ نے یَاْتِہٖ تک تمام کلمات میں پہلے مذہب اِسکان بیان کیا اور پھر سب کو جمع کرکے قصر بتایا ہے

قالونؒ بخلاف اختلاس کسرۂ ہا سے اور ابو شعیبؒ اسکے اسکان سے اور باقی قراء اشباع[1] سے پڑھتے ہیں۔" حافظ ابو شامہؒ کہتے ہیں "طٰہٰ میں ہشامؒ کے لیئے صرف صلہ ہے۔ اگرچہ عبارت شاطبیہ سے دونوں وجوہ مفہوم ہوتی ہیں کیونکہ اُن کے لیئے قصر کسی نے بیان نہیں کیا۔ پس کلامِ شاطبیؒ کا باقی شیوخ کے کلام سے موافق رکھنا اولیٰ ہے۔" اہوازیؒ وجیز میں کہتے ہیں "طٰہٰ میں یَأْتِهِ کے اشباع پر ہشامؒ کے لیئے تمام جماعت کا اجماع ہے۔"

ھشتم۔ یَرْضَهُ لَكُمْ (زمر) کو مدنیؒ۔ عاصمؒ اور حمزہؒ بلا خلاف اور ہشامؒ بخلاف ضمہ خالص سے۔ مکیؒ۔ ابن ذکوانؒ۔ اور کسائیؒ بلا خلاف اور دوریؒ بخلاف اُسکے صلہ سے اور سوسیؒ سکون ہا سے پڑھتے ہیں یہی دوریؒ و ہشامؒ کی دوسری وجہ ہے ہشامؒ کیلئے اسکان کی وجہ تیسیر شاطبیہ میں درج اور مشہور ہے۔ مگر حسب تحقیق محققؒ خلاف طریقہ[2] ہے

---

[1] اس سے صاف ظاہر ہے کہ ہشامؒ کے لیئے یہاں صرف صلہ ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ پہلی کلمات میں ہشامؒ کے لیئے کسرۂ خالص بخلاف ہے۔ اور طٰہٰ میں صرف صلہ ہے قصر نہ صرف تیسیر اور طرق تیسیر کے بلکہ تمام طرق کے خلاف ہے۔ شاطبیؒ اسمیں متفرد ہیں حضرت محققؒ نے ہشامؒ کے لیئے قصر قطعاً بیان نہیں کیا۔ نہ بوجہ قوی اور نہ بوجہ ضعیف چنانچہ وہ کہتے ہیں "قالونؒ ابن وردانؒ اور رویسؒ سے اختلاس میں اختلاف مروی ہے۔" پھر ان کے متعلق تمام اقوال نقل کر کے کہتے ہیں "اور باقی قرا یعنی ابن کثیرؒ ابن عامرؒ عاصمؒ حمزہؒ۔ کسائیؒ۔ خلفؒ۔ ورشؒ۔ دوریؒ۔ ابن جمازؒ اور روحؒ صلہ سے پڑھتے ہیں۔" پھر کہتے ہیں سوسیؒ کے لیئے اسکان و اشباع قالونؒ ابن وردانؒ اور رویسؒ کے لیئے اختلاس و اشباع دو دو وجوہ ... ہیں۔ تعجب ہے کہ جعبریؒ جیسے محقق کو یہاں مغالطہ ہو گیا وہ کہتے ہیں "ہشامؒ کے لیئے صلہ زیادات قصیدہ سے ہے۔ ابن شریحؒ اور مکیؒ نے بھی صلہ بیان کیا ہے" حالانکہ صلہ اصل وجہ ہے۔ اور حیرت ہے کہ سیدؒ نے اس اقرار کے باوجود کہ ہشامؒ کیلئے قصر تیسیر کے خلاف ہے اور محققین نے اسکو بیان نہیں کیا باتباع شاطبیہ قصر بیان کر دیا حالانکہ سیدؒ خلاف طریقہ وجوہ مشہورہ بھی چھوڑ دیتے ہیں۔ حق یہ ہے کہ یہاں ہشامؒ کے لیئے صرف صلہ ہے اور سب سے زیادہ اسکا تعجب ہے کہ محققؒ نے شاطبیہ کے مفہوم پر کوئی تنبیہ نہیں کی۔

[2] دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "میں نے ابو الفتح فارسؒ۔ عبد الباقیؒ۔ ابو الحسنؒ بن خلیع مسلمؒ بن عبید اللہؒ بن محمد اور اُن کے والد عبید اللہؒ بن محمد اور حلوانیؒ کی سند سے ہشامؒ کے لیئے اسکان پڑھا ہے۔" محققؒ کہتے ہیں "عبید اللہ بن محمد شیوخ تیسیر میں سے نہیں ہیں بلکہ یہی علم نہیں ہے کہ وہ کون ہیں۔ خود دانیؒ اسکا اقرار کرتے ہیں۔" پھر کہتے ہیں "میرے نزدیک دانیؒ سے بھی اسکے ثبوت میں نظر ہے۔"

Marfat.com

چنانچہ وہ کہتے ہیں "اگر اسکان مشہور نہ ہوتا تو ہم اسکو بیان نہ کرتے۔ ہشامؒ کے لیئے تمام رواۃ وائمہ کا اختلاس پر اجماع ہے"۔

نہم۔ یَرَہٗ (زلزال ۹) ہشامؒ دونوں کو سکون ہاء سے اور باقی حضرات ضمہ کے صلہ سے پڑھتے ہیں

دہم۔ اَرْجِہْ (اعراف و شعراء) دونوں جگہ قالونؒ وابن ذکوانؒ اختلاس کسرہ سے ورشؒ اور کسائیؒ اُسکے صلہ سے۔ بصریؒ اختلاس ضمہ سے مکیؒ وہشامؒ اُسکے صلہ سے اور عاصمؒ وحمزہؒ سکون ہاء سے پڑھتے ہیں۔ اس کلمہ میں اسکے سوا ایک اختلاف اور ہے یعنی مکیؒ بصریؒ اور شامیؒ۔ ہاء کنایہ سے قبل ہمزہ ساکنہ روایت کرتے ہیں۔ لہذا اسمیں چھ قراتیں ہو جاتی ہیں تین بلا ہمزہ ۱ قالونؒ کسرہ ہاء سے ۲ ورشؒ وکسائیؒ اسکے صلہ سے ۳ عاصمؒ وحمزہؒ سکون ہاء سے اور تین ہمزہ ساکنہ کے ساتھ ۴ ابن ذکوانؒ کسرہ سے ۵ بصریؒ ضمہ سے ۶ مکیؒ وہشامؒ اسکے صلہ سے گویا کہ ہشامؒ نے اسمیں اصل مقررہ کی مخالفت کی ہے

باب ہفتم مد وقصر[1]

قصر۔ مد طبیعی کو کہتے ہیں اسی کا نام مد اور مد اصلی ہے۔ اسکی مقدار فتح۔ ضمہ اور کسرہ سے دو چند ہوتی ہے۔ جسکے بغیر حرف مد (الف ماقبل مفتوح واو ساکنہ بعد از ضمہ اور یاء ساکنہ بعد از کسرہ) کی ذات قائم نہیں رہ سکتی جیسے۔ اٰمَنَ۔ قَالَ۔ اَیُّهَا۔ اُوْتِیَ۔ یُوْحٰی۔ اُدْعُوْا۔ لَهٗ اِیْمَانٌ۔ فِیْ نَصِیْبُهٗ۔ اور اسپر جو زیادتی کیجائے وہ مد ہے اور اس کو مد فرعی

[1] اس فن کی کتابوں میں قصر مختلف معنوں میں مستعمل ہوتا ہے اول صلہ دخال اور مدہ کی ضد اس حالت میں اسکا مفہوم کسی حرف کا پڑا پڑہنا ہے جیسے لَا تَوْا۔ لَمَسْتُمُ۔ یُؤَدِّهٖ اور یَرْضَهُ کو لَا تَوْا۔ لَمَسْتُمْ۔ یُؤَدِّهٖ اور یَرْضَهُ پڑہنا۔ دوم مد فرعی کی ضد اس حالت میں اسکا مفہوم مدہ یعنی کسی حرف کو ایک الف یا ایک واو یا ایک یا کے برابر کھڑا پڑہنا ہے۔ اس باب میں یہی دوسرے معنی مراد ہیں۔

بھی کہتے ہیں مد کے لیئے محلِ مد اور سببِ مد دو چیزیں ضروری ہیں حرف مد اور حرف لین[1] (واو ساکن اور یا ساکن بعد از فتح) محل مد ہے حرف ساکن اور ہمزۂ محققہ[2] سبب مد ہیں ساکن سے قبل اسلیے مد کیا جاتا ہے کہ حرکت کا قایم مقام اور ساکنین کے درمیان حاجز ہو جائے اور ہمزہ سے قبل اسلیئے کہ حرف مد خفی اور ہمزہ صعب ہے، مد سے اسکا نطق آسان ہو جائے ساکن کی دو قسمیں ہیں۔ اصلی اور عارضی۔ اصلی اسکو کہتے جو وصلاً ساکن ہو اور عارضی وہ ہے جو وقف یا ادغام کے لیئے ساکن کیا جائے۔ ہمزہ کی بھی دو قسمیں ہیں۔ حرف مد سے مقدم اور موخر۔ پھر موخر کی بھی دو قسمیں ہیں متصل یعنی اسی کلمہ میں۔ اور منفصل یعنی حرف مد پہلے کلمہ کے آخر میں ہو اور ہمزہ دوسرے کلمہ کے شروع میں۔ اس طرح سبب مد کی پانچ قسمیں ہیں۔ اہل ادا قوۃ وضعف کے لحاظ سے ان میں فرق کرتے ہیں۔ چنانچہ ان میں سے اقوی[3] سکون اصلی کو پھر ہمزۂ متصل کو۔ پھر سکون عارضی کو۔ پھر ہمزہ منفصل کو اور پھر ہمزۂ مقدم کو قرار دیتے ہیں۔ ہم انکو جدا جدا فصلوں میں بیان کرتے ہیں۔

فصل اول مدلازم

اگر حرف مد کے بعد ساکن اصلی پایا جائے۔ مشدہ ہو خواہ مخففہ جیسے۔ اَلضَّآلِّيْنَ دَآبَّةٌ۔ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ۔ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ۔ اٰلْئٰنَ۔ مَحْيَايَ (بقراۃ نافع) ءَاَنْذَرْتَهُمْ ءَاَشْفَقْتُمْ (ہر دو بقراۃ ورش) هٰٓؤُلَآءِ يْنَ۔ جَآءَ اٰمَنَّا (ہر دو بقراۃ

---

[1] حرف لین میں سبب قوی یعنی ہمزہ متصلہ کے ساتھ ورش اور ساکن متصل کے ساتھ تمام قراء مد کرتے ہیں۔

[2] ہمزہ مسہلہ اور مغیرہ سے قبل بھی مد ہوتا ہے مگر وہ حالت سابقہ کے اعتبار سے ہے تسہیل وتغیر کے لحاظ سے قصر پڑھتے ہیں [3] بعض ائمہ ہمزۂ موخر متصل کو اقوی کہتے ہیں اور بعض سکون اصلی کو محقق کی یہی رائے ہے اور یہی قرین قیاس معلوم ہوتی ہے کیونکہ سکون اصلی کے ساتھ سب کے لیئے اشباع ہوتا ہے۔ اور حرف لین میں بوجہ سکون سب مد کرتے ہیں ہمزہ کیساتھ غیر ورش مد نہیں کرتے

Marfat.com

ورش وقنبل) وَالَّذَانِ (نساء) هٰذَانِ (طٰہٰ) (سرد و بقرارۃ مکی) توجملہ قراء حالین میں مدکرتے اور اسکو مدلازم کہتے ہیں اور اسکی مقدار کشش سب کے نزدیک برابر ہے مگر اسکے اندازہ میں اہل ادا کا اختلاف ہے۔ اکثر محققین اشباع (مداطول) کہتے ہیں جمہور تمکین مطلق بتلاتے ہیں سخاویؒ وغیرہ اس اشباع سے چھوٹا کہتے ہیں جو ہمزہ کے سبب سے کیا جاتا ہے۔ بعض مدغمی کو مظہر کے مد سے بڑا کہتے ہیں اور بعض چھوٹا جمہور دونوں کو برابر کہتے ہیں اور یہی حق ہے۔ حضرت محققؒ کہتے ہیں "موجب التقاء ساکنین ہے جو دونوں میں موجود ہے۔ پھر فرق کیا معنی۔ یہی ائمہ عراق کا مذہب ہے، اور اسکے خلاف کوئی نص نہیں پائی جاتی" علامہ دانیؒ کہتے ہیں "ہمارے اکثر شیوخ کا یہی مذہب ہے میں نے اپنے بغداد و مصر کے اکثر اساتذہ سے مساوی پڑھا ہے یہی اذفویؒ اور ابن بشیر انطاکی کا مسلک ہے۔

ہمارے اساتذہ مدلازم کو سب کے لیئے مد طبعی کے علاوہ تین الف[1] کے برابر پڑھتے اور پڑھاتے تھے یہی میرا معمول ہے بعض مع مد طبعی تین الفی بھی کہتے ہیں اور اہل حدر کے لیئے دو الفی بھی منقول ہے۔ مگر اسمیں قصر کسی کے لیئے جائز نہیں جو ثلاثی حروف[2] ہجا بعض سورتوں کے شروع میں واقع ہوئے ہیں اور ان کا اوسط مدہ ہے انمیں بھی یہی مد ہوتا ہے عین کا اوسط چونکہ مدہ نہیں لین ہے اسلیے اسمیں توسط بھی جائز ہے مگر طول افضل[3] ہے۔ اور بقرارت مکیؒ ھاتین (قصص) اور الذین (فصلت) میں حرف لین کے بعد ساکن مشدد واقع

---

[1] بعض اہل اداء ورش و حمزہؒ کے لیئے پانچ الفی مع مد طبعی کہتے ہیں قیاس اسکا مؤید ہے

[2] قرآن میں سین صاد۔ قاف۔ کاف۔ لام میم اور نون۔ سات حرف اس قسم کے واقع ہوئے ہیں۔

[3] ابن مجاہدؒ وغیرہ نے صرف اشباع بیان کیا ہے۔ ابو محمد مکیؒ۔ دانیؒ۔ اور شاطبیؒ کے نزدیک یہی مختار ہے۔ ابن غلبونؒ اور ان کے فرزند ابو الحسنؒ وغیرہ ائمہ توسط کہتے ہیں۔ دونوں معمول ہیں۔ سبط الخیاطؒ بغدادی اور حافظ ابو العلاؒ وغیرہ قصر بتاتے ہیں جو متاخرین اہل عراق کے نزدیک مختار ہے مگر ہمارے شیوخ کے نزدیک معمول بہا نہیں ہے۔

Marfat.com

ہوا ہے۔ دانی اشباع اور جہور وجوہ ثلثہ کہتے ہیں اور قصر مختار بتاتے ہیں مگر ہمارا معمول مد ہے۔

فصل دوم۔ مدِ متصل

اگر حرف مد کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں متصل ہو جیسے السَّمَآءُ۔ جَآءَ بِالسُّوْٓءِ۔ قُرُوْٓءٍ۔ جَآءَ۔ سِيْٓئَتْ۔ تو اسمیں بھی سب قراء حالین میں مد کرتے ہیں البتہ مقدار مد میں اہل ادا کا اختلاف ہے۔ مگر اسمیں بھی قصر کسی نے حالین میں جائز نہیں رکھا لیکن اگر ہمزہ میں تسہیل وغیرہ سے تغیر ہو جائے تو تغیر کرنیوالے حضرات کے لیئے مد کیساتھ قصر بھی جائز ہوتا ہے آخر باب میں مزید توضیح آئیگی اسکو مدِ واجب اور متصل کہتے ہیں

بعض کے سوا جملہ اہل عراق اور اکثر ائمہ مغرب تمام قراء کے لیئے اسمیں بھی مد لازم کیطرح بمرتبہ واحد اشباع کہتے ہیں مگر ایسا افحاش نہ ہو کہ منہاج عربیت سے خارج ہو جائے اور بعض ائمہ مختلف مراتب بیان کرتے ہیں۔ چنانچہ ابن مجاہدؒ۔ طرسوسیؒ۔ ابو طاہرؒ ابن خلفؒ وغیرہ۔ دو مرتبے۔ ابن مہرانؒ۔ ابن الفحامؒ۔ اہوازیؒ۔ ابو نصرؒ عراقی آن کے فرزند عبد الحمیدؒ اور ابو الفخر جاجانیؒ وغیرہ تین مرتبے۔ ابو الحسنؒ اور دانیؒ وغیرہ ائمہ چار مرتبے کہتے ہیں تفصیل مراتب آیندہ فصل میں بیان ہوگی۔

فصل سوم مدِ منفصل

اگر ہمزہ منفصل ہو یعنی حرف مد پہلے کلمہ کے آخر میں اور ہمزہ دوسرے کلمہ کے شروع

سلہ ابن شنبوذؒ۔ ابن سوارؒ۔ قلانسیؒ۔ سبط الخیاطؒ۔ ابو علی مالکیؒ۔ ابو معشرؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ مہدویؒ۔ حافظ ابو العلاءؒ۔ ہمدانیؒ اور ہذلیؒ کا یہی مذہب ہے۔ ۱۲

Marfat.com

میں جیسے یٰٓاَیُّهَا۔ وَمَآ اُنْزِلَ۔ قَالُوْٓا اٰمَنَّا۔ لَهٗٓ اَجْرٌ۔ فِيْٓ اُمِّهَا۔ بِهٖٓ اَنْ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ۔ اِتَّبِعُوْنِيْٓ اَهْدِكُمْ تو مکیؒ اور سوسیؒ قطعاً مد نہیں کرتے۔ قالونؒ و دوریؒ بخلاف اور باقی حضرات بلا خلاف مد کرتے ہیں۔ اسکو مدِ جائز اور مدِ منفصل کہتے ہیں۔ لیکن اگر پہلے کلمہ پر وقف کر دیا جائے تو مد سب کے لیئے ساقط ہو جائیگا۔

منفصل میں تمام اہل ادا تفاوت مراتب کے قائل ہیں مگر تعین مراتب اور مقدار کشش میں شدید اختلاف ہے جس کا ضبط کرنا دشوار اور تطبیق ناممکن ہے۔ ابن مجاہدؒ وغیرہ متصل کے مانند اشباع اور وسطیٰ دو مرتبے اور ابن مہرانؒ وغیرہ وسطیٰ ایک اس سے کم اور ایک قدرے زیادہ مگر اشباع سے کم تین مرتبے شیخ ابو الحسنؒ دانیؒ۔ ابن بلیمہؒ۔ ابن باذشؒ انصاری۔ ابو محمد مکیؒ۔ ابو عبداللہؒ۔ مہدویؒ۔ ابو معشرؒ۔ سبط الخیاطؒ۔ ابو علیؒ مالکی۔ اکثر مغربی اور بعض مشرقی اہل ادا چار مرتبے بتلاتے ہیں۔ بعض پانچ۔ بعض چھ۔ اور بعض سات بھی کہتے ہیں۔ ہمارا معمول مراتب اربعہ ہیں۔

علامہ دانیؒ تیسیر میں کہتے ہیں "دونوں اقسام (متصل منفصل) میں سب سے لمبا مد ورشؒ و حمزہؒ اُنسے کم عاصمؒ۔ اُن سے کم شامیؒ و کسائیؒ۔ اُن سے کم بصریؒ بطریق اہل عراق (دوریؒ) اور قالونؒ بخلاف بطریق ابی نشیطؒ کرتے ہیں اور یہ بغیر افراط کے اس اسلوب پر ادا ہونے چاہئیں جو ان حضرات کے مذاہب تحقیق و حدر کے مطابق ہو" اور مد متصل کے بارہ میں کہتے ہیں "یہ حضرات (یعنی مکیؒ۔ سوسیؒ اور قالونؒ) پہلی قسم متفق علیہ میں بھی سب سے چھوٹا مد کرتے ہیں"

لہ دوری کیلئے قصر زیادات قصیدہ سے ہے۔ دانیؒ نے صرف مد بیان کیا ہے مگر قصر صحیح معمول اور اکثر کا مذہب ہے ۱۲

شاطبیؒ نے مراتبِ مدّ کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ ان کے شاگرد سخاویؒ کہتے ہیں "شاطبیؒ کے نزدیک دو مرتبے مختار تھے۔ طول ورشؒ و حمزہؒ کے لیئے اور توسط باقی قرا کے واسطے کیونکہ ہر جگہ مراتبِ اربعہ کا تحقق دشوار اور ہر مرتبہ انکو ایک ہی مقدار پر ادا کرنا ناممکن ہے"، محققؒ بھی دو مرتبوں کو مختار بتا کر کہتے ہیں "ابن مجاہد وغیرہ کے سوا استاذ ابوالجودؒ۔ اور استاذ ابوعبداللہؒ بن قصاع کا بھی یہی مذہب ہے۔ اور اسی جانب میرا میلان و اعتماد ہے مگر تفاوت مراتب کا میں انکار نہیں کرتا۔ اور نہ اسکو رد کرتا ہوں اور یہ کیسے ہو سکتا ہے جب کہ میں نے اپنے اکثر شیوخ سے تفاوتِ مراتب پڑھا ہے"، سیدؒ وغیرہ اکثر محققین اسی کی طرف گئے ہیں

حق یہ ہے کہ مراتب اربعہ میں بہت کم فرق ہے اور مبتدی بسا اوقات مراتب اربعہ کو یکساں ادا بھی نہیں کرتے اسی لیئے امام ابن مجاہدؒ وغیرہ شیوخ نے دو مرتبے اختیار کر لیئے تھے۔ مگر یہ تسلیم نہیں کہ مراتب اربعہ کا ادا کرنا ناممکن ہے۔ کیونکہ باہوش طلبا درست فرق کرتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ حضرات ائمہ نے قراءت کے تحقیق[1]۔ تدویر اور حدر کے ساتھ تین حال مقرر کر رکھے تھے۔ بعض نے پہلا بعض نے دوسرا اور بعض نے تیسرا حال اختیار کر رکھا تھا۔ مگر تمام ائمہ تینوں کو جائز سمجھتے تھے۔ شیوخ نے ان کے طریقہ ادا سے مراتبِ مدّ اخذ کیئے ہیں یہی وجہ ہے کہ مراتبِ مدّ میں مختلف اقوال و تعبیرات پائی جاتی ہیں۔ اور یہ مراتبِ مدّ کا اختلاف اختلافاتِ جائزہ و تخییری میں سے ہے اختلاف واجب روایتی نہیں۔

---

[1] اشباع کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھنے کو تحقیق کہتے ہیں۔ چھوٹے مدّ اور قصر کے ساتھ جلدی جلدی پڑھنے کو جسمیں حروف کے مخارج و صفات اور تشدید میں فرق نہ آئے حدر کہتے ہیں۔ ان دونوں کے درمیان متوسط کے ساتھ تلاوت کرنیکو جسمیں نہ تحقیق کی طرح ٹھہرنا ہو نہ حدر کی طرح جلدی اور سرعت تدویر کہتے ہیں۔ ائمہ سبعہ میں سے ورشؒ حمزہؒ کے مذہب میں تحقیق اور عاصمؒ و ابن عامرؒ و کسائیؒ کے نزدیک تدویر اور باقی حضرات کے نزدیک حدر مختار ہے۔

Marfat.com

ہمارے اکثر شیوخ کا معمول مراتب اربعہ ہیں میں نے اپنے اساتذہ کو انکا پابند دیکھا ہے مگر ساتھ ہی یہ حضرات مدمتصل میں چھوٹا اور مدمنفصل میں قصر تمام ائمہ کے لیئے جائز جانتے تھے۔ اور حدر کے اندر عملاً ایسا کرتے تھے اور کشش میں افراط کو ناپسند کرتے تھے۔ چنانچہ امام حمزہؒ سے منقول ہے کہ کسی نے مدہیت زیادہ کھینچا تو فرمایا "ایسا مت کرو۔ کیا تم نہیں جانتے کہ زلف کی پیچ وخم میں زیادتی ژولیدگی اور سفیدی کی زیادتی برص ہی اسی طرح جو قرأۃ سے زیادہ ہو وہ قرأۃ نہیں لحن ہے۔

متقدمین نے مراتب اربعہ کا کوئی اندازہ بیان نہیں کیا۔ تعلیم وتعلم اور مشافہت پر موقوف رکھا ہے اور حق بھی یہی ہے کہ مراتب کا اندازہ مقولہ کیف سے ہے متاخرین نے تفہیم کے لیئے جو کچھ بیان کیا ہے وہ اتنا مختلف ہے کہ مبتدی کو حیران اور منتہی کو پریشان کر دیتا ہے بعض نے فرق کی مقدار بقدر ایک الف قرار دی ہے اور بعض نے بقدر نصف اور بعض نے بقدر ربع الف۔ یہ تمام نزاع لفظی ہے تحقیقی مسئلہ نہیں البتہ نفس زیادتی متحقق ہے جو مشافہت واختبار وحس سے معلوم ہو جاتی ہے۔ ہمارے شیوخ دونوں اقسام میں ورشؒ وحمزہؒ کے لیئے پانچ الفی۔ عاصمؒ کے لیئے چار الفی۔ شامیؒ وکسائیؒ کے لیئے تین الفی متصل میں قالونؒ ومکیؒ و بصریؒ کے لیئے بلا خلاف اور منفصل میں قالونؒ ودوریؒ دونوں کے لیئے بخلاف دو الفی پڑھاتے تھے۔

لہ ایک الف کی مقدار دو فتحوں کے برابر ہوتی ہے اور اسکو دو چند کرنے سے دو الفی بن جاتا ہے اور پھر ایک ایک الف کی زیادتی سے تین چار اور پانچ الفی ہو جاتا ہے۔ فتح۔ ضمہ اور کسرہ جس طرح مقدار میں برابر ہیں اسی طرح الف۔ واو مدہ اور یاء مدہ بھی مساوی ہیں۔ اسی وجہ سے حالات ثلثہ میں الف سے اندازہ بیان کر دیتے ہیں۔ اور اگر کوئی الف کے بجائے واؤ سے یا یاء سے یا الف کے بعد الف سے واؤ کے بعد واؤ سے اور یا کے بعد یا سے تعبیر کرے تو کوئی مضائقہ نہیں گو غیر مانوس معلوم ہو۔ حضرات شیوخ ایک انگلی کو میانہ رفتار کے ساتھ بند کرنے اور کھولنے سے ایک الف کا اندازہ بتاتے ہیں جو پانچ انگلیوں کے بند کرنے یا کھولنے سے پانچ الفی ہو جاتا ہے۔ مبتدیوں کے لیئے یہ ایک اچھا پیمانہ ہے۔ لیکن اصل شے مشافہت اور مزاولت ہے

Marfat.com

فصل چہارم مدسکون وقفی

اگر حرف مد کے بعد ساکن عارضی وقفی ہو جیسے۔ قُرْاٰنْ۔ یُؤْمِنُوْنْ۔ یُنْفِقُوْنْ الدِّیْنْ۔ نَسْتَعِیْنْ وغیرہ تو تمام قراء کے نزدیک بلاتفریق تین مذاہب منقول ہیں اور اسکو مدسکون وقفی۔ مدسکون عارضی اور مد جائز وقفی بھی کہتے ہیں۔

اول۔ مدلازم کے مانند اشباع۔ ساکن عارض کو ساکن اصل کے مانند قرار دیکر۔ دانیؒ کہتے ہیں "قدماء مشائخ مصر کا یہی مذہب ہے۔ میں شیخ ابوالقاسم خاقانیؒ کے روبرو اسی طرح وقف کرتا تھا" شاطبیؒ کے نزدیک یہی مختار ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "یہی مختار ومشہور ہے۔ جمہور اہل ادا اور اکثر ائمہ اسی کے موافق ہیں" اور بعض اہل ادا نے اسکو اہل تحقیق یعنی ورشؒ وحمزہؒ اور عاصمؒ کے لیئے اختیار کر رکھا تھا۔

دوم توسط۔ برعایت جانبین (یعنی اجتماع ساکنین اور سکون عارضی کے لحاظ سے ابن مجاہدؒ اور ان کے تمام تلامذہ کا یہی مذہب ہے۔ دانیؒ کہتے ہیں "میں شیخ ابوالفتحؒ امام ابوالحسنؒ اور شیخ ابوالقاسم فارسیؒ کے روبرو توسط سے وقف کرتا تھا" شذائیؒ۔ ابومحمدؒ مکیؒ۔ اہوازیؒ۔ ابن شیطاؒ اور شاطبیؒ نے اسکو روایت کیا ہے اور بعض اہل ادا نے اسکو اہل تدویر یعنی شامیؒ وکسائیؒ وغیرہ کے لیئے اختیار کر رکھا تھا۔

سوم۔ قصر۔ عدم اعتبار عارض پر۔ یہ حصریؒ کا مذہب ہے۔ جعبریؒ اسکو مختار کہتے ہیں۔ اہوازیؒ۔ اور شاطبیؒ اسکو ناپسند کرتے ہیں۔ اور بعض اہل ادا نے اسکو اہل حدر یعنی قالونؒ ومکیؒ وبصریؒ کے لیئے اختیار کر رکھا تھا۔

محققؒ کہتے ہیں "حق یہ ہے کہ تمام قراء کے لیئے وجوہ ثلثہ جائز ہیں۔ کیونکہ اعتداد

Marfat.com

وعدم اعتداد عارض کا قاعدہ سب کے لیئے عام ہے اور اشباع مختار ہے" طلبا یاد رکھیں کہ یہ تینوں صورتیں وجوہ جائزہ اختیاری ہیں پس جو وجہ پڑھی جائے وہ ہی کافی ہے۔ وجوہ واجبۂ خلافی نہیں ہیں کہ ہر جگہ تینوں کا ادا کرنا ضروری ہو۔

اور اگر ہمزہ کے بعد ساکن وقفی ہمزہ ہو جیسے یَشَآءُ۔ السُّوْٓءُ۔ جِیْٓءَ۔ تو وقفاً صرف مد ہوگا[1] قصر کسی کے نہیں اور لمبا مد کرنیوالوں کے لیئے تو سط جائز نہیں۔ بلکہ بعض اہل ادا چھوٹا مد کرنے والوں کے لیئے بروایت سبین طول بتاتے ہیں جو قرین قیاس ہے اور ایسے کلمات میں یہی حال روم و اشمام کا ہے۔ یعنی وہ بھی مد کیساتھ ہوتے ہیں۔

اور اگر سکون وقفی سے قبل حرف لین ہو جیسے خَیْرٌ۔ ضَیْرٌ۔ شَیْئٌ۔ سَوْءٌ وَیْلٌ۔ وغیرہ۔ تب بھی باجماع وجوہ ثلثہ جائز ہیں۔ اور اسمیں ہمزہ وغیرہ سب مساوی ہیں۔ وصلاً حرف لین میں کوئی مد نہیں کرتا مگر مذہب ورشؒ اور ہشامؒ و حمزہؒ کا مذہب وقفاً آیندہ بیان ہوگا۔

فصل پنجم مد حرف لین

اگر حرف لین کے بعد اسی کلمہ میں ہمزہ متصل ہو جیسے شَیْءٍ۔ السَّوْءِ۔ کَهَیْئَةِ وغیرہ تو ورشؒ بطریق ازرقؒ اسکو طول[2] توسط سے پڑھتے ہیں۔ اور اسکو مد حرف لین کہتے ہیں

[1] اکثر طلبار کو یہاں غلطی کرتے دیکھا ہے۔ لہذا اُن کو ہوشیار رہنا چاہیے کہ شَآءَ وغیرہ میں وقفاً اہل اشباع کے لیئے توسط و قصر۔ اور توسط والوں کے لیئے قصر کبھی نہ پڑھیں۔ البتہ چھوٹا مد پڑھنے والوں کے لیئے بلاشبہ اشباع پڑھ سکتے ہیں۔ [2] طول زیادات قصیدہ سے ہے۔ دانیؒ نے توسط بیان کیا ہے۔ طول مہدویؒ۔ ابن شریحؒ حصریؒ اور ابو محمدؒ مکیؒ کا اور توسط ابوالقاسم خاقانیؒ۔ ابوالفتحؒ۔ اور دانیؒ کا مذہب ہے۔ دونوں ازرقؒ سے منقول ہیں۔ اور ہادی کافی۔ شاطبیہ۔ اور تجرید میں دونوں وجہ موجود ہیں۔ اور دونوں صحیح و ماخوذ ہیں۔

Marfat.com

بعض ائمہ نے ورشؒ کے لیئے صرف شَیْءٌ[1] خواہ منصوب ہو یا مرفوع یا مخفوض مد کیا ہے اور کہیں نہیں باقی حضرات سبھی مد نہیں کرتے اور دو کلمات مَوْئِلًا (کہف) اور کَمُوْءُوْدَةُ (تکویر) باجماع ناقلین سَوْاٰتِهِمَا[2] اور سَوْاٰتِكُمْ (اعراف) باتفاق رواۃِ طول ورشؒ کے لیئے بھی مستثنےٰ ہیں۔ محققؒ مؤخر الذکر کلمات کے بارہ میں کہتے ہیں "طول نقل کرنیوالوں میں سے میں کسیکو نہیں جانتا جس نے اِن دونوں کو مستثنےٰ نکیا ہو" دانیؒ اور اہوازیؒ نے بھی ان کو مستثنےٰ نہیں کیا۔ مگر اُنکا مذہب توسط ہی طول نہیں۔ شاطبیؒ نے بخلاف مد بیان[3] کیا ہے جس کا مطلب توسط اور قصر ہے طول طریقہ کے خلاف اور بے اصل ہے اور اگر ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو جیسے خَلَوْا اِلٰى۔ اور اِبْنَىْ اٰدَمَ تو باجماع مد نہیں۔

فصل ششم مد بدل

اگر ہمزہ حرف مد سے قبل ہو خواہ محققہ ہو جیسے اٰمَنَ۔ اٰدَمُ۔ اٰمَنُوْا نَاْ۔ رَاْ۔ سَوْاٰتِكُمْ۔ سَوْاٰتِهِمَا وغیرہ۔ یا بین بین مسہلہ ہو جیسے جَآءَ اٰلَ ءَاْلِهَتُنَا اور ءَاْمَنْتُمْ وغیرہ یا مُبدلہ ہو جیسے هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مِنَ السَّمَآءِ اٰيَةً

[1] ابو الحسنؒ خزاعیؒ اور ابن بلیمہؒ شیئیؒ میں توسط کہتے ہیں اور دانیؒ نے امام ممدوح سے توسط ہی پڑھا ہے اور طرسوسیؒ ابو طاہرؒ ابن خلفؒ وغیرہ طول کہتے ہیں اور یہ تمام حضرات شئیؒ کے سوا سب جگہ قصر بتلاتے ہیں۔

[2] ابو عبداللہ قیروانیؒ۔ مہدویؒ۔ ابن شریح ابو محمد مکیؒ۔ اور جمہور اہل ادا سَوْاٰتِهِمَا اور سَوْاٰتِكُمْ میں صرف قصر کہتے ہیں اور دانیؒ توسط۔ یہ اختلاف انہیں دونوں میں ہے مفرد (سَوْاٰةٌ) میں اختلاف نہیں یعنی اسمیں طول توسط ہوتا ہے۔

[3] شراح شاطبیہ نے اِن دونوں کلمات میں شاطبیؒ کے بیان کو پیش نظر رکھکر نو وجوہ بیان کردیں یعنی واو کی وجوہ ثلثہ میں سے ہر ایک کے ساتھ ہمزہ کی تینوں وجہ۔ ان میں سے صرف چار صحیح ہیں واو کے قصر کے ساتھ ہمزہ کی وجوہ ثلثہ اور توسط کیساتھ صرف توسط۔ واؤ کی توسط کیساتھ ہمزہ میں قصر و طول پڑھنے سے خلط طرق ہو جاتا ہے۔ اور واو میں طول منقول نہیں۔

وغیرہ یا اُسکی حرکت ماقبل پر نقل کیگئی ہو جیسے مَنْ اٰمَنَ - اَلْاٰخِرَۃُ - اِبْنَیْ اٰدَمَ اَلْفَوْا اٰبَآئَھُمْ - قَدْ اَوْتَ مَنْ اَوْفٰی - اَلْاُوْلٰی بِالْاِیْمَانِ - قُلِ ایْ وغیرہ - تو ان سب حالات میں باختلاف اہل ادا ورشؒ قصر توسط اور طول سے پڑھتے ہیں - قصر مقدم ہے اور اسکو مدبدل[1] کہتے ہیں مگر دو خاص کلمات اور دو قسم کے تمام کلمات مدبدل سے مستثنیٰ ہیں - اول یُؤَاخِذُ خواہ کسی طرح آئے باجماع اہل ادا دوم اِسْرَآئِیْلَ - بطرق تیسیر و شاطبیہ - لیکن دانیؒ نے تیسیر میں یواخذ کو مستثنیٰ نہیں کیا جس سے شاطبیؒ کو گمان ہوا کہ یہ کلمہ دانیؒ کے نزدیک مستثنیٰ نہیں اور انہوں نے اسمیں مدبدل بخلاف بیان کر دیا حالانکہ خود دانیؒ ایجاز میں کہتے ہیں "تمام رواۃ مد کا یواخذ کے استثنا

[1] خزاعیؒ - ابو عبداللہ قیروانیؒ - مہدویؒ - ابو محمد مکیؒ - دانیؒ - اہوازیؒ - ابو طاہرؒ بن خلفؒ - ھذلیؒ - ابن شریح مصریؒ ابن بلیمہؒ - ابن الفحامؒ وغیرہم جملہ مشایخ مصر و مغرب نے مدبدل روایت کیا ہے اور دانیؒ نے شیخ ابو القاسم خاقانیؒ اور شیخ ابو الفتحؒ سے قراءۃ پڑھا ہے - لیکن امام ابو الحسنؒ تذکرہ میں مدبدل کی تردید کرتے اور صرف قصر کہتے ہیں - دانیؒ نے آپ سے قصر ہی پڑھا ہے - حافظ ابو شامہؒ کہتے ہیں کہ "ابو الحسنؒ کی رائے حق و صواب ہے" شاطبیؒ قصر کو مختار کہتے ہیں یہی سخاویؒ اور جعبریؒ کی رائے ہے محققؒ کہتے ہیں "حق یہ ہے کہ مبدل شائع ذائع اور امت اسکو قبول کرتی ہے پس اسکی تردید کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی اگرچہ قصر اولیٰ ہے" مدبدل کی مقدار میں اختلاف ہے جمہور اہل ادا صرف طول یعنی مدمتصل کی مانند اشباع کہتے ہیں - تبصرہ اور تجرید وغیرہ میں یہی درج ہے - دانیؒ اہوازیؒ اور ابن بلیمہؒ وغیرہ فقط توسط بتاتے ہیں - تیسیر میں توسط و قصر درج ہے - شاطبیؒ اور صفراویؒ نے تینوں وجوہ بیان کی ہیں - یعنی طول زیادات قصیدہ سے ہے - تینوں وجوہ مشہور و معمول ہیں مگر قصر مقدم ہے - متقدمین نے جنکا مذہب طول ہے - اسمیں اور متصل کے طول میں کوئی فرق نہیں کیا البتہ جعبریؒ کہتے ہیں "یہ مد ما سبق سے چھوٹا ہے کیونکہ اسمیں علتیں متعدد اور سبب ضعیف ہے" ملا علیؒ اسکی تائید کر کے کہتے ہیں "اور ماحصل یہ ہے کہ ورشؒ کے لیئے اٰمَنَ کا مد جَآءَ کے برابر نہیں بلکہ اس سے کم یعنی ڈیڑھ الف کے بقدر ہوتا ہے" اَلْبَنَّاؒ کہتے ہیں "جعبریؒ کا قول جمہور کے مذہب سے معارض ہے اور جمہور کے قول پر عمل اولیٰ ہے" حق یہ ہے کہ اسمیں سبب ضرور ضعیف ہے - اسلیئے دانیؒ وغیرہ نے توسط اور ابو الحسنؒ نے قصر اختیار کیا ہے لیکن طول نقل کرنیوالے ضعف سبب کی بنا پر مقدار کی کمی کے قائل نہیں ہیں - ورنہ لازم ہوگا کہ منفصل کا طول متصل کے طول سے چھوٹا ہو - بلکہ ان کا مذہب مساوات ہے - خواہ سبب قوی ہو یا ضعیف البتہ اجتماع سببین کی حالت میں وہ ضعیف کو لغو کر دیتے ہیں مقدار کی کمی جعبریؒ کی اجتہادی رائے ہے جسپر عمل نہیں ہے -

Marfat.com

پر اجماع ہے کیونکہ ان کے نزدیک یہ واخذت غیر مہموز سے مشتق ہے" اور جامع البیان و مفردہ یعقوب میں بھی یہی کہتے ہیں۔ محقق کہتے ہیں "تمام اصحاب مد اور ناقلین توسط کا یواخذ کے استثناء پر اجماع ہے خواہ کسی طرح آئے۔ دانی نے اپنی تمام تصانیف میں اسکو بلا خلاف مستثنیٰ کیا ہے۔ تیسیر میں یا تو اسوجہ سے مستثنیٰ نہیں کیا کہ واخذت سے مشتق ہے۔ یا لزوم بدل کی بنا پر۔ یا دیگر تالیفات کے اعتماد پر ملخصاً۔ اور وہ دونوں اقسام حسب ذیل ہیں

پہلی قسم۔ جن کلمات میں حرف صحیح ساکن کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں پایا جائے جیسے۔ مَسْئُوْلًا۔ مَدْعُوْمًا۔ قُرْاٰنَ۔ الظَّمْاٰنُ۔ وغیرہ۔ یہ بلا خلاف مستثنیٰ ہیں۔ اور اگر ساکن حرف مد یا حرف لین ہو جیسے النَّبِيُّوْنَ۔ مَوْؤُدَةُ۔ سَوْاٰتِهِمَا وغیرہ تو مد بدل بلا خلاف ہوتا ہے۔

دوسری قسم جنمیں حرف مد مبدلہ ہو۔ اسکی تین نوعیں ہیں۔ اول وہ جسمیں الف وقفاً تنوین نصب سے بدلا ہوا ہو جیسے نِدَاءً۔ دُعَاءً۔ غُثَاءً۔ هُزُوًا

دوم جنمیں اجتماع ہمزتین کی وجہ سے ہمزۂ ثانیہ حرف مد سے بدل جائے جیسے ءَالذَّكَرَيْنِ۔ ءَامَنْتُمْ۔ جَاءَ اَجَلُهُمْ۔ مِنَ السَّمَآءِ بِلٰى۔ اَوْلِيَآءُ اُولٰٓئِكَ سوم جن کلمات میں ہمزۂ وصل ابتداء کے لیے لایا گیا ہو اور اسکی وجہ سے ان کلمات کا ہمزہ مبتدئہ ساکنہ حرف مد سے بدل گیا ہو جیسے اٰلْئٰنَ۔ اٰلْئٰنَ۔ اٰلْئٰنَ۔

اور دو کلمات کے استثناء میں ہمارے شیوخ کا اختلاف ہے

اول ءَآلْئٰنَ[1] (یونس میں) ہمزہ استفہام کیساتھ دو جگہ واقع ہوا ہے - ابو عبداللہ قیروانیؒ - مہدویؒ - ابن شریحؒ اور دانیؒ نے جامع البیان میں بوجہ نقل لام کے بعد کے الف کو مدبدل سے مستثنیٰ کیا ہے - ابو محمد مکیؒ نے اپنی تمام تصانیف میں اور دانیؒ نے تیسیر میں مستثنیٰ نہیں کیا اور دیگر تالیفات میں بخلاف بیان کیا ہے چنانچہ ایجاز و مفردات میں کہتے ہیں وبعض اہل ادا اسمیں مد نہیں کرتے شاطبیؒ نے مد بخلاف بتایا ہے - دونوں وجہ صحیح ہیں - اور

---

[1] مدنیؒ اس کلمہ کو ہمزہ بعد از لام کی حرکت لام پر نقل کر کے پڑھتے ہیں - اور ہمزہ وصل کی تخفیف میں جو ابدال و تسہیل سے کیجاتی ہے دیگر قراء کیساتھ شریک ہیں - ان کے مذہب پر اسکی صورت بر تقدیر ابدال اَلْئٰنَ اور بر بناء تسہیل ءَآلْئٰنَ ہو جاتی ہے اور تلفظ میں سکون لام باقی نہیں رہتا - بعض شیوخ ابدال و تسہیل کو واجب و لازم اور بعض جائز کہتے ہیں اسی وجہ سے اختلاف ہے - محققؒ کہتے ہیں لزوم بدل کی تقدیر پر باب اٰمَنَ میں داخل ہو جاتا ہے اور اس حال میں بمذہب ازرقؒ مدبدل کی وجوہ ثلثہ جائز ہیں اور جواز بدل کی تقدیر پر اَلْدُّ - اور ءَاَنْذَرْتَهُمْ میں شامل ہو جاتا ہے اور اس حال میں بمذہب ازرق اگر عارض کا اعتبار کریں تو اَلْدُّ کے مانند مرفِ قصر اور اگر اعتبار نہ کریں تو ءَاَنْذَرْتَهُمْ کے مانند مرف اشباع ہوگا یعنی جو لزوم بدل پر توسط ہرگز جائز نہیں - اور ان دونوں تقدیرات کا فائدہ دوسرے الف میں ظاہر ہوتا ہے جو باجماع باب اٰمَنَ سے ہے پس اگر اسکے ماقبل پر وقف کر دیں اور اسکو مابعد سے ملا کر پڑھیں اور یہی عملی صورت ہے تو اسمیں ابدال کے ساتھ چھ - اور تسہیل کیساتھ تین وجوہ جائز ہیں - پہلے کے طول کیساتھ دوسرے میں تینوں وجہ جو پہلے کے توسط پر دوسرے میں توسط و قصر اور دونوں میں قصر - اور پہلے کی تسہیل پر دوسرے میں وجوہ ثلثہ - تفصیل اس اجمال کی یہ ہے - ۱ پہلے کا طول لزوم بدل یا جواز بدل پر لعدم اعتداد عارض - اور دوسرے کا بھی طول عدم اعتداد پر ۲ پہلے کا طول جواز بدل پر اور دوسرے کا توسط دونوں عدم اعتبار پر ۳ پہلے کا طول لزوم بدل پر اور دوسرے کا قصر اعتداد عارض پر - ۴ پہلے کا توسط لزوم بدل پر اور دوسرے کا توسط عدم اعتبار عارض پر ۵ پہلے کا توسط لزوم بدل پر اور دوسرے کا قصر اعتداد پر ۶ پہلے کا قصر لزوم بدل یا جواز بدل پر باعتداد عارض اور دوسرے کا بھی قصر باعتبار عارض - باقی تین وجوہ تسہیل کیساتھ ظاہر ہیں اور پہلے کے توسط کیساتھ دو کا طول اور پہلے کے قصر کے ساتھ دوسرے کا طول و توسط بوجہ تصادم مذہبین ناجائز ہیں - یعنی پہلے کا توسط صرف لزوم بدل پر ہو سکتا ہے - پس اگر اسکے ساتھ دوسرے کا طول پڑھیں تو طرق کا تصادم ہو جائیگا کیونکہ دونوں ایک باب سے ہیں اور پہلے کا قصر اگر لزوم بدل پر پڑھیں تو دوسرے میں لامحالہ قصر پڑھنا پڑیگا کیونکہ طول توسط میں وہ ہی تصادم طرق ہے اور اگر جواز بدل پر باعتداد عارض پڑھیں تو دوسری جگہ بھی اعتداد عارض کرنا ہوگا - ورنہ ایک کلمہ میں ضدین جمع ہو جائینگی فافہم فانہ من النوادر - متاخرین اہل ادا اس کلمہ پر تین طرح اور بحث کرتے ہیں - ایک ماقبل پر وقف نہ کریں اور مابعد سے ہی وصل کہیں - دوم ماقبل سے ملا کر اسپر وقف کر دیں - سوم - نہ ماقبل سے ملائیں اور نہ مابعد سے تینوں فرضی صورتیں ہیں تفصیل کے لیئے مطولات دیکھو -

پہلے الف کا مد یا ساکن مقدر کی بناپر ہے یا ہمزۂ محققہ کی وجہ سے۔

دوم عَادَ ۨ الْاُوْلٰی (نجم) کو مدنی و بصری ہمزہ کا ضمہ لام پر نقل اور تنوین کا اُسمیں ادغام کرکے پڑھتے ہیں۔ ابو عبداللہ قیروانیؒ مہدویؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ ابن شریحؒ اور دانیؒ نے جامع البیان میں اسکو بلا خلاف مستثنیٰ کیا ہے اور کہتے ہیں "تنوین کے ادغام نے حرکت لام کو لازم و معتد بہ بنا دیا ہے کیونکہ نہ ساکن میں کوئی حرف مدغم ہوسکتا ہے اور نہ اُسمیں جو حرکۃً ساکن ہو لہذا ہمزہ جسکی وجہ سے مد ہوتا تھا قطعاً ساقط ہوگیا برخلاف الْاٰخِرَةُ وغیرہ کے کہ انمیں نقل حرکت یقیناً عارضی اور ہمزہ مقدر ہے" مگر دانیؒ نے تیسیر میں اسکو مستثنیٰ نہیں کیا اور دیگر تالیفات میں مد بخلاف بیان کیا ہے۔ شاطبیؒ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں اور دونوں صحیح اور معمول بہا ہیں۔ مد کی وجہ وہی مشہور قاعدہ ہے کہ نقلِ حرکت عارضی ہے اور عوارض کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔[1]

مسئلہ۔ اگر دو کلمات میں ہمزتین جمع ہوجائیں اور دوسرے ہمزہ کے بعد مدہ ہو جیسے جَآءَ اٰلَ۔ تو اسکی تسہیل میں وجوہ ثلثہ جائز ہیں اور ابدال میں بمذہب مشہور و صحیح ایک الف کے حذف پر قصر اور اثبات پر فقط طول ہوگا۔ دانیؒ اور محققؒ کا یہی مذہب ہے اور ایسے ہی جب دوسرے ہمزہ کے بعد کوئی اور ساکن ہو جو بوجہ اجتماع ساکنین یا بوجہ نقل متحرک ہوجائے جیسے مِنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ۔ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ۔ لِلنَّبِيِّءِ اِنْ اَرَادَ وغیرہ تب بھی قصر اور طول ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر حروف مقطعات آل عمران کی میم پر وقف نہ کریں اور اسکو مابعد سے ملاکر پڑھیں تو تمام قراء کیلئے

[1] اگر کہا جائے کہ یہ صریح تناقض ہے کہ مد عدم اعتداد حرکت پر اور ادغام اعتداد حرکت پر کیا گیا ہے جس سے ایک ہی حرف کی حرکت معتد بہ اور غیر معتد بہ ہوگئی جو محال ہے تو جواب یہ ہے کہ دونوں حیثیتیں جدا جدا ہیں۔ مد اصل کے لحاظ سے کیا جاتا ہے اور ادغام بغرض تخفیف موجودہ تلفظ کے لحاظ سے۔

Marfat.com

اور فواتح عنکبوت میں بحالت نقل صرف ورش کے لیئے قصر[1] وطول جائز ہیں۔ ابو محمد مکی۔ مہدوی اور دانی کہتے ہیں "دونوں وجوہ جیّد ہیں" ابو الحسن کہتے ہیں "دونوں وجوہ احسن ہیں مگر میں نے دونوں کلمات کو صرف قصر سے پڑھا ہے اور قصر ہی پڑھتا اور پڑھاتا ہوں"

مسئلہ۔ جن کلمات میں سبب ہمزہ کے بعد کا الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے ساقط ہو جائے انمیں وصلاً مد بدل نہیں ہوتا جیسے رَاَالَّذِیْنَ۔ رَاَالْقَمَرَ۔ تَرَاءَ الْجَمْعَانِ وغیرہ اور اگر ان پر وقف کر دیا جائے تو باجماع ناقلین مد بدل ہوتا ہے کیونکہ مانع زائل ہو گیا یہ فصاً ثابت ہے۔

مسئلہ۔ اگر مد کے دو سبب جمع ہو جائیں تو باجماع قوی پر عمل کیا جائیگا اور ضعیف ہرگز موثر نہیں ہوگا چنانچہ آٓمِّیْنَ میں لازم بُرَآءٌ میں متصل۔ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ۔ رَاَاَیْدِیَهُمْ اَلسُّوْٓاَاٰنَ میں منفصل قوی اور مد بدل ضعیف ہے۔ اَلسَّمَآءِ وغیرہ میں وقفاً متصل قوی اور سکون وقفی ضعیف ہے۔ اور مُسْتَهْزِءُوْنَ[2] وغیرہ میں وقفاً مد سکون وقفی قوی اور مد بدل ضعیف ہے۔ کما مر۔ لیکن اگر وقف وغیرہ کی وجہ سے سبب قوی زائل ہو جائے تو سبب ضعیف موثر ہوگا

فائدہ۔ مد بدل میں اشباع و توسط کے ناقلین جدا جدا ہیں انکو خلط ملط کر کے ضرب کے قاعدہ سے ہرگز نہ پڑھنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ وجوہ جائزہ تخییری نہیں بلکہ طرق ہیں ایسا کرنے سے خلط طرق ہو جائیگا لہذا طول کیساتھ طول۔ توسط کیساتھ توسط اور قصر کیساتھ قصر پڑھنا چاہیئے۔

---

[1] ہاشمی کہتے ہیں "مراعات جانبین کے لحاظ سے توسط بھی ہو سکتا ہے" یہ فاسی کا اجتہاد ہے اہل ادا سے وقف میں رعایت جانبین منقول ہے۔ وصل میں نہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ توسط صحیح نہیں۔

[2] طول والوں کے لیئے صرف طول ہے اور توسط والوں کے لیئے توسط و طول ہے اور قصر والوں کے لیئے وجوہ ثلثہ سے وقف جائز ہے

Marfat.com

اور اگر مد بدل اور مد حرف لین جمع ہو جائیں جیسے اٰبَآؤُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْئًا تو مد بدل کے قصر اور توسط کیساتھ حرف لین کا صرف توسط پڑھا جائیگا اور طول کیساتھ حرف لین میں توسط اور طول دونوں جائز ہیں اور اگر حرف لین مقدم ہو جیسے شَیْئًا یُّرِیْدُ اللّٰهُ اَنْ لَّا یَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِی الْاٰخِرَةِ تو حرف لین کے توسط کیساتھ مد بدل کی وجوہ ثلثہ اور طول کے ساتھ فقط طول ہوتا ہے۔ حرف لین میں توسط نقل کرنیوالوں نے مد بدل میں وجوہ ثلثہ اور طول نقل کرنیوالوں نے صرف طول روایت کیا ہے۔

فائدہ۔ اگر سبب مد میں تسہیل یا ابدال یا حذف وغیرہ سے تغیر ہو جائے تو عدم اعتداد عارض پر مد اور اعتداد عارض پر قصر دونوں جائز ہیں۔ دونوں مذہب قوی صحیح مشہور اور معمول بہا ہیں۔ دانیؒ۔ ابن شریحؒ۔ قلانسیؒ اور شاطبیؒ وغیرہ مد کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہی جعبریؒ کے نزدیک مختار ہے کیونکہ اصل کا لحاظ قیاس و نظر سے زیادہ موافق ہے۔ محققؒ کہتے ہیں تحقیق یہ ہے کہ جہاں سببِ مد قطعاً محذوف ہو جائے وہاں قصر اور دیگر حالات میں مداولیٰ ہے۔

فائدہ۔ منفصل کے مد کے ساتھ متصل کا قصر نہ پڑھنا چاہیئے۔ اسکا عکس ہو سکتا ہے یعنی هٰٓؤُلَآءِ اِنْ میں قالونؒ و دوری کے لئے ہا کے قصر کیساتھ اُولَآءِ کا قصر و مد دونوں اور ہا کے مد کے ساتھ اُولَآءِ کا صرف مد پڑھیں متصل منفصل سے کم اور نیچا نہ ہونا چاہیئے۔ اکثر محققین کا یہی مسلک ہے۔ مگر ہشامؒ و حمزہؒ کی وجہ وقفی میں اس نظریہ کی کوئی پابندی نہیں کی جاتی۔

باب ہشتم ہمزتین در یک کلمہ

چونکہ ہمزہ از روی نطق صعب و ثقل اور از روی مخرج بعید ترین حرف ہے لہذا اجتماع ہمزتین کی حالت میں عرب عموماً - حجازی اور قرشی خصوصاً اسکی بین بین تسہیل - ابدال حذف اور نقل وغیرہ کے ذریعہ سے تخفیف کرتے تھے - اسی وجہ سے عربی رسم الخط میں ہمزہ کی کوئی صورت مقرر نہیں حسب اقتضاء تخفیف کہیں الف کہیں واو اور کہیں یاء کی صورت میں اور کہیں بے صورت لکھا جاتا ہے - زیادہ وضاحت تیسرے باب میں آئیگی -

ایک[1] کلمہ میں ہمزتین قطعیتین متحرکتین تین طرح آتے ہیں - دونوں مفتوحہ جیسے ءَاَنْذَرْتَہُمْ پہلا مفتوحہ دوسرا مکسورہ جیسے ءَاِنَّکُمْ - پہلا مفتوحہ - دوسرا مضمومہ جیسے ءَاُنْزِلَ اور ایک کلمہ کے سوا باقی سب جگہ پہلا استفہام کا ہوتا ہے جو باجماع مفتوح ہے پھر انمیں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں متفق علیہ جن کے استفہام یعنی ہمزتین سے پڑھنے پر قراء سبعہ کا اجماع ہے اور مختلف فیہ جن کو بعض ہمزتین سے اور بعض ایک ہمزہ سے پڑھتے ہیں - ہم تینوں اقسام اور اُن کی انواع کو جدا جدا فصلوں میں بیان کرکے آخر فصل میں تتمیم فائدہ کے لیئے ہمزہ ساکن اور ہمزۂ وصل کے وہ احکام بتائیں گے جو تجوید سے علاقہ رکھتے ہیں -

---

[1] کلمہ اصطلاحی مراد ہے جو اہل عربیت کے نزدیک دو کلمات ہیں ایک کلمہ میں ہمزتین میں سے پہلا استفہام کے لئے آتا ہے جو ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور غیر استفہام کے لیئے بھی - دوسرا متحرک بھی ہوتا ہے اور ساکن بھی - متحرک قطعی بھی ہوتا ہے اور وصلی بھی -

Marfat.com

فصل اول ہمزتین مفتوحتین در یک کلمہ

اگر ایک کلمہ میں دو ہمزہ مفتوحہ جمع ہو جائیں۔ (قرآن میں اکیس[۱] جگہ متفق علیہ آئے ہیں) تو حرمیؒ و بصریؒ بلا خلاف اور ہشامؒ بخلاف[۲] ہمزۂ ثانیہ کی بین بین تسہیل کرتے ہیں۔ اگر ہمزۂ ثانیہ کے بعد مدہ نہ ہو تو قالونؒ و بصریؒ و ہشامؒ ہمزتین کے درمیان ادخال الف بھی کرتے ہیں اور ورشؒ نے بوجہ ثانی ہمزۂ ثانیہ کا الف سے ابدال بھی کیا ہے اور اگر الف مبدلہ کے بعد ساکن ہو تو حسب قاعدہ مد لازم ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ قالونؒ و بصریؒ ءَاَنْذَرْتَهُمْ کو ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل اور ادخال الف سے ءَاَنْذَرْتَهُمْ ورش و مکیؒ صرف ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل سے نیز ورشؒ بوجہ ثانی ابدال و مد سے ءَآنْذَرْتَهُمْ اور ہشامؒ تسہیل و تحقیق دونوں کے ساتھ ادخال سے پڑھتے ہیں۔

اور اگر ہمزۂ ثانیہ کے بعد مدہ ہو جو صرف ءَآمَنْتُمْ (تین جگہ) اور ءَآلِهَتُنَا میں پایا جاتا ہے تو غیر معمولی طوالت کے لحاظ سے ہمزتین کے درمیان کسی کے لیے ادخال نہیں اور ہشامؒ کے لیے تسہیل بلا خلاف ہے اور بخوف التباس ورشؒ ابدال نہیں کرتے۔ جو حضرات ابدال بتاتے

---

[۱] دس کلمات اٹھارہ جگہ قبل از ساکن صحیح واقع ہوئے ہیں ۱ و ۲ ءَاَنْذَرْتَهُمْ (بقر، یس)، ۳ تا ۹ ءَاَنْتُمْ (بقر، فرقان، واقعہ، نازعات) ۱۰ ءَاَسْلَمْتُمْ ۱۱ ءَاَقْرَرْتُمْ (ہر دو آل عمران) ۱۲ و ۱۳ ءَاَنْتَ (مائدہ، یونس) ۱۴ ءَاَرْبَابٌ (یوسف) ۱۵ ءَاَسْجُدُ (اسراء) ۱۶ ءَاَشْكُرُ (نمل) ۱۷ ءَاَتَّخِذُ (یس) ۱۸ ءَاَشْفَقْتُمْ (مجادلہ) اور ایک جگہ قبل از مدہ آئے ہیں ۱۹ ءَاَلِهَتُنَا (زخرف) اور دو جگہ قبل از متحرک آئے ہیں ۲۰ ءَاَلِدُ (مریم) ءَاَمِنْتُمْ (ملک)

[۲] ہشامؒ کے لیے تحقیق زیادات قصیدہ سے ہے تیسیر میں حلوانیؒ سے بطریق ابن عبدانؒ تسہیل بلا خلاف بیان کیگئی ہے۔ یہی کافی عنوان۔ مجتبیٰ۔ مبہج۔ اعلان۔ تلخیص العبارات۔ روضہ۔ معدل۔ کفایہ۔ قلانسیؒ۔ تبصرہ۔ ہادی۔ ہدایہ۔ ارشاد۔ تذکرہ۔ مستنیر۔ مبہج۔ غایہ ابی العلاءؒ اور تجرید میں عبدالباقیؒ سے اور یہی اخفشؒ کی ہشامؒ سے روایت ہے ابو عبداللہ بجالیؒ نے حلوانیؒ سے تحقیق روایت کی ہے۔ یہی ابو معشرؒ ابو علی مالکیؒ صاحب تجرید اور ابن مجاہدؒ نے بیان کی ہے اور یہی داجونیؒ کی تمام مشہور طرق سے روایت ہے۔ دونوں وجوہ صحیح و مشہور و معمول ہیں۔

[۳] ابن مجاہدؒ اور جمہور اہل بغداد بین بین کہتے ہیں یہ قریش۔ سعد بن بکر کنانہ اور اکثر بنو قیس کا لغت ہے۔ اہل مصر ابدال کہتے ہیں یہی قرشی لغت ہے اور محض سماعی ہے قیاسی نہیں لیکن مطرد ہے ابو محمد مکیؒ۔ مہدویؒ۔ دانیؒ۔ اور شاطبیؒ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں دونوں صحیح و معمول ہیں۔

Marfat.com

ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ محقق کہتے ہیں "ازرق کے تمام تلامذہ صرف بین بین تسہیل پر متفق ہیں" ابن الباذش اقناع میں کہتے ہیں "جو لوگ ءَاَنْذَرْتَهُمْ وغیرہ میں ورش کے لیئے ابدال نقل کرتے ہیں ءَاِلٰهَتُنَا وغیرہ میں انکا بین بین پر اجماع ہے" ابن سفیان مہدوی۔ ابو محمد مکی۔ دانی۔ ابن شریح۔ اور ابن الفحام وغیرہ محققین نے بین بین کے سوا اور کوئی وجہ بیان نہیں کی۔ ابو بکر اذفوی ابدال مع اشباع بتلانے میں متفرد اور تمام اہل نقل کے خلاف ہیں۔ محقق کہتے ہیں "ابدال روایت و قیاس اور مذہب ورش کے خلاف ہے۔ شاید ان لوگوں کو یہ وہم اسوجہ سے ہوا کہ اصبہانی نے اَمَنْتُمْ کو ورش کے لیئے بخبر روایت کیا ہے جس سے انکو خیال ہوا کہ یہ ابدال ہے" تعجب ہے کہ جعبری نے یہاں لغزش کی اور ابدال بیان کر دیا اور ملا علی نے انکی تقلید کی ہے۔ جو صحیح نہیں۔

قبل قَالَ فِرْعَوْنُ ءَامَنْتُمْ (اعراف) اور وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ءَاَمِنْتُمْ (ملک) میں باجماع ناقلین صلاً ہمزہ اولیٰ کو ضمہ ماقبل کی بنا پر واؤ مفتوحہ سے بدلتے ہیں اور حسب قاعدہ ہمزہ ثانیہ کی تسہیل بھی کرتے ہیں۔ لیکن اگر فِرْعَوْنُ اور النُّشُوْرُ پر وقف کر دیں تو ہمزہ محققہ سے ابتدا کرتے ہیں کیونکہ اب سبب بدل باقی نہیں رہا۔

پانچ کلمات ہیں جو سات جگہ واقع ہوئے ہیں خبر و استفہام کا اختلاف ہے۔ اول

لہ ابدال سے خبر و استفہام میں التباس ہو جاتا ہے اور یہ خلاف روایت ہے

سہ اصبہانی اپنے شیوخ کے ذریعہ سے نیز احمد بن صالح یونس بن عبد الاعلیٰ اور ابو الازہر ورش سے اَمَنْتُمْ کو حفص کی طرح بخبر روایت کرتے ہیں غالباً اس کو شاطبیہ کے بعض شارحوں نے ابدال تصور کر لیا چنانچہ ابن القاصح عذری کہتے ہیں "جو لوگ ابدال کہتے ہیں وہ انمیں بھی ابدال کرتے ہیں۔ مگر الف مبدلہ اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف ہو جاتا ہے جس سے روایت ورش بحالت قصر روایت حفص کے مانند ہو جاتی ہے مگر ماخذ مختلف ہے اور مد بدل کی صورت میں فرق ہوتا ہے" یہ توضیح یقیناً باطل و مردود ہے بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ مد استفہام پر دلالت کرتا ہے۔ شاید یہ لوگ یہی سمجھے ہیں کہ اَمَنْ اَذْكَرُ اَكَرَ وغیرہ بھی بحالت مد استفہام بن جاتے ہیں۔ ورنہ فرق بتائیں۔

Marfat.com

ءَاَنْ یُّؤْتٰی (آلِ عمران) کو مکیؒ۔ دوم ءَاَمَنْتُمْ (اعراف و شعراء کو) غیر حفصؒ اور طٰہٰ میں اسی کلمہ کو غیر قنبلؒ و حفصؒ۔ سوم ءَاَعْجَمِیٌّ[1] (فصلت) کو غیر ہشامؒ۔ چہارم ءَاَذْهَبْتُمْ (احقاف) کو مکیؒ و شامیؒ۔ پنجم ءَاَنْ كَانَ (ن) کو شامیؒ۔ و ابو بکرؒ و حمزہؒ۔ استفہام یعنی ہمز تین سے اور باقی حضرات خبر یعنی ایک ہمزہ سے پڑھتے ہیں۔ استفہام سے پڑھنے والے حسب اصول خود تحقیق تسہیل ادخال و ابدال کرتے ہیں مگر ءَاَمَنْتُمْ میں تینوں حلہ قالونؒ وغیرہ کے لیئے ادخال اور ورشؒ کے لئے ابدال نہیں کیونکہ ابدال اور ءَاَنْ كَانَ میں ہشامؒ کے لیئے تسہیل بلا خلاف ہے۔

ءَاَمَنْتُمْ (تینوں جگہ) ءَاٰلِهَتُنَا۔ ءَاَنْ كَانَ اور ءَاَعْجَمِیٌّ میں ابن ذکوانؒ اور پچھلے کلمہ میں حفصؒ بھی ہمزہ ثانیہ کی تسہیل میں شریک ہیں بعض اہل ادا نے مؤخر الذکر دونوں کلمات میں ابن ذکوانؒ کے لیئے ادخال بھی بیان کیا ہے۔ جو ہمارے ائمہ کے نزدیک صحیح نہیں ہے۔

فصل دوم ہمز تین مفتوحہ و مکسورہ در یک کلمہ

اگر ایک کلمہ میں ہمزہ مفتوحہ اور مکسورہ جمع ہو جائیں اور استفہام مفرد ہو

---

[1] ءَاَعْجَمِیٌّ کو صالحؒ بن محمدؒ طلحہؒ بن محمد الشاہدؒ۔ شذائیؒ۔ مطوعیؒ۔ شنبوذیؒ ابن ابی بلالؒ اور بکارؒ بطریق نہروانیؒ عن ابن مجاہدؒ قنبلؒ کیلئے یہ خبر اور ابن شنبوذؒ و صامریؒ باستفہام روایت کرتے ہیں۔ یہی ہمارا طریقہ ہے اور ابن عبدانؒ ہشامؒ سے بذریعہ حلوانیؒ بخبر روایت کرتے ہیں یہی ہمارا طریقہ ہے یہی تجرید و مبہج میں منقول ہے۔ ابو عبداللہ جمالؒ اور داجونیؒ نے باستفہام روایت کیا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ ہشامؒ کے لیئے باستفہام اور قنبلؒ کے لیئے بخبر ہی صحیح ہے مگر ہمارے طرق سے نہیں۔

[2] علامہ دانیؒ کہتے ہیں "ابن ذکوانؒ کے لیئے ادخال نظر و قیاس کی رو سے مستقیم و صحیح نہیں۔ کیونکہ جب ابن ذکوانؒ ہمز تین محققین کے درمیان ادخال نہیں کرتے جبکہ اجتماع اثقل ہے تو محققہ اور مسہلہ کے درمیان کیسے ادخال ہو سکتا ہے اسکے علاوہ اخفشؒ نے اپنی کتاب میں تحقیق اولیٰ اور بہ تسہیل ثانیہ کہا ہے۔ فصل بیان نہیں کیا" محققؒ کہتے ہیں دانیؒ کا قول نص کے موافق اور بروے قیاس صحیح تر ہے۔ ابن شیطاؒ ابن سوارؒ۔ قلانسیؒ۔ ابو علی مالکیؒ۔ ابن الفحامؒ وغیرہ محققین کی یہی تحقیق ہے" نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے طرق سے ابن ذکوانؒ کے لیئے ادخال درست نہیں۔ واللہ اعلم۔

(جو چودہ[۱۴] جگہ متفق علیہ ہے) حرمیؒ و بصریؒ ہمزۂ ثانیہ کی بین بین تسہیل کرتے ہیں اور ایک کلمہ آئِنَّکُمْ لَتَکْفُرُوْنَ (فصلت) میں ہشامؒ بھی بخلاف[۵۲] تسہیل میں شریک ہیں۔ اور قالونؒ و بصریؒ ہر جگہ بلا خلاف ہشامؒ سات جگہ اول ءَاِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ دوم ءَاِنَّ لَنَا (ہر دو اعراف) سوم ءَاِذَا مَا مِتُّ (مریم) چہارم اَئِنَّ لَنَا (شعراء) پنجم اَئِنَّکَ لَمِنَ ششم اَئِفْکًا (ہر دو صفت) ہفتم اَئِنَّکُمْ (فصلت کے مندرجہ بالا کلمہ) میں بلا خلاف اور باقی مقامات میں بخلاف ادخال کرتے ہیں

اس قسم میں سے پانچ کلمات میں خبر و استفہام کا اختلاف ہے اول ءَاِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ (اعراف) کو غیر مدنیؒ و حفصؒ دوم ءَاِنَّ لَنَا (ایضاً اعراف) کو غیر حرمیؒ و حفصؒ سوم ءَاِنَّکَ لَاَنْتَ (یوسف) کو غیر مکی۔ چہارم ءَاِذَا مَا مِتُّ (مریم) کو

---

[۱] آٹھ کلمات ہیں [۲] تا [۳] اَئِنَّکُمْ (انعام۔ نمل۔ فصلت) [۴] اَئِنَّ لَنَا (شعراء) [۵] تا [۹] ءَاِلٰهٌ (نمل پانچ) [۱۰] اَئِنْ ذُکِّرْتُمْ (یٰسٓ) [۱۱] اَئِنَّا لَتَارِکُوْا [۱۲] اَئِنَّکَ لَمِنَ [۱۳] اَئِفْکًا (ہر دو صفت) [۱۴] ءَاِذَا مَا مِتُّ (مریم)

[۱۵] اَئِنَّکُمْ (فصلت) میں جمہور مغربی قراء صرف تسہیل کہتے ہیں۔ تیسیر۔ کافی۔ ہادی۔ ہدایہ۔ تبصرہ۔ تلخیص العبارات۔ ارشاد تذکرہ۔ مبہج۔ اور عنوان میں تسہیل و ادخال مروی ہے اور جمہور اہل عراق تحقیق کہتے ہیں۔ ابو الحسنؒ خیاط۔ ابن سوارؒ۔ قلانسیؒ ابو علی مالکیؒ۔ ابن الفحامؒ۔ اور حافظ ابو العلاؒ نے تحقیق و ادخال بیان کیا ہے۔ دانیؒ جامع البیان میں شاطبیؒ اور صفراویؒ تسہیل بخلاف بیان کرتے ہیں دونوں وجوہ صحیح اور معمول بہا ہیں۔

[۱۶] شیخ ابو الفتحؒ ابو احمد سامریؒ۔ ابن عبدانؒ اور حلوانیؒ کے ذریعہ سے ہشامؒ سے ہر جگہ ادخال روایت کرتے ہیں۔ اور دانیؒ نے امام ابو الفتحؒ سے بلا استثنا ادخال پڑھا ہے۔ کفایہ اور تجرید میں بھی اس طریقہ سے صرف ادخال بیان کیا گیا ہے۔ ابن سوارؒ ابو الحسنؒ خیاطؒ۔ ابو علی مالکیؒ۔ اور ابن شیطاؒ وغیرہ جمہور ائمہ عراق کے یہاں بھی حلوانیؒ سے ادخال مشہور ہے۔ شذائیؒ نے داجونیؒ سے حافظ ابو العلاءؒ نے حلوانیؒ اور داجونیؒ دونوں سے فقط ادخال روایت کیا ہے۔ مگر مستنیر۔ تذکار۔ جامع۔ الروضہ۔ تجرید۔ کفایہ کبریٰ وغیرہ کے مؤلفین یعنی جمہور اہل عراق کے یہاں داجونی سے صرف عدم ادخال مشہور و مروی ہے۔ ایک جماعت تفصیل کیطرف گئی ہے۔ یعنی وہ سات مقامات مندرجہ متن میں ادخال کرتی ہے۔ اور کہیں نہیں کرتی۔ دانیؒ نے شیخ ابو الحسنؒ سے اسی طرح پڑھا ہے۔ ہادی۔ ہدایہ۔ کافی۔ عنوان۔ تلخیص۔ تبصرہ اور شاطبیہ میں ان مقامات میں بلا خلاف اور باقی مقامات میں بخلاف ادخال درج ہے یہی مشہور و معمول ہے۔ مگر ادخال مقدم ہے۔ کیونکہ وہ حلوانیؒ کا مذہب ہے۔

Marfat.com

ابن ذکوانؒ بخلاف[1] اور باقی حضرات بلاخلاف پنجم ءَ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ (واقعہ) کو ابوبکر استفہام سے اور باقی حضرات خبر سے پڑھتے ہیں۔ استفہام سے پڑھنے والے اپنے اپنے اصول کے مطابق تحقیق و تسہیل اور ادخال وغیرہ کرتے ہیں۔

مفتوحہ مکسورہ میں سے یہ استفہام مفرد کی بحث تھی اسکے سوا گیارہ مقامات میں استفہام[2] مکرر واقع ہوا ہے یعنی بائیس کلمات میں سے دو دو بالمقابل آئے ہیں جیسے ءَاِذَا ءَاِنَّا عام قاعدہ یہ ہے کہ مدنیؒ اور کسائیؒ پہلے کو استفہام اور دوسرے کو خبر سے شامیؒ اسکے برعکس پہلے کو خبر اور دوسرے کو استفہام سے اور باقی حضرات دونوں کو استفہام سے پڑھتے ہیں۔ چنانچہ سورہ رعد۔ اسراء۔ مؤمنون۔ سجدہ اور صفت میں سات جگہ سب نے اس قاعدہ کی پابندی کی ہے۔ مگر چار جگہ۔ نمل۔ عنکبوت۔ واقعہ۔ اور نزعٰت میں بعض حضرات نے اس اصل کی مخالفت کی ہے

نمل میں مدنیؒ خلاف اصل پہلے کو خبر اور دوسرے کو استفہام سے شامی خلاف اصل اور کسائیؒ حسب اصل پہلے کو استفہام اور دوسرے کو خبر سے اور باقی حضرات دونوں کو

---

[1] ءَاِذَا مَامِتُّ کو دانیؒ نے ابن ذکوانؒ کے لیئے ابوالفتحؒ اور ابوالحسنؒ سے بربناء خبر بہمزۂ واحد پڑھا ہے اور شذائیؒ کے سوا صوریؒ کے تمام طرق سے یہی منقول ہے۔ تبصرہ۔ ہادی۔ ہدایہ۔ تلخیص العبارات۔ تذکرہ۔ کافی وغیرہ میں اور جمہور اہل عراق و اہل مغرب کے نزدیک صوریؒ سے یہی مشہور ہے نقاشؒ نے اخفشؒ سے باستفہام روایت کیا ہے۔ دانیؒ نے ابوالقاسم فارسیؒ سے استفہام پڑھا ہے۔ اخفشؒ کے عراقی۔ شامیؒ۔ مصری اور مغربی تمام طرق سے استفہام منقول ہے۔ یہی شذائیؒ نے صوریؒ سے روایت کیا ہے اور یہی تجرید۔ تبصرہ۔ کامل۔ اور غایۂ ابن مہران میں مروی ہے جامع لبیان مفردہ یعقوب۔ شاطبیہ اور اعلان میں دونوں وجوہ درج ہیں یہی تیسیر کا مفہوم ہے۔ دونوں وجوہ صحیح ہیں مگر استفہام مقدم ہے کیونکہ وہ اخفشؒ کا طریقہ ہے۔

[2] اول ءَاِذَا کُنَّا تُرَابًا ءَاِنَّا لَفِیْ (رعد) دوم و سوم ءَاِذَا کُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ (اسراء) چہارم و پنجم و ہفتم۔ ءَاِذَا مِتْنَا وَکُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا (مؤمنون) ایک صفت دو واقعہ ہشتم ءَاِذَا کُنَّا تُرَابًا وَّاٰبَاؤُنَا ءَاِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ (نمل) نہم ءَاِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَکُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ءَاِنَّکُمْ (عنکبوت) دہم ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِیْ (سجدہ) یازدہم ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الْحَافِرَةِ ءَاِذَا کُنَّا (نزعٰت)

Marfat.com

استفہام سے پڑھتے ہیں۔ نیز شامیؒ وکسائیؒ نے دوسرے کلمہ کو ایک نون زیادہ کرکے اِنَّنَّ پڑھا ہے۔

عنکبوت میں دوسرے کلمہ کے استفہام پر اجماع ہے۔ حرمیؒ اور حفصؒ خلاف اصل اور شامی حسب اصل پہلے کو خبر سے اور باقی حضرات حسب اصل استفہام سے پڑھتے ہیں۔

واقعہ میں مدنیؒ وکسائیؒ حسب اصل پہلے کو استفہام اور دوسرے کو خبر سے۔ شامی خلاف اصل اور باقی حضرات دونوں کو حسب اصل استفہام سے پڑھتے ہیں۔

نزعت میں مدنیؒ وکسائیؒ حسب اصل اور شامی خلاف اصل پہلے کو استفہام اور دوسرے کو خبر سے اور باقی حضرات دونوں کو استفہام سے پڑھتے ہیں۔

نتیجہ یہ ہے کہ مکیؒ وحفصؒ وکسائیؒ ایک جگہ (عنکبوت میں) مدنیؒ دو جگہ (نمل و عنکبوت میں) اور شامی تین جگہ (نمل واقعہ نزعت میں) اصل مقررہ کی مخالفت کرتے ہیں۔ باقی حضرات اصل کے پابند ہیں۔ استفہام و خبر سے پڑھنے والے اپنے اپنے قاعدہ کے مطابق تسہیل وادخال وتحقیق کرتے ہیں مگر ان میں ہشام کے لئے ہمارے طرق پر ادخال بلا خلاف ہے۔[1]

تتمہ:- ایک کلمہ اَئِمَّۃً قرآن میں پانچ جگہ[2] ایسا ہے کہ جسمیں ہمزتین مفتوحہ ومکسورہ قطعیہ پائے جاتے ہیں اور پہلا استفہام کے لئے نہیں۔ حرمیؒ وبصریؒ ہمزۂ ثانیہ کی

---

[1] دانیؒ۔ شاطبیؒ اور تمام قراء مغرب نیز ابن سوارؒ ابن شیطاؒ۔ قلانسیؒ اور حافظ ابوالعلاؒ کا یہی مذہب ہے۔ سبط الخیاطؒ اور صفراویؒ وغیرہ ان میں بھی ادخال بخلاف بتاتے ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں قیاس کا اقتضا یہی ہے۔ پھر کہتے ہیں "حق یہ ہے کہ بطرق تیسیر وشاطبیہ انمیں ادخال بلا خلاف ہے"۔

[2] اَئِمَّۃَ الْکُفْرِ (توبہ) اَئِمَّۃً یَّھْدُوْنَ (انبیا) وَنَجْعَلَھُمْ اَئِمَّۃً۔ وَجَعَلْنٰھُمْ اَئِمَّۃً (ہر دو قصص) مِنْھُمْ اَئِمَّۃً۔ (سجدہ)

Marfat.com

بین[1] بین تسہیل کرتے ہیں باقی حضرات کے لئے تحقیق ہے۔ ہشامؒ ہمزتین کے درمیان بخلاف ادخال[2] کرتے ہیں۔ اور سب بلا ادخال پڑھتے ہیں یہی ہشام کی دوسری وجہ ہے۔

فصل سوم ہمزتین مفتوحہ مضمومہ در یک کلمہ

اگر ایک کلمہ میں ہمزتین مفتوحہ اور مضمومہ جمع ہوں (متفق علیہ صرف[3] تین جگہ آئی ہیں) تو حرمیؒ و بصریؒ تینوں جگہ بلا خلاف اور ہشامؒ صرف دو جگہ یعنی ص و قمر میں ہمزۂ ثانیہ کی بخلاف تسہیل کرتے ہیں۔ قالونؒ بلا خلاف بصری بخلاف[4] اور ہشامؒ بحالت تسہیل بلا خلاف اور بصورت تحقیق بخلاف ہمزتین کے درمیان ادخال الف کرتے ہیں۔

---

[1] حرمی و بصریؒ کے لیے تسہیل جمہور کا مسلک ورشؒ سے بطریق اصبہانیؒ منصوص۔ ابن سوارؒ۔ ہذلیؒ ابو علی مالکیؒ ابن الفحامؒ۔ حافظ ابو العلاءؒ۔ سبط الخیاطؒ۔ ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ قلانسیؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ اور شاطبیؒ کا مذہب ہے امام ابو الحسنؒ اور دانیؒ کی قول بیا مختلستہ الکسرہ اور ابن مہرانؒ کے قول ہمزۂ واحد غیر ممدودہ کے یہی معنے ہیں ابن شریحؒ۔ صاحب ارشاد وغیرہ ابدال بیا کہتے ہیں۔ اکثر و اسطی قراء اسی طرف مائل ہیں۔ لیکن بقول ابو محمد مکیؒ۔ دانیؒ۔ حافظ ابو العلاءؒ اور شاطبیؒ یہ نحاۃ کا مذہب ہے۔

[2] قلانسیؒ ابن عبدانؒ وغیرہ سے ابن سوارؒ۔ ابن شیطاؒ۔ ابو الحسنؒ خیاط وغیرہ جمہور اہل عراق حلوانیؒ سے ادخال روایت کرتے ہیں۔ حافظ ابو العلاءؒ نے صرف ادخال روایت کیا ہے۔ دانیؒ نے تیسیر میں ابو الفتحؒ سے ابن عبدانؒ کے سوا اور طریقہ پر جسکی جامع البیان میں خود تصریح کی ہے) قصر بتایا ہے۔ ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ ابن شریحؒ۔ ابن خلبونؒ۔ ابو الحسنؒ ابو محمد مکیؒ۔ ابو طاہرؒ بن خلفؒ اور جمہور مغربی قراء قصر بتاتے ہیں۔ دانیؒ نے ابو الحسنؒ و ابو الفتحؒ سے بطریق غیر ابن عبدانؒ قصر ہی پڑھا ہے۔ تجرید میں غیر طریقہ جمالؒ سے اور مبہج میں صرف قصر درج ہے یہ وہ جگہ ہے جہاں دانیؒ نے خلط طرق کر دیا۔

[3] قُلْ أَؤُنَبِّئُكُمْ۔ (آل عمران) آٰلذَّكَرَيْنِ (ص) ءَالْكِتَٰبُ (قمر)

[4] تیسیر میں دانیؒ نے بصریؒ کے لیے ادخال بیان نہیں کیا جمہور اہل عراق و اہل مغرب یہی عدم ادخال روایت کرتے ہیں دانیؒ نے جامع البیان میں ادخال درج کیا ہے اور قیاس و نص سے اسکی تصدیق کی ہے۔ ہدایہ۔ مصباح۔ شاطبیہ اور اعلانؒ وغیرہ میں دونوں وجوہ منقول اور دونوں صحیح ہیں۔

[5] ہشامؒ کے لیے تین وجوہ منقول ہیں۔ اول تحقیق کیساتھ تینوں جگہ ادخال دانیؒ نے شیخ ابو الفتحؒ سے اسی طرح پڑھا ہے اور ابن عبدانؒ کا حلوانیؒ سے یہی طریقہ ہے۔ قلانسیؒ اسی طریقہ سے ہذلیؒ اور صاحب تجرید حلوانیؒ سے بطریق ابو عبد اللہ خالؒ و ابن سوارؒ و حافظ ابو العلاءؒ حلوانیؒ سے یہی روایت کرتے ہیں۔ اور تیسیر میں یہ پہلی وجہ ہے۔ دوم تینوں جگہ تحقیق بلا ادخال یہ کافی میں پہلی وجہ ہے ابن سوارؒ۔ ابو علی مالکیؒ۔ ابن الفحامؒ قلانسیؒ حافظ ابو العلاءؒ اور سبط الخیاطؒ وغیرہ نے داجونیؒ سے نقل کی ہے۔ سوم آل عمران میں بلا ادخال تحقیق اور ص و قمر میں ادخال مع تسہیل دانیؒ نے امام ابو الحسنؒ سے اسی طرح پڑھا ہے۔ تذکرہ۔ ہادی۔ ہدایہ۔ تبصرہ۔ تلخیص العبارات اور عنوان میں یہی منقول ہے اور جمہور مغربی قراء یہی وجہ بیان کرتے ہیں۔ تیسیر و کافی میں یہ دوسری وجہ ہے۔ شاطبیؒ نے تینوں وجوہ بیان کی ہیں اور تینوں صحیح و معمول ہیں۔

نتیجہ یہ ہے کہ ورشؒ و مکیؒ کے لیئے تینوں جگہ ہمزۂ ثانیہ کی صرف تسہیل اور قالونؒ کے لیئے تسہیل مع ادخال بلا خلاف اور بصریؒ کے لیئے تسہیل بلا خلاف اور ادخال بخلاف ہے اور ہشامؒ کے لیئے آل عمران میں تحقیق بلا خلاف اور ادخال بخلاف یعنی دو وجوہ۔ اور ص۔ وقمر میں تحقیق کے ساتھ ادخال و عدم ادخال اور تسہیل کے ساتھ صرف ادخال تین تین وجوہ ہیں۔

اس قسم میں سے ایک کلمہ میں اختلاف ہے سورہ زخرف میں نافع ءَاُشْهِدُوْا کو ہمزۂ استفہام کے بعد ہمزۂ مضمومہ زیادہ کرکے شین کے سکون اور حسب قاعدہ عن ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل سے اور باقی حضرات ہمزۂ استفہام کے بعد شین مفتوحہ سے بلا ہمزۂ مضمومہ پڑھتے ہیں اور اسمیں قالونؒ کے لیئے ادخال بخلاف ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ جب ایک کلمہ میں دو ہمزہ قطعی جمع ہو جائیں تو حرمیؒ و بصری حالات ثلثہ میں ہمزۂ ثانیہ کی بلا خلاف اور ہشام مفتوحتین میں ہر جگہ اور مفتوحہ مکسورہ میں سے صرف سورہ فصلت میں ایک جگہ اور مفتوحہ مضمومہ میں سے ص و قمر میں دو جگہ ہمزہ ثانیہ کی بخلاف تسہیل کرتے ہیں۔ ابن ذکوانؒ نے چار کلمات میں اور حفصؒ نے ایک کلمہ میں تسہیل کی ہے اور باقی حضرات ہر حال میں تحقیق سے پڑھتے ہیں۔ نیز ورشؒ نے مفتوحتین میں سے ہمزۂ ثانیہ کا الف سے ابدال بھی کیا ہے۔ جب کہ اُسکے بعد مدہ نہ ہو۔

سلہ دانیؒ نے شیخ ابو الفتحؒ سے بطریق ابی نشیطؒ ادخال پڑھا ہے۔ یہی سبط الخیاطؒ کی روایت ہے اور ابن مہرانؒ نے دونوں طرق سے ادخال روایت کیا ہے۔ بذلیؒ نے بجمیع طرق قلانسیؒ اور ابن سوارؒ نے حلوانیؒ سے بھی ادخال روایت کیا ہے۔ دانیؒ نے امام ابو الحسنؒ سے قصر (بلا ادخال پڑھا ہے) ہادی۔ ہدایہ۔ تبصرہ۔ تذکرہ کافی۔ تلخیص۔ غایۃ الاختصار وغیرہ اکثر تصانیف میں قصر درج ہے۔ مبہج و کفایہ میں سبط الخیاطؒ نے دونوں طرق سے اور مستنیر میں ابو نشیطؒ سے قصر روایت کیا ہے۔ تیسیر و شاطبیہ اور اعلان میں دونوں وجوہ درج اور دونوں صحیح ہیں۔

اگر ہمزۂ ثانیہ کے بعد مدہ نہو تو قالونؒ حالات ثلثہ میں بلا خلاف مگر اٰسْتَمْدُوْ
میں بخلاف۔ بصریؒ مفتوحہ و مضمومہ میں بخلاف اور باقی دونوں حالات میں بلا
خلاف۔ ہشامؒ مفتوحتین میں سب جگہ اور مفتوحہ مکسورہ میں سے استفہام مفرد میں
سات جگہ اور استفہام مکرر میں ہر جگہ اور مفتوحہ مضمومہ میں سے صاد و قمر میں بحالت
تسہیل بلا خلاف اور استفہام مفرد کے باقی مواقع اور عَائِمَّةً اور مفتوحہ مضمومہ کے درمیان
بحالت تحقیق (یعنی تینوں جگہ) بخلاف ادخال الف کرتے ہیں۔ اور باقی حضرات
بلا ادخال پڑھتے ہیں۔

فائدہ۔ بحالت ادخال چونکہ حرف مد اور سبب مد ایک کلمہ میں جمع ہو جاتے
ہیں۔ لہذا امام ابن شریحؒ۔ اور استاذ ابو عبد اللہؒ بن ابی السداد مالقیؒ شارح
تیسیر کہتے ہیں وہ کہ مد متصل ہو گا۔ اور حسب قاعدہ تسہیل کے ساتھ مد و قصر اور تحقیق
کے ساتھ صرف مد ہو گا۔" یہ تفقہ ہے۔ جمہور اہل ادا تحقیق و تسہیل میں صرف قصر
کہتے ہیں کیونکہ یہ مدہ عارضی ہے اور عوارض کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔ محققؒ کہتے
ہیں وہ ائمہ عراق باجماع۔ شام و مصر و مغرب کے جمہور قراء اور عام اہل ادا
کا مذہب قصر ہے۔

امام ابن مہرانؒ نے اسپر اجماع نقل کیا ہے چنانچہ وہ کہتے ہیں "ءَاَنْذَرْتَهُمْ
ءَاَذَا۔ اَؤُنَبِّئُكُمْ وغیرہ میں جو ادخال کیا جاتا ہے اُسکو مد حجز کہتے ہیں۔
کیونکہ وہ ہمزتین کے درمیان حاجز و فاصل ہو جاتا ہے۔ عرب ہمزتین کے اجتماع
کو ثقیل سمجھتے تھے لہذا اُن کے درمیان مدہ داخل کر دیتے تھے جو فاصل ہو کر دونوں
کو جدا کر دے اور اسکی مقدار بالاجماع پورے الف کے برابر ہوتی ہے اس سے حجز ہو جاتا ہے

کسی مزید زیادتی کی ضرورت نہیں"۔ محققؒ کہتے ہیں۔ قیاس و نظر اور ادا کے اعتبار سے یہی اولیٰ ہے۔ سیدؒ کہتے ہیں "میں نے اپنے تمام شیوخ سے مد کے بغیر پڑھا ہے اور یہی قیاس و نظر کا اقتضاء ہے۔ اور آج کل ابن الغازیؒ وغیرہ کے مقلدین کے سوا کوئی مد نہیں کرتا"۔ حق یہی ہے جعبریؒ۔ اور ملا علیؒ وغیرہ تمام محققین کا یہی مذہب ہے۔

فصل چہارم ہمزۂ ساکنہ اور ہمزۂ وصل کے احکام متفقہ

اگر ہمزتین مجتمعہ فی الکلمہ میں سے دوسرا ہمزۂ ساکن ہو تو پہلا حرکات ثلثہ سے متحرک ہوتا ہے اور کثیر الدور ہے۔ تمام قراء ہمزۂ ساکنہ کو وجوباً حرف مد سے بدل لیتے ہیں جیسے اٰسٰی۔ اٰتٰی۔ اٰدَمُ۔ اٰلِهَتُنَا۔ اٰمَنْتُمْ۔ اٰمَنَ۔ اٰزَرَ۔ اُوْتِیَ اُوْذِیَ۔ اُوْذُوْ۔ اُوْتِیْتُمْ۔ اُوْتُمِنَ۔ اِیْمَانٌ۔ اِیْتَآءِ۔ اِیْلَافِ اور اِیْتِ وغیرہ۔

ہمزۂ استفہام کے بعد ہمزۂ وصل دو طرح آتا ہے۔ مکسورہ اور مفتوحہ متفق علیہ بھی اور مختلف فیہ بھی۔ ہمزۂ وصل مکسورہ باجماع حذف ہو جاتا ہے کیونکہ اس کے حذف سے التباس کا کوئی خوف نہیں ہے اور ہمزۂ استفہام اسکا قایم مقام بن جاتا ہے جیسے۔ اَفْتَرٰی۔ اَسْتَغْفَرْتَ۔ اَصْطَفَی۔ اَتَّخَذْتُمُوْهُمْ وغیرہ۔

اور ہمزۂ وصل مفتوحہ تین کلمات میں چھ جگہ متفق علیہ[1] اور ایک جگہ مختلف فیہ واقع ہوا ہے۔ اسکو بخوف التباس حذف نہیں کرتے لیکن تخفیف پر اجماع ہے اور سب کے لئے

[1] آٰلذَّكَرَيْنِ (انعام دو جگہ) آٰلْـٰٔنَ (یونس دو جگہ) آٰللّٰهُ اَذِنَ۔ (یونس) آٰللّٰهُ خَيْرٌ (نمل) یہ چھیوؤں متفق علیہ ہیں۔ آٰلسِّحْرُ (یونس) کو بصریؒ باستفہام پڑھتے ہیں۔ لہذا ان کے لئے ابدال و تسہیل دونوں وجوہ جائز ہیں۔ اور باقی حضرات اسکو بلا ہمزہ استفہام خبر سے پڑھتے ہیں۔

دو طرح تخفیف کیجاتی ہے۔ اول ہمزۂ وصل کو الف سے بدل کر مدلازم کیساتھ پڑھتے ہیں۔ یہ اداؒ مقدم اور اکثر اہل ادا کا مذہب ہے۔ دانیؒ نے امام ابوالحسنؒ سے اسی طرح پڑھا تھا۔ محققؒ کہتے ہیں "میں نے تذکرہ۔ ہادی۔ ہدایہ۔ کافی۔ تبصرہ۔ تجرید۔ روضہ۔ مستنیر۔ تذکار۔ ارشادین۔ غایتین وغیرہ کے طرق اور اپنے مشرقی و مغربی شیوخ سے اسی طرح پڑھا ہے" یہی شاطبیؒ کے نزدیک مختار ہے۔ دوم ہمزۂ وصل کی بین بین تسہیل کرتے ہیں کیونکہ جب ہمزۂ وصل کا حذف متعذر ہو تو قطعی کے مانند اسکی تسہیل لازم ہے اور از روی قاعدہ متحرک کی تسہیل اور ساکن کا ابدال ہونا چاہئے۔ دانیؒ نے شیخ ابوالفتحؒ سے تسہیل پڑھی ہے مجتبیٰ اور عنوان میں صرف تسہیل منقول ہے تیسیر و شاطبیہ اور اعلان میں دونوں وجوہ مذکور ہیں۔ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "دونوں وجوہ قوی و جید ہیں" نتیجہ یہ ہے کہ دونوں وجوہ صحیح اور معمول بہا ہیں اور اسپر تمام اہل ادا کا اجماع ہے کہ انمیں ادخال کسی کے لئے جائز نہیں۔

باب نہم دو ہمزۂ قطعیہ کا دو کلمات میں جمع ہونا

دو کلمات میں ہمزتین قطعیتین متفق الحرکت بھی ہوتے ہیں اور مختلف الحرکت بھی ہم دو فصلوں میں ان کے احکام بیان کرتے ہیں۔

فصل اوّل ہمزتین متفق الحرکت

اگر دونوں مفتوحہ[1] ہوں (انتیس جگہ واقع ہوئے ہیں) جیسے جَآءَ اَحَدٌ۔ شَآءَ اَنْشَرَ ۔ تو قالونؒ و بزیؒ و بصریؒ ہمزۂ اولی کو ساقط کرکے قصر مد سے

[1] تو قبل از متحرک ہیں۔ [2] جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمُ (نساء، مائدہ) [3] جَآءَ اَحَدَكُمُ (انعام)

(باقی بر صفحہ آیندہ)

Marfat.com

پڑھتے ہیں اور ورش وقنبل ہمزۂ ثانیہ کا الف سے ابدال اور اسکی بین بین تسہیل کرتے ہیں۔ دونوں وجوہ صحیح ہیں بعض اہل ادا ابدال میں ورش کے لیئے بمذہب ازرق مدبدل بتلاتے ہیں۔ کیونکہ ہمزۂ ثانیہ کے بعد حرف مد موجود ہے۔ مگر حق یہ ہے کہ تسہیل میں اگر اسکے بعد مدہ ہو۔ مدبدل جائز ہے ابدال میں جائز نہیں کیونکہ وہ عارضی ہے کما مر۔ پس اگر اسکے بعد مدہ ہو تو ایک الف کے حذف کی تقدیر پر صرف قصر اور بر تقدیر اجتماع الفین مد طویل ہوتا ہے

اور اگر دونوں[1] مکسورہ ہوں (جو پندرہ جگہ متفق علیہ اور تین جگہ مختلف فیہ ہیں) جیسے مِنَ السَّمَآءِ اِلٰی۔ مِنَ السَّمَآءِ اِنْ تو قالون وبزی ہمزۂ اولیٰ کی بین بین تسہیل کرکے مدو قصر سے پڑھتے ہیں اور ورش وقنبل ہمزۂ ثانیہ کا یاء ساکنہ سے ابدال اور اسکی بین بین تسہیل کرتے ہیں اور دو کلمات هٰٓؤُلَآءِ اِنْ (بقرہ) اور عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ (نور) میں دانی نے شیخ ابوالقاسم خاقانی سے ورش کے لیئے تیسری وجہ ہمزۂ ثانیہ کا یاء مکسورہ سے ابدال بھی پڑھا ہے جو ورش سے ادائً مشہور ہے اور بصری ہمزۂ اولیٰ کو ساقط کرکے قصر ومد سے پڑھتے ہیں۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) ۲ جَآءَ اَحَدَهُمُ (مؤمنون) ۵-۸ جَآءَ اَجَلُهُمْ (اعراف۔ یونس۔ نحل۔ فاطر) ۹ جَآءَ اَجَلُهَا (منفقون) اور اٹھارہ قبل از ساکن صحیح اِذَا السَّمَآءُ اَمْوَالَكُمْ۔ (نساء) ۱۱ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ (اعراف) ۱۲-۱۷ جَآءَ اَمْرُنَا (ہود ۵۔ مؤمنون ۱) ۱۸ جَآءَ اَمْرُ (نحل) ۲۲ وَجَآءَ اَهْلُ (حجر) ۲۳ اَلسَّمَآءَ اَنْ (حج) ۲۴ مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ (فرقان) ۲۵ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ (احزاب) ۲۶ جَآءَ اَشْرَاطُهَا (محمد) ۲۷ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ (عبس) اور وہ قبل از الف ہیں ۲۸-۲۹ جَآءَ اٰلَ (حجر۔ قمر)

[1] دو قبل لا متحرک ہیں ۱ مِنَ السَّمَآءِ اِلٰی (سجدہ) فِی السَّمَآءِ اِلٰهٌ (زخرف) اور تیرہ جگہ قبل از ساکن ہیں ۲ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ (بقر ۳) مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا (نساء) ۴ كَمِنْ كُنَّا سَآءِ اِنْ (احزاب) ۵ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا (یوسف) ۶ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا (اسراء۔ ص) ۷ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ (نور) ۸ مِنَ السَّمَآءِ اِنْ (شعراء) ۹ مِنَ السَّمَآءِ اِنَّ (سبا) ۱۰-۱۱ مِنَ النِّسَآءِ اِنِ ۱۲ وَهٰٓؤُلَآءِ اِنْ (بقر) ۱۳ هٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ (سبا) اور ایک جگہ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ (بقر) میں صرف ہمزہ کے لیئے دونوں مکسور ہیں باقی حالت کے لیئے مکسورہ مفتوحہ ہیں اور دو جگہ لِلنَّبِيِّ اِنْ۔ بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّا (ہر دو احزاب) میں صرف نافع کے لیئے اجتماع ہمزتین مکسورتین ہے باقی ..

Marfat.com

بِالسُّوْءِ اِلَّا (یوسف) میں قالونؒ وبزیؒ نے واؤ ساکن ماقبل کی وجہ سے ہمزۂ اولیٰ کو واؤ سے بدل کر اسمیں واؤ کا ادغام بھی کیا ہے جو ادائً مقدم اور منصوص ہے اور جسکو تمام ائمۂ عراق اور جمہور شیوخ مغرب اثر و اقیس و اصح کہتے ہیں بلکہ دانیؒ نے مفردات میں اسجگہ اسکے سوا تخفیف کی کوئی اور صورت جائز ہی نہیں بتائی۔ وفیہ مافیہ[1]

لِلنَّبِيِّ اِنْ۔ بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّا (ہر دو احزاب) میں قالونؒ کے لیئے ہمزہ اولیٰ کی تسہیل جائز نہیں بلکہ ابدال کرکے یا ساکنہ کا اسمیں ادغام کرتے ہیں محققؒ کہتے ہیں وہ تمام ائمہ کے نزدیک قیاساً و روایتاً یہی مختار و صحیح ہے اور اسکے سوا کوئی وجہ مروی نہیں لیکن اگر لِلنَّبِيِّ اور اَلنَّبِيِّ پر وقف کردیں تو حسبِ قاعدہ ہمزہ سے وقف کرینگے

اور اگر دونوں مضمومہ ہوں جو صرف ایک جگہ اَوْلِيَآءُ اُولٰٓئِكَ (احقاف) میں قبل از متحرک ہیں تو قالونؒ وبزیؒ ہمزۂ اولیٰ کے بین بین تسہیل کرکے مد و قصر سے پڑھتے ہیں و شرحؒ و قنبلؒ ہمزۂ ثانیہ کا مدہ سے ابدال اور اسکی بین بین تسہیل کرتے ہیں اور بصریؒ ہمزۂ اولیٰ کو ساقط کرکے قصر و مد سے پڑھتے ہیں۔

ماحصل یہ ہے کہ جب دو کلمات میں دو ہمزہ قطعیتین متفق الحرکت جمع ہو جائیں تو بصریؒ حالات ثلثہ میں ہمزۂ اولیٰ کو ساقط کرکے قصر و مد سے پڑھتے ہیں قالونؒ وبزیؒ مفتوحتین میں بصریؒ کے ساتھ ہیں اور باقی دونوں حالات میں ہمزۂ اولیٰ کی تسہیل کرکے بمد و قصر پڑھتے اور سورۂ یوسف میں دونوں نے بخلاف اور احزاب

---

[1] تعجب ہے کہ دانیؒ سے اسمیں لغزش ہوگئی۔ یہ اسجگہ کہہ سکتے ہیں جہاں واؤ زائدہ ہو یہاں واؤ عین کلمہ ہے اور اسکی تخفیف میں اصل وجہ نقل ہوتی لیکن چونکہ نقل بطریق صحیح مروی نہیں لہٰذا عام قاعدہ کے مطابق بین بین تسہیل کرینگے یہی قیاس صحیح ہے کہ جہاں نقل نہ ہو سکے تسہیل ہوتی ہے۔ بیشک از روئے روایت یہاں ابدال کے بعد ادغام اصح اور ادائً مقدم ہے مگر یہ کہنا کہ اسکے سوا کوئی وجہ جائز ہی نہیں۔ درست نہیں۔ چنانچہ خود دانیؒ نے تیسیر و جامع البیان میں ادغام کے ساتھ تسہیل بھی بیان کی ہے اور یہی حق ہے۔

Marfat.com

میں دونوں جگہ قالونؒ نے بلاخلاف ابدال کے بعد ادغام کیا ہے اور ورشؒ وقنبلؒ کے لیئے ہر جگہ دو دو وجوہ ہیں۔ دوسرے ہمزہ کا مدہ سے ابدال[1] اور بین بین تسہیل اور بقر و نور میں ورشؒ کے لیئے ہمزۂ ثانیہ کا یا مکسورہ سے ابدال ہی صحیح اور تیسری وجہ ہے۔

ورش وقنبلؒ مدہ سے ابدال کی حالت میں قبل از ساکن مد لازم کرتے ہیں۔ جیسے جَآءَ اَمْرُنَا۔ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ۔ وغیرہ اگرچہ محل مد عارضی ہے مگر اہل ادا سکون لازم کا اقوی اسباب ہونیکی وجہ سے اعتبار کرتے ہیں۔ کحامر۔ اور اگر ہمزۂ ثانیہ کے بعد الف ہو جود و جگہ ہے تو اہل ادا کا نفس ابدال میں اختلاف ہے۔ دانیؒ کہتے ہیں "ہمارے بعض شیوخ ابدال کو منع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ابدال سے دو الف جمع ہو جائینگے جنکا جمع ہونا متعذر ہے لہذا واجب ہے کہ بین بین تسہیل کیجائے۔ کیونکہ ہمزہ مسہلہ متحرک کے حکم میں ہے۔ اور بعض اہل مطردہ کے ماتحت ابدال کو جائز کہتے ہیں اور ابدال کے بعد دو وجہ بتلاتے ہیں۔ اول[1] اجتماع ساکنین کی وجہ سے ایک الف کو حذف کر دیا جائے اس تقدیر پر صرف قصر پڑھا جائیگا۔ دوم[2] حذف نہ کریں بلکہ اجتماع ساکنین کیوجہ سے اشباع کریں جو ساکنین میں فاصل ہو جائیگا۔ محققؒ کہتے ہیں "یہ توجیہ جید ہے"۔

---

[1] شاطبیہ کے تمام شراح اور محققؒ وغیرہ فضلاء کہتے ہیں کہ ابدال زیادات قصیدہ سے ہے تیسیر میں صرف تسہیل بیان کی ہے" مجھے ان حضرات سے باادب اختلاف ہے۔ کیونکہ میرے نزدیک تیسیر میں ابدال درج ہے اور تسہیل زیادات قصیدہ سے ہے۔ تیسیر کے الفاظ مکسورتین کے بارہ میں یہ ہیں "قنبلؒ وورشؒ دوسرے کو یا ساکنہ کے مانند کر دیتے ہیں"، اور مضمومتین کے متعلق کہتے ہیں "دوسرے کو واؤ ساکنہ کے مانند کر دیتے ہیں" واؤ ساکنہ اور یا ساکنہ سے صرف مدہ یعنی ابدال مراد ہے تسہیل نہیں ہے اور اسکی دلیل خود اسی جگہ تیسیر میں موجود ہے۔ قالونؒ بزیؒ کے لیئے کہتے ہیں "پہلے کو یا مکسورہ کے مانند کر دیتے ہیں" "پہلے کو واؤ مضمومہ کے مانند کر دیتے ہیں"۔ یہ تسہیل ہے اور یہی دانیؒ کی عادت ہے کہ تسہیل کو اسطرح بیان کیا کرتے ہیں۔ البتہ کاف تشبیہ شبہ ڈالتا ہے میری ناقص رائے میں تیسیر میں اسکی تسامح لفظی اور بھی ہیں۔ خیر مطلب یہ ہے کہ تیسیر میں ایک وجہ مذکور ہے۔ دوسری زیادات سے ہے جو تمام اہل ادا کے نزدیک ابدال ہے اور میں کہتا ہوں تسہیل ہے۔ دونوں وجہ صحیح اور معمول ہیں۔

Marfat.com

فائدہ - اہل ادا کا تعیینِ ہمزۂ ساقطہ کے بارہ میں اختلاف ہے۔ ابن غلبونؒ ابوالحسنؒ اور حمامیؒ وغیرہ ائمہ کہتے ہیں کہ وہ ثانیہ ہے کیونکہ اسی نے اجتماع کیا ہے امام النحو خلیلؒ اور دیگر بعض نحاۃ کا یہی مذہب ہے۔ جمہور اہل ادا اور اکثر ائمہ کہتے ہیں کہ وہ اُولیٰ ہے ابوالفتحؒ دانیؒ۔ شاطبیؒ۔ وغیرہ کا یہی مذہب ہے محققؒ کہتے ہیں "مثلین کے قیاس کا یہی یہی اقتضا ہے" اختلاف کا نتیجہ مد میں ظاہر ہوتا ہے۔ یعنی اگر دوسرا قرار دیں تو مد متصل قبل از ہمزۂ محققہ ہے جسکا قصر جائز نہیں اور اگر پہلا مانیں تو قصر بہر حال جائز ہے خواہ اسکو منفصل قرار دیں یا متصل کیونکہ وہ اب مد قبل از ہمزہ مغیرّۃ ہے۔ مگر منفصل تسلیم کرنے پر بزیؒ وسوسیؒ کے لیئے مد نہیں ہو سکتا۔ ہمارے اساتذہ کا میلان اُولیٰ کو ساقطہ اور مد کو متصل قبل از ہمزہ مغیرہ قرار دینے کیطرف ہے۔ اسی تقدیر پر ہمنے مد و قصر بیان کیا ہے۔

فصل دوم ہمزتین مختلف الحرکت

اگر دو کلمات میں دو ہمزہ قطعی مختلف الحرکت جمع ہوں تو جرمیؒ و بصریؒ ہمزۂ ثانیہ کی تخفیف پر متفق ہیں مختلف الحرکت کی چھ قسمیں ہو سکتی تھیں مگر قرآن میں پانچ پائی جاتی ہیں۔ اُن میں سے ہر ایک قسم کی تخفیف کا قاعدہ یہ ہے۔

اول مضمومہ[1] مفتوحہ جیسے لَوْ نَشَآءُ اَصَبْنَاهُمْ واو مفتوحہ سے ابدال کرتے ہیں۔

---

[1] مضمومہ مفتوحہ گیارہ جگہ متفق علیہ ہیں۔ ۱ اَلسُّفَهَآءُ اَلَا (بقرہ) ۲ لَوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ ۳ مَنْ نَّشَآءُ اَنْتَ (ہود و اعراف) ۴ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ۔ (توبہ) ۵ يٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ (ہود) ۶ اَلْمَلَاُ ائْتُوْنِيْ (یوسف و نمل) ۷ مَا يَشَآءُ اَلَمْ تَرَ (ابراہیم) اَلْمَكُوْٓءُ اَيِّكُمْ (نمل) ۱۰ جُزَآءُ اَعْدَآءِ (فصلت) ۱۱ كَالْبَعْضَ اَبَدًا (ممتحنہ) اور بعض مد کے لیئے ہیں اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى۔ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ (ہود و احزاب)

Marfat.com

دوم۔ مکسورہ مفتوحہ[1] جیسے مِنَ الْمَآءِ آؤ یا، مفتوحہ سے ابدال کرتے ہیں۔
سوم مضمومہ[2] مکسورہ۔ جیسے یَشَآءُ اِلٰی۔ اسکی تخفیف دو طرح[3] ہوتی ہے
اول پہلے ہمزہ کی حرکت کے لحاظ سے واؤ مکسورہ سے ابدال۔ یہ متقدمین جمہور قراء کا
مذہب ہے۔ دانیؒ کہتے ہیں میں نے اپنے شیوخ ابوالقاسم فارسیؒ۔ خاقانیؒ اور ابوالحسنؒ سے
اسی طرح پڑھا ہے۔ نیز کہتے ہیں یہ آثر ہے۔ دوم خود ہمزۂ ثانیہ کی حرکت کے مطابق بین بین
تسہیل (کا لیا)۔ یہ خلیلؒ وسیبویہؒ وغیرہ ائمہ نحو اور متاخرین جمہور قراء کا مسلک ہے۔
اور دانیؒ نے شیخ ابوالفتحؒ سے اسی طرح پڑھا ہے۔ اور کہتے ہیں یہ اقیس ہے۔ دونوں
وجوہ صحیح اور معمول ہیں۔
چہارم مفتوحہ مکسورہ[4] جیسے وَجَآءَ اِخْوَةُ۔ میں بین بین تسہیل (کا لیا) کرتے ہیں۔

---

[1] مکسورہ مفتوحہ پندرہ جگہ متفق علیہ ہیں ۱ اَلنِّسَآءِ اَوْ (بقرہ) ۲ هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى (نساء) ۳ بِالْفَحْشَآءِ اَتَقُوْلُوْنَ ۴ هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا ۵ مِنَ الْمَآءِ اَوْ (ہر سہ اعراف) ۶ مِنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا (انفال) ۷ وَعَآءِ اَخِيْهِ (یوسف د) ۸ هٰٓؤُلَآءِ اِلٰهَةً (انبیاء) ۹ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ۱۰ اَلسُّوْٓءِ اَفَلَمْ۔ (ہر دو فرقان) ۱۱ مِنَ السَّمَآءِ اٰيَةً (شعراء) وَهٰٓؤُلَآءِ اِنْ كَانَ (احزاب) ۱۲۔ ۱۵ فِي السَّمَآءِ اَنْ (ملک د) اور ایک غیر حمزہ کے لئے ہے۔ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ۔ (بقرہ)

[2] مضمومہ مکسورہ بائیس جگہ متفق علیہ ہیں۔ ۱ ۲ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى۔ (بقرہ ۲۔ یونس۔ نور ۳ ۵ اَلشُّهَدَآءُ اِذَا مَا (بقرہ) ۶ مَنْ يَّشَآءُ اِنَّ فِيْ ۷ مَا يَشَآءُ اِذَا قَضٰى (ہر دو آل عمران) ۸ مَنْ يَّشَآءُ اِنَّ رَبَّكَ (انعام) ۹ اَلسُّوْٓءُ اِنْ اَنَا (اعراف) مَا يَشُوْٓءُ اِنَّكَ (ہود) لِيَا يَشَآءُ اِنَّهٗ (یوسف) ۱۰ مَا يَشَآءُ اِلٰى (حج) ۱۳۔ ۱۴ مَا يَشَآءُ اِنَّ اللّٰهَ (نور۔ فاطر) ۱۵ شُهَدَآءُ اِلَّا (نور) اَلْمَلَؤُا اِنِّيْ (نمل) ۱۷ اَلْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۱۸ اَلْعُلَمٰٓؤُا اِنَّ اَللّٰهَ۔ اَلسَّيِّئُ اِلَّا (ہر سہ فاطر) ۲۰۔ ۲۱ مَا يَشَآءُ اِنَّهٗ ۲۲ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا (ہر سہ شوریٰ) اور ایک حرمی بصری شامی ابوبکرؒ کے لئے۔ یَزَكَرِيَّآءُ اِنَّا (مریم) اور پانچ صرف نافع کے لئے ۲۱ لِيَا يُّهَا النَّبِيُّ ءُ اِنَّآ (ہود احزاب) ۲۳۔ ۲۴ لِيَا يُّهَا النَّبِيُّ ءُ اِذَا (ممتحنہ۔ طلاق) ۲۵ شَرَّ النَّبِيِّ ءُ اِلٰى (تحریم)

[3] بعض لوگ تیسری وجہ تسہیل کا وہی پڑھا کرتے ہیں جو بے اصل محض ہے۔

[4] مفتوحہ مکسورہ سترہ جگہ متفق علیہ ہیں۔ ۱ ۲ شُهَدَآءَ اِذْ (بقر۔ انعام) ۳۔ ۴ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى ۵ عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ۔ (ہر سہ مائدہ) ۶ اَوْلِيَآءَ اِنِ ۷ اِنْ شَآءَ اِنَّ اللّٰهَ (ہر دو توبہ) ۸ شَرَكَآءَ اِنْ۔ (یونس) وَالْفَحْشَآءَ اِنَّهٗ ۱۰ وَجَآءَ اِخْوَةُ (ہر دو یوسف) ۱۱ اَوْلِيَآءَ اِنَّا (کہف) ۱۳ تا ۱۴ اَلصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا (انبیاء نمل۔ روم) ۱۵ نَبَّاَ اِبْرٰهِيْمَ (شعراء) ۱۶ كَسُوْقٍ اَلْمَآءَ اِلٰى (نبا) ۱۷ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰى (حجرات) اور دو جگہ حرمی بصری شامی اور ابوبکرؒ کے لئے زَكَرِيَّآءَ اِذْ نَادٰى (مریم) زَكَرِيَّآءَ اِذْ نَادٰى (انبیاء)

Marfat.com

پنجم مفتوحہ مضمومہ قرآن میں صرف ایک جگہ کُلَّمَا جَآءَ اُمَّۃً (مومنون) میں ہیں بین بین تسہیل (کالواؤ) کرتے ہیں۔

ایک چھٹی صورت مضمومہ مکسورہ کی ہوسکتی تھی یعنی تیسری صورت کا عکس مگر قرآن میں ہمزتین کی ایسی شکل کہیں نہیں پائی جاتی عربی میں ہے جیسے عَلَی النِّسَاءِ اُمَّہٗ البتہ دیگر حروف مکسورہ کے بعد ہمزہ مضمومہ پایا جاتا ہے جسکی بحث باب وقف حمزہؒ و ہشامؒ میں آئیگی۔

تنبیہ:۔اس باب کے تمام احکام تخفیف حالت وصلی سے تعلق رکھتے ہیں۔اگر پہلے کلمہ پر وقف کر دیا جائے تو کسی قسم کی تخفیف نہیں ہوگی اور شامیؒ و کوفیینؒ کا مذہب ہر حال میں تحقیق ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

باب ہشتم ہمزہ مفردہ

ہمزۂ مفردہ ساکن بھی آتا ہے اور متحرک بھی۔فاء فعل بھی ہوتا ہے۔اور عین ولام فعل بھی۔

فصل اول ہمزۂ مفردہ ساکنہ

ورشؒ بطریق ازرقؒ ہر ہمزۂ ساکنہ کو جو فاء فعل[1] ہو حرکت ماقبل کی مطابق حرف مد سے

[1] ہمارا طریقہ ازرقؒ سے ہی اور ازرقؒ نے ہمزۂ ساکنہ میں سے صرف فاء فعل کا ابدال روایت کیا ہے۔اصبہانیؒ فا کی شرط کے بغیر خاص کلمات کے سوا ہمزۂ ساکنہ کا ابدال روایت کرتے ہیں مگر یہ ہمارا طریقہ نہیں ہے۔

[2] عربی نہ جاننے والوں کو یہ بتلانا مشکل ہے کہ کونسا ہمزہ فاء کلمہ ہے تاہم ایسے آدمی یاد رکھیں کہ جو ہمزۂ ساکنہ ہمزہ وصل میم اسم فاعل میم اسم مفعول علامات مضارع (یعنی یاء غائب تاء تانیث و خطاب ہمزہ ونون متکلم) واؤ اور فاء رابطہ کے بعد ہو وہ فاء فعل ہے۔

بدل لیتے ہیں جیسے یَاخُذُ۔ تَاکُلُوْنَ۔ فَاتُوْا۔ یُوْمِنُوْنَ۔ مُوْمِنِیْنَ۔ لِقَآءَ نَاتِ وغیرہ۔ مگر اِیوا۔ بلکہ مادۂ اوی کے تمام مشتقات تُؤْوِیْ۔ تُؤْوِیْہِ۔ فَاْوُوْا۔ مَاْوٰی۔ اور مَاْوٰکُمْ مستثنےٰ ہیں یعنی ورش ان کو بہمزہ پڑھتے ہیں اور اگر ہمزہ فاءِ فعل نہ ہو تو ورش کے لیئے ابدال نہیں ہوتا۔ مگر بِئْسَ۔ بِئْسَمَا اور ذِئْبٌ میں جہاں آئیں عین کلمہ ہونیکے باوجود بطور خاص ابدال کیا ہے۔

بصریؒ[1] (عملاً سوسیؒ) ہر ہمزۂ ساکنہ کو خواہ فاءِ فعل ہو چنانچہ اوپر گزرا یا عینِ فعل ہو جیسے اَلرَّاْسُ۔ وَالْبَاْسَآءُ وغیرہ یا لامِ فعل ہو جیسے جِئْتَ۔ شِئْتَ مدہ سے بدل لیتے ہیں۔ مگر پانچ اسباب میں سے کسی سبب کی بنا پر تیرہ کلمات کو (جو پینتیس ۳۵ جگہ آئے ہیں) بصریؒ نے بھی ابدال سے مستثنےٰ کیا ہے۔

اول کلمات مجزومہ[2] (یعنی جن کا ہمزہ عاملِ جازم کی وجہ سے ساکن ہو۔) جیسے اِنْ یَّشَاْ

دوم مبنی علی السکون[3] (یعنی صیغہائے امر جن کے آخر میں ہمیشہ جزم ہوتا ہے) جیسے اِقْرَاْ

---

[1] بصریؒ سے دوریؒ و سوسیؒ دونوں ہمزۂ ساکنہ کا ابدال روایت کرتے ہیں اور دونوں سے صحیح و ثابت ہے چنانچہ اوپر ادغام کبیر میں بصریؒ کے طرق صحیحہ بیان ہوئے شاطبیؒ کے عہد سے ابدال مع ادغام کبیر سوسی کے لیئے اور تحقیق مع اظہار دوری کے لیئے معمول ہے۔ لیکن ابدال کے ساتھ اظہار دونوں کے لیئے پڑھ سکتے ہیں مگر ادغام کیساتھ اظہار کسی کے لیئے نہیں پڑھ سکتے کیونکہ ایسا کرنا روایت و اصول عربیت دونوں کے خلاف ہے۔

[2] چھ کلمات مجزوم ۱۹ جگہ آئے ہیں لہ اَوْ نَنْسَهَا (بقرہ) ۲ نَسُوْهُمْ (آل عمران و توبہ) تَسُؤْکُمْ (مائدہ) ۳ اِنْ تَشَاْ یُذْهِبْکُمْ (نساء۔ انعام۔ ابراہیم۔ فاطر۔ مَنْ یَّشَاءِ اللّٰهُ۔ وَمَنْ یَّشَاْ (ہود و انعام) اِنْ یَّشَاْ یَرْحَمْکُمْ اَوْ اِنْ یَّشَاْ (ہود و اسراء) فَاِنْ یَّشَاءِ اللّٰهُ۔ اِنْ یَّشَاْ یُسْکِنِ (ہود و شوریٰ) ۴ اِنْ نَّشَاْ (شعراء۔ سبا۔ یٰس۔) ۵ یُهَیِّءْ لَکُمْ (کہف) ۶ اَمْ لَمْ یُنَبَّاْ (نجم) نَبِّئْ (یوسف) نَبِّئْ عِبَادِیْ (حجر) نَبِّئْهُمْ (حجر و قمر) اَرْجِئْهُ (اعراف و شعراء) وَهَیِّئْ لَنَا (کہف) اِقْرَاْ (اسراء ایک علق دو)

Marfat.com

سوم جنمیں ابدال سے ثقل پیدا ہو جائے اور ایسا صرف ایک لفظ تُؤوِیْ (احزاب) اور تُؤوِیْہِ (معارج) میں ہے۔

چہارم جسمیں ابدال سے معنوی[۵۲] التباس ہو جائے اور ایسا صرف ایک کلمہ زِکِرِیَّا (مریم) میں ہے

پنجم جسمیں ابدال سے لفظی[۵۲] التباس ہو جائے اور ایسا صرف ایک لفظ مُؤْصَدَۃٌ (بلد و ہمزہ میں) ہے

الذِّئْبُ کے ابدال میں ورشؒ کے سوا کسائیؒ بھی اور لُؤْلُؤٌ کے ابدال میں خواہ معرفہ ہو یا نکرہ ابوبکرؒ سوسیؒ کے ساتھ شریک ہیں یَأْجُوْجَ اور مَأْجُوْجَ (کہف و انبیاء) میں غیر عاصمؒ اور خِئْتُمْ (نجم) غیر مکیؒ ابدال کرتے ہیں زِکِرِیَّا (مریم) میں قالونؒ و ابن ذکوانؒ ابدال کر کے ادغام کرتے ہیں اور مُؤْصَدَۃٌ (بلد و ہمزہ) کو حرمیؒ۔ شامیؒ۔ ابوبکرؒ اور کسائیؒ نے بالواو پڑھا ہے باقی حضرات سب جگہ ہمزہ ساکنہ پڑھتے ہیں۔

مسئلہ:۔ ہمزۂ ساکنہ کے ابدال میں رسم کا کوئی لحاظ نہیں ہوتا صرف حرکت ماقبل کا اعتبار کیا جاتا ہے چنانچہ یُصَالِی ائْتِنَا میں واؤ سے قَالَ ائْتُوْنِیْ میں الف سے اور الَّذِی ؤُتُمِنَ میں یا سے ابدال ہوتا ہے۔ رسم کی بنا پر کسی اور طرح ابدال کرنا شدید غلطی ہے۔

تنبیہ:۔ بَارِئِکُمْ (بقرہ دو جگہ) کے ہمزہ کو بصریؒ تخفیفاً ساکن پڑھتے ہیں۔ امام ابوالحسنؒ نے اسکا ابدال بتایا ہے مگر ماخوذ و معمول نہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "یہاں ابدال

---

[۵۱] ابدال سے دو واؤ جمع ہو جاتے ہیں جنمیں سے پہلا مدہ ہی عرب انکی اسطرح اجتماع کو ہمزہ ساکنہ اور واؤ کے اجتماع سے اثقل تصور کرتے ہیں۔ [۵۲] ہمزہ کے ساتھ حسن منظر کے معنی کے ہیں اور یا مشددہ کے ساتھ سیراب ہونے کے۔

[۵۳] اہل عربیت کی ایک جماعت اور اہل ادا میں سے حرمیؒ۔ شامیؒ۔ ابوبکرؒ اور کسائیؒ۔ وغیرہ اسکی اصل آوصدت بالواو کہتے ہیں۔ اہل لغت کا دوسرا گروہ اور بصریؒ و حفصؒ و حمزہؒ وغیرہ اسکی اصل صدت بالہمزہ کہتے ہیں بصورت ابدال مہموز الفا سے معتل کیطرف چلا جاتا ہے اسی وجہ سے بصریؒ اسکا ابدال نہیں کرتے۔

Marfat.com

غیر موزوں ہے۔ جب ساکن لازم کا جزم و بناء کی حالت میں ابدال نہیں کرتے تو یہ عدم ابدال کے لیئے اولیٰ ہے کیونکہ اسکا سکون عارضی اور تخفیف کے لیئے ہے جسکا اعتبار نہیں ہوتا اور اگر اعتبار کر لیا جائے تب بھی اسکا ابدال بصریؒ کے اصول کے خلاف ہے۔ ابدال سے التباس ہو کر یہ کلمہ مرا سے مشتق نظر آتا ہے جسکے معنی مٹی کے ہیں۔ اسی وجہ سے مُؤَصَدَۃٌ میں ابدال نہیں کیا حالانکہ وہاں سکون اصلی ہے یہی صواب ہے کہ ان میں اسی طرح ابدال نہیں جس طرح اُن کلمات میں ابدال جائز نہیں جنمیں ہمزہ وقفاً ساکن ہو جائے۔

فصل دوم ہمزۂ مفردہ متحرکہ

اگر ہمزۂ مفردہ متحرکہ فاءِ فعل اور مفتوح اور بعد از ضمہ ہو جیسے مُؤَجَّلاً۔ یُؤَدِّہٖ یُؤَاخِذُ۔ یُؤَلِّفُ۔ مُؤَذِّنٌ۔ اَلْمُؤَلَّفَۃِ۔ وغیرہ تو ورشؒ اسکو واؤ مفتوحہ سے بدل لیتے ہیں اور اگر شرائط ثلثہ میں سے کوئی شرط مفقود ہو جائے تو ابدال نہیں کرتے جیسے وَکَاْیُّوْدُہٗ۔ فُؤَادَکَ۔ تَاْذَنَ وغیرہ۔ مگر لِئَلَّا (بقرہ نساء حدید) میں بلا شرط یا سے ابدال کرتے ہیں اور اِنَّمَا النَّسِیْءُ (توبہ) میں یا زائدہ کیوجہ سے یا سے ابدال کر کے ادغام کرتے ہیں۔ یعنی لِئَلَّا اور اِنَّمَا النَّسِیُّ پڑھتے ہیں۔ ھُزُؤًا[1] اور کُفُؤًا میں حفص ہمزہ کے بجائے واؤ پڑھتے اور حمزہؒ وصلاً ہمزہ پڑھنے میں دیگر قراء کے ساتھ ہیں مگر زا۔ اور فا کو ساکن کرتے ہیں۔

[1] ھُزُؤًا دس جگہ آیا ہے۔ بقرہ۔ مائدہ۔ کہف دو۔ دو۔ انبیا۔ فرقان۔ لقمان اور جاثیہ ایک ایک اور کُفُؤًا۔ صرف سورہ اخلاص میں ہے۔

Marfat.com

الصّٰبِئِیْنَ (بقروج) اور الصّٰبِئُوْنَ (مائدہ) میں مدنی ہمزہ نہیں پڑھتے اور دوسرے کلمہ میں واو ساکن کی مناسبت سے باء کو ضمہ دیدیتے ہیں۔

رَاَیْتَ میں ہمزہ استفہام کے بعد جیسے اَرَاَیْتَ۔ اَفَاَیْتَ۔ اَرَاَیْتُمْ۔ اَفَرَاَیْتُمْ وغیرہ میں اگرچہ ہمزتین کا تلاحق نہیں مگر مدنی رح کے بعد کے ہمزہ اصلی کی بین بین تسہیل کرتے ہیں۔ نیز ورش رح کے لیئے دوسری وجہ اُسکا مدہ سے ابدال ہے۔ (جسکے ساتھ مد لازم ہوتا ہے) اور کسائی رح اُسکو ساقط کرکے اَرَیْتَ پڑھتے ہیں۔

ھٰاَنْتُمْ[1]۔ کو قالون رح و بصری رح مدہ کے بعد ہمزہ کی بین بین تسہیل سے ورش رح باسقاط مدہ ہمزہ کی تسہیل سے۔ نیز دوسری وجہ ہمزہ کے ابدال سے بمد لازم اور قنبل رح باسقاط مدہ ہمزۂ محققہ سے اور باقی حضرات مدہ اور ہمزۂ محققہ سے پڑھتے ہیں۔

لَاَعْنَتَكُمْ (بقر) میں بزی رح ہمزہ کی بخلاف تسہیل کرتے ہیں۔

وَالّٰٓئِیْ (احزاب۔ مجادلہ۔ طلاق دو) حرمی رح و بصری رح یاء ساکنہ کو حذف کرکے وَالّٰٓئِ پڑھتے ہیں۔ پھر قالون رح و قنبل رح ہمزہ کی تحقیق اور ورش رح و بزی رح و بصری رح بین بین تسہیل کرتے ہیں۔ نیز بزی رح و بصری رح[2] بوجہ ثانی ہمزہ کو یاء سے بدل کر اور پھر خلاف قیاس اُس یاء کو تخفیفاً ساکن کرکے اشباع سے وَالّٰیْ پڑھتے ہیں۔

مسئلہ۔ جو ہمزہ متطرفہ وقفاً ساکن ہوجائے باجماعِ اہل ادا اسکا ابدال نہیں ہوسکتا جامع البیان میں یہ منصوص ہے۔

تنبیہ:۔ ہمزہ مفردہ کے متعلق باقی امور فرش میں آئیں گے۔

---

[1] ھٰاَنْتُمْ چار جگہ ہے آل عمران دو نساء اور محمد ایک ایک۔

[2] دانی رح نے تیسیر میں بزی رح و بصری رح کے لیئے ابدال بیان کیا ہے تسہیل بیان نہیں کی اور جامع البیان میں دونوں وجہ بیان کی ہیں اور موصوف نے شیخ ابوالفتح رح سے تسہیل ابوالقاسم فارسی اور ابوالحسن رح سے ابدال پڑھا ہے شاطبیہ اعلان میں دونوں وجہ مذکور اور دونوں صحیح ہیں۔

Marfat.com

باب یازدہم (۱۱) نقل

نقل بھی تخفیف ہمزۂ مفردہ کی ایک شکل ہے جسکو بعض عرب استعمال کرتے تھے اور جو وصلاً روایت ورشؒ کے ساتھ مخصوص ہے۔ یعنی ورشؒ ہر ہمزۂ قطعیہ کی حرکت ساکن ماقبل پر نقل کر کے ہمزہ کو ساقط کر دیتے ہیں بشرطیکہ دونوں دو کلمات میں ہوں یعنی حرف ساکن پہلے کلمہ کے آخر میں اور ہمزہ دوسرے کلمہ کے شروع میں ہو) اور وہ ساکن حرف مد اور میم[1] جمع نہو حرف صحیح ہو یا حرف لین یا نون تنوین یا لام[2] تعریف جیسے مَنْ اٰمَنَ - قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ - اَلَمْ اَحَسِبَ - فَحَدِّثْ اَلَمْ نَشْرَحْ - خَلَوْا اِلٰی - اِبْنَیْ اٰدَمَ شَیْءٍ اِذْ - بِعَادٍ اِرَمَ - حِمْیَةٌ اَلْهٰكُمُ - اَلْاَرْضُ - اَلْاٰخِرَةُ - اَلْاُوْلٰی - اور حرف مد نقل سے مستثنیٰ ہے کیونکہ اسپر مد ہوتا ہے جو ایک قسم کی تخفیف ہے اور اسی سے نقل دور ہو جاتا ہے کِتٰبِیَهْ اِنِّیْ (حاقہ) میں ہاء سکتہ (جو اصلاً ساکن ہے) ہمزہ قطعی سے قبل واقع ہوئی ہے جمہور قراء اور محققین اہل ادا اسکو نقل سے مستثنیٰ کرتے ہیں[3]۔ اکثر ائمہ نے ازرق سے بلا نقل روایت کیا ہے علامہ دانی تیسیر میں تحقیق بیان کر کے کہتے ہیں "میں نے شیخ ابوالقاسم خاقانیؒ شیخ ابوالفتحؒ اور امام ابوالحسنؒ سے

---

[1] ورشؒ مد کی طرح میم جمع پر بھی نقل نہیں کرتے۔ مگر اسکے استثناء کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ورشؒ ہمزۂ قطعی سے قبل میم جمع کا صلہ کرتے ہیں۔ جس سے ان کے درمیان مدہ آجاتا ہے اسکے علاوہ میم جمع کی اصل حرکت ضمہ ہے اگر اسپر نقل جائز رکھیں تو کبھی مفتوح اور کبھی مکسور ہو جائیگی۔ جو اصل کے خلاف ہے۔ مگر ابن مہرانؒ و جعبریؒ نے میم جمع پر بھی نقل بیان کی ہے جو صحیح نہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "نحوی ہر ساکن صحیح پر نقل جائز کہتے ہیں۔ اہل ادا میم جمع پر نقل جائز نہیں رکھتے یہی صحیح اور معمول و ماخوذ ہے اور ہمنے اسی طرح پڑھا ہے" ملخصاً۔

[2] لام تعریف اگرچہ موصول لکھا ہوا ہے مگر اہل ادا اسکو مستقل کلمہ مانتے ہیں۔ اسی وجہ سے اسپر نقل جائز ہے۔ یعنی لام تعریف جس کلمہ پر داخل ہوتا ہے باعتبار رسم اُس سے شدۃ اتصال رکھتا ہے اور دونوں ایک کلمہ کیطرح لکھے جاتے ہیں مگر منفصل کا حکم رکھتا ہے یعنی خلی وصل نے اسکو بمنزلہ کلمہ میں داخل نہیں کیا۔ چنانچہ اسقاط لام سے اس کلمہ کے معنی میں کوئی فرق نہیں آتا صرف تعریف زائل ہو جاتی ہے۔

[3] ابن الفحامؒ۔ ازرقؒ و اصبہانیؒ دونوں کے طرق سے تحقیق روایت کرتے ہیں بعض اہل عراق و دیگر سواکن آخر کیطرح اسمیں بھی نقل کہتے ہیں جو پسندیدہ نہیں۔ ابو محمدؒ کہتے ہیں قوم نے کِتٰبِیَهْ اِنِّیْ میں عدم نقل کو اختیار کیا ہے اور یہی احسن و اولیٰ ہے" محققؒ کہتے ہیں ہمارے نزدیک اسمیں ترک نقل مختار واضح اور عربیت میں اقوی ہے۔ کیونکہ یہ ہاء سکتہ ہے جو شعری ضرورت کے سوا متحرک نہیں کیجا سکتی حالانکہ وہ بھی قلیل ہے، نتیجہ یہ ہے کہ کِتٰبِیَهْ پر وقف اولیٰ ہے۔ کیونکہ ہا وقف ہی کے لیے لائی گئی ہے اور آخر اصل کے خلاف وقف نہ کریں تب بھی چاہیے کہ نقل نہ کریں تاکہ ایک طریق میں دو مخالفین لازم نہ آئیں۔ یعنی وصل اور تحریک۔

Marfat.com

تحقیق ہی پڑھی ہے"

اور اگر حرف ساکن اور ہمزہ ایک کلمہ میں ہوں جیسے مَسْئُوْلًا۔ اور ظُمْاٌ وغیرہ تو بطریق ازرقؒ باجماع رواۃ نقل ممنوع[1] ہے۔

اَلْاٰنَ (یونس دو جگہ) تمام طرق سے قالونؒ اور عَادَا الْاُوْلٰی (نجم) میں قالونؒ وبصریؒ ورشؒ کے ساتھ نقل میں بلا خلاف شریک ہیں۔ مگر نجم میں قالونؒ بطرق تیسیر وشاطبیہ ہمزہ کو ساکنہ[2] باقی رکھتے ہیں اور ورشؒ وبصریؒ باجماع ساقط کر دیتے ہیں۔

لفظ قُرْاٰنَ جہاں واقع ہو معرفہ ہو یا نکرہ۔ کسائیؒ۔ اِسْئَلْ صیغۂ امر میں جب کہ اس سے قبل فا یا واؤ ہو جیسے۔ وَاسْئَلْ۔ فَاسْئَلْ۔ وَاسْئَلُوْهُمْ فَاسْئَلُوْهُنَّ۔ کسائیؒ اور رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْ۔ (قصص) میں مدنیؒ باوجود ایک کلمہ ہونیکے نقل کرتے ہیں۔ باقی حضرات کہیں نقل نہیں کرتے۔ حمزہؒ کا مذہب آئندہ آئے گا۔

مسئلہ۔ اگر لام تعریف سے قبل کا حرف مد اجتماع ساکنین کیوجہ سے ساقط ہو گیا ہو تو نقل کے بعد بھی وہ بدستور ساقط رہیگا جیسے قَالُوا الْاٰنَ۔ وَاِذَا الْاَرْضُ۔ اُولِی الْاَمْرِ۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ هٰذِهِ الْاَنْعَامُ وغیرہ اور اسی طرح اگر لام تعریف کا قبل اجتماع ساکنین کی بنا پر متحرک ہو گیا تھا تو بحالت

---

[1] بعض لوگ مِلْءُ الْاَرْضِ (آل عمران) میں ورشؒ کے لیے ہمزہ کا ضمہ لام پر نقل کر کے پڑھا کرتے ہیں مگر یہ اصبہانی کی روایت اور طرق نشر سے ہے طرق تیسیر وشاطبیہ سے نہیں ہے۔

[2] اَلْاُوْلٰی (نجم) میں جمہور مغربی قراء ابن مہرانؒ اور ہذلیؒ بجمیع طرق قالونؒ کے لیے ہمزہ ساکنہ کہتے ہیں۔ اور یہی ابو نشیطؒ سے ہادی۔ ہدایہ تبصرہ۔ تذکرہ۔ کافی۔ تلخیص اور عنوان میں مروی ہے اور اہل عراق ابو نشیطؒ سے ورش کی طرح بلا ہمزہ روایت کرتے ہیں۔ تذکار۔ مستنیر۔ کفایہ۔ ارشاد۔ غایۃ الاختصار۔ موضح۔ مبہج۔ کفایہ فی الست اور مصباح وغیرہ میں یہی ہے۔ ابن سوارؒ۔ قلانسیؒ۔ حافظ ابو العلاءؒ صاحب تجرید۔ سبط الخیاطؒ وغیرہ جمہور اہل عراق حلوانیؒ سے یہی نقل کرتے ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں دونوں وجہ صحیح ہیں مگر حلوانیؒ سے ہمزہ اور ابو نشیطؒ سے وا زیادہ مشہور ہے ہمارے طرق سے صرف ہمزہ پڑھا جاتا ہے۔ اور یہی معمول ماخوذ ہے۔

نقل وہ بدستور متحرک رہیگا جیسے بَلِ الْاِنْسَانُ - فَمَنْ یَّسْتَمِعِ الْاٰنَ - عَنِ الْاٰخِرَۃِ - مِنَ الْاَرْضِ - اَشْرَقَتِ الْاَرْضُ - وغیرہ کیونکہ حرکت نقل عارضی ہے اور عوارض کا اِس فن میں اعتبار نہیں کیا جاتا اہل اداء کا دونوں باتوں پر اجماع ہے جسکی مخالفت جہالت ہے۔

مسئلہ - اگر لام تعریف سے ابتدا کریں (اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب کہ اس سے قبل حروف ابجد مفردہ میں سے کوئی حرف نہ ہو جیسے وَالْاَرْضِ - بِالْاٰخِرَۃِ جنکا قطع کرنا جائز نہیں) تو بحالت نقل عدم اعتداد عارض پر ہمزۂ وصل مفتوحہ سے ابتدا کر سکتے ہیں جیسے اَلْاَرْضُ - اِلْاِنْسَانُ - اَلْاٰخِرَۃُ وغیرہ اور اعتداد عارض پر ہمزۂ وصل کو ساقط کر کے لَرْضُ - لِنْسَانُ اور لِخِرَۃُ بھی پڑھ سکتے ہیں اور سورۃ حجرات میں یہی حکم بِئْسَ الِاسْمُ کا تمام قراء کے لیئے ہے اور سورۃ نجم میں قالونؒ کے لیئے اَلُوْلٰی اور لُوْلٰی - اور ورشؒ و بصریؒ کے لیئے اَلُوْلٰی اور لُوْلٰی پڑھ سکتے ہیں - نیز

---

۵۱ اہل عربیت اعتداد عارض پر باتباع اصل حرف مد کے اعادہ اور ردِ سکون کو جائز کہتے ہیں اور اہل ادا نا جائز

۵۲ امام النحو خلیل ابن احمدؒ وغیرہ نحاۃ کہتے ہیں کہ اداۃ تعریف الف اور لام ہیں الف درج کلام میں کثرت استعمال کیوجہ سے ساقط ہو جاتا ہے وصلی نہیں ہے - اسی بنا پر بحالت نقل لام کے متحرک ہو جانے کے باوجود باقی رہتا ہے اور ہمزہ استفہام کے بعد ادل تسہیل و قطعی کے مانند اسکی تخفیف کیجاتی ہے وصلی کیطرح حذف نہیں کیا جاتا - اور اسم جلالۃ کے ساتھ حرف ندا کے بعد بھی باقی رہتا ہے یعنی یَا اَللّٰہُ بولتے ہیں - امام النحو سیبویہؒ کہتے ہیں - حرف تعریف صرف لام ساکن ہے اور اس سے قبل ہمزۂ وصل ہوتا ہے کیونکہ ابتدا بالسکون محال ہے اسی وجہ سے ہمزہ درج کلام میں ساقط ہو جاتا ہے اور بحالت نقل حرکت کے عروض کی بنا پر باقی رکھنا چاہئے - واجب نہیں اور ہمزۂ استفہام کے بعد بوجہ التباس حذف نہیں ہوتا اور اسم جلالۃ پر لام تعریف نہیں بلکہ اصل کلمہ کا ہے - بعض جگہ کثرت استعمال کے باعث درج کلام میں ہمزہ تخفیفاً ساقط ہو جاتا ہے اہل ادا لام تعریف سے قبل ہمزہ کو وصلی کہتے ہیں - اسی وجہ سے بحالت نقل اسکا حذف جائز رکھتے ہیں - لیکن حرکت نقل چونکہ عارضی ہے لہذا اثبات بھی جائز ہے - ۵۳ اگر یہ کہیں کہ بحالت ابتداء لام پر حرکت نقل کا اعتبار کرنے اور بحالت وصل حرف مد کے اعادہ اور سواکن کے رد و سکون میں اعتبار نہ کرنے کی کیا وجہ ہے حالانکہ لغتاً دونوں حالات میں جائز ہے تو جواب یہ ہے کہ حرف مد کا اسقاط اور ساکن کی تحریک بوجہ اجتماع ساکنین نقل سے پہلے کی ہے نقل اسکے بعد طاری ہوئی ہے لہذا حالت سابق بدستور باقی رہیگی - اور لام تعریف سے ابتداء نقل کے بعد طاری ہوئی ہے - لہذا یہاں اعتداد جائز ہے -

Marfat.com

قالونؒ وبصریؒ کے لیئے بحالت ابتدا حسب اصل تیسری وجہ اُلاُولیٰ یہی جائز نصاً منقول اور اوجہ ہے [1]

(۱۲) باب ہم سکتہ

سکتہ قطع صوت بلا تنفس کو کہتے ہیں جسکا زمانہ عادتاً وقف سے کم ہوتا ہے اور اسکی دو قسمیں ہیں لفظی اور معنوی۔ سکتۂ لفظی یہی ہمزۂ مفردہ کی تخفیف کی ایک صورت اور بطرق تیسیر وشاطبیہ مذہب [2] حمزہؒ کیساتھ مخصوص ہے۔ سکتہ اگرچہ وقف اصطلاحی نہیں مگر اُسکے قریب ہے، اور صرف سکون پر ہوتا ہے حرکت وتنوین پر نہیں ہوسکتا لیکن ہر ساکن پر نہیں ہوتا۔ سکتہ لفظی اظہار ہمزہ کے لیئے اُسکے قبل ساکن پر کیا جاتا ہے مگر حرفِ مد [3] مستثنیٰ ہے اسپر سکتہ نہیں ہوتا۔

ایک کلمہ میں صرف شَیْءٌ کی یاء ساکنہ پر خواہ مرفوع ہو یا منصوب۔ مجرور بحالت وصل خلفؒ بلاخلاف اور خلادؒ بخلاف سکتہ کرتے ہیں اسکے سوا ایک کلمہ میں اور کہیں سکتہ نہیں اور دو کلمات میں سے لام تعریف پر قبل از ہمزہ نیز بحالت وصل خلفؒ بلاخلاف اور خلادؒ بخلاف سکتہ کرتے ہیں۔

---

[1] دانیؒ تہدید میں کہتے ہیں دو میں اسکو باقی دونوں وجہ سے اولیٰ اور قیاس کے مطابق خیال کرتا ہوں کیونکہ یہاں صحت روایت کیساتھ جس چیز نے قاعدہ تسکین پر آمادہ کیا تھا وہ اجتماع ساکنین تھا یعنی ہمزہ کی حرکت لام پر اسلیئے نقل کیگئی تھی کہ یہیں نون کا ادغام ممکن ہوجائے اور جب عادتاً پر وقف کرکے اُلاُولیٰ سے ابتدا کریں تو وہ سبب معدوم ہوگیا۔ اور لازم آگیا کہ ہمزہ کو اصل حالت پر لے آئیں تاکہ ان حضرات کے اُس اصل مذہب سے مطابق ہوجائے جو تمام قرآن میں ہے۔ علامہؒ نے جو تشریح کی ہے وہ صحیح اور قیاس کے مطابق ہے [2] ابن ذکوانؒ وحفصؒ سے بھی سکتہ صحیح وثابت ہے مگر ہمارے طرق سے نہیں۔

[3] خلفؒ وخلادؒ بذریعہ سلیمؒ حمزہؒ سے روایت کرتے ہیں کہ "جب مد کیا جائے تو وہ سکتہ کے بالعوض کافی ہے" نیز سلیمؒ کہتے ہیں "جب حمزہؒ ہمزہ سے قبل مد کرتے تھے تو ٹھہرتے نہ تھے" دانیؒ کہتے ہیں "امام حمزہؒ کا قول مد سکتہ کی جگہ کافی ہے۔ نہایت عمدہ فیصلہ ہے جو امام ممدوح کی معرفت تامہ اور بصیرت کاملہ پر دلالت کرتا ہے کیونکہ سکتہ بیان ہمز کیلیئے کیا جاتا ہے۔ اسی طرح مد بھی بیان ہمزہ کے واسطے ہوتا ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "یہ ظاہر وواضح ہے اور اسوقت اسی پر عمل ہے"

Marfat.com

جیسے اَلْاَرْضُ - اَلْاٰخِرَۃُ - اَلْاَنْہَارُ - وغیرہ اور دو کلمات میں سے حرف مد کے سوا قبل از ہمزہ قطعی ہر ساکن پر جو آخر کلمہ ہو خلفؒ بخلاف سکتہ کرتے ہیں خلادؒ نہیں کرتے۔ جیسے مَنْ اٰمَنَ - لَہُمْ اٰمِنُوْا - خَلَوْا اِلٰی - وغیرہ (یعنی جہاں ورشؒ کے لیئے نقل یا صلہ ہو سکتا ہے وہاں خلفؒ کے لیئے سکتہ ہے)

نتیجہ یہ ہے کہ خلفؒ شَیْءٌ اور لام تعریف پر بلا خلاف اور حرف مد کے سوا ہر ساکن منفصل پر بخلاف سکتہ کرتے ہیں اور خلادؒ شَیْءٌ اور لام تعریف پر بخلاف سکتہ کرتے ہیں اور کہیں نہیں کرتے۔

سکتہ رمعنوی حفصؒ نے بحالت وصل چار جگہ سکتہ روایت کیا ہے اول عِوَجًا (کہف) کے الف مبدلہ از تنوین پر دوم مِنْ مَّرْقَدِنَا (یٰسٓ) کے الف پر سوم مَنْ رَاقٍ (قیامہ) کے نون پر چہارم بَلْ رَانَ (تطفیف) کے لام پر تیسیر شاطبیہ ہادی - ہدایہ - کافی - تبصرہ اور تذکرہ وغیرہ میں ان چاروں مقامات پر سکتہ منقول اور جمہور مغربی قراء اور بعض اہل عراق کا معمول ہے اور ہمارے طرق پر باقی قرار کیلئے کہیں سکتہ نہیں۔

۱؎ دانیؒ نے شیخ ابوالفتحؒ سے شَیْءٌ اور لام تعریف اور ساکن منفصل پر خلفؒ کے لیئے سکتہ اور خلادؒ کے لیئے عدم سکتہ پڑھا ہے یہی ابو محمد مکیؒ کا مذہب ہے اور امام ابوالحسنؒ سے شَیْءٌ اور لام تعریف پر حمزہؒ کے لیئے سکتہ اور باقی مقامات میں عدم سکتہ پڑھا ہے یہی ابن غلبونؒ - ابوالحسنؒ - ابن بلیمہؒ اور ابن شریحؒ کا مذہب ہے - نتیجہ یہ ہے کہ شَیْءٌ اور لام تعریف پر خلفؒ کے لیئے دونوں طرق سے سکتہ ہے اور خلادؒ کے لیئے پہلے طریقہ سے عدم سکتہ اور دوسرے طریقہ سے سکتہ ہے اور ساکن منفصل پر خلفؒ کے لیئے پہلے طریقہ سے سکتہ اور دوسرے طریقہ سے عدم سکتہ اور خلادؒ کے لیئے دونوں طرق سے عدم سکتہ ہے۔

۲؎ سکتہ لفظی ہو یا معنوی وصلاً ہی ہوتا ہے کیونکہ وقف و سکتہ ایک دوسرے کی ضد ہیں ایک جگہ جمع نہیں ہوتے اور حمزہؒ وقفاً جو سکتہ کرتے ہیں وہ محل وقف سے قبل ہوتا ہے۔

۳؎ دیگر قرار کے لیئے عِوَجًا اور مَرْقَدِنَا پر یا وقف ہوگا یا وصل (وقف انسب ہے) اور مَنْ رَّاقٍ اور بَلْ رَانَ میں ادغام کریں گے حفصؒ کیلئے بھی پہلے دونوں کلمات پر وقف جائز ہے اور گو پچھلے دونوں کلمات میں ادغام بھی درست ہے۔ لیکن ہمارے طرق پر ان میں سکتہ اولیٰ ہے۔ ۴؎ سجاوندیؒ وغیرہ نے ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا اور وَلَمْ یَتَفَکَّرُوْا (ہر دو اعراف) اَعْرِضْ عَنْ ھٰذَا (یوسف) اور اِلَّا عَلَیْہَا (قصص) پر جو سکتات بتائے ہیں وہ روایتی نہیں ہیں بلکہ علماء اوقاف کے قرار دادہ ہیں اور ان کا سب قراء کے لیئے ایک حکم ہے۔ ۱۲

Marfat.com

باب سیزدہم مذہب ہشام و حمزہ در بارہ وقف علی الہمز

ابواب ہمزہ میں سے یہ باب بہت زیادہ مشکل ہے۔ محقق کہتے ہیں اسکی معرفت نہ اُسوقت حاصل ہوسکتی ہے جب اہل عربیت کے مذاہب رسم عثمانی اور روایات کا علم ہو۔ حافظ ابو شامہ کہتے ہیں "یہ صعب ترین باب ہے" صعب ہونیکی وجہ یہ ہے۔ کہ اسمیں تغیر و تخفیف کی متعدد شکلیں ہیں جن کے تعین میں متصدرین اور منتہی دھوکا کھاجاتے ہیں مبتدی بیچارے کی کیا حقیقت ہے اسی وجہ سے ابن مہران۔ ابوالحسن۔ دانی۔ جعبری۔ اور ابن جبارہ وغیرہ شیوخ و ائمہ فن نے اسپر مستقل کتابیں لکھی ہیں۔ عرب وقف میں خصوصیت سے ہمزہ کی تخفیف کرتے تھے کیونکہ وقف محل استراحت ہے اور اسمیں جسطرح حرکات و تنوین حذف ہوجاتی ہے اُسی طرح تغیر ہمزہ ہوتی ہے بلکہ جب ہمزہ کی تخفیف وصلاً جائز ہے تو وقفاً بدرجۂ اولیٰ جائز ہونی چاہیئے۔

ہمزہ ساکنہ بھی ہوتا ہے اور متحرکہ بھی مبتدئہ بھی آتا ہے اور متطرفہ و متوسطہ بھی اور پھر متوسطہ متوسطہ بنفسہ بھی ہوتا ہے اور متوسطہ بزائدہ بھی اور متحرک کا قبل ساکن بھی ہوتا ہے اور متحرک بھی۔ اصلی بھی ہوتا ہے اور زائدہ بھی بعض پر نقل درست ہوتی ہے اور بعض پر نادرست ہمزۂ متوسطہ کے بعد حرف صحیح بھی آتا ہے اور حرف مد بھی۔ ان حالات کے لحاظ سے وقفی احکام مختلف ہوجاتے ہیں بعض متأخرین شراح شاطبیہ اور بعض دیگر مؤلفین نے ان کو خلط ملط کردیا اور بعض نے ایسی وجہات بھی بیان کردیں جو نقل و روایت سے ثابت نہیں ہیں۔

(۱) ہمزۂ ساکنہ کی دو قسمیں ہیں متطرفہ جس پر آواز منقطع ہوجائے اور متوسطہ جو ایسا نہ ہو پھر ساکنہ متطرفہ کا سکون اصلی بھی ہوتا ہے اور عارضی بھی۔ قرآن میں ساکن لازم سے قبل فتح اور کسرہ اور ساکن عارض سے قبل حرکات ثلثہ آتی ہیں۔ اور متوسطہ متوسطہ بنفسہ بھی آتا ہے اور متوسطہ بالغیر بھی۔ متوسطہ بنفسہ سے قبل بھی حرکات ثلثہ ہوتی ہیں۔ متوسطہ بالغیر کی دو قسمیں ہیں۔ متوسطہ بحرف اس سے قبل ہمیشہ فتح ہوتا ہے اور متوسطہ بکلمہ اس سے قبل حرکات ثلثہ پائی جاتی ہیں۔ یہ سب ساکن کی انواع ہیں۔

Marfat.com

بلکہ بعض عربیت کے لحاظ سے بھی لحن ہیں۔ قرات منزل من اللہ افصح العرب والعجم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے منطوق اور سنت متبعہ ہیں لہذا انمیں تخفیف ہمزہ کی وہ ہی صورتیں جائز ہیں جو سند صحیحہ سے منقول و مشہور ہوں نہ وہ ہر صورت جو عربیت میں درست قیاس کے مطابق اور رسم کے موافق ہو۔ قرات و عربیت میں خاص و عام مطلق کی نسبت ہے۔ یعنی جو امور قرات میں درست ہیں وہ عربیت میں ضرور جائز ہیں مگر اسکا عکس نہیں ہو سکتا۔ قرات عربیت کے لئے شاہد ہے عربیت قرات کے لئے شاہد نہیں۔ اس مختصر تمہید کی تفصیل یہ ہے۔

تخفیف کی دو قسمیں ہیں قیاسی اور رسمی پھر مقدم الذکر کی دو نوعیں ہیں متفق علیہ اور مختلف فیہ۔ قیاسی اسکو کہتے ہیں جسکو شیوخ رح و ائمہ اصول عربیت کے مطابق روایت کرتے ہیں۔ اور رسمی وہ ہے جو مصاحف عثمانیہ رض کے رسم الخط کے اتباع پر منصوص ہو تخفیف قیاسی متفق علیہ کی جسپر تمام اہل ادا اور نحاۃ کا اجماع ہے۔ سات صورتیں ہیں۔ ایک ساکن سے چار متحرک ساکن ماقبل سے اور دو متحرک بعد از متحرک سے علاقہ رکھتی ہیں۔

اول ہمزہ ساکنہ کو حرکت ماقبل کے مطابق مدہ سے بدل لیتے ہیں خواہ سکون اصلی ہو جیسے یَأْلَمُوْنَ۔ اِقْرَأْ۔ یُؤْمِنُوْنَ۔ مُؤْمِنِیْنَ۔ نَبِّئْ یا عارضی جیسے بَدَأَ اِنِ امْرُؤٌ۔ مِنْ شَاطِئِ۔

دوم ہمزۂ متحرکہ۔ ساکن ماقبل کی حرکت اس ساکن پر نقل کر کے ہمزہ کو ساقط کر دیتے ہیں بشرطیکہ وہ ساکن الف اور حرف زائدہ نہ ہو جیسے مَسْئُوْلًا۔ شَیْئًا۔ سَوْاٰۃَ۔ اَلْاَرْضُ تَجْعَلُوْنَ ظُلْمَانٌ۔ وغیرہ۔

سوم ہمزۂ متحرکہ متوسطہ۔ بعد از الف کی بین بین تسہیل کرتے ہیں جیسے خَآئِفِیْنَ۔ جَآءَنَا اَوْلِیَآؤُہٗ۔

Marfat.com

چہارم ہمزۂ متحرکہ متطرفہ بعد از الف کو الف سے بدل لیتے ہیں پھر اجتماع ساکنین کیوجہ سے ایک الف کو حذف کرکے تقصیر۔ یا الفین کو باقی رکھکر باشباع پڑھتے ہیں۔ کیونکہ وقف اجتماع ساکنین کو برداشت کرتا ہے یہ زیادۃ قوی اور حمزہؒ سے نصًا منقول ہے اور باعتبار سکون وقف توسط بھی جائز ہے جیسے اَلْمَآءُ۔ مِنَ السَّمَآءِ۔ شَآءَ۔

پنجم۔ ہمزۂ متحرکہ بعد از واؤ زائدہ کا واؤ سے اور بعد از یاء زائدہ کا یاء سے ابدال کرکے اسمیں حرف زائدہ کا ادغام کرتے ہیں جیسے قُرُوٓءٌ۔ بَرِیٓءٌ۔

ششم۔ ہمزۂ مفتوحہ ماقبل مضموم کو واؤ مفتوحہ سے اور ماقبل مکسور کو یاء مفتوحہ سے بدل لیتے ہیں جیسے۔ مُوَجَّلًا۔ لِیَلَّا۔

ہفتم۔ ہمزۂ متحرکہ بعد از متحرک کی دیگر حالات میں بین بین تسہیل کرتے ہیں۔ جیسے مَاْبٍ نَقْرَؤُهٗ یَئِیسَ۔ بِرُؤُسِکُمْ۔ مُسْتَهْزِؤُنَ۔ سُئِلُوْا۔ بَارِئِکُمْ۔

تخفیف قیاسی مختلف فیہ کی بہت سی صورتیں ہیں جنکو بعض اہل عربیت بیان کرتے ہیں اُن میں سے حسب ذیل تین شکلوں میں بعض اہل ادا نے بھی اتفاق کیا ہے۔ ایک متحرک ساکن ماقبل سے اور ایک متحرک بعد از متحرک سے اور ایک دونوں سے علاقہ رکھتی ہے۔

اول۔ واؤ اصلی اور یاء اصلی کے بعد بھی زائدہ کے مانند ہمزہ کو واو اور یاء سے بدلکر اسمیں واو اور یاء کا ادغام جیسے شَیًّا۔ سُوٓءٌ۔ یہ بعض نحاۃ کا مذہب ہے[1]۔ اور حمزہؒ سے نصًا منقول ہے اہل ادا میں سے شیخ ابو الفتحؒ۔ دانیؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ ابن شریحؒ۔ اور شاطبیؒ وغیرہ اسکے جواز کے قائل ہیں

[1] ابن بلیمہؒ نے شَیْئٌ۔ هَیْئَةٌ۔ اور مَوْئِلًا کے ساتھ اس ابدال ادغام کو مخصوص رکھا ہے اور جمہور اہل ادا اور اکثر ائمہ اس وجہ کو تسلیم ہی نہیں کرتے۔ چنانچہ ابن غلبونؒ۔ ابو الحسنؒ۔ ابن سفیانؒ قیروانی۔ مہدویؒ۔ ابو طاہرؒ بن خلفؒ طرسوسیؒ ابن الفحامؒ وغیرہ صرف نقل کہتے ہیں۔ امام ابو بکرؒ بن مجاہدؒ کے نزدیک بھی نقل ہی مختار ہے۔ تیسیر۔ تبصرہ۔ کافی اور شاطبیہ میں نقل کے ساتھ ادغام بھی درج ہے۔ اور متاخرین کے نزدیک دونوں وجوہ معمول و متداول ہیں۔

گویا کہ ان میں دو دو وجوہ جائز ہیں نقل اور ادغام دونوں صحیح ہیں مگر نقل مقدم ہے۔

دوم ہمزہ متطرفہ مضمومہ اور مکسورہ بعد از متحرک و بعد از الف کی روم کیساتھ بین بین تسہیل جیسے۔ یَشَآءُ مِنَ الْمَآءِ۔ اِنِ امْرُؤٌ۔ مِنْ شَاطِئٍ۔ بعض نحاۃ اور اکثر قراء اسکے جواز کے قائل ہیں شیخ ابو الفتحؒ۔ دانیؒ۔ ابن الفحامؒ۔ حافظ ابو العلاؒ۔ سبط الخیاطؒ اور شاطبیؒ وغیرہ نے اسکو روایت[1] کیا ہے یعنی یہاں بھی دو دو وجوہ جائز ہیں۔ ابدال۔ اور روم مع تسہیل۔ دونوں صحیح اور متداول ہیں۔

سوم ہمزہ مکسورہ بعد از ضمہ کا واؤ مکسورہ سے اور مضمومہ بعد از کسرہ کا یا مضمومہ سے ابدال جیسے۔ سُئِلُوْا۔ مُسْتَهْزِءُوْنَ وغیرہ نحاۃ میں سے اخفشؒ اور اہل ادا میں سے شاطبیؒ اسکے جواز مطلق کے اور دانیؒ جواز مقید کے قائل ہیں یعنی جہاں ابدال رسم کے موافق ہو وہاں ابدال راجح اور صحیح ہے جیسے سَنُقْرِئُكَ۔ اور لُؤْلُؤٍ اور جہاں رسم کے خلاف ہو وہاں ضعیف ہے۔ دانیؒ کا فیصلہ صحیح ہے۔

یہ دسوں تخفیف قیاسی متفق علیہ اور مختلف فیہ کی صورتیں ہیں۔ ان کے علاوہ

---

[1] جمہور نحاۃ اور اکثر قراء اسکا انکار کرتے ہیں اور صرف ابدال بتلاتے ہیں۔ ہمزہ مفتوحہ اور مضمومہ و مکسورہ میں کوئی فرق نہیں کرتے۔ ابن سفیان قیروانیؒ۔ مہدویؒ۔ ابو طاہر بن خلفؒ۔ قلانسیؒ اور ابن الباذشؒ کا یہی مذہب ہے لیکن حق یہ ہے کہ یہ وجہ صحیح ہے۔ دانیؒ اور ابن الانباریؒ وغیرہ نے اسکو بذریعہ سند حمزہؒ سے نصاً روایت کیا ہے اور ابن واصلؒ نے اسکو جائز کہا ہے "محققؒ کہتے ہیں" امام ابو العباسؒ۔ محمد بن احمد بن واصلؒ بغدادی۔ ائمہ ضابطین میں سے اور ابن مجاہد ابن شنبوذؒ اور ابو مزاحمؒ وغیرہ ائمہ کے شیخ تھے" بعض اہل ادا صرف اس ہمزہ میں جو بصورت واو اور بصورت یا لکھا ہوا ہو۔ روم کیساتھ تسہیل جائز کہتے ہیں۔ اور کہیں نہیں۔ یہ ابو محمد مکیؒ اور ابن شریحؒ وغیرہ کا مذہب ہے۔

[2] کتابوں میں یہ مذہب علی الاطلاق ابو الحسن سعید بن مسعدہ اخفشؒ نحوی بصری تلمیذ سیبویہؒ کی جانب منسوب ہے۔ محققؒ کہتے ہیں" میں نے اخفش کی کتاب معانی القرآن میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ ابدال کو اسوقت جائز کہتے ہیں جب کہ ہمزہ لام فعل ہو جیسے سَنُقْرِئُكَ اور لُؤْلُؤٍ وغیرہ۔ اور اگر عین فعل یا منفصل ہو جیسے سُئِلَ اور يَشَآءُ وَإِلَى تو سیبویہ کیطرح بین بین تسہیل کہتے ہیں" تعجب ہے، کہ قراء نحاۃ نے اخفشؒ سے ہر حال میں ابدال کیسے بیان کر دیا۔

Marfat.com

تخفیف رسمی حمزہؒ سے نصاً منقول ہے۔ محمد بن سعدان البزارؒ خلادؒ سے وہ سلیمؒ سے اور اسمٰعیل بن شدادؒ شجاعؒ سے روایت کرتے ہیں کہ "حمزہؒ مُسْتَهْزِءُوْنَ۔ مُتَّكِـُٔوْنَ۔ اَلْخَاطِـُٔوْنَ۔ فَمَالِـُٔوْنَ۔ اور يُطْفِـُٔوْ پر بلا ہمزہ بضمہ[۱] ماقبل واو وقف کرتے تھے" دانیؒ تیسیر میں کہتے ہیں "حمزہؒ تخفیف ہمزہ میں رسم امام کی پیروی کرتے تھے (مجرد) قیاس کی نہیں جیساکہ ہمنے اوپر بیان کیا" اور اس سے قبل فرماتے ہیں "اگر ہمزہ مضمومہ ہو جیسے فَادَّرَءْتُمْ۔ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ۔ مُسْتَهْزِءُوْنَ۔ وَلْيُوَاطِـُٔوْا۔ يَبْنُوْمَّ۔ يُوْسُفَ اور رَءُوْفٌ وغیرہ میں تو بین بین تسہیل کا لواؤ کرتے تھے۔ بشرطیکہ ہمزہ بصورت یامرسوم نہو۔ اور اگر ہمزہ بصورت یامرسوم ہو جیسے اَوْنَبِّئُكُمْ۔ سَنُقْرِئُكَ۔ سَيِّئَةٌ تو مذہب اخفش[۲] کے مطابق یاء خالصہ سے بدل لیتے تھے۔ تاکہ اتباع خط مصحف کے بارہ میں مذہب حمزہؒ کی پیروی ہو جائے" محققؒ اسکو نقل کرکے کہتے ہیں "اس بارہ میں

---

[۱] تعجب ہے کہ علامہ سخاویؒ نے اسکو ضعیف کہدیا اور شاطبیہ کے شعر میں اُخِمَلَّ کے الف کو تثنیہ کا قرار دیا جو الف اطلاق ہے اور شاطبیؒ نے کسرہ کیساتھ حذف ہمزہ کی تضعیف کی ہے۔ حالانکہ یہ وجہ صحیح ترین وجوہ میں سے اور منصوص ہے اور تمام ائمہ محققین اسکو صحیح کہتے ہیں [۲] بعض شراح قصیدہ کہتے ہیں کہ یہ ضمہ ہمزہ کا ہے نقل ہوکر ماقبل پر گیا ہے۔ مگر محققؒ وغیرہ ائمہ اسکا انکار کرتے ہیں کیونکہ ہمزہ کا ماقبل متحرک ہو اور متحرک پر نقل جائز نہیں وہ کہتے ہیں ہمزہ مع حرکت حذف ہوگیا واؤ کے ماقبل کو حرکت ضمہ دیدیگئی۔ خیر کوئی وجہ ہو واو کے ماقبل پر حذف ہمزہ کے ساتھ ضمہ واجب ہے۔ چنانچہ ابن الانباریؒ۔ ادریسؒ وخلفؒ کے ذریعہ سے کسائیؒ سے روایت کرتے ہیں "وہ کہ جو لوگ مُسْتَهْزِءُوْنَ وغیرہ پر بغیر ہمزہ وقف کرتے ہیں" وہ مُسْتَهْزُوْنَ پر ضمہ زا سے لِيُطْفُوْا پر ضمہ فا سے۔ لِيُوَاطُوْا پر ضمہ طا سے يَسْتَنْبِئُوْنَكَ پر ضمہ با سے اور فَمَالُوْنَ پر ضمہ لام سے وقف کرتے ہیں اور اسی طرح دیگر ایسے کلمات پر"

[۳] جمہور ائمہ قراءۃ مذہب اخفشؒ کے خلاف ہیں وہ عام قیاس اور مذہب سیبویہ پر بین بین تسہیل کے قائل ہیں چنانچہ ابن سوارؒ ابن شنبوذاؒ۔ ابوالحسن خیاطؒ۔ قلانسیؒ۔ سبط الخیاطؒ۔ ابوالکرمؒ۔ حافظ ابوالعلاؒ۔ ابوطاہر بن خلفؒ۔ طرسوسیؒ۔ ابوعلی ہاملیؒ۔ ابن غلبونؒ ابوالحسنؒ ابن الفحامؒ ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ وغیرہ ائمہ نے تخفیف قیاسی کے سوا اور کوئی وجہ جائز ہی نہیں رکھی۔ بلکہ امام ابوالحسنؒ تذکرہ میں مذہب اخفشؒ کی تردید کرتے ہوئے کہتے ہیں "وجوہات قیاس صحیح کے خلاف ہے قراۃ میں اُسکا اتباع جائز نہیں اور نہ روایت صحیحہ کے بغیر اُسپر بھروسہ کیا جاسکتا ہے جو اس بارہ میں معدوم ہے۔

Marfat.com

یہ واضح ترین فیصلہ ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ تخفیف رسمی اگرچہ منصوص اور صحیح وثابت ہے مگر تخفیف[1] قیاسی کے خلاف نہیں ہوسکتی۔ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "ہمزہ متطرفہ باصوت کی تخفیف میں ہمارے شیوخ کا اختلاف ہے جیسے۔ اَلْمَلَؤُا۔ تَفْتَؤُا۔ مِنْ نَّبَائِي۔ بعض حسب قاعدہ الف سے ابدال کرتے ہیں یہ امام ابوالحسنؒ کا مذہب ہے اور بعض حرکت ہمزہ اور رسم کے مطابق واو اور یا سے ابدال کہتے ہیں۔ یہ شیخ ابوالفتحؒ کا مذہب ہے اور یہی میرے نزدیک مختار ہے کیونکہ اول تو حمزہؒ سے اتباع رسم نصاً مروی ہے۔ دوم ہمزہ کا وقفاً اپنی حرکت کے مطابق ابدال مشہور لغت ہی جسکو سیبویہؒ وغیرہ نے اہل عربیت سے نقل کیا ہے مگر مذہب اول اقیس ہے" مختصراً۔

بعض متاخرین نے تخفیف رسمی کو عام کردیا۔ ہمزہ خواہ متطرفہ ہو یا متوسطہ الف کے بعد ہو یا کسی اور ساکن کے ہر جگہ باصورت کا ابدال اور بے صورت کا

---

[1] محققؒ کہتے ہیں "دانیؒ کے قول "رسم کا اتباع کرتے تھے نہ قیاس کا" کے یہ معنی ہیں کہ رسم کے خلاف قیاس کی پیروی نہیں کرتے تھے۔ یہ معنی نہیں کہ قیاس کے خلاف رسم کی پیروی کرتے تھے جیسا کہ بعض کو وہم ہوا ہے کیونکہ قیاس کے خلاف اتباع رسم قراءۃ میں جائز نہیں" نیز کہتے ہیں "سلیمؒ کے اس قول کے کہ دو ہمزہ کلمات پر وقف کرتے ہوئے امام حمزہؒ اتباع مصحف سے الگ نہیں ہوتے تھے یہ معنی ہیں کہ انواع تخفیف قیاسی میں سے جو صورت خط مصحف کے مطابق ہوتی اُسپر تخفیف کرتے تھے اگرچہ کوئی وجہ اُسکے خلاف اقیس ہو۔ امام ابن واصلؒ شیخ ابوالفتحؒ۔ دانیؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ شاطبیؒ۔ ابن شریحؒ۔ وغیرہ محققین کا یہی مذہب ہے کہ تخفیف رسمی قیاس کی مطابقت کے بعد ہو سکتی ہے یعنی اگر تخفیف قیاسی متفق علیہ رسم کے خلاف اور تخفیف قیاسی مختلف فیہ رسم کے مطابق ہو تو یہ وجہ موافق مختار ومعمول اور راجح ہوگی۔ پس یہ تخفیف رسمی کہیں ابدال سے ہوتی ہے جیسے هُزُوًا۔ كُفُوًا۔ اور شُرَكَاؤُ وغیرہ مرسوم بواؤ میں واؤ سے اور مِنْ نَّبَائِي۔ اَنَائِ وغیرہ مرسوم بیا میں یا سے اور نِسَاءٌ وغیرہ مرسوم بالف میں الف سے اور کہیں صرف بین بین تسہیل سے جیسے هٰٓؤُلَآءِ اور يَنْبَئُوا مَیں اور کہیں حذف سے جیسے يَسْتَهْزِءُوْنَ۔ اور خَاسِئِيْنَ وغیرہ اور کہیں نقل سے جیسے اَفِئِدَةً اور مَسْئُوْلًا وغیرہ میں اور کہیں نقل وادغام سے جیسے شَيًّا اور سُوْٓءٍ وغیرہ میں اور کہیں صرف ادغام سے جیسے وَدِّيَا اور تُؤْوِي وغیرہ میں یہی تخفیف رسمی قوی ہے اسکو کہیں صحیح۔ اور کہیں مختار کہدیتے ہیں۔

حذف[1] جائز کہتے ہیں خواہ منقول ہو یا نہ ہو اور عربیت کے مطابق ہو یا نہ ہو یہ تعمیم باطل محض ہے۔ تخفیف رسمی قیاس کی مطابقت اور نقل صحیح کے ساتھ مقید ہے۔

تخفیف رسمی کے لیئے پہلے رسم ہمزہ کا علم ضروری ہے۔ ہمزہ کے لیئے اگرچہ خاص مخرج اور صوت ہے جس سے دیگر حروف سے ممتاز ہوتا ہے مگر عربی رسم الخط میں اسکی کوئی صورت مقرر نہیں جس سے دیگر حروف سے صورتاً ممتاز ہو سکے۔ اہل زبان چونکہ ابدال۔ نقل۔ ادغام بین بین تسہیل اور حذف سے اسکی تخفیف کرتے تھے لہذا حسب اقتضائے تخفیف اسکو الف اور واو اور یا کی صورت میں

---

[1] یعنی ان کے نزدیک اَبْنَآؤُکُمْ اور اَحِبَّآؤُہٗ وغیرہ میں واؤ سے اور نِسَآئُکُمْ۔ خَآئِفِیْنَ اُولٰٓئِکَ اور جَآءُوْ وغیرہ میں یا سے۔ سَاَلَ۔ وَامْرَاَتُہٗ اور بَدَاَکُمْ وغیرہ میں الف سے ابدال اِنْ اَوْلِیَآءُہٗ۔ فَاِدَّرَءْتُمْ۔ اِمْتَلَئْتِ۔ الْمَوْءُوْدَۃُ وغیرہ میں حذف جائز ہے حالانکہ یہ سب غلط ہیں محقق کہتے ہیں "یہ لوگ پرواہ نہیں کرتے کہ یہ امور منقول ہیں یا نہیں۔ عربیت میں صحیح ہیں یا نہیں۔ خواہ اس فعل سے کلمہ مختل ہو جائے یا معنی میں فساد آجائے" نیز فرماتے ہیں شاطبیہ کے بعض متاخر شارحوں نے اسمیں حد سے زیادہ مبالغہ کر دیا۔ چنانچہ رَاَیْتُ اور سَاَلْتُ کو رَاْیْتُ۔ سَاْلْتُ۔ کہتے ہیں جس سے تین سواکن جمع ہو جاتے ہیں۔ جو عربیت میں ناممکن ہے۔ فارسی میں ہو سکتا ہے۔ اور یَجْرَءُوْنَ اور یَسْئَلُوْنَ کو یَجْرُءُوْنَ اور یَسْئُلُوْنَ کہتے ہیں جس سے لفظ میں تغیر اور معنی میں فساد ہو جاتا ہے اور بُرَءَاءُ کو بُرَآءُ کہتے ہیں جس سے لفظ میں فساد اور معنی میں تغیر ہو جاتا ہے۔ اور ابن بصخان نے یَا نَھُمْ میں بَا نَھُمْ بتلایا ہے۔ انمیں سے کوئی وجہ نہ حمزہ سے اور نہ ان کے کسی راوی یا طریقہ سے منقول ہے۔ بلکہ یہ سب ناجائز۔ متروک۔ شاذ۔ باطل۔ اور بعض بعض سے زیادہ مکروہ تر ہیں" پھر کہتے ہیں "خَآئِفِیْنَ وغیرہ میں یا سے اور اَبْنَآؤُکُمْ وغیرہ میں واؤ سے ابدال کے متعلق ائمہ کی نصوص کو تلاش کیا اور کتابوں کو دیکھا کسی نے صراحتاً یا اشارتاً اسکا ذکر نہیں کیا۔ البتہ ابن مہران نے تَاْیِیْبَاتٍ میں بیا اور رَءُوْفٌ میں ابدال بواؤ کہا ہے اور اہوازی نے اپنے شیخ ابو اسحٰق ابراہیم بن احمد طبری سے انکو اتضاح میں نقل کیا ہے اور خود اہوازی کہتے ہیں "میں نے شیخ موصوف کے سوا اور کسی سے ان کو نہیں سنا" مگر میں نے ابو اسحٰق طبری کی کتاب استبصار میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ ممدوح نے صرف بین بین تسہیل بیان کی ہے" پھر فرماتے ہیں "خلاصہ یہ ہے کہ انمیں واو اور یا سے ابدال عربیت میں جائز نہیں بلکہ ائمہ عربیت اسکو لحن کہتے ہیں البتہ نطقی زبان میں ہو تو ہو۔ پس ان میں بین بین تسہیل کے سوا اور کوئی وجہ جائز نہیں اور اس بین بین سے اتباع رسم پورا ہو جاتا ہے اسکے سوا یا ضعیف ہیں یا باطل جنمیں ارکان ثلثہ نہیں پائے جاتے"

اور بے صورت لکھتے تھے جیساکہ ہم نے آٹھویں باب کے شروع میں اشارہ کیا ہے پس یاد رکھو کہ ہمزۂ مبتدائہ ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جاتا ہے تاکہ ابتدا پر دلالت کرے۔ اسکے سوا جس ہمزہ کی تخفیف الف سے یا کالالف ہو سکے بصورت الف اور جسکی یا سے یا کالیا ہو سکتی ہو بصورت یا اور جسکی واو سے یا کالواو ہو سکے بصورت واو مرسوم ہے۔ اور الف کے بعد ہمزۂ متطرفہ اور ساکن کے بعد متوسطہ حذف و ادغام وغیرہ کی جگہ بصورت ہوتا ہے یہ رسم ہمزہ کی اصل مطردہ ہے۔ لیکن بعض جگہ کسی وجہ سے اسکی مخالفت کیگئی ہے۔

سلہ چنانچہ ساکن لازم بعد از ضمہ تُؤْوِیْ۔ تُؤْوِیْہِ۔ رُءْیَایَ۔ رُءْیَا۔ اور رُءْیَاکَ میں اور بعد از فتح فَاَدْرَءْتُمْ (بقرہ) ھَلِ امْتَلَاْتِ (ق) میں باجماع بے صورت مرسوم ہے اور متحرک بعد از ساکن میں سے اَلنَّشَاْۃَ (نجم اور واقعہ) اَلسَّوْاٰی (روم) اَنْ تَبَوَّاٰ (مائدہ) لِیَسُوْٓءٗا۔ (اسرا) میں الف سے مُوْئِلًا (کہف) میں یا سے ھُزُوًا۔ کُفُوًا میں واو سے خلاف قیاس مرسوم ہے اور اجتماع مثلین کی حالت میں ہمزۂ متوسطہ مفتوحہ مطلقاً۔ اَبْنَآءَنَا۔ اَبْنَآءَکُمْ۔ نِسَآءَنَا۔ نِسَآءَکُمْ اَدْعِیَآءَکُمْ۔ اَبْنَآءَکُمْ۔ اَوْلِیَآءَہٗ۔ دُعَآءِیْ۔ نِدَآءً۔ مَآءً۔ اور مضمومہ جسکے بعد واو ہو جَآءُوْکُمْ یُرَآءُوْنَ اور مکسورہ جسکے بعد یا ہو اِسْرَآءِیْلَ۔ مِنْ وَّرَآئِیْ۔ شُرَکَآءِیْ۔ وَالْاٰءِیْ میں ہمزہ قیاس کے خلاف بصورت مرسوم ہے تاکہ صور متماثلہ جمع نہ ہو جائیں۔ اور تَرَآءَا الْجَمْعَانِ (شعراء) میں ایک الف لکھا ہوا ہے۔ بعض پہلا کہتے ہیں یہ جبرئی وغیرہ کی رائے ہے۔ اور بعض دوسرا یہ دانی وغیرہ کی رائے ہے۔ ہمزہ متطرفہ مضمومہ بعد از الف ۸ کلمات میں واو مرسوم ہے اور واو کے بعد الف لکھا گیا ہے پہلے نہیں شُرَکٰٓؤُا (انعام و شوریٰ) مَا نَشْوٰٓؤُا (ہود) اَلصّٰبِـُٔوْنَ (ابراہیم غافر) شُفَعٰٓؤُا (روم) وَمَا دُعٰٓؤُا (غافر) لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا۔ فِیْهِ بَلٰٓؤٌا (صفت دخان) بُرَآءُا (ممتحنہ) جَزٰٓؤُا (مائدہ دونوں اول مقام شوریٰ۔ حشر) اور تین کلمات ذیل میں اختلاف ہے (ملہ جَزٰٓؤُا۔ کہف۔ طٰہٰ۔ زمر) عُلَمٰٓؤُا (شعراء فاطر) اَنْبَلٰٓؤُا (انعام و شعراء) بعض مرسوم بواؤ کہتے ہیں اور بعض مرسوم بالف۔ اور چار کلمات میں ہمزہ مکسورہ متطرفہ اجماعاً بصورت یا لکھا ہوا ہے ملہ مِنْ تِلْقَآیِ (یونس) مِنْ اٰنَآیِ (طٰہٰ) مِنْ وَّرَآیِ۔ (شوریٰ) اور بِلِقَآئِیْ۔ اور لِقَآئِیْ (ہر دو مریم) میں اختلاف ہے بعض بالیا کہتے ہیں اور بعض بغیر یا۔ مگر ان سب میں الف قبل از یا مرسوم ہے بعد میں نہیں۔ مگر یونس و نمل میں اختلاف ہے۔ اور متطرفہ مضمومہ بعد از فتح دس کلمات ذیل میں بصورت واو مرسوم ہے ملہ تَفْتَؤُا (یوسف) مہ یَتَفَیَّؤُا (نحل) مہ اَکَوْکَبًا۔ مہ لَا تَظْمَؤُا (ہر دو طٰہٰ) مہ وَیَدْرَؤُا (نور) مہ مَا یَتَلَوْا (فرقان) مہ اَلْمَلَؤُا۔ (مؤمنون ایک اول نمل ۳) مہ یُنْشَؤُا (زخرف) مہ نَبَؤُا (براءۃ کے سوا ہر جگہ) مہ لَیُبَوِّئَنَّهُمْ (قلم) اور واو کے بعد الف لکھا ہے۔ اور مکسورہ بعد از فتح ایک جگہ مِنْ نَّبَاِیْ (انعام) میں بصورت یا مرسوم ہے اور اس سے قبل الف لکھا ہے اور متوسطہ متحرکہ بعد از متحرک جس کے بعد واو یا یا واقع ہو۔ اجتماع صور متماثلہ سے بچنے کے لئے اسکی کوئی صورت نہیں لکھی۔ جیسے مُسْتَهْزِءُوْنَ اور خَاسِئِیْنَ وغیرہ اور سَیِّئَۃٌ کی جمع کو صورت ہمزہ حذف کرکے سَیِّاٰتُ الف

سے لکھتے ہیں اور مضمومہ بعد از کسرہ کو جسکے بعد واو نہ ہو بصورت یا لکھا ہے جیسے سَیِّئَۃٌ۔ اور مُسْتَقِرٌّ مَّکَانَهٗ وغیرہ

ماحصل یہ ہے کہ تخفیف رسمی جائز ہے۔ لیکن لازم ہے کہ یا تو تخفیف قیاسی میں سے کسی وجہ کے مطابق ہو یا مسموع و منقول ہو اور اگر دونوں شرائط میں سے کوئی اسکی موید نہ ہو تو باطل و فاسد ہے۔ پس جہاں قیاس سے ابدال کی تائید ہوتی ہو وہاں ابدال کرینگے ورنہ بین بین تسہیل کافی ہے اور اس سے ہر جگہ اتباع رسم پورا ہو جاتا ہے اور جہاں حذف و ادغام مسموع و منقول ہوں وہاں جائز ہیں اور کہیں نہیں۔

پہلے طلبا یہ یاد رکھیں کہ ہشامؒ و قفاً صرف ہمزہ متطرفہ میں تخفیف کرتے ہیں اور حمزہؒ ہمزہ متطرفہ۔ متوسطہ بنفسہ۔ اور متوسطہ بزائد میں سے ہر ایک میں۔ متطرفہ اسکو کہتے ہیں جسپر صوت منقطع ہو جائے۔ اور جسپر صوت منقطع نہ ہو غیر متطرفہ ہے اگرچہ رسماً متطرفہ ہو۔ جیسے دُعَآءً وغیرہ۔

ہمزہ کی اصولی طور پر تین قسمیں ہیں۔ اول ساکن۔ دوم متحرک بعد از ساکن۔ سوم متحرک بعد از متحرک۔ اور پھر ہر ایک کے ماتحت متعدد انواع ہیں۔ ہمنے اُوپر تخفیف کے جو قاعدے بیان کیئے ہیں اُن سے ہر ایک کا حکم خود بخود معلوم ہو سکتا ہے لیکن مبتدیوں کی سہولت کے لیئے ہم تین فصلوں میں ہر ایک قسم کی جزئیات اور ہر جزئی میں تخفیف کی جائز صورتیں بیان کرتے ہیں پہلے تخفیف قیاسی متفق علیہ پھر تخفیف قیاسی مختلف فیہ اسکے بعد تخفیف رسمی بتائیں گے طلبا سے درخواست کیجاتی ہے کہ وجوہ بیان کردہ سے عدول نکریں کیونکہ انکے سوا کوئی وجہ جائز نہیں

فصل اول ہمزہ ساکنہ

ہمزۂ ساکنہ کی چھ قسمیں ہیں۔ اول متطرفہ ساکنہ بسکون لازم جیسے اِقْرَأْ۔ نَبِّئْ۔ هَيِّئْ۔ وغیرہ۔

[1] ضمہ کے بعد ساکن لازم قرآن میں نہیں ہے۔

دوم۔ متوسطہ بنفسہ جسکے بعد واو اور یا نہو۔ جیسے وَالْمُؤْتَفِكَةَ۔ يُؤْمِنُوْنَ۔ تَأْلَمُوْنَ۔ وَبِئْرٍ۔ نَبِّئْنَا۔ وَكَأْسٍ وغیرہ۔

سوم متوسطہ بحرف زائد قبل جیسے فَأْوُوْا۔ وَأْتُوْا اور وَأْمُرْ وغیرہ۔

چہارم متوسطہ بکلمۂ زائد۔ جیسے قَالُوْا ائْتِنَا۔ قَالَ ائْتُوْنِيْ۔ الَّذِيْ ائْتُمِنَ وغیرہ

ان چاروں اقسام میں ہمزہ کو حرکت ماقبل کے مطابق حرف مد سے بدل لیتے ہیں اور کوئی وجہ جائز نہیں اور اس ابدال میں رسم کا کوئی لحاظ نہیں کیا جاتا۔ اور نہ ہمزۂ ساکنہ متوسطہ بالغیر میں تحقیق جائز ہے۔ جیسا کہ بعض کو وہم ہوا۔

پنجم متطرفہ ساکنہ بسکون عارضی وقفی جیسے اللُّؤْلُؤِ۔ اِنِ امْرُؤٌ مِنْ شَاطِئِ الْمَلَاءُ عَنِ النَّبَاءُ بَدَأَ۔ يُبْدِئُ۔ اور قُرِئَ وغیرہ۔ اسمیں بھی اجماعی وجہ ابدال ہے اور اس حالت میں ساکن لازم کیطرح روم واشمام جائز نہیں کیونکہ یہ حرفِ مد ہے جسکا حرکت سے کوئی علاقہ نہیں ہوتا۔ اور بعض کے نزدیک ابدال کے بجائے روم کیساتھ بین بین تسہیل بھی جائز ہے۔ یعنی اسمیں دو وجہ ہیں اور دونوں صحیح ہیں (ابدال اور تسہیل کیساتھ روم)

ششم متوسطہ بنفسہ۔ جس کے بعد واو یا یا ہو جیسے وَدِئَ يَا۔ تُؤْوِيْ تُؤْيِهِ وغیرہ۔ اسمیں بھی اجماعی وجہ ابدال کے بعد اظہار ہے اور ادغام بھی جائز ہے اور یہی رسمی وجہ ہے دونوں صحیح ہیں۔ (ابدال کیساتھ اظہار اور ادغام)

سلہ ابن سفیانؒ مہدویؒ ابن شریحؒ ابن بازشؒ وغیرہ نے متوسطہ بکلمہ میں بوجہ انفصال خفتی صرف تحقیق اور متوسطہ بحرف میں تحقیق و تسہیل بیان کی ہے یہ محققؒ کہتے ہیں یہ انکا وہم ہے کیونکہ یہ اگرچہ اوائل کلمات میں واقع ہوئے ہیں مگر مبتدات نہیں ہیں کیونکہ ماقبل سے ملائے بغیر انکا ساکن رکھنا ناممکن ہے اسی وجہ سے ان کے لیے متوسطہ کا حکم ہے اور ابن بازشؒ سے تعجب ہے کہ انہوں نے تحقیق کو امام ابو الحسنؒ اور ان کے والد اور ابن ہلؒ کی جانب منسوب کر دیا حالانکہ انہوں نے تذکرہ میں ابدال بلا خلاف بیان کیا ہے۔ دانیؒ اور شاطبیؒ وغیرہ ہمارے تمام ائمہ ہمزہ ساکنہ متوسط بزائد میں صرف ابدال کہتے ہیں اور یہی صحیح ہے۔

مسئلہ - جس ہمزۂ ساکنہ متوسطہ کا یا سے ابدال ہو جائے اور اسکے بعد ضمیر جمع مذکر غائب ہو جیسے اَنُبِّئُهُمْ - اور نَبِّئْهُمْ وغیرہ تو ابن مجاہدؒ و ابن غلبونؒ مناسبت یا کی وجہ سے ہا کو مکسور پڑھتے ہیں اور ابن مہرانؒ ابو محمد مکیؒ - ابن سفیانؒ - مہدویؒ وغیرہ جمہور کا مذہب حسب[1] اصل ضمہ ہی - کیونکہ یا عارضی ہے - امام ابو الحسنؒ اور دانیؒ دونوں کو صحیح کہتے ہیں - ابن شریحؒ کہتے ہیں "ضمہ احسن ہی" دونوں معمول ہیں مگر حسب قیاس ضمہ اولیٰ ہی -

مسئلہ :- اگر ہمزۂ متطرفہ ساکنہ بسکون لازم (بوجہ جازم وغیرہ) وقفاً حرف مد سے بدل جائے جیسے اَمْ لَمْ یُنَبَّؤُا تو اس حرف مد کا حذف کرنا جائز نہیں اور نہ اُسپر عامل جازم کا کوئی اثر ہو سکتا ہے - یہ مسئلہ اجماعی اور منصوص ہے -

فصل دوم ہمزہ متحرکہ ساکن ماقبل

ہمزۂ متحرکہ ساکن ماقبل کی بارہ قسمیں ہیں اول متطرفہ بعد از ساکن صحیح جیسے رِدْءً - اَلْمَرْءِ - اَلْخَبْءَ اسمیں حرکتِ ہمزہ نقل کر کے ہمزہ کو ساقط کر دیتے ہیں اور حسب اقتضاء حرکت[2] روم و اشمام درست ہیں اور کوئی وجہ جائز نہیں -

دوم متوسطہ بصورت بعد از ساکن صحیح جیسے مَسْئُوْلًا - مَدْءُوْمًا - اَفْئِدَةٌ - تَجْرَءُوْنَ ظُلْمًا وغیرہ نقل کے بعد ہمزہ کو ساقط کر دیتے ہیں اور کوئی وجہ جائز نہیں -

سوم متوسطہ باصورت بعد از صحیح ساکن جیسے شَاطْئَهٗ - اَلنَّشْاَةَ - هُنَّ اُوْلَا -

[1] محقق کہتے ہیں "ضمہ اصح اور قیاس کے مطابق ہی - محمد بن یزید رفاعی نے سلیمؒ سے ضمہ نقلاً روایت کیا ہے - نیز جب حمزۂ عَلَيْهِمْ - اِلَيْهِمْ - اور لَدَيْهِمْ میں ہا کا ضمہ اسوجہ سے پڑھتے ہیں کہ ان میں یا الف سے مبدل ہے اور ہا کی اصل ضمہ تھی تو اسمیں یہ اعتبارات اولےٰ ہیں"

[2] اہل ادا ہمزۂ متطرفہ کی حرکت کا جو اسی کلمہ میں ساکن ماقبل پر نقل کیجائے روم و اشمام جائز رکھتے ہیں لیکن جو حرکت دوسرے کلمہ سے منقول ہو جیسے قُلْ اُوْحِيَ - قُلْ اِيْ وغیرہ تو اُسکا روم و اشمام جائز نہیں -

Marfat.com

کُفُوًا وغیرہ میں اجماعی وجہ نقل کے بعد ہمزہ کا اسقاط ہے۔ مرسوم بالف میں نقل کے بعد الف کا ابقا اور مرسوم بواو میں بلا نقل واو سے ابدال رسمی وجہ ابھی جائز و صحیح ہے۔

چہارم متطرفہ بعد از واو زائدہ اور یاء زائدہ ایسے صرف تین کلمات ہیں قُرُوْٓءٍ۔ بَرِیْٓءٌ۔ اَلنَّسِیْٓءُ

پنجم۔ متوسطہ بعد از یاء زائدہ جیسے خَطِیْٓئَتُہٗ۔ هَنِیْٓئًا۔ مَرِیْٓئًا دونوں حالات میں ابدال کے بعد ادغام کرتے ہیں۔ نقل تسہیل وغیرہ کوئی وجہ جائز نہیں۔ البتہ متطرفہ میں حسب حرکت ادغام کے ساتھ روم و اشمام درست ہیں۔

ششم متطرفہ بعد از واو اصلی اور یاء اصلی لَتَنُوْٓءُ۔ اَنْ تَبَوَّٓءَ۔ مِنْ سُوْٓءٍ قَوْمَ سَوْٓءٍ۔ اَلْمُسِیْٓءُ۔ جَآءَ۔ سِیْٓءَ۔ شَیْٓءٌ۔ شَیْٓءٍ۔

ہفتم متوسطہ بعد از واو اصلی اور یاء اصلی جیسے سُوْٓا۔ سَوْاٰتِکُمْ۔ مَوْئِلًا۔ مَوْءُوْدَۃُ سِیْٓئَتْ۔ شَیْٓئًا۔ کَهَیْٓئَۃِ۔ اِسْتَیْٔسَ۔ دونوں حالات میں اجماعی وجہ حرف صحیح کے مانند نقل و اسقاط ہمزہ ہی بعض کے نزدیک زائد کے مانند ابدال کے بعد ادغام بھی جائز ہے۔ دونوں وجوہ صحیح ہیں اور دونوں کیساتھ متطرفہ میں حسب حرکت روم و اشمام درست ہیں اور بین بین تسہیل جائز نہیں۔

ہشتم متطرفہ بعد از الف جیسے جَآءَ۔ شَآءَ۔ مِنَ السَّمَآءِ۔ اِلَی الْمَآءِ۔ اَلسُّفَهَآءُ یَشَآءُ۔ مِنْ تِلْقَآئِ۔ وَاِیْتَآئِ۔ مِنْ اٰنَآئِ۔ مِنْ وَّرَآئِ۔ شُرَکٰٓؤُا۔ مَا نَشَؤُا الضُّعَفٰٓؤُا۔ وَمَادُوْٓا۔ اجماعی وجہ ہمزہ کا الف سے ابدال ہی اور اجتماع ساکنین کیوجہ سے ایک الف کو حذف کرکے بقصر اور دونوں کو باقی رکھکر باشباع اور باعتبار سکون وقفی

لہ قرآن میں متوسطہ سے قبل واو زائدہ نہیں ہے۔

بتوسط پڑھتے ہیں اور بعض کے نزدیک مضمومہ ومکسورہ کی روم کیساتھ بین بین تسہیل بھی بمد وقصر جائز ہے۔ یہ پانچوں وجوہ تخفیف قیاسی کی ہیں۔ ان کے علاوہ مکسورہ مرسوم بیا میں تخفیف رسمی کی چار وجوہ طول توسط اور قصر باسکان اور روم بقصر ابدال بیا کیساتھ اور جائز ہیں۔ اور مضمومہ مرسوم بواو میں تخفیف رسمی کی سات وجوہ (وجوہ ثلثہ باسکان۔ اور باشمام اور روم بقصر) ابدال بواو کیساتھ مزید درست ہیں نتیجہ یہ ہے کہ مفتوحہ بیصورت میں تین اور مکسورہ ومضمومہ بسے صورت میں پانچ پانچ اور مکسورہ مرسوم بیا میں نو اور مضمومہ مرسوم بواو میں بارہ وجوہ جائز ہیں۔

نہم۔ متوسطہ بعد از الف جیسے خَآئِفِيْنَ۔ اَلْمَلٰٓئِكَةُ۔ وَجَآؤُوْا۔ اَوْلِيَآؤُهٗ۔ اُولٰٓئِكَ۔ جَآءَنَا۔ نِدَآءً۔ مد وقصر کیساتھ بین بین تسہیل کرتے ہیں اور اسی سے اتباع رسم پورا ہو جاتا ہے۔ ابدال وحذف وغیرہ کی کوئی وجہ جائز نہیں جیساکہ بعض بے خبر کیا کرتے ہیں

دہم۔[۱۰] متوسطہ بحرف زائدہ متصلہ (صرف ہا تنبیہ ویا ندا کے بعد آتا ہے جیسے یٰٓاٰدَمُ۔ یٰٓاِبْرٰهِيْمُ۔ هَآ اَنْتُمْ۔ هٰٓؤُلَآءِ وغیرہ کی متوسطہ بنفسہ کیطرح بین بین تسہیل[۱] اور مبتدئ کے مانند تحقیق کرتے ہیں دونوں وجہ صحیح ومعمول ہیں۔

یازدہم۔[۱۱] متوسطہ بعد از لام تعریف جیسے اَلْاَرْضِ۔ اَلْاٰخِرَةُ۔ اَلْاُوْلٰى وَالْاِكْرَامِ۔ اسمیں دو وجہ ہیں۔ اول نقل[۲]۔ اور دوم تحقیق کیساتھ سکتہ۔

[۱] جمہور اہل ادا بطائفہ اہل عراق اور اکثر اہل مصر ومغرب اور شیخ ابو الفتح کا مذہب متوسطہ بعد از الف میں تسہیل ہے۔ دانی نے آپ سے صرف تسہیل پڑھی ہے خود فرماتے ہیں تسہیل جمہور کا مذہب اور میرے نزدیک مختار ہے۔ ابن غلبون ابو الحسن۔ اور ابو محمد مکی وغیرہ کا مذہب تحقیق ہے۔ اور یہی صالح بن ادریس وغیرہ تلامذہ ابن مجاہد کے نزدیک مختار ہے دونوں وجہ حمزہ سے نصاً منقول ہیں۔ تیسیر۔ شاطبیہ۔ کافی۔ ہدایہ اور تلخیص میں دونوں وجوہ مذکور ہیں۔ دونوں صحیح ہیں۔ [۲] لام تعریف کے بعد یہی وہ اختلاف ہے جو الف کے بعد بیان ہوا جملہ اہل تسہیل بلاخلاف نقل کہتے ہیں۔ دانی نے شیخ ابو الفتح سے نقل ہی پڑھی ہے اور ابن غلبون وغیرہ تحقیق کیساتھ صرف سکتہ م کہتے ہیں دونوں صحیح اور حمزہ سے منصوص ہیں۔

Marfat.com

دونوں صحیح ہیں تحقیق[۱] بلاسکتہ اور تسہیل[۲] جائز نہیں۔

دوازدہم۔ متوسطہ بعد از ساکن منفصل حرف صحیح ہو یا حرف لین مگر حرف مد ہو۔ جیسے عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔ مَنْ اٰمَنَ۔ خَلَوْا اِلٰی۔ اِبْنَیْ اٰدَمَ۔ وغیرہ اسمیں یہی دو وجوہ ہیں۔ حمزہؒ نقل[۳] کرتے ہیں اور خلفؒ کے لیئے تحقیق کیساتھ سکتہ اور خلادؒ کے لیئے تحقیق کیساتھ عدم سکتہ دوسری وجہ ہے اور اگر ساکن منفصل حرف مد ہو تو صرف مد ہوگا ہمارے طرق پر کوئی اور وجہ[۴] جائز نہیں۔

تنبیہ۔ الف کے بعد حرکت ہمزہ متطرفہ کا روم صرف تسہیل کے ساتھ ہوتا ہے ابدال الف کی حالت میں ہرگز جائز نہیں اور یہ تسہیل صرف روم کیساتھ ہو سکتی ہے اسکان کے ساتھ تسہیل ممکن ہی۔ ہر ہمزۂ ساکنہ متطرفہ کا جب وہ حرف مد سے بدلے روم واشمام ممتنع ہے۔ باقی حالات میں روم واشمام جائز ہیں۔

فصل سوم (۳) ہمزہ متحرکہ متحرک ماقبل

ہمزۂ متحرکہ متحرک ماقبل صرف متوسطہ ہوتا ہے اور اسپر حرکات ثلثہ آتی ہیں۔ متوسطہ منفصلہ

[۱] لام تعریف کے بعد تحقیق بلاسکتہ کے بارہ میں محقق کہتے ہیں "میں نے وقفاً تحقیق بلاسکتہ نہ کسی کتاب میں دیکھی اور نہ کسی طریقہ سے سنی بلکہ وصلاً تحقیق روایت کرنیوالوں کا وقفاً نقل پر اجماع ہے اور متقدمین کا اسمیں کوئی اختلاف نہیں۔

[۲] غیر منقول ہونیکے علاوہ ساکن صحیح کے بعد قیاس کے قطعاً خلاف ہے۔

[۳] ساکن منفصل پر نقل زیادات قصیدہ سے ہے۔ تیسرا طریق تیسر سے صرف تحقیق ثابت ہوتی ہی۔ شیخ ابو الفتح[ؒ] ابن غلبونؒ ابو الحسنؒ ابو اسحٰق طبریؒ۔ ابن سفیانؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ کا مذہب تحقیق ہی۔ یہی حمزہؒ سے منصوص ہے۔ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "ابن واصل خلفؒ سے خلفؒ و ابن سعدؒ سلیمؒ سے سلیم حمزہؒ سے ہمزۂ مبتدئہ کی تحقیق روایت کرتے ہیں خواہ ساکن کے بعد ہو یا متحرک کے۔ جملہ مغربی اور اکثر شامی و مصری اہل ادا کا یہی مسلک ہے یہی صحیح اور ماخوذ و معمول بہا ہے" دانیؒ نے دیگر تصانیف میں یہی کہا ہے جو شراح شاطبیہ اسمیں نقل ابو الفتحؒ کا مذہب بتاتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ علامہ شاطبیؒ نے نقل بخلاف بیان کی ہے۔ اور اکثر محققین انکی ہمزبان ہیں محقق کہتے ہیں "نقل و تحقیق دونوں صحیح ثابت ہیں۔ میں نے اسی طرح پڑھا ہے اور پڑھتا پڑھاتا ہوں" ابو سلمہؒ نے شیوخ کوفہ سے نقل انصار روایت کی ہے۔ یہی ابو علیؒ مالکی قلانسیؒ اور ھذلیؒ کا مذہب ہے۔ نقل ماخوذ ہے۔ مگر تحقیق مقدم ہے۔ [۴] بعض اہل ادا الف کے بعد بین بین تسہیل اور واؤ اور یاء مدہ پر نقل کی ایک وجہ کہتے ہیں۔

کے ماقبل پر بھی حرکات ثلثہ ہوتی ہیں۔ لہذا اسکی نو قسمیں ہیں اور متوسطہ بالغیر کے ماقبل فتحہ اور کسرہ پایا جاتا ہے۔ پس اسکی چھ قسمیں ہیں۔ متوسطہ بنفسہ میں تخفیف بلا خلاف اور متوسطہ بالغیر میں بخلاف ہوتی ہے نوعیت تخفیف میں دونوں مساوی ہیں لہذا ہم ہر قسم میں متوسطہ بنفسہ کو بیان کرکے ساتھ ساتھ متوسطہ بالغیر کو درج کرینگے۔

اول فتح کے بعد مفتوحہ جیسے شَنَاْنُ سَاْلَهُمْ۔ نَاْبِهٖ مَاْرِبُ۔ خَطَاْءً۔ كَاَنَّهُنَّ يُؤَامِنَ وَاْمَرَ۔ اَفَاْمِنَ۔ وغیرہ۔

دوم فتح کے بعد مضمومہ جیسے۔ نَقْرَؤُهٗ۔ رَؤُفٌ۔ يَكْلَؤُكُمْ۔ وَاُوْتِيْنَا۔ فَاُوَارِيَ وغیرہ۔

سوم فتح کے بعد مکسورہ جیسے يَئِسْنَ۔ نَطْمَئِنَّ۔ فَاِنَّهٗ۔ فَاِمَّا وغیرہ۔ ان حالات ثلثہ میں حرکت ہمزہ کے مطابق بین بین تسہیل ہوتی ہے اور کوئی وجہ جائز نہیں۔

چہام۔ ضمہ کے بعد مفتوحہ جیسے مُؤَجَّلًا۔ لُؤْلُؤًا۔ يُؤَخِّرُ (متوسطہ بزائدہ نہیں آتا) اور اسکا صرف واؤ مفتوحہ سے ابدال ہوتا ہے۔

پنجم کسرہ کے بعد مفتوحہ جیسے نَاشِئَةً۔ خَاطِئَةً۔ مِاْئَةٌ۔ سَيِّاٰتِ۔ بِاْمُرِهٖ۔ فَلَا تُفْسِكُمْ۔ وَلِاَبَوَيْهِ۔ لِاٰدَمَ وغیرہ صرف یاء مفتوحہ سے ابدال ہوتا ہے اور ان دونوں حالات میں تسہیل جائز نہیں۔

ششم۔ ضمہ کے بعد مضمومہ جیسے بِرُءُوْسِكُمْ۔ رُءُوْسُ (متوسطہ بزائدہ نہیں آتا) بین بین تسہیل اور بصورت کا حذف ہی جائز ہے۔

ہفتم۔ کسرہ کے بعد مضمومہ جیسے مُسْتَهْزِءُوْنَ۔ لِيُطْفِـُٔوْا۔ اَنْبِـُٔوْنِيْ۔ لِاُوْلٰهُمْ۔ لِاُخْرٰىهُمْ۔ اجماعی وجہ بین بین تسہیل ہے۔ ابدال یا بھی جائز ہے

اور بصورت متوسطہ بنفسہ کا جسکے بعد واو ہو ماقبل کو ضمہ دیکر حذف کرنا بھی درست اور تخفیف رسمی کی وجہ ہے۔

ہشتم۔ ضمہ کے بعد مکسورہ جیسے سُئِلُوا۔ سُئِلَ متوسطہ بزائدہ نہیں آتا۔ اجماعی وجہ بین بین تسہیل ہی۔ ابدال بواو بھی جائز ہے ان دونوں اقسام میں ابدال کے اندر رسم کی مطابقت ہونی چاہیئے۔ ورنہ ضعیف ہے۔

نہم۔ کسرہ کے بعد مکسورہ جیسے خٰسِئِیْنَ۔ بَارِئِکُمْ۔ مُتَّکِئِیْنَ۔ بِاِحْسَانٍ۔ لَبِاِمَامٍ۔ بِاِیْمَانٍ۔ لِاِیْلٰفِ وغیرہ میں بین بین تسہیل کرتے ہیں اور اگر بصورت کے بعد یا ہو تو باتباع رسم حذف بھی جائز ہے

مسئلہ۔ تَرَاءَا الْجَمْعَانِ (شعراء) کا الف مبدلہ از یاء اجتماع ساکنین کی وجہ سے ساقط ہے لیکن اگر تَرَاءٰ پر وقف کریں تو وہ الف لوٹ آئیگا۔ لہذا حمزہؒ وقفاً اسکی حسب قاعدہ بین بین تسہیل کرینگے۔ امالہ کا حکم آئندہ آئیگا۔

فائدہ۔ ہمزۂ مبتدئہ کی تخفیف ہمارے طرق اور دانیؒ کی تصریحات کے خلاف ہے قیاطبیہ سے بھی اسکی تائید نہیں ہوتی اور ہم نے مبتدئہ میں صرف تحقیق ہی پڑھی اور تحقیق ہی پڑھتے اور پڑھاتے ہیں

تنبیہ۔ اتباع رسم کا مسئلہ تخفیف ہمزہ سے تعلق رکھتا ہے اور کسی حرف سے نہیں یعنی اَلْعُلَمٰٓؤُا۔ اور مَا نَشٰٓؤُا وغیرہ کا الف بایں سبب حذف نہیں کیا جاسکتا کہ مرسوم نہیں۔ اور لِشَایْءٍ (کہف) وَلَا اَوْضَعُوْا۔ اَوْلَا اَذْبَحَنَّهٗ اَوْ لَاَاْتِیَنِّیْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ وغیرہ کا الف اس بنا پر پڑھا نہیں جاسکتا کہ مرسوم ہے۔ کیونکہ بلحاظ تلفظ ان کا عدم وجود برابر ہے اور ان کے حذف واثبات سے لفظ میں تغیر اور معنی میں فساد عظیم آجاتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

Marfat.com

باب چہاردہم فتح امالہ اور تقلیل

فتح - (زبر) کو فتح اسلیئے کہتے ہیں کہ اُسکے ادا کرنے میں مونہہ کھلتا ہی خصوصاً الف کیساتھ انفتاح اور زیادہ ہوتا ہے اور اسکی دو قسمیں ہیں فتح شدیدہ اور فتح متوسط فتح شدیدہ اہل عجم کا لغت ہی عربیت میں مستعمل نہیں[1] ہوتا اور قرارت میں ناجائز ہے - عربیت اور قرارت میں فتح متوسط مستعمل ہوتا ہے - دانی رح موضح میں کہتے ہیں "فتح سے مراد فتح متوسط ہی جو فتح شدیدہ اور امالہ متوسط کے درمیان ہوتا ہے اور قرارت میں یہی مستعمل ہی"

امالہ - اگر فتح متوسطہ کو بجانب کسرہ اور الف کو بجانب یا مائل کریں کہ فتح اور الف قطعاً باقی نرہے اور نہ کسر اور یاء خالص بنے تو امالہ محضہ[2] ہو جائیگا - اسیکو اضجاع اور امالۂ کبریٰ کہتے ہیں - اور اگر فتح متوسطہ اور الف کو اضجاع کیطرف ایسا مائل کریں کہ فتح خالص

---

[1] محقق رح کہتے ہیں "فتح شدیدہ قرارت میں ناجائز بلکہ عربیت میں ہی معدوم ہے وہ اہل خراسان کا تلفظ ہے اور آجکل اہل ماوراء النہر کی زبان پر یہی چڑھ گیا ہے اور اُن سے یہ وبا دیگر شہروں میں پھیل گئی فتح شدیدہ کی آواز موٹی اور مجہول ہوتی ہے اور فتح متوسطہ کی آواز معروف و سلیس و باریک اور فصیح - افسوس کہ اہل ہند بھی فتح شدیدہ کے عادی ہیں اور بعض لوگ قرآن میں بھی اسکا تلفظ کرتے ہیں خصوصاً حرف لین سے قبل - اور بعض آدمی فتح متوسطہ کی ترقیق میں اتنا مبالغہ کرتے ہیں کہ امالہ مسموع ہوتا ہے یہ بھی جائز نہیں - افراط و تفریط سے بہر حال بچنا چاہیئے

[2] ہمارے ائمہ امالہ اور تقلیل کی یہ تعریف کرتے ہیں - مگر اس سے انکا صحیح ادراک مشکل ہی کیونکہ یہ کیف ہے جس کو الفاظ میں بیان نہیں کر سکتے - پس ان کے معلوم کرنیکا اصل ذریعہ مشافہت اور سماعت ہے اور ان کے ادا کرنیکے لیئے زبان کا مسخر ہونا لابدی ہے - اکثر مبتدی امالہ محضہ اور تقلیل میں فرق نہیں کر سکتے اور بعض فتح اور تقلیل میں امتیاز نہیں کر سکتے - ایسے لوگوں کے لیئے ہم اردو کی مثال بتاتے ہیں جس سے وہ فرق سمجھ سکیں - پس یاد رکھو کہ امالہ محضہ کی آواز اردو میں کسرۂ مجہول اور یاء مجہول بعد از کسرہ کے مانند اور تقلیل کی آواز یاء مجہول بعد از فتح اور فتح مجہول کے مانند ہوتی ہے - یعنی اضجاع نہ فتح ہوتا ہے نہ کسرہ مگر کسرہ کی جانب میلان زیادہ ہوتا ہے اور بین بین میں اگرچہ فتح نہیں ہوتا مگر فتح سے بہت زیادہ قرب ہے - فافہم

اور الف خالص باقی نہ رہے مگر امالہ محضہ بھی نہ بنے تو تقلیل ہو جائیگی - اسی کو بین بین اور امالہ صغریٰ کہتے ہیں اور اہل اداء دونوں پر امالہ کا اطلاق کرتے ہیں —

فتح اور امالہ دونوں فصیح ہیں - دانیؒ کہتے ہیں "لغت میں فتح اور امالہ دونوں مشہور ہیں اور ان کو وہ فصحائے عرب استعمال کرتے تھے جنکی زبان میں قرآن نازل ہوا فتح حجاز کا اور امالہ نجد و تمیم و قیس کا لغت ہے - اس امر میں علماء کا اختلاف ہے کہ ان دونوں میں سے کون اصل اور کون فرع ہے - محققؒ کہتے ہیں "ایک گروہ دونوں کو اصل اور دوسرا گروہ فتح کو اصل اور امالہ کو فرع کہتا ہے - کیونکہ امالہ کسی سبب سے ہوتا ہے جس کے فقدان پر فتح لازم ہو جاتا ہے - اور نیز ہر ممال کی فتح جائز ہے مگر ہر مفتوح کا امالہ جائز نہیں"

حمزہؒ خاص کلمات کے سوا اور کسائیؒ ہر جگہ امالہ محضہ کرتے ہیں - ورشؒ ہا، طہ کے سوا ہر جگہ تقلیل کرتے ہیں - بصریؒ کا مذہب ذوات الراء میں ایک کلمہ کے سوا امالہ محضہ اور غیر ذوات الراء میں تقلیل ہے - مگر غیر ذوالراء میں سے چار کلمات میں امالہ محضہ کرتے ہیں - باقی حضرات کا مسلک فتح ہے مگر ابن ذکوانؒ چند کلمات میں جہاں راء واقع ہوں ہشامؒ و ابو بکرؒ بعض بعض خاص الفاظ میں - اور حفصؒ ایک لفظ میں امالہ محضہ اور قالونؒ ایک کلمہ میں ہر جگہ بخلاف اور مقطعات میں سے دو حرفوں میں سے ایک جگہ تقلیل اور ایک لفظ میں امالہ محضہ کرتے ہیں کیؒ نے کہیں امالہ نہیں کیا - امالہ مشکل مسائل میں سے ہے اور خصوصاً بصریؒ کا مذہب زیادہ دشوار ہے - جن حضرات کے لیئے امالہ نہ بیان کیا جائے اُن کیلئے فتح تصور کریں -

امالہ کے دو سبب ہیں یا اور کسرہ - علماء نے ان کو دس اقسام پر منقسم کیا ہے - تفصیل مطولات میں دیکھو - اردو خوانوں کے لیئے اسکا کوئی فائدہ نہیں ہے - اس تمہید کے بعد ہم مختلف فصول میں احکام امالہ بیان کرتے ہیں - وباللہ التوفیق -

Marfat.com

فصل اوّل امالہ بوجہ یا

حمزہ وکسائی کلماتِ ذیل کے الف منقلبہ کا امالہ محضہ کرتے ہیں۔

اول۔ تمام اسماء وافعال ذوات الیاء[1] کا خواہ مرسوم بالیا ہوں یا نہ ہوں جیسے اَلْهَوٰى۔ اَلْهُدٰى۔ اَلْعَمٰى۔ اَلزِّنَا۔ اَلْفَتٰى۔ مَأْوٰهُ۔ مَثْوٰكُمْ۔ اَتٰى۔ اَبٰى۔ سَعٰى یَخْشٰى۔ یَرْضٰى۔ فَسَوّٰى۔ رَمٰى۔ رَضٰى۔ رَاٰ۔ وغیرہ مگر لفظ تَوْرٰىةَ میں جہاں آئے حمزہ بتقلیل کرتے ہیں۔

دوم تمام اسماء وافعال واوی کا جو مزید بنگئی[2] جیسے اَلْاَدْنٰى۔ اَلْاَعْلٰى۔ اَلْاَزْكٰى اَلْاَشْقٰى۔ زَكّٰى۔ اَزْكٰى۔ نَجّٰى۔ اَنْجٰى۔ یُدْعٰى۔ اِسْتَعْلٰى۔ اَدْنٰى۔ اَعْلٰى وغیرہ۔

سوم۔ الفات تانیث کا جو ہمیشہ فُعْلٰى۔ فَعْلٰى۔ فِعْلٰى۔ فُعَالٰى اور فَعَالٰى کے وزن پر آتے ہیں۔ جیسے اَلدُّنْيَا۔ اَلْاُنْثٰى۔ تَقْوٰى۔ بُشْرٰى۔ سِيْمَا۔ اِحْدٰى۔ كُسَالٰى۔ فُرَادٰى یَتْمٰى۔ اَیَامٰى۔

---

[1] عربی میں بہت سے کلمات کے آخر میں واؤ یا یا ہتی اہل زبان نے انکو الف سے بدل لیا جنمیں واو تھا ان کو ذوات الواو اور واوی جن میں یا ہتی ان کو ذوات الیا اور یائی کہتے ہیں۔ ان کی پہچان یہ ہے کہ اسم مجرد کا تثنیہ اور فعل مجرد کی ماضی متکلم بنائی جاوے اگر واو ظاہر ہو تو واوی اور یا ظاہر ہو تو یائی ہے چنانچہ اسماء مندرجہ متن کا تثنیہ هَوَيَانِ۔ هُدَيَانِ۔ عَمَيَانِ۔ فَتَيَانِ مَثْوَيَانِ اور افعال کی ماضی متکلم اَتَيْتُ۔ اَبَيْتُ۔ سَعَيْتُ۔ خَشِيْتُ۔ رَضِيْتُ۔ سَوَّيْتُ۔ رَمَيْتُ اور رَاَيْتُ آتی ہے۔ اور صَفَا۔ شَفَا۔ سَنَا۔ اَبَا اور عَصَا واوی ہیں انکا تثنیہ صَفَوَانِ شَفَوَانِ۔ سَنَوَانِ۔ اَبَوَانِ عَصَوَانِ آتا ہے۔ علی ہذا۔ دَعَا۔ دَنَا اور عَفَا واوی ہیں انکی ماضی متکلم دَعَوْتُ۔ دَنَوْتُ اور عَفَوْتُ آتی ہے۔

[2] واوی مزید بن جانے سے یائی ہوجاتے ہیں چنانچہ اسماء مندرجہ متن کا تثنیہ بحالت مجرور ہونیکے دَنَوَانِ۔ عَلَوَانِ۔ زَكَوَانِ اور شَقَوَانِ تھا اب اَدْنَيَانِ۔ اَعْلَيَانِ۔ اَزْكَيَانِ۔ اور اَشْقَيَانِ ہے اور اسی طرح افعال کی ماضی مجرد۔ زَكَوْتُ نَجَوْتُ۔ دَعَوْتُ۔ عَلَوْتُ۔ اور دَنَوْتُ تھی اب زَكَيْتُ۔ اَزْكَيْتُ۔ نَجَّيْتُ۔ اَنْجَيْتُ اَدْعَيْتُ۔ اِسْتَعْلَيْتُ۔ اَدْنَيْتُ اور اَعْلَيْتُ ہے

چہارم۔ مادہ احیا کے اُن مشتقات کا جو واو کے بعد ہوں جیسے وَیَحْیٰی۔ وَکَاَیِّنْ مِّنْ یَحْیٰی۔ وَاَحْیٰی۔ وَنَحْیٰی۔

پنجم۔ کلمات ذوات الواو مکسور الاول اور مضموم الاول کا وہ۔ اَلرِّبٰوا اور اَلضُّحٰی اَلْعُلٰی اور اَلْقُوٰی ہیں۔

ششم۔ ان تمام کلمات کا جو امام میں بالیاء مرسوم ہیں جیسے مَتٰی۔ بَلٰی عَسٰی۔ یٰوَیْلَتٰی۔ یٰحَسْرَتٰی۔ یٰاَسَفٰی۔ وَلَا تَضْحٰی۔ اور اسی میں اَنّٰی[1] استفہامیہ داخل ہے۔ مگر پانچ کلمات لَدٰی۔ مَاذَکٰی۔ حَتّٰی۔ عَلٰی۔ اور اِلٰی باجماع امالہ سے مستثنیٰ اور مفتوح ہیں

ہفتم۔ گیارہ[2] سورتوں۔ طٰہٰ۔ نَجْمِ۔ مَعَارِجِ۔ قِیٰمَةِ۔ نٰزِعٰتِ عَبَسَ۔ اَعْلَی وَالشَّمْسِ وَالَّیْلِ۔ وَالضُّحٰی۔ اور عَلَقِ کے فواصل یعنی سر آیات کا خواہ واوی ہوں یا یائی جیسے لِمَنْ یَّخْشٰی۔ وَضُحٰهَا وغیرہ۔ مگر فواصل میں سے دَحٰهَا (نٰزِعٰت) تَلٰهَا۔ طَحٰهَا (ہر دو شمس) اور اِذَا یَغْشٰی (واللیل) کو واوی اور مفتوح الاول ہونے کی وجہ سے حمزہؒ امالہ سے مستثنیٰ کر کے بفتح پڑھتے ہیں اور رؤس آیات میں سے الف تثنیہ اور الف مبدلہ از تنوین باجماع امالہ سے مستثنیٰ ہیں ورشؒ نے اقسام مذکورہ صدر میں سے اَلرِّبٰوا کو باجماع قالمین امالہ سے مستثنیٰ کیا ہے اور باقی کی دو قسمیں کرتے ہیں۔ بلا خلاف ممال اور بخلاف ممال۔

پہلی قسم۔ (الف) اَرٰاکَهُمُ[3] (انفال) کے سوا تمام

---

[1] اَنّٰی استفہامیہ مصاحف میں بیا مرسوم ہے۔ [2] حمزہؒ کسائیؒ کیلئے اَلْ کے ذکر کا چنداں فائدہ نہیں ہے کیونکہ فواصل کا امالہ ان کے لیے اصول سابقہ میں داخل ہے۔ [3] ذوات الرا میں ورشؒ سے ازرقؒ صرف تقلیل اور اصبہانیؒ فتح روایت کرتے ہیں۔ مگر اَرٰاکَهُمُ میں طرق ازرقؒ میں اختلاف ہے۔ ابو بکر اذفویؒ۔ طرسوسیؒ۔ اور ابو طاہر بن خلفؒ صرف فتح روایت کرتے ہیں۔ دانیؒ نے شیخ ابو الفتح سے فتح شیخ ابو القاسم خاقانی اور امام ابو الحسنؒ سے تقلیل پڑھی ہے اور تمہید میں کہتے ہیں تقلیل ہی صواب ہے" جامع البیان میں کہتے ہیں" قیاس تقلیل کا موید ہے مگر ابن حلالؒ اور نخاسؒ کے اکثر تلامذہ فتح کہتے ہیں"۔ تذکرہ۔ ہدایہ۔ تیسیر اور تلخیص العبارات میں تقلیل درج ہے۔ ابن بلیمہؒ کہتے ہیں" اَرٰاکَهُمُ میں نافع کی قراءت فتح ہے تقلیل ورشؒ نے اختیار کر لی ہے" ابو محمد مکیؒ کہتے ہیں" میں نے دونوں طرح پڑھا ہے۔ مگر نافعؒ سے صرف فتح مروی ہے" ابن شریحؒ کہتے ہیں" میں نے فتح پڑھا ہے مگر تقلیل زیادہ مشہور ہے" شاطبیؒ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں۔ اور ازرقؒ سے دونوں منقول و ثابت ہیں فتح اگرچہ زیادات تصیدہ سے ہے مگر نافعؒ کی قراءت فتح ہے ورشؒ نے تقلیل خود اختیار کی تھی۔ دونوں وجوہ صحیح و ماخوذ اور معمول بہا ہیں۔

Marfat.com

ذوات[1] الرا کلمات میں بلا شرط (یعنی رؤس آیت ہوں یا نہوں ضمیر ملحق ہو یا نہو اور مَرَّا[2] کو بھی امالۂ راکیوجہ سے تمام اہل ادا نے اسی میں داخل کیا ہے (ب) قسم مقتم یعنی رؤس آیات میں سے اُن غیر ذوات الراء کلمات میں جن سے ضمیر متصل نہو۔ اس قسم میں بلا خلاف تقلیل کرتے ہیں۔

قسم دوم۔ اَرَاکُمْ میں اور گیارہ سورتوں کے فواصل کے سوا تمام غیر ذوات الراء[3]

---

[1] ذوات الرا اُن کلمات کو کہتے ہیں جنمیں را الف مال سے قبل یا بعد متصل واقع ہو جیسے یُنْشِرُ ای ذِکْرٰی۔ فی النَّارِ۔ اَشْرَارِ وغیرہ اور جن کلمات میں را متصل نہ ہو جیسے رُوْیَا۔ قُرْبٰی۔ مَرْضٰی وغیرہ ان کو اصطلاح اہل ادا میں ذوات الرا نہیں کہتے

[2] مَرَّا۔ مندرجۂ بالا تعریف کے لحاظ سے ذوالرا نہیں ہے لیکن ازرقؒ کے تمام تلامذہ کا اسکے امالہ پر اجماع ہے کیونکہ اسمیں ہمزہ کیساتھ را کا امالہ بھی ہوتا ہے اسی وجہ سے ائمہ نے اسکو ذوات الرا کیساتھ رکھا ہے۔

[3] غیر ذوات الراء ذوات الیا میں جو فواصل نہوں۔ جامع البیان۔ شاطبیہ اور اعلان میں دونوں وجہ فتح اور دونوں صحیح ہیں۔ اور گیارہ سورتوں کے جن غیر ذوالراء فواصل کے آخر میں ہا کنایہ مؤنث ہو۔ خواہ یائی ہو جیسے بَیْنَهَا یا وادی جیسے ضُحٰهَا۔ ابن غلبونؒ۔ ابو الحسنؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ ابن شریحؒ۔ ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ ابن الفحامؒ۔ اور ابن بلیمہؒ وغیرہ صرف فتح کہتے ہیں۔ طرسوسیؒ۔ ابو طاہرؒ بن خلفؒ ابو الفتحؒ اور ابو القاسم خاقانیؒ وغیرہ تقلیل کہتی ہیں۔ دانیؒ نے ان دونوں اقسام کے کلمات کو امام ابو الحسنؒ سے تفتح اور شیخ ابو الفتحؒ اور امام ابو القاسم خاقانیؒ سے بتقلیل پڑھا ہے اور ذوات الیا میں تیسیر و مفردات اور کتاب الامالہ میں تقلیل بتائی ہے۔ مگر تعجب ہے کہ ذوہا فواصل میں پہلی دونوں کتابوں میں صرف فتح بیان کیا ہے حالانکہ تیسیر و مفردات میں دانیؒ نے روایت ورشؒ ابو القاسم خاقانیؒ سے بیان کی ہے۔ مگر اس مسئلہ میں ابو الحسنؒ کی قراءت پر اعتماد کیا ہے۔ خود دانیؒ کتاب الامالہ میں کہتے ہیں "جن فواصل کے آخر میں ضمیر مؤنث ہو جو سورہ شمس اور بعض کلمات نزعت میں ہے۔ انمیں رواۃ ورشؒ کے درمیان اختلاف ہے مجھے ابو الحسنؒ نے اپنی قراءت کی بنا پر فتح پڑھایا ہے۔ احمد بن صالح بھی ورشؒ سے فتح روایت کرتے ہیں۔ ابو الفتحؒ اور ابو القاسمؒ نے اپنی اپنی قراءت کی بنا پر مجھے تقلیل پڑھائی ہے۔ الازہر۔ ابو یعقوبؒ اور داؤدؒ نے بھی ورش سے تقلیل روایت کی ہے اور باب تقلیل بمذہب ورشؒ در ذوات الیا غیر ذوالراء میں خواہ اس سے ضمیر ملحق ہو یا نہو تقلیل کو ترجیح دیتے ہوئے کہتے ہیں میں نے ابو الحسنؒ سے فتح۔ ابو القاسمؒ اور ابو الفتحؒ سے بین بین پڑھا ہے اور اسی کو لیتا ہوں" اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ دانیؒ کے نزدیک تقلیل مختار ہے۔ مگر تیسیر و مفردات میں خلط طرق ہو گیا اور تیسیر میں اگرچہ نزعت و شمس کے اندر ورش کیلئے تقلیل بیان نہیں کی مگر باب الامالہ میں کہتے ہیں "ورشؒ نے ان سب کو امالہ بین بین سے پڑھا ہے لیکن جن فواصل کے آخر میں ھا ور الف ہو ان کو فتح خالص سے پڑھتے ہیں۔ مگر اسکے اندر اہل ادا کا اختلاف ہے" ھاطبیؒ کہتے ہیں "ذوات الیا میں ورشؒ صرف بین بین اور ادا کہم اور ذوات الیا میں بخلاف بین بین کرتے ہیں لیکن رؤس الآیات میں ان کے لئے فتح کی صرف تقلیل ہی بشرطیکہ اسمیں ہا نہ ہو" مطلب یہ ہے کہ غیر ذوالرا ذوات الیا میں اگر فواصل نہوں بخلاف اور فواصل میں بلا خلاف بین بین امالہ کرتے ہیں لیکن جن فواصل میں ہا ہو انکا حکم ہے جو دیگر ذوات الیاء کا۔ اس مسئلہ میں ائمہ معتبرین سے سب سے پہلی لغزش علامہ سخاویؒ سے ہوئی۔ چنانچہ وہ اپنی شرح میں کہتے ہیں "اسکی تین قسمیں ہیں اول ذوالرا جیسے ذِکْرٰهَا یہ بلا خلاف ممال ہے۔ دوم ذوات الواؤ جیسے ضُحٰهَا یہ بلا خلاف مفتوح ہے سوم ذوات الیا جیسے بَنٰهَا اور سَوّٰهَا۔ انمیں تقلیل بخلاف ہے" علامہ موصوف سے پہلے یہ توجیہ کسی نے نہیں کی۔ البتہ متاخرین میں سے بہت سے شراح شاطبیہ کے مقلد ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "یہ محض اجتہاد ہے جسکی تائید کسی روایت سے نہیں ہوتی۔ رواۃ ازرقؒ نے تمام ذوہا غیر ذوالرا فواصل میں علی الاطلاق اختلاف بیان کیا ہے خواہ یائی ہوں یا وادی اور جسطرح غیر ذوہا فواصل میں یائی اور وادی ہونیکا کوئی فرق نہیں کیا۔ اسی طرح ان میں کوئی تفرقہ نہیں کیا سوائے صاحب کافی کے" نتیجہ یہ ہے کہ غیر ذوالراء کلمات اور ذوہا فواصل غیر ذوالرا میں جامع البیان۔ شاطبیہ اور اعلان میں دونوں وجہ مروی اور دونوں صحیح ہیں۔

کلمات میں اور ان غیر ذوات الرا فواصل میں جن کے آخر میں ہا ہو اس قسم میں بخلاف تقلیل کی ہے ازرقؒ سے تین مذاہب منقول ہیں - اُن میں سے دو کو مرکب کر کے دانیؒ نے چوتھا اور پانچواں مذہب نکالا ہے -

اول - مطلقاً سب کا فتح - یہ ابن الفحامؒ کا مذہب ہے - اور وہ اسمیں متفرد ہیں اسی وجہ سے ماخوذ نہیں -

دوم - مطلقاً سب کی تقلیل - خواہ رأس آیت ہوں یا نہ ہوں - ہاء تانیث ملحق ہو یا نہ ہو - یہ طرسوسیؒ - ابو طاہرؒ بن خلفؒ - ابو الفتحؒ اور ابو القاسم خاقانیؒ کا مذہب ہے -

سوم - ان رؤس آیات کی تقلیل - جنکے ساتھ ضمیر تانیث متصل نہ ہو - اور اُن رؤس آیات غیر ذوالرا کا جن سے ضمیر تانیث متصل ہو - اور ذوات الیاء کلمات کا جو رأس آیت نہ ہوں فتح - یہ ابو الحسنؒ - ابو محمد مکیؒ - اور جمہور مغربی قراء کا مذہب ہے -

چہارم - اُن رؤس آیات غیر ذوالراء کا فتح جنسے ضمیر متصل ہو باقی سب کی تقلیل بلا خلاف - یہ تیسیر و مفردات میں دانیؒ کا مذہب ہے - جو اُن کے شیوخ کے مذاہب سے مرکب ہے -

پنجم - اُن رؤس آیات کی جن سے ہا ملحق نہ ہو ذوالراء کی طرح بلا خلاف تقلیل اور اُن رؤس آیات غیر ذوالرا کی جن سے ہا ملحق ہو اور اُن ذوات الیاء کی جو رأس آیت نہ ہوں بخلاف تقلیل - یہ جامع البیان اور کتاب الامالہ میں دانیؒ کا اور قصیدہ میں شاطبیؒ کا اور محققؒ ابن جزریؒ کا مذہب ہے - محققؒ کہتے ہیں "یہی معمول و ماخوذ ہے اور یہی شاطبیہ سے مفہوم ہوتا ہے" ہمارے یہاں اسی پر عمل ہے اور میں اسی طرح پڑھاتا ہوں - واللہ اعلم عند اللہ -

بصریؒ اقسام سبعہ بیان کردہ میں سے ذوات الرا میں امالہ محضہ - اور گیارہ سورتوں کے فواصل غیر ذوالرا اور ان الفات تانیث کی تقلیل کرتے ہیں

Marfat.com

جو فُعْلٰی[1] فَعْلٰی۔ اور فِعْلٰی کے وزن پر ہوں۔ مگر یُبْشٰرٰی (یوسف) میں ذوالرا ہونیکے باوجود فتح[2] امالہ اور تقلیل مروی ہیں یعنی اسمیں تین وجوہ ہیں مگر فتح مقدم ہے۔ اور تَتْرَا (مومنون) میں وقفاً بخلاف[3] امالہ کرتے ہیں اور ذوات الیا غیر ذوالرا میں سے سورہ اسرا میں

[1] فُعْلٰی۔ مثلث الفاء کی پہچان یہ ہے کہ اُسکا پہلا حرف اصلی ہوتا ہے کلمہ سے جدا نہیں ہوسکتا اور اگر جدا ہوجائے جیسے اَدْنٰی۔ مَوْلٰی۔ مَاْوٰی۔ مَثْوٰی اور یُدْعٰی وغیرہ میں سے تو وہ فعلی نہیں ہے۔ افعل مفعل اور تفعیل ہے۔ عربی نہ جاننے والوں کو فرق کرنا دشوار ہے لہذا ہم وہ تمام کلمات درج کرتے ہیں جو اس وزن پر قرآن میں آتے ہیں۔

فُعْلٰی۔ مضموم الفا کے وزن پر تیئیس[23] کلمات ہیں۔ انمیں سے پانچ اُخْرٰی۔ کُبْرٰی۔ عُسْرٰی۔ یُسْرٰی اور شُوْرٰی۔ ذوالرا اور باقی اٹھارہ زُلْفٰی۔ قُرْبٰی۔ وُسْطٰی۔ حُسْنٰی۔ وُثْقٰی۔ طُوْبٰی۔ اُوْلٰی۔ اُنْثٰی۔ قُصْوٰی مُثْلٰی۔ سُفْلٰی۔ رُغْبَا۔ عُلْیَا۔ عُقْبٰی۔ سُوْا۔ رُجْعٰی۔ دُنْیَا اور مُوْسٰی۔ غیر ذوالرا ہیں۔

فَعْلٰی۔ مفتوح الفا کے وزن پر تیرہ کلمات ہیں۔ انمیں سے دو اَسْرٰی اور تَتْرَا (غیر منون) ذوالرا اور باقی گیارہ تَقْوٰی۔ مَرْضٰی۔ نَجْوٰی۔ مَوْتٰی۔ شَتّٰی۔ قَتْلٰی۔ مَثْوٰی۔ صَرْعٰی۔ طَغْوٰی۔ دَعْوٰی اور یحیٰی غیر ذوالرا ہیں۔

فِعْلٰی۔ مکسور الفا کے وزن پر چھ کلمات ہیں۔ ان میں سے دو ذِکْرٰی اور ذِکْرٰی ہیں باقی چار اِحْدٰی۔ سِیْمَا ضِیْزٰی اصْطَبْلٰی غیر ذوالرا ہیں۔ طلبا یاد رکھیں کہ مُوْسٰی۔ یَحْیٰی اور عِیْسٰی۔ میں الف تانیث نہیں ہے یہ عجمی اسماء ہیں اور حمزہ کسائی ابو عمرو شش کے لیے ان کے فعلی میں شمار کرنیکی ضرورت ہی نہیں کیونکہ یہ بالیا مرسوم ہیں اور وہ حضرات پانچ الفاظ کے سوا ہر الف مرسوم بیا کا امالہ کرتے ہیں۔ بصری یہی الیمین امالہ کرتے ہیں ان کے لیے لازمی ہے کہ کلمہ حال یا ذوالرا ہو یا فعلی اس بنا پر ائمہ نے انکو فعلی سے ملحق کر دیا

[2] تمام اہل عراق اکثر اہل مغرب و اہل مصر یُبْشٰرٰی۔ میں صرف فتح کہتے ہیں۔ تیسیر۔ کافی۔ ہادی۔ ہدایہ اور تجرید میں فقط فتح درج ہے۔ دانی کہتے ہیں "عام اہل ادا فتح کہتے ہیں یہی ابن مجاہد کا مذہب ہے۔ اور میں نے یہی فتح پڑھا ہے اور یہی بطریق سوسی یزیدی سے منصوص ہے" ابن مہران وغیرہ متعدد ائمہ امالہ محضہ کہتے ہیں اور ابن جبیر وغیرہ تقلیل بتاتے ہیں۔ شاطبی نے تینوں وجوہ بیان کی ہیں۔ محقق کہتے ہیں "میں نے تینوں وجوہ پڑھی ہیں لیکن فتح از روے روایت اصح اور امالہ از روی اصل قوی ہے" سید کہتے ہیں فتح از روے نقل بہت زیادہ قوی ہے اور امالہ اگرچہ اسکے برابر نہیں مگر اصل کے مطابق ہے اور تقلیل ہر لحاظ سے ضعیف ہے پس اگر شاطبی تینوں وجوہ بیان نہ کرتے اور ہم تینوں کو نہ پڑھتے تو میں صرف فتح بیان کرتا

[3] تَتْرَا کو مکی و بصری منون اور باقی حضرات غیر منون پڑھتے ہیں۔ درش و حمزہ اور کسائی کے لیے اسمیں دَعْوٰی کے مانند الف تانیث ہے جسکی امالہ حالین میں کوئی خلاف نہیں۔ بصری کے نزدیک وصلاً بوجہ تنوین امالہ نہیں ہوسکتا۔ وقفاً خلاف ہے اکثر شیوخ فتح کہتے ہیں کیونکہ الف تنوین سے بدلا ہوا ہے اور الف تنوین میں باجماع امالہ نہیں ہوسکتا۔ دانی کتاب الامالہ میں کہتے ہیں۔ میں نے فتح پڑھا ہے اور یہی پڑھتا ہوں۔ یہی ابن مجاہد اور عبد الواحد اور دیگر ماہرین کا مذہب ہے" ابو محمد مکی کشف میں کہتے ہیں "وقفاً عدم امالہ معمول و ماخوذ ہے" اور بعض شیوخ وقفاً امالہ کہتے ہیں۔ اور الف کو الحاقی بتاتے ہیں۔ سیبویہ کے نزدیک تنوین آنے پر الف الحاقی ساقط ہوجاتا ہے اور وقفاً دیگر ذوات الیا کلمات کے مانند تنوین ساقط ہوکر الف الحاق لوٹ آتا ہے۔ بعض اہل مغرب کا میلان اسی کی جانب ہے۔ چنانچہ صاحب سلم النصرۃ کہتے ہیں "وقفاً ہمارا معمول امالہ ہے" شاطبی کا بھی یہی مفہوم ہے کہ وقفاً الف الحاق ہے۔ محقق کہتے ہیں۔ اکثر ائمہ کے اقوال سے فتح ثابت ہوتا ہے۔ اگرچہ الف الحاقی ہو کیونکہ تترا۔ اجماعاً بالف مرسوم ہے اور ابو محمد مکی۔ ابن بلیمہ ابو طاہر بن خلف وغیرہ شیوخ وقفاً تترا کے امالہ میں بالیا مرسوم ہونے کی شرط لگاتے ہیں۔ اور اس سے انکا مقصد صرف

تترا کا اخراج ہے" ماحصل یہ ہے کہ شاطبی نے وقفاً دونوں وجوہ بیان کی ہیں دونوں معمول ہیں مگر فتح اقوی اکثر کا مذہب اور

Marfat.com

وَمَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖ اَعْمٰى[1] میں اور سرا کے صرف ہمزہ کا جہاں بھی قبل از متحرک واقع ہو امالہ محضہ کرتے ہیں۔ اسی طرح منصوص اور باجماع منقول ہے۔

دیگر کلمات مرسوم بالیاء میں سے دوریؒ۔ یَوَیْلَتٰی۔ یٰحَسْرَتٰی۔ اور اَتٰى استفہامیہ میں باجماع طرق یعنی بلا خلاف اور یَاْسَفٰى[2] میں بخلاف تقلیل کرتے ہیں اور سوسیؒ نے چاروں کو مفتوح پڑھا ہے۔ اور باقی کلمات میں بصریؒ کا مذہب فتح ہے۔

تنبیہ۔ فواصل کے امالہ میں حمزہؒ کسائیؒ نے اپنے اصول کی کہیں مخالفت نہیں کی ورشؒ نے اپنی اصل سے یہ اختلاف کیا ہے کہ غیر ذوالرا میں جن سے ہا ملحق نہ ہو بلا خلاف تقلیل کرتے ہیں۔ اور بصریؒ فعلی کے سوا غیر ذوالرا۔ ذوات الیاء کا امالہ نہیں کرتے مگر فواصل[3] میں بلا شرط تقلیل کرتے ہیں۔

---

[1] سورہ اسرا میں ایک دوسرا لفظ اور ہے فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى اسمیں اور دیگر جگہ اس کلمہ میں بصریؒ کے لئے فتح ہے۔

[2] یَاْسَفٰى میں شاطبیؒ نے روی کیلئے صرف تقلیل بیان کی ہے فتح نہیں بتایا جو ہوہ۔ دانیؒ تیسیر میں کہتے ہیں روی نے اہل عراق یعنی دوریؒ کے طریقہ سے یَوَیْلَتٰى۔ یٰحَسْرَتٰى اور اَتٰى استفہامیہ کی تقلیل اور یَاْسَفٰى کا فتح پڑھا ہے۔ اور اہل کوفہ (یعنی سوسیؒ) کے طریقہ سے سب کا فتح پڑھا ہے۔ محققؒ کہتے ہیں روی یَاْسَفٰى میں فتح جمہور کا مذہب اور مشہور ہے یہ دونوں وجوہ صحیح ہیں تقلیل زیادات قصیدہ سے ہے۔ ابو الحسنؒ ابن سوارؒ۔ قلانسیؒ۔ سبط الخیاطؒ۔ ابو الحسن خیاطؒ۔ ھذلیؒ۔ ابو محمدؒ کی صرف فتح کہتے ہیں۔

[3] فواصل کے امالہ کے لیے یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ کہاں کہاں آیت ہے اور کہاں نہیں مشہور اعداد چھ ہیں ۱ مدنی اول ۲ مدنی آخر ۳ کی ۴ بصری ۵ شامی ۶ کوفی۔ مدنی آخر امام نافع اور ان کے تلامذہ کا شمار ہے ابو عمرؒ و اہل بصرہ کے شمار کو مانتے ہیں۔ مگر قول دانیؒ و جعبریؒ وغیرہ دونوں حضرات مدنی اول کو روایت کرتے ہیں۔ ان گیارہ سورتوں میں نو جگہ کلمات عمل میں اختلاف ہے۔ اول طٰهٰ پر صرف کوفی۔ دوم وَاَوْحَيْنَا اِلٰى مُوْسٰى پر صرف شامی۔ سوم وَاٰلِهُ مُوْسٰى پر مدنی اول اور مکیؒ۔ چہارم مِنِّيْ هُدًى۔ پنجم زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا۔ دونوں پر غیر کوفی (پانچوں طٰهٰ) ششم عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى پر صرف شامی ہفتم۔ اِنَّ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا پر غیر شامی (ہر دو نجم) ہشتم مَنْ طَغٰى پر بصری شامی اور کوفی (نزعت) نہم اَرَاَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى پر غیر شامی (علق) آیت شمار کرتے ہیں۔ نتیجہ اختلاف چار کلمات میں ظاہر ہوتا ہے۔ اِلٰى مُوْسٰى۔ اِلٰهُ مُوْسٰى مَنْ تَوَلّٰى۔ اور مَنْ طَغٰى میں ورشؒ کے لیے تقلیل بخلاف ہے کیونکہ مدنی اخیر میں یہ راس آیت نہیں ہیں اور بصری کے لیے پہلے دونوں کلمات میں فعلی ہونے اور مَنْ طَغٰى میں راس آیت ہونیکی وجہ سے تقلیل اور مَنْ تَوَلّٰى میں فتح ہے اور اگر کہا جائے کہ دونوں حضرات مدنی اول کو مانتے ہیں تو اِلٰهُ مُوْسٰى میں ورشؒ کے لیے تقلیل بلا خلاف اور بصری کے لیے مَنْ طَغٰى میں فتح ہے۔ اور طٰهٰ میں راس آیت ہونیکی وجہ سے نہیں حرف ہجا ہونیکی وجہ سے امالہ کیا ہے۔

فصل دوم خاص الفاظ جن میں امالہ کرنے والوں میں سے بعض نے فتح اور فتح پڑھنے والوں میں سے بعض نے امالہ کیا ہے

کِلَاھُمَا میں صرف حمزہؒ کسائیؒ۔ مَرْضَاتٍ اور مَرْضَاتِ میں صرف کسائیؒ اور مِشْکٰوۃٍ میں فقط کسائیؒ کے دوریؒ امالہ کرتے ہیں ورشؒ تقلیل نہیں کرتے اور یہی تین کلمات اور اَلرِّبٰوا ایسے الفاظ ہیں جنہیں ورشؒ نے کسائیؒ اور اُن کے دوریؒ کیساتھ امالہ نہیں کیا ورنہ جہاں کسائیؒ یا کسائیؒ کے دوریؒ الف مبدلہ کا امالہ کرتے ہیں وہاں ورشؒ کے لیئے تقلیل ہوتی ہے۔

مادۂ احیا کے جو مشتقات بغیر واو کے ہوں جیسے فَاَحْیَاکُمْ۔ ثُمَّ اَحْیَاکُمْ۔ اَحْیَا فَاَحْیَا اور لفظ خَطٰیٰھُمْ میں جہاں اور جسطرح آئے اور حَقَّ تُقٰتِہٖ (آلِ عمران) وَقَدْ ھَدٰنِ (انعام) وَمَنْ عَصَانِیْ (ابراہیم) وَمَا اَسْنٰیہِ (کہف) اَلْمُثْنٰی اور اَوْصَانِیْ (مریم و مریم) فَمَاٰتٰنِ (نمل) مُحْیَاھُمْ (جاثیہ) میں کسائیؒ امالہ محضہ اور ورشؒ تقلیل کرتے ہیں۔

اَلرَّاجِ یَا۔ اور رُءْیَایَ میں جہاں ہو کسائیؒ امالہ محضہ اور ورشؒ تقلیل کرتے ہیں۔ ھُدَایَ (بقر و طٰہٰ) وَمَحْیَایَ (انعام) مَثْوَایَ (یوسف) میں کسائیؒ کے دوریؒ امالہ محضہ اور ورشؒ تقلیل کرتے ہیں۔ ورش کیلئے تقلیل صحیح اور معمول ہے۔

لہ ان تینوں کلمات کے بارہ میں تیسیر کی عبارت صاف اور واضح نہیں ہے جس سے بعض اہل ادا کو گمان ہوا کہ انہیں ورشؒ امالہ نہیں کرتے لیکن دانیؒ نے کتاب الامالہ میں ورشؒ کے لیئے صراحتاً تقلیل بیان کی ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "صحیح و صواب یہ ہے کہ یہ تینوں کلمات ضابطہ امالہ میں داخل ہیں اور ان میں بلاشبہ ورشؒ کے لیئے تقلیل ماخوذ ہے" یہی جملہ محققین کی رائے ہے۔ سیدؒ کہتے ہیں "اُن اہل ادا کا مقولہ جو ان میں ورشؒ کے لیئے صرف فتح کہتے ہیں قابل التفات نہیں کیونکہ دانیؒ نے

ھ اگرچہ تیسیر میں تقلیل کا صریحاً ذکر نہیں کیا مگر دیگر تصانیف میں تقلیل بیان کی ہے۔ یہی صواب اور یہی تمام محققین کا مسلک ہے

Marfat.com

رُءْیَاكَ (یوسف) میں کسائیؒ کے دُوریؒ امالہ محضہ اور ورشؒ و بصریؒ تقلیل کرتے ہیں ابوالحارثؒ ھُدَایَ سے رُءْیَاكَ تک اور حمزہؒ رحمہما اللہ کے سوا سب کل فتح پڑھتے ہیں۔

وَنَا (اسراء و فصلت) میں خلفؒ و کسائیؒ نون اور ہمزہ دونوں کا امالہ محضہ ورشؒ صرف ہمزہ کی تقلیل اور خلادؒ اضجاع کرتے ہیں۔ ابوبکرؒ نے اسراء میں ہمزہ کا امالہ محضہ اور فصلت میں فتح روایت کیا ہے۔ ہمزہ کیساتھ الف کا امالہ لازم ہے۔ شاطبیؒ نے دونوں جگہ سوسیؒ کے لیے ہمزہ کا امالہ محضہ بخلاف بیان کیا ہے مگر یہ طریقہ کے خلاف[1] اور ضعیف ہے پڑھا نہیں جائیگا۔

تَرَاءَا الْجَمْعَانِ (شعراء) میں حمزہؒ وصلاً مع السکت اُسکے الف کے امالہ محضہ کرتے ہیں اور اگر تَرَاءَا[2] پر وقف کریں تو حمزہؒ رآ اور ہمزہ مسہلہ[3] دونوں کا مع الفات کے اور ورشؒ و کسائیؒ حسب قاعدہ ہمزہ اور اُسکے الف کا امالہ کرینگے اور ورشؒ کے لیے مد بدل[4] بھی ہوگا۔

---

[1] دانیؒ تیسیر میں حسب عادت خلادؒ کا مذہب بیان کرکے بسبیل حکایت بصیغہ تمریض کہتے ہیں "سوسیؒ سے بھی اسی طرح روایت کیا گیا ہے" شاطبیؒ نے اسکو عمّا بیان کیا ہے جو سہو ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "نَا میں سوسیؒ کے لیے ہمزہ کا امالہ بیان کرنے میں شیخ ابوالفتحؒ متفرد ہیں انکے سوا تمام رواۃ کا بجمیع طرق فتح پر اجماع ہے اور کسی نے اُس کی مخالفت نہیں کی" یہی حق ہے کہ اسمیں سوسیؒ کے لیے امالہ نہیں اگر کچھ بھی گنجائش ہوتی تو دانیؒ اپنے شیخ کی روایت کو بوجہ ضعیف نقل نہ کرتے۔ [2] تَرَاءَا اصل میں تَفَاعَلَ کے وزن پر تَرَاءَیَ۔ تَخَاصَمَ اور تَنَاصَرَ کے مانند تھا یا منفتحہ ماقبل کی وجہ سے الف سے بدل گئی جس سے تین الف جمع ہوگئے (الف تفاعل صورت ہمزہ اور الف مبدلہ) صورتاً متماثلہ کے اجتماع کو ناگوار کرتے ہوئے دو الف حذف کردیئے گئے اور رسم میں تَرَاءَ رہگیا۔ اہل ادا کا اسپر اجماع ہے کہ الف مرسومہ صورت ہمزہ نہیں کیونکہ ہمزۂ مفتوحہ بعد الف کی کوئی صورت نہیں ہوتی اور اسمیں اختلاف ہے کہ الف ثابتہ کونسا ہے الف تفاعل یا مبدلہ از یا۔ دانیؒ اور اُن کے تلامذہ ابوداؤدؒ وغیرہ کہتے ہیں کہ الف مرسومہ الف مبدلہ از یا ہے۔ کیونکہ وہ لام فعل اور اصلی ہے۔ اور پہلا تفاعل کا زائدہ ہے اور زائدہ حذف ہونیکا زیادہ مستحق ہے۔ اور نیز لام فعل میں ابدال سے تعلیل ہوچکی ہے دوبارہ حذف سے تعلیل نہیں ہوسکتی۔ اور یہ کہ دونوں ساکن ہیں قیاس چاہتا ہے کہ پہلے میں تغیر ہو۔ اور جعبریؒ وغیرہ کہتے ہیں کہ یہ الف تفاعل ہے کیونکہ وہ خاص معنے کے لیے ہے دوسرا ایسا نہیں۔ پس دوسرا حذف ہونا چاہیئے۔ [2] دوسرا طرف کلمہ ہے اور حذف اطراف میں ہوتا ہے۔ [3] دوسرا بحالت وصل لفظاً محذوف ہے خطاً نہیں وہی محذوف ہونا چاہیئے۔ تاکہ ایک تقدیر دوسرے سے مطابق ہوجائے۔ [4] حذف اجتماع صورتماثلہ کی بناپر ہوا ہے۔ اور یہ اجتماع دوسرے نے کیا ہے وہی حذف کیا جائیگا۔ [5] اور اگر دوسرا باقی رکھا جاتا تو از روی قیاس بصورت یا لکھا جاتا۔ فافہم۔ [3] وتفا ہمزہؒ کے لیے حسب قاعدہ ہمزہ کی تسہیل بھی ہوگی۔ [4] قصر کیساتھ فتح۔ توسط کیساتھ تقلیل اور طول کیساتھ دونوں۔ کما مر۔

Marfat.com

رَاٰ میں جبکہ اُسکے بعد ساکن اور ضمیر نہ ہو۔ابن ذکوانؒ۔ابو بکرؒ۔حمزہؒ اور کسائیؒ رَا اور ہمزہ دونوں کا امالہ محضہ اور ورشؒ دونوں کی تقلیل۔اور بصریؒ ہمزہ کا امالہ محضہ کرتے ہیں۔ اور اگر اسکے بعد ضمیر ہو جیسے رَاٰهُ۔رَاٰهَا۔اور رَاٰكَ تب بھی یہی حکم ہے مگر اس صورت میں ابن ذکوانؒ کے لئے امالہ بخلاف ہے اور اگر اسکے بعد ساکن منفصل ہو جیسے رَاَ الْقَمَرَ اور رَاَ الشَّمْسَ تو صرف ابو بکرؒ و حمزہؒ رَا کا امالہ کرتے ہیں اور ہمزہ قبل از ساکن باجماع مفتوح ہے لیکن اگر رَا پر وقف کردیں تو اول الذکر کے مانند اختلاف ہوگا اور اگر اسکے بعد ساکن متصل ہو جیسے رَاَتْهُ اور رَاَيْتَ تو رَا بھی اجماعاً مفتوح ہے اور اب رَا پر وقف بھی جائز نہیں۔

شاطبیؒ نے رَا میں قبل از متحرک سوسیؒ کے لئے را کا اور قبل از ساکن منفصل سوسیؒ و ابو بکرؒ کے لئے را اور ہمزہ دونوں کا۔نیز سوسیؒ کے لئے صرف ہمزہ کا امالہ بخلاف بیان کیا ہے تینوں وجوہ طریقہ کے خلاف[1] اور غیر ماخوذ ہیں۔

---

[1] رَا قبل از متحرک غیر ضمیر سات جگہ ہے۔اول رَاٰ كَوْكَبًا (انعام) دوم رَاٰ اَيْدِيَهُمْ (ہود) سوم رَا بُرْهَانَ چہارم رَا قَمِيصَهُ (ہود و یوسف) پنجم رَا نَارًا (طٰہٰ) ششم مَا رَاٰ اَقْتَمُرُونَنِي۔ہفتم لَقَدْ رَا مِنْ (ہود و نجم) اور قبل از ضمیر نو جگہ اول رَاٰكَ (انبیاء) دوم و سوم رَاٰهَا تَهْتَزُّ (نمل و قصص) چہارم تا نہم رَاٰهُ (نمل۔فاطر۔صٰفّٰت۔نجم۔تکویر۔علق۔) اور قبل از ساکن منفصل چھ جگہ ہے اول رَاَ الْقَمَرَ۔دوم رَاَ الشَّمْسَ (انعام) سوم و چہارم رَاَ الَّذِينَ (نحل ہود) پنجم وَرَاَ الْمُجْرِمُونَ (کہف) ششم رَاَ الْمُؤْمِنُونَ (احزاب)

[2] دانیؒ تیسیر میں قبل از متحرک را و ہمزہ کا امالہ بیان کرتے کہتے ہیں "سوسیؒ سے یہی حمزہؒ کے مانند روایت کیا گیا ہے" اور ساکن منفصل سے قبل را کا امالہ بیان کرکے کہتے ہیں "خلفؒ نے یحییٰؒ سے انہوں نے ابو بکرؒ سے اور متعدد راویوں نے سوسیؒ سے قبل از متحرک کی طرح اسمیں بھی را اور ہمزہ دونوں کا امالہ نقل کیا ہے۔پھر کہتے ہیں "اور ان روایتوں میں سے میں نے یہ امالہ پڑھا ہے" پھر کہتے ہیں ابو حمدونؒ اور ابو عبد الرحمٰنؒ یزیدیؒ سے اسمیں بھی صرف ہمزہ کا امالہ روایت کرتے ہیں یہ سب صحیح اور معمول بہا ہیں" ان اقوال کی وجہ سے شاطبیؒ نے تینوں وجوہ جزماً بیان کردیں حالانکہ دانیؒ نے حسب عادت حکایتاً ذکر کیا ہے نہ روایتاً۔اور اگر روایتاً ہوتا تب بھی پسندیدہ نہ تھا۔کیونکہ تیسیر میں روایت سوسیؒ کا طریقہ موسیٰ بن جریرؒ اور روایت ابو بکرؒ کا طریقہ شعیبؒ بن ایوب صریفینی ہیں وہ دونوں انکو روایت نہیں کرتے۔محققؒ کہتے ہیں "ان تینوں وجوہ کے بیان کرنے میں شاطبیؒ اپنے طرق کے لحاظ سے متفرد اور تمام ناقلین کے خلاف ہیں۔میں نہیں جانتا کہ یہ وجوہ طرق تیسیر و شاطبیہ سے منقول ہوں بلکہ ہمارے طرق سے بھی مروی نہیں ہیں۔البتہ صاحب تجرید نے ابو بکرؒ و قرشیؒ سے موسیٰؒ کے لئے یہ وجہ نقل کی ہے مگر یہ قرشیؒ ہمارا طریقہ نہیں ہیں (باقی بر صفحہ ۲۷۹)

Marfat.com

آذدای میں جہاں اور جس طرح آئے - ابو عمروؒ - ابو بکرؒ - حمزہؒ اور کسائیؒ بلا خلاف اور ابنِ ذکوانؒ بخلاف اماله محضه اور ورشؒ تقلیل کرتے ہیں - دانیؒ نے ابوالفتحؒ سے ابن ذکوانؒ کیلئے فتح پڑھا ہے یہی ابن مہرانؒ - ابن بلیمہؒ اور ابن الفحامؒ کا مذہب ہے - اور ابوالحسنؒ سے اماله پڑھا ہے - یہ تذکرہ - ہادی - ہدایہ - تبصرہ - کافی - عنوان - اور مبہج میں ہے - دونوں صحیح ہیں -

تو دیہ میں جہاں آئے ابو عمروؒ ابن ذکوانؒ اور کسائیؒ اماله محضه - ورشؒ و حمزہؒ بلا خلاف اور قالونؒ بخلاف تقلیل کرتے ہیں - اور قالونؒ کے لیئے فتح طریقہ کے زیادہ مطابق ہے دانیؒ نے بطریق عبد الباقیؒ و ابراہیمؒ و نحاسؒ ابوالفتحؒ سے فتح اور بطریق ابو احمد سامریؒ و حلوانیؒ ابوالفتحؒ سے اور بطریق ابن غلبونؒ و قزازؒ و ابی نشیطؒ ابوالحسنؒ سے تقلیل پڑھی ہے دونوں صحیح ہیں اور حمزہؒ کے لیئے بطریق تیسیر و شاطبیہ صرف تقلیل ہی معمول و ماخوذ ہے -

رَمٰی - (انفال) اَعْمٰی (بہر دو کلمات اسرا) سِوًی (طٰہٰ) سُدًی (قیامہ) پانچوں کے اماله محضه میں ابو بکرؒ محرز (ہما (ہود) کے اماله محضه میں حفصؒ اور اِنْشَقَّ (احزاب کے) اماله میں ہشامؒ - حمزہؒ - کسائیؒ اور ورشؒ کے ساتھ شریک ہیں -

تنبیہ - سورۂ اسرا کے پہلے کلمہ میں بصری بھی ہیں چنانچہ اوپر گذرا -

افعالِ عشرہ جَآءَ - شَآءَ - زَادَ - خَافَ - خَابَ - حَاقَّ - ضَاقَ - طَابَ رَانَ - زَاغَ کی ماضی مجرد ثلاثی میں زَاغَتْ (احزاب وص) کے سوا حمزہؒ الف کا

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اور نہ دانیؒ کے قول سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قرشیؒ انکا طریقہ ہیں بلکہ جامع البیان میں کہتے ہیں "میں نے شیخ ابوالفتحؒ سے سنا کہ موسیٰ بن جریرؒ کے طریقہ کے سوا دیگر طرق سے خواہ اسکے بعد ساکن ہو یا نہ ہو دونوں کا اماله پڑھا ہے" اسکے بعد محققؒ کہتے ہیں "جب یہ حال ہے تو اماله نہ طرق تیسیر پر پڑھ سکتے ہیں اور نہ ہماری کتاب کے طرق پر" خود دانیؒ جامع البیان میں اسکی تصریح کرتے ہیں "ابن مجاہدؒ بطریق خلفؒ دونوں کیلئے قبل از ساکن دونوں کا اماله پڑھتے تھے اور مہدویؒ نے اسکو اسی طرح بیان کیا ہے - باقی تمام ناقلین ان کے خلاف ہیں اور قبل از ساکن صرف را کا اماله بیان کرتے ہیں - یہی صواب ہے" محققؒ کہتے ہیں "قبل از ساکن دونوں کا اماله حسب بیان ابن مجاہدؒ و دانیؒ بطریق خلفؒ ثابت ہے - باقی تمام ناقلین اسکے خلاف ہیں اور بطریق خلفؒ سے صرف را کا اماله اور ہمزہ کا فتح نقل کرتے ہیں - واللہ اعلم

حاشیہ صفحہ ھذا - ۱ - حمزہؒ کے لیئے حسب اصل اماله ہی منقول و ثابت ہے مگر ہمارے طرق سے نہیں -

۲ دانیؒ نے تیسیر میں فتح کو اہمیت سے بیان نہیں کیا حالانکہ ابو نشیطؒ ہی کے طریقہ بیان کردہ سے دانیؒ نے فتح پڑھا ہے -

۳ جَآءَ ۲۲۰ - شَآءَ ۱۰۶ - زَادَ ۱۵ - حَاقَّ ۱۰ - خَافَ ۸ - ضَاقَ ۵ - خَابَ ۴ - زَاغَ - ۲ (مأخذ اتحاف البشر)

Marfat.com

جو عین کلمہ ہے۔ اضجاع کرتے ہیں اور اگر مضارع یا ماضی غیر مجرد ہو جیسے یَخَافُ۔ یَشَآءُ۔ اَزَاغَ۔ فَجَآءَ۔ تو امالہ نہیں کرتے۔ جَآءَ اور شَآءَ میں بلا خلاف اور زَادَ میں بخلاف ہر جگہ ابن ذکوانؒ بھی شریک ہیں اور قَرَنَ اٰدَمُ (کلمہ اول بقر) میں بلا خلاف امالہ کرتے ہیں۔ اور رَانَ کے امالہ میں ابو بکرؒ و کسائیؒ شریک ہیں۔

تنبیہ۔ ذوات الرا اور رَاٰ کے سوا فصل ہذا کے جن الفاظ میں ورشؒ کے لیے تقلیل مذکور ہوئی وہ حسب قاعدہ بخلاف ہے۔ اور کِلْتَا[1] میں ہمارے طرق سے سب کے لیے فتح ہے۔ امالہ نہیں۔

مسئلہ۔ اول تقلیل و امالہ کیسا تھ رَاٰ ہر جگہ باریک ہوتی ہے۔ اور حروف مستعلیہ اگرچہ باریک نہیں ہوتے مگر امالہ کیساتھ انکی تفخیم مکسور کے برابر ہوتی ہے۔

مسئلہ دوم۔ اگر الف ممال کے بعد ساکن ہو تو چونکہ الف (جو محل امالہ ہے) ساقط ہو جاتا ہے۔ لہذا امالہ نہیں ہوتا جیسے مُوْسَى الْكِتٰبَ۔ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ۔ لَاقْصَا الَّذِيْ طَغَى الْمَآءُ وغیرہ مگر سوسیؒ سے ذوات الرا قبل از ساکن میں بھی امالہ بخلاف منصوص ہے دونوں وجہ صحیح ہیں جیسے قُرَا الَّتِيْ۔ ذِكْرَى الدَّارِ۔ وَيَرَى الَّذِيْنَ اور اگر را ممال کے بعد اسم جلالۃ ہو جیسے نَرَى اللّٰهَ تو فتح کے ساتھ اسم جلالۃ کی صرف تغلیظ اور امالہ کیساتھ تغلیظ و ترقیق دونوں جائز ہیں۔ امام عبد الباقیؒ کا مذہب ترقیق ہے اور یہی دانیؒ اور ابن حاجبؒ کے نزدیک مختار ہے۔ اور اگر کلمہ ممال پر وقف

[1] اہل کوفہ کہتے ہیں کہ کلتا میں الف تثنیہ ہے جسکا امالہ جائز نہیں اور اہل بصرہ کہتے ہیں الف تانیث ہے (فِعْلٰى) وصلاً ساکن مابعد کی وجہ سے حسب قاعدہ امالہ نہیں وقفاً بھی اکثر اہل ادا امالہ کے خلاف ہیں۔ ابن شریحؒ وغیرہ نے اسپر ہی اجماع نقل کیا ہے مگر قلانسیؒ و ابن سوارؒ و ابو الحسن خیاطؒ اور سبط الخیاطؒ وغیرہ وقفاً امالہ کہتے ہیں۔ ابو محمد مکیؒ کہتے ہیں "حمزہ کسائیؒ کے لئے فتح پر وقف کیا جائے اور بصریؒ کے لیے بامالہ کیونکہ ان کے نزدیک الف تانیث ہے"۔ محققؒ کہتے ہیں "دونوں وجہ جید ہیں مگر میں فتح کو اختیار کرتا ہوں کیونکہ فتح کسائیؒ سے منصوص ہے"۔ ہمارے شیوخ فتح پڑھاتے تھے۔ یہی میرا معمول ہے

Marfat.com

کردیا جائے تو باجماع ناقلین امالہ کرنیوالوں کے لیئے حسبِ اصول امالہ ہوگا لیکن اگر رک کے بعد کا الف عامل جازم کیوجہ سے بالکلیہ حذف ہوجائے جیسے اَوَلَمْ یَرَالَّذِیْنَ ۔ تو حالین میں امالہ قطعاً جائز نہیں کیونکہ ممال کل وجود ہی باقی نہیں رہا۔

مسئلہ (سوم) جن ذوات الیا کلمات پر تنوین ہو (ذوالراہوں یا غیر ذوالرا) ان میں وصلاً باجماع امالہ نہیں ہوتا۔ جیسے هُدًی ۔ اَذًی ۔ عَنْ مَوْلًی ۔ فِیْ قُرًی ۔ قُرًی ظَاهِرَةً ۔ عُزًّی ۔ ضُحًی وغیرہ اور اگر وقف کیا جائے تو دانیؒ[1] وغیرہ محققین ائمہ صرف امالہ کہتے ہیں جمہور اہل ادا کا یہی مذہب ہے۔ بلکہ بعض نے اِس پر اجماع نقل کیا ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "وقبل از ساکن منفصل او رمنون کلمات میں وقفاً صرف امالہ ماخوذ و معمول اور نصاً واداءً ثابت ہے متقدمین میں سے کسی کا قول اسکے خلاف نہیں پایا جاتا بلکہ امالہ پر نص[2] موجود ہے" پھر کہتے ہیں

---

[1] دانیؒ نے تیسیر میں وقفاً ذوات الیا منون میں امالہ بیان کیا ہے مگر شاطبیؒ نے تین مذہب بیان کردیے اول مطلقاً امالہ ۔ دوم مطلقاً فتح ۔ سوم مرفوع ومجرور میں امالہ اور منصوب میں فتح اور اسی کو ترجیح بھی دی ہے ۔ مگر یہ شاطبیؒ کا اجتہاد ہے جس سے انہوں نے نحاۃ کا مسلک قراء کے مذہب سے مخلوط کردیا۔ محققؒ کہتے ہیں "ذوات الیا منون کا فتح بیان کرنے میں شاطبیؒ متفرد ہیں ان کے اور ان کے متبعین کے سوا کسی نے فتح نہیں بتلایا اور میں ائمہ اہل ادا میں سے کسی کو نہیں جانتا جو فتح کیجانب گیا ہو یا اسکا اشارہ کیا ہو اور نہ قرات کی کتابوں میں سے میں نے کسی کتاب میں فتح دیکھا۔ فتح نحاۃ کا مسلک ہے جسکو انہوں نے قیاس سے نکالا ہے" ۔ نص سمی نہیں ۔ نحوی اُس الف کے بارہ میں مختلف الرائے ہیں جو وقفاً پیدا ہوتا ہے ۔ بعض تنوین سے بدلا ہوا بتاتے ہیں اور بعض یا متطرفہ سے" دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "الف کا اصلی ہونا تین وجہ سے اوجہ اور اصح ہے ۔ اول صحابہ کرامؓ نے باجماع اس الف کو بصورت یا لکھا ہے ۔ دوم ۔ ائمہ قرات وعربیت سے وقفاً امالہ منصوص ہے ۔ سوم ۔ بعض اہل عربیت منون منصوب پر بھی بلا بدل وقف کرتے ہیں ۔ ان امور ثلثہ کا اقتضا یہ ہے کہ موقوف علیہ اصلی ہے منقلبہ از تنوین نہیں ۔ کیونکہ الف تنوین باجماع مرسوم بالیا نہیں ہوتا اور نہ اسکا امالہ ہوسکتا ہے" نیز کہتے ہیں "اہلِ ادا کا عمل امالہ پر ہے اور اسی کی نص وقیاس سے تائید ہوتی ہے" محققؒ دانیؒ کی رائے نقل کرکے کہتے ہیں "پس یہ اختلاف غیر معتبر ہے جسپر عمل نہیں اور نحاۃ کا اختلاف ہے اہلِ ادا اور قراء کا اس سے کوئی علاقہ نہیں"

[2] ابوبکر ابن الانباریؒ ادریسؒ سے وہ خلفؒ سے روایت کرتے ہیں کہ "میں نے کسائیؒ کو هُدًی مُصَفًّی ۔ عُزًّی مُصَلًّی ۔ سَجًی قَرًی اور سُدًی پر بالیا وقف کرتے دیکھا ہے ۔ نیز خلفؒ روایت کرتے ہیں کہ کسائیؒ کہتے تھے اَحْیَا النَّاسَ ۔ اَلْاَقْصَا الَّذِیْ ۔ اَقْصَی الْمَدِیْنَةِ ۔ وَجَنَّا الْجَنَّتَیْنِ ۔ طَغَی الْمَآءُ اور مِنْ رِّبْوًا پر امالہ والوں کیلیے یا سے وقف ہوتا ہے" حبیب بن الحسنؒ داؤد بن ابی طیبہؒ سے وہ ورشؒ سے وہ نافع سے روایت کرتے ہیں کہ قُرَی ۔ مُغْتَرًی وصل میں مفتوح اور وقف میں مکسور ہیں ۔

ابوالحسنؒ - مہدویؒ - ابو معشرؒ - سبط الخیاطؒ - اور حافظ ابو العلاؒ وغیرہ ائمہ نے اسپر اجماع نقل کیا ہے - ہمنے اپنے تمام شیوخ سے امالہ پڑہا ہے اور کسی سے اسکے خلاف ایک حرف نہیں سُنا اور یہی قیاس صحیح ہے"

مسئلہ چہارم - اگر الف مبدلہ کے بعد ہمزہ ساکنہ آجائے جیسے اِلَی الْهُدٰۤی ائْتِنَا تو ورشؒ و حمزہؒ اپنے اپنے اصول کے مطابق ہمزہ کو الف سے بدل لیتے ہیں اس حال میں (یعنی وصلاً) فتح ماخوذ ہے - دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "فتح اور امالہ دونوں کا احتمال ہے - اگر الف کو ہمزہ سے مبدلہ کہیں تو فتح ہے اور اگر یا سے مبدلہ کہیں تو امالہ ہے - اول اقیس ہی کیونکہ الْهُدٰۤی کا الف وصلاً قبل از ابدال مفقود ہو گیا تھا - پس واجب ہے کہ (بحالتِ وصل) ابدال کے بعد وہ اسی طرح حذف رہے کیونکہ یہ تخفیف عارضی ہے" محققؒ کہتے ہیں "صحیح و ماخوذ فتح ہی" یہی حق ہے کیونکہ یہ حالت وصلی ہے -

فائدہ - غیر ذوالراکلمات میں ورشؒ کے لیئے امالہ بخلاف ہے - اگر ایسا کلمہ مبدل کیسا تھ جمع ہو جائے جیسے فَتَلَقّٰۤی اٰدَمُ - ۱ مِنْ رَّبِّهٖ - ۱ مِنَ الْمُوْسٰی - تو جعبریؒ وغیرہ شراح شاطبیہ مبدل کی ہر وجہ کیساتھ فتح اور تقلیل بتاتے ہیں - مگر ہمارے طرق پر صرف چار وجوہ جائز ہیں ۱ و ۲ فتح کیساتھ قصر و طول ۳ و ۴ تقلیل کیساتھ توسط او طول یا ۱ قصر کے ساتھ صرف فتح ۲ توسط کیساتھ صرف تقلیل ۳ و ۴ اور طول کیساتھ دونوں کیونکہ رواۃ قصر نے تقلیل اور رواۃ توسط نے فتح روایت نہیں کیا - لہذا قصر کیساتھ تقلیل اور توسط کیساتھ فتح پڑہنے سے خلط طرق ہو جاتا ہے - اور بطرق نشر توسط کیساتھ فتح جائز ہے مگر قصر کیساتھ تقلیل کسی طرح درست نہیں -

Marfat.com

فصل سوم امالہ بوجہ کسرہ

بصریؒ و دوریؒ ہر اُس الف کا جسکے بعد راء متطرفہ مجرورہ ہو امالہ محضہ اور ورشؒ بلا خلاف تقلیل کرتے ہیں خواہ الف اصلی ہو یا زائدہ جیسے۔ اَنْصَارٍ۔ اَبْصَارٍ۔ اَلدَّارِ۔ اَلْغَارِ۔ قَهَّارٍ۔ غَفَّارٍ۔ وَالنَّهَارِ۔ اَلْكُفَّارِ۔ وَالدِّيَارِ۔ وَالْفُجَّارِ۔ وَالْاَبْكَارِ۔ بِدِيَّارٍ۔ بِقِنْطَارٍ۔ بِمِقْدَارٍ۔ وَاَدْبَارِهَا۔ وَاَشْعَارِهَا۔ وَاٰثَارِهَا۔ وَاٰثَارِهِمْ۔ وَاَبْصَارِهِمْ۔ وَدِيَارِهِمْ وَحِمَارِكَ۔ وغیرہ اور اسی میں کَافِرِيْنَ اور اَلْكَافِرِيْنَ (جمع بالیاء) داخل ہے مگر وَالْجَارِ (سورہ نساء دو جگہ) اور جَبَّارِيْنَ[1] (مائدہ و شعراء ایک ایک) کو بصریؒ قطعاً امالہ سے مستثنیٰ کرکے بفتح پڑھتے ہیں اور ورشؒ کے لیئے ان چاروں میں تقلیل بخلاف ہے اور دو کلمات اَلْقَهَّارِ اور اَلْبَوَارِ کی تقلیل میں حمزہؒ بھی شریک ہیں اور جن کلمات میں راء مکررہ ہو جیسے قَرَارٍ۔ اَلْاَشْرَارِ۔ اَلْاَبْرَارِ۔ وغیرہ۔ امین بصریؒ و کسائیؒ امالہ محضہ اور ورشؒ و حمزہؒ تقلیل کرتے ہیں اَلنَّاسِ[2] مجرور میں جہاں آئے دوریؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔ غیر ذوات الرا میں سے یہ تیسرا کلمہ ہے جسمیں بصریؒ نے امالہ محضہ کیا ہے۔

اَذَانِهِمْ۔ اٰذَانِنَا۔ طُغْيَانِهِمْ۔ سَارِعُوْا۔ يُسَارِعُ۔ اور نُسَارِعُ میں

---

[1] جَبَّارِيْنَ میں راء مجرور نہیں بلکہ محل نصب میں مکسور ہے متطرفہ ہونیکی بنا پر ساتھ بیان ہوتی ہے۔

[2] شاطبیہ سے اَلنَّاسِ مجرور میں بصریؒ کے لیئے امالہ بخلاف معلوم ہوتا ہے۔ ابن القاصحؒ وغیرہ نے یہی تصریح کی ہے۔ مگر یہ تشریح صحیح نہیں۔ دانیؒ کہتے ہیں "مجھے ابو القاسمؒ فارسی نے بطریق عبد الواحدؒ الناس مجرور کا امالہ اور ادریس نے فتح پڑھایا ہے" فارسیؒ و عبد الواحدؒ روایت دوریؒ کا طریقہ ہیں۔ شاطبیہ میں تسامح ہے۔ اسی وجہ سے سخاویؒ کو یہ تشریح کرنی پڑی کہ الناس مجرور میں خلاف مرتب ہے یعنی دوریؒ کیلیئے امالہ اور سوسیؒ کے لیئے فتح۔ خلاف مفرع ہیں کہ ہر ایک کے لیئے دو دو وجوہ ہوں۔

Marfat.com

ہر جگہ۔ بَارِئِكُمْ (بقرہ و) - اَلْبَارِئُ (حشر) اَلْجَوَارِ (شوریٰ - رحمٰن - تکویر) مَنْ اَنْصَارِیْ (صف) میں کسائیؒ کے دوریؒ امالہ محضہ کرتے ہیں اور سب فتح پڑھتے ہیں فِی الْمِحْرَابِ مجرور میں بلا خلاف اور اَلْمِحْرَابَ منصوب اور عمران میں ہر جگہ۔ اِكْرَاهِهِنَّ (نور) وَالْاِكْرَامِ (رحمٰن و) سب میں ابنِ ذکوانؒ بخلاف[1] امالہ محضہ کرتے ہیں۔ نیز حِمَارِ اور حِمَارِكَ کے امالہ محضہ میں بخلاف شریک ہیں۔

مَشَارِبُ (یٰسٓ) اٰنِیَةٍ (غاشیہ) عَابِدٌ اور عٰبِدُوْنَ (کفرون) میں ہشامؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

هَادٍ (توبہ) کے امالہ محضہ میں بصریؒ و دوریؒ کے ساتھ بطریق تیسیر قالونؒ۔ ابوبکرؒ اور ابوالحارثؒ بلا خلاف[1] وابنِ ذکوان بخلاف شریک ہیں اور ورشؒ حسبِ قاعدہ تقلیل کرتے ہیں۔

ضِعَافًا (نساء) اور اٰتِیْكَ (نمل میں دو جگہ) خلفؒ بلا خلاف اور خلادؒ بخلاف امالہ کرتے ہیں

شاطبیؒ نے یُوَارِیْ اور اُوَارِیْ (مائدہ[2]) میں کسائیؒ کے دوریؒ کے لئے امالہ بخلاف بتایا ہے۔ مگر یہ ہمارے طرق سے نہیں ہے اور پڑھا نہیں جاتا۔

مسئلہ۔ جن کلمات میں کسرۂ متطرفہ کیوجہ سے کیا جاتا ہے۔ امالہ تین وقف و ادغام کی حالت میں بھی

---

[1] مَنْ اَنْصَارِیْ میں راء مجرد نہیں بلکہ محل رفع میں مکسور ہے۔

[2] دانیؒ نے ابن ذکوانؒ کے لئے محراب منصوب کے سوا سب کلمات میں امالہ بلا خلاف بیان کیا ہے۔ فتح زیادات تصیدہ سے ہے مگر صحیح ہے۔

[3] دانیؒ حسب عادت۔ تیسیر میں حکایتاً کہتے ہیں "میرے شیخ ابوالقاسم فارسیؒ ابوطاہرؒ سے وہ ابوعثمانؒ ضریرؒ سے وہ ابوعمرؒ دوریؒ سے مائدہ میں یُوَارِیْ اور اُوَارِیْ کا امالہ روایت کرتے ہیں اور ابوعثمانؒ موصوف کے سوا دوریؒ سے اور کسی نے یہ امالہ روایت نہیں کیا اور اس طریقہ سے وہ اسکو پڑھتے تھے یا میں پڑھتا ہوں اور میں نے امام ابن مجاہدؒ کے طریقہ سے ان کو بفتح پڑھا ہے" اسکی بنا پر شاطبیؒ نے ان میں امالہ بیان کر دیا حالانکہ یہ خلاف طریقہ ہے کیونکہ تیسیر میں روایت دوریؒ فارسیؒ ابوطاہرؒ اور ابوعثمانؒ سے منقول نہیں۔ بلکہ ابوالفتحؒ عبدالباقیؒ۔ ابن الجلنداؒ اور جعفرؒ بن محمد نفیسیؒ سے مروی ہے۔ اور ان نفیسیؒ سے تمام ناقلین فتح روایت کرتے ہیں۔ اور یہی ماخوذ ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "مائدہ کی تخصیص کی کوئی وجہ نہیں کیونکہ ابوعثمان ضریرؒ نے اعراف میں بھی یُوَارِیْ کا امالہ روایت کیا ہے۔ شاید دانیؒ کے شیخ فارسیؒ کی کتاب میں سے اعراف کا ذکر سہواً چھوٹ گیا" کوئی وجہ ہو اسمیں امالہ نہیں ہے۔ اسکے سوا یہی بعض حروف ابوعثمان ضریرؒ نے روایت کئے ہیں مگر وہ پڑھے نہیں جاتے یہی کیفیت اس امالہ کی ہے۔

امالہ ہوتا ہے کیونکہ محل امالہ علی حالہ موجود ہے اور یہ سکون عارضی ہے لہذا اسکا اعتبار نہیں کیا جاتا اکثر محققین کا یہی مذہب ہے۔ تیسیر۔ شاطبیہ۔ تذکرہ۔ ہادی۔ ھدایہ۔ ارشاد۔ غایہ۔ عنوان تلخیص تلخیص العبارات وغیرہ میں یہی درج ہے۔ دانیؒ۔ ابن مہرانؒ ھذلیؒ اور قلانسیؒ نے اسیکو مختار بتایا ہے۔ ابو محمد مکیؒ کہتے ہیں "وقفاً امالہ ہی صحیح ہے خواہ وقف بالسکون کیا جائے۔ یا بالروم۔ فتح نہ قوی ہے اور نہ جید کیونکہ وقف واجب ولازم نہیں۔ پس سکون عارضی ہے۔

فصل چہارم مقطعات یعنی حروف ہجا کا آمالہ

بعض سورتوں کے شروع میں مقطعات یعنی حروف ہجا کے اسماء واقع ہوئے ہیں۔ انمیں سے حا۔ را۔ طا۔ ہا اور یا کا امالہ کیا جاتا ہے۔

ابوبکرؒ وکسائیؒ پانچوں کا ہر جگہ۔ اور حمزہؒ ھاء مریم کے سوا پانچوں کا جہاں آئیں امالہ محضہ کرتے ہیں۔ مدنیؒ ھا ویا مریم میں تقلیل کرتے ہیں۔ قالونؒ کے لئے فتح بھی صحیح اور مطابق طریقہ ہے۔ درشؒ ھا وطہ کا امالہ محضہ اور حا ورا کی ہر جگہ تقلیل کرتے ہیں۔ بصریؒ را وھا۔ کا امالہ محضہ اور حا کی تقلیل کرتے ہیں۔ اور دانیؒ وشاطبیؒ نے سوسیؒ کے لئے

سلہ دانیؒ بطریق عبدالباقیؒ دانی نشیطؒ ھا ویا کا فتح پڑھا ہے۔ تیسیر کا یہی طریقہ ہے جملہ اہل عراق اور اکثر مغربی اہل امالہ صرف فتح کہتے ہیں دانیؒ شیخ ابو الفتحؒ اور امام ابو الحسنؒ سے بطریق عبداللہ بن حسینؒ سامریؒ وحلوانیؒ تقلیل پڑھی ہے۔ اور تیسیر میں تقلیل ہی بیان کی ہے فتح نہیں بتایا پس ان مقامات میں سے ہی جنمیں دانیؒ طریقہ سے نکل گئی۔ تیسیر وشاطبیہ کے علاوہ تلخیص عنوان اور تذکرہ اور کامل میں بھی تقلیل ہی درج ہے اور کافی وتبصرہ میں تقلیل بخلاف مذکور ہے۔ ابو محمد مکیؒ کہتے ہیں "مدنیؒ بین بین پڑھتے تھے مگر ان سے فتح بھی منقول ہے اور اول مشہور ہے" قالونؒ کے لئے تقلیل وفتح دونوں صحیح ہیں فتح طریقہ کے مطابق اور تقلیل زیادہ مشہور ہے۔ ۱۲

Marfat.com

یاء مریم کا بھی امالہ بخلاف[1] بیان کیا ہے۔ شامیؒ را اور یاء مریم کا اور ابن ذکوانؒ حا کا امالہ کرتے ہیں باقی حضرات کا مسلک فتح ہے۔

فصل پنجم امالۂ ھاء تانیث[2]

ھاء تانیث سے مراد وہ ھا ہے جو اسم کے آخر میں ہوتی ہے اور وصلاً تا اور وقفاً ھا پڑھی جاتی ہے جیسے۔ رَحْمَةٌ اور نِعْمَةٌ۔ بحالتِ وقف اسکا امالہ مذہب کسائیؒ کیساتھ مخصوص ہے اور امالہ کے اعتبار سے اسکی چار قسمیں ہیں۔ ۱ اجماعاً غیر ممال۔ ۲ مختلف فیہ ۳ بعض حالات میں ممال اور بعض حالات میں مختلف فیہ ۴ بالاجماع ممال۔

قسم اول۔ اگر ھاء تانیث سے قبل الف ہو (جو کچھ ہمارے میں آتا ہے) صَلٰوةَ۔ زَكٰوةَ حَيٰوةَ نَجَاةَ۔ غَدٰوةٍ۔ اور مَنٰوةَ[3] تو باجماع ناقلین امالہ نہیں ہوتا۔ ورنہ ماقبل الف کا بھی امالہ کرنا پڑیگا جس سے تین حروف کا امالہ ہو جائیگا جو مقصد کے خلاف[4] ہے۔

---

[1] ۔ دانیؒ نے بطریق ابن جریرؒ سوسیؒ کے لیے یا کا فتح پڑھا ہے۔ ابن بلیمہؒ نے بطریق عبدالباقیؒ بن فارسؒ و ابوبکرؒ قرشی اور نسائیؒ نے اپنی کتاب میں سوسیؒ سے نصاً اور دانیؒ نے جامع البیان میں ابوالحسنؒ رقی۔ اور ابوعثمان ضریرؒ نحوی سے یا کا امالہ روایت کیا ہے۔ نیز ابوالفتحؒ سے ابن جریرؒ کے طرق کے سوا دیگر طرق سے امالہ پڑھا ہے اور جامع البیان میں خود تصریح کی ہے۔ مگر تیسیر و مفردات میں تدلیس ہو گئی اسی وجہ سے شاطبیؒ نے بخلاف امالہ بیان کیا ہے۔ محققؒ کہتے ہیں امالہ ان طرق سے ثابت ہی جو نہ تیسیر و شاطبیہ کے طرق ہیں اور نہ ہماری کتاب کے "سوسیؒ کے لیے یا کا فتح اصح اور امالہ ضعیف ہی مگر متروک نہیں۔ [2] ھاء تانیث بحالت وقف ہر امر میں الف تانیث سے مشابہ ہی۔ دونوں زائدہ ہیں اور دونوں تانیث کیلئے اور دونوں کا ماقبل مفتوح اور دونوں ساکن ہیں دونوں ہم مخرج یا قریب المخرج دونوں حرف خفی اور بیان کے محتاج ہیں الف تانیث کا امالہ سو جہ سے ہوتا ہے کہ وہ الف مبدلہ از یا کیساتھ مشابہ ہے۔ ھاء تانیث کا امالہ بھی اسی سبب سے ہوتا ہے کہ وہ الف تانیث سے بہر لحاظ اور مطلق الف سے متعدد امور میں مشابہ ہی۔ [3] بمذہب کسائیؒ۔ ذَاتَ۔ هَيْهَاتَ۔ اَللّٰاتَ اور لَاتَ بھی اس سے ملحق ہیں مگر تَوْرَاةَ۔ تُقَاةً۔ مَرْضَاةَ۔ مُرْجَئُونَ اور مشکوٰۃ کا اس باب سے کوئی علاقہ نہیں بلکہ ان میں الف منقلبہ کیوجہ سے امالہ ہوتا ہے۔ [4] یعنی مقصود ھاء تانیث اور حرکت ماقبل کا امالہ ہے اور یہی مسموع و منصوص ہے ماقبل کے ماقبل کا امالہ مقصد پر زیادتی اور افراط ہے۔

قسم دوم۔ اگر ہاء تانیث سے قبل حاء عین یا سبعہ مستعلیہ میں سے کوئی حرف[1] ہو تو امالہ میں اختلاف ہے۔

سوم۔ اگر ہاء تانیث سے قبل حروف اکھر (ہمزہ۔ کاف۔ ہا۔ را) میں سے کوئی حرف ہو اور اس حرف سے قبل کسرہ یا یاء ساکنہ[2] ہو تو اہا جماع امالہ کرتے ہیں خواہ کسرہ اور اس حرف کے درمیان کوئی ساکن فاصل ہو اور اگر اس سے قبل کسرہ اور یاء ساکنہ میں سے کوئی نہ[3] ہو تو قسم دوم کیطرح امالہ میں اختلاف ہے۔

ابن مجاہدؒ۔ نقاشؒ۔ عبدالواحدؒ۔ شذائیؒ۔ ابن مہرانؒ۔ ابوالحسنؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ ابن سفیانؒ مہدویؒ۔ ابن شریحؒ۔ ابو علیؒ مالکی۔ ابو طاہر بن خلفؒ ابو علیؒ عطار۔ اور ابو اسحٰق طبریؒ وغیرہ ائمہ قسم دوم میں اور قسم سوم کی آخر شق میں فتح مختار بتاتے ہیں۔ دانیؒ نے امام ابوالحسنؒ سے فتح ہی پڑھا ہے یہی محققؒ کے نزدیک مختار ہے اور اہل ادا کی ایک جماعت حلقی ہونیکی

---

[1] مسامت اسماء میں تانیث سے قبل حاء مہملہ آتی ہے۔ صَحَّةٌ۔ نَفْحَةٌ۔ لَوَّاحَةٌ۔ اَلنَّطِيحَةُ۔ اَشِحَّةٌ۔ اَجِنَّةٌ۔ اور مُفَتَّحَةٌ اور دوسری خاء معجمہ اَلنَّاخَةُ۔ نَفْخَةٌ اور چھ میں صاد مہملہ خَالِصَةٌ۔ شَاخِصَةٌ۔ خَصَاصَةٌ۔ خَاصَّةٌ۔ مُخْمَصَةٌ اور عُصَّةٌ۔ اور نویں ضاد معجمہ۔ رَدْضَةٌ۔ قَبْضَةٌ۔ فَرِيضَةٌ۔ بَعُوضَةٌ۔ خَافِضَةٌ۔ دَاحِضَةٌ۔ فِضَّةٌ۔ غُرُوضَةٌ اور مَقْبُوضَةٌ۔ اور تین میں طاء مہملہ۔ بَسْطَةٌ۔ حِطَّةٌ۔ اور مُحِيطَةٌ اور تین میں ظاء معجمہ غِلْظَةٌ مَوْعِظَةٌ اور حِفْظَةٌ اور اٹھائیس اسماء میں عین مہملہ۔ جیسے سَبْعَةٌ۔ صَنْعَةٌ۔ طَاعَةٌ اور السَّاعَةُ وغیرہ اور چار میں غین معجمہ صِبْغَةٌ۔ مُضْغَةٌ۔ بَازِغَةٌ اور بَالِغَةٌ۔ اور انیس میں قاف معجمہ جیسے اَلْحَاقَّةُ۔ نَاقَةٌ۔ اَلصَّاعِقَةُ۔ طَائِفَةٌ وغیرہ۔

[2] ہمزہ سے قبل دو اسماء کَهِيعَةٍ اور حَطِيئَةٍ میں یاء ساکنہ اور پانچ الفاظ فِئَةٌ۔ دَابَّةٌ۔ نَاشِئَةٌ۔ سَيِّئَةٌ۔ اور خَاطِئَةٌ۔ میں کسرہ ہے۔ کاف سے قبل آلا کلمہ میں یاء ساکنہ اور چار الفاظ ضَاحِكَةٌ۔ مُشْرِكَةٌ۔ اَلْمَلَائِكَةُ۔ اَلْمُؤْتَفِكَةُ میں کسرہ ہے ہا سے قبل تین الفاظ اِلٰهَةٌ۔ فَاكِهَةٌ اور وُجُوهٌ میں کسرہ ہے یاء ساکنہ کہیں نہیں۔ را سے قبل چھ کلمات كَثِيرَةٌ۔ كَبِيرَةٌ۔ صَغِيرَةٌ۔ ظَهِيرَةٌ۔ كَبِيرَةٌ۔ اور بَصِيرَةٌ میں یاء ساکنہ اور تیس کلمات میں کسرہ پایا جاتا ہے۔ جیسے اٰخِرَةٌ۔ حَاضِرَةٌ۔ عِبْرَةٌ۔ سِدْرَةٌ

[3] ہمزہ چار کلمات اَلنَّشْاَةَ۔ سَوْءَةً۔ اِمْرَاَةٌ اور بَرَاٰءَةٌ میں فتح کے بعد اور کاف چھ اسماء بَكَّةَ۔ مَكَّةَ۔ دُكَّةً۔ اَلسَّوْكَةِ۔ اَلتَّهْلُكَةِ۔ اور مُبَارَكَةٌ میں فتح اور ضمہ کے بعد اور ہا۔ صرف سَفَاهَةٌ میں فتح کے بعد اور را باون اسماء میں دیگر حرکات کے بعد آتی ہے جیسے حِجَارَةٌ۔ بَرَرَةٌ۔ مَيْسَرَةٌ۔ وغیرہ۔

Marfat.com

بنا پر ہمزہ اور ہا کی لغت بھی فتح کو مطلقاً مختار کہتی ہے۔ خواہ ان سے قبل کسرہ اور یا ساکنہ ہو۔ یہ ابوالحسنؒ خیاط۔ قلانسیؒ۔ ابن سوارؒ ابن شیطاؒ ابن الفحامؒ اور حافظ ابوالعلاؒ کا مسلک ہے۔

ابن الانباریؒ ابن شنبوذؒ۔ ابن مقسمؒ۔ ابومزاحم خاقانیؒ۔ عبدالباقی خراسانیؒ۔ اور ابوالفتحؒ کا مذہب الف کے سوا تمام حروف کے بعد علی الاطلاق امالہ ہے۔ یہ حضرات حروف حلق۔ حروف استعلا وغیرہ اور دیگر حروف کے درمیان کوئی فرق نہیں کرتے اور کسرہ وغیرہ کی شرط مقرر کرتے ہیں۔ دانیؒ نے شیخ ابوالفتحؒ سے اسی طرح پڑھا ہے اور یہی استاذ ابوسعید حسنؒ بن عبداللہ سیرافی ثعلبؒ اور فرّاءؒ کا مذہب ہے اور یہی دانیؒ کے نزدیک مختار ہے۔[۵۲]

چہارم۔ اگر ہا تانیث سے قبل باقی پندرہ[۵۳] حروف میں سے کوئی حرف پایا جائے تو باجماعِ ناقلین وائمہ بلاشرط امالہ ہوتا ہے۔

محل امالہ کے تعین میں ہمارے شیوخ وائمہ کا اختلاف ہے۔ دانیؒ۔ ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ ابن شریحؒ اور شاطبیؒ کہتے ہیں "امالہ ہا اور اسکے ماقبل پر طاری ہوتا ہے" ابومحمد طاہرؒ بن خلف ابن سوار۔ قلانسیؒ ابن الفحامؒ۔ سبط الخیاطؒ۔ اور حافظ ابوالعلاؒ کہتے ہیں "امالہ

---

[۵۱] دانیؒ کہتے ہیں "استثنا کے بارہ میں کسائیؒ سے نص معدوم ہے۔ میں نے ابوالفتحؒ سے اطلاق قیاس کی بنا پر امالہ پڑھا ہے یہی ہمیں محمد بن علیؒ۔ ابن الانباریؒ۔ ادریسؒ اور خلفؒ کے ذریعہ سے کسائیؒ سے نص پہونچی ہے۔ فتح بعض شیوخ کا اختیار کردہ ہے۔ مگر الف کے بعد باجماع امالہ نہیں"

[۵۲] امام عبدالباقیؒ کہتے ہیں "میں نے استاذ ابوسعیدؒ حسن بن عبداللہ سیرافی سے عبدالواحدؒ وغیرہ کے مذہب کے بارہ میں پوچھا تو انہوں نے کہا۔ استثنا کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ یہ ہا طرف ہے اور طرف میں مستطیہ وغیرہ کا کوئی لحاظ نہیں ہوتا۔ چنانچہ۔ اَعْطٰی۔ وَاتَّقٰی یَزْمٰی۔ یَعْصٰی اور یَظْمٰی وغیرہ میں امالہ بلاخلاف جائز ہے اور یہ ہا بھی وقف میں الف کے مانند ہے جبکہ اس سے قبل الف نہ ہو۔

[۵۳] یہ حروف ہا تانیث سے قبل بایں تفصیل آتے ہیں ۱ بار موحدہ اٹھائیس اسماء میں جیسے حَبَّةٌ۔ اَلتَّوْبَةُ وغیرہ ۲ تا فوقانیہ صرف چار اسماء میں۔ اَلْمَیِّتَةُ۔ بَغْتَةً۔ اَلتَّوْبَةُ اور سَنَةٌ ۳ ثا مثلثہ میں بھی چار اسماء میں۔ ثَلٰثَةٌ۔ وَرِثَهٗ۔ خَبِیْثَةٌ۔ مَبْثُوْثَةٌ ۴ جیم آٹھ اسماء میں۔ وَلِیْجَةً۔ حَاجَةً۔ بَهْجَةٌ۔ لَجَّةٌ۔ نَهْجَةٌ۔ دَرَجَةٌ اور زُجَاجَةٌ ۵ دال مہملہ اٹھائیس اسماء میں جیسے بَلَدَةٌ عُدَّةٌ اور اَفْئِدَةً وغیرہ ۶ ذال معجمہ دو اسماء میں لَذَّةٌ اور مَوْقُوْذَةٌ۔ ۷ زا معجمہ چھ اسماء میں۔ اَعِزَّةٌ۔ اَلْعِزَّةُ۔ بَارِزَةٌ۔ بِمَقَارَّةٍ۔ هُمَزَةٌ اور لُمَزَةٌ ۸ سین مہملہ تین اسموں میں خَمْسَةٌ۔ اَلْخَامِسَةُ۔ اَلْقُدَّسَةُ ۹ شین معجمہ چار اسماء میں اَلْبَطْشَةَ۔ فَاحِشَةٌ۔ عَیْشَةٌ۔ مَعِیْشَةٌ ۱۰ فا معجمہ اکیس اسماء میں جیسے خَلِیْفَةٌ۔ اور رَأْفَةٌ وغیرہ ۱۱ لام مہملہ پینتالیس[۴۵] اسماء میں جیسے لَیْلَةٌ۔ غَفْلَةٌ وغیرہ ۱۲ میم مہملہ تینتیس[۳۳] اسماء میں جیسے ۱۳ نون معجمہ سینتیس[۳۷] اسماء میں جیسے سَنَةٌ۔ جَنَّةٌ ۱۴ واو مہملہ سترہ اسماء میں جیسے اَلنَّجْوٰی اور کَلْوٰی وغیرہ۔ اور یاء تحتانیہ چونسٹھ اسماء میں جیسے حَیَّةٌ اور مَرْمِیَّةٌ

Marfat.com

ماقبل ھا کا ہوتا ہے ھا کی ذات کا نہیں ہوتا۔ محقق کہتے ہیں "پہلا مذہب اقرب الی القیاس اور کلام سیبویہ کے مطابق ہے یعنی اُس نے امالہ میں ہا کو الف سے مشابہ کیا ہے اور دوسرا مذہب تلفظ وادا میں ابین واظہر ہے" پھر کہتے ہیں "امالہ کی تعریف فتح کو بجانب کسرہ اور الف کو بجانب یا مائل کرنا ہے۔ اور ہا کو بجانب یا مائل کرنیکا دعویٰ ممکن نہیں۔ اور نہ اسپر فتح ہے جو کسرہ کیطرف مائل کیا جائے۔ ان دونوں باتوں کا دانیؒ وغیرہ انکار نہیں کرسکتے اور جب ماقبل ہا کا امالہ کیا جائیگا تو اسکی آواز میں بھی ایک ایسا خفیف ضعف لاحق ہوگا جو پہلے نہ تھا اگرچہ اسکو تقریب الی الیا نہ کہہ سکیں۔ اسکا مکیؒ وغیرہ انکار نہیں کرسکتے پس یہ ضعف اسکا امالہ ہے اور دونوں مذاہب میں نزاع لفظی ہے"[1]

ماحصل یہ ہے کہ الف کے بعد ہا تانیث کا امالہ قطعاً نہیں ہوتا۔ حروف مستعلیہ اور حاء وعین کے بعد بہرحال اور حروف اکہر کے بعد جب کہ ان سے قبل کسرہ اور یا ساکنہ نہ ہو امالہ میں خلاف ہے۔ دونوں وجوہ صحیح ہیں۔ امالہ طریقہ[2] اور قیاس کے مطابق اور فتح اکثر کا مذہب ہے۔ اور اگر ہا سے قبل بقیہ پندرہ حروف میں سے کوئی حرف ہو یا حروف اکہر ہوں اور اُن سے قبل کسرہ یا یا ساکنہ ہو تو باجماع امالہ ہوتا ہے۔ اسیطرح ماخوذ ومعمول ہے۔

---

[1] میری ناقص رائے میں علامہ دانیؒ نے جو تعریف کی ہے وہ اصح ہے۔ بلاشبہ ہا تانیث الف نہیں ہے مگر مشابہ بالف ہے اسیطرح کہ امالہ تقریب الی الیا ہرگز نہیں مگر اُس الف کے مشابہ ہے جسکی تقریب کیجا چکی ہے۔ یعنی اسمیں ضعف ومیلان پیدا ہو جاتا ہے اور لامحالہ اسکی ذات میں امالہ مؤثر ہوتا ہے۔ یہی دانیؒ وغیرہ کا مقصد ہے اور یہ امر محسوسات سے ہے جسکا انکار نہیں ہوسکتا۔ جن حضرات نے اس سے اختلاف کیا ہے وہ صرف تعریف امالہ کی بنا پر ہے۔ حضرت محققؒ کے اس قول کے کہ "دوسرا مذہب تلفظ میں اظہر ہے" اگر یہ معنی ہیں کہ یا پیدا نہیں ہوتی تو مسلم ہے مگر اسکا دعوے کس نے کیا ہے۔ اور اگر یہ معنی ہیں کہ ھا میں امالہ مؤثر نہیں ہوتا تو تسلیم نہیں۔

[2] دانیؒ نے قراءۃ کسائیؒ کی دونوں روایات شیخ ابوالفتحؒ سے انہوں نے شیخ ابوالحسنؒ عبدالباقی سے پڑھی ہیں اور عبدالباقیؒ نے روایت دوریؒ محمد بن علیؒ موصلی سے پڑھی ہے۔ یہی محمد بن علیؒ کسائیؒ سے الف کے سوا ہا تانیث کا امالہ علی الاطلاق روایت کرتے ہیں۔

Marfat.com

تنبیہ۔ یَتَسَنَّہْ۔ کِتَابِیَہْ۔ حِسَابِیَہْ۔ مَالِیَہْ۔ سُلْطَانِیَہْ۔ اور مَاھِیَہْ میں ہائے تانیث نہیں ہائے سکتہ ہے جو بیان فتح کے لیئے لائی گئی ہی۔ لہذا اسکا امالہ نہیں ہوسکتا ورنہ اصل مقصد فوت ہوجائیگا۔ دانی رح کتاب الامالہ میں کہتے ہیں "کسائی رح سے نص صرف ہار تانیث کے لیئے ہی اور یہی عرب سے مسموع ہے۔ جب ابنِ مجاہد رح کو معلوم ہوا کہ خاقانی رح ہار تانیث کے مانند اسمیں امالہ کو جائز کہتے ہیں تو اُنہون نے اسکا شِدّت سے انکار کیا اور فرمایا کہ یہ لحن جلی اور خطاء فاحش ہے" اور ذِکْرَہْ۔ اَقْبَرَہْ اور اَنْشَرَہْ میں ہار کنایہ اور تَوَجَّہَ میں نفس کلمہ کی ہا ہے۔ انکا امالہ سے کوئی تعلق نہیں۔ عربی نہ جاننے والے ہوشیار رہیں اور تلفظ و قیاس سے دھوکا نہ کھائیں۔

(۱۵) باب پانزدھم تفخیم و ترقیق را۔

تفخیم۔ پُر۔ اور ترقیق باریک پڑھنے کو کہتے ہیں۔ مگر ترقیق امالہ نہیں۔ اگرچہ بعض ائمہ امالہ کو مجازاً بایں سبب ترقیق کہدیتے ہیں کہ امالہ کے لیئے ترقیق لازم ہی۔ دانی رح کہتے ہیں "ترقیق حرف میں ہوتی ہی حرکت میں نہیں اور امالہ حرکت میں ہوتا ہے جو ادغام کی طرح ایک قسم کی تخفیف ہے اور کسی علّت کیوجہ سے کیا جاتا ہے" اور ترقیق امالہ کیطرح مخصوص نہیں ہی بلکہ حروف غیر ممال میں بھی ہوتی ہے۔ اور اگر ترقیق امالہ ہوتی تو مضموم و ساکن میں نہ پائی جاتی اور ورش رح کے لیئے ذِکْرِی کا بحالت امالہ اور ذِکْرًا کا بحالت ترقیق تلفظ ایک ہوتا جو بداہۃً غلط ہے۔

تفخیم و ترقیق کے اعتبار سے را کی تین حالتیں ہیں ۱ باجماع پُر ۲ باجماع باریک ۳ مختلف فیہ۔ فن قراءت سے یہی تیسری قسم تعلق رکھتی ہی۔ پہلی دونوں تجوید کے متعلق ہیں تتمیم فائدہ کے لئے اُنکا مجملاً ذکر کیا جاتا ہے۔

قسم اول۔ باجماع پر۔ اسمیں انواع ذیل داخل ہیں ۱؎ ہر راء مفتوحہ و مضمومہ جس سے قبل کسرہ لازمہ اور یا ء ساکنہ نہ ہو جیسے۔ رَجُلٌ۔ رَاعِنَا۔ رُسُلُنَا۔ جَمْهَرَةٌ۔ بِسُوْرَةٍ۔ يَشْعُرُوْنَ۔ يَفْرُطُ۔ زُخْرُفًا۔ كَبِيْرًا۔ صَبْرٌ۔ وَاخْتَارَ۔ نَارًا۔ اَجْرًا۔ نُذُرًا۔ حُمُرٌ۔ لیکن ورش نے ایک کلمہ بِشَرَرٍ (مرسلت) میں اس قاعدہ کی مخالفت کرکے راکو باریک پڑھا ہے۔

۲؎ ہر راء مفتوحہ و مضمومہ متوسطہ برائیں خواہ اس سے قبل کسرہ ہو یا یاء ساکنہ جیسے بِرَسُوْلٍ بِرُءُوْسِكُمْ۔ لِرُقِيِّكَ۔ فِيْ رَيْبٍ۔ فِيْ رُءْيَايَ۔

۳؎ ہر راء ساکنہ جس سے قبل فتح اور ضمہ یا کسرہ غیر لازمہ ہو خواہ ساکن بسکون اصلی ہو جیسے مَرْيَمُ۔ اَلْمَرْءِ۔ خَرْدَلٍ۔ وَارْحَمْنَا۔ فُرْقَانٌ۔ قُرْاٰنٌ۔ اُرْكُضْ۔ وَلَا تَنْهَرْ۔ فَلَا تَكْفُرْ اَمِ ارْتَابُوْا۔ اِرْجِعْ۔ يٰبُنَيَّ ارْكَبْ۔ مَنِ ارْتَضٰى۔ یا عارضی وقفی جیسے بِالصَّبْرِ۔ لَفِيْ خُسْرٍ وَنُذُرٍ۔ اِذَا يَسْرِ ۲؎۔ بِالشَّهْرِ۔ وَالْفَجْرِ۔ اَمْرُ۔ وَاسْتَكْبَرَ۔ وغیرہ۔

۴؎ ہر راء ساکنہ جس کے بعد حرف مستعلیہ اسی کلمہ میں ہو۔ اگرچہ راسے قبل کسرہ لازمہ ہو۔ جیسے قِرْطَاسٍ۔ مِرْصَادًا۔ اِرْصَادًا۔ فِرْقَةً لیکن فِرَقٍ میں اختلاف ہے۔ اکثر مغربی اور مصری قراء کسرہ جانبین کی وجہ سے ترقیق کہتے ہیں۔ جمہور ائمہ عراق حسب قاعدہ تفخیم بتاتے ہیں۔ محقق کہتے ہیں "قیاس تفخیم کا موئید ہے دونوں وجوہ صحیح ثابت اور معمول بہا ہیں"

قسم دوم۔ باجماع باریک۔ اسمیں انواع ذیل داخل ہیں ۱؎ ہر راء مکسورہ بکسرہ اصلیہ جیسے۔ رِجَالٌ۔ رِيْحٌ۔ كَارِهِيْنَ۔ وَالْفَجْرِ عَشْرٍ۔ یا بکسرہ عارضیہ بوجہ اجتماع ساکنین جیسے وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ۔ وَاذْكُرِ اسْمَ۔ وَذَرِ الَّذِيْنَ۔ یا بوجہ نقل بمذہب ورش جیسے

۱؎ بعض اہل ادا وقفاً حرکت را کا اعتبار کرتے ہیں اور وصلی حالت کے مطابق پڑھ اور باریک کہتے ہیں مگر مذہب منصورہ ہی جو ہم نے بیان کیا۔ ۲؎ چونکہ اِذَا يَسْرِ میں را عین کلمہ ہے اور لام کلمہ محذوف ہے۔ اسلئے حضرت محققؒ وغیرہ بعض ائمہ وقفاً ترقیق کو ترجیح دیتے ہیں تاکہ اصلیت پر دلالت کرے۔ مگر یہ اجتہاد ہے۔ مذہب منصورہ وہ ہے جو درج ہوا۔

Marfat.com

وَانْظُرِ الیٰ - وَانْتَظِرْهُمْ - وَانْحَرِانَّ -

۲ ہر راء ساکنہ جس سے قبل کسرہ لازمہ ہو اور جسکے بعد حرف مستعلیہ نہ پایا جائے سکون لازم ہو جیسے فِرْعَوْنَ - شِرْعَةً - اُحْصِرْتُمْ اور صِرْفًا[1] (کسرہ میم کی قراءۃ پر) یا عارضی وقفی جیسے قَدْ قُدِرَ - هٰذَ اذِكْرٌ - يَوْمٌ عَسِرٌ - وَانْزُجِرْ - نیز وہ راء متطرفہ ساکن وقفی جس سے قبل یاء ساکنہ ہو خواہ یاء سے قبل کسرہ ہو یا فتح جیسے بَصِيْرٌ - خَبِيْرٌ - نَذِيْرٌ - خَيْرٌ - غَيْرٌ - ضَيْرٌ - اور اسیطرح وہ راء ساکنہ وقفی جس سے قبل امالہ ہو جیسے - اَلنَّارِ - اَلْكُفَّارِ - اَبْصَارِ - بِدِيْنَارٍ -

۳ ہر راء ممال جیسے رَاٰ - بُشْرٰی - ذِكْرٰی - كُبْرٰی اور تَوْرٰىةَ وغیرہ کما مر -

قسم سوم - مختلف فیہ - موضوع فن کے لحاظ سے یہی زیر بحث ہے ورش بطریق ازرق ہر راء مفتوحہ اور مضمومہ متوسطہ اور متطرفہ کو منوّنہ ہو یا غیر منوّنہ مخففہ ہو یا مشددہ جس سے قبل اُسی کلمہ میں کسرہ لازمہ یا یاء ساکنہ پائی جائے - خواہ کسرہ اور راء کے درمیان کوئی ساکن حاجز ہو حائل میں باریک اور باقی حضرات پُر پڑھتے ہیں - جیسے بَاسِرَةٌ - فَاقِرَةٌ - نَاظِرَةٌ - نَاضِرَةٌ تَبْصِرَةٌ - خَيْرَاتٌ - وَالْمُعْصِرَاتِ - اَلشِّعْرَ - السِّحْرَ - الذِّكْرَ - وَالطَّيْرَ - وِزْرًا - صَابِرًا - طَآئِرُهٗ - طَيْرًا - اَنْ طَهِّرَا - سَاحِرَانِ - وَلَمْ يُصِرُّوْا - سِيْرُوْا - يَغْفِرُ - يُشْعِرُكُمْ - شَاكِرَةٌ - مُنْذِرٌ - ذِكْرٌ - خَيْرٌ - غَيْرٌ - وغیرہ - مگر چار حالات میں باجماع طرق

---

[1] مرفقا میں اگرچہ میم زائدہ ہے مگر کثرت استعمال کی بنا پر لازمہ کے مانند متصور ہوتی ہے -

[2] بعض اہل ادا مضمومہ کی ترقیق نہیں کرتے - طرسوسی - ابو طاہر بن خلف اور امام ابو الحسن کا یہی مذہب ہے - دانی نے امام ممدوح سے مضمومہ کی تفخیم پڑھی ہے - جمہور ائمہ ترقیق کہتے ہیں - دانی نے شیخ ابو الفتح اور ابو القاسم خاقانی سے ترقیق پڑھی ہے - اور علم اہل ادا مصر و مغرب سے روایت کی ہے - چنانچہ کہتے ہیں وہ نحاس - ابن ہلال - ابن داؤد - ابن سیف - اور بکر بن سہل وغیرہ اپنے شیوخ کے ذریعہ سے مضمومہ کی ترقیق ورش سے نصاً روایت کرتے ہیں" تیسیر - شاطبیہ - ہادی - ہدایہ - کافی - تلخیص - تبصرہ - اور تجرید وغیرہ میں صرف ترقیق درج ہے محقق کہتے ہیں نص* وزروایت اور قیاس کی رو سے ترقیق اصح ہے ۵ ہمارے طرق سے صرف ترقیق ماخوذ ہے -

Marfat.com

اور ایک حال میں بخلاف۔ ازرقؒ نے اس قاعدہ کو توڑ کر راکو پر پڑھا ہے۔

اوّلؔ۔ اگر را کے بعد کوئی حرف مستعلیہ پایا جائے۔ اگرچہ الف فاصل ہو۔ قرآن میں ایسے چار کلمات آئے ہیں۔ ۱ اَلصِّرَاطَ۔ ضِرَاطًا (کثیر الدور ہے) ۲ اِعْرَاضًا (نساء) اِعْرَاضُهُمْ۔ (انعام) ۳ فِرَاقُ۔ (کہف۔ قیمہ) ۴ وَالْاِشْرَاقِ (ص)۔

دوّمؔ۔ اگر کسرہ اور را کے درمیان خاکے سوا کوئی حرف مستعلیہ فاصل ہو جو اِصْرًا اِصْرَهُمْ۔ مِصْرَ۔ مِصْرًا۔ قِطْرًا۔ وِقْرًا۔ فِطْرَتَ میں ہے اور خاکو بوجہ مہموسہ منفتحہ ہونیکے حاجز نہیں مانتے۔ یعنی۔ اِخْرَاجًا۔ اِخْرَاجُ۔ اِخْرَاجُهُمْ میں بلاخلاف ترقیق کرتے ہیں۔

سوّمؔ۔ اگر کلمہ عجمی ہو جو اِبْرٰهِيْمُ۔ اِسْرَائِيْلُ۔ عِمْرَانَ بالاجماع اور اِرَمَ[۵۲] بعض کے نزدیک ہیں۔

چہارمؔ۔ اگر ایک کلمہ میں را مکرر آئی ہو جیسے فِرَارٌ۔ فِرَارًا۔ ضِرَارًا۔ اِسْرَارًا۔ مِدْرَارًا۔ ان چاروں انواع میں تفخیم بلاخلاف ہے۔

---

[۵۱] اِشْرَاقِ میں کسرۂ جانبین کیوجہ سے طرسوسیؒ۔ ابو طاہرؒ بن خلفؒ۔ ابو معشرؒ اور امام ابوالحسنؒ ترقیق کہتی ہیں اور دانیؒ نے امام موصوف سے ترقیق پڑھی۔ شیخ ابو الفتحؒ اور ابو القاسم خاقانیؒ اور جمہور کا مذہب تفخیم ہے۔ اور دانیؒ نے ان دونوں حضرات سے تفخیم پڑھی ہے تفخیم ہی مختار اور معمول بہا ہے اور یہی قیاس ہے۔

[۵۲] ہمارے اکثر شیوخؒ اِرَمَ کو عربی کلمہ کہتے اور بطور خاص مستثنیٰ کرتے ہیں اور بعض نے عجمی مانا ہے لیکن ہمارے طرق پر تفخیم معمول ہے بعض ائمہ ترقیق بھی کہتے ہیں۔ یہ طرسوسیؒ۔ ابو طاہرؒ بن خلفؒ۔ ابو محمد مکیؒ اور امام ابوالحسنؒ کا مذہب ہے۔ دانیؒ نے امام موصوف سے ترقیق پڑھی ہے جامع البیان اور نشر میں ترقیق ہی منقول ہے مگر جمہور تفخیم کو مختار کہتے ہیں۔ تیسیر۔ ہادی۔ ھدایہ۔ کافی تجرید۔ تلخیص اور شاطبیہ میں صرف تفخیم درج ہے۔ اور تفخیم ہی معمول بہا ہے۔

پنجم۔ جو کلمات غیر مشدہ فِعْلٰی کے وزن پر ہوں جیسے ذِکْرًا۔ وِزْرًا۔ صِهْرًا۔ سِتْرًا۔ حِجْرًا۔ اس نوع میں ترقیق بخلاف ہے اور دونوں وجوہ صحیح ہیں مگر تفخیم مقدم ہے۔ اور اس وزن پر جو کلمات مشدّد ہوں جیسے سِرًّا۔ یا مرفوع ہو جیسے ذِکْرٌ۔ ان میں ہمارے طرق سے ترقیق بلا خلاف ہے۔

حَیْرَانَ میں ترقیق بخلاف ہوتی ہے۔ دانیؒ نے ابوالقاسم خاقانیؒ سے تفخیم پڑھی ہے مگر تیسیر میں صرف ترقیق درج ہے۔ شاطبیؒ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں۔ دونوں وجوہ صحیح ثابت اور معمول بہا ہیں۔

بِشَرَارِ (مرسلٰت) میں ازرقؒ نے کسرہ ما بعد کی وجہ سے بطور خاص ترقیق روایت کی ہے اور ترقیق ہی ماخوذ ہے۔

عَشِیْرَتُکُمْ (توبہ) میں ترقیق معمول و ماخوذ ہے مگر تفخیم بھی منقول ہے۔

مسئلہ۔ وقف بالسکون و بالاشمام میں۔ آ حرکت ماقبل کے تابع ہوتی ہے جیسا کہ اوپر بیان ہوا مگر روم میں حالتِ وصل کا اعتبار ہوتا ہے یعنی اپنی حرکت کے مطابق پُر اور باریک ہوتی ہے۔ مذہب منصور یہی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۱؎۔ بعض ائمہ منون کلمات میں خواہ کسی وزن پر ہوں بلا استثنا ترقیق کہتے ہیں۔ یہ طرسوسیؒ۔ ابو طاہرؒ بن خلفؒ۔ ابو معشرؒ اور امام ابوالحسنؒ کا مذہب ہے۔ اور یہی قیاس ہے۔ دانیؒ نے امام ممدوح سے ترقیق پڑھی ہے بعض ہر منون میں بوجہ تنوین تفخیم کہتے ہیں۔ یہ عبدالباقیؒ ابن غلبونؒ اور ھذلیؒ کا مذہب ہے۔ جمہور صرف ان کلمات کو ترقیق سے بخلاف مستثنیٰ کرتے ہیں جو فعلا کے وزن پر اور غیر مشدہ ہوں۔ کیونکہ مشدد میں کسرہ را سے متصل متصور ہوتا ہے۔ یہ ابوالفتحؒ۔ ابوالقاسم خاقانیؒ۔ دانیؒ۔ ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ ابن شریحؒ۔ ابو محمد مکیؒ۔ ابن بلیمہؒ۔ ابن الفحامؒ۔ اور شاطبیؒ کا مذہب ہے۔ اور دانیؒ نے دونو حضرات سے اسی طرح پڑھا ہے

۲؎ ابو شامہؒ اور جعبریؒ نے مرفوع و منصوب میں کوئی فرق نہیں کیا۔ لیکن دانیؒ جمہو مصری اور مغربی قرار سے مرفوع کی ترقیق بلا خلاف نقل کی ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "نص و روایت اور قیاس سے مرفوع کی ترقیق صحیح ہے"

۳؎ حَیْرَانَ میں ابن الفحامؒ ابوالقاسم خاقانیؒ پر کہتے ہیں اور نحاسؒ سے نصار روایت کرتے دانیؒ کہتے ہیں میں نے آپ سے تفخیم پڑھی ابن ہلالؒ کے تلامذہ کی روایت ہے اور میں نے دیگر شیوخ سے ترقیق پڑھی ہے" تیسیر میں صرف ترقیق بیان کی ہے یعنی دانیؒ اس طریقہ سے نکل گئے۔ جامع البیان میں دونوں وجوہ درج ہیں۔ یہی ھدایہ۔ کافی۔ تبصرہ۔ اور تلخیص العبارات میں ہے

۴؎ عَشِیْرَتُکُمْ (توبہ) میں ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ اور ابن الفحامؒ پر کہتے ہیں۔ امام ابو محمد مکیؒ اور امام ابن شریحؒ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں باقی تمام ائمہ کا مسلک ترقیق ہے ۱۲

Marfat.com

فائدہ۔ سَرَاعًا۔ ذِرَاعًا اور ذِرَاعَيْهِ میں بوجہ عین اِفْتِرَآءٌ اور مِرَآءً میں بوجہ ہمزہ شَيْخَرَانِ اور تَنْتَصِرَانِ اور ظَاهِرًا میں بوجہ الف تثنیہ امام ابوالحسن اور ابوبشرؒ پُر کہتے ہیں اور دانیؒ نے اُن سے پُر پڑھی ہے + وِزْرَكَ۔ ذِكْرَكَ (نشرح) اور وِزْرٌ۔ اُخْرٰى میں تناسب آیات کیوجہ سے۔ ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ ابومحمد مکیؒ۔ ابن الفحامؒ اور ابوالفتح تفخیم کہتے ہیں اور دانیؒ نے آپ سے پُر پڑھی ہے مگر یہ ماخوذ و معمول نہیں۔

فائدہ دوم۔ اگر اس را پر وقف کیا جائے جسکے اور کسرہ کے درمیان حرف مستعلیہ فاصل ہو جیسے۔ مِصْرَ۔ اور عَيْنَ الْقِطْرِ۔ تو ابن شریحؒ وغیرہ تفخیم کہتے ہیں۔ اور دانیؒ کا مذہب ترقیق ہے جسکی اُنہوں نے جامع البیان اور کتاب الاماله میں تشریح کی ہے۔ اور یہی قیاس ہے محققؒ کہتے ہیں "میں وصل کا لحاظ کر کے مِصْرَ میں تفخیم اور قِطْرِ میں ترقیق اختیار کرتا ہوں مذہب منصور دونوں میں ترقیق ہے

فائدہ سوم۔ جمہور اہل ادا را کی اصل تفخیم بتاتے ہیں اور کہتے ہیں ترقیق کسی سبب سے ہوتی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ را کی اصل نہ تفخیم ہے اور نہ ترقیق بعض حالات میں پر اور بعض میں باریک ہوتی ہے "محققؒ کہتے ہیں" دونوں مذاہب درستی کا احتمال رکھتے ہیں۔ اور دوسرا مذہب روایت و نشر میں اظہر ہے اور اس اختلاف کا فائدہ اُس را مکسورہ میں وقفاً ظاہر ہوتا ہے جس سے قبل موجب ترقیق موجود نہ ہو۔ حق یہ ہے کہ اصلیت اور خاصہ لازمہ جدا نہیں ہو سکتا۔ جیسے حروف مستعلیہ کا پر ہونا اور را کا یہ حال نہیں اور نہ را دونوں حالات سے عاری ہو سکتی ہے۔ پس یہ کہنا زیادہ موزوں ہے کہ را مفتوحہ و مضمومہ کی اصل تفخیم ہے۔ کسی سبب سے باریک ہو جاتی ہے اور مکسورہ کی اصل ترقیق ہے۔

Marfat.com

فائدہ چہارم۔ فَاَسْرِ۔ اور اَنْ اَسْرِ کو جو ائمہ ہمزۂ قطعی مفتوحہ سے پڑھتے ہیں اُن کے لیئے وقفاً بعض تفخیم کہتے ہیں اور بعض بلحاظ اصل ترقیق چنانچہ لَیَسْرِ میں مذکور ہوا محققؒ کہتے ہیں "ترقیق اولیٰ ہے" دانیؒ کی رائے میں تفخیم اولیٰ ہے اور یہی مذہب منصور ہے

باب شانزدہم تغلیظ و ترقیق لام

تغلیظ بھی پُر پڑھنے کو کہتے ہیں اور اسکا اطلاق عموماً لام پر کیا کرتے ہیں جس کا مفہوم لام کی ذات کا پُر کرنا ہے اور اس اعتبار سے لام کی بھی تین قسمیں ہیں ۱ باجماع پُر ۲ بعض کے نزدیک پُر اور اکثر کے نزدیک باریک بھی پڑھی جاتی ہے ۳ باجماع باریک۔

قسم اول۔ اسم جلالۃ کا لام فتح اور ضمہ کے بعد باجماع پُر پڑھا جاتا ہے۔ شذائیؒ کہتے ہیں "فتح اور ضمہ کے بعد اسم جلالۃ کی تفخیم قرناً بعد قرنٍ نقل ہوتی چلی آتی ہے۔ یہی ہمارے شیوخ ابن مجاہدؒ اور ابن المناديؒ کا مذہب ہے جیسے اَللّٰہُ۔ اَللّٰھُمَّ۔ قَالَ اللّٰہُ۔ رَبُّنَا اللّٰہُ۔ شَھِدَ اللّٰہُ۔ رُسُلُ اللّٰہِ۔ وَاللّٰہِ مَرْیَمُ اللّٰھُمَّ۔ قَالُوا اللّٰھُمَّ اور اگر اسم جلالۃ سے قبل (حسب مذہب سوسیؒ) امالہ ہو جیسے نَرَی اللّٰہَ۔ وَسَیَرَی اللّٰہُ تو امالہ کیسا لام کی ترقیق اور تغلیظ دونوں جائز ہیں کیونکہ اب اسم جلالہ سے قبل نہ فتح خالص ہے نہ کسر خالص شیخ ابو احمد سامریؒ کا مذہب تغلیظ ہے یہی شاطبیؒ اور سخاویؒ کے نزدیک مختار ہے۔ امام عبدالباقیؒ کا مذہب ترقیق ہے۔ دانیؒ کہتے ہیں یہی قیاس ہے۔ ابن حاجبؒ کے نزدیک ترقیق اولیٰ[1] ہے۔ میرا معمول بھی ترقیق ہے کیونکہ ترقیق امالہ سے زیادہ مناسب ہے۔ لیکن اگر اسم جلالہ سے قبل (بمذہب

[1] ابن حاجبؒ کہتے ہیں "ترقیق دو وجہ سے اولیٰ ہے اول لام کی اصل ترقیق ہے بفتح اور ضمہ کی وجہ سے اسم جلالہ کا لام پر پڑھا جانا ثابت نہیں بحالت امالہ چونکہ فتح اور ضمہ نہیں ہے لہٰذا اصل کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔ دوم تفخیم کی ترقیق پر قیاس کر کے جو امالہ کیساتھ کیجاتی ہے۔ باوجودیکہ کسرہ خالص موجود نہیں۔ دانیؒ نے دونوں طرح پڑھا ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "دونوں وجوہ صحیح اور ادا ثابت ہیں"

Marfat.com

ورش رح) را مفتوحہ یا مضمومہ مرققہ ہو تو اسم جلالہ وجوباً پر ہوگا " ترقیق جائز نہیں کیونکہ فتح اور ضمہ خالص علیٰ حالہ باقی ہے ترقیق را کا کوئی لحاظ نہیں کیا جائیگا جیسے اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَغَيْرَ اللّٰهِ - يَغْفِرُ اللّٰهُ - يُبَشِّرُ اللّٰهُ - وَكَذِكْرُ اللّٰهِ - ابن شریح رح - ابو شامہ رح - جعبری رح اور استاذ عبد المومن واسطی نے اسکو مشرح بیان کیا ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے -

قسم دوم - اہل مصر بطرق ازرق رح وغیرہ ورش رح کے لیئے ہر لام مفتوحہ کی مخففہ ہو یا مشددہ[1] جس سے قبل صاد وطا مہملتین یا ظا معجمہ میں سے کوئی ہو تغلیظ روایت کرتے ہیں - بشرطیکہ یہ حروف مفتوح یا ساکن ہوں جیسے اَلصَّلٰوةَ - صَلّٰى - اِصْلَاحًا بَطَلَ - طَلَّقْتُمُوْ - ظَلَمَ - ظَلٰمٍ - اَظْلَمَ وغیرہ[2]

اور اگر حرف تفخیم اور لام کے درمیان الف فاصل ہو جیسے فِصَالًا اور طَالَ - یا لام پر وقف کر دیا جائے جیسے يُوْصَلُ - بَطَلْ - ظَلْ تو تغلیظ بخلاف[3] ہے اور دونوں حالات میں تغلیظ افضل ہے - یہی قیاس ہے -

---

[1] بعض لوگ لام مشدہ میں تفخیم بخلاف کہتے ہیں - کیونکہ حرف تفخیم اور لام کے درمیان لام ساکن فاصل ہے - مگر یہ وہم ہے حرف مشدد حرف واحد کا حکم رکھتا ہے - کوئی اور حرف فاصل نہیں ہے - جو جائز ہے -

[2] صاد مخففہ کے بعد لام مفتوحہ تیرہ کلمات میں ہے اَلصَّلٰوةَ - صَلَاتِيْ - اَلصَّلَوَاتِ - صَلَاتُكَ - صَلَاتُهُمْ - صَلَّتْ فَصَلَتْ - لِيُوْصَلَ - فَصَلَ - فَصَّلَ - مُفَصَّلًا - مُفَصَّلَاتٍ - وَمَا صَلَبُوْهُ - اور چار کلمات میں مشدد مفتوح ہے صَلّٰى - يُصَلّٰى - مُصَلًّى - اَوْ يُصَلِّبُوْا - اور دو کلمات میں الف فاصل ہے يَصَّلّٰى اور فِصَالًا - اور صاد ساکنہ کے بعد تیرہ کلمات میں ہے نَصْلِيْ - سَيَصْلٰى - لَا يَصْلٰهَا - وَسَيَصْلَوْنَ - يَصْلَوْنَهَا - اِصْلَوْهَا - فَيُصْلَبُ - مِنْ اَصْلَابِكُمْ - اَصْلَحَ وَاَصْلَحُوْا - اِصْلَاحًا - اَلْاِصْلَاحُ اور فَصْلُ الْخِطَابِ -

طا مفتوحہ کے بعد لام مخففہ مفتوحہ آٹھ کلمات میں ہے - اَلطَّلَاقُ - طَلَبًا - وَالْغَلَقَ - فَانْطَلَقُوْا - اَطَّلَعَ - فَاطَّلَعَ - بَطَلَ - مُعَطَّلَةٍ - اور مشدد چار کلمات میں ہے - طَلَّقْتُنَّ - طَلَّقْتُمْ - طَلَّقَهَا - وَالْمُطَلَّقَاتُ - اور ایک کلمہ طَالَ میں الف فاصل ہے اور ایک کلمہ مُطَّلِعٍ میں بعد از ساکن ہے -

ظا مفتوحہ کے بعد لام مخففہ مفتوحہ تین کلمات میں ہے - ظَلَمَ - ظَلَمُوْا - وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ اور مشددہ چار کلمات ذیل میں ہے - ظَلٰمٍ - فَكَلَّمْنَا - تَظَلَّتْ - اور ظَلَّ - الف کیساتھ کہیں نہیں اور ساکن کے بعد بھی چار کلمات میں ہے اَظْلَمُ اَظْلَمَ - وَلَا يَظْلَمُوْنَ - اور - فَيَظْلَلْنَ -

[3] شاطبی رح کے قول سے الف کیساتھ - طَالَ اور فِصَالًا میں خلاف منحصر معلوم ہوتا ہے بطور قاعدہ کلیہ مفہوم نہیں ہوتا مگر یہ تسامح ہے اسی لیئے علامہ ابو شامہ رح کہتے ہیں " اگر شاطبی یوں کہتے - وَفِي طَالَ خُلْفٌ مَعَ فِصَالًا وَنَحْوِهٖ + وَسَاكِنِ وَقْفٍ وَالْمُفَخَّمُ فُضِّلَا - تو

Marfat.com

اور اگر لام مفتوح ہو جیسے یُصْلِیْ۔ فَصْلٌ۔ تَطْلِعُ۔ ظَلِمَ۔ یا حروف تفخیم مفتوح وساکن نہ ہوں جیسے فُصِّلَتْ۔ عُطِّلَتْ۔ ظُلَلٍ۔ یا حرف تفخیم لام کے بعد ہو جیسے فَاخْتَلَطَ۔ تَلَظّٰی۔ یا ان تین کے سوا کوئی اور حرف مستعلیہ اس سے قبل ہو جیسے۔ خَلَطُوْا۔ وَاَخْلَصُوْا۔ وَاسْتَغْلَظَ۔ اَلْمُخْلَصِیْنَ۔ مِنَ الْمُخْلَطَآءِ تو ہمارے طرق اور جمہور کے مذہب پر بلا خلاف ترقیق معمول ہے۔

مسئلہ۔ امالہ[1] کے ساتھ لام کی صرف ترقیق ہوتی ہے تغلیظ لحن ہے۔ کیونکہ امالہ اور تغلیظ ضد[2] ہیں جمع نہیں ہو سکتے۔ محقق کہتے ہیں اسپر اجماع ہے اور کسیکو اسمیں خلاف نہیں۔

قسم سوم۔ اگر اسم جلالہ سے قبل کسرہ ہو۔ خواہ لازمہ ہو یا عارضیہ۔ اصلیہ ہو یا زائدہ جیسے بِسْمِ اللّٰهِ۔ لِلّٰهِ۔ اِنْ یَّعْلَمِ اللّٰهُ۔ حَسِیْبًا اِللّٰهُ۔ قُلِ اللّٰهُمَّ۔ تو باجماع لام باریک ہے اور اسیطرح ہر ایک لام جو قسم اول و دوم کے سوا ہو باریک ہے۔

فائدہ اول۔ اکثر اہل ادا لام کی اصل ترقیق بتاتے ہیں اور یہ بیّن ہے کیونکہ لام کی تغلیظ اسباب سے ہوتی ہے اور وہ بھی لازم نہیں یعنی اگر فتح اور ضمہ اور حروف ثلثہ کی مجاورت نہ رہے تو ترقیق لازم ہو جاتی ہے

فائدہ دوم۔ ورش کے لئے لام متطرفہ مغلظہ کی وقفاً تغلیظ مقدم ہے مگر را مفتوحہ بعد از کسرہ وقفاً باجماع باریک ہے۔ قیاس چاہتا ہے کہ لام کی تغلیظ بھی جائز نہ ہو کیونکہ شرط تفخیم فتح تھا۔ اور وہ دونوں میں باقی نہیں۔ اور اگر عارض کا خیال کیا جائے تو دونوں میں سکونِ وقفی ہے۔ امتیاز کی کیا وجہ ہے۔ فرق یہ ہے کہ را میں سبب تفخیم اور شرط تفخیم فتح تھا۔ وقفاً وہ

[1] ذوات الیاء غیر فواصل میں جو صرف سات ہیں مُصَلًّی (بقر) (ابو شامہ نے غلطی سے اسکو اس آیت گنلیے مگر تاجماع راس آیت ہیں ہے) یَصْلٰهَا (اسراء و سوائل) (کیفلی (انشقاق۔ اعلی) تَصْلٰی (غاشیہ) سَیَصْلٰی (لہب) فتح کے ساتھ تغلیظ اور امالہ کیساتھ ترقیق ہوتی ہے اور فواصل میں جو صرف تین ہیں۔ وَکَاْسًا دِهَاقًا (نبا) فَصَلّٰی (اعلی) اور اِذَا صَلّٰی (علق) چونکہ امالہ بلا خلاف ہے اسلئے انمیں تغلیظ جائز نہیں۔ ترقیق کیساتھ امالہ ہوگا تغلیظ لحن ہے جیسا کہ بعض بے خبر کرتے ہیں۔ [2] بعض طلباء کو شبہ ہوا کرتا ہے کہ جب امالہ کیساتھ تغلیظ لام جائز نہیں تو امالہ ذوات الرا کے بعد اسم جلالہ کی تفخیم کیوں جائز ہے اسکی یہ وجہ ہے کہ یہاں امالہ لام پر طاری ہوتا ہے اور وہاں را پر اور اسم جلالہ کے لام کا امالہ سے بالذات کوئی تعلق نہیں۔

زائل ہوگیا اور لام میں بسبب تغلیظ حرف تفخیم تھا جو علیٰ حالہ باقی ہے۔ شرط تفخیم زائل ہوئی ہے اور وہ بھی عروضاً۔ لہذا سبب قوی کو ضعیف لغو نہیں کرسکتا۔

فائدہ سوم۔ کسرۂ منفصل اور کسرۂ عارضی اسم جلالہ کے لام کو وجوباً باریک کردیتا ہے مگر را کو باریک نہیں کرتا۔ کیونکہ لام کی اصل ترقیق ہے تغلیظ عارضی اور مشروط ہے کہ اس سے قبل کوئی امر منافی تغلیظ نہ پایا جائے ورنہ اصل پر عمل ہوگا۔ را کی اصل تفخیم ہے۔ کسرۂ غیر لازمہ اور منفصل اس پر مؤثر نہیں ہوسکتا۔ اسکے علاوہ اسم جلالۃ سے قبل ہمیشہ حرکتِ متفصل ہوتی ہے اور را سے قبل حرکت متصل و منفصل ہر طرح آتی ہے لہذا آیندہ لحاظ ممکن ہی لام میں نہیں۔

باب ہفتم وقف بر آخر کلمات

وقف قطع صوت کیساتھ بقید تنفس ٹھہرنیکو کہتے ہیں۔ چونکہ کوئی شخص بلا سانس لیئے قرآن کی مسلسل تلاوت نہیں کرسکتا اور تنفس کی غرض سے درمیان میں ٹھہرنا لابدی ہے پس تلاوت کرنیوالے پر لازم ہی کہ ایسی جگہ ٹھہرے جس سے حسن نظم اور مفہوم و معنی میں فتور و خلل نہ آئے۔ اس لحاظ سے وقف کیمتعلق دو امور بحث طلب ہیں۔ اول۔ وقف کہاں کیا جائے اور ابتدا کس جگہ سے کیجائے۔ یہ بحث تجوید سے علاقہ رکھتی ہی۔ دوم وقف کسطرح کیا جائے۔ یہ فن قراءت[1] سے تعلق رکھتا ہے۔ شیوخ کرامؒ نے دونوں مباحث پر چھوٹی بڑی متعدد کتابیں لکھی ہیں۔ ہم ضروری اصول بیان کرتے ہیں۔

حضرت علیؓ فرماتے ہیں "ترتیل تجوید حروف۔ اور معرفت وقوف کو کہتے ہیں" حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جب کوئی سورۃ نازل ہوتی تھی

[1] میری رائے میں اسکا بھی زیادہ تر تجوید سے تعلق ہے اور اکثر مسائل متفق علیہ ہیں۔

Marfat.com

تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اُسکے حلال و حرام امر و نہی - اور محل وقوف تعلیم فرماتے تھے" حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں "وقوف قرآن کی منزلیں ہیں" محققؒ کہتے ہیں "ان آثار سے معرفت وقوف کا وجوب اور اسپر صحابہؓ کرام کا اجماع ثابت ہوتا ہے - اسیوجہ سے اسلافؒ کرام یعنی امام ابوجعفرؒ - امام نافعؒ - امام ابوعمروؒ - امام عاصمؒ - امام یعقوب حضرمیؒ وغیرہ ائمہ سے متواتراً منقول ہے کہ وہ وقوف کی تعلیم پر خاص توجہ کرتے تھے اور اسی وجہ سے بعض ائمہ متاخرین نے مقریوں کے لیئے یہ شرط مقرر کی ہے کہ اپنے تلامذہ میں سے وہ کسیکو اسوقت تک مجاز نہ کریں جب تک کہ وہ وقف و ابتدا کا ماہر نہ ہو جائے"

ائمہ سبعہؒ سے وقف و ابتدا کے متعلق خاص امور کا لحاظ منقول ہے - مدنیؒ اور شامیؒ حُسنِ وقف اور حُسنِ ابتدا کی رعایت کرتے تھے - مکیؒ رؤس آیات پر وقف کرنا پسند کرتے تھے - ابوالفضلؒ رازی کہتے ہیں "ابن کثیرؒ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ (آل عمران) وَمَا يُشْعِرُكُمْ - (انعام) إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ (نحل) کے" واو درمیان آیات میں اور کہیں وقف نہیں کرتے تھے" بصریؒ سے تین قول منقول ہیں - ۱ رؤس آیات پر وقف خود فرماتے ہیں "مجھے آیات پر وقف پسند ہے" ۲ ابوالفضل خزاعیؒ کہتے ہیں "ابوعمروؒ حسن ابتدا کی رعایت کرتے تھے" ۳ ابوالفضل رازیؒ کہتے ہیں "حسنِ وقف کی رعایت کرتے تھے" عاصمؒ وکسائیؒ سے کلام تام پر وقف منقول ہے اور حمزہؒ انقطاع نفس پر وقف کرتے تھے کیونکہ اُن کے نزدیک تمام قرآن بمنزلہ ایک سورۃ کے ہے - اور تحقیق مختار ہے -

قرآن میں فقہی اصطلاح کے مطابق نہ کوئی وقف واجب ہے اور نہ حرام لیکن اگر عمداً اور ارادۃً بہ نیت فساد معنی ایسا کیا جائے تو واجب اور حرام ہو جاتا ہے اور اسکا مرتکب اثم ہے - اور اگر بلا عمد و ارادہ ایسا ہو جائے تب بھی اہل ادا کے نزدیک منع ہے - اگرچہ فاعل

Marfat.com

آثم نہ ہو۔ لہٰذا ہر شخص پر لازم ہے کہ اوقاف کو مستحضر رکھے اور جا و بیجا ٹھہرنے سے پرہیز کرے

فصل اول محل وقف و ابتداء

ازروی قوت و ضعف معنوی وقف کی چار قسمیں ہیں ۱ تام ۲ کافی ۳ صحیح۔ ۴ قبیح۔ اور بلحاظ نقل پانچویں قسم حسن اور ہے۔

اول۔ اگر مابعد کو ماقبل سے کسی قسم کا تعلق نہ ہو (نہ لفظی اور نہ معنوی) تو وقف تام ہے جیسے هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ پر وقف کر کے اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے ابتدا کرنی۔ وقف تام عموماً رؤس آیات پر ہوتا ہے جیسے یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝ وَاَنَّهُمْ اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ۝ وغیرہ۔ اور بعض جگہ آیات کے درمیان بھی آتا ہے جیسے وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً۔ اور عَنِ الذِّکْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْ۔ وغیرہ پر اور کہیں دوسری آیت کے ایک کلمہ پر ہوتا ہے۔ چنانچہ مِنْ دُوْنِهَا سِتْرًا۔ ۝ کَذٰلِکَ وَلِیَتَّقُوْنَ عَلَیْهِمْ مُصْبِحِیْنَ ۝ وَبِالَّیْلِ اور عَلَیْهَا یَتَّکِئُوْنَ ۝ وَزُخْرُفًا پر۔ اور بعض جگہ ایک تفسیر پر تام ہوتا ہے اور دوسری پر غیر تام جیسے وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ میں حضرت عائشہؓ۔ اور حضرت ابن مسعودؓ وغیرہ صحابہ کرامؓ۔ امام ابو حنیفہؒ۔ اکثر محدثینؒ امام نافعؒ۔ امام کسائیؒ۔ امام یعقوبؒ۔ فراءؒ۔ اخفشؒ۔ اور امام ابو حاتمؒ کے نزدیک تام ہے۔ اور ابن حاجبؒ وغیرہ کے نزدیک غیر تام اور اسیطرح اوائل سور کے حروف مقطعات پر ان کے نزدیک تام ہے۔ جو مبتداء یا خبر کو محذوف یا فعل کو مقدر مانتے ہیں۔ اور اُن کے نزدیک غیر تام ہے جو مابعد کو خبر کہتے ہیں۔ اور کہیں ایک قراءۃ پر تام ہوتا ہے اور دوسری پر غیر تام چنانچہ وَاٰمِنًا ۝ پر وَاتَّخِذُوْا بکسر خاء پڑھنے والوں کے لئے تام ہے

Marfat.com

اور فتح پڑھنے والوں کے لیے غیر تام اور اِلٰی صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ ۝ پر اسم جلالہ کا رفع پڑھنے والوں کے لیئے تام ہے اور اَوْروں کے لیئے غیر تام

دوم۔ اگر مابعد کو قبل سے لفظی تعلق نہ ہو مگر معنوی ہو تو وقف کافی ہے جیسے یُنْفِقُوْنَ پر وقف کر کے وَالَّذِیْنَ سے ابتدا کرنی وقفِ کافی فواصل اور غیر فواصل پر بکثرت ہوتا ہے جیسے مِنْ قَبْلِكَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ وَیُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ وغیرہ۔ انمیں سے ہر ایک کلام تام ہے اور ہر ایک کا مابعد لفظاً اس سے مستغنی ہے۔ مگر معنی اتصال رکھتا ہے وقفِ کافی میں بعض بعض سے قوی ہوتا ہے اور بعض ایک قراءۃ پر کافی اور دوسری قراءۃ پر غیر کافی ہوتا ہے۔ جیسے یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ۔ پر مابعد کا رفع پڑھنے والوں کے لیئے کافی۔ اور جزم پڑھنے والوں کے لیئے غیر کافی ہے تام اور کافی کی بعد سے بلا خدشہ ابتدا کر سکتے ہیں۔

سوم۔ اگر مابعد کو قبل سے لفظی تعلق ہو مگر کلام کا مفہوم تام ہو اور وہاں ٹھہرنے سے معنوی فساد نہ ہو سکے تو وقف صحیح ہے۔ (بعض اسکو حسن بھی کہتے ہیں) جیسے بِسْمِ اللّٰهِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وغیرہ۔ مگر مابعد سے ابتدا نہیں کر سکتے کیونکہ وہ ان سے لفظی تعلق رکھتا ہے۔ اسپر وقف کر سکتے ہیں۔ مگر مابعد سے ابتدا درست نہیں لہذا اعادہ کرنا ہوگا۔

چہارم۔ اگر کلام غیر تام ہو جیسے بِسْمِ۔ اَلْحَمْدُ۔ مٰلِكِ یَوْمِ۔ یا کلام تام ہو مگر شناعت معنوی پیدا کرے جیسے فَلَهَا النِّصْفُ وَلِاَبَوَیْهِ۔ اور اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰی پر وقف کرنے سے مفہوم و مقصد بدل جاتا ہے اور جیسے (عیاذاً باللہ) اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیٖ۔ اور فَبُهِتَ الَّذِیْ كَفَرَ وَاللّٰهُ۔ اور اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ۔ اور لَا یَبْعَثُ اللّٰهُ۔ اور لِلَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ وَلِلّٰهِ اور اسی طرح فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ پر وقف کرنیسے حضرت عزاسمہ وجل جلالہ کی جانب کی وہ بات منسوب ہو جاتی ہے جو اسکی

Marfat.com

شان کے منافی ہو یا غافلوں کی جگہ نکوکاروں پر وعید کا اطلاق ہوجاتا ہے۔ یہ وقف قبیح ہے اور اسپر ٹھہرنا ہرگز جائز نہیں۔ اور عمداً اور اعتقاداً ایسا کرنے سے خوف کفر ہے اور اگر غفلت یا اضطرار سے ایسا ہوجائے تو فوراً اعادہ کرنا چاہیئے۔

پنجم۔ رؤس آیات پر تمام ائمہ کے نزدیک بلا تامل وقف جائز ہے خواہ مابعد ماقبل سے معنوی یا لفظی تعلق رکھتا ہو یا نہ رکھتا اور اسکو وقف حسن کہتے ہیں۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ روایت کرتی ہیں کہ "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آیت آیت پر وقف کرتے تھے۔ ابوداؤدؒ۔ ترمذیؒ۔ امام احمدؒ اور امام ابو عبیدؒ نے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ اور اسی کی بنا پر ائمہؒ نے آیات پر وقف سنت قرار دیا ہے۔ مکیؒ و بصریؒ اسکو پسند کرتے تھے۔ بیہقیؒ وغیرہ نے اسی کو مختار قرار دیا ہے۔ چنانچہ موصوف کہتے ہیں "رؤس آیات پر وقف افضل ہے اگرچہ مابعد ماقبل سے تعلق رکھتا ہو کیونکہ اسوۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضور کی سنت کا اتباع اولیٰ ہے" پس جو لوگ معنوی یا لفظی تعلقات کو پیش نظر رکھ کر آیات پر وقف کو ناجائز و قبیح کہتے وہ برسر صواب نہیں ہیں اور ایسی جسارت کرتے ہیں جو ہرگز پسندیدہ نہیں اور اسکا نتیجہ یہ ہے کہ سنت پر اعتراض ہوتا ہے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ۔ اور یہ وقف حسن تام و کافی و صحیح سے عام ہے۔ کہیں حسن تام ہوتا ہے کہیں حسن کافی اور کہیں حسن صحیح لیکن قبیح کہیں نہیں ہوتا۔ ائمہ قراتؒ اور متقدمین اہل ادا کے نزدیک اوقاف کی یہ پانچ قسمیں ہیں۔ متاخرین نے ان کے متعدد نام رکھ لیے اور مختلف انواع بنالیں جو سب ایجاد و اختراع ہے اور مانحن فیہ سے چنداں علاقہ نہیں رکھتیں۔

تلاوت اور تعلیم و تعلم کے لحاظ سے وقف کی تین قسمیں ہیں ۱ اختیاری (بیارشناۃ تحتانیہ) یعنی عمداً اور ارادۃً کسی جگہ وقف کرنا۔ اسکے لیئے "تام۔ کافی اور حسن (رؤسِ آیات)

Marfat.com

میں سے کوئی ہونا چاہیئے۔ ۲ اختباری (بیار موحن) یعنی بغرض تعلیم وتعلم کسی کلمہ پر وقف کرانا یا بتلانا۔ یہ رسم کے اتباع کیساتھ ہر جگہ ہوسکتا ہے۔

۳ اضطراری۔ تنگی نفس یا نسیان کیوجہ سے پڑھنے والا کسی جگہ ٹھہرنے پر مجبور ہوجائے یہ بھی باتباع رسم ہر جگہ ہوسکتا ہے لیکن اگر وہاں وقف سائغ نہ ہو تو فوراً ماقبل سے اعادہ کرے

اور ابتدا کی باعتبار معنی تین قسمیں ہیں ۱ احسن ۲ حسن ۳ اور قبیح۔ اور باعتبار آیات ایک چوتھی قسم صحیح ہے۔

اول۔ اگر ماقبل پر وقف نہ کریں تو معنی غیر مراد کا وہم ہوتا ہے پس ایسے مقامات پر وقف کرکے مابعد سے ابتدا کرنی چاہیئے اسی کو احسن کہتے ہیں۔ اور شیخ ابو عبداللہ محمد بن طیفور سجاوندیؒ نے اسی پر لازم کی اصطلاح مقرر کی ہے۔ اور بعض اسکو واجب بھی کہتے ہیں مگر اس سے فقہی لزوم وجوب مقصود نہیں جسکی ترک پر سزا ہو جیسا کہ عموماً ناواقفوں کو وہم ہوتا ہے۔ ابتدا احسن۔ وقف تام۔ اور کافی کے بعد ہوتی ہے۔ چنانچہ بعد از تام وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ پر وقف کرکے اِنَّ الْعِزَّةَ سے ابتدا کرنی چاہیئے۔ تاکہ یہ کفار کا مقولہ معلوم ہو۔ اور مَثْوًى لِّلْكَافِرِيْنَ پر وقف کرکے وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ سے ابتدا کرنی چاہیئے تاکہ عطف کا وہم نہ ہو۔ اور اَصْحٰبُ النَّارِ پر وقف کرکے اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ سے ابتدا کرنی چاہیئے تاکہ نعت کا شبہ نہ ہو اور وَمَا نُعْلِنُ پر وقف کرکے وَمَا يَخْفٰى سے ابتدا کرنی چاہیئے۔ تاکہ ما کے موصولہ ہونے اور عطف کا شبہ نہ ہو۔ اور بعد از کافی ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ پر وقف کرکے وَمَا مِنْ اِلٰهٍ سے ابتدا کرنی چاہیئے تاکہ عطف کا وہم نہ ہو۔ اور مِنْ كُلِّ ثَمَرٍ پر وقف کرکے تَنْزِلُ سے ابتدا کرنی چاہیئے تاکہ نعت کا وہم نہ ہو۔

Marfat.com

دوم۔ جہاں وصل سے معنی مقصود کی مخالفت کا احتمال تو نہ ہو مگر اس سے پہلے وقف تام یا کافی ہو تو وہاں سے ابتدا حسن ہے

سوم۔ اگر ابتدا سے مقصد میں خرابی آجائے تو قبیح ہے جیسے عُزَیْرُ اور اَلْمَسِیْحُ پر وقف کر کے اِبْنُ سے ابتدا قبیح اور عُزَیْرُ اور اَلْمَسِیْحُ کے ماقبل پر وقف کر کے ان سے ابتدا قبیح تر ہے اور یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا پر وقف صحیح ہے۔ مگر وَاِیَّاکُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا سے ابتدا قبیح اور اسی طرح ہر ایسے وقف کے بعد سے ابتدا قبیح ہے جہاں ماقبل کو مابعد سے لفظی تعلق ہو اور اگر معنوی شناعت ہو تو قبیح ہے سجاوندیؒ کی اسی کے لیے لا کی اصطلاح قایم کی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہاں وقف کر کے مابعد سے ابتدا قبیح ہے۔ یہ مفہوم نہیں کہ یہاں وقف قبیح ہے۔ جیسا کہ اکثر آدمیوں کو وہم ہوتا ہے بلکہ مواقع لا میں اکثر پر وقف جائز اور مابعد سے ابتدا صحیح ہے۔ اور تعجب ہے کہ بعض آدمی محل لا سے ایک دو کلمہ آگے پڑھ کر وقف کرتے ہیں جہاں بعض اوقات وقف قبیح اور ابتدا قبیح ہوتا ہے۔

چہارم۔ ہر آیت کے بعد ابتدا صحیح ہے خواہ مابعد ماقبل سے تعلق رکھتا ہو۔

باعتبار تلاوت ابتدا کی دو قسمیں ہیں اختیاری اور اضطراری۔ ابتدا اضطراری نہیں ہو سکتی

لہ سجاوندیؒ نے رموز اوقاف مقرر کرنے میں صرف عربیت اور معنوی تعلقات کا خیال رکھا ہے روایت و نقل کا چنداں لحاظ نہیں کیا۔ اسی وجہ سے جا بجا لغزشیں کی ہیں چنانچہ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ پر لا لکھا ہے حالانکہ اکثر ائمہ متقدمین کے نزدیک اس پر وقف کافی ہے اور بالاجماع رأس آیت اور وقف حسن ہے پھر اسکے بعد يُنْفِقُوْنَ پر بھی عطف کیوجہ سے لا لکھا ہے حالانکہ جمہور کے نزدیک وہاں وقف جائز اور وہ بھی رأس آیت ہے۔ امام ابو الفضل خزاعیؒ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ "جناب ممدوح رضی اللہ عنہ نے نماز صبح میں سورہ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ تک پڑھا اور دوسری رکعت میں اسکے بعد يُنْفِقُوْنَ تک پڑھا اور رکعتیں ختم کر دیں"۔ جہاں حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم وقف کریں اور جس کو ترجمان قرآن حضرت ابن عباسؓ عمل میں لائیں ان پر کون وقف کو منع کر سکتا ہے اور کون ان کے سوا مقتدیٰ ہو سکتا ہے۔ نیز سجاوندیؒ نے فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۝ وغیرہ پر لا لکھکر وقف کو منع کیا ہے اور دانیؒ ان پر وقف تام اور وقف کافی کہتے ہیں اور سب رؤس آیات ہیں جن پر حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم وقف کرتے تھے۔ ایسی ایسی فروگزاشتیں بہت سی پائی جاتی ہیں۔ اور اہل ادا کے نزدیک یہ رموز

کیونکہ ابتدا کے لیئے تنگی نفس وغیرہ کی کوئی ضرورت داعی نہیں ہوتی۔ لہذا وہ محل مستقل اور مقصود بالذات سے ہوسکتی ہے۔ اسیکو اختیاری کہتے ہیں۔ اور اختیاری جو طلباء اور تلامذہ کی آزمائش کے لیئے کرائی جائے وہ ہر جگہ سے جائز ہے۔

فائدہ اکثر متقدمین قطع اور وقف اور سکتہ وقف کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اور متاخر محققین۔ قراءۃ چھوڑ کر کسی اور کام میں مشغول ہوجانیکو قطع کہتے ہیں۔ اسکے بعد قراءۃ شروع کرنے کے لیئے تعوذ کا اعادہ کرنا پڑتا ہے + اور بقدر تنفس ٹھہرنے کو وقف کہتے ہیں اور وقف کے بعد فواتح سور پر سب کے لیئے بسم اللہ پڑھنی پڑتی ہے۔ اور انقطاع صوت بلا تنفس کو جس کا زمانہ وقف سے کم ہوتا ہے سکتہ کہتے ہیں محقق کہتے ہیں "سکتہ سماع و نقل کیساتھ مخصوص ہے" ابن سعدان بصری سے اور ابوالفضل خزاعی۔ ابن مجاہد سے روایت کرتے ہیں "رؤس آیات پر سکتہ مطلقاً جائز ہے" بعض شیوخ نے حضرت ام سلمہ رضؓ کی حدیث کے بھی یہی معنے کیئے ہیں۔ محقق کہتے ہیں "اگر ایسی توجیہ صحیح ہو تو جائز ہے" ہمارے شیوخ تلاوت میں عموماً اور قراءت حدر میں خصوصاً اوقاف کی جگہ سکتہ کرتے تھے۔ یہی معمول اور انشاء اللہ صحیح ہے۔

فصل دوم نوعیت وقف

ائمہ قراءت کے یہاں وقف کی نو صورتیں مستعمل ہیں۔ اول۔ الحاق ہا سکتہ یہ سماع پر موقوف ہے۔ دوم۔ اثبات حروف محذوفہ فی الوصل۔ ان دونوں کا ذکر باب الرسم میں آئیگا۔ سوم حذف اُن یاات زوائد کا جنکو بعض الممہ صرف وصلاً اثبات کرتے ہیں۔ باب الزوائد دیکھو۔ چہارم ادغام۔ پنجم نقل۔ دونوں کا ذکر باب

وقف حمزہؒ وہشامؒ میں گذرا ششم ابدال اسکی تین انواع ہیں۔ ۱ تنوین نصب کو باجماع الف سے بدل لیتے ہیں ۲ اسماء مفردہ کی تا کو وقفا ہا سے بدل لیتے ہیں انکا ذکر بھی باب الرسم میں آئیگا۔ ۳ ہمزہ کا ابدال بمذہب ہشامؒ وحمزہؒ اوپر بیان ہوا۔ اس باب میں ان چھوؤں اقسام میں سے کسی کا ذکر مقصود نہیں ہفتم سکون ہشتم روم۔ نہم اشمام۔ یہاں ان تینوں کا ذکر مقصود ہے۔

سکون کے معنی کسی حرف کا حرکات ثلثہ سے خالی ہونا ہے۔ کلمات متحرک الاطراف کی اصل وقف میں سکون ہے کیونکہ وقف کے معنی قطع اور ترک کے ہیں۔ اور وہ ابتدا کی ضد ہے۔ پس جسطرح ابتدا کے لیئے حرکت لازم ہے اسیطرح وقف کے لیئے سکون لابدی ہے جمہور اہل ادا اور علمائے عربیت ونحاۃ کا یہی مذہب ہے۔ ائمہ کوفہ وبصرہ سے سکون کیساتھ روم واشمام بھی منقول ہیں۔ دیگر ائمہ سے ان کے متعلق کوئی نص نہیں پائی جاتی مگر اہل ادا نے باجماع روم واشمام کو سب کے لیئے اختیار کر رکھا ہے۔ اور یہی معمول وماخوذ ہے۔

روم[1]۔ بعض اہل ادا کہتے ہیں کہ ایک حصہ حرکت تلفظ کرنیکا نام روم ہے اور بعض کہتے ہیں حرکت کی صوت کو اتنا ضعیف کریں کہ اسکا اکثر حصہ معدوم ہو جائے۔ محققؒ کہتے ہیں "دونوں اقوال کا مآل ایک ہے" نحاۃ کہتے ہیں "وہ صوت خفی کیساتھ حرکت کا نطق ہے" اور اسپر اجماع ہے کہ روم میں حرکت[2] کی صوت ہوتی ہے

---

[1] اہل کوفہ روم کی وہ تعریف کرتے ہیں جو ہم نے اشمام کی کی ہے اور اشمام کی وہ تعریف کرتے ہیں جو روم کی کی گئی ہے یہ اصطلاح کا فرق ہے۔ مقصد ایک ہے۔

[2] روم سے حرکت کا اشارہ ہوتا ہے حرف کا نہیں یعنی تنوین صلہ اور زوائد جو سکون کیساتھ محذوف ہوں وہ روم کے ساتھ بھی محذوف رہیں گے۔

اسی لیئے کہتے ہیں روم کا ادراک اعمیٰ کو ہوسکتا ہے بہرے کو نہیں ہوسکتا۔ روم کیساتھ مدسکونِ وقفی جائز نہیں البتہ مدواجب علی حالہ موجود رہتا ہے کما مر۔ روم کے معلوم کرنیکا اصل ذریعہ سماعت و مشافہت ہے۔

اشمام۔ کا اطلاق کئی مختلف معنوں پر ہوتا ہے۔ باب الوقف میں اشمام سے یہ مراد ہے کہ ہونٹوں سے بلا صوت ضمہ کیطرف اشارہ کیا جائے (یعنی موقوف علیہ کو ساکن محض ادا کرنیکے بعد ہونٹوں کو اسطرح گول کیا جائے جسطرح ضمہ کے لیئے ہوتے ہیں۔)

اشمام میں آواز نہیں ہوتی بالعضو اشارہ ہوتا ہے اسلیئے بہرا اسکا ادراک کرسکتا ہے اعمیٰ نہیں۔ وقفاً اشمام کے ساتھ وہ تمام وجوہ جائز ہیں جو سکون کیساتھ جائز ہوں۔

نوعیت وقف کے لحاظ سے موقوف علیہ کی تین قسمیں ہیں۔ ۱ جسپر ائمہ قراءۃ کے نزدیک صرف سکون سے وقف ہوسکتا ہے روم و اشمام جائز نہیں ۲ سکون و روم درست ہیں اشمام جائز نہیں۔ ۳ تینوں جائز ہیں۔

پہلی قسم۔ جسپر صرف سکون سے وقف ہوتا ہے اسکے اندر پانچ انواع داخل ہیں۔

اول۔ ساکن اصلی جیسے فَحَدِّثْ۔ فَلَا تَقْهَرْ۔ وَمَنْ يُّقَاتِلْ۔ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ لَمْ يَتَسَنَّهْ۔ مَالِيَهْ۔

دوم۔ متحرک بحرکت عارضی (بوجہ اجتماع ساکنین) جیسے وَاَنْذِرِ النَّاسَ۔ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ۔ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ۔ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ۔ وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ قُمِ الَّيْلَ۔ اِنْ يَّشَاءِ اللّٰهُ۔ يَوْمَئِذٍ[1]۔ حِيْنَئِذٍ۔ (یا بوجہ نقل از کلمہ دوم) جیسے

[1] یومئذ اور حینئذ کی ذال اصلاً ساکن ہے الحاق تنوین کی وجہ سے وصلاً عارضی طور پر متحرک ہوگئی اور جب وقف کرین تو تنوین باقی نہیں رہیگی اور ذال اپنی اصل پر عود کریگی۔

Marfat.com

وَالْحِرَانَّ - خَلَوَا اِلٰی - ذَوَاتَیْ اَکْلٍ - قُلْ اُوْحِیَ - فَقَدْ اُوْتِیَ - مَنْ اٰمَنَ وغیرہ -

سوم مفتوح غیر منون جیسے اٰمَنَ - مِنْ قَبْلِكَ - یُوْقِنُوْنَ -

چہارم - ہاء تانیث جو وصلاً تا اور وقفاً ہا پڑھی جاتی ہے خواہ منون ہو یا غیر منون جیسے مِنَ الْجَنَّةِ - مُضْعَفَةً - اَلْمَلٰٓئِكَةُ - بَسْطَةً -

پنجم میم جمع ساکن ہو یا متحرک - موصول ہو یا غیر موصول جیسے عَلَيْهِمْ - عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ - اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ -

دوسری قسم جس پر سکون و روم سے وقف ہو سکتا ہے - اشمام جائز نہیں - اسمیں صرف وہ کلمات داخل ہیں جن میں موقوف علیہ صلاً مجرور یا مخفوض ہو جیسے یَوْمِ الدِّیْنِ - اَلْیَوْمِ وَمِنَ النَّاسِ - فَارْهَبُوْنِ - وَارْجِعُوْنِ - اُفٍّ - عُتُلٍّ - زَنِيْمٍ - یا اور فِيْهِ وغیرہ اور اسی میں وہ کلمات داخل ہیں جنمیں حمزہؒ و ہشامؒ وقفاً ہمزہ متطرفہ کی حرکت ماقبل پر نقل کر لیتے ہیں جیسے بَيْنَ الْمَرْءِ - مِنْ شَيْءٍ وغیرہ یا ابدال کر کے ادغام کرتے ہیں جیسے قُرُوْٓءٍ - مِنْ شَيْءٍ وغیرہ -

تیسری قسم - جس پر تینوں طرح وقف جائز ہے - اسمیں صرف وہ کلمات داخل ہیں جنمیں موقوف علیہ اصلاً مضموم یا مرفوع ہو جیسے - مِنْ قَبْلُ - مِنْ بَعْدُ - اَلَا مُرُ - اَلْحَقُّ بَرُقٌ - قَدِيْرٌ - عَظِيْمٌ - لَهٗ - مِنْهُ - وَالسَّمٰوٰتُ - اٰيَاتٌ وغیرہ اور اسی میں

---

[1] اہل ادا کے نزدیک فتح اور نصب میں روم جائز نہیں نحاۃ کے نزدیک جائز ہے کیونکہ فتح اخف الحرکات ہے اسمیں تجزیہ ممکن نہیں البتہ اختلاس باجماع جائز ہے نحاۃ کے نزدیک روم و اختلاس ایک چیز ہیں حالات کے لحاظ سے مختلف نام رکھے گئے ہیں - اور اہل ادا کے نزدیک وہ جدا جدا ہیں -

[2] - میم جمع اگرچہ اصلاً ساکن نہیں تخفیفاً ساکن ہے - مگر اہل ادا وقفاً اس سکون کو لازم مانتے ہیں - اور اسمیں روم و اشمام جائز نہیں رکھتے -

[3] جمہور اہل ادا کے نزدیک ہاء کنایہ مذکر میں روم و اشمام جائز ہیں - یہی تیسیر - تجرید - تلخیص - ارشاد اور کفایہ وغیرہ میں ہے - اور یہی امام ابن مجاہدؒ کے نزدیک مختار ہے اور ہمارے شیوخ کا اسی پر عمل ہے - دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں ہاء کنایہ میں دیگر کلمات مبنی لازم کی طرح اشارہ اقیس ہے - اور بعض شیوخ (بقیہ صفحہ ۲۸۸ پر)

Marfat.com

وہ کلمات ہی شامل ہیں جن میں ہشام و حمزہؒ وقفاً حرکت ہمزہ متطرفہ ماقبل پر نقل کر لیتے ہیں جیسے دِفْ - اَلْمَرْ - شَيْ - سَوْ یا ابدال کر کے ادغام کرتے ہیں جیسے - اَلنَّسِيّ - بَرِيّ - شَيّ - سَوّ -

فائدہ - روم میں صلہ اور تنوین باقی نہیں رہتی صرف کسرہ اور ضمہ کا اشارہ کیا جاتا ہے - بعض ناواقف صلہ کے واو اور نون تنوین کا اشارہ کیا کرتے ہیں - یہ روم نہیں بلکہ سکون ہے اور وقفاً اس چیز کا ابقا ہے جو وصل کے ساتھ مخصوص ہے اس سے اور حرف مشدد پر وقف بالسکون کرتے ہوئے نطق حرکت سے پرہیز واجب ہے اور مؤخر الذکر میں ساتھ ہی رعایت تشدید بھی لازم ہے - یعنی حرف مخففہ نہ ہو جائے -

فائدہ - روم و اشمام میں حرکتِ ملفوظی کا لحاظ ہوتا ہے حالت وقف کا نہیں - یعنی اگر حالتِ جرّی فتح سے ادا کیجائے تو روم جائز نہیں - جیسے بِاِبْرٰهِيْمَ - اور اگر حالت نصبی کسرہ سے ادا کی جائے تو روم جائز ہے جیسے خَلَقَ السَّمٰوٰتِ - اور اگر حالتِ نصبی و جرّی ضمہ سے ادا کیجائے تو اشمام درست ہے جیسے مِنْ قَبْلُ اور مِنْ بَعْدُ وغیرہ کلمات مبنی علی الضم میں -

(بقیہ صفحہ ۲۵۷) ہا، تانیث کی طرح ہا، کنایہ میں بھی روم و اشمام کو منع کرتے ہیں - اشارہ جائز رکھنے والوں کے نزدیک سکون و اشمام کے مانند وقف میں روم کیساتھ بھی صلہ باقی نہیں رہتا - کمامر - طلباء ہوشیار رہیں -

لہ اُس تاء تانیث میں جو وقفاً تا پڑھی جائے باجماع روم و اشمام جائز ہیں - کیونکہ وہ لازم الحرکت اور مستقل حرف ہے - اور جو تاء وقفاً ہا سے بدل جاتی ہے اسمیں اشارہ اس لیئے ناجائز ہے کہ اگر تا کا اشارہ کریں تو وہ حالت وقفی کے خلاف ہے اور اگر ہا سے اشارہ کریں تو وہ مستقل حرف نہیں - بلکہ بدلا ہوا ہے اور الف کے مانند ہے جس کا حرکت سے کوئی علاقہ نہیں -

Marfat.com

باب سیزدہم وقف بپابندی رسم الخط

کتابت کی دو قسمیں ہیں اول قیاسی جسمیں کلمہ کی شکل تلفظ کے موافق ہو۔ دوم اصطلاحی جسمیں رسم۔ زیادۃ۔ حذف۔ بدل فصل اور وصل سے تلفظ کے خلاف ہو کتابت کے مفصل قواعد۔ کتب عربیت میں درج ہیں اور رسم مصاحف میں عموماً انہیں قواعد سے کام لیا گیا ہے۔ مگر بعض بعض جگہ خاص مصالح کی بناپر اختلاف بھی کیا ہے جس کا اتباع لازم ہے خواہ ہمیں اسکی علت معلوم ہو یا نہ ہو

اس باب میں رسم سے مراد مصاحف عثمانیہ کا رسم الخط ہے جو اجماعِ صحابہ کرامؓ سے مقرر ہوا۔ رسم مصاحف کے متعلق شیخ ابوحاتمؒ ابوبکرؓ بن ابی داؤدؒ۔ ابن مہرانؒ۔ دانیؒ۔ ابن نجاحؒ۔ شاطبیؒ اور حافظ ابوالعلاء ہمدانیؒ وغیرہ ائمہ نے مستقل کتابیں لکھی ہیں۔

قرار وقف میں رسم کا اتباع کرتے ہیں خواہ اختیاری ہو یا اختباری و اضطراری محققؒ کہتے ہیں "وقف میں اتباع رسم ائمہ سے نصاً مروی اور اہل ادا کا اسپر اجماع ہے اور اس کے خلاف کوئی قول نہیں پایا جاتا" باعتبار رسم وقف کی دو قسمیں ہیں متفق علیہ اور مختلف فیہ اور یہ دونوں باتیں۔ ابدال۔ اثبات۔ حذف۔ وصل۔ اور قطع ہر ایک میں پائی جاتی ہے ہم ہر ایک نوع میں سے متفق علیہ کا اجمالاً ذکر کر کے مختلف فیہ کو تفصیلاً بتاتے ہیں۔

فصل اول ابدال (یعنی وقفاً ایک حرف کا دوسرے سے بدلنا)

اسم منصوب منون غیر مؤنث کی تنوین وقفاً الف سے بدل جاتی ہے جیسے ذِكْرًا اور نِدَاءً وغیرہ خواہ الف مرسوم ہو یا نہ ہو۔

Marfat.com

مصاحف عثمانی میں جمع سالم تا دراز سے لکھی ہوئی ہے اور اُسپر باجماع تا سے وقف ہوتا ہے اور کلمۂ مغیرۃ کی رسم عموماً ھا سے ہے جو وصلاً تا پڑھی جاتی ہے اور وقفاً باجماع ھا سے بدل جاتی ہے مگر تیرہ کلمات ذیل جو سب کے نزدیک مفرد ہیں تا دراز سے لکھے ہوئے ہیں ۱ نِعْمَتَ ۱۱ گیارہ جگہ ۲ رَحْمَتَ ۱۴ و ۳ امْرَاَتَ ۷ سات سات جگہ ۴ سُنَّتَ ۱۷ پانچ جگہ ۵ مَعْصِيَتِ (مجادلہ دو) ۶ لَعْنَتَ (آل عمران و نور) ۷ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى۔ (اعراف) ۸ بَقِيَّتُ اللّٰهِ (ہود) ۹ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ (قصص) ۱۰ فِطْرَتَ اللّٰهِ (روم) ۱۱ شَجَرَتَ (دخان) ۱۲ وَجَنَّتُ (واقعہ) ۱۳ اِبْنَتَ عِمْرَانَ۔ (تحریم) مکیؒ بصریؒ اور کسائیؒ ان پر حسب اصل ہا سے اور باقی حضرات حسبِ رسم تا سے وقف کرتے ہیں۔

اور سات کلمات میں افراد جمع کا اختلاف ہے وہ بھی تا دراز سے مرسوم ہیں ۱ كَلِمَتُ چار جگہ ۲ اٰيٰتٌ (یوسف و عنکبوت) ۳ غَيٰبٰتِ (یوسف دو) ۴ فِي الْغُرُفٰتِ (سبا) ۵ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ۔ (فاطر) ۶ مِنْ ثَمَرٰتٍ (فصلت) ۷ جِمٰلَتٌ (مرسلات) جمع سے پڑھنے والے حسب قاعدہ تا سے اور افراد سے پڑھنے والے حسب طریقہ بیان کردہ ہا سے وقف کرتے ہیں۔

---

۱ ۱،۲ نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ۔ (بقر۔ آل عمران مائدہ کلمہ دوم۔ فاطر) ۵ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ ۶ نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا (ہر دو ابراہیم) ۷ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ۔ ۸ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ ۹ وَنِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ۔ (ہر سہ آخر نحل) ۱۰ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ (لقمان) ۱۱ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ (طور)

۲ ۱ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ۔ (بقر) ۲ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ (اعراف) ۳ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ (ہود) ۴ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ (مریم) ۵ اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ (روم) ۶ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۷ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ (ہر دو زخرف)

۳ ۱ اِمْرَاَتُ عِمْرٰنَ (آل عمران) ۲ اِمْرَاَتُ الْعَزِيْزِ (یوسف دو) ۳ اِمْرَاَتُ فِرْعَوْنَ (قصص) ۴ اِمْرَاَتُ نُوْحٍ ۵ وَاِمْرَاَتُ لُوْطٍ ۶ اِمْرَاَتَ فِرْعَوْنَ (ہر سہ تحریم)

۴ ۱ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ (انفال) ۲ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۳ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا۔ ۴ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا (ہر سہ فاطر) سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ (غافر)

۵ ۱ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا (انعام) ۲ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ ۳ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ (ہر دو یونس) ۴ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ (غافر)

Marfat.com

مَنْ ضَاتِ (بقر و نساء و تحریم ایک ایک) ذَاتَ[1] (نمل) وَكَانَتْ حِيْنَ (ص) اَلَّاتَ (نجم) چاروں پر کسائیؒ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ (مؤمنون) پر بزیؒ و کسائیؒ يَا بَتِ (یوسف مریم قصص صفت) پر مکیؒ و شامیؒ ہا سے اور باقی حضرات تا سے وقف کرتے ہیں۔

فصل دوم اثبات و حذف

اثبات کسی حرف کے بڑھانے اور حذف گھٹانے کو کہتے ہیں، اور ان میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں ۱ رسم میں موجود اور تلفظ میں محذوف ہو اسکا اثبات۔ ۲ رسم اور تلفظ دونوں میں محذوف ہو اسکا اثبات۔ ۱ رسم میں محذوف اور تلفظ میں موجود ہو اسکا حذف ۲ رسم و تلفظ دونوں میں موجود ہو اسکا حذف۔

لفظ اَنَا (ضمیر واحد متکلم) میں الف مرسوم ہی مگر وصلاً پڑھا نہیں جاتا وقفاً باجماع پڑھا جاتا ہے (ہمزۂ قطعیہ کے ساتھ حکم آیندہ آئیگا) اور اسی طرح التقاء ساکنین کیوجہ سے جو حرف مد وصلاً پڑھا نہیں جاتا اور رسم میں[2] موجود ہے۔ وہ وقفاً باجماع پڑھا جائیگا۔ اور جو حرف مد رسم میں موجود نہو وہ وقفاً بھی محذوف رہیگا۔ چنانچہ تیئیس[3] کلمات میں جو سینتالیس[4] جگہ آئے ہیں بوجہ تنوین

---

[1] ذَاتَ بحجۃ میں ذات کی تا مقصود ہے۔

[2] جیسے كَانَتَا اثْنَتَيْنِ ذَوَاتَا الشَّوْكَةِ۔ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ۔ وَقَالَا الْحَمْدُ وغیرہ میں الف پر۔ يَرْجُوا اللّٰهَ۔ اُولُوا الْعِلْمِ۔ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ۔ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ۔ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ مُلَاقُوا اللّٰهِ۔ اُولُوا الْفَضْلِ۔ مُرْسِلُوا النَّاقَةِ۔ قَالُوا الْاٰنَ۔ جَابُوا الصَّخْرَ وغیرہ میں واو پر۔ يَا اُبَتِ اِنِّيْ اللّٰهَ۔ اُوْتِيَ الْكِتٰبَ۔ يَهْدِي الْعُمْيَ (یونس) اُدْخُلِي النَّصْرَ۔ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ۔ اَنَا الرَّحْمٰنِ۔ اُولِي الْاَيْدِيْ۔ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَهُمْ بِالْقُرٰى۔ اُولِي الْاَلْبَابِ۔ اُولِي الْاَبْصَارِ وغیرہ میں یا پر وقف ہوتا ہے۔

[3] بَاغٍ۔ عَادٍ (بقر انعام نحل) مُوْصٍ (بقر) تَرَاءَى (بقر و نساء) حَامٍ (مائدہ) كَاٰتٍ (انعام و عنکبوت) عَوَاشٍ آیدٍ (اعراف) عَادٍ (توبہ) تَعَالِ (یونس) نَاجٍ (یوسف) هَادٍ (رعد) غَافِرِ (مؤمن) اَيْكَةِ (زمر) وَاقٍ (رعد و غافر) اَيْكَةِ (حجر) مُسْتَخْفٍ وَالٍ (رعد) وَادٍ (ابراہیم و شعرا) بَاقٍ مُفْتَرٍ (مریم نحل) لَيَالٍ (مریم واقعہ۔ فجر) قَاضٍ (طٰہٰ) زَانٍ (نور) جَازٍ (لقمان) بِكَافٍ (زمر) مُعْتَدٍ (ق۔ ن۔ تطفیف) فَانٍ اِنٍ۔

یا مرسوم نہیں ہے اسکو وقفاً بھی سب محذوف رکھتے ہیں مگر مکیؒ چار کلمات میں جو دس جگہ واقع ہوئے ہیں وقفاً اثبات یا کرتے ہیں ۱؎ هَادٍ میں پانچ جگہ۔ (رعد و زمر ۲-۲- غافر ایک) ۲؎ وَاقٍ میں تین جگہ (رعد ۲- غافر ایک) ۳؎ وَالٍ (رعد) ۴؎ بَاقٍ (نحل) میں ایک ایک جگہ۔ اور گیارہ[۱۱] کلمات میں جو سولہ[۱۶] جگہ آئے ہیں بوجہ اجتماع ساکنین یا مرسوم نہیں وقفاً ہی سب محذوف رکھتے ہیں مگر وَادِ النَّمْلِ (نمل) میں کسائیؒ اور بِهَادِ الْعُمْيِ (روم) حمزہؒ و کسائیؒ۔ (حمزہؒ کی قراءۃ تَهْدِ ہے) اور يُنَادِ الْمُنَادِ (یعنی يُنَادِ) میں مکیؒ بخلاف وقفاً اثبات یا کرتے ہیں۔

چار کلمات میں بوجہ اجتماع ساکنین ۵؎ او مرسوم نہیں وقفاً ہی باجماع محذوف رہیگا۔ ایک کلمہ اَيُّهَا میں تین جگہ اَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ (نور) اَيَّهَ السِّحْرُ (زخرف) اَيُّهَ الثَّقَلَانِ (رحمٰن) میں ہا کے بعد الف مرسوم نہیں ہے۔ بصریؒ اور کسائیؒ حسب اصل الف پر اور باقی حضرات حسب رسم ہاء ساکنہ پر وقف کرتے ہیں۔

تنبیہ۔ اَلَا اِنَّ ثَمُودَا (ہود) اور وَثَمُودَا (فرقان عنکبوت۔ نجم۔) کو بعض ائمہ بلا تنوین اور اکثر بالتنوین پڑھتے ہیں۔ تنوین پڑھنے والوں کے لیئے وقف الف پر اور غیر منون پڑھنے والوں کے لیئے دال ساکن پر وقف ہوتا ہے اور لُؤْلُؤًا پر منصوب پڑھنے والوں کے لیئے بالف اور لُؤْلُؤٍ مخفوض پڑھنے والوں کے لیئے ہمزۂ ساکنہ سے وقف ہوتا ہے۔ اگرچہ مصاحف عثمانیہؓ میں سب جگہ الف مرسوم ہے۔ کیونکہ غیر منون پڑھنے والوں کے لیئے الف سے وقف کرنا نہیں

۱؎ ما يُؤْتِ اللّٰهُ (نساء) ۲؎ وَاخْشَوْنِ الْيَوْمَ (مائدہ) ۳؎ يَقُصُّ الْحَقَّ (انعام) بقرات بصریؒ شامیؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ ۴؎ يُنَجِّ الْمُؤْمِنِينَ (یونس) ۵؎ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ (طٰہٰ۔ نازعات) وَادِ النَّمْلِ۔ (نمل) اَلْوَادِ الْاَيْمَنِ۔ (قصص) ۶؎ كَهَادِ الَّذِينَ (حج) بِهَادِ الْعُمْيِ (روم) يُرِدْنِ الرَّحْمٰنُ (یٰسین) ۷؎ صَالِ الْجَحِيمِ (صٰفّٰت) ۸؎ يُنَادِ الْمُنَادِ (ق) ۹؎ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ (قمر) ۱۰؎ الْجَوَارِ الْمُنْشَاتُ (رحمٰن) الْجَوَارِ الْكُنَّسِ (تکویر)
۱۱؎ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ (بنی اسرائیل) ۱۲؎ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ (شوریٰ) ۱۳؎ يَدْعُ الدَّاعِ (قمر) ۱۴؎ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ (علق)

Marfat.com

خلط قرات ہو جائیگا۔

ما استفہامیہ مجرور بحرف جر کے بعد بزیؒ وقفاً بخلاف[۱] اثبات ہائے سکتہ کرتے ہیں۔ قرآن میں ایسے پانچ کلمات۔ لِمَهْ۔ بِمَهْ۔ فِيمَهْ۔ عَمَّهْ اور عَمَّهْ آئے ہیں اور باقی حضرات ھا رسکتہ نہیں بڑھاتے یہی بزیؒ کی دوسری وجہ ہے۔

حذف۔ جن کلمات میں ہمزۂ متطرفہ بصوت واؤ یا بصوت یا لکھا ہوا ہے انمیں حمزہؒ وہشامؒ کا مذہب اوپر بیان ہوا۔ باقی حضرات بالہمز وقف کرتے ہیں۔ صلہ وقفاً باجماع حذف ہو جاتا ہے۔ وَكَأَيِّنْ[۲] میں ذو قراتین ہونے کی بنا پر نون تنوین باجماع مصاحف مرسوم ہے۔ بصریؒ باعتبار اصل یا ساکنہ پڑا اور باقی حضرات نون پر وقف کرتے ہیں۔

فصل سوم وصل

یعنی کلمات مقطوع الرسم کو وقفاً ملانا۔ قاعدہ۔ جو کلمہ دو یا زیادہ حروف سے مرکب ہو اسکو منفصل لکھا جاتا ہے خواہ اسم ہو یا فعل یا حرف۔ مگر الف لام تعریف کثیر الدور ہونے کی وجہ سے موصول لکھا جاتا ہے۔ یا ندا اور ھا تنبیہ کا الف رسم سے باجماع محذوف ہے۔ چونکہ ایک حرف باقی رہگیا لہذا ان کو بھی موصول لکھتے ہیں تاکہ حروف ہجا اور کلمہ میں فرق ہو۔ ائمہ قراتؒ کے نزدیک یہ کلیہ ہے جو کلمات مصاحف عثمانیہ[۱] میں

---

[۱] دانیؒ نے شیخ ابو الفتحؒ اور شیخ ابو القاسمؒ فارسیؒ سے ہا نہیں پڑھی۔ مگر تیسیر میں صرف ہا کیساتھ وقف بیان کیا ہے حالانکہ تیسیر میں روایت بزیؒ فارسی سے منسوب ہے۔ امام ابو الحسنؒ سے وقف بالہا پڑھا ہے یہی تذکرہ تبصرہ۔ کافی اور تلخیص العبارات وغیرہ میں ہے۔ اسمیں دانیؒ کی طریقہ سے نکل گئے۔ جامع البیان اور شاطبیہ میں دونوں وجوہ درج ہیں۔ وقف بغیر ہا۔ اگرچہ زیادات قصیدہ سے ہے مگر صحیح اور مطابق طریقہ ہے۔

[۲] وَكَأَيِّنْ سات جگہ ہے۔ آل عمران۔ یوسف۔ عنکبوت۔ محمدؐ۔ اور طلاق میں ایک ایک اور حج میں دو جگہ۔

میں مقطوع[1] ہیں۔ ان میں سے ہر ایک پر وقف ہو سکتا ہے۔ لیکن امام ابوالحسنؒ۔ دانیؒ۔ ابن شریحؒ اور شاطبیؒ نے دو کلمات ذیل میں اختلاف بیان کیا ہے۔

[1] چنانچہ اَنْ لَّا دس جگہ۔ اَنْ لَّا اَقُوْلَ۔ اَنْ لَّا یَقُوْلُوْا (اعراف) اَنْ لَّا اَسْئَلَکَ (توبہ) وَاَنْ لَّا اِلٰہَ (ھود) اَنْ لَّا تَعْبُدُوْا (ھود و یٰسین) اَنْ لَّا تُشْرِکْ (حج) وَاَنْ لَّا تَعْلُوْا (دخان) اَنْ لَّا یُشْرِکْنَ (ممتحنہ) اَنْ لَّا یَدْخُلَنَّھَا (ن) میں باجماع اور ایک جگہ اَنْ لَّا اِلٰہَ (انبیا) میں بخلاف مقطوع ہے۔ اِنَّ مَا مکسورہ مشددہ ایک جگہ۔ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ (انعام) میں باجماع۔ اور ایک جگہ اِنَّ مَا عِنْدَ اللّٰہِ (نحل) بخلاف مقطوع ہے۔ اَنَّ مَا مفتوحہ مشددہ دو جگہ وَاَنَّ مَا یَدْعُوْنَ (حج ولقمان) میں باجماع اور ایک جگہ اَنَّ مَا غَنِمْتُمْ۔ (انفال) میں بخلاف مقطوع ہے۔ اِنْ مَا مکسورہ مخففہ صرف ایک جگہ وَاِنْ مَّا نُرِیَنَّکَ (رعد) میں مقطوع ہے۔ اَیْنَ مَا ہر جگہ سوائے بعض مواقع کے جو آئندہ فصل میں آئیں گے مقطوع ہے۔ اَنْ لَّمْ مفتوحہ سب جگہ مقطوع ہے۔ اِنْ لَّمْ مکسورہ ایک کے سوا سب جگہ مقطوع ہے عَنْ مَّا صرف ایک جگہ۔ عَنْ مَّا نُھُوْا عَنْہُ (اعراف) میں مقطوع ہے۔ مِنْ مَّا دو جگہ۔ مِنْ مَّا مَلَکَتْ (نساء و روم) میں باجماع اور مِنْ مَّا رَزَقْنٰکُمْ۔ (منافقون) میں بخلاف مقطوع ہے۔ اَمْ مَّنْ چار جگہ۔ اَمْ مَّنْ یَّکُوْنُ (نساء) اَمْ مَّنْ اَسَّسَ (توبہ) اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا (صٰفّٰت) اَمْ مَّنْ یَّاْتِیْ (فصلت) میں مقطوع ہے عَنْ مَّنْ دو جگہ۔ عَنْ مَّنْ یَّشَآءُ۔ (نور) عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی (نجم) میں مقطوع ہے۔ کُلَّ مَا ایک جگہ مِنْ کُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْہُ (ابراہیم) میں بلا خلاف۔ اور بقول بعض چار جگہ اور کُلَّ مَا رُدُّوْا۔ (نساء) کُلَّ مَا دَخَلَتْ (اعراف) کُلَّ مَا جَآءَ (مؤمنون) کُلَّ مَا اُلْقِیَ (ملک) مقطوع ہے۔ مگر مشہور وصل ہے۔ بِئْسَ مَا پانچ جگہ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا (بقر) بِئْسَمَا یَاْمُرُکُمْ (بقر) بِئْسَ مَا کَانُوْا (مائدہ) تین بِئْسَ مَا قَدَّمَتْ (ایضاً مائدہ) باجماع اور ایک جگہ قُلْ بِئْسَمَا یَاْمُرُکُمْ بِہٖ (بقر) میں باختلاف مقطوع ہے۔ فِیْ مَا ایک جگہ فِیْ مَا ھُمْ فِیْہِ (شعرا) میں باجماع اور دس جگہ فِیْ مَا فَعَلْنَ۔ (بقر کلمہ دوم) فِیْ مَا اٰتٰکُمْ (مائدہ و انعام) فِیْ مَا اَوْحٰی (انعام) فِیْ مَا اشْتَھَتْ (انبیا) فِیْ مَا اَفَضْتُمْ (نور) فِیْ مَا رَزَقْنٰکُمْ (روم) فِیْ مَا کَانُوْا فِیْہِ۔ فِیْ مَا ھُمْ فِیْہِ (ہر دو زمر) فِیْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (واقعہ) بقول اکثر و مشہور مقطوع ہیں مگر ۴ چار جگہ کے سوا ہر جگہ مقطوع ہے یَوْمَ ھُمْ دو جگہ یَوْمَ ھُمْ بَارِزُوْنَ (غافر) یَوْمَ ھُمْ عَلَی النَّارِ (ذریت) میں مقطوع ہیں اور وَلَاتَ حِیْنَ (ص) کی تا تمام مصاحف میں مقطوع لکھی ہے۔ پس وہ لا کے ساتھ موصول ہوا اور لفظی تانیث کے لیے اسکے ساتھ پڑھا گیا ہے۔ خلیلؒ۔ سیبویہؒ۔ کسائیؒ وغیرہ ائمہ نحو و عربیت اور قرات کا یہی مذہب ہے۔ پس اس تقدیر پر تا، اور با کے ساتھ وقف ہوگا۔ کما مرّ۔ اور امام ابو عبیدؒ کہتے ہیں تا حین سے متصل اور لا سے مقطوع ہے میں نے امام میں لاتحین دیکھا ہے اور عرب اسماء زمان پر تا زیادہ کرکے حِیْنَ۔ اٰنِ۔ اٰوَانِ کو تحِیْنَ۔ تَاْوِنِ اور تَاْلَانِ بولتے ہیں۔ اس تقدیر پر وقف لا پر ہو سکتا ہے تا پر نہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "ابو عبیدؒ امام کبیر دین میں حجۃ اور مجتہدین کرام میں سے ہیں اسکے علاوہ میں نے بھی مصحف عثمانؓ میں جسکو امام کہتے ہیں لا کو مقطوع اور تا کو حین سے موصول دیکھا ہے۔ میں نے اسپر خون کے[2]

[2] نشانات دیکھے یہ مصحف قاہرہ کے مدرسہ فاضلیہ میں اب موجود ہے" اَنْ لَّنْ دو کے سوا سب جگہ مقطوع ہے۔ حَیْثُ مَا

Marfat.com

اول - اَیًّا مَّا تَدْعُوْا میں حمزہؒ و کسائیؒ اَیًّا پر اور باقی حضرات مَّا پر وقف کرتے ہیں اور رسماً باجماع مقطوع ہے۔

دوم - ما استفہامیہ کے بعد لام جارّہ چار جگہ مقطوع لکھا ہوا ہے فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ (نساء) مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ (کہف) مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ (فرقان) فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (معارج) ائمہ مذکورین اور جمہور اہل ادا شام و مصر و عراق بصریؒ کے لیئے ما پر۔ کسائیؒ کے لیئے ما اور لام دونوں پر اور دیگر حضرات کے لیئے صرف لامؔ پر وقف بیان کرتے ہیں۔ دیگر ائمہ اور جمہور اہل ادا نے ان دونوں کا کوئی ذکر نہیں کیا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ یہ کلمات کلیہ میں داخل ہیں اور بوجہ مقطوع ہونے کے ہر ایک پر وقف درست ہے اور اور یہی صلوب ہے۔

اٰلْيٰسِيْنَ (صٰفّٰت) دو قراتین ہونیکی وجہ سے باجماع مصاحف مقطوع ہے۔ جو ائمہ ہمزۂ مفتوحہ کے بعد الف اور لام مکسورہ سے پڑھتے ہیں۔ اُن کے نزدیک اٰلِ مُحَمَّدٍ اور اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ کے مانند دو کلمات ہیں اور اٰلِ پر وقف ہو سکتا ہے اور جو حضرات ہمزۂ مکسور اور لام ساکن سے بلا الف پڑھتے ہیں اُن کے نزدیک ایک کلمہ ہے جسکا قطع کرنا جائز نہیں۔ اگرچہ رسماً منفصل ہے ان کے مذہب پر اتباع رسم نہیں کیا جا سکتا۔ اسکی نظیر قرآن میں اور نہیں ہے۔

سلہ ابن مجاہدؒ ابن مہرانؒ ابن سوارؒ۔ ابن سفیانؒ۔ مہدویؒ۔ حافظ ابو العلاؒ۔ اور سبط الخیاطؒ نے اَیًّا مَّا کا کوئی ذکر نہیں کیا گویا کہ ان کے نزدیک اسمیں کوئی اختلاف نہیں۔ محققؒ کہتے ہیں یہی اقرب الی الصواب ہے جس کے خلاف کوئی قول نہیں پایا جاتا۔ محمد بن سعدان ضریرؒ۔ ابن الانباریؒ اور دانیؒ وغیرہ ائمہ روایت کرتے ہیں "حمزہؒ کسائیؒ اَیًّا پر وقف کرتے تھے" پھر دانیؒ کہتے ہیں "دیگر ائمہ سے کوئی نص نہیں ہے۔ ہم نے ان کے لیئے مَّا پر وقف اختیار کیا ہے" اسکے بعد محققؒ کہتے ہیں "کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی جسکی بنا پر اسمیں اور دیگر منفصل کلمات میں فرق کیا جائے"۔ خود دانیؒ کہتے ہیں "جو کلمات منفصل مرسوم ہیں ان پر سب کے لیئے ملا کر اور جدا جدا وقف ہو سکتا ہے" یہی باقی تمام اہل ادا کا مذہب ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اَیًّا اور مَّا مقطوع ہیں۔ پس ہر ایک پر سب کے لیئے وقف ہونا چاہیئے۔ سلہ محققؒ کہتے ہیں "چاروں جگہ لام جر منفصل لکھا ہوا ہے لہذا اسپر سب کے لیئے وقف کے جواز کا احتمال ہے اور یہی قیاس ہے اور یہی احتمال ہے کہ لام پر کسی کے لیئے وقف جائز نہ ہو کیونکہ وہ حرف جر ہے اور حرف جر مجرور سے جدا نہیں ہو سکتا اور مَا پر سب کے لیئے بلا تردد وقف جائز ہے کیونکہ وہ تلفظ۔ رسم اور حکم میں منفصل ہے اور میرے نزدیک یہ ان کے

م مذہب کے اصول اور قیاس سے بہت زیادہ مطابق ہے تو یہی حق و صواب ہے۔

فصلِ چہارم۔ قطع

یعنی کلماتِ متصل کو وقفاً جدا کرنا۔ (قاعدہ) جو کلمات قرآن میں موصول لکھے ہوئے ہیں۔ وقف سے اُنکا قطع کرنا جائز نہیں خواہ اہلِ عربیت کے نزدیک وہ دو کلمات ہوں یا زیادہ۔ اہل ادا ان کو ایک کلمہ تصور کرتے ہیں اور اتصال رسمی کی وجہ سے فقط آخر کلمہ پر وقف ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اقسام ذیل کے تمام کلمات باجماع اہل ادا موصول ہیں۔

اوّل۔ وہ تمام کلمات جنپر حروف معانی میں سے کوئی حرف مفرد داخل ہو۔ جیسے۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہِ۔ بِاللّٰہِ۔ تَاللّٰہِ۔ لِلّٰہِ۔ وَلِرَسُوْلِہٖ۔ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ۔ کَمَثَلِہٖ۔ لَاَنْتُمْ۔ ءَاَنْتَ۔ وَاِیَّایَ وَاسْئَلْ۔ فَاسْئَلْ۔ وَاْمُرْ۔ فَاْتِ۔ وَلَقَدْ۔ وَسَوْفَ۔ اٰیَاللّٰہِ

دوّم۔ وہ تمام کلمات جن سے ضمیر متصل ہو جیسے قُلْتُ۔ قُلْنَا۔ رُسُلَنَا۔ رَبِّیْ۔ رُسُلِیْ۔ رُسُلَہٗ مِیْثَاقَہٗ۔ رُسُلَکُمْ۔ مِیْثَاقَکُمْ۔ مَنَاسِکَکُمْ۔ فَاَحْیَاکُمْ۔ رُسُلُہُمْ اَنْلُزِمُکُمُوْھَا۔ فَکَرِھْتُمُوْہُ۔

سوّم۔ اوائلِ سور کے حروف مقطعات بحالت مجموعی خواہ دو ہوں یا زیادہ ایک کلمہ ہیں سوائے فواتح شوریٰ کے کہ وہ دو کلمات ہیں جیسے الٓمّٓ۔ الٓرٰ۔ الٓمّٓرٰ۔ المّٓصٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ۔ حٰمٓ اور فواتح شوریٰ میں سے حٰمٓ ایک اور عٓسٓقٓ دوسرا کلمہ ہے۔

چہارم۔ اگر دو کلمات جمع ہو جائیں اور اُنمیں سے دوسرے کلمہ کا پہلا حرف ہمزہ ہو اور سواد اور یا کی صورت میں مرسوم ہو تو دونوں موصول ہوتے ہیں جیسے ھٰٓؤُلَآءِ۔ لِئَلَّا۔ یَوْمَئِذٍ۔ حِیْنَئِذٍ۔

نیز۔ اَلْ۔ تعریف یا ندا، ہا تنبیہ جن کلمات پر داخل ہوں اُنکی ساتھ موصول ہیں اور وہ ما استفہامیہ جسپر حرف جر داخل ہو خواہ حرف جر مفرد ہو یا دو حرفی اس میم کے بعد کا الف حذف ہو کر میم حرف جر کے ساتھ موصول ہے اور اَمْ۔ مَا کے ساتھ اِنْ مکسورہ مخففہ لَا کے ساتھ ہر جگہ موصول ہے جیسے

Marfat.com

اَلْكِتٰبُ - اَلْخَالِقُ - يٰبُنَيَّ - يٰمُوْسٰى - يٰاٰدَمُ - يٰاَيُّهَا - هٰؤُلَآءِ - هٰذَا - هَآاَنْتُمْ
بِمَ عَمَّ - فِيْمَ - مِمَّ - بِمَ - اَمَّا - اشْتَمَلَتْ - اَمَّاذَا كُنْتُمْ - اَمَّا تُشْرِكُوْنَ - اِلَّا
تَفْعَلُوْهُ - اِلَّا تَنْصُرُوْهُ - اور تمام صیغہائے جمع جنکے ساتھ ضمیر متصل ہو موصول ہیں جیسے
كَالُوْهُمْ اور اَوْ وَّزَنُوْهُمْ یعنی واؤ کے بعد الف علامت جمع کا مرسوم نہیں ہوتا اور نیز
وہ کلمات جن کا ذکر گذشتہ فصل میں ہوا بیان شدہ مقامات کے علاوہ موصول ہیں[1]
وَلٰكِنَّ - وَلٰكِنَّهٗ (قصص) باجماع مصاحف موصول ہیں ہمارے بعض شیوخ کسائی کیلئے
یا پر اور بصری کے لئے کاف پر وقف بتلاتے ہیں لیکن یہ رسم کے خلاف ہے۔ محقق کہتے ہیں پورے
کلمہ پر وقف سب کے لئے اولیٰ مختار جمہور کا مذہب اور قیاس صحیح کے مطابق ہے۔ شاطبیؒ
نے ان دونوں وجوہ سے قبل سب کے لئے وقف حسب رسم بھی بیان کیا ہے۔ اور دانیؒ

[1] یعنی اَنْ لَّا اُن گیارہ مقامات کے سوا ہر جگہ موصول ہے جیسے اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ (نمل) اَلَّا تَعْبُدُوْٓا (ھود)
اِنَّ مَا اُن دو مقامات کے سوا ہر جگہ موصول ہے جیسے اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ - اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ وغیرہ اَنَّ مَا اُن تین مقامات کے سوا
موصول ہے جیسے اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ - اِنْ مَّا رعد کے سوا موصول ہے جیسے اِمَّا تَخَافَنَّ - اِمَّا نُرِيَنَّكَ -
فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ - فَاِمَّا تَرَيِنَّ - وغیرہ - اَيْنَ مَا - دو جگہ - فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا - (بقر) اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ (نحل) باجماع -
اور تین جگہ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا - (نساء) اَيْنَ مَا كُنْتُمْ - (شعراء) اور اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا - (احزاب) بخلاف موصول ہے
اِنْ لَّمْ ایک جگہ موصول ہے فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا (ہود) اَنْ لَّنْ دو جگہ - اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ (کہف) اَلَّنْ نَّجْمَعَ
(قیامہ) عَنْ مَا سوا اُس ایک جگہ کے موصول ہے جیسے عَمَّا تَعْمَلُوْنَ اور عَمَّا جَآءَكَ - مِنْ مَا - اُن تینوں جگہ
کے سوا موصول ہے مِمَّا اَمْسَكْنَ - مِمَّا رَزَقْنٰكُمُ اللّٰهُ - اَمْ مَنْ اُن چار جگہ کے سوا موصول ہے جیسے اَمَّنْ يَّمْلِكُ
اَمَّنْ خَلَقَ - اَمَّنْ يُّجِيْبُ - عَمَّنْ اگر کوئی اُن دونوں کے سوا ہے (جو غالباً نہیں ہے) تو موصول ہے - كُلَّ مَا اُس
ایک کے سوا بقول مشہور موصول ہے جیسے كُلَّمَا دَخَلَ - كُلَّمَا خَبَتْ - بِئْسَ مَا - دو جگہ موصول ہے بِئْسَمَا اشْتَرَوْا
بِهٖ (بقر) بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ - (اعراف) فِيْ مَا - اُن گیارہ مقامات کے سوا موصول ہے جیسے فِيْمَا
فَعَلْنَ (بقر اول) فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ - کَيْ لَا چار جگہ موصول ہے لِكَيْلَا تَحْزَنُوْا (آل عمران) لِكَيْلَا يَعْلَمَ
(حج) لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ (احزاب) لِكَيْلَا تَاْسَوْا (حدید) يَوْمَهُمُ اُن دو مقامات کے سوا موصول ہے يَوْمَهُمُ
الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ -

[2] شاید بعض مصاحف میں وَنِ مقطوع لکھا ہوا تھا اسی وجہ سے کسائیؒ نے اس پر وقف جائز کہا ہے۔

Marfat.com

نے تیسیر میں بصریؒ کے لیئے بصیغہ تمریض کاف پر وقف نقل کیا ہے۔

تنبیہ۔ جو اوقاف اوپر بیان کیئے گئے وہ سب وقف اختباری اور اضطراری کی صورتیں ہیں وقف اختیاری کہیں نہیں ہوسکتا۔ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "یہ اوقاف ہمنے اِس لیئے بیان کیئے ہیں کہ بحالت اضطرار ائمہ کے مذاہب بتلائیں۔ یہ مدعا نہیں ہے کہ ان پر لزوماً اور اختیاراً وقف جائز ہے۔ کیونکہ ان میں سے کسی جگہ نہ وقف تام ہے اور نہ کافی۔ پس یہ سب ضرورت اور امتحان کے لیئے ہیں" محققؒ کہتے ہیں "۔ اس باب میں ہم نے متفق علیہ اور مختلف فیہ جو مواقع بیان کیئے ہیں اُن پر عمدی وقف جائز نہیں کیونکہ نہ یہ تام ہیں نہ کافی۔ نہ حسن۔ اور جہاں ان اوصاف ثلثہ میں سے کوئی وصف نہ ہو وہاں وقف قبیح ہے۔ ہم نے اضطرار واختبار کے لیئے وقف کا قاعدہ بتایا ہے"

فائدہ۔ اگر رسم میں مصاحف کا اختلاف ہو تو ہر قاری کے لیئے اُسکے شہر کے مصحف کا اتباع کرنا چاہیئے۔ اور اتباع رسم سے مقصد حذف واثبات حقیقی ہے جو اجتماع ساکنین وغیرہ کی وجہ سے ہوتا ہے حذف واثبات مقدر نہیں جو اجتماع صور متماثلہ کی بنا پر کیا گیا ہے جیسے مَاءً۔ نِدَاءً۔ دُعَاءً۔ مَلْجَاءً۔ شَرَاءٌ۔ رَا۔ وغیرہ میں باجماع الف سے لَا يَسْتَحْيِي میں یا سے۔ وَإِيتَاءِ۔ اور اَلْمَلَؤُا وغیرہ میں ہمزہ سے وقف ہوتا ہے۔ ہشامؒ اور حمزہؒ کا مذہب اوپر بیان ہوا۔

باب نوزدہم حرکت و اسکان یاءاتِ اضافت

یاء اضافت[1] سے مراد یاء متکلم ہے جو اسم و فعل و حرف کے ساتھ کاف و ھاء ضمیر کے مانند ملحق ہوتی ہے۔ جیسے نَفْسِیْ۔ فَطَرَنِیْ۔ اِنِّیْ اور دیگر ضمائر کی طرح ہمیشہ زائدہ ہوتی ہے۔ اصل کلمہ سے نہیں ہوتی چنانچہ ان تینوں کلمات کو یاء اضافت جدا کر کے نَفْسُ فَطَرَ اِنَّ اور ہار کنایہ کیساتھ نَفْسَہٗ۔ فَطَرَہٗ۔ اِنَّہٗ اور کاف خطاب کے ساتھ نَفْسَكَ۔ فَطَرَكَ اِنَّكَ کہہ سکتے ہیں۔

یاء اضافت باجماع مصاحف مرسوم ہوتی ہے اور اسمیں حرکت و اسکان کا اختلاف ہوتا ہے حذف و اثبات کا نہیں ہوتا۔ یاء اضافت کی اصل اسکان ہے۔ جہاں سکون متعذر ہو وہاں متحرک ہو جاتی ہے اور اس حالت میں اسکی حرکت فتح ہوتی ہے بعض جگہ کسر بھی جائز ہے۔ چنانچہ مُصْرِخِیَّ[2] (ابراہیم) کو حمزہ رح اور یَنْبَغِیْ مضموم الباء کو متعدد ائمہ یاء اضافت کے کسر سے پڑھتے ہیں۔ جو قراءۃ متواترہ صحیحہ ہے

---

[1] یاء اضافت اسم کیساتھ محل جر میں اور فعل کیساتھ ہمیشہ محل نصب میں اور حرف کے ساتھ حسب عمل نصب و جر دونوں کے محل میں آتی ہے۔ یعنی مضاف الیہ اور مفعول دونوں کی جگہ ہوتی ہے۔ منصوب المحل کو مجازاً یاء اضافت کہتے ہیں۔

[2] مُصْرِخِیَّ۔ دراصل مُصْرِخِیْنَ تھا۔ مضاف ہونیکی بنا پر نون اعرابی ساقط ہو گیا اور یاء اعراب ساکنہ اور یاء اضافت جمع ہو گئیں اجتماع ساکنین کی وجہ سے اس یاء کو حرکت دیدی گئی اور بقاعدہ مثلین یاء اعراب اسمیں مدغم ہو گئی اور مُصْرِخِیَّ بن گیا بعض نحاۃ۔ قراءۃ کسرہ پر اعتراض کرتے ہیں۔ ابو عبید کسرہ کو غلط زجاج ردی۔ اور اخفش غیر مسموع بتاتا ہے اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ یاء اضافت کا حکم اسکان یا فتح ہے۔ جہاں ایک دشوار ہو وہاں دوسرا متعین ہو جاتا ہے۔ قراء کہتے ہیں وزنہ دعوی بوجوہات باطل ہے یہ قراءۃ متواترہ ہے جسکو اعمش رح۔ ابن وثاب اور حمران بن اعین وغیرہ تابعین کی ایک جماعت نے صحابہ کرام سے اور انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ کیا ہے۔

[3] نحو و قراءۃ کے امام ابو عمرو بصری اور فراء نے اسکی تصحیح کی ہے اور قطرب رح کہتا ہے کہ کسر بنی یربوع کا لغت ہے۔

[4] عربیت میں اسکی صورت صحیحہ یہی طرح پائی جاتی ہے۔ اول یاء اضافت کے بعد ایک یاء ساکنہ بطور صلہ زیادہ کی گئی اور پھر تخفیفاً اسکو حذف کر دیا اور کسرہ اسپر دلالت کرنیکے لئے باقی رہگیا۔ دوم اجتماع ساکنین تھا۔ یاء اعراب کو حرکت نہیں دے سکتے۔ یاء اضافت کو حسب قاعدہ مشہورہ حرکت کسرہ دیدی گئی۔ سوم بقاعدہ جر جواب ہمزۂ اِنِّیْ کے کسرہ کی وجہ سے یاء کو حرکت کسرہ دیدی گئی۔ جو تمیم و بعض غطفان کا لغت ہے کہ پہلے کو دوسرے کا تابع کر دیتے ہیں اور اسی پر خواجہ حسن بصری وغیرہ ائمہ کی مشہور قراءۃ انتم بِمُصْرِخِیَّ ہے

قرآن میں یا را ضافت آٹھ سو چھہتر جگہ واقع ہوئی ہے۔ ازانجملہ پانسو چھیاسٹھ حسبِ اصل باجماع ساکن ہیں۔ جیسے اِنِّیْ جَاعِلٌ۔ بِعَهْدِیْ اُوْفِ۔ اَنِ اشْكُرْ لِیْ وَلِوَالِدَیْكَ۔ اِنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ۔ فَمَنْ تَبِعَنِیْ۔ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ۔ خَلَقَنِیْ وغیرہ اور اٹھانوے[۹۸] ساکن مابعد[۱] یا ساکن ماقبل[۲] موجب حرکت کی وجہ سے باتفاق متحرک ہیں اور دو سو بارہ[۲۱۲] سے[۳] مختلف فیہ ہیں۔ اس فن میں یہی زیر بحث ہیں۔ پھر ان مختلف فیہ کی چھ قسمیں ہیں[۱] ننانوے[۹۹] ہمزۂ قطعیہ مفتوحہ سے قبل[۲] باون[۵۲]۔ ہمزۂ قطعیہ مکسورہ سے قبل[۳] دس ہمزۂ قطعیہ مضمومہ سے قبل[۴] چودہ الف لام تعریف سے قبل[۵] سات ہمزۂ وصلیہ منفردہ سے قبل۔ اور[۶] تیس[۳۰] دیگر حروف سے پہلے۔ 322

ہمارے ائمہ پہلی دوسری اور چوتھی اقسام کے اندر فتح اور اسکان کا مذہب بیان کر کے پھر دونوں مذاہب میں سے مستثنیات بتایا کرتے ہیں۔ میں اُن کو ایک نئی اسلوب سے درج کرتا ہوں تاکہ طلباء کو سہولت ہو۔

---

[۱] قبل از ساکن یا را ضافت مفتوح گیارہ کلمات کیساتھ اٹھارہ جگہ آتی ہے[۱] شُرَكَآءِیَ الَّذِیْنَ۔ چار نِعْمَتِیَ الَّتِیْ تین۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ دو۔ بَلَغَنِیَ الْكِبَرُ۔ فِیَ الْاَعْدَآءَ۔ مَسَّنِیَ السُّوْٓءُ۔ مَسَّنِیَ الْكِبَرُ۔ وَلِیِّیَ اللّٰهُ۔ اَرُوْنِیَ الَّذِیْنَ۔ رَبِّیَ اللّٰهُ۔ جَآءَنِیَ الْبَیِّنٰتُ۔ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ ایک ایک۔

[۲] بعد از ساکن یا را ضافت مفتوح انتیس جگہ واقع ہوئی ہے۔ چھ کلمات بعد از الف اٹھ جگہ پائے جاتے ہیں۔ هُدَایَ اور سُرَآءَیَ۔ دو دو۔ اِیَّایَ۔ فَاِیَّایَ۔ مَثْوَایَ۔ اور عَصَایَ۔ ایک ایک اور نو کلمات بعد از یا ساکنہ بہتر جگہ واقع ہوئے ہیں۔ اِلَیَّ۔ عَلَیَّ۔ بَدَیَّ۔ لَدَیَّ۔ یٰبُنَیَّ۔ یٰبُنَیَّ۔ اِبْنَیَّ۔ وَالِدَیَّ اور مُصْرِخِیَّ۔ ان دونوں اقسام میں اجتماع ساکنین سے بچنے کے لیئے یا کو اجماعاً متحرک کیا گیا ہے۔

[۳] دانیؒ وغیرہ ائمہ نے یا ات اضافت مختلف فیہ دو سو چودہ بتائی ہیں۔ یہ حضرات فَمَا اٰتٰنِ اللّٰهُ (نمل) اور فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِیْنَ (زمر) کو شامل کرتے ہیں۔ کیونکہ پہلی کو مدنیؒ بصریؒ اور حفصؒ اور دوسری کو سوسیؒ و مسلاً مفتوح پڑھتے ہیں شاطبیؒ نے ان کو زوائد میں لیا ہے۔ مصاحف میں یہ دونوں باجماع مرسوم نہیں ہیں اور اکثر ائمہ ان کو محذوف رکھتے ہیں۔ یا و اضافت کے یہ حرکت و اسکان کا اختلاف کیسا؟ یہ شرط ہے کہ وہ مصاحف میں مرسوم ہو۔ لہٰذا یہی مناسب ہے، کہ ان کو زوائد میں شمار کیا جائے۔

Marfat.com

فصل اول یاءات اضافت قبل از ہمزہ قطعیہ مفتوحہ

ہمزہ قطعیہ مفتوحہ سے قبل ننانوے یاءِ اضافت اختلافی ہیں انکی تین قسمیں ہیں

اول - چونسٹھ یاءات ذیل کو حرمیؒ و بصریؒ مفتوح اور باقی حضرات ساکن پڑھتے ہیں ۱ تا ۳۱

اِنِّیۡ اَعۡلَمُ (بقرہ - یوسف یک م) ۲ اِنِّیۡ اَخۡلُقُ (آل عمران) ۳ تا ۲۲ اِنِّیۡ اَخَافُ (مائدہ انعام اعراف انفال - یونس - ہود تین مریم شعراء دو - قصص - زمر - غافر تین - احقاف - حشر) ۲۳ تا ۲۴

فَاَیَکُوۡنُ لِیۡ اَنۡ - (مائدہ - یونس) ۲۵ - اِنِّیۡ اَرَاکَ (انعام) ۲۶ بَعۡدِیۡ اَعَجِلۡتُمۡ - (اعراف) ۲۷ تا ۲۹ - اِنِّیۡ اَرٰی (انفال - یوسف - صٓ فت) ۳۰ اِنِّیۡ اَعِظُکَ ۳۱ شِقَاقِیۡ اَنۡ (ہر دو ہود) ۳۲ - ۳۳ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ - (ہود مریم) ۳۴ رَبِّیۡ اَحۡسَنَ - (ہود) ۳۵ اَرَانِیۡ اَعۡصِرُ ۳۶ اَرَانِیۡ اَحۡمِلُ ۳۷ اَبِیۡ اَوۡ (ہر چہار یوسف) ۳۸ تا ۴۱ اِنِّیۡ اَنَا (یوسف - حجر - طٰہٰ - قصص) ۴۲ - اِنِّیۡ اَسۡکَنۡتُ - (ابراہیم) ۴۳ عِبَادِیَ اَنِّیۡ ۴۴ اَنِّیۡ اَنَا (ہر دو حجر) ۴۵ تا ۴۸ رَبِّیۡ اَعۡلَمُ (کہف شعراء قصص دو) ۴۹ تا ۵۰ بَرِیۡٓءٌ اَحَدًا (کہف دو) ۵۱ - ۵۲ - رَبِّیۡ اَنۡ (کہف قصص) ۵۳ تا ۵۵ اِنِّیۡ اٰنَسۡتُ (طٰہٰ - نمل قصص) ۵۶ اِنَّنِیۡۤ اَنَا - (طٰہٰ) ۵۷ اِنِّیۡ اٰمَنۡتُ (یٰسٓ) ۵۸ اَنِّیۡ اَذۡبَحُکَ (صٓ فت) ۵۹ اِنِّیۡ اَحۡبَبۡتُ (صٓ) ۶۰ اِنِّیۡ اٰتِیۡکُمۡ (دخان) ۶۱ اِنِّیۡ اَعۡلَنۡتُ - (نوح) ۶۲ رَبِّیۡ اَمَدًّا - (جن) ۶۳ رَبِّیۡ اَکۡرَمَنِ ۶۴ رَبِّیۡ اَهَانَنِ (ہر دو فجر)

دوم - دس آیاتِ ذیل کے فتح میں حرمیؒ و بصریؒ کے ساتھ بعض دیگر حضرات بھی شریک ہیں انکے سوا باقی حضرات ساکن پڑھتے ہیں -

Marfat.com

۱ لَعَلِّيْ اَرْجِعُ (یوسف) ۲-۳ لَعَلِّيْ اٰتِيْكُمْ (طٰہٰ قصص) ۴ لَعَلِّيْ اَعْمَلُ (مؤمنون) لَعَلِّيْ اَطَّلِعُ (قصص) ۵ لَعَلِّيْ اَبْلُغُ (غافر) چھ ووں میں شامی ۶ مَعِيَ اَبَدًا (توبہ) ۷ مَعِيَ اَوْ رَحِمَنَا (ملک) دونوں میں شامی وحفص ۸ اَرْهِطِيْ اَعَزُّ (ہود) میں ابنِ ذکوان بلا خلاف اور ہشام ۹ بخلاف ۱۰ مَالِيْ اَدْعُوْكُمْ (غافر) میں ہشام شریک ہیں۔

سوم پچیس یاءات ذیل میں حرمی وبصری میں سے کسی نے فتح کی مخالفت کرکے اسکان روایت کیا ہے اور باقی حضرات حسب قاعدہ اسکان پڑھتے ہیں ۱۱ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ اَنْ (یوسف) ۱۲ لِمَ حَشَرْتَنِيْ اَعْمٰى (طٰہٰ) ۱۳ تَاْمُرُوْنِّيْ اَعْبُدُ (زمر) ۱۴ اَتَعِدَانِنِيْ اَنْ (احقاف) چاروں کو حرمی ۱۵ اِنِّيْ اَرٰىكُمْ (ہود) ۱۶ وَلٰكِنِّيْ اَرٰىكُمْ (ہود احقاف) ۱۷ مِنْ تَحْتِيْ اَفَلَا (زخرف) چاروں کو مدنی وبزی وبصری ۱۸-۱۹ اِجْعَلْ لِّيْ اٰيَةً (آل عمران مریم) ۲۰ فِيْ ضَيْفِيْ اَلَيْسَ (ہود) ۲۱-۲۲ اِنِّيْ اَرَانِيْ (یوسف میں اِنِّيْ کی جو دو یاءات ہیں وہ مراد ہیں اَرَانِيْ کی یا پہلی نوع میں ہے) ۲۳-۲۴ يَاْذَنَ لِيْ اَبِيْ (یوسف میں لِيْ کی یا مراد ہے اَبِيْ کی یا پہلی نوع میں ہے) ۲۵ مِنْ دُوْنِيْ اَوْلِيَآءَ (کہف) ۲۶ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ (طٰہٰ) آٹھوں کو مدنی وبصری ۲۷ عِنْدِيْ اَنَّهٗ (علم قصص) کو مدنی وبصری بلا خلاف اور مکی ۲۸ بخلاف ۲۹ فَطَرَنِيْ اَفَلَا (ہود زخرف) کو مدنی وبزی

۱ اَرْهِطِيْ میں دانی اور شاطبی نے ہشام کے لیے صرف سکون بیان کیا ہے۔ یہی تذکرہ۔ تبصرہ۔ عنوان۔ تلخیص کافی میں ہے اور جملہ مغربی مصری قراء کا مسلک ہے اور یہی دانی کے نزدیک مختار ہے چنانچہ جامع البیان میں کہتے ہیں یہ اسی پر عمل ہے مگر دانی نے شیخ ابوالفتح سے ہشام کے لیے فتح پڑھا ہے۔ مبہج جامع بیان مستنیر کامل اور کفایہ کبریٰ میں صرف فتح مذکور ہے محقق کہتے ہیں "جمہور اہل عراق فتح کہتے ہیں" دانی نے ابوالفتح سے فتح پڑھا ہے۔ اور یہ ان مقامات میں سے ہے جہاں دانی طریقہ سے نکل گئے۔ کیونکہ تیسیر میں روایت ہشام ابوالفتح سے منسوب ہے۔ فتح صحیح اور مطابق طریقہ اور اکثر کا مذہب اور اسکان زیادہ مشہور ہے۔ ۲ مکی کے لیے دونوں وجوہ صحیح ہیں مگر بزی کے لیے فتح اور قنبل کے لیے اسکان طرق تیسیر وشاطبیہ سے نہیں ہے۔ جمہور مغربی ومصری قراء صرف فتح کہتے ہیں یہی تبصرہ۔ تذکرہ۔ ہادی۔ ھدایہ۔ تلخیص کافی۔ عنوان اور تیسیر میں ہے اور جمہور اہل عراق بزی کے لیے سکون اور قنبل کے لیے فتح کہتے ہیں یہ مستنیر۔ ارشاد۔ کفایہ کبریٰ تجرید اور غایۃ الاختصار میں ہے۔ ابوربیعہ سے اسکان اور ابن مجاہد سے فتح منقول ہے۔

Marfat.com

۱۹ سَبِيلِي آدْعُوا (یوسف) ۲۰ لِيَبْلُوَنِي ءَاَشْكُرُ (نمل) دونوں کو مدنی رح
۲۱ فَاذْكُرُونِي اَذْكُرْكُمْ (بقر) ۲۲-ذَرُونِي اَقْتُلْ ۲۳ اُدْعُونِي اَسْتَجِبْ لَكُمْ
سردو- غافر تینوں کو مکی رح ۲۴-۲۵ اَوْزِعْنِي اَنْ (نمل واحقاف) دونوں کو ورش رح و
بزی رح مفتوح اور باقی ائمہ ساکن پڑھتے ہیں۔

نتیجہ یہ ہے کہ ننانوے ۹۹ یاءات اختلافی میں سے مدنی رح ۹۴ کو نیز ورش رح مزید دو کو مکی رح ۸۱ کو
اور ایک کو بخلاف اور بزی رح مزید سات کو اور بصری رح ۸۷ کو شامی رح ۹ کو اُن میں سے ایک میں ہشام کو
خلاف ہے اور ہشام رح مزید ایک کو اور حفص رح دو کو مفتوح پڑھتے ہیں۔ یعنی مدنی رح تین جگہ قالون رح
مزید دو جگہ مکی رح دس جگہ اور ایک جگہ بخلاف قنبل رح مزید سات جگہ اور بصری رح بارہ جگہ فتح کی مخالفت کرتے ہیں

فائدہ- ہمزۂ قطعیہ مفتوحہ سے قبل چار یاءات اور ہیں اَرِنِي اَنْظُرْ (اعراف) وَلَا تَفْتِنِّي
اَلَا (توبہ) وَتَرْحَمْنِي اَكُنْ (ہود) فَاتَّبِعْنِي اَهْدِكَ (مریم) یہ چاروں باجماع ساکن اور
پہلی قسم (یعنی باجماع ساکن) میں داخل ہیں۔

فصل دوم یاءات اضافت قبل از ہمزۂ قطعیہ مکسورہ

ہمزۂ قطعیہ مکسورہ سے قبل باون یاءاتِ اضافت اختلافی ہیں اُنکی بھی تین قسمیں ہیں
اول ستائیس یاءات ذیل کو مدنی رح و بصری رح مفتوح اور باقی حضرات ساکن پڑھتے ہیں
۱ مِنِّي اِلٰهًا (بقر) ۲ مِنِّي اِنَّكَ (آل عمران) ۳ رَبِّيَ اِلٰى- (انعام) ۴ نَفْسِي اِنْ (یونس) ۵ تا ۹
رَبِّيَ اِنَّهٗ- (یونس- یوسف- مریم- عنکبوت- سباء) ۱۰ عَنِّي اِنَّهٗ (ہود) ۱۱-۱۲- اِنِّي اِذًا-
(ہود- یٰسٓ) ۱۳- نُصْحِي اِنْ (ہود) ۱۴ رَبِّي اِنِّي ۱۵ نَفْسِي اِنَّ- ۱۶- رَبِّيَ اِنَّ
۱۷ اَحْسَنَ بِي اِذْ (ہر چہار یوسف) ۱۸ اَبِي اِذَا (اسراء) ۱۹ لِذِكْرِي اِنَّ ۲۰

Marfat.com

عَلَيَّ اِذْ ۲۱ وَلَا بَرَأْسِيْ اِنِّيْ۔ (ہر سہ طٰہٰ) ۲۲ اِنِّيْ اِلٰهٌ (انبیاء) ۲۳ عَدُوٌّ لِّيْ اِلَّا ۲۴ لَا بَيَ اِنَّهٗ۔ (ہر دو شعراء) ۲۵ بَعْدِيْ اَنَّكَ (مؤمن) ۲۶ اَمْرِيْ اِلَى (غافر) ۲۷ رَبِّيْ اِنَّ (فصلت) مؤخر الذکر میں قالونؒ کو خلاف ہے۔[1]

دوم۔ پندرہ یاءاتِ ذیل کے فتح میں مدنیؒ و بصریؒ کیثا بعض دیگر حضرات شریک ہیں۔ اور ان کے سوا باقی ساکن پڑھتے ہیں۔ ۱ اٰبَائِيْ اِبْرٰهِيْمَ (یوسف) ۲ دُعَائِيْ اِلَّا (نوح) دونوں میں مکیؒ و شامیؒ ۳ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ (مائدہ) ۴ تا ۱۲ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا (یونس ہود۔ دو۔ شعراء۔ پانچ۔ سبا) دسوں میں شامیؒ و حفصؒ۔ ۱۳ وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا (ہود) ۱۴ وَحُزْنِيْ اِلَى (یوسف) دونوں میں شامیؒ ۱۵ يَدِيَ اِلَيْكَ (مائدہ) میں حفصؒ فتح کے اندر شریک ہیں۔

سوم۔ دس یاءاتِ ذیل کو صرف مدنیؒ دونوں روایات یا ایک روایت میں مفتوح پڑھتے ہیں اور ایک میں شامیؒ بھی شریک ہیں بصریؒ خلاف اصل اور باقی حضرات حسب قاعدہ ساکن پڑھتے ہیں ۱ اَنْصَارِيْ اِلَى (آل عمران وصف) بَنَاتِيْ اِنْ (حجر) ۲ تا ۶ سَتَجِدُنِيْ اِنْشَاءَ اللّٰهُ (کہف قصص صٰفّٰت) بِعِبَادِيْ اَنَّكُمْ (شعراء) ۷ لَعْنَتِيْ اِلَى (ص) آٹھوں میں مدنیؒ و وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ اِنَّ (یوسف) میں صرف ورشؒ۔ ۸ وَرُسُلِيْ اِنَّ (مجادلہ) میں مدنیؒ و شامیؒ مفتوح پڑھتے ہیں۔

نتیجہ یہ ہے کہ ورشؒ سب کو قالونؒ بحائشؒ کو اور ایک کو بخلاف بصریؒ بیالیس کو

---

[1] جمہور اہل اداء و جملہ ائمہ عراق قالونؒ کے لئے رَبِّيْ اِنَّ (فصلت) میں صرف فتح کہتے ہیں۔ ہی۔ ہادی۔ ہدایہ۔ کامل کافی اور تجرید وغیرہ مغربی تصانیف میں ہی بعض نے صرف اسکان نقل کیا ہے تلخیص العبارات اور عنوان میں اسکان مروی ہے۔ تذکرہ تیسیر تبصرہ فاطبیہ میں دونوں وجہ مروی ہیں۔ دانیؒ مفردات میں کہتے ہیں "میں نے شیخ ابو الفتحؒ اور امام ابو الحسنؒ سے فتح اور اسکان دونوں وجہ پڑھی ہیں۔ قالونؒ سے احمد بن صالحؒ اور احمد بن یزیدؒ نے فتح کا فی اسمٰعیلؒ اور ابراہیم بن حسینؒ نے اسکان نقل کیا ہے" اور جامع البیان میں کہتے ہیں "میں نے ابو الفتحؒ سے قالونؒ کے لئے بطرق حلوانی و شہام و ابو نشیطؒ دونوں وجہ پڑھی ہیں" محقق کہتے ہیں دونوں وجہ صحیح مشہور اور معمول بہا ہیں اور فتح زیادہ مشہور ہے اور قیاس کے بہت

مکی دو کو۔ شامی پندرہ کو اور حفص گیارہ کو مفتوح پڑھتے ہیں۔ یعنی بصری نے دس جگہ۔ قالون نے ایک جگہ اور دوسری جگہ بخلاف فتح کی مخالفت کی ہے۔

فائدہ ہمزۂ قطعیہ مکسورہ سے قبل نو یاءات اور ہیں ۱۔ اَنْظِرْنِیْٓ اِلٰی (اعراف) ع ۲-۳ فَاَنْظِرْنِیْٓ اِلٰی (حجر ص) ۳۔ یَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْہِ (یوسف) ۵۔ یُصَدِّقُنِیْٓ اِنِّیْٓ (قصص یُصَدِّقُنِیْ کی یا مراد ہے) ۶۔ تَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْہِ (غافر ع ۸) فِیْ ذُرِّیَّتِیْٓ اِنِّیْ (احقاف) ۹۔ اَخَّرْتَنِیْٓ اِلٰی (منافقون) یہ نو کی نو باجماع ساکن اور پہلی قسم میں داخل ہیں۔

فصل سوم یاءات اضافت قبل از ہمزہ قطعیہ مضمومہ

ہمزۂ قطعیہ مضمومہ سے قبل دس یاءات اضافت اختلافی ہیں یعنی اُن کو مفتوح اور باقی حضرت ساکن پڑھتے ہیں اور ان میں اس قاعدہ کی کسی نے مخالفت نہیں کی ۱۔ اِنِّیْٓ اُعِیْذُھَا (آل عمران ع ۳-۲) ۲۔ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ (مائدہ قصص) ۴ فَاِنِّیْٓ اُعَذِّبُہٗ (مائدہ) ۵-۶۔ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ (انعام زمر) ۷ عَذَابِیْٓ اُصِیْبُ (اعراف) ۸ اِنِّیْٓ اُشْہِدُ اللّٰہَ (ہود) ۹ اَنِّیْٓ اُوْفِ (یوسف) ۱۰ اِنِّیْٓ اُلْقِیَ (نمل)۔

فائدہ۔ ہمزۂ قطعیہ مضمومہ سے قبل دو یاءات اور ہیں یَعْمَلُوْنَ لِیْٓ اُوْفِ (بقر) اٰتُوْنِیْٓ اُفْرِغْ (کہف) یہ دونوں باجماع ساکن اور پہلی قسم میں داخل ہیں۔

تنبیہ۔ ہمزۂ قطعیہ سے قبل جو ائمہ یا کو ساکن پڑھتے ہیں انکے لیئے وصلاً مد منفصل ہوتا ہے

فصل چہارم یاءات اضافت قبل از الف لام تعریف

الف لام تعریف سے قبل چودہ یاءات اضافت اختلافی ہیں اور اُن کی دو نوعیں ہیں۔

اول نو یاات ذیل کو حمزہؒ ساکن اور باقی ائمہ مفتوح پڑھتے ہیں ۱ رَبِّیَ الَّذِیْ (بقرہ ع ۲۱ حرم) رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ (اعراف ع ۳) اٰتَنِیَ الْکِتٰبَ (مریم ع ۲) مَسَّنِیَ الضُّرُّ (انبیاء ع ۶) عِبَادِیَ الصّٰلِحُوْنَ (انبیاء ع ۶) عِبَادِیَ الشَّکُوْرُ (سبا ع ۲) مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ (ص) ۸ اَرَادَنِیَ اللّٰہُ (زمر ع ۲) ۹ اِنْ اَھْلَکَنِیَ اللّٰہُ (ملک ع ۲)

دوم پانچ یاات ذیل کے اسکان میں بعض دیگر حضرات حمزہؒ کیساتھ شریک ہیں باقی ائمہ مفتوح پڑھتے ہیں ۱ عَھْدِیَ الظّٰلِمِیْنَ (بقرہ ع ۱۵) ۲ عَنْ اٰیٰتِیَ الَّذِیْنَ (اعراف ع ۱۹) ۳ قُلْ لِّعِبَادِیَ الَّذِیْنَ (ابراہیم ع ۴) ۴ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ (عنکبوت ع ۶) ۵ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ (زمر ع ۶) میں بصریؒ و کسائیؒ اسکان میں حمزہؒ کیساتھ شریک ہیں ۱۲

فائدہ الف لام تعریف سے قبل اٹھارہ یاات اضافت یا جمع مفتوح ہیں جو اوپر دوسری قسم میں بیان ہوئیں

فصل پنجم یاات اضافت قبل از ہمزہ وصلیہ منفردہ

ہمزہ وصلیہ منفردہ سے قبل سات یاات اضافت اختلافی واقع ہوئی ہیں۔ حریؒ و بصریؒ کا مذہب فتح اور باقی ائمہ کا مسلک سکون ہے لیکن حرمیان نے چند جگہ اس قاعدہ کی مخالفت کی ہے اسلئے انکی تین حالتیں ہیں

اول ۱ اِنِّیَ اذْھَبُ فِیْ ذِکْرِیَ اذْھَبَا (طٰہٰ و طٰسٓ) ۳ مِنْ بَعْدِیَ اسْمُہٗ (صف) تینوں حریؒ و بصریؒ مفتوح پڑھتے ہیں ۴ وَمَا خَلْفِیَ اَبْکَرُ بھی شریک ہیں ۵ اِنَّ قَوْمِیَ اتَّخَذُوْا (فرقان) میں مدنیؒ بزیؒ اور بصریؒ فتح پڑھتے ہیں۔

دوم ۱ اِنِّی اصْطَفَیْتُکَ (اعراف) ۲ اَخِیَ اشْدُدْ (طٰہٰ) دونوں کو مکیؒ و بصریؒ نے مفتوح پڑھا ہے۔

سوم یٰلَیْتَنِیَ اتَّخَذْتُ (فرقان) کو صرف بصریؒ مفتوح۔ اور باقی حضرات سب کو ساکن پڑھتے ہیں ہمزہ وصل منفردہ سے قبل اور کوئی یا نہیں ہے۔ بلکہ ان میں سے بھی

۱۲ منادیٰ کے بعد یاء اضافت ہر جگہ رسم و تلفظ سے ساقط و محذوف ہے۔ مگر صرف اس کلمہ اور ان دونوں مقامات میں ساکن ماقبل کی وجہ سے باجماع مصاحف رسوم ہے۔

Marfat.com

آخِيْ آشْدُدْ (طٰہٰ) کی یا شامیؒ کی قراءۃ میں قبل از ہمزہ قطعیہ مفتوحہ ہے۔

تنبیہ:۔ الف لام تعریف اور ہمزۂ وصلیہ منفردہ سے قبل قرأت سکون میں یا وصلاً ساقط ہو جاتی ہے اور وقفاً باقی رہتی ہے۔

فصل ششم یاءات اضافت قبل از دیگر حروف

دیگر حروف سے قبل تیس یاءات اختلافی واقع ہوئی ہیں اُن کی بابت کوئی قاعدہ مقرر نہیں کیا جا سکتا حفصؒ نے اکثر جگہ فتح پڑھا ہے۔

۱ مَحْيَايَ (انعام) میں غیر نافعؒ فتح پڑھتے۔ ورشؒ کے لیے انکی اختیار کردہ دوسری وجہ فتح ہے۔ ۲ وَمَايَ لَا (ایس) میں غیر حمزہؒ ۳ مَالِيَ لَا (نمل) میں مکیؒ ہشامؒ۔ عاصمؒ اور اور کسائیؒ فتح پڑھتے ہیں۔

۴ وَجِهِيَ لِلّٰهِ (آل عمران) وَجْهِيَ لِلَّذِيْ (انعام) دونوں میں مدنیؒ شامیؒ اور حفصؒ ۶ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِيْنَ۔ (بقر وحج) ۸ وَلِيَ دِيْنِ (کفرون) تینوں میں مدنیؒ۔ ہشامؒ و حفصؒ فتح پڑھتے ہیں۔ اور مؤالذکر میں بزیؒ بھی بخلاف شریک ہیں۔

۹ وَلِيَ فِيْهَا (طٰہٰ) ۱۰ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (شعراء) دونوں میں ورشؒ و حفصؒ

۱۱ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا (نوح) میں ہشامؒ و حفصؒ فتح پڑھتے ہیں

---

۱ مَحْيَايَ میں نافعؒ کی قرأت صرف اسکان ہے۔ دانیؒ نے شیخ ابوالقاسم خاقانیؒ اور امام ابوالحسنؒ سے صرف اسکان پڑھا ہے خود کہتے ہیں مصر و مغرب کے عام اہل ادا اسکان پر متفق ہیں۔ ورشؒ نے نافعؒ سے سما عاً و تلاوۃً اسکان ہی پڑھا ہے اور فتح عربیت میں اقوی ہونے کی وجہ سے ورشؒ نے خود اختیار کیا ہے۔ میں نے شیخ ابوالفتحؒ سے فتح ہی پڑھا ہے۔" محققؒ کہتے ہیں" ورشؒ سے دونوں وجوہ صحیح ثابت ہیں مگر نافعؒ کی قراءۃ اسکان ہے۔" ابوشامہؒ نے اسکان کی تضعیف کی ہے جو سراسر لغو اور باطل ہے کیونکہ اسکان منصوص ہے مجتہدات سے نہیں ہے اور یہی ایک کلمہ ہے جسمیں الف کے بعد یا کا اسکان روایت کیا گیا ہے۔ لہٰذا اسکان والوں کے لیے مد لازم ہوتا ہے جسمیں وقفاً توسط و قصر جائز نہیں اور متحرک پڑھنے والوں کے لیے وقفاً وجوہ ثلثہ جائز ہیں کیونکہ اُن کے لیے سکون عارضی وقفی ہے اور یاء اضافت کی حرکت ساکن ماقبل کی بنا پر اصلی بنی ہوئی تھی جس طرح حَيْثُ اور كَيْفَ میں ثاؤ فا کی حرکت اصل ہو گئی ہے برخلاف دُعَائِيَ الف کے کہ اسپر ہمزۂ مابعد کی وجہ سے حرکت آئی ہے اور عارضی ہے لہٰذا اگر اسپر وقف کیا جائے تو ورشؒ کے لیے مد بدل کی وجہ ثلثہ جائز

ع۱۲ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ (انعام میں) مدنی ع۱۳ مِنْ وَّرَآئِي وَكَانَتْ (مریم) ع۱۴ شُرَكَآئِي قَالُوْا (فصلت) دونوں میں کی ع۱۵ صِرَاطِي مُسْتَقِيْمًا۔ (انعام) ع۱۶ اِنَّ اَرْضِي وَاسِعَةٌ (عنکبوت) دونوں میں شامی فتح پڑھتے ہیں۔

ع۱۷ وَلْيُؤْمِنُوْا بِي لَعَلَّهُمْ (بقر) ع۱۸ لِي فَاعْتَزِلُوْنِ (دخان) دونوں کو ورش ع۱۹ مَعِيَ بَنِي (اعراف) ع۲۰ مَعِيَ عَدُوًّا (توبہ) ع۲۱ لِي عَلَيْكُمْ (ابراہیم) ع۲۲-۲۴ مَعِيَ صَبْرًا۔ (کہف تین) ع۲۵ مَعِيَ وَذِكْرُ (انبیاء) ع۲۶ مَعِيَ رَبِّي (شعراء) ع۲۷ مَعِيَ رِدْاً (قصص) ع۲۸ وَلِيَ نَعْجَةٌ۔ ع۲۹ لِيَ مِنْ عِلْمٍ (ہود وص) ان گیارہ کو حفص مفتوح پڑھتے ہیں

ع۳۰ يٰعِبَادِيَ لَا خَوْفٌ (زخرف) کو ابوبکرؒ وصلاً مفتوح وقفاً ساکن۔ مدنی بصریؒ اور شامیؒ حالین میں ساکن پڑھتے ہیں اور باقی ائمہ حالین میں محذوف رکھتے ہیں۔

مسئلہ۔ حرکت یا اضافت کا اختلاف وصلی ہے وقفاً بلا خلاف اسکان ہوتا ہے

باب ہشتم حذف و اثبات یاآت زوائد

یاآت زوائد اُن کو کہتے ہیں جو مصاحف عثمانیہ میں مرسوم نہیں ہیں۔ اور انمیں صرف وصلاً یا وصلاً و وقفاً حذف و اثبات کا اختلاف ہوتا ہے۔ حرکت و اسکان کا نہیں ہوتا۔ انکی دو قسمیں ہیں ع۱ منادیٰ کے بعد ع۲ غیر منادیٰ کے بعد۔ پہلی قسم منادیٰ کی بعد سیا کبھی جزو کلمہ نہیں ہوتی ہمیشہ یا ضمیر ہوتی ہے اور حالین میں اسکے حذف پر اجماع ہے۔ خواہ حرف ما

ع۱ يٰعِبَادِيَ (زخرف) مصحف مدینہ و شام میں بالیاء اور مصحف مکہ و عراق میں بحذف یا مرسوم تھا۔ اور یہی ایک کلمہ ہے جسمیں منادیٰ کے بعد قبل از متحرک یا کا اضافت مرسوم ہے اسی بنا پر اسمیں حرکت و اسکان اور اثبات و حذف کا اختلاف ہے اور اسی وجہ سے دانیؒ نے اسکو یاآت اضافت اور زوائد دونوں میں لیا ہے ع۲ جس یا کے اثبات میں صرف وقفاً اختلاف ہو اسکو زائدہ نہیں کہتے۔ ایسی یاآت باب الرسم میں بیان ہوئیں۔

موجود ہو یا مقدر اور کسرہ اسکا قایم مقام مستصور ہوتا ہے جیسے یٰعِبَادِ۔ یٰقَوْمِ۔ رَبِّ اِنِّی ولیکن میں جگہ (عنکبوت اور اخر زمر میں ساکن مابعد کی وجہ سے باجماع اور زخرف میں بخلاف منادیٰ کے بعد بھی یا مرسوم ہی ان تینوں کا ذکر باب ماسبق میں گزرا قسم دوم۔ غیر منادی کے بعد یعنی دیگر اسماء و افعال کے ساتھ اس باب میں یہی زیر بحث ہے یہ زائدہ بھی ہوتی ہے یعنی نصب و جر کے محل میں یا ضمیر اور لام فعل بھی جیسے دَاعِ۔ یَسْرِ وغیرہ۔ مؤخر الذکر اٹھارہ میں تیرہ وسط آیات میں اور پانچ رؤس آیات پر ان سب میں اختلاف ہے۔ مقدم الذکر ایک سو تین ہیں ۱۰۳ اگر فَلَا تَسْئَلْنِیْ (کہف) کو شمار نہ کریں جو باجماع مرسوم ہے۔ ان میں سے بائیس ۲۲ وسط آیات میں ہیں یہ بھی سب مختلف فیہ ہیں اور اکیاسی ۸۱ رؤس آیات پر ان میں سے بھی بائیس میں اختلاف ہے۔ باقی اُنسٹھ ۵۹ کے حذف پر قراء سبعہ کا اجماع ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ قراء سبعہ کے نزدیک مختلف فیہ باسٹھ ہیں ۶۲ ہم ان اٹھارہ یا ات کو

۱؎ یہ حسب ذیل ہیں ۲۱ فَارْهَبُوْنِ (بقر و نحل) ۳ تا ۶ فَاتَّقُوْنِ (بقر۔ نحل۔ مؤمنون۔ زمر۔) ۷ تا ۱۷ وَاَطِيْعُوْنِ۔ (آل عمران۔ شعراء آٹھ۔ زخرف۔ نوح) ۱۸۔۱۹ فَلَا تُنْظِرُوْنِ (اعراف۔ یونس) ۲۰ ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ (ہود) ۲۱ تا ۲۳ عِفَاءً (رعد۔ غافر) ۲۴ تا ۲۶ فَاعْبُدُوْنِ (انبیاء و عنکبوت) ۲۷۔۲۸ تَسْتَعْجِلُوْنِ (انبیاء۔ ذریٰت) ۲۹ تا ۳۱ كَذَّبُوْنِ (مؤمنون ۲۔ شعراء) ۳۲۔۳۳ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ (شعراء و قصص) ۳۴ تا ۳۶ يَهْدِيْنِ (شعراء۔ صافات۔ زخرف) ۳۷ فَهُوَ يَهْدِيْنِ (شعراء) ۳۸ وَلَا تَكْفُرُوْنِ (بقر) ۳۹ فَاَرْسِلُوْنِ ۴۰ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ۴۱ اَنْ تُفْسِدُوْنِ (ہر سہ یوسف) ۴۲ مَتَابِ (ہود و رعد) ۴۳ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۴۴ وَلَا تُخْزُوْنِ (ہر دو حجر) ۴۵ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۴۶ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ۴۷ وَلَا تُكَلِّمُوْنِ (ہر سہ مؤمنون) ۴۸ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۴۹ وَيَشْفِيْنِ ۵۰ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۵۱ ثُمَّ يُحْيِيْنِ۔ (ہر چہار شعراء) ۵۲ حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ (نمل) ۵۳ فَاسْمَعُوْنِ (یٰسٓ) ۵۴ عَذَابِ (ص) ۵۵ لِيَعْبُدُوْنِ ۵۶ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ۔ (ہر دو ذریٰت) ۵۷ (كِيْدُوْنِ (مرسلات) ۵۸ دِيْنِ (کافرون)

۲؎ دانی نے نمل و مر کی دونوں یا ات کو خارج کر کے اکسٹھ بتائی ہیں ز حرف کی یاکو یا ات اضافت اور زوائد دونوں میں شامل کیا ہے چنانچہ اوپر درج ہوا۔ شاطبی نے پہلی دونوں کو باجماع مصاحف مرسوم نہونیکی وجہ سے باب زوائد میں اور تیسری کو مصاحف مدینہ و شام میں مرسوم ہونیکی وجہ سے باب اضافت میں لیا ہے طلباء کے لیے یہ زیادہ آسان ہے ایک اور لطیفہ یہ ہے کہ دانی نے فَلَا تَسْئَلْنِیْ (کہف) کو زوائد میں گنا ہے حالانکہ وہ باجماع مصاحف مرسوم ہے اسی وجہ سے شاطبی نے اسکو داخل شمار نہیں کیا اور نون کو لے لیا مگر یہ خلاف طریقہ ہے۔ اسی وجہ سے دانی نے اسکو نہیں گنا۔ حق یہ ہے کہ فَلَا تَسْئَلْنِیْ میں

جولام فعل ہیں اور اُن بائیس یاآت کو جو زائدہ وسط آیات میں ہیں ایک فصل میں اور اُن زائدہ کو جو رُوس آیات میں ہیں دوسری فصل میں بیان کرتے ہیں۔

پہلے طلباء یہ یاد رکھیں کہ مکی حاملین ہیں۔ مدنی اور بصری وصلاً اثبات کرتے ہیں اس قاعدہ کو ہر جگہ پیش نظر رکھا جائے اور صرف وصلاً اثبات کرنیوالوں کے لیے بحالت روم بھی اثبات نہیں ہے کیونکہ وہ بھی وقف ہے۔ باقی حضرات کا مذہب حذف ہے مگر شاطم نے ایک جگہ حالین میں حفص نے ایک جگہ وصلاً اور وقفاً بخلاف حمزہ نے ایک جگہ حالین میں اور ایک جگہ وصلاً اور کسائی نے دو جگہ وصلاً اثبات کیا ہے اور ہر یاء زائدہ ساکنہ کے بعد اسکا اثبات کیا جائے حرکت لازمی ہے

فصل اوّل اُن چالیس یاآت میں جو لام کلمہ یا وسطِ آیات میں زائدہ ہیں

تنبیہ۔ شناخت کے لیے ہم اُن یاآت کے بعد جو لام کلمہ ہیں ل اور جو رُوس آیات پر ہیں انکے بعد ل۔ را۔ درج کرینگے اور باقی یاآت ضمیر ہیں۔

۱ یَوْمَ یَاْتِ (ہود) ۲ مَا کُنَّا نَبْغِ (کہف) ۳ اَلْجَوَارِ (شوریٰ) ۴ اَلْمُنَادِ (ق) ۵ اِلَی الدَّاعِ (قمر) ۶ اِذَا یَسْرِ (فجر) ۷ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ (اسراء) ۸ اَنْ تُمْدِیَنِ ۹ اَنْ یُّؤْتِیَنِ۔ ۱۰ اَنْ تُعَلِّمَنِ (کہف) ۱۱ اَلَّا تَتَّبِعَنِ (طٰہٰ) ۱۲ اَتُمِدُّوْنَنِ (نمل) ان میں حرمی و بصری نے اثبات کیا ہے پہلی دونوں یاآت میں کسائی وصلاً اور مؤخر الذکر میں حمزہ حالین میں شریک ہیں

۱۳ وَالْبَادِ (حج) ۱۴ کَالْجَوَابِ (سبا) دونوں جگہ ورش مکی اور بصری۔

۱۵-۱۶ فَهُوَ الْمُهْتَدِ (اسراء و کہف) ۱۷ وَمَنِ اتَّبَعَنِ (آل عمران) تینوں میں مدنی و بصری۔ ۱۸ دَعْوَةَ الدَّاعِ (بقر) ۱۹ اِذَا دَعَانِ (بقر) دونوں میں ورش و بصری اور قالون

لہ امام حمزہ نون کالون میں ادغام کرتے ہیں چنانچہ باب ادغام میں آئیگا ۱۲

Marfat.com

بخلاف اثبات کرتے ہیں مگر قالونؒ کے لئے حذف مقدم[1] اور اصح اور مطابق طریقہ ہے
اثبات زیادات قصیدہ سے ہے لیکن متروک نہیں

اِنْ تَرَنِ (کہف) ع۲۱ اِتَّبِعُوْنِ (غافر) دونوں میں قالونؒ و مکیؒ و بصریؒ ع۲۲
حَتّٰی تُؤْتُوْنِ (یوسف) میں مکیؒ و بصریؒ ع۲۳ فَلَا تَسْئَلْنِ۔ (ھود) میں ورشؒ و بصریؒ ع۲۴ اَیْدَعُ
الدَّاعِ (قمر) میں ورشؒ یزیؒ و بصریؒ ع۲۵ قَانِتُوْنِ (بقر) ع۲۶ وَخَافُوْنِ (آل عمران
ع۲۷ وَاخْشَوْنِ (مائدہ) ع۲۸ وَقَدْ هَدَانِ (انعام) ع۲۹ وَلَا تُخْزُوْنِ (ہود) ع۳۰
بِمَا اَشْرَكْتُمُوْنِ (ابراہیم) ع۳۱ وَاتَّبِعُوْنِ (زخرف) ع۳۲ ثُمَّ كِيْدُوْنِ (اعراف)
ان آٹھوں میں بصریؒ اثبات کرتے ہیں اور مؤخر الذکر میں ہشامؒ نے بھی حالین میں اثبات کیا ہے
ہمارے طرق پر حذف درست نہیں[2]

ع۳۳ التَّلَاقِ ع۳۴ التَّنَادِ (ہر دو غافر) میں ورشؒ و مکیؒ قالون بخلاف اثبات کرتے ہیں

---

[1] حذف اور دَعَانِ۔ میں قالونؒ کیلئے جمہور اہل مغرب حذف کہتے ہیں۔ تیسیر کافی۔ ہادی۔ ہدایہ۔ تبصرہ اور تلخیص وغیرہ میں حذف ہی مروی ہے۔ سبط الخیاطؒ نے تبصرہ میں اور حافظ ابو العلاؒ نے غایہ میں اثبات روایت کیا ہے۔ شاطبیؒ نے اثبات نقل کیا ہے مگر اسکو مشاہیر کا مذہب نہیں بتایا۔ محققؒ دونوں کی تقسیم کر کے کہتے ہیں "حذف اکثر کے نزدیک مختار اور اشہر ہے"

[2] دانیؒ نے باب الزوائد تیسیر میں ہشامؒ کے لیئے اثبات بلا خلاف اور باب الفرش میں بخلاف درج کیا ہے۔ شاطبیؒ نے اسکو پیش نظر رکھ کر خلاف نقل کر دیا۔ حالانکہ ہمارے طرق پر حذف صحیح نہیں۔ دانیؒ جامع البیان میں کہتے ہیں "یہ ابو الفتحؒ اور ابو الحسنؒ سی بطریق حلوانیؒ ہشامؒ کے لیئے اثبات پڑھا ہے" اور مفردات میں کہتی ہیں "ہشامؒ نے ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا میں وصلاً و وقفاً اثبات پڑھا ہے۔ خلاف بھی حکایت کیا گیا ہے مگر میں حالین میں اثبات لیتا ہوں" یہ صریح و صاف نص ہے کہ اثبات ہی ماخوذ ہے۔ محققؒ کہتے ہیں کہ جب دانیؒ اثبات پڑھتے اور لیتے تھے تو اُن کے طریقہ سے حذف کیسے لیا جا سکتا ہے۔ "بعض اہل نے ہشامؒ کے لیئے صرف وصلاً اثبات روایت کیا ہے"۔ ظاہراً دانیؒ نے خلاف کا اشارہ اسی کیطرف کیا ہے یعنی وقف میں خلاف ہے۔ شاطبیؒ نے ظاہر تیسیر کا اتباع کیا ہے کہ اسکے بعد کہتے ہیں "وصلاً ہشامؒ کے لئے حذف ہماری کتاب کے کسی طریقہ سے اور ہمارے ائمہ میں سے کسی امامؒ سے ثابت و منصوص نہیں۔ البتہ وقفاً طرق نشر سے حذف و اثبات دونوں صحیح ہیں اور وصلاً اثبات کے سوا کوئی وجہ جائز نہیں" حق یہ ہے کہ ہمارے طرق پر ہشامؒ کے لیئے حالین میں صرف اثبات ہے حذف جائز نہیں۔ دونوں ائمہ اسمیں طریقہ سے نکل گئے۔

مگر قالونؒ کے لیے اثبات خلافِ طریقہ اور ضعیف ہے [۳۵] بالواد (فجر) میں رشؒ وملیؒ اثبات کرتے ہیں قنبلؒ کو وقفاً خلاف ہے [۳۶] المتعال (رعد) میں ملیؒ اثبات کرتے ہیں [۳۷] ومن یتق (یوسف) میں بلا خلاف اور [۳۸] ترتع (یوسف) میں بخلاف قنبلؒ اثبات کرتے ہیں۔ مؤخر الذکر میں اثبات خلاف طریقہ ہے۔

[۳۹] فما اتنِ اللہ (نمل) میں مدنیؒ بصریؒ اور حفصؒ وصلاً باثبات یا مفتوحہ اور وقفاً ورشؒ بحذف اور قالونؒ وبصریؒ وحفصؒ باثبات وحذف پڑھتے ہیں [۴۰] فبشر عبادِ الذین (زمر) میں سوسیؒ بخلاف وصلاً باثبات یا مفتوحہ اور وقفاً باثبات یا ساکنہ پڑھتے ہیں سوسیؒ کے لیے حالین میں اثبات معمول بہا خود ہے مگر خلاف طریقہ ہے ابن جریرؒ کے طریقہ سے

[۳۵] تلاقِ اور تنادِ میں قالونؒ کے لیے دانیؒ اور شاطبیؒ دونوں نے اثبات بخلاف بیان کیا ہے مگر اس اثبات میں شیخ عبد الباقیؒ متفرد اور تمام رواۃ کے خلاف ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں ابو نشیطؒ وحلوانیؒ سے کسی نے اثبات نقل نہیں کیا۔ بلکہ ابو مروانؒ کے سوا قالونؒ سے بھی اور کوئی اثبات روایت نہیں کرتا۔ ابراہیم اور اسمٰعیل ابناء قالونؒ ابراہیم بن وازلؒ۔ احمد بن صالح۔ قاضی اسمٰعیل حسن بن علی اشنامؒ حسین بن عبد اللہ تعلمؒ عبد الصمد بن عیسےٰ مدنیؒ۔ عبید اللہ بن محمد عمریؒ۔ محمد بن عبد الحکیمؒ۔ محمد بن ہارون مروزیؒ۔ مصعب بن ابراہیمؒ۔ زبیر ابن محمد زبیریؒ۔ اور عبد اللہؒ بن فلیحؒ وغیرہ تمام تلامذہ قالونؒ کا حذف پر اجماع ہے"

[۳۶] دانیؒ نے باب الزوائد تیسیر میں ترتع کو قطعاً نہیں لیا۔ باب الفرش سورہ یوسف میں کہتے ہیں "اس میں دو محذوف ہیں تؤتونِ اور ترتعِ" یعنی یہاں ہی اسکو روایتاً بیان نہیں کیا۔ پھر حسب عادت حکایتاً کہتے ہیں "ابو ربیعہؒ اور ابن الصباحؒ نے قنبل سے ترتعِ میں اثبات روایت کیا ہے۔ باقی تمام رواۃ حذف کہتے ہیں" تیسیر میں روایت قنبلؒ کا طریقہ ابن مجاہدؒ میں ان کا مذہب صرف حذف ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "ابن شنبوذؒ نے تمام طرق سے اثبات روایت کیا ہے۔ یہی ابو ربیعہؒ۔ ابن الصباح ابن بقرہؒ نظیفؒ اور رزینیؒ وغیرہ کی روایت ہے اور ابن مجاہدؒ نے صرف حذف روایت کیا ہے۔ یہی عباسؒ بن فضلؒ عبد الجبار بن احمد طبریؒ واحمد بن محمد بقطینیؒ۔ ابراہیمؒ بن عبد الرزاقؒ ابن بویانؒ وغیرہ کی روایت ہے۔ دونوں وجوہ صحیح اور تیسیر وشاطبیہ میں ہیں مگر اثبات ان کے طریقے سے نہیں۔ لہٰذا یہ ان مقامات میں سے ہے جہاں صاحب تیسیر طریقہ سے نکل گئے" تعجب ہے کہ محققؒ نے دانیؒ کو کس طرح طریقہ سے باہر کہدیا۔ حالانکہ انہوں نے اسکو روایتاً نہیں حکایتاً لیا ہے۔ البتہ شاطبیؒ سے اثبات روایتاً مفہوم ہوتا ہے۔ لہٰذا وہ طریقہ سے باہر ہیں۔

[۳۳] قالونؒ وبصریؒ وحفصؒ کے لیے وقفاً ابن مجاہدؒ۔ ابو الحسنؒ۔ ابو الفتح عبد الواحدؒ اور ابو محمد مکیؒ وغیرہ کا مذہب اثبات ہے۔ اور جمہور اہل عراق کا مسلک حذف ہے۔ تیسیر وشاطبیہ اور تجریدہ وغیرہ میں دونوں وجہ مروی اور دونوں صحیح ہیں۔

[۴۲] دانیؒ نے ابو الفتحؒ سے سوسیؒ کے لیے بطریق محمد بن اسمٰعیل قرشیؒ وصلاً زمر میں یا مفتوحہ کا اثبات پڑھا ہے یہی اکثر اہل عراق کا مذہب ہے۔ وقفاً اختلاف ہے حافظ ابو العلاءؒ اور سبط الخیاطؒ اثبات اور ابن الفحامؒ وغیرہ حذف کہتے ہیں۔ یہی دانیؒ کے نزدیک مختار ہے۔ چنانچہ تیسیر میں کہتے ہیں۔ ابو حمدونؒ وغیرہ نے یزیدیؒ سے

صرف حذف ہے۔ زوائد میں سے یہی دو یا ات ہیں جنمیں ساکن ما بعد کی وجہ سے اہل اثبات نے فتح پڑھا ہے

فصل دوم اُن زوائد میں جو ضمیر اور اُس آیات ہیں

۱ وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ (ابراہیم) میں ورش بزیؒ بصریؒ حسب قاعدہ اور حمزہؒ وصلاً اثبات کرتے ہیں ۲ اَکْرَمَنِ ۳ اَهَانَنِ (بہر دو فجر) میں مدنیؒ و بزیؒ اثبات کرتے ہیں۔ بصریؒ کے لیئے بعض نے حذف و اثبات میں تخییر روایت کی ہے مگر ہمارے طرق پر حذف اولیٰ ہے ۴ تا ۶ وَعِيْدِ (ابراہیم۔ ق دو) ۷ تا ۱۰ نَكِيْرِ (حج۔ سبا۔ فاطر۔ ملک) ۱۱ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ (قصص) ۱۲ وَلَا يُنْقِذُوْنِ (یٰسٓ) ۱۳ لَتُرْدِيْنِ (صٰفّٰت) ۱۴ اَنْ تَرْجُمُوْنِ۔ ۱۵ فَاعْتَزِلُوْنِ (ہر دو دخان) ۱۶ تا ۲۱ وَنُذُرِ (قمر چھ) ۲۲ نَذِيْرِ (ملک) ان سب میں ورش اثبات کرتے ہیں۔

تنبیہ اس باب میں جو کلمات محذوف الیاء مختلف فیہ بیان ہوئے ہیں اُن میں سے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) وصلاً اثبات مفتوحا و وقفاً حذف روایت کیا ہے اور میرے نزدیک ابو عمروؒ کے قول اتباع رسم کا قیاس یہی ہے" باقی تمام اہل اداء نے حالین میں حذف روایت کیا ہے۔ یہی تذکرہ۔ کافی۔ عنوان۔ اور تلخیص العبارات میں ہے۔ محققؒ کہتے ہیں "دانیؒ نے ابو الحسنؒ اور ابو الفتحؒ سے بطرق ابن جریرؒ وغیرہ حالین میں حذف پڑھا ہے یہی تیسیر میں ہونا چاہئے تھا" پھر کہتے ہیں "دیگر طرق سے وصلاً اثبات مفتوحہ اور حذف اور وقفاً اثبات ساکنہ اور حذف صحیح اور منصوص ہے" خلاصہ یہ ہے کہ علامہ دانیؒ اسمیں طریقہ سے نکل گئے مگر وجوہ بیان کردہ ماخوذ و معمول ہیں۔

(حاشیہ صفحہ ہذا) علامہ دانیؒ تیسیر میں کہتے ہیں بصریؒ نے حذف و اثبات میں مختار کیا ہے لیکن رؤس آیات کے متعلق انکا مقولہ حذف کو لازم کرتا ہے۔ میں نے حذف ہی پڑھا ہے اور حذف ہی اختیار کرتا ہوں" شاطبیؒ کہتے ہیں "بصریؒ کیلئے حذف اولیٰ قرار دیا گیا ہے" ہادی۔ ہدایہ۔ تلخیص اور کامل میں تخییر مذکور ہے۔ تذکرہ۔ عنوان۔ تبصرہ اور کافی میں حذف مروی ہے یہی جمہور اہل عراق کا مسلک ہے۔ ارشاد مہیج میں صرف اثبات ہے۔ ابن بلیمہؒ نے دونوں وجوہ بیان کی ہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "دونوں وجوہ مشہور ہیں تخییر اکثر کا مذہب ہے اور حذف بہت زیادہ مشہور ہے"

Marfat.com

بعض کلمات[1] دیگر مقامات میں اجمالاً یا لیاد مرسوم ہیں۔

باب لسبت و یحم اصول متفرق

ابواب ماسبق میں جو اختلافات بیان کیئے گئے ہیں اُن کے علاوہ بعض اصولی اختلاف اور ہیں جن میں مذاہب قرار بطور کلیہ بیان ہوتے ہیں۔ اور بعض ایسے حروف ہیں جن کے اختلاف کو کُلّی تو نہیں کہہ سکتے مگر وہ ایک سے زیادہ مقامات میں پائے جاتے ہیں۔ ہمارے شیوخ و ائمہ انکو اسطرح بیان کیا کرتے ہیں کہ دورانِ فرش میں جو ایسا کلمہ آتا ہے وہاں اسکا حکم درج کر دیتے ہیں۔ اسکے بعد پھر بیان نہیں کرتے۔ اکثر آدمیوں کو عموماً پہلا کلمہ کا محل وقوع یاد نہیں ہوتا جس سے ضرورت کے وقت ان کی تلاش میں دشواری ہوتی ہے۔ اس دقت کو رفع کرنے کے لئے ہم نے یہ دو باب مستقل درج کئے ہیں ایک میں اصول متفرق اور دوسرے میں فرش مکرر بہ ترتیب حروف تہجی بیان کیے ہیں اور کثیر الوقوع کے سوا ہر حرف کے مقامات درج کر دیئے ہیں تاکہ آسانی سے ضبط ہو سکیں۔

دونوں بابوں میں پہلے کلمۂ قرآن بروایت حفص درج کیا ہے پھر اختلاف قرأت بیان کر کے حسبِ ضرورت اختلافی صورت دکھائی ہے۔ اس باب میں اصول متفرق اور آیندہ باب میں فرشِ مکرر بیان ہونگے۔ واللہ الموفق

---

[1] چنانچہ وَاخْشَوْنِي وَلَأُتِمَّ ۲ يَأْتِي يَا الشَّمْسِ (ہر دو بقر) ۳ فَاتَّبَعُونِي يُحْبِبْكُمُ (آل عمران) ۴ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَمَنْ (اعراف) ۵ فَكِيدُونِي جَمِيعًا (ہود) ۶ مَا تَبْغِي هَٰذِهِ ۷ وَمَنِ اتَّبَعَنِي (ہر دو یوسف) ۸ فَلَا تَسْأَلْنِي عَنْ (کہف) فَاتَّبَعُونِي وَأَطِيعُوا (طٰہٰ) أَنْ يَهْدِيَنِي سَوَاءَ (قصص) ۱۱ وَأَنِ اعْبُدُونِي هَٰذَا (یٰسٓ) ۱۲ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلَىٰ (منفقون) ۱۳ دُعَائِي إِلَّا (نوح) ۱۴-۱۵ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ (عنکبوت و زمر) مصنف نے کیساتھ بِهُدَى الْعُمْيِ (نمل) کو ملحق کر سکتے ہیں۔ مؤخر الذکر میں ساکن ما بعد کی وجہ سے کوئی یا نہیں پڑھتا اور اس سے پہلے چاروں یا ات کا ذکر باب یا ات اضافت میں گزرا اور فَلَا تَسْأَلْنِي میں ابن ذکوان بخلاف حذف کرتے ہیں باقی ائمہ کے نزدیک اثبات ہے۔

Marfat.com

(۱) لفظ اَنَا ضمیر منفصل واحد متکلم) کا نون مصاحف میں باثبات الف لکھا ہوا ہے تاکہ اِنْ اَنْ - اِنَّ اور اَنَّ سے ممتاز ہو سکے - وصلاً تمام قراء اسکو بحذف الف پڑھتے ہیں اور وقفاً باجماع اثبات کرتے ہیں لیکن لٰکِنَّا (کہف) کو شامیؒ نے اور اَنَا کو جب اسکے بعد ہمزۂ قطعیہ مفتوحہ[1] یا مضمومہ واقع ہو - مدنیؒ نے وصلاً بھی باثبات پڑھا ہے جیسے اَنَا اَوَّلُ اور اَنَا اُحْیٖ - وغیرہ اور ہمزہ قطعیہ مکسورہ سے قبل صرف قالونؒ بخلاف اثبات کرتے ہیں اور بحالتِ اثبات حسب قاعدہ مد منفصل ہوتا ہے -

(۲) اُکُلٌ جب ہا رتانیث کی جانب مضاف ہو تو حرمیؒ و بصریؒ اور دیگر حالات میں حرمیؒ سکون کاف سے اُکُلُہَا - اُکُلَہٗ - اُکُلٍ - فِی الْاُکُلِ اور باقی ضمہ کاف سے پڑھتے ہیں[2]

(۳) اُذُنٌ نکرہ ہو یا معرفہ مدنیؒ سکون ذال سے اُذْنٌ - وَالْاُذْنَ اور باقی ضمہ ذال سے پڑھتے ہیں -

(۴) - اَرِنَا - اور اَرِنِیْ - مکیؒ و سوسیؒ سکون را سے اَرْنَا - اَرْنِیْ - دوریؒ[3] اختلاس کسرۂ را سے اور باقی کسرۂ کاملہ سے پڑھتے ہیں - لیکن اَرْنَا الَّذَیْنِ (فصلت) کے سکون را میں شامیؒ و ابوبکرؒ بھی - مکیؒ و سوسیؒ کے ساتھ شریک ہیں -

---

[1] اَنَا ہمزہ مفتوحہ سے قبل دس جگہ واقع ہوا ہے ۱ اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ (انعام) ۲ اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْنَ (اعراف) ۳ اَنَا اَخُوْکَ (یوسف) ۴ اَنَا اَکْثَرُ ۵ اَنَا اَقَلُّ (ہر دو کہف) ۶-۷ اَنَا اٰتِیْکَ (نمل دو) ۸ وَاَنَا اَدْعُوْکُمْ - (غافر) ۹ اَنَا اَوَّلُ الْعَابِدِیْنَ (زخرف) ۱۰ اَنَا اَعْلَمُ (ممتحنہ) اور مضمومہ سے قبل دو جگہ آیا ہے - اَنَا اُحْیٖ (بقر) اَنَا اُنَبِّئُکُمْ (یوسف) اور مکسورہ سے قبل تین جگہ آیا ہے - اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ (اعراف و شعرا) وَمَا اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ - (احقاف)

[2] اسکان حرکت کا متعدد کلمات میں اختلاف ہے مگر سب میں مذہب ایک نہیں - اسلیے ہم نے ان کو جدا جدا درج کیا ہے -

[3] اختلاس اسراع و اخفاء حرکت کو کہتے ہیں بعض کے نزدیک دو تہائی حرکت ادا کرنیکا نام اختلاس ہے اور بعض کہتے ہیں حرکت کو اسطرح ادا کریں کہ اسکا بعض حصہ منقود ہو جائے - مآل ایک ہے - اختلاس حرکات ثلثہ میں جائز ہے - اسمیں قراء اور نحاۃ کا اتفاق ہے - مگر اہل ادا کے یہاں روایت و سماعت شرط ہے اور انہیں الفاظ میں اختلاس کرتے ہیں جن میں مدی ہو - نحاۃ کے نزدیک روم و اختلاس باریک چیز ہیں اور اہل ادا کے یہاں روم میں سکون کی جانب اور اختلاس میں حرکت کی جانب میلان زیادہ ہوتا ہے - اختلاس سکون نہیں - اسمیں حرکت کا اسی طرح نطق ہوتا ہے کہ حرکت کاملہ مسموع نہ ہو

Marfat.com

(۵) اَصْدَقَ۔ یُصْدِرَ۔ جن کلمات میں صاد ساکن کے بعد دال پائی جائے انکو حمزہؒ وکسائیؒ صاد میں اشمام[1] بالزاء کے اَصْدَقَ۔ یُصْدِرَ۔ اور باقی صاد خالص پڑھتے ہیں

(۶) اُمِّ کلمۂ مفرد دو جگہ کسرہ کے بعد فَاِلْاُمِّهٖ (ہر دو نساء) اور دو جگہ یا ساکنہ کے بعد فِیْ اُمِّهَا (قصص) فِیْ اُمِّ الْکِتٰبِ (زخرف) میں واقع ہوا ہے۔ حمزہؒ وکسائیؒ چار وجگہ ہمزہ کے کسرہ سے فَلِاِمِّهٖ فِیْ اِمِّهَا۔ فِیْ اِمِّ الْکِتٰبِ اور باقی ائمہ ہمزہ کے ضمہ سے پڑھتے ہیں۔ اور اگر ہمزہ سے قبل کسرہ یا یاء ساکنہ نہ ہو تو ضمہ پر اجماع ہے۔

(۷) اُمَّهٰتِکُمْ جمع چار جگہ کسرہ کے بعد آئی ہے۔ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِکُمْ (زمر۔ نجم) اور بُیُوْتِ اُمَّهٰتِکُمْ (نور) بحالتِ وصل حمزہؒ۔ ہمزہ اور میم دونوں کے کسرہ سے۔ اِمَّهٰتِکُمْ اور کسائیؒ ہمزہ کے کسرہ اور میم کے فتح سے اِمَّهٰتِکُمْ اور باقی ہمزہ کے ضمہ اور میم کے فتح سے پڑھتے ہیں اور بُیُوْت ابتداء ہمزہ کے ضمہ اور میم کے فتح پر اجماع ہے

(۸) اگر اُمِّ کی جانب منادیٰ مضاف ہو چنانچہ اعراف میں قَالَ ابْنَ اُمَّ اور طٰہٰ میں یَبْنَؤُمَّ ہے تو شامیؒ۔ ابوبکرؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ میم کے کسرہ سے قَالَ ابْنَ اُمِّ۔ یَبْنَؤُمِّ اور باقی میم کے فتح سے پڑھتے ہیں۔

(۹) اُبَلِّغُکُمْ (اعراف و احقاف ایک) بصریؒ یاء ساکنہ اور لام مخففہ سے اُبْلِغُکُمْ اور باقی باء مفتوحہ اور لام مشددہ سے پڑھتے ہیں

(۱۰) فَاَسْرِ (ہود۔ حجر۔ دخان) اَنْ اَسْرِ (طٰہٰ۔ شعراء) کو حرمیؒ۔ ہمزہ وصل مکسورہ سے جو درج کلام میں ساقط ہو جاتا ہے اور کلمۂ ثانیہ میں اجتماع ساکنین کی بنا پر نون کو حرکت کسرہ دیتے

[1] اشمام کے وہ معنی نہیں جو باب الوقف میں بیان ہوئے اشمام بالحرف سے یہ مراد ہے کہ صاد کی صوت میں زا کی بو دیں کہ نہ صاد خالص ادا ہوا اور نہ زاء خالص۔ بلکہ وہ ایک حرف وسیط فصیحہ بین بین ہے جس پر زا کی صوت غالب ہوتی ہے اسکا ادا کرنا بھی سماعت و مزاولت پر موقوف ہے۔

Marfat.com

ہیں۔(فَاسْرِ بِاَہْلِکَ اسْرِ اور باقی ہمزۂ قطعیہ مفتوحہ سے پڑھتے ہیں۔

(۱۱) اُفٍّ (اسراء۔انبیاء۔(حقاف) کوکیؒ وشامیؒ فاء مفتوحہ غیر منون سے اُفَّ بصریؒ ابوبکرؒ۔حمزہؒ اوکسائیؒ فاء مکسورہ غیر منون سے اُفِّ۔مدنیؒ اور حفصؒ فاء مخفوض منون سے پڑھتے ہیں۔

(۱۲) اُسْوَۃٌ (احزاب۔دو ممتحنہ ایک) کو غیر عاصمؒ ہمزہ کے کسرہ سے اِسْوَۃٌ اور عاصمؒ ضمہ سے پڑھتے ہیں

(۱۳) بَارِئِکُمْ۔(بقر دو)۔یَأْمُرُکُمْ۔یَأْمُرُہُمْ۔تَأْمُرُہُمْ[1]۔یَنْصُرْکُمْ (آلِ عمران۔ملک) اور وَمَا یُشْعِرُکُمْ (انعام) یہ چھوں کلمات کو بصریؒ تخفیفاً سکون ہمزہ اور سکونِ را سے بَارِئْکُمْ۔یَأْمُرْکُمْ۔نیز دوریؒ کسرہ ہمزہ اور ضمہ را کی اختلاس سے اور باقی ہمزہ کے کسرہ کاملہ اور را کے ضمہ کاملہ سے پڑھتے ہیں اور یہ اسکان اور اختلاس کا قاعدہ انہیں چھوں کلمات کے ساتھ مختص اور منصوص ہے کسی اور کلمہ میں جاری نہیں ہوسکتا۔

(۱۴) بُیُوتَ نکرہ ہو یا معرفہ۔قالونؒ۔مکیؒ۔شامیؒ۔ابوبکرؒ۔حمزہؒ اور کسائیؒ کسرہ باء سے بِیُوتَ فِی الْبُیُوتِ اور باقی ضمہ باء سے پڑھتے ہیں۔

(۱۵) بِالْبُخْلِ (نساء حدید) کو حمزہؒ وکسائیؒ باء وخا کے فتح سے بِالْبَخَلِ اور باقی باء کے ضمہ اور خا کے سکون سے پڑھتے ہیں۔

(۱۶) بُشْرًا (اعراف۔فرقان۔نمل۔) کو حرمیؒ۔بصریؒ۔نون وشین مضمومتین سے نُشُرًا۔شامیؒ۔نون مضمومہ اور شین ساکنہ سے نُشْرًا۔حمزہؒ وکسائیؒ نون مفتوحہ اور شین ساکنہ سے نَشْرًا اور عاصمؒ باء مضمومہ اور شین ساکنہ سے پڑھتے ہیں۔

(۱۷) تُنَزِّلُ۔یُنَزِّلُ۔نُنَزِّلُ۔فعل مضارع مضموم الاوّل کو معروف

[1] تینوں نو جگہ آئے ہیں۔بقر ۴۔آل عمران ۲۔نساء ۱ اعراف۔طور۔ایک ایک

ہو یا مجہول۔ باستثناء صیغہ واحد متکلم مکیؒ و بصریؒ نون کے اسکان اور زا کی تخفیف سے تُنْزِلُ یُنْزِلُ۔ اور نُنْزِلُ اور باقی نون کے فتح اور زا مشددہ سے پڑھتے ہیں اور یُنَزِّلُ الْغَیْثَ (لقمان و شوریٰ) میں نون کے سکون اور زا کی تخفیف میں حمزہؒ و کسائیؒ بھی شریک ہیں بصریؒ نے عَلٰی اَنْ یُّنَزِّلَ اٰیَۃً کو سورۂ انعام میں اور مکیؒ نے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ اور حَتّٰی تُنَزِّلَ عَلَیْنَا ہر دو کلمات اسراء کو اور دونوں نے وَمَا نُنَزِّلُہٗ کو سورہ حجر میں مستثنیٰ کر کے نون کے فتح اور زا مشددہ سے دیگر قراء کے مانند پڑھا ہے اور اسی حکم میں کلمات ذیل داخل ہیں۔ اِنِّیْ مُنَزِّلُہَا عَلَیْکُمْ (مائدہ) جس کو مکیؒ بصریؒ حمزہؒ اور کسائیؒ مُنَزَّلِیْنَ (آل عمران) اِنَّا مُنَزِّلُوْنَ (عنکبوت) دونوں کو غیر شامی اور اَنَّہٗ مُنَزَّلٌ۔ (انعام) کو غیر شامیؒ و حفصؒ نون کے سکون اور زا کی تخفیف سے اور باقی نون کے فتح اور زا کی تشدید سے پڑھتے ہیں۔

(۱۸) تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ (بقر۔ آل عمران۔ انفال۔ حج۔ فاطر۔ حدید میں ایک ایک جگہ ہے) شامیؒ حمزہؒ اور کسائیؒ تا کے فتح اور جیم کے کسر سے بصیغۂ معلوم تَرْجِعُ اور باقی تا کے ضمہ اور جیم کے فتح سے بصیغۂ مجہول پڑھتے ہیں اور یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ (آخر بقر) کو بصریؒ۔ یُرْجَعُ الْاَمْرُ (ہود) کو غیر مدنیؒ و حفصؒ کَاَنْ تُرْجَعُوْنَ (مؤمنون) کو حمزہؒ و کسائیؒ اور کَانَ یُرْجَعُوْنَ (قصص) کو مدنیؒ حمزہؒ و کسائیؒ تا و یا کے فتح اور جیم کے کسر سے اور باقی تا و یا کے ضمہ اور جیم کے فتح سے پڑھتے ہیں۔

(۱۹) تَذَکَّرُوْنَ کو جب ایک تا سے ہو تو حرمیؒ بصریؒ شامیؒ اور

Marfat.com

ابوبکرؒ دال کی تشدید سے تَذَّکَّرُوْنَ اور باقی ائمہ تخفیف سے پڑھتے ہیں۔
(۲۰) تَمَسُّوْھُنَّ (بقر دو احزاب ایک) حمزہؒ و کسائیؒ تا کے ضمہ اور میم کے بعد الف زیادہ کر کے بمد لازم تُمَاسُّوْھُنَّ اور باقی تا کے فتح سے بغیر الف کے پڑھتے ہیں۔
(۲۱) تَلْقَفُ (اعراف و شعراء) اور تَلْقَفْ (طٰہٰ) کو غیر حفصؒ لام کے فتح اور قاف مشددہ سے تَلَقَّفُ اور حفصؒ لام کے سکون اور قاف مخففہ سے پڑھتے ہیں۔ ابن ذکوانؒ نے تینوں جگہ فاکا رفع اور باقیوں نے اعراف و شعراء میں رفع اور طٰہٰ میں سکون پڑھا ہے
(۲۲) جِبْرِیْلَ (بقر دو۔ تحریم۔ ایک) مکیؒ جیم کے فتح اور را کے کسرہ لمسکے بعد یا ساکنہ سے بلا ہمزہ جَبْرِیْلَ ابوبکرؒ جیم و را۔ دونوں کے فتح اور اسکے بعد ہمزۂ مکسورہ زیادہ کر کے بغیر یا جَبْرَئِیْلَ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ بھی اسی طرح مگر ہمزہ کے بعد یا ساکنہ سے جَبْرَئِیْلَ اور باقی جیم و را دونوں کے کسرہ اور یا ساکنہ سے بلا ہمزہ پڑھتے ہیں۔
(۲۳) جُزْءًا (بقر زخرف) جُزْءٌ (حجر) کو ابوبکرؒ زا کے ضمہ سے جُزُءًا جُزُءٌ اور باقی سکون زا سے پڑھتے ہیں۔
(۲۴) خُطُوَاتِ کو مدنیؒ۔ بزیؒ۔ بصریؒ ابوبکرؒ اور حمزہؒ طا کے سکون سے خُطْوَاتِ اور باقی ضمہ سے پڑھتے ہیں۔
(۲۵) رَءُوْفٌ کو بصریؒ۔ ابوبکرؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ بقصر یعنی بغیر واو کے ہمزۂ مضمومہ سے رَؤُفٌ اور باقی ہمزۂ مضمومہ کے بعد اثبات واو ساکنہ سے پڑھتے ہیں۔
(۲۶) رِضْوَانٌ کو ابوبکرؒ را کے ضمہ سے رُضْوَانٌ پڑھتے ہیں۔ مگر ایک جگہ رِضْوَانَہٗ سُبُلَ (مائدہ) کو کسرہ را سے پڑھا ہے یہی باقی ائمہ کی ہر جگہ قراءت ہے

Marfat.com

(۲۷) رُعُبَ کو نکرہ ہو یا معرفہ۔ شامیؒ اور کسائیؒ ضمہ عین سے رُعُبَ اور اَلرُّعُبَ اور باقی سکون عین سے پڑھتے ہیں اور رُعْمًا (کہف) میں شامیؒ نے حا کا ضمہ اور باقیوں نے سکون پڑھا ہے۔

(۲۸) رَبْوَۃٍ (بقر۔ مؤمنون) کو حرمیؒ۔ بصریؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ را کے ضمہ سے رُبْوَۃٍ اور شامیؒ و عاصمؒ فتح سے پڑھتے ہیں۔

(۲۹) جب رُسُلُ اور سُبُلُ ضمیر جمع کی طرف مضاف ہو جیسے رُسُلُھُمْ رُسُلَکُمْ رُسُلُنَا اور سُبُلَنَا میں تو بصریؒ سین و ہا کے سکون سے رُسْلُھُمْ۔ رُسْلَکُمْ۔ رُسْلَنَا اور سُبْلَنَا اور باقی ضمہ سے پڑھتے ہیں۔

(۳۰) زَکَرِیَّا۔ کو حرمیؒ۔ بصریؒ۔ شامیؒ۔ اور ابو بکرؒ الف کے بعد ہمزہ زیادہ کر کے بہ متصل زَکَرِیَّاءُ۔ اور باقی ائمہ بلا ہمزہ و مد پڑھتے ہیں۔

(۳۱) زَبُوْرًا (نساء۔ بنی اسرائیل) اَلزَّبُوْرِ (انبیاء) کو حمزہؒ زا کے ضمہ سے زُبُوْرًا اور اَلزُّبُوْرِ۔ اور باقی قراء فتح سے پڑھتے ہیں۔

(۳۲) اَلسُّحْتِ (مائدہ۔ تین) کی بصریؒ۔ اور کسائیؒ حا کے ضمہ سے اَلسُّحُتِ اور باقی اسکے سکون سے پڑھتے ہیں۔

(۳۳) سِخْرِیًّا (مؤمنون۔ ص) کو مدنیؒ حمزہؒ اور کسائیؒ سین کے ضمہ سے سُخْرِیًّا اور باقی اسکے کسرہ سے پڑھتے ہیں۔

(۳۴) صِرَاطَ نکرہ ہو یا معرفہ قبل حسب اصل سین سے سِرَاطَ۔ اَلسِّرَاطَ اور خلف صاد کا زا سے اشمام کر کے صِرَاطَ اور اَلصِّرَاطَ اور باقی صاد خالص سے پڑھتے ہیں مگر سورۂ فاتحہ کے پہلے کلمہ میں خلادؒ نے بھی اشمام بالزا کیا ہے۔

(۳۵) صَابِئِيْنَ (بقر۔ حج۔) صَابِئُوْنَ (مائدہ) مدنیؒ بلا ہمزہ اور واو کے ماقبل کو ضمہ دیکر صَابِيْنَ اور صَابُوْنَ اور باقی یا رمکسورہ کے بعد پہلے کلمہ کو ہمزہ مکسورہ سے اور دوسرے کلمہ کو ہمزہ مضمومہ سے پڑھتے ہیں۔

(۳۶) ضِيَآءً (یونس۔ انبیاء قصص) کو قنبلؒ ہمزۂ مفتوحہ سے ضِئَآءً اور باقی یا مفتوحہ سے پڑھتے ہیں۔

(۳۷) طَيْرًا (آل عمران۔ مائدہ) کو مدنیؒ طا کے بعد الف زیادہ کر کے یا کی جگہ ہمزۂ مکسورہ سے طَآئِرًا مد کیساتھ۔ اور باقی بغیر الف کے طا مفتوحہ کے بعد یا ساکنہ سے پڑھتے ہیں

(۳۸) طُوًى (طٰہٰ۔ نزعٰت) حرمیؒ بصریؒ بلا تنوین طُوٰی اور باقی تنوین سے پڑھتے ہیں۔

(۳۹) عَسَيْتُمْ (بقر۔ محمدؐ) کو مدنی سین کے کسرہ سے عَسِيْتُمْ اور باقی فتح سے پڑھتے ہیں۔

(۴۰) عُيُوْنٍ اور شُيُوْخًا کو مکیؒ ابن ذکوانؒ۔ ابو بکرؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ عین شین کے کسرہ سے عِيُوْنٍ اور شِيُوْخًا اور علی جُيُوْبِهِنَّ کو مکیؒ ابن ذکوانؒ حمزہؒ اور کسائیؒ جیم کے کسرہ سے جِيُوْبِهِنَّ اور غُيُوْبٍ کو ابو بکرؒ و حمزہؒ غین کے کسرہ سے غِيُوْبٍ اور خُفْيَةً کو ابو بکرؒ خا کے کسرہ سے خِفْيَةً اور باقی عین شین۔ جیم۔ غین اور خا کے ضمہ سے پڑھتے ہیں۔

(۴۱) فَمَنِ اضْطُرَّ۔ وَقَالَتِ اخْرُجْ۔ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ وغیرہ دو کلمات میں جہاں اجتماع ساکنین[1] ہو جائے اور دوسرے کلمہ کا تیسرا حرف (عین کلمہ) بضمہ لازمہ

---

[1] پہلا ساکن یعنی کلمہ اول کا آخر حرف تاء تانیث متصل بفعل یا دال قد یا نون۔ یا لام قل۔ یا واو لو۔ یا نون تنوین ہوتا ہے اور کوئی نہیں قرآن میں تا صرف اسی کلمہ میں سورہ یوسف میں ایک جگہ اور دال بھی اسی ایک کلمہ میں انعام۔ رعد۔ اور انبیاء میں تین جگہ اور نون ساکن فَمَنِ اضْطُرَّ۔ (بقر) اَنْ اَعْبُدُوا اللّٰهَ۔ اَنِ اقْتُلُوْا (نساء) (بقیہ صفحہ ۲۹۲ پر)

Marfat.com

مضموم ہو تو حرمیؒ شامیؒ اور کسائیؒ پہلے کلمہ کے آخر حرف کو حرکتِ ضمہ دیکر فَمَنُ اضْطُرَّ اور وَقَالَتُ اخْرُجْ۔ وَلَقَدُ اسْتُهْزِئَ پڑھتے ہیں اور اگر پہلا کلمہ قُلْ یا اَدْ ہو تو بصریؒ بھی ضمہ میں شریک ہیں۔ جیسے قُلُ انْظُرُوْا۔ قُلُ ادْعُوْا۔ اَوُ ادْعُوْا۔ اور اگر ساکن اول نون تنوین ہو تو حرمیؒ۔ ہشامؒ اور کسائیؒ اسکو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُبِیْنِ اقْتُلُوْا۔ لیکن دو جگہ بِرَحْمَةٍ نِ ادْخُلُوْ (اعراف) اور خَبِیْثَةٍ نِ اجْتُثَّتْ (ابراہیم) میں ابن ذکوانؒ بھی ضمہ میں بخلاف شریک ہیں۔ اور باقی ہر جگہ ساکن اول کا کسرہ پڑھتے ہیں۔ اور اگر کلمتین کے درمیان الف لام فاصل ہو جیسے غُلِبَتِ الرُّوْمُ۔ اِنِ الْحُكْمُ اور قِلِ الرُّوْحُ وغیرہ یا عین کلمہ کا ضمہ غیر لازمہ ہو جیسے اَنِ امْشُوْا (اصلاً اِمْشِیُوْا ہے) اَنِ اتَّقُوْا (اصلاً اِتْقِیُوْا ہے) اِنِ امْرُؤٌ (ضمہ حرکت اعراب کا تابع ہے) اور غُلَامُ نِ اسْمُهٗ (حرکت اعراب ہے) تو کسرہ پر اجماع ہے۔

(۴۲) فَكَاَيِّنْ اور وَكَاَيِّنْ کو مکیؒ کاف کے بعد الف اور اسکے بعد ہمزہ مخففہ مکسورہ سے بمد فَكَائِنْ۔ وَكَائِنْ اور باقی کاف کے بعد ہمزہ مفتوحہ اسکے بعد یا مشددہ مکسورہ سے پڑھتے ہیں۔

(۴۳) قُدُسٍ نکرہ ہو یا معرفہ مکیؒ سکون دال سے قُدْسٍ اور اَلْقُدْسِ اور باقی ضمہ دال سے پڑھتے ہیں۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۹۱) اَنُ احْكُمُ (مائدہ) وَلٰكِنُ انْظُرْ (اعراف) لَاَنُ اشْكُرْ (لقمان) اَنُ اغْدُوْا (ن) اور لام قُلِ ادْعُوْا (اعراف۔ اسراء ۲ سبا) قُلُ انْظُرُوْا (یونس) اور اَوْ۔ اَوُ اخْرُجُوْا (انعام) اَوُ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ (اسرا) اَوُ انْقُصْ (مزمل) اور تنوین بارہ جگہ ہے۔ فَتِيْلَا نِ انْظُرْ (نساء) بَعْضِ نِ انْظُرْ ۲ مُتَشَابِهٍ نِ انْظُرُوْا (انعام) بِرَحْمَةٍ نِ ادْخُلُوْا (اعراف) مُبِيْنٍ نِ اقْتُلُوْا (یوسف) خَبِيْثَةٍ نِ اجْتُثَّتْ (ابراہیم) عُيُوْنٍ نِ ادْخُلُوْهَا (حجر) مَحْظُوْرًا نِ انْظُرْ (اسرا) مَسْحُوْرًا نِ انْظُرْ (اسرا و فرقان) عَذَابٌ نِ ارْكُضْ (ص) مُنِيْبٍ نِ ادْخُلُوْا (ق)

Marfat.com

(۴۴) قِيلَ (کثیر الدور ہے) جِاءَ (زمر۔ فجر۔) غِيضَ (ہود) (ماضی کی) ہشام
وکسائی۔ حرف اول کے کسرہ کا اشمام[1] بالضمہ کرکے قِيلَ۔ جِيئَ۔ غِيضَ۔ اور حِيلَ
(سبا) اور سِيقَ (زمر۔ دو) کو شامی وکسائی باشمام ضمہ حُيلَ اور سُيقَ
اور سِيئَ (ہود و عنکبوت) اور سِيئَتْ (ملک) کو مدنی شامی اور کسائی باشمام ضمہ سُيئَ
اور سُيئَتْ اور باقی ان سب کو کسرہ خالص سے پڑھتے ہیں۔ اور اگر ضمہ نہ ہو جیسے
وَقِيلَهُ۔ اَقُومَ قِيلًا۔ اِلَّا قَلِيلًا۔ تو کسرہ پر اجماع ہے۔ یعنی اس میں اشمام نہیں ہوتا
قُرِئَ ان کی۔ (اسم میں معرفہ ہو یا نکرہ کی حرکت ہمزہ را پر نقل کرکے ہمزہ کو ساقط کر دیتے
اور باقی ہمزہ سے پڑھتے ہیں۔

(۴۶) قَرْحٌ۔ اَلْقَرْحُ (آلِ عمران تین) ابوبکرؒ۔ حمزہؒ۔ اور کسائیؒ۔ قاف کے
ضمہ سے قُرْحٌ۔ اَلْقُرْحُ اور باقی فتح سے پڑھتے ہیں۔

(۴۷) قَدَّرْنَا (حجر) قَدَّرْنَاهَا (نمل) ابوبکرؒ دال کی تخفیف قَدَرْنَا اور
باقی تشدید سے پڑھتے ہیں۔

(۴۸) بِالْقِسْطَاسِ (اسراء۔ شعراء) حرمیؒ۔ بصریؒ۔ شامیؒ و ابوبکرؒ قاف کے
ضمہ سے بِالْقُسْطَاسِ اور باقی کسرہ سے پڑھتے ہیں۔

(۴۹) اَوْ لَمَسْتُمُ (نساء۔ مائدہ) حمزہؒ و کسائیؒ بغیر الف کے لَمَسْتُمُ اور باقی
الف سے پڑھتے ہیں۔

(۵۰) وَالْيَسَعَ (انعام۔ ص) کو حمزہؒ و کسائیؒ لام مشددہ مفتوحہ اور اسکے بعد یاء ساکنہ

[1] یہاں اشمام کے یہ معنی ہیں کہ ضمہ اور کسرہ سے مرکب حرکت ادا کیجائے جسمیں ضمہ کی صوت مقدم اور کسرہ کی صوت
مؤخر ہوتی ہے یہی فرعیہ فصیحہ حرکت ہی جس کا صحیح ادا کرنا سماعت پر موقوف ہے۔

Marfat.com

سے وَالْیَسَعَ اور باقی لام ساکن مخففہ اور یا مفتوحہ سے پڑھتے ہیں۔

(۵۱) لِاَھْلِہِ امْکُثُوْا (طٰہٰ قصص) حمزہؒ ہا کنایہ کے ضمہ سے لِاَھْلِہُ امْکُثُوْا اور باقی کسرہ سے پڑھتے ہیں۔

(۵۲) اَلْمُخْلِصِیْنَ اگر جمع اور معرّف باللام ہو تو مکیؒ و بصریؒ و شامیؒ لام کے کسرہ سے اَلْمُخْلِصِیْنَ اور باقی لام کے فتح سے پڑھتے ہیں۔ اور اگر جمع یا معرّف باللام نہ ہو تو کسرہ پر اجماع ہے جیسے مُخْلِصًا لَّہٗ اور مُخْلِصِیْنَ وغیرہ مگر قراء کوفہ اِنَّہٗ کَانَ مُخْلَصًا (مریم) کو بفتح لام پڑھتے ہیں۔

(۵۳) مَیِّتَ نکرہ ہو یا معرفہ مگر اُسکے لئے استعمال کیا گیا ہو جسپر صفت موت متحقق ہو چکی ہو۔ تو مکیؒ۔ بصریؒ۔ شامیؒ اور ابو بکرؒ یا ساکنہ مخففہ سے مِنَ الْمَیْتِ۔ وَ یُخْرِجُ الْمَیْتَ۔ اور باقی قراء یا مشددہ مکسورہ سے پڑھتے ہیں مگر آٹھ کلمات ۱ تا ۳ عَلَیْکُمُ الْمَیْتَۃُ (بقر۔ مائدہ۔ نحل۔) ۴ وَاِنْ یَّکُنْ مَّیْتَۃً ۵ اِلَّآ اَنْ یَّکُوْنَ مَیْتَۃً (ہر دو انعام) ۶ تا ۸ بَلْدَۃً مَّیْتًا۔ (فرقان۔ زخرف۔ قاف۔) کی تخفیف پر قراء سبعہ کا اجماع ہے اور تین کلمات اَوْ مَنْ کَانَ مَیْتًا (انعام) ۹ اَلْاَرْضُ الْمَیْتَۃُ۔ (یٰسٓ) ۱۰ لِّلَحْمَ اَخِیْہِ مَیْتًا (حجرات) کی تخفیف پر غیر نافعؒ متفق ہیں۔ نافعؒ ان تینوں کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور اگر بروقت استعمال اُسپر موت متحقق نہ ہوئی ہو تو باجماع مشدد ہے جیسے اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ۔ وَمَا ھُوَ بِمَیِّتٍ۔

(۵۴) مُبَیِّنَۃً (نساء۔ احزاب۔ طلاق) صیغہ مفرد کو مکیؒ و ابو بکرؒ یا کے فتح سے مُبَیَّنَۃً اور باقی اسکے کسرہ سے پڑھتے ہیں۔

(۵۵) مُبَیِّنٰتٍ (نور دو۔ طلاق) صیغہ جمع کو حرمیؒ۔ بصریؒ اور ابو بکرؒ

یا کے فتح سے مُبَیِّنَاتٍ اور باقی اسکی کسرہ سے پڑھتے ہیں۔
(۵۶) مُدْخَلاً۔ (نساء۔ حج۔ مدنی) میم کے فتح سے مَدْخَلاً اور باقی اسکے ضمہ سے پڑھتے ہیں۔
(۵۷) لِمَهْلِكِهِمْ (کہف) مَهْلِكَ (نمل) غیر عاصم میم کے ضمہ اور لام کے فتح سے لِمُهْلَكِهِمْ اور مُهْلَكَ ابوبکرؒ دونوں کے فتح سے لِمَهْلَكِهِمْ اور مَهْلَكَ اور حفصؒ میم کے فتح اور لام کے کسرہ سے پڑھتے ہیں۔
(۵۸) مِتُّ۔ مِتْنَا۔ مِتم ہُبَیرہؒ کوفی۔ بصریؒ۔ شامیؒ اور ابوبکرؒ میم کے ضمہ سے مُتُّ۔ مُتْنَا۔ مُتُّمْ۔ اور باقی بکسرہ پڑھتے ہیں۔ مگر دو جگہ اَوْ مُتُّمْ اور وَلَئِنْ مُتُّمْ (ہر دو آلِ عمران) میں حفصؒ بھی ضمہ میں شریک ہیں۔
(۵۹) مُحْصَنٰتٍ نکرہ ہو یا معرفہ کسائیؒ صاد کے کسرہ سے مُحْصِنٰتِ الْمُحْصِنٰتِ اور باقی فتح سے پڑھتے ہیں مگر ایک جگہ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ (نساء شروع سیپارہ) میں کسائیؒ بھی فتح پڑھنے والوں کے ساتھ ہیں۔
(۶۰) مَكَانَتِكُمْ۔ اور مَكَانَتِهِمْ کو ابوبکرؒ الف جمع زیادہ کر کے مَكَانَاتِكُمْ اور مَكَانَاتِهِمْ اور باقی ائمہ بغیر الف کے بصیغہ مفرد پڑھتے ہیں۔
(۶۱) مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ کو کسائیؒ را اور ہا دونوں کے کسرہ اور صلہ یا سے مِنْ اِلٰهٍ غَيْرِهٖ اور باقی دونوں کے ضمہ اور صلہ بواؤ سے پڑھتے ہیں۔
(۶۲) فَنِعِمَّا (بقر)۔ نِعِمَّا (نساء) شامیؒ حمزہؒ اور کسائیؒ نون کے فتح اور عین کے کسرہ کا ملہ سے فَنَعِمَّا اور نَعِمَّا۔ قالونؒ۔ بصریؒ۔ اور ابوبکرؒ نون کے کسرہ اور عین کے

Marfat.com

سکون[1] سے فَنِعِمَّا اور نیز با اختلاس کسرہ عین۔ اور باقی قراء دونوں کے کسرہ کامل سے پڑھتے ہیں۔

(۶۳) اَلنَّبِیُّ۔ اَلنُّبُوَّۃَ۔ اَلنَّبِیُّوْنَ۔ اَلنَّبِیِّیْنَ۔ اَنْبِیَآءَ۔ نکرہ۔ معرفہ مفرد۔ اور جمع کسی حال میں ہو مدنی اصل وضع کے مطابق ہمزہ سے بمد متصل اَلنَّبِیٓءُ وَالنُّبُوْٓءَۃَ۔ اَنْبِیَآءَ اور اَلنَّبِیٓـُٔوْنَ۔ اَلنَّبِیٓـِٔیْنَ اور باقی حضرات مفرد اور جمع سالم اور مصدر میں ہمزہ کو یا کے بعد یا سے اور واو کے بعد واو سے بدل کر اور اُسمیں یا اور واو کا ادغام کر کے اور جمع غیر سالم میں ابدال کر کے یا مخففہ سے پڑھتے ہیں اور دو جگہ لِلنَّبِیِّ اِنْ اور بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّا (ہر دو احزاب میں ہمز تین مکسورتین بعد از یا جمع ہو جانے کی وجہ سے قالونؒ بھی وصلاً ابدال وادغام میں دیگر قراء کیساتھ ہیں مگر وقف ہمزہ پر کرتے ہیں کیونکہ اب سبب تخفیف باقی نہیں۔

(۶۴) نَعِمَّ (اعراف۔ شعراء۔ صٰفّٰت) کسائیؒ عین کے کسرہ سے نَعِمَ اور باقی اسکے فتح سے پڑھتے ہیں۔

(۶۵) نُسْقِیْکُمْ (نحل۔ مؤمنون) مدنیؒ شامیؒ اور ابو بکرؒ نون کے فتح سے نَسْقِیْکُمْ۔ اور باقی اسکے ضمہ سے پڑھتے ہیں۔

---

[1] شاطبیؒ نے سکون بیان نہیں کیا جو فروگذاشت ہے۔ دانیؒ تیسیر میں کہتے ہیں "قالونؒ۔ بصریؒ۔ اور ابو بکرؒ حرکت عین کو اخفا سے پڑھتے ہیں اور اسکا اسکان بھی جائز ہے اور یہی اُن سے منصوص ہے۔ اور اخفاء اقیس ہے یہی محققؒ کہتی ہیں" جملہ مغربی اہل ادا اختلاس اور تمام مشرقی وعراقی قراء سکون روایت کرتے ہیں۔ لغت و قراءۃ کے امام ابو عبیدؒ کے نزدیک یہی مختار ہے۔ چنانچہ وہ کہتی ہیں کہ "اسکان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا لغت ہے"، دونوں وجوہ صحیح ہیں۔ اسکان منصوص ہے البناءؒ کہتے ہیں "اکثر اہل ادا نے اسکان روایت کیا ہے اور وہ روایتاً اور لفظاً صحیح ہے"، سیدؒ کہتے ہیں "شاطبی پر لازم تھا کہ اسکان بیان کرتے کیونکہ وہ تیسیر میں اور اکثر اہل ادا کا مذہب ہے، اور بغوی وغیرہ اسکے سوائے اور کوئی وجہ بیان نہیں کرتے"، جعبریؒ کہتے ہیں "اہوازی"۔ حافظ ابو العلاؒ۔ اور صقلیؒ صرف اسکان کہتے ہیں اور میں نے صرف اسکان پڑھا ہے"، ابو جعفرؒ اور خواجہ حسنؒ کی یہی قراءت ہے تعجب ہے کہ شاطبیؒ نے اسکو چھوڑ دیا حالانکہ نصاً۔

Marfat.com

(۶۶) نُوْحِیْ اِلَیْھِمْ (یوسف۔نحل۔انبیاء) جب اِلیٰ کے بعد ضمیر جمع غائب یعنی ہُم ہو تو غیر حفصؒ یا رغیب۔حا کے فتح اور اسکے بعد الف سے (بصیغہ واحد غائب مجہول) یُوْحٰی اِلَیْھِمْ اور حفصؒ نون عظمت حا مکسورہ اور یاء ساکنہ سے (بصیغہ متکلم معروف) پڑھتے ہیں اور نُوْحِیْ اِلَیْہِ (انبیاء) کو یعنی ضمیر واحد سے قبل حفصؒ حمزہؒ اور کسائیؒ بصیغہ متکلم معروف اور باقی قرا بصیغہ واحد غائب مجہول پڑھتے ہیں مجہول پڑھنے والوں کے لیئے امالہ و فتح حسب قاعدہ ہوتا ہے۔

(۶۷) وَنَاٰ۔(اسرا۔فصلت) کو ابن ذکوانؒ نون مفتوحہ کے بعد الف اور اسکے بعد ہمزۂ مفتوحہ سے بمد وَنَاۤءَ۔اور باقی نون کے بعد ہمزہ اور پھر الف سے پڑھتے ہیں۔

(۶۸) نُکُرًا (کہف و طلاق ایک) کو مدنیؒ ابن ذکوانؒ اور ابو بکرؒ کاف کے ضمہ سے نُکُرًا اور باقی اسکے سکون سے پڑھتے ہیں۔

(۶۹) اَلنَّشْاَۃَ (عنکبوت۔نجم۔واقعہ) مکیؒ و بصریؒ شین کے فتح پہر الف پہر ہمزۂ مفتوحہ سے بمد اَلنَّشْاۗءَۃَ اور باقی قرا شین کے سکون اسکے بعد ہمزۂ مفتوحہ سے بغیر الف پڑھتے ہیں۔

(۷۰) ھُوَ اور ھِیَ کو جب کہ۔واؤ۔فا۔اور لام میں سے کوئی انپر داخل ہو۔ قالونؒ۔بصریؒ اور کسائیؒ سکون ہا سے وَھْوَ۔فَھْوَ۔لَھْوَ۔وَھْیَ۔فَھْیَ۔لَھْیَ اور باقی ھُوَ کی ہا کے ضمہ اور ھِیَ کی ہا کے کسرہ سے پڑھتے ہیں اور ایک جگہ ھُوَ (قصص) تکلم کے بعد واقع ہوا ہے۔قالونؒ و کسائیؒ نے وہاں بھی ہا کو ساکن پڑھا ہے اور اسجگہ بصریؒ ضمہ میں دیگر ائمہ کے ساتھ ہیں۔

(۷۱) ھُزُوًا۔اور کُفُوًا۔(اخلاص) غیر حفصؒ ہمزہ سے ھُزُؤًا اور

Marfat.com

کُفُوًا اور حفصؒ واؤ سے پڑھتے ہیں اور حمزہؒ زا و۔ فا کے سکون سے ھُزُؤًا اور کُفُؤًا۔ اور غیر حمزہؒ ضمہ سے پڑھتے ہیں۔ اور وجوہ وقفی باب الوقف میں بیان ہوئیں

(۷۲) موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں وَاِذْ وٰعَدْنَا (بقر) وَوٰعَدْنَا (اعراف) وَوٰعَدْنٰكُمْ (طٰہٰ) کو بصریؒ بحذف الف وَعَدْنَا اور باقی الف سے پڑھتے ہیں اور موسیٰ علیہ السلام کے قصہ کے سوا حذف الف پر اجماع ہے جیسے اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ

(۷۳) یَا اَبَتِ کو شامیؒ تا کے فتح سے یَا اَبَتَ اور باقی کسرہ سے پڑھتے ہیں۔

(۷۴) یٰبُنَیَّ۔ مضموم الباء چھ جگہ واقع ہوا ہے۔ ہود میں عاصمؒ۔ لقمان کے کلمہ آخر یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ میں بزیؒ و حفصؒ اور باقی چارون جگہ حفصؒ یا اضافت کے فتح سے یٰبُنَیَّ۔ لقمان کے کلمہ اول یٰبُنَیَّ لَا تُشْرِكْ کو مکیؒ اور لقمان کے آخر کلمہ مذکورہ کو قبل سکون یا سے یٰبُنَیْ اور باقی ائمہ ہر جگہ یا اضافت کے کسرہ سے یٰبُنَیِّ پڑھتے ہیں یہی ابو بکرؒ کی پانچوں مقامات میں اور مکیؒ کی چارون جگہ قرار پائے یعنی حفصؒ سب جگہ فتح ابو بکرؒ ہود میں فتح باقی پانچوں میں کسرہ بزیؒ لقمان کے پہلے کلمہ میں سکون اور تیسرے میں فتح باقی چارون جگہ کسرہ قبل لقمان کے پہلے اور تیسرے کلمہ میں سکون باقی چارون جگہ کسرہ اور باقی ائمہ ہر جگہ کسرہ پڑھتے ہیں اور مفتوح الباء کے فتح پر اجماع ہے۔

(۷۵) یَحْسَبُ۔ یَحْسَبَانِّ۔ تَحْسَبَنَّ فعل مستقبل کو حرمیؒ۔ بصریؒ اور کسائیؒ سین کے کسرہ سے یَحْسِبُ اور باقی فتح سے پڑھتے ہیں۔

(۷۶) یَحْزُنُ کو مدنیؒ یا کے ضمہ اور زا کے کسرہ سے یُحْزِنُ اور باقی یا کے فتح اور زا کے ضمہ سے پڑھتے ہیں اور سورۂ انبیا میں نافعؒ نے بھی فتح پڑھا ہے۔

(۷۷) یُضٰعِفُ[۲] مُضٰعَفَةً۔ مضارع کو خواہ معروف ہو یا مجہول اور اسم مفعول کو

---

[۱] ہود۔ یوسف۔ صفت ایک ایک اور لقمان تین

[۲] دس جگہ واقع ہوئے ۱۔ فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗ (بقر و حدید) ۲۔ یُضٰعِفُ لِمَنْ (بقر) ۳۔ مُضٰعَفَةً (آل عمران) ۴۔ یُضٰعِفْهَا (نساء) ۵۔ یُضٰعَفُ لَهُمُ (ہود و حدید) ۶۔ یُضٰعَفْ لَهُ (فرقان) ۷۔ یُضٰعَفْ لَهَا (احزاب) ۸۔ یُضٰعِفْهُ لَكُمْ (تغابن)

مکیؒ وشامیؒ الف کے بغیر عین مشددہ سے یُضَعِّفُ۔ یُضَعَّفُ۔ مُضَعَّفَۃً اور باقی ضاد کے بعد اثبات الف اور عین مخففہ سے پڑھتے ہیں۔ اور احزاب میں بصریؒ نے بھی بحذف الف عین مشددہ سے پڑھا ہے۔ سو وجہ بقر وحدید میں ایک اور اختلاف بھی ہے۔ یعنی حرمیؒ بصریؒ حمزہؒ اور کسائیؒ رفع پڑھتے ہیں اور باقی حضرات نصب۔ لہذا دونوں جگہ چار چار قراتیں ہیں۔ مدنیؒ۔ بصریؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ اثباتِ الف عین مخففہ اور رفع سے فَیُضٰعِفُہٗ عاصمؒ بھی اسی طرح مگر نصب سے فَیُضٰعِفَہٗ مکی بغیر الف کے عین مشددہ اور رفع سے فَیُضَعِّفُہٗ اور شامیؒ بھی اسی طرح مگر نصب سے فَیُضَعِّفَہٗ۔

(۷۸) یَعْرِشُوْنَ (اعراف۔ نحل) شامیؒ وابوبکرؒ را کے ضمہ سے یَعْرُشُوْنَ اور باقی اسکے کسرہ سے پڑھتے ہیں۔

(۷۹) وَمَا یَعْزُبُ (یونس۔ سبا) کسائیؒ زا کے کسرہ سے یَعْزِبُ اور باقی اسکے ضمہ سے پڑھتے ہیں۔

(۸۰) یَوْمَئِذٍ (ہود۔ معارج) مدنیؒ اور کسائیؒ میم کے فتح سے یَوْمَئِذٍ اور باقی اسکے کسرہ سے پڑھتے ہیں۔ اور سورہ نمل میں یَوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ کو مکیؒ بصریؒ اور شامیؒ میم کے کسرہ سے اور باقی فتح سے پڑھتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ مدنیؒ اور کسائیؒ کے نزدیک یوم کی میم جب اذ کی جانب مضاف ہو مبنی علی الفتح ہے۔ عاصمؒ وحمزہؒ نے ہود ومعارج میں۔ مکیؒ بصریؒ اور شامیؒ نے ہود معارج اور نمل میں کسرہ پڑھا ہے۔ ان تین کے سوا فتح پر اجماع ہے

(۸۱) لِیُضِلَّ عَنْ (حج۔ لقمان۔ زمر) اور لِیُضِلُّوْا عَنْ (ابراہیم) مکیؒ وبصریؒ یا کے فتح سے لِیَضِلَّ عَنْ اور لِیَضِلُّوْا عَنْ اور باقی اسکے ضمہ سے پڑھتے ہیں اور جن کلمات مفرد میں لام اور عن کے درمیان فصل ہو جیسے فَیُضِلُّکَ عَنْ ان کے ضمہ پر اجماع ہے

اور جمع کے دو کلمات لَيَضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ (انعام) اور لِيَضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ (یونس) کو حرمیؒ۔ بصریؒ۔ اور شامیؒ یا کے فتحہ سے اور کوفیؒ ضمہ سے پڑھتے ہیں۔

(۸۲) يَقْنَطُ (حجر) يَقْنَطُوْنَ (روم) لَا تَقْنَطُوْا (زمر) فعل مستقبل کو بصریؒ وکسائیؒ۔ نون کے کسرہ سے۔ يَقْنِطُ۔ يَقْنِطُوْنَ۔ لَا تَقْنِطُوْا۔ اور باقی اسکے فتح سے پڑھتے ہیں۔ اور ماضی میں فتح پر اجماع ہے۔

(۸۳) اَنْ يُّبْدِلَ (کہف۔ تحریم۔ قلم) مدنیؒ وبصریؒ۔ باء موحدہ کے فتح اور دال مشددہ سے اَنْ يُّبَدِّلَ اور باقی با کے سکون اور دال مخففہ سے پڑھتے ہیں۔

(۸۴) حَتّٰى يَمِيْزَ (آل عمران) اور لِيَمِيْزَ (انفال) کو حمزہؒ وکسائیؒ یا کے ضمہ میم کے فتح اور یاء مشددہ مکسورہ سے يُمَيِّزَ اور باقی قراء یا کے فتح میم کے کسرہ اور یاء ساکنہ مخففہ سے پڑھتے ہیں۔

باب سبت دوم فرش مکرر

۱ اِبْرٰهِمُ ہشامؒ تینتیس ۳۳ جگہ ھا کے فتح اور اسکے بعد الف سے اِبْرَاهِمُ اور باقی ہا کے کسرہ اور یاء ساکنہ سے پڑھتے ہیں۔ دیگر مقامات میں یہی ہشامؒ کی قراءت ہے ان حروف مختلف فیہ میں سے سورۂ بقر میں پندرہ کلمات ہیں[۱] ان میں ابن ذکوانؒ

---

۱ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهِمَ ۲ مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِمَ ۳ اِلٰٓى اِبْرٰهِمَ ۴ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِمُ ۵ يَرْفَعُ اِبْرٰهِمُ ۶ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهِمَ ۷ وَاَوْصٰى بِهَآ اِبْرٰهِمُ ۸ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهِمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۹ مِلَّةَ اِبْرٰهِمَ ۱۰ اِلٰٓى اِبْرٰهِمَ ۱۱ اِنَّ اِبْرٰهِمَ ۱۲ حَآجَّ اِبْرٰهِمَ ۱۳ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِمُ ۱۴ قَالَ اِبْرٰهِمُ ۱۵ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِمُ ان کے علاوہ سورۂ بقر میں یہ کلمہ اور جگہ نہیں ہے۔

Marfat.com

بھی بخلاف ہشامؒ کے ساتھ شریک ہیں اور باقی اٹھارہ میں صرف ہشامؒ ہیں

ع۲ وَمَآ اٰتَيْتُمْ (بقرہ-روم کلمہ اول) مکیؒ بلاالف اٰتَيْتُمْ اور باقی بالف پڑھتے ہیں

ع۳ اَوَ اَمِنَ (اعراف) میں حرمیؒ وشامیؒ اور اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ (صٰفّٰت واقعہ) میں قالونؒ وشامیؒ واو کے سکون سے اَوْ اور باقی واو کے فتح سے پڑھتے ہیں

ع۴ اَلِيْمٌ (سباء-جاثیہ) غیر مکیؒ وحفصؒ حفص سے مِنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٍ اور مکیؒ وحفصؒ رفع سے پڑھتے ہیں۔

ع۵ لِاَمٰنٰتِهِمْ (مؤمنون معارج) مکیؒ بغیر الف کے لِاَمَانَتِهِمْ۔ اور باقی الف جمع سے پڑھتے ہیں۔

ع۶ بِهْدِ الْعُمْيِ (نمل-روم) حمزہؒ تاء ثناۃ فوقانیہ مفتوحہ اور ھاء ساکنہ سے بلاالف اور اَلْعُمْيَ کے نصب سے تَهْدِ الْعُمْيَ اور باقی باء مکسورہ یاء مفتوحہ اسکے بعد الف اور اَلْعُمْيُ کے خفض سے پڑھتے ہیں۔

ع۷ تَظٰهَرُوْنَ (بقر) تَظٰهَرَا (تحریم) کو حرمیؒ۔ بصریؒ اور شامیؒ ظاء مشددہ سے تَظَّهَّرُوْنَ اور تَظَّهَّرَا اور باقی قراء ظاء مخففہ سے پڑھتے ہیں۔ اور ان دونوں کلمات

ع۱ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ ع۲ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ ع۳ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ تینوں آخری کلمات نساء ع۴ قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ انعام کا آخری کلمہ ع۵ اِسْتِغْفَارَ اِبْرٰهِيْمَ ع۶ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ دونوں آخری کلمات توبہ) ع۷ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ (سورہ ابراہیم) ع۸ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ شَمِلَةَ اِبْرٰهِيْمَ (ہر دو نحل) ع۹ فِى الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ع۱۰ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ع۱۱ مِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ (ہر سہ مریم) ع۱۲ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ (عنکبوت کا آخر کلمہ) ع۱۳ بِاٰيٰتِ اِبْرٰهِيْمَ (شوریٰ) ع۱۴ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ (ذاریات) ع۱۵ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ (نجم) ع۱۶ نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ (حدید) ع۱۷ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ (ممتحنہ کا پہلا کلمہ) **فائدہ** بقرہ میں لفظ اِبْرٰهِيْمَ اجماعاً بلایا مرسوم ہے۔ ان کے علاوہ سب جگہ بالیا ہے سورۂ نساء۔ انعام اور برأۃ کے پچھلے کلمات میں اور ممتحنہ کے پہلے کلمہ میں اختلاف ہے۔ ان سورتوں میں اِبْرٰهِيْمَ اور جگہ بھی آیا ہے اسکی قرأت باجماع بالیا ہے۔

میں تا کے فتح پر اجماع ہے۔ اور تُظٰهِرُوْنَ (احزاب) کو شامیؒ تا اور ہا دونوں کے فتح ظا کی تشدید اور اسکے بعد الف سے تَظٰهَرُوْنَ (بقر کے مانند) حمزہؒ و کسائیؒ بھی اسی طرح مگر تخفیف ظا سے تَظٰهَرُوْنَ (بقر کے مانند) حرمیؒ و بصریؒ بھی فتح سے مگر بغیر الف کے ظا و ہا دونوں کی تشدید سے تَظَّهَّرُوْنَ اور عاصمؒ تا کے ضمہ ظا مخففہ کے بعد الف اور ہا کے کسرہ سے پڑھتے ہیں اور يُظٰهِرُوْنَ (ہر دو کلمات مجادلہ) کو حرمیؒ و بصریؒ یا اور ہا کے فتح ظا و ہا مشدد تین سے بغیر الف کے يَظَّهَّرُوْنَ (احزاب کے مانند فی الحرکات) شامیؒ حمزہؒ اور کسائیؒ بھی اسیطرح مگر ظا کے بعد الف اور ہا مخففہ سے يَظٰهَرُوْنَ (احزاب کے مانند فی الحرکات بقراءۃ شامیؒ) اور عاصمؒ یا کے ضمہ ظا مخففہ کے بعد الف اور ہا کے کسرہ سے احزاب کے مانند پڑھتے ہیں۔

نتیجہ یہ ہے کہ بقر و تحریم میں دو۔ دو۔ مجادلہ میں تین اور احزاب میں چار قراءتیں ہیں

۸ بزیؒ فعل مستقبل کی تا کو اکتیس ۳۱ جگہ ماقبل سے وصل کی شرط پر مشدد پڑھتے ہیں۔ اُن میں سے آٹھ بعد از حرف متحرک واقع ہوئی ہیں ۱ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ (نساء) ۲ فَتَفَرَّقَ (انعام) ۳-۴ (هِيَ تَّلَقَّفُ (اعراف و شعرا) ۵ يَمِيْنِكَ تَّلْقَفْ (طٰہٰ) ۶ اَلشَّيٰطِيْنُ تَنَزَّلُ (شعرا) ۷ لِتَعَارَفُوْا (حجرات) ۸ تَكَادُ تَمَيَّزُ (ملک) ان میں تشدید سہل ہے اور دس بعد از ساکن صحیح ہیں ۹ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ (توبہ) ۱۰ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْ ۱۱ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ (ہر دو ہود) ۱۲ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ ۱۳ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا (ہر دو یونس) ۱۴ مَنْ تَنَزَّلُ (شعرا) ۱۵ اَنْ تَبَدَّلَ (احزاب) ۱۶ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ (ممتحنہ) ۱۷ نَارًا تَلَظّٰى (واللیل) ۱۸ شَهْرِ تَنَزَّلُ (قدر) ان میں تشدید شوار ہے مزاولت کے بغیر

Marfat.com

ادا نہیں ہو سکتا کیونکہ ساکن ماقبل کا اظہار کرتے ہوئے تا کا تا میں ادغام کرتا ہوتا ہے جس سے اجتماع ساکنین ہو جاتا ہے بعض لوگ ساکن ماقبل کا تا میں ادغام کر دیتے ہیں یہ شدید غلطی ہے۔ اور بزیؒ کا یہ مذہب ہرگز نہیں ہے۔ طلباء کو اس سے بچنا واجب ہے، اور تیرہ بعد از مدہ ہیں ۱۹ وَلَا يَتَيَمَّمُوا (بقر) ۲۰ وَلَا تَفَرَّقُوا (آل عمران) ۲۱ وَلَا تَعَاوَنُوا (مائدہ) ۲۲ وَلَا تَوَلَّوْا ۲۳ وَلَا تَنَازَعُوا (ہر دو انفال) ۲۴ لَا تُكَلِّمُ (ہود) ۲۵ مَا تَنَزَّلُ (حجر) وَلَا تَبَرَّجْنَ (احزاب) ۲۶ لَا تَنَاصَرُونَ (صٰفّٰت) ۲۷ وَلَا تَنَابَزُوا۔ ۲۹ وَلَا تَجَسَّسُوا (ہر دو حجرات) ۳۰ لَمَا تَخَيَّرُونَ (قلم) ۳۱ عَنْهُ تَلَهّٰى۔ ان کے علاوہ دانیؒ اور شاطبیؒ نے وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ (آل عمران) فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ (واقعہ) میں بزیؒ کے لیئے صلہ کیساتھ ادغام بخلاف بتایا ہے جو خلاف طریقہ ہے۔ تخفیف اقوی جمہور کا مذہب

۱؎ جعبریؒ نے اسمیں دو وجہ بتائی ہیں اول ساکن ماقبل کو ساکن رکھنا جیسا کہ متن میں ہے۔ دوم ساکن کو کسرہ سے متحرک کرنا مگر یہ قیاس ہے مروی نہیں۔ محققؒ کہتے ہیں "جعبریؒ کے سوا اور کوئی اسکا قائل نہیں نہ ائمہ مقرارت میں سے کسی نے اسکی جانب اشارہ کیا اور نہ ان میں سے کسی سے منقول ہے اور اگر کسرہ جائز ہو تو ہمزۂ وصل سے ابتدا بھی جائز ہوگی قرآن شریف میں قراء کے نزدیک یہ دونوں باتیں ناجائز ہیں"۔

۲؎ دانیؒ تیسیر و مفردات میں ۱۳ تات بیان کر کے کہتے ہیں "ابو الفرج۔ نجاد قسطانؒ مقری نے اپنی قرارت از ابو الفتحؒ ابن بدہنؒ از ابو بکر زینبیؒ از ابو ربیعہؒ از بزیؒ کی بنا پر مجھی ان دونوں جگہ مزید ادغام بتایا ہے اور یہی قول ابو ربیعہؒ کا قیاس ہے" اور جامع البیان میں کہتے ہیں "ابو ربیعہؒ نے تشدید کو تمام باب میں مطرد رکھا ہے کسی عدد سے محصور نہیں کیا اور یہی بزیؒ نے اپنی کتاب میں بھی کہا ہے" محققؒ کہتے ہیں "میں دانیؒ کے سوا کسی کو نہیں جانتا جس نے اس طریقہ سے ان دونوں کلمات میں تشدید بیان کی ہو اور دانیؒ نے اپنے شیوخ میں سے کسی سے یہ تشدید نہیں پڑھی اور ہمیں صرف دانیؒ سے تلاوتاً یہ تشدید پہونچی ہے۔ ابن بدہنؒ مشہور راوی صاحب اتقان اور کبیر المحل مقری تھے۔ اور ان کے سوا شنائیؒ۔ شنبوذیؒ۔ ابو بکر احمدیؒ اور ابو بکرؒ بن شارب وغیرہ نے زینبیؒ سے ان میں تشدید روایت نہیں کی بلکہ جن ائمہ نے زینبیؒ کا طریقہ ابو ربیعہؒ سے بیان کیا ہے انہوں نے بھی ان کا ذکر نہیں کیا۔ جیسے ابن سوارؒ۔ ابو علی ناکیؒ۔ قلانسیؒ۔ ابو العلاءؒ۔ سبط الخیاطؒ اور دانیؒ نے تفرد کے خیال سے قیاس نص سے انکی تائید کی ہے اگر یہ دونوں کلمات تیسیر و شاطبیہ میں مذکور اور نص بزیؒ کے ضابطہ میں داخل نہ ہوتے تو ہم انکا ذکر نہ کرتے کیونکہ زینبیؒ کا طریقہ نہ ہماری کتاب میں ہے اور نہ ان دونوں کتابوں میں" قول ابو ربیعہؒ اور نص بزیؒ یہ ہے "ہر وہ تا جو فعل مستقبل کے شروع میں ہو اور اسکے ساتھ دوسری تا مناسب ہو

Marfat.com

اور حسبِ طریقہ ہے۔ اور بصوت ادغام یہ دونوں بھی آخری نوع میں داخل ہیں اگرچہ اس نوع میں بھی اجتماع ساکنین ہی مگر مدلازم پیدا ہو کر حرکت کا قایم مقام ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ادغام آسان ہے۔ باقی قراء ایک تا کو حذف کر کے تار مخففہ سے پڑھتے ہیں اور جہاں قبل تا پر وقف کریں وہاں بزی بھی تخفیف میں شریک ہیں۔

۹ تِجَارَةً۔ حَاضِرَةً (بقر میں غیر عاصمؒ) اور تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ (نساء) میں غیر کوفی تا کے رفع سے تِجَارَةٌ۔ حَاضِرَةٌ اور تِجَارَةٌ عَنْ۔ اور باقی نصب سے پڑھتے ہیں۔

۱۰ تُخْرَجُوْنَ (اعراف۔ روم۔ کلمہ اول۔ زخرف) لَا یُخْرَجُوْنَ (جاثیہ) حمزہؒ وکسائیؒ علامت مضارع یعنی تا و یا کے فتح اور را کے ضمہ سے تَخْرُجُوْنَ۔ لَا یَخْرُجُوْنَ (بصیغہ معروف) پڑھتے ہیں اور ابنِ ذکوانؒ اعراف و زخرف میں بلا خلاف اور روم میں بخلاف اُن کے ساتھ شریک ہیں۔ باقی تا و یا کے ضمہ اور را کے فتح سے (بصیغہ مجہول) پڑھتے ہیں یہی ابن ذکوانؒ کی جاثیہ اور بوجہ ثانی روم میں قراءۃ ہے۔

۱۱ تَشَقَّقُ (فرقان۔ ق) حرمیؒ و شامیؒ شین مشددہ سے تَشَّقَّقُ اور باقی شین مخففہ سے پڑھتے ہیں۔

۱۲ فَتَبَيَّنُوْا (نساء و حجرات) حمزہؒ تا کے بعد با کی جگہ ثا مثلثہ مفتوحہ اسکے بعد با موحدہ مشددہ پھر تا، فوقانیہ سے فَتَثَبَّتُوْا (مشتق از ثبت) اور باقی تا کے بعد با موحدہ پھر یا مشددہ اور پھر نون سے پڑھتے ہیں۔

۱۳ تُمَارُوْا (انعام۔ یٰسٓ۔) میں حمزہؒ و کسائیؒ ثا و میم کے ضمہ اور باقی فتح سے اور کہف میں دونوں جگہ حرمیؒ شامیؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ دونوں کے ضمہ سے لَهٗ تُمَارُوْا۔ بِتُمَارٍ اور بصریؒ ثا کے ضمہ اور میم کے سکون سے لَهٗ تُمْرُوْا بِتُمْرِيْهِ اور عاصمؒ دونوں کے فتح سے پڑھتے ہیں

Marfat.com

۱۴ ثَمُوْدَا (ہود۔ فرقان۔ اور عنکبوت) میں غیر حفص و حمزہ تنوین و نصب سے ثَمُوْدًا اور نجم میں غیر عاصم و حمزہ تنوین نصب سے وَثَمُوْدًا اور حفص و حمزہ چاروں کو اور ابوبکر صرف نجم میں بلا تنوین پڑھتے ہیں۔ اہل تنوین الف سے اور عدم تنوین والے دال ساکنہ پر وقف کرتے تھے اگرچہ بالف مرسوم ہے تاکہ خلط قرات نہ ہو اور لِثَمُوْدَ (ہود) میں کسائی تنوین خفض سے لِثَمُوْدٍ اور باقی قراء فتح سے پڑھتے ہیں۔

۱۵ اَخَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (ابراہیم) خَلَقَ کُلَّ (نور) حمزہ و کسائی خا کے بعد الف زیادہ کر کے لام کے کسر اور قاف کے رفع سے (بصیغہ اسم فاعل) اور اسماء ما بعد کے خفض سے خٰلِقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور خٰلِقِ کُلِّ اور باقی بغیر الف کے لام و قاف کے فتح سے (بصیغہ ماضی) اور اسماء ما بعد کے نصب سے پڑھتے ہیں (السَّمٰوٰتِ کا نصب کسرہ سے ہوتا ہے)

۱۶ اَخْرَجَا (کہف۔ مومنون) حمزہ و کسائی را کے فتح اور اسکے بعد الف سے اَخْرَجَا اور باقی سکون را سے بلا الف پڑھتے ہیں۔ اور فَاَخْرَاجُ (مومنون) کو شامی را کے سکون سے بلا الف کے فَاَخْرَجَ اور باقی قراء را کے فتح اور الف سے پڑھتے ہیں نتیجہ یہ ہے کہ شامی تینوں کو سکون را سے بلا الف۔ حمزہ کسائی تینوں کو فتح اور الف سے اور باقی حضرات پہلے دونوں کلمات کو شامی کی طرح اور تیسرے کلمہ کو حمزہ و کسائی کیطرح پڑھتے ہیں

۱۷ دَفْعُ اللّٰہِ (بقر۔ حج) مدنی د۔ دال کے کسر فا کے فتح اور اسکے بعد الف سے دِفَاعُ اللّٰہِ اور باقی دال کے فتح اور فا کے سکون سے بلا الف پڑھتے ہیں۔

۱۸ دَرَجٰتٍ مِّمَّنْ (انعام۔ یوسف۔) غیر کوفی بلا تنوین دَرَجٰتِ مَنْ اور کوفی تنوین سے پڑھتے ہیں۔

۱۹ دَکَّآءَ کو اعراف میں حمزہ کسائی کاف مفتوحہ غیر منون اسکے بعد الف اور

Marfat.com

ہمزہ مفتوحہ سے وَکَاْءَ وَ (بمد متصل) اور کہف میں عاصمؒ بھی ان کے ساتھ ہیں۔ باقی قرار دونوں جگہ کاف منون سے بلاالف وہمزہ پڑھتے ہیں۔

ع۲۰ ذُرِّیَّتَہُمْ (اعراف اور طور کے دوسرے کلمہ میں) مدنیؒ بصریؒ اور شامیؒ یا کے بعد الف جمع زیادہ کرکے تا کے کسرہ سے ذُرِّیّٰتِہِمْ اور سورہ یٰسٓ میں مدنیؒ وشامیؒ اور سورہ طور کے پہلے کلمہ میں بصریؒ کی طرح۔ اور شامیؒ مؤخرالذکر کو الف جمع کے بعد تا کے ضمہ سے اور باقی قرار سب کو بغیر الف جمع کے آخرالذکر کلمہ کو تا کے ضمہ سے اور باقی کلمات کو فتح سے پڑھتے ہیں۔

ع۲۱ اَلرِّیٰحَ معرف باللام میں گیارہ جگہ قرار سبعہ کا توحید وجمع میں اختلاف ہے،
ع۱و۲ وَتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ (بقر۔ جاثیہ) ع۳ تَذْرُوْہُ الرِّیٰحُ (کہف) تینوں کو حمزہؒ وکسائیؒ
ع۴ تا ۶ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ (اعراف۔ نمل۔ روم کلمۂ دوم) ع۷ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ (فاطر) چاروں کو مکی حمزہؒ اور کسائیؒ ع۸ وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ (حجر) کو حمزہؒ ع۹ اِشْتَدَّتْ بِہِ الرِّیٰحُ (ابراہیم) ع۱۰ لِیُسْکِنَ الرِّیٰحَ (شوریٰ) دونوں کو غیر نافع ع۱۱ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ (فرقان) کو مکی توحید یعنی یا ساکنہ سے بغیر الف کے اور باقی یا مفتوحہ اور الف جمع سے پڑھتے ہیں۔ ان کے علاوہ چھ جگہ قَاصِفًا مِّنَ الرِّیٰحِ (اسراء) وَلِسُلَیْمٰنَ الرِّیٰحَ (انبیاء۔ سبا) اَوْ تَہْوِیْ بِہِ الرِّیٰحُ (حج) فَسَخَّرْنَا لَہُ الرِّیٰحَ (ص) اَلرِّیٰحُ الْعَقِیْمَ (ذٰریٰت) کی توحید پر قرار سبعہ متفق ہیں اور سورہ روم کے پہلے کلمہ اَنْ یُّرْسِلَ الرِّیَاحَ میں جمع پر (یہی ایک کلمہ بالف مرسوم ہے) اور غیر معرف باللام کی توحید پر اجماع ہے جیسے رِیْحٌ طَیِّبَۃٌ اور رِیْحًا صَرْصَرًا وغیرہ۔

۲۲ رِسْلَتَہٗ مائدہ میں مدنیؒ شامیؒ اور ابوبکرؒ انعام میں غیر مکیؒ وحفصؒ لام کے بعد الف جمع زیادہ کرکے تا اور ہا کے کسرہ سے رِسٰلٰتِہٖ اور باقی قراء بغیر الف کے تا کے نصب اور ہا کے ضمہ سے پڑھتے ہیں۔

۲۳ لِلسَّلْمِ (انفال) میں ابوبکرؒ! وَالسَّلْمِ سورۂ محمدؐ میں ابوبکرؒ وحمزہؒ سین کے کسرہ سے اَلسِّلْمِ اور باقی سین کے فتح سے پڑھتے ہیں۔ اور فِی السَّلْمِ (بقر) میں حرمیؒ وکسائیؒ فتح سے اور باقی کسرہ سے پڑھتے ہیں۔

۲۴ السَّوْءِ (توبہ اور فتح میں دوسرا کلمہ) جو دَآئِرَۃُ کے ساتھ واقع ہے مکیؒ وبصریؒ سین کے ضمہ سے بمد متصل دَآئِرَۃُ السُّوْءِ اور باقی فتح سے پڑھتے ہیں۔ ان دونوں کلمات کے سوا ہر جگہ فتح یا ضمہ پر اجماع ہے۔

۲۵ سَلٰمٌ (ہود۔ ذریت) کو حمزہؒ وکسائیؒ سین کے کسرہ اور لام کے سکون سے بغیر الف کے سِلْمٌ اور باقی دونوں کے فتح اور الف سے پڑھتے ہیں۔

۲۶ اِسْتَیْئَسُوْا۔ وَلَا تَایْئَسُوْ۔ لَا یَایْئَسُ۔ اِذَا اسْتَیْئَسَ (ہر چہار یوسف) اَفَلَمْ یَایْئِسِ (رعد) پانچوں جگہ بزیؒ بخلاف[1] یا ساکنہ کے بجائے الف اسکے بعد ہمزہ کی جگہ یا مفتوحہ سے قَدِ اسْتَیْسُوْ۔ وَلَا تَایْسُوْا۔ لَا یَایْسُ۔ اِذَا اسْتَیْسَ اَفَلَمْ یَایْسِ۔ اور باقی قراء یا ساکنہ اور اسکے بعد ہمزہ مفتوحہ سے پڑھتے ہیں۔ یہی بزیؒ کی دوسری وجہ ہے۔ بزیؒ کے لیئے دونوں وجوہ صحیح ہیں۔ ابدال طریقہ کے مطابق اور ہمزہ

[1] ابوربیعہؒ کے عام طرق سے ابدال مروی ہے۔ دانیؒ نے ابوالقاسمؒ فارسی سے بطرق نقاشؒ وابوربیعہؒ ابدال ہی پڑھا ہے ابن الحبابؒ دیگر قراء کے مانند بزیؒ کے لیئے بھی یا ساکنہ کے بعد ہمزہ روایت کرتے ہیں۔ یہی بزیؒ کے دیگر تلامذہ کی روایت ہے۔ دانیؒ نے ابوالحسنؒ اور شیخ ابوالفتحؒ سے ہمزہ پڑھا ہے۔ مہدویؒ وغیرہ تمام مغربی ائمہ نے صرف ہمزہ بیان کیا ہے دونوں وجوہ صحیح اور قوی اور معمول بہا ہیں۔

اشہر اور جمہور کا مذہب ہے

۲۷ اَلسَّدَّیْنِ (کہف) کو مدنیؒ شامیؒ۔ ابوبکرؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ اور سَدًّا (کہف) کو مدنیؒ شامیؒ اور ابوبکرؒ اور سَدًّا (یٰسٓ) کے دو کلمات) کو حرمیؒ۔ بصریؒ۔ شامیؒ۔ اور ابوبکرؒ سین کے ضمہ سے اَلسُّدَّیْنِ اور سُدًّا۔ اور باقی قراء فتح سے پڑھتے ہیں نتیجہ یہ ہے کہ مدنیؒ۔ شامیؒ اور ابوبکرؒ نے سب میں۔ حمزہؒ کسائیؒ نے صرف کہف کے پہلے کلمہ میں اور مکیؒ اور بصریؒ نے یٰسٓ کے دونوں کلمات میں سین کا ضمہ پڑھا ہے اور حفصؒ سب جگہ فتح پڑھتے ہیں۔

۲۸ سَوَآءً حج میں غیر حفصؒ اور جاثیہ میں حرمیؒ۔ بصریؒ۔ شامیؒ۔ اور ابوبکرؒ رفع سے سَوَآءٌ اور باقی نصب سے پڑھتے ہیں۔

۲۹ سَبَأٍ (نمل) لِسَبَأٍ (سبا) بزیؒ و بصریؒ ہمزہ مفتوحہ سے (غیر منصرف) مِنْ سَبَا اور لِسَبَاَ اور قنبلؒ ہمزہ ساکنہ سے مِنْ سَبْأٍ۔ لِسَبْأٍ اور باقی تنوین خفض سے (منصرف) پڑھتے ہیں۔

۳۰ سَاقَیْهَا (نمل) بِالسُّوْقِ (ص) عَلٰی سُوْقِهٖ (فتح) قنبلؒ مدہ کی جگہ ہمزہ ساکنہ سے سَأْقَیْهَا۔ بِالسُّؤْقِ۔ عَلٰی سُؤْقِهٖ اور نیز پچھلے دونوں کلمات میں قنبلؒ کے لیے دوسری وجہ مدہ سے قبل ہمزہ مضمومہ سے بِالسُّؤُقِ۔ عَلٰی سُؤُقِهٖ بھی صحیح[1] ہے۔ اسکو شاطبیؒ نے بیان کیا ہے اور باقی بلا ہمزہ مدہ سے پڑھتے ہیں۔

۳۱ صَلٰوتُكَ (توبہ) اَصَلٰوتُكَ (ہود) حرمیؒ۔ بصریؒ۔ شامیؒ اور ابوبکرؒ لام کے

---

[1] دانیؒ نے یہ وجہ بیان نہیں کی۔ محققؒ کہتے ہیں "بقول ھذلیؒ بکارؒ نے ابن مجاہدؒ سے اور ابو احمد سامریؒ نے ابن شنبوذؒ سے روایت کی ہے اور صحیح ہے"

بعد کا الف حذف کر کے واو کے فتحہ اور اسکے بعد الف جمع سے توبہ میں تا کے کسرہ سے اِنَّ صَلٰوتِكَ اور ہود میں تا کے ضمہ سے اَصَلٰوتُكَ اور باقی لام کے بعد الف سے بغیر واو اور الف جمع کے۔ توبہ میں تا کے فتح اور ہود میں بدستور ضمہ سے پڑھتے ہیں۔ ۱۲ 3

۳۲ وَصُدُّوْا (رعد) وَصُدَّ (غافر) غیر کوفی صاد کے فتح سے وَصَدُّوْا وَصَدَّ۔ اور کوفی ضمہ سے پڑھتے ہیں۔

۳۳ ضَيِّقًا (انعام۔ فرقان) مکی یا ساکنہ مخففہ سے ضَيْقًا اور باقی یا مشددہ مکسورہ سے پڑھتے ہیں۔

۳۴ ضَيْقٍ (نحل۔ نمل) مکی ضاد کے کسرہ سے ضِيْقٍ اور باقی قراء فتح سے پڑھتے ہیں۔

۳۵ ضَعْفًا (انفال) ضُعْفٍ ۲ اور ضُعْفًا (ہر سہ روم) عاصمؒ و حمزہؒ چاروں کو ضاد کے فتح سے ضَعْفًا اور ضَعْفٍ۔ اور باقی ضمہ سے پڑھتے ہیں۔ سورہ روم کے تینوں کلمات میں حفصؒ نے بھی ضمہ اختیار کر رکھا تھا۔ دانیؒ تیسیر میں کہتے ہیں "حفصؒ نے عاصمؒ سے روم کے تینوں کلمات کا فتح پڑھا ہے مگر اسکے بجائے ضمہ اختیار کر لیا تھا" اسکے بعد کہتے ہیں "حفصؒ نے جو کچھ عاصمؒ سے پڑھا اور عاصمؒ نے اپنے شیوخ سے نقل کیا وہ روایت حفصؒ میں اصح ہے میں دونوں طرح پڑھتا ہوں تاکہ قراءۃ عاصمؒ کا اتباع اور اختیار حفصؒ کی موافقت ہو جائے" حفصؒ کے لیئے رُوم میں دونوں وجوہ صحیح[1] اور معمول بہا ہیں فتح اصح اور ضمہ اشہر ہے۔

[1] محققؒ کہتے ہیں حفصؒ سے فتح اور ضمہ دونوں صحیح ہیں۔ عُبَیدؒ۔ ابوالربیعؒ۔ زہرانیؒ اور فیلؒ نے بذریعہ عمروؒ روایتاً فتح۔ ابن ہبیرہؒ۔ قواسؒ اور ندعانؒ نے بذریعہ عمروؒ و ازرقیؒ اختیاراً ضمہ تعلیم کی ہے میں نے حفصؒ کے لیے دونوں وجوہ پڑھی ہیں اور دونوں پڑھتا پڑھاتا ہوں "حفصؒ کہتے ہیں" میں نے اس ضمہ کے سوا عاصمؒ کی کسی حرف میں مخالفت نہیں کی ہے

Marfat.com

۳۶ بِالْغَدٰوةِ (انعام۔کہف) کو شامیؒ غین کے ضمہ دال کے سکون اور واو کے فتح سے بلاالف بِالْغُدْوَةِ اور باقی غین و دال کے فتح اور الف سے بلاواو پڑھتے ہیں۔

۳۷ فَيَكُوْنُ قرآن میں کُنْ کے بعد آٹھ جگہ واقع ہوا ہے شامیؒ چھ جگہ یَکُوْنُ وَقَالَ (بقر) کُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَنُعَلِّمَهٗ (آل عمران کلمہ اول) کُنْ فَيَكُوْنُ وَاِنَّ اللّٰهَ (مریم) کُنْ فَيَكُوْنُ اَلَمْ تَرَ (غافر) کُنْ فَيَكُوْنُ وَالَّذِيْنَ (نحل) کُنْ فَيَكُوْنُ فَسُبْحَانَ (یٰس) نون کے نصب سے پڑھتے ہیں پچھلے دونوں کلمات کے نصب میں کسائیؒ بھی شریک ہیں باقی مرفوع پڑھتے ہیں یہی کسائیؒ کی چار اور پہلے کلمات میں قراءۃ ہے اور دو جگہ کُنْ فَيَكُوْنُ ۝ اَلْحَقُّ (آل عمران کلمہ دوم) کُنْ فَيَكُوْنُ ۝ قَوْلُهُ اَلْحَقُّ (انعام) میں رفع پر اجماع ہے۔

۳۸ فَتَحْنَا (انعام اعراف قمر) شامیؒ تا مشددہ سے فَتَّحْنَا اور باقی تا مخففہ سے پڑھتے ہیں۔

۳۹ فُتِحَتْ (انبیاء۔زمر۔نباء) انبیاء میں صرف شامیؒ اور باقی دونوں کو غیر کوفیؒ تا مشددہ سے فُتِّحَتْ اور باقی تا مخففہ سے پڑھتے ہیں۔

۴۰ فَرَّقُوْا (انعام۔روم) حمزہؒ و کسائیؒ فا کے بعد الف زیادہ کر کے تخفیف راسے فَارَقُوْا اور باقی بغیر الف کے راء مشددہ سے پڑھتے ہیں۔

۴۱ وَقَتَلُوْا وَقُتِلُوْا (آل عمران) فَيَقْتُلُوْنَ۔ وَيُقْتَلُوْنَ (توبہ) حمزہؒ و کسائیؒ صیغہ مجہول کو مقدم کر کے وَقُتِلُوْا وَقَتَلُوْا اور فَيُقْتَلُوْنَ وَيَقْتُلُوْنَ اور باقی صیغہ معروف کی تقدیم سے پڑھتے ہیں۔

۴۲ وَقٰتَلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ (آل عمران) قَتَلُوْا (انعام) دونوں میں مکیؒ و شامیؒ قُتِلُوْا فِيْ (آل عمران) ثُمَّ قُتِلُوْا اَوْ (حج) ان دونوں میں شامیؒ مَا قُتِلُوْا

Marfat.com

(آلِ عمران) ہیں ہشامؒ تار مشددہ سے قُتِّلُوْا۔ قٰتَلُوْا۔ اور باقی تخفیف تا سے پڑھتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہشامؒ نے پانچوں کو اور ابن ذکوانؒ نے چار کو اور مکیؒ نے دو کو بہ تشدید پڑھا ہے۔

۴۳ قُبُلًا انعام میں مدنیؒ اور شامیؒ اور کہف میں غیر کوفی قاف کے کسرہ اور باکے فتحہ سے قِبَلًا اور باقی قراء دونوں کے ضمہ سے پڑھتے ہیں۔

۴۴ کُتُبِہٖ بقر میں۔ حمزہؒ و کسائیؒ اور تحریم میں غیر بصریؒ و حفصؒ کاف کی کسرہ تا کے فتح اور اسکے بعد الف سے بافراد کِتٰبِہٖ اور باقی قراء دونوں کے ضمہ سے بغیر الف کے بجمع پڑھتے ہیں (کُتُبِ) اور انبیاء میں حفص حمزہؒ اور کسائیؒ کاف و تا کے ضمہ سے بلا الف بجمع اور باقی کاف کے کسرہ اور تا کے فتح سے بافراد پڑھتے ہیں۔

۴۵ کَرُّھَا (نساء۔ توبہ۔ احقاف دو) حمزہؒ و کسائیؒ چاروں جگہ اور ابن ذکوانؒ و عاصمؒ صرف احقاف کے دونوں کلمات کو کاف کے ضمہ سے کُرُّھَا اور باقی اسکے فتح سے پڑھتے ہیں یہی ابن ذکوانؒ و عاصمؒ کی پہلی دونوں جگہ قراءت ہے ان کے سوا فتح پر اجماع ہے۔

۴۶ کَلِمَتُ (انعام۔ یونس۔ غافر) انعام میں غیر کوفیؒ اور باقی تینوں جگہ مدنیؒ و شامیؒ میم کے بعد الف جمع زیادہ کر کے کَلِمٰتُ اور باقی بلا الف توحید سے پڑھتے ہیں۔

۴۷۔ کِسَفًا اسراء میں مکیؒ۔ بصریؒ۔ حمزہؒ اور کسائیؒ۔ شعراء و سبا میں غیر حفصؒ اور روم میں ابن ذکوانؒ اور ہشامؒ بخلاف سین کے سکون سے کِسْفًا اور باقی فتح سے پڑھتے ہیں

۴۸ کَبٰٓئِرَ (شوریٰ۔ نجم) حمزہؒ و کسائیؒ باء موحدہ کے کسرہ اسکے بعد ہمزہ کی جگہ یاء ساکنہ سے

Marfat.com

بلاالف کبیر اور باقی بار مفتوحہ اسکی بعد الف اور پھر ہمزۂ مکسورہ سے بمد پڑھتے ہیں۔

۴۸ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ (بقر) وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ اور وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (انفال) شامیؒ۔ حمزہؒ وکسائیؒ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ (بقر) کے دو کلمات ہیں مدنیؒ وشامیؒ وَلٰكِنَّ النَّاسَ (یونس) ہیں حمزہؒ وکسائیؒ نون مخففہ مکسورہ اور اسمار ما بعد کے رفع سے وَلٰكِنِ الشَّيٰطِيْنُ وَلٰكِنِ اللّٰهُ۔ وَلٰكِنِ الْبِرُّ اور وَلٰكِنِ النَّاسُ اور باقی جہنوں جگہ نون مشدد مفتوحہ اور اسمار ما بعد کے نصب سے پڑھتے ہیں۔

۴۹ لَا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ (بقر) لَا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ (ابراہیم) لَا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَأْثِيْمٌ (طور) مکیؒ وبصریؒ ساتوں کو فتح سے بلا تنوین۔ لَا بَيْعَ فِيْهِ وَلَا خُلَّةَ وَلَا شَفَاعَةَ۔ اور لَا بَيْعَ فِيْهِ وَلَا خِلٰلَ۔ اور لَا لَغْوَ فِيْهَا وَلَا تَأْثِيْمَ۔ اور باقی قراء تنوین رفعہ سے پڑھتے ہیں اور سورۂ بقر میں فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ کو اسکے برعکس مکیؒ وبصریؒ تنوین رفع سے فَلَا رَفَثٌ وَلَا فُسُوْقٌ اور باقی فتح سے بغیر تنوین پڑھتے ہیں

۵۰ كَمَا (ہود۔ یٰسٓ۔ زخرف۔ طارق) حرمیؒ بصریؒ اور کسائیؒ میم مخففہ سے لَمَا اور باقی میم مشددہ سے پڑھتے ہیں اور زخرف میں ابن ذکوانؒ بلا خلاف اور ہشامؒ بخلاف تخفیف میں شریک ہیں۔ ہشامؒ کے لیے تخفیف زیادت قصیدہ سے ہے اور دونوں وجوہ صحیح ہیں مگر تشدید اکثر کا مذہب ہے۔

۵۱ اَلْئَيْكَةِ (شعرا۔ ص) حرمیؒ وشامیؒ لام مفتوحہ اور اسکے بعد یا ساکنہ اور تا کے

۱؎ دانیؒ نے مفردات میں ہشامؒ کے لیے صرف تخفیف تیسیر میں فقط تشدید اور جامع البیان میں دونوں وجوہ بیان کی ہیں اور جامع میں کہتی ہیں "میں نے روایت ہشامؒ میں حلوانیؒ اور ابن عبادؒ کے طرق پر ابوالفتحؒ سے تخفیف پڑھی ہے۔ اور انہوں نے مجھ سے کہا کہ تشدید ہشامؒ کی اختیار کردہ ہے" محققؒ کہتی ہیں "ہشامؒ کے لیے دونوں وجوہ صحیح ہیں۔ ابن عامرؒ اور ہشامؒ سے ابراہیم ابن دحیمؒ اور ابن ابی حسانؒ تخفیف نصاً روایت کرتے ہیں۔ لیکن اہل مشرق قاطبۃً اور اکثر اہل مغرب صرف تشدید روایت کرتے ہیں اور یہی تمام کتابوں میں مذکور ہے اور سوائیؒ نے امام ابوالحسنؒ اور شیخ ابوالقاسمؒ سے تشدید پڑھی ہے۔

Marfat.com

فتح سے بغیر ہمزہ (غیر منصرف) لَیْکَۃَ اور باقی لام تعریف ساکن اسکے بعد ہمزہ مفتوحہ پھر یاء ساکنہ اور تاء کے کسرہ سے (منصرف) پڑھتے ہیں اور حجر اور ق میں اسپر اجماع ہے

۵۳ مُرْجَوْنَ (توبہ) مکیؒ۔ بصریؒ۔ شامیؒ اور ابو بکرؒ جیم کے بعد قبل از واو ساکنہ ہمزۂ مضمومہ زیادہ کرکے مُرْجَئُوْنَ اور تُرْجِیْ احزاب میں یہی ائمہ جیم کے بعد یا کے بجائے ہمزہ مضمومہ سے تُرْجِئُ اور باقی جیم کے بعد واو اور یاء ساکنہ سے بلا ہمز پڑھتے ہیں

۵۴ مِنْ کُلٍّ زَوْجَیْنِ (ہود۔ مؤمنون) غیر حفصؒ بلا تنوین مِنْ کُلِّ اور حفصؒ تنوین سے پڑھتے ہیں۔

۵۵ مِثْقَالُ (انبیاء۔ لقمان) مدنی لام کے ضمہ سے مُثْقَالُ اور باقی قراء فتح سے پڑھتے ہیں۔

۵۶۔ مُعٰجِزِیْنَ (حج۔ سبا۔) مکیؒ و بصریؒ بلا الف جیم مشددہ سے مُعَجِّزِیْنَ اور باقی عین کے بعد الف اور جیم مخففہ سے پڑھتے ہیں۔

۵۷ وَالَّذَانِ (نساء) اِنَّ ھٰذَانِ (طٰہٰ) ھٰذَانِ (حج) ھٰتَیْنِ۔ فَذَانِکَ (ہود و قصص) اٰرِنَا الَّذَیْنِ (فصلت) تثنیہ مہمات کے چھوؤں کلمات کو مکیؒ نون مشدد سے وَالَّذَانِّ۔ ھٰذَانِّ۔ ھٰتَیْنِّ۔ فَذَانِّکَ۔ اَلَّذَیْنِّ پڑھتے ہیں مدہ کے بعد باجماع اور حرف لین کے بعد دانیؒ کے نزدیک مد لازم ہوتا ہے جمہور مؤخر الذکر میں وجوہ ثلثہ اور قصر کو مختار کہتے ہیں۔ ہمارے شیوخ کا معمول مد ہے اور باقی نون مخففہ سے پڑھتے ہیں۔ مگر فَذَانِّکَ کی تشدید میں بصریؒ بھی شریک ہیں۔

۵۸ نَغْفِرْ لَکُمْ۔ بقر میں مدنی نُونؒ کی جگہ یائے تحتانیہ مضمومہ اور فا کے فتح سے یُغْفَرْ لَکُمْ (بصیغۂ واحد غائب مجہول) اور اعراف میں تاء فوقانیہ سے تُغْفَرْ لَکُمْ

(بصیغۂ واحد مؤنث مجہول) اور شامیؒ دونوں جگہ اسی طرح اور باقی قراء نونِ مفتوحہ اور فاء مکسورہ سے پڑھتے ہیں۔

۵۹ اَلْوَلَایَۃُ کہف میں حمزہؒ وکسائیؒ اور مِنْ وَّلَایَتِہِمْ انفال میں صرف حمزہؒ واو کے کسرہ سے اَلْوِلَایَۃُ مِنْ وِّلَایَتِہِمْ۔ اور باقی فتح سے پڑھتے ہیں۔ یہی انفال میں کسائیؒ کی قرأت ہے۔

۶۰ وَلَدًا (مریم وزخرف) حمزہؒ وکسائیؒ واو کے ضمہ اور لام کے سکون سے وُلْدًا اور باقی ائمہ دونوں کے فتح سے پڑھتے ہیں اور سورۂ نوح میں مکیؒ۔ بصریؒ بھی واو کے ضمہ اور لام کے سکون میں شریک ہیں۔

۶۱ یَبْصُطُ (بقر) فِی الْخَلْقِ بَصْطَۃً (اعراف) مدنیؒ۔ بزیؒ ابوبکرؒ اور کسائیؒ صاد سے قنبلؒ[1] بصریؒ۔ ہشامؒ حفصؒ اور خلفؒ سین سے یَبْسُطُ۔ بَسْطَۃً۔ خلادؒ[2] دونوں طرح اور ابن ذکوانؒ[3] بقر میں دونوں طرح اور اعراف میں صرف صاد سے پڑھتے ہیں۔ یہاں اُن کے لئے سین صحیح نہیں ہے۔

---

[1] قنبلؒ۔ سوسیؒ اور حفصؒ کیلئے ہمارے طرق پر دونوں جگہ صرف سین ہے۔ تیسیر شاطبیہ۔ ہادی۔ کافی۔ تبصرہ۔ تلخیص وغیرہ میں سین ہی منقول ہے اور یہی ابن مجاہدؒ اور جمہور ائمہ کا مذہب ہے۔

[2] ابن ثابتؒ نے ابن ہشیمؒ سے خلادؒ کے لیے دونوں جگہ صاد روایت کی ہے یہی ابوالفتحؒ کی ابن شاذانؒ سے اور قاسمؒ وذان وغیرہ کی خلادؒ سے روایت ہے۔ دانیؒ نے ابوالفتحؒ سے صاد ہی پڑھی ہے اور یہی اکثر اہل مشرق کا مذہب ہے۔ قاسمؒ بن نضرؒ ابن الہیثمؒ کے اور نقاشؒ ابن شاذانؒ کے ذریعہ سے خلادؒ سے دونوں جگہ سین روایت کرتے ہیں دانیؒ نے امام ابوالحسنؒ سے صرف سین پڑھا ہے۔ یہی کافی ہدایہ۔ عنوان۔ اور تلخیص وغیرہ کتب اہل مغرب میں ہے دونوں صحیح ہیں۔

[3] دانیؒ تیسیر میں کہتے ہیں "نقاشؒ نے اخفشؒ سے بقر میں سین اور اعراف میں صاد روایت کی ہے" اس سے ظاہر ہے کہ ابن ذکوانؒ کے لیے اعراف میں صرف صاد ہے مگر شاطبیؒ کو وہم ہو گیا اور انہوں نے اعراف میں دونوں وجہ بیان کر دیں چنانچہ فرماتے ہیں کہ قُلْ فِیْہِمَا وَجْہَانِ قُوَّۃٌ وَّصَلَا۔ حالانکہ یہ واقعہ نہیں ہے بقر میں بیشک خلادؒ کی طرح ابن ذکوانؒ کے لیے دونوں وجہ اور اعراف میں طرق پر صرف صاد ہے۔ شاطبیؒ یہاں طریقہ سے نکل گئے محقق کہتے ہیں "اخفشؒ کے اکثر تلامذہ دونوں جگہ صاد روایت کرتے ہیں۔ مگر نقاشؒ نے بقر میں سین اور اعراف میں صرف صاد روایت کی ہے۔ اور دانیؒ نے شیخ ابوالقاسم فارسیؒ سے اسی طرح پڑھا ہے اور کسی شیخ سے اعراف میں سین نہیں پڑھا۔ تعجب ہے کہ شاطبیؒ نے اپنے اور تیسیر نقاشؒ کے طرق سے کس طرح عدول کیا۔ حالانکہ تیسیر میں فقط نقاش کا طریقہ۔

Marfat.com

اور اَلْمُصَيْطِرُوْنَ (طور) کو قنبلؒ و ہشامؒ بلاخلاف اور حفصؒ بخلاف سین سے اَلْمُسَيْطِرُوْنَ اور بِمُصَيْطِرٍ (غاشیہ) کو ہشامؒ سین سے بِمُسَيْطِرٍ اور باقی صاد سے پڑھتے ہیں یہی طور میں حفصؒ کی دوسری وجہ ہے اور خلفؒ طور و غاشیہ میں بلاخلاف اور خلادؒ بخلاف صاد کا زا سے اشمام کرتے ہیں۔

نتیجہ یہ ہے کہ ہشامؒ چاروں کو قنبلؒ تین کو حفصؒ دو کو اور ایک کو بخلاف اور بصریؒ و خلفؒ بلاخلاف اور خلادؒ بخلاف دو کو اور ابن ذکوانؒ ایک کو بخلاف سین سے اور باقی جگہ صاد سے اور مدنیؒ بزیؒ ابوبکرؒ اور کسائیؒ سب کو صادِ خالص سے پڑھتے ہیں چاروں کلمات کی اصل سین ہی ہے عثمانیہ میں بالصاد مرسوم ہیں تاکہ ابدال پر دلالت کریں اور حالِ قراءتین ہو جائیں

۶۲ يُغْشِيْ (اعراف۔ رعد۔) ابوبکرؒ حمزہؒ اور کسائیؒ غین کے فتح اور شین مشددہ سے يُغَشِّيْ اور باقی غین کے سکون اور شین مخففہ سے پڑھتے ہیں اور انفال میں اِذْ يُغَشِّيْكُمُ شامیؒ کوفیؒ غین کے فتح اور شین مشددہ اور یا سے اور مدنیؒ غین کے سکون اور شین مخففہ اور یا سے اِذْ يُغْشِيْكُمُ اور مکیؒ و بصریؒ غین کے سکون اور شین مخففہ مفتوحہ اور الف سے اِذْ يَغْشَاكُمُ پڑھتے ہیں۔ پچھلی قراءت میں علامت مضارع مفتوح اور باقی میں مضموم ہے

۶۳ يَلْحِدُوْنَ (اعراف و فصلت) میں حمزہؒ اور نحل میں حمزہؒ و کسائیؒ یا و حا کے فتح سے يَلْحَدُوْنَ اور باقی یا کے ضمہ اور حا کے کسرہ سے پڑھتے ہیں۔

۶۴ يُبَشِّرُكَ۔ يُبَشِّرُكِ (آل عمران) وَيُبَشِّرُ (اسراء) وَيُبَشِّرَ (کہف) میں حمزہؒ و کسائیؒ يُبَشِّرُ اللّٰهُ (شوریٰ) میں مکیؒ بصریؒ اور حمزہؒ اور کسائیؒ يُبَشِّرُهُمْ (توبہ) تُبَشِّرُكَ (حجر و مریم) لِتُبَشِّرَ (مریم) میں صرف حمزہؒ علامت مضارع کے فتح با کے سکون اور شین مخففہ مضمومہ سے يَبْشُرُ يَبْشُرَ۔ نَبْشُرُكَ۔ لِتَبْشُرَ اور باقی علامت مضارع کے ضمہ با کے

Marfat.com

فتح اور شین مشددہ مکسورہ سے پڑھتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ حمزہؒ نے نوکے نو کو۔ کسائیؒ نے پانچ کو اور مکیؒ و بصریؒ نے ایک کو فتح۔ سکون اور تخفیف سے پڑھا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

باب بیست و سوم افراد و جمع

افراد سے مراد روایات و طرق کا جدا جدا پڑھنا اور جمع سے مقصد متعدد روایات و طرق کو ایک ختم میں جمع کر کے پڑھنا ہے متقدمین نے اپنی تصانیف میں افراد و جمع کا کوئی ذکر نہیں کیا اور نہ انکو اسکی ضرورت تھی۔ متاخرین میں سے صفراوی نے اعلان میں اشارۃً اور محققؒ نے نشر میں تفصیلاً ذکر شروع کیا تھا مگر مراتب ابتدائی بیان کر کے نامکمل چھوڑ دیا۔ ہم بقدر ضرورت اسکو بیان کرتے ہیں۔ اسکی اہمیت کے بارہ میں محققؒ کہتے ہیں "یہ باب عظیم الفائدہ اور کثیر النفع ہے۔ متقدمین نے اپنی کتابوں میں اسکو اسوجہ سے نہیں لیا۔ کہ انکی شاندار ہمتیں نیکی کی زیادتی اور استیعاب روایات پر مبذول تھیں اور وہ ایک روایت کو ایک شیخ سے کئی کئی مرتبہ پڑھتے تھے چنانچہ علامہ حصریؒ نے شیخ ابوبکر قصریؒ سے سبعہ قرات نو ختموں میں دس سال کے عرصہ میں پڑھی تھیں۔ ابوحفص کتانی امام ابن مجاہدؒ سے قراءۃ عاصمؒ سالہا سال پڑھتے رہے۔ ابن سوارؒ کے شیخ۔ ابوالفتحؒ واسطی نے علامہ ابن شعیریؒ سے روایت ابوبکرؒ بطریق علیمیؒ کئی سال اور متعدد ختموں میں پڑھی۔ انمیں سے جو حضرات متعدد روایات و قرات پڑھتے تھے وہ ایک ہی شیخ کے روبرو ہر روایت و طریقہ کیلئے جدا جدا ختم پڑھتے تھے

Marfat.com

اور ایک روایت کو دوسری روایت کیساتھ جمع نہیں کرتے تھے۔ صدر اول کا یہی قاعدہ تھا جو اوائل پانچویں صدی تک اسی طرح رائج رہا۔"

"دانیؒ کے عصر سے متصدرین اور حذاق کے لیئے جمع کا رواج ہوا بعض محتاط ائمہ اسکو اسوقت بھی بایں وجہ مکروہ جانتے تھے کہ یہ سلف صالحین کے طریقہ کے خلاف تھا۔ مگر جمع کا طریقہ معمول و ماخوذ بنگیا شیوخ کو جس چیز نے اسکے اختیار کرنے پر مجبور کیا وہ ہمتوں کا فتور اور سرعت ترقی کا ارادہ تھا۔ لیکن یہ حضرات مبتدی کو جمع نہیں پڑھاتے تھے۔ "محقق" کہتے ہیں "اساتذہ صرف اس شخص کو جمع پڑھنے کی اجازت دیتے تھے۔ جو طرق و روایات اور قراات افراداً پڑھکر معرفت تامہ حاصل کر چکا ہوا اور چھٹی صدی تک شیوخ و ائمہ قراات سبعہ و عشرہ میں سے کسی ایک قاری کی قراءۃ بھی مبتدی کو ایک ختم میں نہیں پڑھاتے تھے۔ علامہ کمال ضریر[1] شاطبیؒ نے جب امام موصوف سے قراات پڑھنی شروع کیں تو ہر ایک قراءۃ تین ختموں میں پڑھتے تھے۔ یعنی دونوں راویوں کے لیئے جدا جدا ختم پڑھ کر پھر دونوں کو جمع کرتے تھے۔ اسی طرح انیس ختم سنائے روایت ابو الحارثؒ اور قراءۃ کسائیؒ پڑھنی باقی تھی۔ کہ حضرت شاطبیؒ نے بربنا رکشف سبعہ کے جمعاً پڑھنے کا حکم دیا۔ اور جب علامہؒ سورہ احقاف پر پہونچے تو امام موصوف نے وفات پائی۔"

نیز محققؒ کہتے ہیں "ہم نے اپنے شیوخؒ کے عصر تک یہی حال دیکھا ہے اور میں کسی کو نہیں جانتا جس نے علامہ تقی الدینؒ ابو عبداللہ الصائغ سے قراء سبعہ کے لیئے افراداً اکیس ختم پڑھنے سے پہلے جمع پڑھی ہو اور ایسے ہی عشرہ کے واسطے۔ چنانچہ ہمارے شیخ ابن جندیؒ نے علامہ موصوف سے مفردات بیس ختموں میں پڑھی تھیں اور

[1] دا ما د ۱۲

اسی طرح ہمارے شیوخ شمس الدینؒ ابن الصلائحؒ اور تقی الدین ابو محمدؒ بغدادی وغیرہ نے اور ایسے ہی اُن تمام بزرگوں نے جنکو ہم نے دیکھا ہے اور ہمارے شیخ امین الدین ابو محمدؒ عبدالوہاب انقرویؒ اسکندری نے شیخ شہاب الدینؒ قوصیؒ سے سبعہ قرات بمضمن اعلان چالیس ختموں میں پڑھی تھیں۔ جو لوگ تساہل اور سستی کرتے تھے وہ نافع اور حمزہؒ کے سوا دیگر ائمہؒ کی قرات ہر قاری کے لیئے ایک ایک ختم میں پڑھا دیتے تھے۔ مگر قالونؒ ورشؒ خلفؒ اور خلادؒ کی روایات کو وہ بھی علیحدہ علیحدہ ایک ایک ختم میں پڑھاتے تھے۔"

اسکے بعد کہتے ہیں "جب میں شیوخ دمشق سے قرات افراداً وجمعاً پڑھ چکا۔ تو میں نے شیخ امین الدین عبدالوہابؒ سے ایک ختم میں قراءۃ ابو عمروؒ اور ایک ختم میں قراءۃ حمزہؒ پڑھ کر جمع پڑھنے کی اجازت مانگی مگر امامؒ موصوف نے انکار کر دیا اور فرمایا کہ تم نے مجھے قرات افراداً نہیں سنائی ہیں لہذا میں جمع نہیں سنتا اور پھر اصرار پر نافعؒ اور ابن کثیرؒ کی قرات جمع کرا دیں۔ البتہ اگر شیوخ کسی کو دیکھتے تھے کہ اُس نے کسی معتبر شیخ سے روایات افراداً وجمعاً پڑھ کر اجازت واہلیت حاصل کر لی ہے اور معرفت واتقان کے درجہ تک پہنچ گیا ہے اور جمع پڑھنے کا ارادہ کہتا ہے تو اسکو افرادِ روایات کی تکلیف نہیں دیتے تھے اور جمع سنانے کی اجازت مرحمت کر دیتے تھے۔ چنانچہ استاذ ابو العز قلانسیؒ نے امام ابو القاسم ہذلیؒ سے جب وہ بغداد آئے قرات عشرہ بمضمن کامل ایک ختم میں اور قراء مصر نے امام کمالؒ بن فارس دمشقیؒ سے جب وہ مصر آئے قرات اثنا عشر۔ اُن تمام کتب کے طرق پر جو امام موصوف علامہ ابو الیمنؒ کندی سے روایت کرتے ہیں۔ ایک ختم میں پڑھی تھیں۔"

اسکے بعد کہتے ہیں "چنانچہ تکمیل کے بعد میں نے امام ابو المعالیؒ ابن لبانؒ سے قرات عشرہ ایک ختم میں پڑھی تھیں اور جب میں پہلی مرتبہ مصر گیا تو علامہ ابو بکرؒ بن جندیؒ سے قرات

اثنا عشر بمضمن کتب متعددہ۔ اور شیخ شمس الدینؒ ابن الصائغؒ اور شیخ تقی الدینؒ ابو محمدؒ بغدادیؒ سے سبعہ قرات بمضمن تیسیر و شاطبیہ و اعلان ایک ایک ختم میں پڑھیں اور پھر جب دوبارہ مصر گیا تو میں نے شیخ شمس الدینؒ ابن الصائغؒ موصوف سے قرات عشرہ اور شیخ تقی الدینؒ ابو محمدؒ بغدادی سے عشرہ مع قرات ابن محیصنؒ و اعمشؒ و خواجہ حسنؒ ایک ایک ختم میں پڑھیں۔ جمع کی متعلق یہ قوم کا طریقہ تھا۔

اہل علم اور ارباب فن غور کریں کہ آجکل مبتدیوں اور غیر عربی دان طلبا کو جمع پڑھائی جاتی ہے اور اکثر طلباء کو پڑھنے کے بعد یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ مختلف روایات کی خصوصیات کیا ہیں طرق و روایات اور قرات میں کیا فرق ہے۔ کونسا اختلاف واجب اور کونسا جائز تخییری ہے۔ صحیح سقیم۔ قوی ضعیف اور متواتر و شاذ کا فرق معلوم کرنا تو ایک بڑا مرحلہ ہے۔ جب یہ کیفیت ہے تو ماہر فن اور نقاد کسطرح پیدا ہو سکتے ہیں۔

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی زیں رہ کہ تو میروی بترکستان است

سید غیثؒ میں کہتے ہیں "آجکل ایسے طلباء کو جمع پڑھائی جاتی ہے جو نہ مکتبی تعلیم رکھتے ہیں اور نہ افراداً قرات کو سمجھتے ہیں۔ یہ فعل متقدمین و متاخرین کے اجماع کے خلاف ہے" پس جمع پڑھانے سے پہلی افراداً روایات پڑھائی جائیں۔ اور طلباء کو چاہیئے کہ اول طرق و روایات پر عبور حاصل کریں اور یاد رکھیں کہ ایک روایت کا ضبط مشکل ہے مجموعہ کو بسہولت کون ضبط کر سکتا ہے۔

جمع پڑھنے سے پہلے خلاف واجب اور خلاف جائز کا سمجھنا لازم ہے ورنہ جمع پر قدرت نہیں ہو سکتی اور طرق روایات کا فرق جاننا لابدی ہے۔ ورنہ ترکیب سے بچنا دشوار ہے پس یاد رکھیں کہ اگر دو قراتوں میں ایسا اختلاف ہے کہ ہر قراۃ کی تمام راوی اسپر متفق ہیں تو یہ قراۃ ہے اور اگر

کسی قراءۃ کے رواۃ میں اختلاف ہی مگر روایت کے طرق متحد ہیں تو یہ روایت ہے اور اگر راوی کے شاگردوں میں اختلاف ہی خواہ کسی طبقہ میں ہو تو یہ طریقہ ہی۔ قراۃ روایت اور طریقہ کا اختلاف منعص اور اختلاف واجب ہی۔ جمع پڑھتے ہوئے سب وجوہ پڑھی جائینگی اور اگر کوئی وجہ چھوٹ جائیگی تو روایت میں نقص ہوگا۔ مثلاً بین السورتین بسم اللہ ابن کثیرؒ کی قراءۃ۔ قالونؒ کی روایت اور ورشؒ سے اصبہانیؒ کا اور ازرقؒ سے ابوطاہرؒ بن خلفؒ اور شاطبیؒ کا طریقہ ہی اور ورشؒ سے عدم بسم اللہ کیساتھ سکتہ امام ابوالحسنؒ کا اور وانیؒ کا اپنے تمام شیوخ سے طریقہ ہی اور اگر اختلاف تخییری ہو جیسے مد سکون وقفی کی وجوہ ثلثہ۔ یا سکون و اشمام و روم یا بین السورتین وصل و قطع کی مختلف صورتیں یا ادغام کبیر میں طول توسط اور قصر۔ تو یہ اختلاف جائز ہے اور ان کو وجوہ کہتے ہیں اختلافات نہیں کہتے پس انمیں سے جو وجہ پڑھی جاوے وہ کافی ہی سب وجوہ ہر جگہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ جو لوگ ہر جگہ سب وجوہ پڑھنے کا التزام کرتے ہیں اور اختلاف جائز تخییری کو اختلاف واجب کے مانند سمجھتے ہیں وہ فن سے ناواقف ہیں۔

تنبیہ ازرقؒ سے مدبدل میں قصر توسط اور طول منقول ہیں وہ طرق ہیں وجوہ نہیں اگرچہ بسا اوقات طرق پر مجازاً وجوہ کا اطلاق کر دیتے ہیں۔

جمع پڑھنے کا عام قاعدہ یہ ہے کہ جب کسی آیت کو پڑھتے ہوئے وقف صحیح تک پہونچے تو وقف کر کے دیکھے کہ تلاوت کردہ حصہ میں اصولی اور فرشی اختلافات کہاں کہاں ہیں پس جہاں تک تداخل ہی وہاں ایک وجہ کافی ہی اور جہاں تداخل نہیں اسکو دو بارہ پڑھے۔ اور تمام وجوہ اہمال ترکیب اور اعادہ عبث کے بغیر پوری کرے۔ اہمال ممنوع۔ ترکیب مکروہ۔ اور اعادہ عبث عیب ہے۔ اور جمع کے متعلق شیوخ سے تین مذاہب منقول ہیں۔

اول جمع بالحرف۔ یعنی قراءت کرتے ہوئے قاری جب اس کلمہ پر پہونچے جسمیں اصولی یا فرشی

Marfat.com

اختلاف ہو تو اس کلمہ کا اعادہ کرکے یکے بعد دیگرے اختلافات کو ادا کرے پھر آگے چلے اور اگر وہ اختلاف دو کلمات سے متعلق ہو جیسے مد منفصل اور سکتہ تو دونوں کلمات کو ملا کر اختلاف پورا کرے یہ اہل مصر کا مذہب ہے۔ محقق کہتے ہیں "ادائے اختلافات کے لیے یہ مذہب مضبوط تر اور بروئی اخذ نہایت آسان و سہل اور مختصر ہے۔ مگر اسمیں رونق تلاوت اور حسن ادا باقی نہیں رہتا"

دوم۔ جمع بالوقف یعنی۔ قاری اسوقف صحیح تک قراءت کرے جسکے بعد سے ابتدا درست ہو۔ جو ائمہ و رواۃ مندرج ہو گئے اُن کے اعادہ کی ضرورت نہیں۔ صاحبان اختلاف کو ابتدا سے لوٹائے اور اسی جگہ وقف کرے جہاں پہلے وقف کیا تھا اسی طرح تمام اختلافات پورے کرکے آگے چلے یہ اہل شام کا مذہب ہے محقق کہتے ہیں "یہ مذہب اختلافات کے اختصار میں اضبط و اوثق اور بلحاظ زمانہ اطول ہے مصر و شام کے تمام شیوخ سے میں نے اسی طرح پڑھا اور اسی طرح پڑھتا ہوں" اسکے بعد محقق کہتے ہیں "میں نے دونوں مذاہب سے مرکب کرکے ایک تیسرا مذہب نکالا ہے جو محاسن جمع کے لحاظ سے نہایت اچھا ہے یعنی میں کسی قاری کے لیے پڑھتا ہوں اور خیال کرتا ہوں کہ قراء میں سے کون ان سے زیادہ موافق ہے اور جب اس کلمہ پر پہنچتا ہوں جہاں اختلاف ہو تو وقف کرکے اختلاف ادا کرتا ہوں اور پھر وصل کرکے آگے چلتا ہوں اور وقف صحیح تک یہی کرتا رہتا ہوں" غالباً مطلب یہ ہے کہ موافقین کو بطریق اہل مصر اور غیر موافقین کو بطریق اہل شام پڑھتا ہوں۔ واللہ اعلم بما اراد

سوم جمع مروجہ۔ جو ہر دو مقدم الذکر مذاہب سے مرکب اور محقق کا اختیار کردہ مذہب کی مکمل ترین صورت ہے جسکو علماء مصر و شام نے اختیار و مروج کیا ہے۔ پہلی قالون کو وقف صحیح تک پڑھتے ہیں جو قراء اُن کے ساتھ مندرج ہو گئے انکا اعادہ نہیں کرتے اور اختلاف کرنیوالوں کو دیکھتے ہیں کہ محل وقف سے کون اقرب ہے چنانچہ اسجگہ سے وقف تک اُسکے لیے اعادہ کرتے ہیں اور پھر ان کو

Marfat.com

لوٹاتے ہیں جو اُن سے اُوپر ہوں حتیٰ کہ سب اختلافات پورے ہو جائیں اور اگر چند ائمہ ایک جگہ جمع ہوں تو مراتب مندرجہ شاطبیہ کے مطابق اعادہ کرتے ہیں اور اگر ایک جگہ امالہ اور فتح والے جمع ہوں تو فتح والوں کو پڑھ کر امالہ پڑھتے ہیں اسوقت روئی مین پر یہی طریقہ مروج ہی سیدؒ کہتے ہیں "میں نے اپنے تمام شیوخ سے اسی طرح پڑھا اور اسی طرح پڑھاتا ہوں" ہمارے شیوخ بھی اسیطرح پڑھاتے تھے اور یہی میرا معمول ہے۔

فائدہ اگر ان تینوں مذاہب کے سوا کوئی اور طریقہ ممکن ہو سکے تو اس سے جمع پڑھ سکتے ہین مگر وقف وابتدا اور حسن ادا کی رعایت پیش نظر رہے اور ترکیب واہمال پیدا نہ ہو۔

تنبیہ ہمارے یہاں قالونؒ کا صلہ پہلے پڑھتے ہیں اور مصری بے صلہ کو مقدم کہتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے طریقہ پر قالونؒ کی وجوہات میں عام طور سے فصل نہیں ہوتا۔ اور مصریوں کے طریقہ پر ابن کثیرؒ کے سوا اور سب قراء کو اگر اوپر نہ چھوٹے ہوں صلے سے پہلے پڑھنا پڑتا ہے۔ لہذا قالونؒ کی وجوہات میں فصل ہو جاتا ہے ہمارا طریقہ طلباء کے لیئے زیادہ موزوں اور سہل ہے۔

جمع پڑھاتے ہوئے بعض لوگ وجوہ بین السوا اور مد بدل کی وجوہات کو حسابی طریقہ یعنی ضرب سے پڑھاتے ہیں جو بدعت ولغو اور فضول ہی۔ اس سے بچنا واجب ولازم ہی۔ صدر اول کی طریقہ حقہ کی جگہ جمع اس لیئے اختیار کیگئی تھی کہ وقت کی بچت ہو اور تھوڑے عرصہ میں قرات حاصل ہو جائے مگر اس ضرب کے طریقہ سے وہ مقصد بھی فوت ہو جاتا ہی اور خیر القرون کے طریقہ سے بھی محروم ہو جاتے ہیں اور یہ مثل صادق آجاتی ہی۔ اَلْهَرَبُ مِنَ الْمَطَرِ وَالْوُقُوْفُ تَحْتَ الْمِيْزَابِ اسکے لیئے اجمالی اشارات باب الفرش میں آئینگے۔

جمع الجمع پڑھنے کے لیئے چند آیات بطور تمثیل ہم یہاں درج کرتے ہیں مشکل مواقع باب الفرش میں بیان ہونگے۔

Marfat.com

اول۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ۔ قالونؒ کے لیئے مٰلِكِ بلاالف پڑھیں ورشؒ۔ مکیؒ۔ دوریؒ شامیؒ اور حمزہؒ مندرج ہوگئے اسکے بعد عاصمؒ کے لیئے مٰلِكِ بالف پڑھیں کسائیؒ مندرج ہوگئی۔ اسکے بعد سوسیؒ کو اَلرَّحِیْمِ مَّلِكِ سے باد غام اور بلاالف لوٹائیں۔

دوم۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۝ قالونؒ کو صاد خالص اور ہاء کنایہ کے کسرہ سے پڑھیں۔ ورشؒ۔ بزیؒ۔ بصریؒ۔ شامیؒ۔ عاصمؒ اور کسائیؒ مندرج ہوگئے۔ اسکے بعد قنبلؒ کو سین سے پڑھیں۔ اسکے بعد حمزہؒ کو دونوں جگہ صاد کا زا سے اشمام کرکے اور ہاء کنایہ کے ضمہ سے لوٹائیں۔ پھر خلادؒ کے لیئے صِرَاطَ سے بصاد خالص اعادہ کریں۔

سوم۔ هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝ قالونؒ کے لیئے صلہ پڑھیں۔ ابن کثیرؒ مندرج ہوگئے۔ پھر بے صلہ پڑھیں۔ ورشؒ وسوسیؒ کے سوا سب مندرج ہوگئے پھر ورشؒ کو ہمزہ ساکنہ کے ابدال اور الصَّلٰوةَ کے لام کی تغلیظ سے پڑھیں پھر سوسیؒ کے لیئے ترقیق لام سے اعادہ کریں۔

چہارم۔ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ۔ قالونؒ کو بقصر پڑھیں۔ ابن کثیرؒ کامل اور دوریؒ کی ایک وجہ ہوگئی۔ پھر بدل پڑھیں دوریؒ ہوگئے پھر مد سے شامیؒ کو پڑھیں کسائیؒ ہوگئے پھر عاصمؒ کو پھر حمزہؒ کو پڑھیں۔ پھر ابدال ہمزہ ساکنہ سے ورشؒ کو لوٹائیں اسکے بعد سوسیؒ کے لیئے قصر پڑھیں۔

پنجم۔ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ۝ قالونؒ کے ساتھ صلہ میں ابن کثیرؒ اور پھر بے صلہ میں ورشؒ وخلفؒ اور خلادؒ کی ایک وجہ کے سوا سب مندرج ہوگئے۔ اب ورشؒ کو حرکت ہمزہ کی نقل اور را کی ترقیق اور مد بدل کی وجوہ ثلثہ سے پڑھیں۔ اسکے بعد حمزہؒ

Marfat.com

کو سکتہ سے لوٹائیں۔

ششم۔ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ قالونؒ کیساتھ صلہ میں مکیؒ اور بے صلہ میں بصریؒ۔ پھر ورشؒ کے ساتھ حمزہؒ اور شامیؒ کے ساتھ کسائی ہوگئے۔ اسکے بعد عاصمؒ کو پڑھیں۔

ہفتم۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ قالونؒ کے لیئے متصل ہیں دو الفی مد کے ساتھ صلہ کا قصر اور ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل مع ادخال پڑھیں۔ پھر مکیؒ کو ہمزہ کی تسہیل سے بلا ادخال لوٹائیں۔ پھر قالونؒ کے لیئے صلہ کا مد اور پھر بے صلہ پڑھیں بصریؒ ہوگئے۔ پھر ورشؒ کے لیئے مد متصل پانچ الفی اور دونوں جگہ صلہ کے مد ہمزۂ ثانیہ کی بین بین تسہیل اور ہمزہ ساکنہ کے ابدال سے اور پھر اسی طرح مگر ہمزۂ ثانیہ کے ابدال سے بمد لازم پڑھیں پھر خلفؒ کو ہاء کنایہ کے ضمہ اور قبل از ہمزہ میم جمع پر سکتہ اور ہمزۂ ساکنہ کے ابدال سے۔ پھر خلادؒ کو اسی طرح مگر بلا سکتہ۔ پھر ہشامؒ کو تسہیل و ادخال اور تحقیق و ادخال سے۔ پھر ابن ذکوانؒ کو بلا ادخال پڑھیں۔ کسائیؒ ہوگئے۔ پھر عاصمؒ کو پڑھیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

فللہ الحمد والمنۃ کہ آج اصولِ سبعہ قرات کی پہلی جلد کی ترتیب اور نظر ثانی سے فراغت ہوکر دوسری جلد کی ترتیب شروع ہوگئی خدائے تعالےٰ اپنے حبیب خاتم النبیین کے وسیلہ اور طفیل اور اپنے مقربان درگزین بندوں کے صدقہ سے قبول فرما کر اشاعت کی مہلت عطا کرے اور طلباء کو اس سے نفع پہنچائے آمین۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ﴿ابو محمد صلی اللہ عفی عنہ السلام۔ پانی پت ۲۰ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۷ھ بوقت چار بجے شب﴾

Marfat.com

وہ کلمات طیبات اور گرامی ارشادات جو اس کتاب کے سرسری معائنہ کے بعد حضرت العلامہ بقیۃ السلف عمدۃ الخلف استاذی مولنا قاری محمد اسحاق مدظلہ العالی علی رؤس الکمولی خلف الصدق حضرت مولنا قاری محمد رحیم بیگ دہلوی ثم المیرٹھی رحمۃ اللہ علیہ نے مصنف کی حوصلہ افزائی کیلئے تحریر فرمائے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً ومصلیاً ومسلماً اما بعد یہ کتاب فن شریف "علم قرات" میں میرے محترم

علامہ جناب مولانا مولوی قاری ابو محمد محی الاسلام صاحب زاد مجدہم

پانی پتی نے تصنیف فرمائی ہے۔ گو احقر اس مبارک تصنیف کے شرف مطالعہ من اولہ الی آخرہ سے بہرہ اندوز نہیں ہوا ہے۔ مگر چند اوراق میں بعض مقامات کی تحقیقات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ درحقیقت ایسی مبسوط اور مشرح محققانہ طرز کی کوئی کتاب واضح اور سلیس علم فہم ابتک اردو کی اس فن شریف میں تصنیف نہیں ہوئی اور اس تصنیف سے علامہ مصنف نے نہ صرف اردن مشتاقان فن شریف پر احسان فرمایا ہے کہ جو اپنی تکمیل فن میں بوجہ ناواقفیت زبان عربی عاجز رہتے تھے بلکہ اس اردو تصنیف مبارک سے ہر اردو جاننے والے مسلمان پر بھی احسان فرمایا ہے جو قرآن صحیح پڑھنا چاہے فجزاہ اللہ تعالیٰ خیراً عنا وعن سائر المسلمین۔ آمین یارب العلمین۔ حررہ العبد لاحق

محمد اسحاق ابن حضرت مولانا قاری محمد رحیم بیگ دہلوی ثم المیرٹھی رحمہ اللہ علیہ من تلامذہ

حضرت مولینا قاری قادر بخش صابر پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ ۱۹ شعبان المعظم یوم جمعہ ۱۳۴۹ھ

ارشادات ابلغ غایہ حضرت العلامہ ہر منقول و معقول فاضل عربیت و قرات استاذ الاسلامیات بمدرسہ التبلیغ کرنال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی اما بعد احقر نے جب سے علم تجوید و قرات کی کتابوں کا اشتغال کیا ہمیشہ سے یہ آرزو دل میں رہی کہ کاش ساتوں قراتوں کے قواعد وغیرہ کے متعلق کوئی عام فہم کتاب اردو زبان میں ہوتی تو عربی نہ جاننے والے شائقین بھی اس مبارک فن سے محروم نہ رہتے لیکن یہ آرزو اس لئے پوری نہ ہو سکتی تھی کہ اردو میں علاوہ از مسائل تجوید کے فن فرش پر کسی نے کوئی کافی کتاب نہیں لکھی تھی۔ اب یہ معلوم کر کے بیحد مسرت حاصل ہوئی کہ مولانا المحقق القاری المدقق۔ قاری مجی الاسلام صاحب نے ایک کتاب "اصول سبعہ قرات پر" سلیس و عام فہم اردو میں تصنیف فرمائی ہے۔ کتاب مذکور کا حصہ اول فاضل مؤلف سے میں نے اول سے آخر تک سنا جس کی بہت سی خوبیوں میں سے خصوصیت کیساتھ یہ خوبیاں زیادہ تر قابل ذکر ہیں:۔ (الف) کتاب کا طرز بیان سلیس اور عام فہم ہے۔ (ب) ابتدا میں ایک مقدمہ لگایا گیا جسے محققانہ طور پر نہایت اہم اور کارآمد معلومات سے مرتب کیا گیا ہے اور خصوصیت سے مولانا المحقق نے طلبہ پر یہ بڑا احسان کیا ہے کہ اس فن کے مؤلفات کی ایک مختصر سی فہرست لکھکر اس بات کا پتہ لگانا آسان کر دیا کہ اس فن کی کونسی کتاب معتبر ہے اور کونسی

Marfat.com

محققانہ طرز سے محروم ہی۔ (ج) فاضل مؤلف نے تمام قواعد و مسائل کو بے حد محنت اور پوری تحقیق و تفتیش تنقیح و تدقیق کے بعد درج کتاب کیا ہی۔ (د) اور تقلید اعمی سے بچتے ہوئے اس امر کی پوری کوشش کی ہی کہ ہر بات محقق ہو کر درج ہو پھر تحقیق مسائل کے سلسلہ میں محققین و ائمہ فن کی کتب کو حتے الامکان بالاستیعاب دیکھکر پوری چھان بین کے بعد فاضل مؤلف نے ان کو اپنی کتاب میں جگہ دیدی ہی اور ساتھ ہی ساتھ متن یا حاشیہ میں ان اوہام کیطرف بھی مدلل اشارہ کیا ہی جو دوسرے مصنفین کو اُن میں ہوئے ہیں۔ (ہ) اپنی تحقیق کو جہابذۂ محققین کی عبارات سے مؤیّد کیا ہے۔ جس موقع پر کتاب مذکور کو فاضل مؤلف سے سننے کا اتفاق ہوا اگرچہ وقت اسقدر وسیع نہیں تھا کہ میں اہم مسائل اور متنازع فیہ مقامات میں کتب متعلقہ کی مراجعت کر کے مزید اطمینان حاصل کر لیتا۔ تاہم بلاخوف تردید یہ کہتا ہوں کہ یہ کتاب اپنے موضوع اور اپنے خاص انداز میں فی زمانہ بے نظیر ہے اور یہ الفاظ مبالغہ یا خوشامد کیطور پر نہیں لکھتا اور نہ اس کی عادت ہے بلکہ میں کتاب کے طرز بیان۔

طرز تالیف۔ طرز تحقیق کو دیکھکر اسی نتیجہ پر پہونچا ہوں۔ اور مجھے یقین ہے کہ ارباب مناسبت اس کتاب کو دیکھ کر یہ کہنے پر ضرور مجبور ہوں گے کہ خُبْرٌ کَخُبْرٍ مِّنْ خَبَرٍ

اللہ تعالےٰ فاضل مؤلف کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور اہل اسلام کو اس تالیف شریف سے نفع پہونچاوے ۔

آمین ثم آمین

وانا العبد الملتجی الی اللہ

مختار اللہ (المدعو) میرک شاہ (عفا اللہ عنہ وعافاہ)

استاذ الاسلامیات

بمدرسۃ التبلیغ۔ کرنال ۲۶ شعبان ۱۳۴۸ھ

Marfat.com

عرض حال

مدت سے اس تگ و دو میں لگا ہوا ہوں کہ قرات کی معتبر کتابوں کا معتد بہ ذخیرہ اُردو میں جمع ہو جائے لیکن موانعات قوی حائل ہیں۔ سب سے زیادہ اُس مخصوص قابلیت کا فقدان (جو اس کام کیلئے ضروری ہے) اور اہل علم کی امداد سے حرمان ہے۔ پھر مسلمانوں کی بے توجہی اور اس فن سے لاپرواہی سونے پر سہاگہ اور اونگتے کو ٹھیلتے کا بہانہ بنی ہوئی ہے۔ تاہم گذشتہ سال شجرۂ سبعہ قرات (حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک شیوخ قراتؒ کے متبرک نام) طبع کرا کر تقسیم کر چکا ہوں۔ اب شرح سبعہ قرات کی پہلی جلد (اصولی اختلافات کے متعلق) ہدیۂ ناظرین ہے۔ دوسری جلد (متعلق فرش) انشاء اللہ القدیر عنقریب نظر ہوگی۔

ارادہ ہے کہ تیسیر، شاطبیہ اور کافی وغیرہ متون ترجمہ اور مختصر شروح کے ساتھ اور ایک قرآن شریف حامل سبعہ قرات سرخ رموز اور ضروری حواشی کے ساتھ چھپ جائے تاکہ طلباء ایجاد بندہ اور غلطی سے محفوظ ہو جائیں۔ اکثر مواد جمع ہے اور بے سروسامانی کے سوا کوئی دشواری نہیں جو مانع ہو۔ واللہ المستعان۔

طبقات القراءؒ۔ اور قرات کے اساتذۂ دہلیؒ اور شیوخِ پانی پتؒ کے حالات مرتب کر رہا ہوں مؤخر الذکر کا مسودہ مکمل موجود ہے لیکن طبقات میں بہت زیادہ کام باقی ہے اور شاید پانی پت میں بیٹھکر مکمل بھی نہ ہو سکے۔ مشائخ دہلیؒ کا اسوقت تک کوئی حال دستیاب نہیں ہوا۔ متعدد بزرگوں سے استمداد کی مگر محروم ہوں۔ کاش دہلی کے ذی علم حضرات اعانت و سرپرستی فرمائیں تاکہ یہ مشکل حل ہو اور اسلاف کرام کا متبرک ذکر باقی رہے۔

اس سلسلہ کو جاری رکھنے کیلئے پالسو معاونین کی ضرورت ہے کہ جو کتاب طبع ہو وہ ان کی خدمت میں بھیجدی جائے اور مؤلف بار بار اس زحمت و دردسری اٹھانے سے بچ جائے جو خریداروں کی تلاش میں عموماً کرنی پڑتی ہے۔ اُمید کہ علماء۔ قراء۔ حفاظ اور کلام الٰہی کے شیدائی توجہ فرمائیں۔ ؎ برکریمان کار ہا دشوار نیست

ابو محمد محی الاسلام عفی عنہ پانی پت (ضلع کرنال)

۷۸۶

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ناظرین کرام۔ اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے اصول سبعہ قرأت کی پہلی جلد (جس میں ساتوں قراءتوں کے قواعد مذکور ہیں) چھپکر آپ کیسامنے ہے۔ اس کی تدوین میں احقر نے جس دماغ سوزی سے۔ طلبہ اور شائقین کے لیئے سہولتیں جمع کی ہیں ان کا حال مطالعہ اور ملاحظہ سے ظاہر ہوگا۔

دوسری جلد (جسمیں تمام قرآن مجید کے فرش الحروف مع اکثر اصولی اختلافات کے حسب وقوع بترتیب سورو رکوع بیان کئے گئے ہیں کیونکہ ہندوستان میں کلام پاک کی تلاوت رکوعوں کے حساب سے کیجاتی ہے) آٹھ مہینہ سے کاتب صاحب کے قبضہ میں ہے۔ ان کی امروز وفردا کا سبق ختم نہیں ہوتا۔ اُمید کہ سید عبدالعلیم صاحب زادبقاہٗ ادہر توجہ کریں اور جناب موصوف کی مدد سے وہ بھی جلد از جلد طلباء اور شائقین کے ہاتوں میں پہونچ جائے۔ یقین ہی کہ کتاب ہذا طلباء کو مطولات کے مطالعہ اور متون وشروح کے دیکھنے سے بے نیاز کردے گی۔ اُردو ایک طرف عربی میں بھی نشر کے سوا کوئی ایسی جامع کتاب موجود نہیں۔

حضرات دوسرے حصہ کی جلد اشاعت کے لیئے اس جلد کی نکاسی بے حد ضروری ہے لہذا اہل علم۔ قراء وحفاظ اور قرآن کے شیدائی مسلمانوں سے درخواست ہی کہ وہ اس کو خرید کر اعانت فرمائیں۔ اور خدمت قرآن میں شریک ہوں۔

صاحبان مطابع سے التجا ہے کہ اس کتاب کے تمام حقوق خاکسار مؤلف کے حق میں محفوظ ہیں کوئی صاحب قصد طبع نفرمائیں۔ جس قدر نسخے مطلوب ہوں بذریعہ وی پی یا بارسال نقد قیمت طلب کریں۔ ✤

خاکسار

ابو محمد محی الاسلام عفی عنہ (پانی پتی)

Marfat.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اِنَّ الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ کُلُّھَا شَافٍ کَافٍ

(مُسْنَد حافظ ابُو یعلیٰؒ)

بے شک قرآن سات حرفوں پر اُتارا گیا ہے۔ ان میں سے ہر ایک شافی کافی ہے

سبعہ قراآت متواترہ بطریق تیسیر و شاطبیّہ کی مایۂ ناز کتاب مع حواشی ضروریہ موسومہ باہتمام تاریخی

شرح سبعہ قراآت

۱۳۴۷ھ

جلد دوم

جو فرش الحروف پر مشتمل ہے

مؤلفہ

شیخ المشائخ امام القراء ابو محمد محی الاسلام عثمانی پانی پتی نوّر اللہ مرقدہٗ

تسوید و نظر ثانی

ابو عبد القادر محمد طاہر رحیمی مقیم مدینہ منوّرہ

باہتمام

پروفیسر حافظ قاری محمد علی عثمانی حفظہ اللہ لاہور،

خلف الرشید حضرت مؤلف

ناشر

اِدارۂ اِسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور ۲

Marfat.com

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ

دین و شریعت

طٰہٰ

جدید ایڈیشن، اہم اضافات و ترمیمات کے ساتھ

توحید، عقائد، رسالت، معجزات، گمراہ فرقوں کے جوابات،
شریعت، عبادات، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، اخلاق،
معاملات، جہاد، سیاست و حکومت، احسان و تصوف،
اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے متعلق اہم اسلامی تعلیمات

از:- مولانا محمد منظور نعمانی صاحب مدظلہ

مقدمہ: مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ

ادارۂ اسلامیات

۱۹۰- انارکلی، لاہور ۲، پاکستان

۳۵۳۲۶

Marfat.com

شریعت بنچ سپریم کورٹ آف پاکستان کے

عدالتی فیصلے

جلد ۱

جنھوں نے مملکتِ خداداد پاکستان میں اسلامی قوانین کے
نفاذ میں انتہائی اہم کردار انجام دیا۔

از: جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی

ادارۂ اسلامیات
۱۹۰- انارکلی، لاہور۲ (پاکستان)

Marfat.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ کُلُّھَا شَافٍ کَافٍ

مُسْنَد حافظ ابو یعلیٰ رح

بے شک قرآن سات حرفوں پر اتارا گیا ہے — ان میں سے ہر ایک شافی کافی ہے

بمنّہٖ تعالیٰ

جلد اوّل

اصول سبعہ قراآت متواترہ بطرق تیسیر و شاطبیہ مع حواشی ضروریہ موسومہ باسم تاریخی

شرح سبعہ قراآت

۱۳۸۷ھ

بمعہ اضافہ شجرہ قراآت سبعہ

مؤلفہ

شیخ المشائخ امام القراء ابو محمد محی الاسلام عثمانی پانی پتی نور اللہ مرقدہ

ادارہ اسلامیات

لاہور — کراچی